بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العلمین والعاقبۃ للمتقین والصلوۃ والسلام علی سید المرسلین وخاتم النبیین وعلی اٰلہ
الطاہرین واصحابہ الکاملین اجمعین الی یوم الدین **اما بعد** چونکہ جناب پیران پیر عالم ربانی محبوب سبحانی جیسے کہ طریقہ
تصوف وسلوک مین بڑے کامل تھے حتی کہ امام السالکین وقدوۃ العارفین وشیخ شیوخ الطریق بالتحقیق وغیرہا القاب سے ملقب
ہین ویسے ہی علوم شریعت مین بھی ایک بڑے امام محقق مدقق ہوئے ہین مخالفین اہل سنت والجماعت ومبتدعین زائغین کے
جمیع فرق ضالہ پر رد قدح اور اون کے محدثات وبدعات مخترعات کا قلع وقمع خوب ہی کیا ہے ہر ایک فرقہ زائغہ و
گروہ باطلہ کے اقسام اور اصناف بیان کر کے نہایت عمدہ طور پر اون کے طریق جائرہ وسبل عوجہ کو خراب وبرباد
کیا ہے اُن کے بڑے بڑے قصور بابات عالیہ کو جو صدہا سال سے اُن کے قیاسات فاسدات کے معمار ون نے بنا کر تیار کیا تہا سب
یک لخت منہدم کر دیا اور اُن کے محدثات کی بڑے اونچے اونچے آثار ومینارون کو یکدم مسمار کر دیا اس باب مین ایسی تحقیق کی کہ اگر
ذرہ بہر بھی کسیکو جادۂ اعتدال شرعی سے مائل ومنحرف ومنصرف دیکہا تو اسکو دہر بایا سب کی قلعی کہولدی اور ایسی باتین کیون نہ
کرتے انکی حقیقت حال دریافت کرنیسی کچہہ تعجب نہین ہی کیونکہ جناب پیر صاحب امام الائمہ صاحب مناقب وفضائل جمیع شیخ شیوخ المحدثین
قاطع عنق المبتدعین الضالین اجمعین جن کے فضائل اسقدر ہین کہ انکے واسطے دفاتر چاہئین یہ موقع ان کے بیان کا نہین ہے
اس جگہہ گنجایش ووسعت نہین ہے فقط شعر صاحب پندنامہ عطار پر اکتفا کرتے ہین ؎ احمد حنبل کہ بود او مرد حق بود در
ہمہ چیز از ہمہ بردہ سبق ایسے امام جلیل القدر عالیشان سیف صارم کے پیرو تہے اُن کی ڈہنگ کو حضرت پیر صاحب نے
اختیار کیا ہے۔ حاصل کلام وخلاصہ مرام یہ ہے کہ حضرت پیر صاحب نے اصحاب امام ابی حنیفہ نعمان بن ثابت کوفی رحمۃ اللہ
علیہ پر بہی نکتہ چینی کی ہے جو شخص مسلک احقاق حق وابطال باطل مین منسلک ہو جاتا ہے بمضمون قول الحق ولو کان مرا
کسی کو نہین چہوڑتا بڑے سے بڑا کیون نہ ہو نقاد ومحک کا کام یہی ہے کسی کا لحاظ نہین کرتا گو جناب امام ابو حنیفہ علیہ
الرحمۃ بڑے امام جلیل الشان ہین ولیکن غلطی وسہو اور نسیان وخطا سے سوا انبیاء علیہم السلام کے کون معصوم ہے ہر
کسی سے کچہہ نہ کچہہ ہو ہی جاتا ہے اس بنا پر پیر صاحب نے اپنی کتاب مستطاب **غنیۃ الطالبین** مین امام صاحب علیہ الرحمۃ
کے اصحاب کا رد لکہا ہے چنانچہ بہت سے آدمیون نے اسکی مختلف تاویلین کی ہین کسی نے اس قول کی جو جناب پیر صاحب نے
اصحاب امام ابی حنیفہ کے حق مین کہا ہے تاویل شروع کی کسی نے ابو حنیفہ سے مراد کوئی اور ابو حنیفہ غیر مشہور مجہول رجما بالغیب

فرض کر کے اپنا داؤ نکالا کسی نے کچھ کسی نے کچھ ہر ایک نے اپنے اپنے تیر بغیر نشانہ چلائے ولیکن کچھ نہ بن آئی آخر مجبور ہو کر
بعض نے ایسی ترکیب نکالی کہ وہ بے شک اپنی حیلہ دفع مین لائق آفرین ہے گو وہ فی الواقع حبل سے اضعف واہون من
بیت العنکبوت اور سب سے اوہی اخرب ہی لیکن اس لحاظ سے کہ عوام کالانعام تو بر کنار بعض علما بھی بسبب شدت تعصب آنکھ بند
کر کے اس اختراع کی تقلید کر کے اس مقول دہی کی بلا مین مبتلا ہو گئے سب پر فوقیت لیگیا وہ یہ حیلہ ہے کہ یہ کتاب مستطاب جناب
پیر صاحب قدس سرہ العزیز کی سرے سے تصنیف ہی نہین ہے کسی غیر کی ہے اور پیر صاحب کے نام سے اسکی شہرت غلط ہو اگر ذی
انصاف اعتساف سے خالی ہو کر غور کرے تو بالکل اسکو اسبات کی بناوٹ و تصنع ثابت ہو جاوے کیونکہ اگر مصنفات مشہورات
کی نسبت یہ احتمال نکالا جاوے تو بس کوئی تصنیف کسی مصنف کی رہنے کی نہین یہ امانت سراسر خیانت ہو جائیگی مصنفات
معروفہ بنام مصنفین کے بارہ مین سب کا قول مسلم چلا آتا ہے کوئی اس امانت کے ارتفاع کا قائل نہین ہو الا ماشاء اللہ جسکا
ثبوت یہ براہین بالیقین ہو جاوے قطع نظر اسکے جب کہ بڑے بڑے علماء وفضلاء کبار اس کتاب مستطاب کا انتساب بجناب
پیر صاحب کرتے ہون کبرا بھی کیسے جن کے اقاویل بلا دلیل اباطیل ومخرعبیل کیطرف نسبت نہ کیے جاوین بلکہ مستندات ومستشہدات
کے مقامات مین ذکر کیے جاوین جیسے کہ حافظ ابن حجر عسقلانی اور امام علامہ حافظ ناقد صاحب الجرح والتعدیل محمد بن احمد ذہبی
جنکی میزان الاعتدال فی اسماء الرجال تصنیف ہے یہ اس پایہ کے امام ہین کہ اگر بالفرض کسی اور شخص سے اس کتاب کی نسبت
ثبوت نہ ملتا تو بس اکیلے تنہا ہی کافی تھی ان کی قدر و منزلت و منقبت و مکرمت علماء ہی جانتے ہین اور حضرت شاہ ولی اللہ محدث
کامل شمس الہند وغیرہم اور لطف یہ کہ مقلدین ابی حنیفہؒ سے بڑے بڑے محققین پیر صاحب کی تصنیف ہونیکے قائل ہین جیسے
ملا علی قاری جو ہر گروہ مقلدین امام ابو حنیفہؒ مانے جاتے ہین اور شیخ عبدالحق صاحب محدث دہلوی تو پھر بھلا ان علماء عظام
وفضلاء کرام کے مقابل مین کس کی بلا سند گھڑلی بناوٹی بات تسلیم کیجا سکتی ہے اگر اس کتاب کی تصنیف بنام پیر صاحب کے ثبوت مین
پورے طور پر علی الاستیعاب علماء متقدمین و متاخرین کے اقوال نقل کیے جاوین تو بہت بڑی ذی حجم کتاب بنجائے ہم خوف
طوالت موجب ملالت مشتے نمونہ از خروارے و دانہ از انبار بسیار ہدیہ ناظرین منصفین کرتے ہین منصف مزاج کیواسطے تو ایک کلمہ ہی
کافی ہوتا ہے جس سے حق کو باطل سے تمیز کر سکتا ہے اور متعسف متعصب مزاج کیواسطے دفتر کیون نہ ہون الآن کما کان کا مضمون
ہے واللہ یہدی من یشاء الی صراط مستقیم وہا انا اقول بتوفیق الرب الرحمن وہو المستعان وعلیہ التکلان فی کل امر وشان فی کل حین و
آن الحافظ ذہبی رحمہ اللہ نے اپنی کتاب العلو للعرش کے صفحہ ۵۳ ا مطبوعہ مطبع انصاری دہلی مین خدا تعالی کے عرش پر ہونے کے
ثبوت مین مستشہداً جناب پیر صاحب کا قول ان کی کتاب غنیۃ الطالبین سے نقل کر کے فرماتے ہین عبارتہ ہکذا قال شیخ الاسلام
سید الوعاظ ابو محمد عبد القادر بن ابی صالح بن جنکی دوست الجیلی الحنبلی شیخ العراق فی کتاب الغنیۃ له
وهو مجلد اما معرفة الصانع بالآيات والدلائل على وجه الاختصار فهو ان يعرف ويتيقن ان الله واحد احد
الى ان قال وهو مستو على العرش محتو على الملك محيط علمه بالاشياء الخ ترجمہ فرمایا شیخ الاسلام واعظون کے سردار

ابو محمد عبدالقادر ابن ابی صالح بن جنگی دوست جیلی حنبلی شیخ عراق نے اپنی کتاب غنیہ مین اور وہ بڑی کتاب ہے لیکن پہچاننا خدا کا ساتھ
نشانیون اور دلیلون کے اختصار کے طور پر پس وہ یہ ہے کہ آدمی پہچانے خدا کو اور یقین کرے کہ تحقیق خدا اکیلا تنہا ہے
یہان تک کہ فرمایا پیر صاحب نے اور خدا عرش پر قرار پکڑنے والا ہے تمام جہان کو گھیرنے والا ہے اُسکا علم سب چیزون کو
محیط ہے۔ ملا علی قاری شرح فقہ اکبر صفحہ ۸۴ مطبوعہ مطبع گلزار محمدی واقع لاہور مین فرماتے ہین عبارتہ ہٰکذا وَاَمَّا مَا
وَقَعَ فِی الْغُنْیَةِ لِلشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ الْجِیْلَانِیِّ رح الخ اور لیکن وہ جو واقع ہوا ہے غنیہ مین جو تصنیف ہے
جناب شیخ عبدالقادر جیلانی رح الخ ملا علی قاری امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے مسند کی شرح صفحہ ۲۲۵ مطبوعہ مطبع گلزار
محمدی واقع لاہور مین فرماتے ہین وَ وَقَعَ فِی الْغُنْیَةِ لِلْقُطْبِ الرَّبَّانِیِّ السَّیِّدِ عَبْدِ الْقَادِرِ الْجِیْلَانِیِّ الخ
ترجمہ اور واقع ہوا ہے کتاب غنیہ مین جو تصنیف ہے شیخ عبدالقادر صاحب کی شیخ صاحب محدث دہلوی فتوح
الغیب کی شرح صفحہ ۳۰۹ مطبوعہ مطبع محمدی واقع لاہور مین فرماتے ہین در غنیہ کہ از تصانیف مشہورہ حضرت است الخ یعنے
غنیۃ الطالبین مین جو حضرت شیخ عبدالقادر صاحب جیلانی کی مشہورہ تصانیف سے ہے الخ مولوی عبدالحی صاحب محدث
لکھنوی رحا اپنے رسالہ الرفع والتکمیل فی الجرح والتعدیل جو ملحق ہے میزان الاعتدال فی نقد الرجال کے آخر مین
جواب دیتے ہین ان کذابون کا جو کہتے ہین غنیہ حضرت پیر صاحب کی تصنیف نہین ہے عبارتہ ہٰکذا اَمَّا اَوَّلًا فَلِاَنَّ
نسبتها الیه مذکورة فی کتب ابن حجر وغیره من الاکابر فانکار کونها من تصانیفه غیر مقبول عند الاوهم
واما ثانیا فلان من طالع الغنیة من اولها الی اٰخرها حرفًا حرفًا علم کونها من تصانیفه قطعا
واما ثالثا فلانه علی تقدیر تسلیم انه لیس من تصانیفه بل من تصانیف غیره لا یشك من یطالعها
ان مولفها فاضل ربانی کامل حقانی وان کان غیر شیخ الجیلانی فلزوم کون الحنفیة مرجئة
تبصر بحر من هو من الطائفة المتفقة باق الی الاٰن کما کان وان اندفع الطعن عن الشیخ الجیلانی قطب
الزمان ترجمہ ایہر جواب اول پس واسطے کہ تحقیق نسبت کرنا اس کتاب کا طرف حضرت پیر کے ذکر کیا گیا ہے حافظ
ابن حجر اور ان کے سوا اور بڑے بڑے علما کی کتابون مین پس پہلون کا غنیہ کے حضرت پیر صاحب کی تصنیف ہونے سے
انکار کرنا مقبول نہین ہے اور لیکن دوسرا جواب پس تحقیق جو شخص غنیہ کا اول سے آخر حرف بحرف مطالعہ کرے تو اُسکا حضرت
پیر صاحب کی تصانیف سے ہونا یقینًا جان لیگا اور لیکن تیسرا جواب پس تحقیق بر تقدیر تسلیم اسبات کے کہ غنیہ حضرت پیر صاحب کے
تصانیف سے نہین بلکہ اُن کی غیر کی تصانیف سے ہے پس نہین شک کرتا اسکا مطالعہ کرنیوالا اسبات کا کہ تحقیق غنیہ کا مصنف
فاضل ربانی اور کامل حقانی ہے اگرچہ حضرت پیر صاحب کے سوا کوئی اور شخص ہی ہو کتاب **غنیۃ الطالبین** حضرت پیر صاحب
ہی کی تصنیف ہونے کے دلائل اگرچہ اور بہی ہین لیکن منصف مزاج کے لیئے اسقدر ثبوت جو دیا گیا ہے کافی ہے اور متعصب
نہ ماننے والے کے لیئے اگر دفترون کے دفتر لکھے جاوین تو بہی کافی نہین ہوسکتے۔ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ

فہرست مضامین کتاب مستطاب غنیۃ الطالبین اردو مترجم تصنیف شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

تمت

فہرست مضامین کتاب مستطاب فتوح الغیب مترجم اردو تصنیف شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ

تلخیص الصحاح اردو مترجم

حضرات

یہ بات تو ظاہر ہے کہ دین اسلام کا مدار کتاب اللہ کے بعد حدیث کی چھ ضخیم کتابون (بخاری۔ مسلم۔ ترمذی۔ ابوداؤد ونسائی موطا امام مالک) پر ہے اور انکی ضخامت کے بھاری سبب اول اسناد دوم ایک ہی حدیث کا اکثر بار بار آنا ہے اسمین شک نہین کہ معتبر اسناد حدیث کیساتھ ہونا ضروری ہے مگر جب اس قسم کی کتابین پہلے چھپ چکی ہون تو پھر باسقاط اسناد وحذف مکررات (خصوصاً جب کہ ہر حدیث کیساتھ کوئی علامت اصل کتاب کی رہے جس سے اگر اسناد حدیث پر بحث واقع ہی ہو تو فوراً وہ حدیث اصل کتاب سے نکال لیجاوے) کچھ حرج واقع نہین ہوتا اور بہت سا حجم کم ہوسکتا ہے چنانچہ قاضی القضات شرف ہبۃ اللہ بن عبد الرحیم بارزی رحمہ اللہ ودیگر بزرگان دین نے کل صحاح ستہ کی حدیثون کو باسقاط اسناد وحذف مکررات یکجا جمع کردیا ہے مضامین حدیث کو حروف معجمہ کے لحاظ سے ترتیب دیا ہے جس سے حدیث کو نکالنے مین آسانی ہوگئی ہر حدیث کیساتھ علامت لگادی کہ جس سے پتہ چل سکے اس حدیث کو اصحاب صحاح ستہ مین سے کتنون نے روایت کیا ہے اور کتنون نے نہین کیا

غرض اس مجموعہ کو ایک عجیب و مختصر خلاصہ صحاح ستہ کا بنا دیا ہے لیکن از اس قسم کا کہ اصل حدیث مین کچھ نہی مداخلت کی گئی ہے یا کوئی حدیث ترک کی گئی ہو بلکہ اس طرح کہ مثلاً بخاری کی پوری حدیث کو نقل کر کے پھر یہ بتا دیا ہے کہ مسلم نے اس سے زیادہ کون سے لفظ روایت کیے ہین ترمذی رہنے کون سے چھوڑ دیے ہین امام مالک نے کہان اختلاف ظاہر کیا ہے اور کہان اتفاق وغیرہ وغیرہ اور جس حدیث کو چھیون صحاب نے بالاتفاق ایک ہی عبارت سے اپنی اپنی کتابون مین نقل کیا ہے اس کے اخیر مین لکھتے ہین اخرجہ الستۃ اور جس حدیث پر مؤطا رکے باقی کا اتفاق ہو وہان لکھتے ہین اخرجہ الخمسۃ اور اگر اصحاب صحاح ستہ مین سے امام مالک کے ساتھ کوئی اور صاحب بھی عدم روایت حدیث مین شریک ہون تو لکھتے ہین اخرجہ الخمسۃ الا فلانا اور فلان کی جگہہ اُن صاحب کا نام لکھتے ہین اور جس حدیث کو امام بخاری او مسلم ہی روایت کرین اُسکے بعد لکھتے ہین اخرجہ الشیخان اگر امام مالک بھی شیخین کے شریک ہون تو لکھتے ہین اخرجہ الثلثۃ اور اگر روایت حدیث مین شیخین کے شریک امام مالک نہون کوئی اور صاحب ہون تو لکھتے ہین اخرجہ الشیخان و فلان فلان کی جگہہ انکا نام لکھتے ہین جس حدیث کو سوائے شیخین کے باقی چارون اصحاب صحاح روایت کرین وہان لکھتے ہین اخرجہ الاربعۃ اور جہان اُن چار مین سے کوئی ایک صاحب روایت حدیث مین شریک نہون تو وہان لکھتے ہین اخرجہ الاربعۃ الا فلانا اور فلان کی جگہہ اُنکا نام لکھتے ہین اور متن حدیث مین جہان کوئی مشکل لفظ آجاتا ہے تو حدیث کے بعد اس کی شرح و توضیح بھی اختصار کے ساتھ کر دیتے ہین پس این خوبیون کے لحاظ سے یہ کتاب بے نظیر بن گئی ہے جس سے ظاہر ہے کہ طلبا حدیث کو کس قدر فائدہ اس مجموعہ سے پہونچ سکتا ہے کہ اس کی ایک حدیث پڑھنے سے وہ صحاح ستہ کی چھیون حدیثون کو پڑھ لیتا ہے اور اُن کے اتفاق و اختلاف سے بھی واقف ہو جاتا ہے اس مجموعہ کا نام اُنھون نے تیسیر الوصول الی جامع الاصول رکہا پس علم حدیث مین اس کتاب سے بڑھکر اور کوئی کتاب نہین جو صحاح ستہ کا مجموعہ ہو جس کے مطالعہ سے صحاح ستہ کا مطالعہ ہو جس کے مطالعہ سے صحاح ستہ پر عبور حاصل ہوتا ہو اور تمام مضامین صحاح ستہ سے واقفیت ہو جاتی ہو۔ چونکہ یہ کتاب عربی تہی اس لیے اہل ہند کی ضرورت کو محسوس کر کے عالی جناب معلی القاب سید محمد محی الدین خانصاحب جج ہائی کورٹ سرکار نظام نے سلیس اردو بامحاورہ مین اسکا ترجمہ کیا اور حواشی مفیدہ چڑہا ئے اور اُس ترجمہ کا نام نامی

تلخیص الصحاح اردو

رکہا اس سے زیادہ مفید اور حاوی کتاب ملنی ناممکن ہے جس آدمی کے پاس ایک مترجم قرآن شریف اور ایک یہ کتاب ہو اس کو مسائل دینیہ کے لیے مطلقاً کسی اور کتاب کی ضرورت نہین رہتی ہر مسلمان پر واجب ہے کہ وہ کم از کم ایک دفعہ تو مضامین صحاح ستہ سے واقف ہو جاوے یہ متبرک کتاب چھ جلدون مین ختم ہوئی قیمت بہ تفصیل ذیل ہے

پہلی جلد دو روپیہ۔ دوسری جلد دو روپیہ تیسری جلد دو روپیہ چوتہی جلد دو روپیہ پانچوین جلد دو روپیہ چہٹی جلد ایک روپیہ کل قیمت گیارہ روپیہ

ہر مسلمان کو لازم ہے کہ اس کتاب لاجواب سے فیضیاب ہون اور اپنی دوستون کو اسکے خریدنے کی ترغیب دلا کر الدال علی الخیر کفاعلہ کا مصداق

من يشرك بالله فقد حرم الله عليه الجنة

تصنیف لطیف مقبول [illegible] العالمین امام العارفین سید الصوفیین ناصر حدیث ختم النبیین حضرت شیخ عبدالقادر محی الدین علیہ رحمۃ اللہ العالمین

مسمّٰی بہ

غنیۃ الطالبین

مترجم اردو و بحاشیہ از تالیف حضرت شیخ [illegible]

فتوح الغیب

مترجم اردو

باہتمام محمد محی الدین عثمان [illegible] شیخ محمد الحی ولد شیخ محی الدین صاحب مرحوم تاجران کتب [illegible] صدیقی لاہور

در مطبع صدیقی واقع لاہور مطبوع شد

بسم الله الرحمن الرحیم

الحمد والثناء لمن له العزة والعلاء الذی هو الله واحد مرتد برداء الکبریاء ولیس له شریک فی الارض و السماء والذی خلق الرسل الاصفیاء والاولیاء من اقتدی بهدیهم صار من السعداء ومن خالف بطریقتهم کان من الاشقیاء والصلوة الغیر المحصورة وبلا انتهاء والسلام من غیر عد ولا احصاء علی افضل الخلق وختم الانبیاء وعلی آله الاتقیاء وعلی صحبه الکملاء الی یوم الجزاء قال محی السنة السید الحبر العامل العالم الربانی ابو محمد عبد القادر الحسنی الحسینی الجیلانی قدس الله سره العالی افاض برکاته علی من اقتدی بطریقه السامی

سب تعریف اور صفت اس ذات کے واسطے ہے جسکے لیے عزت اور بلندی ہے اور وہی ایک خدا ہے اور پہنے ہوا الابڑائی کی چادر کو اور اسکا زمین و آسمان مین کوئی شریک نہین ہے اور اسی نے پیدا کیا ہے ایسے پیغمبرون برگزیدہ اور اولیا کو جس نے انکے طریقہ کی تابعداری کی نیک بختون مین سے ہوگیا اور جسنے انکے طریقہ کی مخالفت کی وہ بدبختون مین سے تہا اور رحمت بہت و بے انتہا اور سلام بغیر گنتی اور شمار کے بہتر مخلوقات اور ختم الانبیا پر اور انکی آل پرہیزگار پر اور انکے اصحاب کاملین پر قیامت کے دن تک ہو۔ سنت کو زندہ کرنے والے سید حبر عامل عالم ربانی ابو محمد عبد القادر حسنی حسینی جیلانی نے فرمایا د پاک کرے خدا انکے بلند بہید کو اور ڈالے برکتین اپنی اسپر جو انکے نیک طریقہ کی پیروی کرے۔

بسم الله الرحمن الرحیم

رب یسر واعن یا کریم اللهم عونک ولطفک صلی الله علی سیدنا محمد وآله واصحابه وسلم الحمد لله الذی بتحمیده یستفتح کل کتاب وبذکره یصدر کل خطاب وبحمده یتنعم اهل النعیم فی دار الجزاء والثواب وباسمه یستشفی کل داء ودوائه یکشف کل غمة وبذکر الیه ترفع الایدی بالتضرع والدعاء فی الشدة والرخاء والسراء والضراء وهو سامع لجمیع الاصوات بفنون الخطاب علی اختلاف اللغات والمجیب للمضطر الدعاء فله الحمد علی ما اولی واسدی وله الشکر علی ما انعم واعطی واضحا لحجة وهدی وصلوة علی صفیه ورسوله الذی نجی به من الضلالة هدی محمد وآله واصحابه واخوانه المرسلین والملئکة المقربین [illegible]

بسم الله الرحمن الرحیم

ای رب میرے آسان کر اور مدد کر اے کریم یا الله میرا اعتماد تیری مدد اور تیری مہربانی پر ہے۔ رحمت بہیجو الله تعالی ہمارے سردار محمد اور انکی اولاد اور اصحاب اور سلام بہیجے سب تعریف الله ہی کیلیے ہے جسکی تعریف کے ساتھ ہر کتاب کو شروع کیا جاتا ہے الله جسکو ذکر کے ساتھ ہر بات شروع کیجاتی ہے اور جسکی حمد کے ساتھ جزا اور ثواب کے گھر مین بہشت والے نعمتین پائینگے اور جسکے نام سے ہر بیماری کی شفا ہوتی ہے اور ہر غم اور سختی کہولی جاتی ہے عاجزی اور دعا کے ساتھ سختی اور نرمی اور خوشی اور تکلیف مین اسی کیطرف ہاتھ اٹھائے جاتے ہین اور وہ سب آوازون کا سننے والا ہے باوجود زبانون کے مختلف ہونے کے تمام طرح طرح کی خطابون کے ساتھ اور بیقرار کی دعا قبول کرنیوالا ہے پس اسکو حمد ہے [illegible] اسی کا شکر ہے [illegible] انعام کیا اور دیا اور دلیل کو واضح کر دیا اور ہدایت کی اور اسکی رحمت ہے [illegible] رسول [illegible] گمراہی سے ہدایت کی جسکا نام محمد ہے اور انکی اولاد [illegible]

وَشَدَّدَ لِي الْخِطَابَ فِي تَصْنِيفِ هٰذَا الْكِتَابِ بِحُسْنِ ظَنِّهِ فِي الْإِصَابَةِ وَاللّٰهُ هُوَ الْعَاصِمُ فِي الْأَقْوَالِ وَالْأَفْعَالِ وَالْمُطَّلِعُ عَلَى الضَّمَائِرِ وَالنِّيَّاتِ الْمُنْعِمُ الْمُتَفَضِّلُ بِتَسْهِيلِ مَا أَرَادَ وَإِلَيْهِ عَزَّ وَجَلَّ الْإِرْجَاءُ لِتَطْهِيرِ الْقُلُوبِ مِنَ الرِّيَاءِ وَالنِّفَاقِ وَإِبْدَالِ السَّيِّئَاتِ بِالْحَسَنَاتِ إِنَّهُ غَافِرٌ لِلذُّنُوبِ وَالْخَطِيَّاتِ وَقَابِلُ التَّوْبَةِ مِنَ الْعِبَادِ فَلَمَّا رَأَيْتُ صِدْقَ رَغْبَتِهِ فِي مَعْرِفَةِ الْآدَابِ الشَّرْعِيَّةِ مِنَ الْفَرَائِضِ وَالسُّنَنِ وَالْهَيْئَاتِ وَمَعْرِفَةِ الصَّانِعِ عَزَّ وَجَلَّ بِالْآيَاتِ وَالْعَلَامَاتِ ثُمَّ الْإِتِّعَاظِ بِالْقُرْآنِ وَالْأَلْفَاظِ النَّبَوِيَّةِ فِي مَجَالِسَ نَذْكُرُهَا وَمَعْرِفَةِ أَخْلَاقِ الصَّالِحِينَ سَمَّيْتُهَا فِي أَثْنَاءِ الْكِتَابِ لِيَكُونَ عَوْنًا لَهُ عَلَى سُلُوكِ طَرِيقِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَامْتِثَالِ أَوَامِرِهِ وَانْتِهَاءِ نَوَاهِيهِ وَوَجَدْتُ لَهُ نِيَّةً صَادِقَةً فَتَصَدَّيْتُ مِنْ فُتُوحِ الْغَيْبِ فِي فَاجَبْتُهُ إِلَى ذٰلِكَ فَسَارَعْتُ مُشَمِّرًا مُبْتَغِيًا مُحْتَسِبًا لِلثَّوَابِ وَرَاجِيًا لِلنَّجَاةِ فِي يَوْمِ الْحِسَابِ الْجَمْعِ هٰذَا الْكِتَابِ بِتَوْفِيقِ رَبِّ الْأَرْبَابِ الْمُلْهِمِ لِلصَّوَابِ وَقَدْ سَمَّيْتُهُ غُنْيَةَ الطَّالِبِينَ طَرِيقِ الْحَقِّ عَزَّ وَجَلَّ

بَابٌ

فَنَبْدَأُ فَنَقُولُ الَّذِي يَجِبُ عَلَى مَنْ يُرِيدُ الدُّخُولَ فِي دِينِنَا أَوَّلًا أَنْ يَتَلَفَّظَ بِالشَّهَادَتَيْنِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ وَيَتَبَرَّأَ مِنْ كُلِّ دِينٍ غَيْرِ دِينِ الْإِسْلَامِ وَيَعْتَقِدَ بِقَلْبِهِ وَحْدَانِيَّةَ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلٰى مَا سَنُبَيِّنُهُ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى لِأَنَّ الْإِسْلَامَ هُوَ الدِّينُ عِنْدَ اللّٰهِ تَعَالٰى قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَزَّ وَجَلَّ إِنَّ الدِّينَ عِنْدَ اللّٰهِ الْإِسْلَامُ وَقَالَ تَعَالٰى وَمَنْ يَبْتَغِ غَيْرَ الْإِسْلَامِ دِينًا فَلَنْ يُقْبَلَ مِنْهُ فَإِذَا أَتٰى بِذٰلِكَ دَخَلَ فِي الْإِسْلَامِ وَحَرُمَ قَتْلُهُ وَسَبْيُ ذَرَارِيهِ وَاسْتِغْنَامُ أَمْوَالِهِ وَيُغْفَرُ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنَ التَّفْرِيطِ فِي حَقِّ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ لِقَوْلِهِ تَعَالٰى قُلْ لِلَّذِينَ كَفَرُوا إِنْ يَنْتَهُوا يُغْفَرْ لَهُمْ مَا قَدْ سَلَفَ وَقَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَقُولُوا لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ فَإِذَا قَالُوهَا عَصَمُوا مِنِّي دِمَاءَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ إِلَّا بِحَقِّهَا وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَلِقَوْلِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْإِسْلَامُ يَجُبُّ مَا قَبْلَهُ ثُمَّ يَجِبُ عَلَيْهِ

اور اس کتاب کی تصنیف مین مجھکو خطاب سخت کیا بسبب اپنے حسن ظن کی ثواب پہونچنے مین اور قولون اور فعلون مین اسہی بچانیوالا ہی اور پوشیدہ باتون اور نیتون پر واقف ہی اور انعام کرنیوالا فضل کرنیوالا ساتھ آسان کرنے اس چیز کے جسکا بعض دوستون نے ارادہ کیا اور دلون کے پاک کرنیکے لیے ریا اور نفاق سے اور برائیون کے بدلنے کے لیے نیکیون کے ساتھ اور اسی کی طرف امید کرتا ہی بیشک وہ گناہون اور خطاؤن کا بخشنے والا ہے اور بندون سے توبہ قبول کرنیوالا ہی پس جب مینے شرعی آداب کی معرفت مین جنمین فرائض اور سنتون اور شائستہ ہیئات ہے اور پیدا کرنے والے کی معرفت مین دلیلون سے اسکی صدق رغبت دیکھی پھر قرآن اور الفاظ نبویہ کو ساتھ نصیحت پکڑنے مین مجلسون مین جنکو ہم ذکر کرینگے اور اخلاق صالحین کی معرفت مین جنکو ہم درمیان کتاب کے ذکر کرینگے تاکہ اللہ تعالے کے رستے چلنے پر اور اُسکے حکمون کی فرمانبرداری کرنے اور اسکے منہیات سے بچنے کے لیے اسکی لیے مدد ہو (اسکی صدق رغبت دیکھی) اور مینے اسکی نیت صادق پائی جو تحقیق مجھ مین غیب کی فتوحات سے ظاہر ہوئی۔ پس مینے اسکے سوال کو جہان تک ہوسکا قبول کیا پس مینے تشمیر کرتے ہوئے ثواب کا طالب ہوتے ہوئے جلدی کی اور حساب کے روز مین نجات کی امید کرتے ہوئے اس کتاب کے جمع کرنے کی طرف رب الارباب کی توفیق سے جو ثواب کا الہام کرنیوالا ہی۔ اور مینے اسکا نام بے پرواہ کرنیوالی اللہ کے رستہ کے طالبون کی رکھاہی

باب پس ہم شروع کرتے ہین اور کہتے ہین وہ چیز جو اُس شخص پر جو ہمارے دین مین داخل ہونیکا ارادہ کرے واجب ہے۔ پہلے پہل یہ ہے کہ شہادتین کو کہے نہین کوئی لائق عبادت کی سوائے اللہ کے اور محمد اللہ کے رسول ہین اور یہ کہ تمام دینون سے سوائے دین اسلام کے بیزار ہو اور اللہ تعالی کی وحدانیت کا اپنے دل سے اعتقاد کرے ایسے طریق پر جسکو ہم انشاء اللہ تعالی بیان کرینگے اس واسطے کہ اسلام ہی اللہ تعالی کے نزدیک دین ہے چنانچہ اللہ تعالی نے فرمایا ہے بیشک اللہ تعالی کے نزدیک دین اسلام ہی ہے اور فرمایا ہے اور جو شخص اسلام کے سوا اور دین تلاش کرے تو وہ اُس سے ہرگز قبول نہ کیا جاویگا پس جب داخل ہوا ان دونو شہادتون کو لایا تو وہ اسلام مین داخل ہوگیا اور اُسکا قتل کرنا اور اُسکی اولاد کا قید کرنا اور اُس کے مال کا لوٹنا حرام ہوگیا اور جو اللہ کے حقوق مین اُس سے نقصان کیا اسکے لیے معاف ہوجاتا ہے بسبب فرمانے اللہ تعالی کے کہدے محمد ان لوگونکو جو کافر ہوچکے اگر وہ باز آوینگے تو معاف کیا جاویگا جو کچھ پہلے ہوچکا اور بسبب قول نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ مجھکو حکم ہوا ہے کہ لوگون سے قتال کرون یہانتک کہ کہین کوئی لائق عبادت کے نہین سوائے اللہ کے پس جب یہ اسکو کہین تو انھون نے مجھ سے اپنے خون اور مال بچالیے مگر اسکے حق کے ساتھ اور انکا حساب اللہ تعالی پر ہے اور بسبب قول آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ اسلام قطع کردیتا ہی اسکو جو اس سے پہلے ہی پھر اس پر [illegible]

فتوح الغیب
بسم اللہ الرحمن الرحیم

الغسلُ للاسلامِ لما روی ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم امر
ثمامۃ بن اثال وقیس بن عاصم لما اسلما بالغسل وفی
روایۃ الق عنک شعر الکفر واغتسل ثم یجب علیہ الصلوۃ
لان الایمان قول وعمل لان القول دعوی والعمل
ہو البینۃ والقول صورۃ والعمل روحہا وللصلوۃ
شرائط تتقدمہا وہی الطہارۃ بالماء الطہور او التیمم
عند عدمہ والستارۃ بثوب طاہر والوقوف علی بقعۃ
طاہرۃ واستقبال القبلۃ والنیۃ ودخول الوقت اما
الطہارۃ فلہا فرائض وسنن والفرائض فی ظاہر
المذہب عشرۃ النیۃ اولا وہو ان ینوی بطہارتہ
رفع الحدث وان کان تیمما فاستباحۃ الصلوۃ
لان التیمم لا یرفع الحدث ومحلہا القلب فان ذکر ذلک
بلسانہ مع اعتقادہ بقلبہ کان قد اتی بالفضل وان
اقتصر علی الاعتقاد اجزاء ثم التسمیۃ وہو ان یذکر
اللہ تعالی عند ارادتہ اخذ الماء ثم المضمضۃ وہو
دوران الماء فی الفم ومجہ واخراجہ منہ ثم الاستنشاق
وہو ادخال الماء فی خرجی الانف ثم غسل الوجہ و
حدہ من منابت شعر الراس الی ما انحدر من اللحیین
والذقن طولا ومن وتد الاذن عرضا ثم غسل
الیدین الی المرفقین ثم مسح الراس وصفتہ ان یغمس
یدیہ فی الماء ثم یرفعہما فارغتین فیضعہما علی مقدم
راسہ ویجرہما الی قفاہ ویعیدہما الی الموضع الذی
بدء منہ ویکون الابہامان فی صماخی الاذنین فیمسح
بہما الجلدتین القائمتین مع الصماخین ثم یغسل
الرجلین الی الکعبین وہما الناتیان فی مفصل القدم و
کل ذلک مرۃ مرۃ واما التاسع فہو ترتیب الاعضاء
کلہا کما نطق بہ القرآن فی قولہ عز وجل یایہا الذین
امنوا اذا قمتم الی الصلوۃ فاغسلوا وجوہکم وایدیکم
الی المرافق وامسحوا برؤسکم وارجلکم الی الکعبین والعاشر

واجب ہو جاتا ہے بسبب اس چیز کے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ آپنے ثمامہ بن اثال اور قیس
بن عاصم کو جبکہ وہ اسلام لائے نہانے کا حکم دیا اور ایک روایت مین ہے تو اپنے سے کفر کے بالون
کو ڈالدے اور نہالے پہر اسپر نماز واجب ہوتی ہے کیونکہ ایمان قول اور عمل ہے اسلیے کہ قول
دعوی ہے اور عمل گواہ ہے اور قول صورت ہے اور عمل اسکا روح ہے اور نماز کے لیے کئی شرطین
ہین جو اسپر مقدم ہین اور وہ پاک پانی سے طہارت کرنا ہے یا اسکے نہ ہونیکے وقت
تیمم کرنا اور پاک کپڑے سے ڈہانپنا اور پاک جگہ پر کہڑے ہونا اور قبلہ کی طرف منہ کرنا اور نیت کرنا
اور وقت کا داخل ہونا لیکن طہارت پس اسکے لیے کئی فرض اور کئی سنتین ہین اور فرض
ظاہر مذہب مین دس ہین پہلے نیت کرنا اور وہ یہ ہے کہ اپنی طہارت کے ساتہہ
حدث کے دور کرنیکی نیت کرے اور اگر تیمم ہو تو نماز کے مباح کرنیکا قصد کرے
کیونکہ تیمم حدث کو دور نہین کرتا اور اسکا محل دل ہے پہر اگر اسکو باوجود اعتقاد قلبی
کے زبان کے ساتہہ بہی ذکر کرے تو گویا افضل بات کو بجالایا اور اگر اعتقاد ہی پر
اقتصار کیا تو کافی ہے پہر تسمیہ ہے اور وہ یہ ہے کہ پانی پکڑنے کے ارادہ کے وقت
اللہ تعالے کو یاد کرے پہر کلی کرنا ہے اور وہ پانی کا منہ مین پہیرنا ہے۔ اور
اسکا ڈالنا اور اسکا منہ سے نکالنا پہر استنشاق ہے اور وہ پانی کا ناک کی
دونو سوراخون مین داخل کرنا ہے پہر منہ کا دہونا اور اسکی حد سر کے بالون کے اگنے
کی جگہہ سے ڈاڑہی اور ٹہوڑی سے نیچے تک طول مین ہے اور کنپٹی سے کنپٹی
تک عرض مین ہے پہر کہنیون تک دونون ہاتہون کا دہونا پہر
سر کا مسح کرنا۔ اور اسکی صفت یہ ہے کہ اپنے دونون ہاتہون کو پانی مین ڈبائے
پہر ان دونو کو خالی کر کے اٹہائے پہر ان کو اپنے سر کی اگلی جانب پر رکہے اور
انکو اپنی گردن کی طرف کہینچے اور انکو اس جگہ کی طرف لوٹائے جس سے شروع
کیا تہا اور دو انگوٹہے دونو کانون کے سوراخون مین ہون پس انکے ساتہ دونو
چمڑون کہڑے ہونے والون کو مع کانون کے دونو سوراخون کے مسح کرے
پہر ٹخنون تک دونو پاؤن کو دہووے اور وہ قدم کے جوڑ مین ابہرنے والے ہین
اور یہ سب ایک ایک بار ہو لیکن نوان فرض وہ سب عضوون کی ترتیب ہے
جیسا کہ قرآن اسکے ساتہہ ناطق ہوا اس قول اللہ تعالے کے مین۔ اے
ایمان والو جب تم نماز کی طرف کہڑے ہو تو دہوو اپنے مونہون کو
اور اپنے ہاتہون کو کہنیون تک اور اپنے سرون کو مسح کرو
اور دہوو اپنے پاؤن کو ٹخنون تک
اور دسوان

الموالاة وهو اتباع العضو الثاني الاول قبل ان ينشف
ماء الاول واما سننها فعشر ايضا غسل الكفين قبل
ادخالهما الاناء والسواك والمبالغة في المضمضة والاستنشاق
الا ان يكون صائما وتخليل اللحية على اختلاف الروايتين
وغسل داخل العينين والبداءة باليمين واخذ ماء جديد
للاذنين ومسح العنق وتخليل ما بين الاصابع والغسلة الثانية
والثالثة واما التيمم فان يضرب يديه على تراب طاهر له
غبار يعلق باليدين ناويا الاستباحة صلوة مفروضة
مسميا ضربة واحدة يفرج بين اصابعه فيمسح وجهه بباطن
اصابع يديه وظهر كفيه بباطن راحتيه واما الطهارة الكبرى
فنذكرها في باب داب الخلاء ان شاء الله تعالى واما السترة
فان يكون ثوبا طاهرا يستر عورته ومنكبيه من سائر انواع
الثياب لا الحرير فان الصلوة فيه باطلة وان كان طاهرا
وكذلك المغصوب واما البقعة فان تكون طاهرة من جميع
النجاسات فان كان النجاسة التي عليها قد نشفتها الريح
او الشمس فبسط عليها لباسا طاهرا فصلى عليه صحت صلوته
على احدى الروايتين وكذلك ان كانت مغصوبة على رواية
ضعيفة واما استقبال القبلة فان يتوجه الى عين الكعبة
ان كان بمكة وما قاربها من البقاع والى جهتها ان كان على
بعد منها بالاجتهاد وبذل الطاقة بالاستدلال بالشواهد
والدلالات بالنجوم والشمس والرياح وغير ذلك واما النية
فمحلها القلب وهو ان يعتقد اداء ما افترض الله تعالى عليه
من فعل الصلوة بعينها وامتثال امره الواجب من غير
رياء وسمعة ثم يحضر قلبه الى ان يفرغ منها وقد جاء
في الحديث عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قال لعائشة
رضي الله عنها ليس لك من صلوتك الا ما حضر فيه قلبك
واما دخول الوقت فيعلمه يقينا او غلبة الظن في يوم الغيم
وهيجان الرياح والموانع ثم يؤذن فيقول الله اكبر
الله اكبر الله اكبر الله اكبر اشهد ان لا اله الا

پے در پے دہونا ہی اور وہ دوسری عضو کا پہلے کے پیچھے لگانا ہی قبل اس سے کہ پہلے کا
کا پانی خشک ہو۔ اور لیکن اُسکی سنتین تو وہ بھی دس ہین دونون ہاتہون کا دہونا
انکو برتن مین داخل کرنے سے پہلے اور مسواک کرنا اور کلی مین مبالغہ کرنا اور ناک مین پانی
ڈالنا مگر جب روزہ دار ہو اور ڈاڑہی کا خلال کرنا دو روایتون کے اختلاف پر اور دونو آنکہون
کا بیچ مین سے دہونا اور داہنی جانب سے شروع کرنا اور کانون کے لیے نیا پانی لینا اور
گردن کا مسح کرنا اور انگلیون کے درمیان خلال کرنا اور دوسری اور تیسری بار دہونا۔ اور
لیکن تیمم تو وہ یہ ہے کہ اپنے دونون ہاتہون کو پاک مٹی پر مارے جس پر غبار ہو جو ہاتہ کو چمٹ جائے
حالانکہ وہ نماز فرض کے مباح ہونے کی نیت کرنیوالا ہو اور بسم اللہ پڑہنے والا ہو
ایک ضرب کے ساتہ اور اپنی انگلیون کے درمیان کشادگی کرے پہر اپنے مُنہ کو اپنے ہاتہون کے
اندر کی جانب سے اور اپنی ہتھیلیون کے اندر کی جانب سے مسح کرے۔ اور لیکن بڑی طہارت
تو اسکو ہم باب آداب الخلا کے مین انشاء اللہ تعالی ذکر کرینگے۔ اور لیکن ڈہانپنا تو وہ اس طرح ہے
کہ پاک کپڑا ہو جو اُسکے گہٹنون سے ناف تک اور مونڈہون کو ڈہانپے ہر قسم کے کپڑے سے سوائے
ریشم کے کیونکہ اُسمین نماز باطل ہے اگرچہ پاک ہو ایسا ہی اُس کپڑے مین جو چہینا ہوا ہو
اور لیکن جگہہ تو وہ یہ ہے کہ تمام نجاستون سے پاک ہو پس اگر پلیدی کو جو اُسپر تہی ہوا
یا سورج نے خشک کر دیا پہر اُسپر پاک کپڑا بچہا دیا ہو اور اُسپر نماز پڑہی ہو تو اسکی
نماز دو روایتون سے ایک پر صحیح ہو جاویگی اور ایسا ہی اگر زمین چہینی ہوئی ہو۔
ضعیف روایت پر۔ اور لیکن قبلہ کو منہ کرنا تو وہ یہ ہے کہ نفس کعبہ کو متوجہ ہو
اگر مکہ مین ہو۔ اور جو اسکی نزدیک جگہون سے ہین۔ اور اگر اس سے دوری پر ہے تو
اُسکی جہت کی طرف متوجہ ہو ساتہ کوشش اور طاقت کو خرچ کرنے کے ساتہ
دلیل حاصل کرنے کے ساتہ شواہد اور دلیلون کے ستارون اور سورج اور ہواؤن اور
سوائے اُسکے سے۔ اور لیکن نیت تو محل اُسکا دل ہے اور وہ یہ ہے کہ اُس چیز کے
ادا کرنے کا اعتقاد کرے جو اللہ تعالی نے اُسپر فرض کیا ہے نماز کے معین کرنے سے
اور اسکے امر واجب کے بجالانے سے سوائے ریا اور شنوانے کے پہر اپنے دلکو حاضر
کرے یہان تک کہ اُس سے فارغ ہو اور حدیث مین نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے آیا
ہے کہ آپنے عائشہ رض کو فرمایا تجہکو تیری نماز سے کچہہ نہین ہے مگر وہ جس
مین تیرا دل حاضر ہو اور لیکن وقت کا داخل ہونا تو وہ اسکے یقینًا جان لینے سے
ہے یا غلبہ ظن سے ابر کے دن اور ہواؤن کی شورش اور طرح طرح کے مانعون مین
تحقیق وقت مین۔ پہر اذان کہے پس کہے اللہ بڑا ہے اللہ بڑا ہے اللہ بڑا
اللہ بڑا ہے۔ مین اس بات کی گواہی دیتا ہون کہ بجز خدا کے کوئی معبود برحق نہین

اللہ اشہد ان لا الٰہ الا اللہ اشہد ان محمداً رسول اللہ
اشہد ان محمداً رسول اللہ حی علی الصلوٰۃ حی علی الصلوٰۃ
حی علی الفلاح حی علی الفلاح اللہ اکبر اللہ اکبر لا الٰہ
الا اللہ ثم یقیم فیقول اللہ اکبر اللہ اکبر اشہد ان
لا الٰہ الا اللہ اشہد ان محمداً رسول اللہ حی علی الصلوٰۃ
حی علی الفلاح قد قامت الصلوٰۃ قد قامت الصلوٰۃ اللہ
اکبر اللہ اکبر لا الٰہ الا اللہ **فصل** فاذا کملت ہذہ
الشرائط دخل فی الصلوٰۃ بقول اللہ اکبر لا یجزئہ غیرہ
من الفاظ التعظیم ولہا ارکان وواجبات ومسنونات
وہیئات اما الارکان فخمسۃ عشر القیام وتکبیرۃ
الاحرام وقراءۃ الفاتحۃ والرکوع والطمانینۃ فیہ والاعتدال
عنہ والطمانینۃ فیہ والسجود والطمانینۃ فیہ والجلوس بین
السجدتین والطمانینۃ فیہ والتشہد الاخیر والجلوس
فیہ والصلوٰۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم والتسلیم و
اما الواجبات فتسعۃ التکبیر غیر تکبیرۃ الاحرام و
التسمیع والتحمید عند الرفع من الرکوع والتسبیح فی الرکوع
والسجود مرۃ مرۃ وقولہ رب اغفرلی فی الجلسۃ بین السجدتین
مرۃ واحدۃ والتشہد الاول والجلوس لہ ونیۃ الخروج
من الصلوٰۃ فی التسلیم واما المسنونات فاربعۃ عشر
الاستفتاح والتعوذ وقراءۃ بسم اللہ الرحمن الرحیم و
وقولہ آمین وقراءۃ سورۃ وقول ملأ السموات والارض
بعد التحمید وما زاد علی التسبیحۃ الواحدۃ فی الرکوع والسجود
وفی قول رب اغفرلی والسجود علی الانف فی احدی الروایتین
وجلسۃ الاستراحۃ بعد قضاء السجدتین والتعوذ من
اربعۃ اشیاء بان یقول اعوذ باللہ من عذاب جہنم ومن
عذاب القبر ومن فتنۃ المسیح الدجال ومن فتنۃ المحیا و
الممات والدعاء بما ذکر فی الاخبار بعد ان یصلی علی النبی
صلی اللہ علیہ وسلم فی التشہد الاخیر والقنوت فی الوتر
والتسلیمۃ الثانیۃ علی روایۃ ضعیفۃ واما الہیئات

مین گواہی دیتا ہون کہ بجز خدا کے کوئی معبود برحق نہین مین گواہی دیتا ہون کہ محمد اللہ کے رسول
ہین مین گواہی دیتا ہون کہ محمد اللہ کے رسول ہین آؤ نماز کی طرف آؤ نماز کی طرف آؤ خلاصی
کیطرف آؤ خلاصی کیطرف اللہ بہت بڑا ہے اللہ بہت بڑا ہے اللہ کے سوا کوئی لائق عبادت
کے نہین پھر اقامت کہے پس کہے اللہ بہت بڑا ہے مین گواہی دیتا ہون کہ بجز خدا کے کوئی لائق
عبادت نہین مین گواہی کہ محمد اللہ کے رسول ہین آؤ نماز کی طرف آؤ خلاصی کی طرف تحقیق
نماز قائم ہوگئی تحقیق نماز قائم ہوگئی اللہ بہت بڑا ہے بجز خدا کے کوئی لائق عبادت
نہین **فصل** پس جب شرطین کامل ہوجاوین تو نماز مین اللہ اکبر کہنے کے ساتھ
داخل ہوگیا سوای اسکے الفاظ التعظیم مین سے اسے کافی نہین ہوسکتا اور اسکے
لیے رکن اور واجب اور سنتین اور صورتین ہین اور لیکن رکن پس وہ پندرہ ہین
کھڑا ہونا اور تکبیر تحریمہ اور الحمد کا پڑہنا اور رکوع کرنا اور اسمین آرام کرنا اور
اس سے سیدہا ہونا اور اسمین آرام پکڑنا اور سجدہ کرنا اور اسمین آرام پکڑنا
اور درمیان دونون سجدون کے بیٹھنا اور آرام پکڑنا اسمین اور پچھلا تشہد پڑہنا
اور اسمین بیٹھنا اور درود بھیجنا نبی صلے اللہ علیہ وسلم پر اور سلام کہنا
اور لیکن واجب تو وہ نو ہین تکبیر کہنا سوای تکبیر تحریمہ کے اور سمع اللہ لمن
حمدہ کہنا اور ربنا لک الحمد سر اٹھانے کے وقت کہنا اور رکوع مین سبحان ربی
العظیم اور سجدہ مین سبحان ربی الاعلے ایک ایک بار کہنا اور کہنا اے میرے
رب مجھ کو بخش دونون سجدون کے درمیان کے جلسہ مین صرف ایکدفعہ
اور پہلا تشہد پڑہنا اور اسکے لیے بیٹھنا اور سلام مین نماز سے نکلنے کی نیت
کرنا۔ اور لیکن سنتین پس چودہ ہین انی وجہت الخ پڑہنا اور اعوذ پڑہنا
اور بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑہنا اور آمین کہنا اور سورۃ کا پڑہنا اور ربنا لک
الحمد کے پیچھے ملأ السموات والارض کا کہنا اور وہ جو ایک تسبیح پر زیادہ
ہو رکوع اور سجدہ مین اور وہ جو زیادہ ہو رب اغفرلی کے کہنے مین اور ناک
پر سجدہ کرنا دو روایتون سے ایک مین اور آرام کے لیے بیٹھنا دونون سجدون
کے پورا کرنے کے بعد اور چار چیزون سے پناہ مانگنا اس طرح سے کہ کہے مین
عذاب دوزخ اور عذاب قبر سے اور مسیح دجال کے فتنہ سے اور زندگی
اور مرنے کے فتنے سے اللہ کے ساتھ پناہ مانگتا ہون اور تشہد اخیر مین
نبی صلے اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کے بعد وہ دعا مانگنا جو حدیث
مین مذکور ہے اور وتر مین قنوت پڑہنا اور دوسرا سلام ضعیف روایت
پر اور لیکن صورتین

فخمس وعشرون هيئة رفع اليدين عند الافتتاح وفي الركوع
والرفع منه وهو ان يكون كفاه مع منكبيه وابهاماه عند
شحمتي اذنيه واطراف اصابعه مع فروع اذنيه ثم ارسالهما
بعد الرفع ووضع اليمين على الشمال فوق السرة والنظر
الى موضع السجود والجهر بالقراءة وامين والاسرار بهما
ووضع اليدين على الركبتين في الركوع ومد الظهر و
مجافاة عضديه عن جنبيه فيه والبداءة بوضع الركبتين
ثم اليدين في السجود ومجافاة البطن عن الفخذين والفخذين
عن الساقين فيه والتفريق بين الركبتين في السجود
ووضع اليدين حذاء المنكبين فيه والافتراش في
الجلوس بين السجدتين وفي التشهد الاول والتورك
في الثاني ووضع اليد اليمنى على الفخذ اليمنى مقبوضة
مشيرا بالسبابة محلقا بالابهام مع الوسطى ووضع اليسرى
على الفخذ اليسرى مبسوطة فان اخل بشرط من الشرائط
التي ذكرناها اولا بغير عذر لم تنعقد الصلوة وان
ترك ركنا عامدا او ساهيا بطلت وان ترك واجبا ساهيا
جبره بسجود السهو وان ترك عامدا فبطلت الصلوة
وان ترك سنة او هيئة لم يبطل ولم يسجد

كتاب الزكوة

ويجب عليه زكوة ان كان له مال زكوي وهو ان يملك
عشرين مثقالا من الذهب او مائتي درهم من الورق او قيمة
احدهما من عروض التجارة او خمسا من الابل او ثلثين
من البقر او اربعين من الغنم سائمة حولا كاملا الا ان
يكون عبدا او مكاتبا فانه لا يجب عليهما الزكوة فيخرج
عن الذهب والفضة ربع العشر فيكون عن عشرين دينارا
نصف دينار لان عشرها ديناران وربعهما نصف دينار و
عن مائتي درهم خمسة دراهم لان عشرها عشرون وربعها
خمسة وعن خمس من الابل شاة وهو الجذع من الضأن
وقد تمت لها ستة اشهر والثني من المعز وهو ما له سنة

تو وہ پچیس صورتین ہین دونون ہاتھونکا شروع نماز اور رکوع اور اُس سے سر اٹھانیکے
وقت اٹھانا اور وہ یہ ہے کہ اُسکے دونون ہاتھ اُسکے دونون کاندھون کے ساتھ ہون
اور اُسکے دونون انگوٹھے اُسکے کانونکے لو کے قریب ہون اور اُسکی انگلیون کے سر کانونکی جانب
کے ساتھ پھر اٹھانیکے بعد اُن دونون کا چھوڑ دینا اور داہنے ہاتھ کا بائین پر ناف کے
اوپر رکھنا اور سجدہ کی جگہکی طرف نظر رکھنا اور قرارت کا بلند پڑھنا اور آمین کا
پکارکر کہنا اور دونون کا آہستہ کرنا اور دونون ہاتھون کا گھٹنون پر رکوع مین رکھنا
اور پیٹھ کا دراز کرنا اور دونون بازؤن کا پہلوؤن سے سجدہ مین جدا رکھنا اور سجدہ مین
گھٹنا رکھنے مین ہاتھ رکھنے کے ساتھ شروع کرنا اور سجدہ مین پیٹ کا رانون سے اور رانون کا
پنڈلیون سے دور رکھنا اور سجدہ مین دونو گھٹنون مین فرق کرنا اور اسمین ہاتھون کا
دونون مونڈھون کے برابر رکھنا اور دونون سجدون کے درمیان بیٹھنے مین اور تشہد اولے
مین پنڈلیون کو بچھانا اور دوسرے مین چوتڑ پر بیٹھنا اور داہنے ہاتھ کو داہنی ران
پر رکھنا قبض کرتے ہوئے اشارہ کیے ہوئے ساتھ انگلی کلمہ کے حلقہ کرتے ہوئے
ساتھ انگوٹھے کے درمیان کی انگلی کی ہمراہ اور بائین ہاتھ کا بائین ران پر کشادہ
کرکے رکھنا۔ پھر اگر اُن شرطون سے جنکو ہمنے اول ذکر کردیا ہے سوا کسی عذر
کے کسی شرط مین خلل ڈالے تو نماز منعقد نہ ہوگی۔ اور اگر رکن دیدہ دانستہ
چھوڑدیا یا بطور سہو کے تو نماز باطل ہوجاویگی اور اگر کسی واجب کو سہو سے چھوڑ
دیا تو اُس نقصان کو سجدہ سہو سے پورا کرے اور اگر چھوڑدیا جانکر پس نماز
باطل ہوجاوے گی اگر کسی سنت یا ہیئت کو ترک کریگا باطل نہ ہوگی اور سجدہ کیا جائیگا

کتاب زکوۃ کے بیان مین

اور اُسپر زکوۃ واجب ہوتی ہے اگر اُسکے پاس مال زکوۃ والا ہو اور وہ یہ ہے کہ سونیکے
بیس مثقال کا یا چاندی کے دوسو درہم کا مالک ہو یا دونونسے ایک کی قیمت کا تجارت
کے اسباب سے مالک ہو یا پانچ اونٹون کا یا تیس گائیون کا یا چالیس بکریون کا جو پورا
سال جنگل مین چرنے والے ہون مگر یہ کہ غلام ہو یا مکاتب ہو پس تحقیق ان دونون
پر زکوۃ واجب نہین ہوتی تو چاندی اور سونے سے چالیسوان حصہ نکالے تو بیس دینار سے
آدھا دینار ہوگا۔ کیونکہ دسوان حصہ انکا دو دینار ہوتے ہین اور دو کا چوتھا
حصہ آدھا دینار۔ اور دوسو درہم سے پانچ درہم کیونکہ دسوان حصہ انکا بیس درہم
ہین اور انکا چوتھا حصہ پانچ۔ اور پانچ اونٹون سے ایک بکری اور وہ ضان سے
جذع ہے جس کے لیے چھ مہینے پورے ہوچکے ہون۔ اور ثنی ہو بکری سے
اور ثنی وہ چیز ہے جو ایک سالہ ہو

وعن عشر شاتان وعن خمسة عشر ثلاث شياه و
عن عشرين اربع شياه وعن ست وعشرين بنت مخاض
وهي ما لها سنة ودخلت في الثانية فان لم يقدر عليها
فابن لبون ذكر وهو ما له سنتان ودخل في الثالثة و
عن ست وثلاثين بنت لبون وهي في سن ابن لبون و
عن ست واربعين حقة وهي ما كمل لها ثلث سنين و
عن احدى وستين جذعة وهي ما كمل لها اربع سنين و
عن ست وسبعين بنتا لبون وعن احدى وتسعين حقتان
الى ان تبلغ عشرين ومائة فاذا زادت واحدة كان في
كل اربعين بنت لبون وفي كل خمسين حقة واما البقر
فيخرج عن ثلثين تبيعا او تبيعة وهي ما كمل لها سنة
وعن اربعين مسنة وهي ما كمل لها سنتان وعن ستين
تبيعتين فاذا بلغت سبعين كان فيها تبيع ومسنة
ثم على هذا الاعتبار يخرج عن كل ثلثين تبيعا وعن
كل اربعين مسنة واما الغنم ففي كل اربعين شاة الى
ان تبلغ مائة وعشرين فاذا زادت واحدة ففيها شاتان
الى مائتين فاذا زادت واحدة ففيها ثلث شياه الى
ثلث مائة فاذا زادت ففي كل مائة شاة فيعطي المخرج
عن جميع ذلك للثمانية الاصناف المذكورة في القرآن
للفقراء الذين لا يملكون كفايتهم والمساكين وهم الذين
لهم معظم الكفاية ولا يملكون تمامها والعاملين
عليها وهم الجباة لها والحافظون لها الى ان يؤدوها
الى الامام والمؤلفة قلوبهم وهم قوم من الكفار يرجى
اسلامهم اذا اعطوا المال ويكفوا شرهم عن المسلمين وفي
الرقاب وهم المكاتبون وان اشترى بزكاته رقبة كاملة
فاعتقها جاز ايضا الى رواية والغارمين وهم المديونون
الذين لا طاقة لهم على قضاء ديونهم وفي سبيل الله و
هم الغزاة الذين لا جزاء لهم في ديوان الامام ولا غيره
من السلاطين وان كانوا اغنياء وابن السبيل وهو

اور دس اونٹون سے دو بکریان - اور پندرہ اونٹون سے تین بکریان اور بیس[۲۰]
اونٹون سے چار بکریان - اور چھبیس[۲۶] اونٹون سے بنت مخاض ہے اور وہ
وہ چیز ہے جسکو ایک سال گذر چکا ہو اور دوسرے مین داخل ہو گئی ہو پس اگر
اُسپر قادر نہ ہو تو ابن لبون نر ہے اور وہ وہ ہے جو دو سال کا ہو چکا ہو اور تیسرے
مین داخل ہو گیا ہو - اور چھتیس[۳۶] سے بنت لبون ہے اور وہ عمر مین ابن لبون کی ہے
اور چھیالیس[۴۶] سے حقہ ہے اور وہ وہ ہے جسپر تین سال کامل گذر چکین اور اکسٹھ[۶۱]
سے جذعہ ہے اور وہ وہ ہے جسکو چار سال کامل گذر چکے ہون اور چھہتر سے دو
بنت لبون ہین - اور اکانوے سے دو حقہ ہین یہان تک کہ ایک سو بیس[۱۲۰] کو
پہونچین پس جب ایک زیادہ ہو تو ہر چالیس مین ایک بنت لبون ہو گی - اور ہر
پچاس مین ایک حقہ - اور لیکن گائے پس تیس سے ایک تبیع یا تبیعہ نکالے
اور وہ وہ ہے جسکو ایک سال کامل گذر چکا ہو - اور چالیس سے ایک مسنہ
اور وہ وہ ہے جسکو دو سال گذر چکے ہون اور ساٹھ سے دو تبیعہ ہین - پس جب
ستر کو پہونچین اُن مین ایک تبیع اور ایک مسنہ ہو گا - پھر اسی قیاس پر تیس
سے ایک تبیع اور ہر چالیس سے ایک مسنہ نکالے - اور لیکن بکریان پس
ہر چالیس[۴۰] بکریون مین ایک بکری ہے - یہان تک کہ ایک سو بیس[۱۲۰] کو
پہونچین - پس جب ایک زیادہ ہو تو اُن مین دو سو تک مین دو بکریان
ہین پس جب ایک زیادہ ہو تو اُن مین تین سو تک تین بکریان ہین پس
جب زیادہ ہو تو ہر سیکڑے مین ایک بکری ہے - پس
ان سب سے نکالی ہوئی چیز آٹھ قسمون کو دیوے جو
قرآن مجید مین ذکر کیے گئے ہین - فقیرون کے لیے جو اپنے کفاف کے مالک نہین ہین اور
مسکینون کے لیے اور وہ وہ لوگ ہین جنکے لیے اکثر کفایت ہے اور پوری کفایت کے مالک
نہین ہین اور اُن لوگون کے لیے جو اُسپر عامل ہین اور وہ اُسکو جمع کرنیوالے ہین اور اسکے نگاہ
رکھنے والے یہانتک کہ اُسکو امام تک پہونچا دیتے ہین اور اُن لوگون کے لیے جنکے دل اسلام کی الفت
دلائے گئے اور وہ کفار سے ایک قوم ہے جب مال دیے جاوین تو اُنکے اسلام کی اُمید کیجاتی ہے
مسلمانون سے وہ اپنے شر کو روکین اور غلام آزاد کرنے مین اور وہ مکاتب ہین اور اگر اپنی زکوۃ
سے کامل غلام خریدے پھر اُسکو آزاد کرے ایک روایت پر یہ بھی جائز ہے اور قرضدارون کے لیے
اور وہ قرضدار ہین جنکو اپنے قرض ادا کرنے کی طاقت نہین اور اللہ کے رستے مین اور
وہ وہ غازی ہین جنکو امام کے دفتر مین کچھ حصہ نہین اور اسکے سوا اور بادشاہون
سے اگرچہ غنی ہون اور مسافر کے لیے اور وہ

المُسَافِرُ المُنْقَطِعُ بِهِ دُوْنَ الَّذِيْ يُنْشِئُ السَّفَرَ مِنْ بَلَدِهٖ فَإِذَا أَدّٰى مَا عَلَيْهِ مِنْ زَكٰوةِ الفَرْضِ يُسْتَحَبُّ لَهُ صَدَقَةُ التَّطَوُّعِ فِيْ سَائِرِ أَوْقَاتِهٖ لَيْلًا وَّنَهَارًا قَلِيْلًا وَّكَثِيْرًا لَا سِيَّمَا فِي الأَشْهُرِ المُبَارَكَةِ كَشَهْرِ رَجَبَ وَشَعْبَانَ وَشَهْرِ رَمَضَانَ وَأَيَّامِ العِيْدِ وَعَاشُوْرَاءَ وَأَيَّامِ الجَدْبِ وَالضِّيْقِ لِيَجْرِيَ بِذٰلِكَ العَافِيَةَ فِي الجِسْمِ وَالمَالِ وَالأَهْلِ وَالخَلَفَ السَّرِيْعَ فِي الدُّنْيَا وَالثَّوَابَ الجَزِيْلَ فِي الآخِرَةِ

فصل

وَيُخْرِجُ زَكٰوةَ الفِطْرِ إِذَا فَضَلَ عَنْ قُوْتِهٖ وَقُوْتِ عِيَالِهٖ يَوْمَ العِيْدِ وَلَيْلَتَهٗ عَنْ نَفْسِهٖ وَزَوْجَتِهٖ وَرَقِيْقِهٖ وَوَلَدِهٖ وَأُمِّهٖ وَأَبِيْهِ وَإِخْوَانِهٖ وَأَخَوَاتِهٖ وَأَعْمَامِهٖ وَبَنِيْ أَعْمَامِهٖ عَنْ تَرْتِيْبِ الأَقْرَبِ فَالأَقْرَبِ بِشَرْطِ أَنْ يَكُوْنُوْا فِيْ مُؤْنَتِهٖ وَنَفَقَتِهٖ وَقَدْرُهَا صَاعٌ وَزِنَتُهٗ خَمْسَةُ أَرْطَالٍ وَثُلُثٌ بِالعِرَاقِيِّ مِنَ التَّمْرِ أَوِ الزَّبِيْبِ أَوِ البُرِّ أَوِ الشَّعِيْرِ أَوْ دَقِيْقِهِمَا أَوْ سَوِيْقِهِمَا وَكَذٰلِكَ الأَقِطُ عَلَى الصَّحِيْحِ مِنَ المَذْهَبِ فَإِنْ عُدِمَ هٰذِهِ الأَصْنَافُ جَمِيْعُهَا فَلْيُخْرِجْ مِنْ قُوْتِ البَلَدِ مِنْ سَائِرِ أَنْوَاعِ الحَبِّ كَالأَرُزِّ وَالذُّرَةِ وَالدُّخْنِ وَغَيْرِهَا

كِتَابُ الصِّيَامِ

وَإِذَا دَخَلَ شَهْرُ رَمَضَانَ وَجَبَ عَلَيْهِ أَنْ يَّصُوْمَ لِقَوْلِهٖ تَعَالٰى فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ فَإِذَا ثَبَتَ عِنْدَهٗ دُخُوْلُ الشَّهْرِ إِمَّا بِرُؤْيَةِ نَفْسِهِ الهِلَالَ أَوْ شَهَادَةِ رَجُلٍ وَّاحِدٍ عَدْلٍ ثَبَتَ بِذٰلِكَ أَوْ إِكْمَالِ شَعْبَانَ ثَلٰثِيْنَ يَوْمًا أَوْ حُدُوْثِ غَيْمٍ أَوْ قَتَرَةٍ فِيْ لَيْلَةِ الثَّلٰثِيْنَ مِنْهُ نَوٰى أَيَّ وَقْتٍ مِّنَ اللَّيْلِ مِنْ وَّقْتِ غُرُوْبِ الشَّمْسِ إِلٰى قَبْلِ أَنْ يَّطْلُعَ الفَجْرُ الثَّانِيْ بِأَنَّهٗ صَائِمٌ غَدًا مِّنْ شَهْرِ رَمَضَانَ هٰكَذَا كُلَّ لَيْلَةٍ إِلٰى أَنْ يَّنْتَهِيَ الشَّهْرُ وَإِنْ نَوٰى فِيْ أَوَّلِ لَيْلَةٍ مِّنَ الشَّهْرِ أَنَّهٗ صَائِمُ الشَّهْرِ جَمِيْعِهٖ كَفَاهُ ذٰلِكَ فِيْ رِوَايَةٍ ضَعِيْفَةٍ وَالصَّحِيْحُ الأَوَّلُ فَإِذَا أَصْبَحَ وَجَبَ عَلَيْهِ أَنْ يُّمْسِكَ فِيْ جَمِيْعِ نَهَارِهٖ عَنِ الأَكْلِ وَالشُّرْبِ وَالجِمَاعِ وَجَمِيْعِ مَا يَصِلُ إِلٰى جَوْفِهٖ مِنْ أَيِّ مَوْضِعٍ كَانَ وَعَنِ الحِجَامَةِ لِنَفْسِهٖ أَوْ غَيْرِهٖ وَاسْتِدْعَاءِ القَيْءِ وَالمَنِيِّ فَإِنْ خَالَفَ فِيْ جَمِيْعِ ذٰلِكَ بَطَلَ صَوْمُهٗ وَوَجَبَ عَلَيْهِ الإِمْسَاكُ إِلٰى غُرُوْبِ الشَّمْسِ وَالقَضَاءُ إِلَّا الجِمَاعَ فَإِنَّهٗ

وہ مسافر ہے جس سے مال منقطع ہوگیا ہو سوا اُس شخص کے جس نے اپنے شہر سے سفر کو شروع کیا ہے پس جب اُسنے اُس چیز کو جو اُسپر زکوۃ سے فرض تہی ادا کیا تو اُسکے لیے نفلی صدقہ دینا اپنے تمام اوقات دن اور رات مین تہوڑا اور بہت مستحب ہے خاصکر مبارک مہینون مین مثلاً ماہ رجب اور ماہ شعبان اور ماہ رمضان مین اور عید و عاشورا کے دنون مین اور قحط اور تنگی کے دنون مین تاکہ بسبب اُسکے عافیت کو جسم اور مال اور اہل مین جمع کرنے اور دنیا مین جلدی ملنے والے خلیفہ کو اور آخرت مین ثواب بزرگ کو

فصل

اور فطر کی زکوۃ کو نکالے جب اپنی روزی اور اپنے عیال کی روزی سے بچ رہے عید کے دن اور اُسکی رات مین اپنے نفس اور اپنی بی بی اور اپنے غلام اور اپنی اولاد اور اپنی ماں اور اپنے باپ اور اپنے بہائیون اور اپنی بہنون اور اپنے چچون اور اپنے بہتیجون سے ترتیب وار نزدیک کے پہر نزدیک سے اس شرط سے کہ یہ لوگ اُسکی مونت اور نفقہ مین ہون اور اُسکا اندازہ ایک صاع ہے اُسکا وزن پانچ رطل اور تہائی ہے عراقی وزن کے ساتھ کہجور یا منقے یا گیہوں یا جو یا دونونکے آٹے یا دونونکے ستوون سے اور اسی طرح پنیر جائز ہے صحیح مذہب پر پس اگر یہ سب قسمین نایاب ہون تو چاہیے کہ شہر کے قوت سے بقیہ اقسام غلہ سے نکالے جیسے چاول اور جوار اور چینا اور ان کے سوا دوسرے اناج۔

روزون کے بیان کی کتاب

اور جب داخل ہو ماہ رمضان مسلمان پر واجب ہے کہ اُسکے روزے رکہے بسبب قول اللہ تعالی کے پس جو حاضر ہو تم مین سے ماہ رمضان کو تو چاہیے کہ اُسکا روزہ رکہے پس جب اُسکے نزدیک ماہ رمضان کا داخل ہونا ثابت ہوگیا یا خود اُسکے چاند کے دیکہنے سے یا ایک عادل مرد کی گواہی سے تو اس سے ثابت ہوگیا یا شعبان کے تیس دن پورے ہوجانے سے یا بادل یا غبار کے پیدا ہونے سے شعبان کی تیسوین رات مین کسی وقت مین رات سے سورج کے ڈوبنے کے وقت سے لیکر دوسری فجر کے طلوع ہونے سے پہلے اس بات کی نیت کرے کہ وہ کل ماہ رمضان سے روزہ رکہنے والا ہے اسیطرح ہر رات یہان تک کہ مہینہ ختم ہو جاوے اور اگر پہلی رات مین مہینے سے نیت کرے کہ وہ تمام مہینے کے روزے رکہنے والا ہے تو اسکو یہ کفایت کرتا ہے ایک ضعیف روایت مین اور صحیح بات پہلی ہے پس جب صبح کرے اُسپر واجب ہے کہ اپنے تمام دن مین کہانے اور پینے اور جماع سے اور ہر اُس چیز سے جو اُسکے پیٹ کو پہونچے خواہ کسی جگہ سے ہو بچے اور پچہنے لگوانے سے یا لگانے اور قے اور منی طلب کرنے سے بہی بند رہے پس اگر ان تمام مین مخالفت کرے تو اُسکا روزہ باطل ہوگیا۔ اور اُسپر بند رہنا غروب آفتاب تک واجب ہے۔ اور قضا واجب ہے مگر جماع۔ پس تحقیق

يجب عليه مع ذلك كفارة وهي عتق رقبة مؤمنة سليمة من العيوب المضرة في العمل فإن لم يجد فصيام شهرين متتابعين فإن لم يستطع فإطعام ستين مسكينا لكل واحد منهم مد من طعام وهو رطل وثلث بالعراقي فيكون مائة وثلاثة وسبعين درهما وثلث درهم أو نصف صاع من تمر أو شعير فإن لم يجد ذلك فمن قوت بلده كما قلنا في الفطرة فإن لم يجد شيئا سقطت عنه واستغفر الله عز وجل وتاب إليه وأحسن العمل في الثاني ويجتنب في نهار رمضان الخلوة بامرأة شابة والقبلة لها وإن كانت ممن تحل له أو ذات محرم تغني حرج ويجتنب السواك بعد الزوال ومضغ العلك وجمع ريقه ثم بلعه وذوق الطعام عند الطبخ وغيره والغيبة والنميمة والكذب والسب وغير ذلك ويستحب له تعجيل الإفطار إلا في يوم الغيم فتأخيره أفضل وتأخير السحور إلا أن يكون ممن يخشى عليه ذلك أي طلوع الفجر والأولى له أن يفطر على التمر أو على الماء ويدعو وقت الإفطار لما روي عن النبي صلى الله عليه وسلم أنه قال إذا صام أحدكم فقدم عشاءه فليقل بسم الله اللهم لك صمت وعلى رزقك أفطرت سبحانك وبحمدك اللهم تقبل منا إنك أنت السميع العليم

كتاب الاعتكاف

ويستحب له الاعتكاف ولا يكون إلا في مسجد يصلى فيه بالجماعة وأولى المساجد الجامع إذا كان أياما يتخللها جمعة ويصح بغير صوم والأولى أن يكون بالصوم لأنه أجمع لهمه وأعون على كسر نفسه في البر بإشفاق ما هو بصدده لأن الاعتكاف هو حبس النفس في مكان مخصوص ولزوم الشيء والمداومة عليه قال الله تعالى ما هذه التماثيل التي أنتم لها عاكفون وهو من السنن المؤكدة عن النبي صلى الله عليه وسلم وأصحابه لأن النبي صلى الله عليه وسلم اعتكف العشر الأواخر من شهر رمضان

اُسپر اُس بند رہنے کے ساتھ کفارہ بھی واجب ہے اور وہ غلام مومن کا آزاد کرنا ہے جو ان عیبوں سے سلامت ہو جو کام میں ضرر کرنیوالے ہیں پس اگر نہ پاوے تو دو مہینے کے پے در پے روزے رکھنے ہیں۔ پس اگر روزوں کی طاقت نہ رکھے تو ساٹھ مسکین کو کھانا کھلانا ہے ہر ایک کو اُن میں سے کھانے سے ایک مد ہے اور وہ ایک رطل اور تہائی عراقی وزن سے ہے پس ایک سو اور تہتر درم اور تہائی درم کا ہوگا یا آدھا صاع کھجور یا جو سے۔ پس اگر ان چیزوں کو نہ پاوے تو اپنے شہر کی روزی سے جیسا کہ ہمنے صدقۂ فطر میں کہا ہے پس اگر کچھ نہ پاوے تو اُس سے کفارہ ساقط ہو جاتا ہے اور بخشش مانگے اللہ تعالےٰ سے اور اللہ کی طرف توبہ کرے اور دوسری بار میں اپنے عمل کو اچھا کرے اور ماہ رمضان کے دن میں جوان عورت کے ساتھ خلوت کرنے سے اور اسکے بوسہ لینے سے بچے اگرچہ وہ عورت اُن میں سے ہو جو اسکو حلال ہیں یا ذی محرم ہو اور زوال کے پیچھے مسواک کرنے سے اور گوند چبانے سے اور اپنی تھوک کو جمع کر کے نگلنے سے اور طعام کے چاکھنے سے پکنے کے وقت اور سوا اسکے اور چیزوں سے پرہیز کرے۔ اور غیبت اور چغلی اور جھوٹ اور گالی اور سوا ان کے دوسرے قبیح کاموں سے بھی پرہیز کرے اور مستحب ہے اسکو جلدی افطار کرنا مگر ابر کے دن میں پس تاخیر افضل ہے اور سحور میں تاخیر کرنا مگر یہ کہ اُن لوگوں سے ہو جنپر طلوع فجر پوشیدہ رہتا ہے (تو تاخیر نہ کرے) اور اسکے واسطے بہتر یہ ہے کہ کھجور سے یا پانی سے افطار کرے اور افطار کے وقت دعا مانگے۔ بسبب اُس چیز کے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا جب کسی نے تم میں سے روزہ رکھا پھر شام کا کھانا لایا گیا تو چاہیئے کہ کہے میں اللہ کے نام سے افطار کرتا ہوں یا اللہ تیرے ہی لیے روزہ رکھا اور تیرے ہی رزق پر افطار کرتا ہوں پاکی ہے تجھکو اور تعریف ہے تجھکو یا اللہ قبول کر ہم سے پس تحقیق تو ہی سننے والا جاننے والا ہے

اعتکاف بیٹھنے کی کتاب

اور اسکو اعتکاف بیٹھنا مستحب ہے اور وہ سوائے اُس مسجد کے نہیں ہوتا جسمیں نماز جماعت کے ساتھ پڑھی جاوے اور بہتر مساجد جامع مسجد ہے جبکہ ایسے دنوں میں ہو کہ درمیان انکے جمعہ آوے۔ اور بغیر روزہ کے صحیح ہو جاتا ہے اور بہتر یہ ہے کہ روزہ سے ہو کیونکہ وہ اسکے قصدوں کو جمع کرنے والا ہے اور اسکے نفس اماره کو توڑنے کے لیے بہت مددگار ہے اور بہت لائق ہے اُس چیز کے نکال لینے کے ساتھ کہ وہ اسکے در پے ہے کیونکہ اعتکاف وہ ایک خاص مکان میں نفس کا باندھنا ہے اور ایک شے کو لازم کر لینا اور اُسپر ہمیشگی کرنا ہے اللہ تعالےٰ نے فرمایا ہے کیا ہیں یہ مورتیں جنپر تم ہمیشہ بیٹھنے والے ہو اور وہ ان سنتوں سے ہے جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور آپکے اصحاب سے مروی ہیں کیونکہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ماہ رمضان سے اخیر دہے میں اعتکاف کیا۔

ثم لم يزل على ذلك حتى توفاه الله تعالى وندب الصحابة
إليه فقال من أراد أن يعتكف فليعتكف العشر الأواخر
فإذا اعتكف ينبغي له أن يتشاغل بفعل يقربه إلى الله
تعالى من قراءة القرآن والتسبيح والتهليل والتفكر ويجتنب
ما لا يعنيه من القول والفعل والعمل ويلزم الصمت
من غير ذكر الله ويجوز له التدريس وإقراء القرآن لأن ذلك
يتعدى نفعه إلى غيره فهو أكثر ثوابا من اشتغاله بخاصة
نفسه ويجوز له الخروج من معتكفه لما لا بد له من الاغتسال
من الجنابة وفي الأكل والشرب وقضاء حاجة الإنسان من البول
والغائط وعند الخوف على نفسه من الفتنة أو المرض الشديد وغير ذلك

كتاب الحج

فإذا كملت في حقه شرائط الحج وجب عليه أداء الحج و
العمرة على الفور وهو أن يكون بعد إسلامه حرا عاقلا
بالغا مستطيعا بالزاد والراحلة وتخلية الطريق من عدو
يمنعه وإمكان السير إليه وهو اتساع الوقت لأداء الحج و
صحة البدن للاستمساك على الراحلة والاستطاعة
بالزاد والراحلة إنما يكون بعد تحصيل النفقة لعياله
إلى أن يعود إليهم والمسكن لهم وقضاء الديون إن كانت
عليه وأن يكون له كفاية بعد رجوعه من فضل مال أو
أجرة عقار أو بضاعة فإن خالف وقصر بعياله وامتنع
من قضاء دينه وخرج إلى الحج كان آثما ظالما مسخوطا
عليه لما قال النبي صلى الله عليه وسلم كفى بالمرء إثما أن يضيع
من يقوت فإن سلم من آفاته حتى فرغ من الحج والعمرة
سقط عنه الفرض **فصل** فإذا بلغ الميقات الشرعي
وهو ذات عرق إن كان من أهل المشرق والجحفة إن
كان من أهل المغرب وذو الحليفة إن كان من أهل المدينة
ويلملم إن كان من أهل اليمن وقرن إن كان من أهل
نجد يغتسل أو يتنظف ويتيمم إن لم يجد الماء ويتزر
بإزار ويرتدي برداء ويكونان أبيضين نظيفين ويتطيب

پہر آپ ہمیشہ اسپر رہے یہانتک کہ آپکو اللہ تعالی نے فوت کیا اور صحابہؓ کو اسکی طرف
رغبت دی پس فرمایا جو اعتکاف بیٹھنے کا ارادہ کرے تو چاہیئے کہ اخیر دہے میں اعتکاف
بیٹھے پس جب اعتکاف بیٹھے تو اسکو لائق ہے کہ ایسے فعل کے ساتھ مشغول ہو
جو اسکو اللہ تعالے کے قریب کرے قرآن کو پڑہنے اور سبحان اللہ کہنے اور لا الہ الا اللہ کہنے سے
اللہ تعالی کی صفات میں فکر کرنے سے اور بچے اس چیز سے کہ اسکو مقصود نہیں قول و فعل اور عمل سے
اور سوا ذکر اللہ تعالی کے خاموشی کو لازم پکڑے اور جائز ہے اسکو علم پڑہانا اور قرآن پڑہانا
کیونکہ اس عبادت کا نفع اسکے غیر کی طرف متعدی ہوتا ہے تو یہ ثواب میں زیادہ ہے اسکے مشغول
ہونے سے ایسی عبادت میں کہ اسکے نفس کے ساتھ خاص ہے اور جائز ہے اسکے لیے اپنے اعتکاف کی جگہ سے
ایسی چیز کیلیے نکلنا کہ اس سے چارہ نہیں جنابت سے نہانے اور کہانے اور پینے کیلیے اور انسانی حاجت پورا کرنیکو
بول اور پاخانہ سے اور اپنے نفس پر فتنہ اور سخت بیماری کے خوف کے وقت اور سوا اسکے اور ضرورت کے لیے

حج کے بیان کی کتاب

پس جب اسکے حق میں حج کی شرطیں کامل ہوجائیں تو اسپر حج اور عمرہ کا ادا کرنا
فی الفور واجب ہوجاتا ہے اور وہ یہ ہے کہ اپنے اسلام کے بعد آزاد اور عاقل بالغ توشہ اور سواری کی
طاقت رکہنے والا ہو اور رستہ کا دشمن سے خالی ہونا جو اسکو منع کرے اور اسکی طرف سیر کرنے
کی طاقت ہونا اور وہ حج کے ادا کرنے کیلیے گنجایش وقت ہے اور سواری پر اپنے آپکے
نگاہ رکہنے کیلیے بدن کا تندرست ہونا اور توشہ اور سواری کی طاقت اپنے عیال کے
لیے خرچ حاصل کرنے کے بعد ہی یہانتک کہ انکی طرف لوٹے اور انکے لیے رہنے کی جگہ مہیا
کرنے اور قرضوں کے ادا کرنیکے بعد (توشہ اور سواری کی طاقت ہوتی ہے) بشرطیکہ
اسپر قرض ہوں اور یہ کہ اسکے لیے کفایت ہو اسکے لوٹنے کے بعد بچے ہوئے مال یا غیر منقول
مال کی اجرت سے پس اگر اسنے ان شرائط کی مخالفت کی اور اپنے عیال کے حق میں قصور کیا
اور اپنے قرض کے ادا کرنے سے انکار کیا اور حج کو نکلا تو گنہ گار ظالم مغضوب کیا ہوا اللہ کا ہوگا
بسبب فرمانے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے آدمی کو یہی گناہ کافی ہے کہ جسکو روزی دیتا ہے
اسکو ضائع کرے پس اگر مخالفت سے سلامت رہا یہانتک کہ حج اور عمرہ سے فارغ ہوا تو اسسے
فرض ساقط ہوگیا **فصل** پس جب شرعی میقات پر پہونچے اور وہ ذات عرق ہے
اگر مشرق والوں سے ہے اور جحفہ ہے اگر مغرب والوں سے ہے اور ذو الحلیفہ ہے اگر
مدینہ والوں سے ہے اور یلملم ہے اگر یمن والوں سے ہے۔ اور قرن ہے اگر نجد
والوں سے ہے تو نہائے اور پاکی حاصل کرے یا تیمم کرے اگر پانی نہ پاوے
اور ازار پہنے اور چادر اوڑہے۔ اور دونوں کپڑے سفید اور پاکیزہ ہوں
اور خوشبو لگائے

ويصلي ركعتين ثم يحرم وينوي الاحرام بقلبه ويلبي
بالعمرة ان كان متمتعا وهو الافضل وبالحج المفرد او
بالحج والعمرة جميعا ويشترط فيقول اللهم اني اريد
العمرة او الحج او اياهما جميعا فيسر ذلك لي وتقبل مني
ومحلي حيث حبستني ويلبي وصفة التلبية لبيك اللهم
لبيك لبيك لا شريك لك لبيك ان الحمد والنعمة
لك والملك لك لا شريك لك يرفع بذلك صوته
يقول ذلك بعد الاحرام وعقيب الصلوات الخمس وفي
اقبال الليل والنهار والتقاء الرفاق واذا علا شرفا
او هبط واديا او سمع ملبيا وفي مساجد الحرام وبقاعه
ويصلي على النبي صلى الله عليه وسلم ويدعو لنفسه
بما احب اذا فرغ من التلبية

فصل

فاذا احرم لا
يغطي راسه ولا يلبس المخيط ولا الخفين فان فعل
ذلك لزمه ذبح شاة الا ان لا يجد الا ازار والنعلين
ولا يتطيب في بدنه وثيابه من انواع الطيب فان
فعل ذلك متعمدا غسله وذبح شاة ولا يقلم اظفاره
ولا يحلق راسه فان قلم ثلثة اظفار او حلق ثلث
شعرات من راسه او بدنه فعليه ذبح شاة فان
كان دون ذلك ففي كل ظفر او شعرة مد من طعام
ولا يعقد النكاح لنفسه ولغيره ويحل له الا ان يجامع و
لا يباشر الزوجة والامة في الفرج ودون الفرج فان
فعل ذلك بطل حجه اذا كان ذلك قبل رمي جمرة العقبة
ولا يستمني ولا يكرر النظر فان فعل فامنى فعليه
الكفارة وهي ذبح شاة ولا يقتل الصيد لما كول وما تولد
من ماكول وغير ماكول ولا ياكل ما صيد لاجله او اشار اليه
او دل عليه او اعان على ذبحه مثل ان يمسكه او يعيره
سكينا ونحو ذلك فان فعل فعليه الجزاء مثله من النعم
فان كان الصيد نعامة فعليه بدنة وان كان حمار وحش
فعليه بقرة وان كان بقرة الوحش واتانها فعليه

اور دو رکعت نماز پڑہے پہر احرام باندہے اور احرام کی نیت دل میں کرے اور عمرہ کا لبیک پکارے اگر
تمتع کرنیوالا ہو اور یہی افضل ہے یا صرف حج کا یا حج اور عمرہ دونوکا۔ اور شرط کرلے یعنی کہے
یا اللہ مین ارادہ کرتا ہون عمرہ کا یا حج کا یا دونون کا اکٹھا پس یہ میرے لیے آسان کر
اور مجہ سے قبول کر۔ اور مین حلال ہو جاؤن گا جہان مجہکو تو بند کرے۔ اور لبیک
پکارے۔ اور لبیک کی کیفیت یہ ہے حاضر ہوا مین تیرے لیے یا اللہ حاضر ہوا مین تیرا
کوئی شریک نہین حاضر ہوا ہون مین تیرے لیے حمد اور نعمت تیری ہی لیے ہے اور ملک بہی
تیرے لیے ہی تیرا کوئی شریک نہین اسکے ساتہ اپنی آواز کو بلند کرے احرام باندہنے کے بعد
اسکو کہے اور پانچون نمازون کے بعد اور رات اور دن کو آنے کیوقت اور ساتہیون
کی ملاقات کے وقت اور جب کسی بلندی کو چڑہے یا کسی وادی کو اترے یا لبیک
پکارنے والے کو سنے اور عزت والی مسجدون مین اور عزت والی جگہون مین اور نبی
صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بہیجے اور دعا مانگے اپنے لیے اس چیز سے کہ دوست رکہتا ہے
جب لبیک سے فارغ ہو

فصل

پس جب احرام باندہے تو اپنے سر کو نہ ڈہانکے اور سیا
ہوا کپڑا اور موزے نہ پہنے پس اگر اسکو کرے تو ایک بکری ذبح کرنی لازم ہوگی
مگر یہ کہ ازار اور نعلین نہ ملین (تو سیا ہوا کپڑا اور موزے پہننے درست ہونگے) اور
اپنے بدن اور کپڑون مین ہر ایک قسم کی خوشبوئی نہ لگائے پس اگر اسکو جان بوجہکر کرے
اسکو دہو ڈالے اور ایک بکری ذبح کرے اور اپنے ناخن نہ کٹائے اور اپنا سر نہ منڈائے
پس اگر تین ناخون کٹا ڈالے یا اپنے سر یا اپنے بدن سے تین بال منڈوا ڈالے تو اسپر
ایک بکری کا ذبح کرنا واجب ہے پس اگر اس سے کم ہو تو ہر ناخن یا بال مین طعام
سے ایک مد ہے اور نہ اپنے لیے اور نہ دوسرے کے لیے نکاح کرے اور اسکو آنا جانا جائز
ہے اور بی بی اور لونڈی سے فرج اور غیر فرج مین مباشرت نہ کرے پس اگر کیا اسکو
تو اسکا حج باطل ہوا جبکہ مباشرت جمرہ عقبہ مین کنکر مارنے سے پہلے ہو اور قصداً
منی نہ نکالے اور بار بار عورتون کی طرف نظر نہ کرے۔ پس اگر کیا اور منی نکلی تو
اسپر کفارہ ہے اور وہ ایک بکری کا ذبح کرنا ہے۔ اور ایسے شکار کو قتل نہ کرے
کہ کہایا جاتا ہے اور نہ اس چیز کو جو کہائے جانے والے جانور سے یا نہ کہائے جانے
والے جانور سے پیدا ہوتی ہے اور ایسی چیز کو نہ کہائے جو اسکے لیے شکار کی گئی ہو یا اسکی طرف اشارہ
کیا یا اسپر راہنمائی کی یا اسکے ذبح پر اعانت کی مثلاً اسکو پکڑ رکہے یا اسکو چہری عاریۃً دے
اور مثل اسکی پس اگر کیا تو اسپر اسکی مثل چارپایون سے جزا دینی واجب ہے پس اگر شکار شتر مرغ
ہو تو اسپر ایک بدنہ ہے اور اگر گور خر ہو تو اس پر ایک گائے ہے۔ اور اگر نیل گائے
ہو اور اسکی قسم کی تو اس پر

بقرة وإن كان غزالا أو ثعلبا فعليه عنزة وإن كان ضبعا فكبش وإن كان أرنبا فعناق وإن كان يربوعا فجفرة وفي الضب جدي في الكبير كبير وفي الصغير صغير على مثل ما قيل في جميع الصفات وإن كان ذلك حماما ففي كل واحد شاة فإن لم يكن له مثل فقيمته يرجع في معرفة ذلك إلى قول عدلين من المسلمين ويجوز له ذبح الحيوان الإنسي وأكله ويجوز له قتل كل ما فيه مضرة كالحية والعقرب والكلب العقور والسبع والنمر والذئب والفهد والفارة والغراب الأبقع والحدأة والبزاة وأنواعها والزنبور والبق والبراغيث والقراد والأوزاغ والذباب وجميع حشرات الأرض ويجوز قتل النملة عند الأذية وكذلك القمل والصيبان في إحدى الروايتين والأخرى عليه أن يتصدق بما أمكن ولا يقتل صيد الحرم فإن قتله كان حكمه كما ذكرنا في صيد الإحرام ولا يقطع أشجار الحرم ولا يقلعها فإن فعل ذلك ضمن الشجرة الكبيرة ببقرة والصغيرة بشاة وكذلك صيد المدينة وشجرها يحرمان عليه إلا أن جزاءهما سلب ما عليه من الثياب يكون ذلك حلالا لمن أخذه **فصل** فإن كان في الوقت سعة فأمكنه دخول مكة قبل يوم عرفة بأيام فالمستحب له أن يغتسل غسلا كاملا ويدخلها من أعلاها فإذا بلغ المسجد الحرام دخل من باب بني شيبة ويرفع يديه عند رؤية البيت ويقول اللهم إنك أنت السلام ومنك السلام حينا ربنا بالسلام اللهم زد هذا البيت تعظيما وتشريفا وتكريما ومهابة وبرا وزد من شرفه وعظمه ممن حجه أو اعتمره تعظيما وتشريفا وتكريما ومهابة الحمد لله كثيرا كما هو أهله وكما ينبغي لكرم وجهك وعزك وجلالك الحمد لله الذي بلغني بيته ورآني لذلك أهلا والحمد لله على كل حال اللهم إنك دعوت إلى حج بيتك وقد

گائے ہے اور اگر ہرن یا لومڑی ہو تو اسپر ایک بکری ہے اور اگر گفتار ہو تو مینڈہا ہے اور اگر خرگوش ہو تو بکری کا بچہ اور اگر جنگلی چوہا ہو تو بکری کا چار ماہہ بچہ ہے اور گوہ مین بکری کا چھوٹا بچہ اور بڑی مین بڑا اور چھوٹے مین چھوٹا اسی طرح پر جو تمام صفتون مین کہا گیا ہے اور اگر کبوتر ہو تو ہر ایک مین ایک بکری ہے پس اگر اسکی مثل نہ ہو تو اسکی قیمت واجب ہے اسکے معلوم کرنے مین دو مسلمان عادلون کے قول کی طرف رجوع کرے اور اسکو حیوان انسی کا ذبح کرنا اور اسکا کہانا جائز ہے اور اسکو مارنا ہر اس چیز کا جس سے ضرر ہو جائز ہے جیسے سانپ اور بچھو اور کتا اور درندہ اور چیتا اور بیٹریا اور درندہ اور چوہا اور ابلق کوا اور چیل اور باز اور اسکی تمام قسمین اور زنبور اور مچھر اور پسو اور چیچڑی اور چھپکلی اور مکھی اور زمین کی رہنے والی تمام چیزین اور جائز ہے چیونٹی کا قتل کرنا ایذا دینے کے وقت۔ اور اسی طرح جوئین اور انکے انڈے دو روایتون سے ایک مین اور اسپر لائق ہے کہ جس چیز سے اسے قدرت ہو صدقہ کرے اور حرم کے شکار کو قتل نہ کرے پس اگر اسکو قتل کرے تو اسکا حکم وہی ہوگا جیسے کہ ہم نے احرام کے شکار مین بیان کیا اور حرم کے درختون کو قطع نہ کرے اور نہ اکہاڑے پس اگر اسکو کیا تو بڑے درخت کے بدلے گائے کا ضامن ہوگا اور چھوٹے درخت کے بدلے بکری کا اسیطرح مدینہ کا شکار اور اسکے درخت اسپر حرام ہین مگر یہ کہ اسکی جزا اسکے کپڑے اتار لینے ہین اور وہ کپڑے اس شخص کو جس نے اسکو پکڑا حلال ہوتے ہین **فصل** پس اگر وقت مین فراخی ہو اور اسکو مکہ مین داخل ہونا عرفہ کے دن سے پہلے چند دن ممکن ہو تو اسکو مستحب ہے کہ کامل غسل کرے اور اس مین اوپر کی جانب سے داخل ہو پس جب مسجد حرام مین پہونچے تو بنی شیبہ کے دروازہ سے داخل ہو۔ اور بیت اللہ کو دیکھتے وقت اپنے ہاتھون کو اٹھائے اور کہے یا اللہ تو ہی سب نقصانون سے سلامت ہے اور تجھ ہی سے سلامتی ہے ہمکو زندہ رکھ یا اللہ اس گھر کو تعظیم اور بزرگی اور خوبی اور ڈر اور نیکی مین زیادہ کر۔ اور اس شخص کو جس نے اسکی بزرگی اور عظمت کی ان لوگون مین سے جنہون نے اسکا حج یا عمرہ کیا تعظیم اور شرافت اور بزرگی اور ہیبت مین زیادہ کر۔ اور سب تعریف اللہ کو ہے بہت جیسے کہ وہ اسکا اہل ہے اور جیسے کہ تیری ذات کی بزرگی اور تیری عزت اور جلال کے لیے لائق ہے سب تعریف اللہ کو ہے جس نے مجھکو اپنے گھر پہونچایا اور مجھ کو اسکا اہل دیکھا۔ اور سب تعریف ہر حال میں اللہ ہی کو ہے یا اللہ تو نے اپنے گھر کے حج کی طرف بلایا اور تحقیق

جئناك له لذلك اللهم تقبل مني واعف عني و
اصلح لي شأني كله لا اله الا انت يرفع بذلك صوته
ثم يطوف للقدوم ويضطبع بردائه ويكشف كتفه
الايمن ويستر الايسر ثم يتقدم الى الحجر الاسود فيستلمه
بيده ويقبله ان امكنه والا استلمه وقبل يده فان
زحم اشار بيده اليه ويقول بسم الله والله اكبر اللهم
ايمانا بك وتصديقا بكتابك ووفاء بعهدك واتباعا
لسنة نبيك محمد صلى الله عليه وسلم ويطوف عن يمينه
وهو ان يرجع الى باب البيت فيمضي الى الحجر الذي عليه
ميزاب البيت مسرعا وهو السعي الشديد مع تقارب
الخطا حتى اذا بلغ الركن اليماني استلمه ولم يقبله فاذا
بلغ الحجر الاسود عد ذلك شوطا واحدا ثم يطوف
كذلك ثانيا وثالثا قائلا في جميع ذلك اللهم اجعله
حجا مبرورا وسعيا مشكورا وذنبا مغفورا ثم يخفف
مشيه ويقارب خطاه فيمشي على هيئته في الاربعة
الباقية ويقول فيها رب اغفر وارحم واعف عما تعلم
وانت الاعز الاكرم اللهم ربنا آتنا في الدنيا حسنة
وفي الآخرة حسنة وقنا عذاب النار ويدعو بما اراد
من خير الدنيا والآخرة وينبغي ان يكون ناويا لذلك
طاهرا من الاحداث والانجاس ساتر العورة لان النبي
صلى الله عليه وسلم قال الطواف بالبيت صلوة الا
ان الله تعالى اباح فيه النطق فاذا فرغ من ذلك
صلى ركعتين خفيفتين خلف مقام ابراهيم خليل الرحمن
عليه السلام يقرأ في الاولى بعد الفاتحة قل يا ايها
الكافرون وفي الثانية قل هو الله احد ثم يرجع الى
الحجر الاسود فيستلمه ثم يخرج الى الصفا من بابه
ويرقى عليه الى حيث يمكنه رؤية الكعبة ثم يكبر
ثلثا ويقول الحمد لله على ما هدانا لا اله الا الله وحده
لا شريك له صدق وعده ونصر عبده وهزم الاحزاب

آئی ہم تیرے پاس اسکے لیے یا اللہ مجھہ سے قبول کر اور مجھہ سے معاف کر اور میرا تمام حال
درست کر دے کوئی معبود نہیں تیرے سوا ـ اور چاہیے اس دعا کے ساتھ اپنی آواز کو بلند
کرے پھر طواف قدوم یعنے آنے کا کرے اور چادر سے اضطباع کرے پھر اپنے داہنے کندھے
کو ننگا کرے اور بائیں کو ڈھانپ لے پھر حجر اسود کی طرف آگے ہو پھر اسکو اپنے ہاتھ سے
چھوئے اور اسکو چومے اگر اسکی طاقت ہو ورنہ اسکو چھوئے اور اپنے ہاتھ کو چومے اور
اگر اژدحام ہو تو اپنے ہاتھ سے اسکی طرف اشارہ کرے اور کہے اللہ کے نام سے اور اللہ بہت بڑا ہے
یا اللہ تیرے ساتھ ایمان لایا اور تیری کتاب کی تصدیق کی اور تیرے عہد کو پورا کیا اور تیرے
نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کی پیروی کرتا ہوں اور طواف کرے اپنی داہنی جانب سے
اور وہ یہ کہ بیت اللہ کے دروازے کی طرف لوٹے اور اس پتھر کی طرف جسپر بیت اللہ کا پرنالہ
ہے جلدی کرتے ہوئے گذرے اور وہ تیزی سے دوڑنا ہے باوجود نزدیک ہونے قدموں کے
یہاں تک کہ جب رکن یمانی کے پاس پہونچے تو اسکو چھوئے اور اسکو بوسہ نہ دے اور جب حجر
اسود کو پہونچے تو اسکو ایک پھیرا شمار کرے پھر اسیطرح دوسری تیسری بار ـ ان تمام
پھیروں میں یہ کہتا ہوا طواف کرے ـ یا اللہ اسکو حج مقبول اور سعی مشکور اور گناہ
معاف کیا گیا کر دے ـ پھر اپنی رفتار کو آہستہ کرے اور اپنے قدموں کو نزدیک نزدیک
کرے پھر باقی چار پھیروں میں اپنی رفتار پر چلے اور ان میں کہے اے میرے پروردگار
بخش اور رحم کر اور معاف کر اس چیز سے جو تو جانتا ہے اور تو نہایت عزت والا اور
بزرگی والا ہے ـ یا اللہ ہمارے ہمکو دنیا میں نیکی دے اور آخرت میں نیکی دے اور ہمکو
دوزخ کے عذاب سے بچا اور دنیا اور آخرت کی بھلائی سے جس چیز سے چاہے دعا کرے
اور چاہیے کہ اسکے لیے نیت کرنے والا ہو در حالیکہ پلیدی شرعی اور پلیدی حسی
سے پاک ہو اپنی شرمگاہ کو ڈھانپنے والا ہو کیونکہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے
طواف کرنا بیت اللہ کا نماز ہے مگر اللہ تعالی نے تمہارے لیے اسمیں بولنا مباح کر دیا ہے
پس جب اس سے فارغ ہو تو دو رکعت نماز ہلکی مقام ابراہیم اللہ کے دوست علیہ السلام
کے پیچھے پڑھے پس پہلی رکعت میں پیچھے فاتحہ کے قل یا ایہا الکفرون
پڑھے اور دوسری رکعت میں قل ہو اللہ احد پھر حجر اسود کی طرف لوٹے
اور اسکو چھوئے پھر اسکے دروازے سے صفا کی طرف نکلے اور اسپر چڑھے
اس جگہ تک کہ اسکو کعبہ کا دیکھنا ممکن ہو پھر تین دفعہ اللہ اکبر کہے
اور کہے سب تعریف اللہ ہی کو ہے اس چیز پر جو ہمکو ہدایت کی ـ
سوائے اللہ کے کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اسکا کوئی شریک نہیں اسنے
اپنے وعدے کو سچا کیا اور اپنے بندے کی مدد کی اور اکیلے ہی لشکروں کو بھگا دیا

لا إله إلا الله ولا نعبد إلا إياه مخلصين له الدين ولو
كره الكافرون ثم ينزل ويلبي ويدعو ثانيا وثالثا ثم ينزل
ماشيا حتى يكون بينه وبين الميل الأخضر المنتصب
عند المسجد ما قدره ستة أذرع ثم يسرع في المشي حتى
يبلغ إلى الميلين الأخضرين ثم يخفف مشيه إلى أن
يبلغ المروة فيرقى عليها فيفعل كما فعل على الصفا ثم
ينزل ويمشي في موضع مشيه ويسعى في موضع سعيه
إلى أن يصير إلى الصفا ثم كذلك فيعد سبعا يبدأ بالصفا
ويختم بالمروة وينبغي أن يكون متطهرا كما ذكرنا في الطواف
بالبيت فإذا فرغ من ذلك حلق أو قصر إن كان متمتعا
ولم يكن قد ساق هديا وفعل ما يفعل الحلال فإذا
كان يوم التروية وهو الثامن من ذي الحجة أحرم
من مكة بالحج فيأتي منى فيصلي بها الظهر والعصر والمغرب
والعشاء ويبيت بها ثم يصلي الصبح فإذا طلعت الشمس
دفع مع الناس إلى الموقف بعرفة فإذا زالت الشمس
خطب الإمام خطبة يعلم الناس فيها ما ينبغي أن
يفعلوه من الوقوف وموضعه ووقته ودفعه من
عرفات والصلوة بمزدلفة والمبيت بها وغير ذلك من
رمي الجمار والنحر والحلق والطواف بالبيت دنا من
الإمام فيعي ما يقول ثم يصلي مع الإمام الظهر والعصر يجمع
بينهما بإقامة لكل صلوة ثم يتقدم إلى جبل الرحمة و
الصخرات بقرب الإمام يستقبل القبلة فيقف هناك
ويجتهد في الدعاء والثناء على الله عز وجل وينبغي أن
يكون أكثر ذكره لا إله إلا الله وحده لا شريك له له
الملك وله الحمد يحيي ويميت وهو حي لا يموت بيده
الخير وهو على كل شيء قدير اللهم اجعل في قلبي نورا و
في بصري نورا وفي سمعي نورا ويسر لي أمري فإن فاته الوقوف
مع الإمام نهارا وأدرك بعد خروج الإمام من الموقف
قبل أن يطلع الفجر الثاني من ليلة النحر فقد أدرك الوقفة

سوا اللہ کے کوئی معبود نہین اور ہم بجز اُسکے کسی کی عبادت نہین کرتے اُسکے واسطے
دین کو خالص کرنے والے ہین اگرچہ کافر برا مانین پہر اترے اور لبیک کہے اور دوسری اور
تیسری دفعہ دعا کرے پہر اترے چلتا ہوا یہان تک درمیان اسکے اور درمیان میل سبز کے
جو کہڑا کیا گیا ہے مسجد کے پاس تخمیناً چہ ہاتہ کا فاصلہ ہو پہر چلنے مین جلدی
کرے یہان تک کہ دو میل سبز کو پہونچے پہر اپنی رفتار کو ہلکا کرے یہانتک کہ
مروہ کو پہونچے اور اُسپر چڑہے اور جیسے صفا پر کیا تہا اُسپر بہی ویسا ہی کرے
پہر اترے اور اپنے چلنے کی جگہ مین چلے اور اپنے دوڑنے کی جگہ مین دوڑے
یہان تک کہ صفا کو واپس جاے پہر اسیطرح کرے اور سات بار گنے صفا کو
شروع کرے اور مروہ پر ختم کرے اور چاہیے کہ پاک ہو جیسے کہ ہمنے بیت اللہ کے
طواف مین ذکر کیا ہے پس جب اُس سے فارغ ہو تو سر منڈوائے یا کتروائے اگر تمتع
کرنیوالا ہو اور اپنے ساتہ ہدی کو نہ لایا ہو اور جو حلال شخص کرتا ہے ویسا ہی کرے
اور جب ترویہ کا دن ہو اور وہ ذی الحجہ کی آٹہوین تاریخ ہے تو مکہ سے حج کے لیے احرام باندہے
اور منا مین آوے اور اُسمین ظہر اور عصر اور مغرب اور عشاء کی نماز پڑہے اور اسی مین
رات گذارے پہر صبح کی نماز پڑہے پس جب سورج طلوع ہو تو لوگون کے ساتہ
عرفہ مین کہڑے ہونے کی جگہ کی طرف روانہ ہو پس جب سورج ڈہلے تو امام
خطبہ پڑہے اُسمین لوگون کو جو کچہ اُنکو کرنا چاہیے سکہلاوے کہڑے ہونے سے اور
اُسکی جگہ سے اور اسکے وقت سے اور اُسکے روانہ ہونے سے اور مزدلفہ مین نماز پڑہنے
سے اور اسمین رات گذارنے سے اور سوا اسکے سنگریزے چلانے اور قربانی کرنے اور
سر منڈانے سے اور بیت اللہ کا طواف کرنے سے امام سے نزدیک ہو اور جو کچہ کہے اسکو
یاد رکہے پہر امام کے ساتہ ظہر اور عصر کی نماز پڑہے دونو کو جمع کرے اور ہر ایک نماز کے لیے
اقامت کہے پہر جبل رحمت اور سنگریزون کی طرف آگے ہو نزدیک امام کے تاکہ
قبلے کو سامنے ہو پس اُس جگہ کہڑا ہو اور کوشش کرے دعا کرنے اور اللہ غالب
بزرگ کی ثنا کہنے مین اور چاہیے کہ اُسکا زیادہ ذکر اس کلمہ کا ہو سوائے اللہ کے کوئی
معبود نہین وہ اکیلا ہے اُسکا کوئی شریک نہین اُسی کا ملک ہے اور اُسی کو تعریف ہے
زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اور وہ زندہ ہے نہین مریگا اُسی کے ہاتہ مین نیکی ہے اور وہ ہر
چیز پر قادر ہے یا اللہ میرے دل مین نور کردے اور میری آنکہ مین نور کردے
اور میرے کان مین نور کردے اور میرے کام کو آسان کردے پس اگر امام کے ساتہ دن
مین کہڑا ہونا اس سے فوت ہو گیا اور امام کے موقف سے نکل جانیکے بعد اسکو پایا پہلے
اس سے کہ دوسری فجر نحر کی رات سے طلوع ہو تو بے شک اُسنے کہڑا ہونے کو پالیا

والا فقد فاته الحج فان دفع مع الامام الى طريق مزدلفة
يكون على التؤدة والسكون والوقار فاذا وصل مزدلفة
صلى مع الامام بها المغرب والعشاء جماعة او منفردا ان فاتته
مع الامام ثم حط رحله فيبيت هناك ويأخذ منها حصى
الجمار او من حيث تيسر له ذلك وعدده سبعون حصاة و
قدره ان يكون اكبر من الحمص واصغر من البندق و
يستحب ان يغسله ثم يصلي الفجر اذا اصبح ويجتهد ان
يغلس بها ثم يأتي المشعر الحرام فيقف عنده فيكثر الحمد
لله والثناء عليه والتهليل والتكبير والدعاء والاولى ان
يقول في دعائه اللهم كما اوقفتنا فيه فاريتنا اياه فوفقنا
لذكرك كما هديتنا واغفر لنا وارحمنا كما وعدتنا بقولك
وقولك الحق فاذا افضتم من عرفات الى قوله تعالى غفور
رحيم فاذا اضاء النهار واسفر دفع الى منى واسرع في
وادي محسر فاذا وصل الى وادي منى رمى جمرة العقبة بسبع
حصيات مكبرا في اثر كل حصاة رافعا يديه حتى يرى
بياض ابطيه كما روي عن النبي صلى الله عليه وسلم انه
رمى كذلك وسكت عن التلبية عند اول حصاة يرميها
ويكون رميه هذا بعد طلوع الشمس وقبل الزوال
وفيما بعده من ايام التشريق بعد الزوال فاذا
رمى نحر هديا ان كان معه وحلق
او قصر جميع رأسه وان كانت امرأة تقصر من شعرها
بقدر الانملة ثم يمضي الى مكة ويغتسل ويتوضأ فيطوف
طواف الزيارة ويعينه بالنية ويصلي ركعتين خلف المقام
فاذا فرغ سعى بين الصفا والمروة ان اراد لان السعي
قد سقط عنه بفعله في طواف القدوم ثم قد حل له كل
شيء من محظورات الاحرام فصار حلالا كما كان قبل
الاحرام ثم يتقدم الى زمزم فيشرب من مائها فيقول
عند شربه بسم الله اللهم اجعله لنا علما نافعا و
رزقا واسعا وريا وشبعا وشفاء من كل داء واغسل به

ورنہ اسکا حج فوت ہوا پس اگر امام کے ساتھ مزدلفہ کے رستہ کی طرف جاوے
تو آہستگی اور آرام اور وقار پر ہو اور جب مزدلفہ مین پہونچے تو اسمین امام کے
ساتھ مغرب اور عشا کی نماز باجماعت پڑھے یا اکیلے پڑھ لے اگر امام کے ساتھ
اُس سے فوت ہوگئی ہو پس اپنے اسباب کو اتارے اور وہان رات کاٹے اور اسی جگہ سے کنکر چنے
کی کنکریان پکڑ لے یا جس جگہ سے اسکو میسر ہو اور گنتی مین ستر لے اور اسکا اندازہ
یہ ہو کہ چنے سے بڑا ہو اور غلیلہ سے چھوٹا ہو اور مستحب ہے کہ اسکو دھو لے پھر جب صبح
ہو فجر کی نماز پڑھے اور اسکو اندھیرے مین پڑھنے کے لیے کوشش کرے پھر
مشعر الحرام کو آئے اور اسکے نزدیک ٹھیرے پس اللہ کی حمد اور اسکی تعریف اور
تہلیل اور تکبیر اور دعا زیادہ کرے اور بہتر یہ ہے کہ اپنی دعا مین کہے یا اللہ جیسے
تو نے ہمکو اسمین کھڑا کیا ہے اور اسکو تو نے دکھایا ہے تو ہمکو اپنے ذکر کی توفیق دے
جیسے تو نے ہمکو ہدایت کی اور بخش ہمکو اور ہمپر رحم کر جیسے تو نے ہمکو اپنے قول سے
وعدہ فرمایا ہے اور تیرا کہنا ٹھیک ہے فاذا افضتم من عرفات غفور رحیم تک
اور جب دن روشن ہو اور خوب صبح ہو تو منا کو لوٹے اور وادی محسر مین تیزی
کرے پس جب وادی منا کو پہونچے جمرہ عقبہ کو سات سنگریزے چلائے ہر سنگریزے
کے پیچھے تکبیر کہتا ہوا اپنے ہاتھون کو اٹھائے ہوئے یہانتک کہ اسکی بغلون کی
سفیدی دکھلائی دے جیسے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ آپ نے
اسیطرح سنگریزے چلائے اور پہلا سنگریزہ چلانے کے وقت لبیک کہنے سے
خاموش رہے اور یہ کنکر چلانا اسکا طلوع شمس سے پیچھے اور زوال سے پہلے ہو
اور اس سے پیچھے ایام تشریق سے زوال کے بعد اور جب کنکر پھینکنے سے فارغ ہو
تو ہدی کو ذبح کرے اگر اسکے ساتھ ہو اور سر منڈوائے یا اپنے تمام سر کو کتروائے
اور اگر عورت ہو تو اپنے بالون سے پورون کے برابر کتروائے پھر مکہ کو چلے اور نہائے
اور وضو کرے پھر طواف زیارت کرے اور اسکو نیت سے معین کرے اور دو رکعت نماز پیچھے
مقام ابراہیم کے پڑھے پس جب فارغ ہو تو صفا اور مروہ کے درمیان دوڑے
اگر ارادہ کرے اور چونکہ وہ طواف قدوم مین دوڑ چکا تھا اسلیے دوڑنا اس سے
ساقط ہوگیا پھر اسکے لیے احرام کے ممنوعات سے ہر چیز حلال ہو جاتی ہے اور حلال
ہوگیا جیسے پہلے احرام سے تھا پھر زمزم کی طرف آگے ہو اور اسکا پانی پیئے
اور اسکے پینے کے وقت کہے ساتھ نام اللہ کے یا اللہ اسکو ہمارے لیے علم
نافع کر اور رزق فراخ اور سیراب ہونا اور پیٹ بھرنا اور شفا ہر بیماری
سے کر دے اور میرے دل کو ساتھ اسکے دھو ڈال

قلبي وأملأه من خشيتك ثم يرجع الى منى فيبيت بها
ثلث ليال فيرمي الجمرات الثلث في ايام التشريق على ما ذكرنا
كل يوم باحدى وعشرين حصاة كل جمرة سبع حصيات فيبدأ
بالجمرة الاولى وهي ابعد الجمرات من مكة مما يلي مسجد الخيف
فيجعلها عن يساره ويستقبل القبلة فاذا رماها تقدم
عنها يسيرا لئلا يصيبه حصى غيره فيقف هناك داعيا لله عز
وجل بقدر قراءة سورة البقرة ان امكنه ثم يرمي الجمرة
الوسطى فيجعلها عن يمينه ويستقبل القبلة فيدعو كالاولى
ثم يرمي الجمرة الاخيرة وهي جمرة العقبة فيجعلها عن يمينه
وينزل الى الوادي ويكون مستقبلا الى القبلة ولا يقف
هناك ثم يفعل في اليوم الثاني والثالث كذلك وان احب
ان يتعجل ولا يرمي في اليوم الثالث دفن ما بقي معه من الحصى
هناك ويخرج قاصدا الى مكة فيأتي الابطح فيصلي هناك الظهر
والعصر والمغرب والعشاء ثم ينام يسيرا ثم يدخل مكة
فيقيم بها او غيرها من المواضع كالزاهر والابطح واذا
اراد ان يدخل البيت يكون حافيا ويصلي فيه نفلا و
يشرب من ماء زمزم ويرتوي منه وينوي ما احب من العلم
والمغفرة والرضوان لقوله عليه السلام ماء زمزم لما شرب
له ويكثر الاعتماد والنظر الى الكعبة لما روي في بعض
الاخبار ان النظر اليها عبادة ثم لا يخرج حتى يودع
البيت فيطوف به سبعا ثم يقف بين الركن والباب
يدعو فيقول اللهم هذا بيتك وانا عبدك وابن عبدك
وابن امتك حملتني على ما سخرت لي من خلقك وسيرتني
في بلادك حتى بلغتني بنعمتك واعنتني على قضاء
نسكي فان كنت رضيت عني فازدد عني رضا والا فمن
على الآن قبل تباعدي عن بيتك هذا اوان انصرافي
ان اذنت لي غير مستبدل بك ولا ببيتك ولا راغب عنك
ولا عن بيتك اللهم فاصحبني العافية في بدني و
الصحة في جسمي والعصمة في ديني واحسن منقلبي وارزقني

اور اسکو اپنے وڑسے پر کرے پھر منا کو واپس گئے اور اسمین تین راتین کاٹے پھر تینون
جمرون کو ایام تشریق مین کنکر چلائے اس طرح پر جو ہمنے ذکر کیا ہر دن مین
اکیس سنگریزے ہر جمرہ کو سات کنکر مارے پہلے جمرہ سے شروع کرے اور وہ کہ
سب جمرون سے دور ہے جو مسجد خیف کو متصل ہے پس اسکو اپنی بائین جانب
کرے اور قبلہ کو متوجہ ہو پس جب اسکو چلائے تو اس سے تھوڑا سا آگے
بڑہے تاکہ اور کا کنکر اسکو نہ لگے پس وہان اللہ غالب بزرگ سے دعا
کرتے ہوئے سورہ بقرہ کے مقدار ٹہیرے اگر ممکن ہو پھر جمرہ وسطے کو
کنکر چلائے پس اسکو اپنی داہنی طرف کرے اور قبلہ کو متوجہ ہو اور پہلے
کی طرح دعا مانگیں پھر پچھلے جمرہ کو چلائے اور وہ جمرہ عقبہ ہے پس اسکو اپنی
داہنی جانب کرے اور وادی کو اترے قبلہ کو منہ کرتے ہوئے اور اسکے نزدیک
ٹہیرے پس دوسرے اور تیسرے دن ایسا ہی کرے اور اگر جلدی کرنے کو دوست
رکہے اور تیسرے دن مین نہ چلائے تو وہان دفن کردے جو سنگریزے اسکے
پاس باقی رہے ہون اور مکہ کو قصد کرتے ہوئے نکلے پس وادی ابطح کو آئے
اور وہان ظہر اور عصر کی اور مغرب اور عشا کی نماز پڑھے پھر تھوڑا سا سو رہے
پھر مکہ مین داخل ہو اور اسمین یا اسکی سوا دوسری جگہون مین سے کسی جگہ اقامت کرے
مثل زاہر اور ابطح کی اور جب خانہ کعبہ مین داخل ہونے کا ارادہ کرے تو ننگے پاؤن ہو
اور اسمین نفل نماز پڑہے اور زمزم کے پانی سے پیئے اور اس سے سیر ہو اور جس چیز کو
دوست کہتا ہے علم اور بخشش اور خدا کی رضامندی سے اسکی نیت کرے بسبب فرمانے
رسول علیہ السلام کے زمزم کا پانی اس چیز کے لیے ہے جسکے لیے پیا جاوے اور توجہ اور نظر
بیت اللہ کیطرف بہت کرے بسبب اس چیز کے جو بعض خبرون مین مروی ہے بیت اللہ
کی طرف نظر کرنا عبادت ہے پھر نہ نکلے یہان تک کہ بیت اللہ کو وداع کرے پھر اسکو سات
سات طواف کرے پھر رکن یمانی اور دروازہ مین کھڑا ہو اور دعا کرے پھر کہے یا اللہ
یہ تیرا گھر ہے اور مین تیرا بندہ اور تیرے بندے کا بیٹا اور تیری لونڈی کا بیٹا ہون تو نے مجھکو
چیز پر اٹھایا جو تو نے اپنی پیدایش سے میرے تابع کیا اور تو نے مجھکو اپنے شہرون مین سیر کرایا
یہانتک کہ تو نے مجھکو اپنی نعمت سے پہونچایا اور تو نے میری قربانی کے ادا کرنے پر میری مدد کی
پس اگر تو مجھ سے راضی ہے تو مجھپر اپنی رضامندی کو زیادہ کر اور اگر راضی نہین ہے تو اب مجھپر
احسان فرما پہلے اس سے کہ مین تیرے اس گھر سے جدا ہون یہ میرے واپس جانے کا وقت ہے اگر تو مجھکو
اذن دے اس حال مین کہ مین تجھسے اور تیرے گھر سے بدل کرنیوالا نہین اور نہ تجھسے اور نہ تیرے گھر سے منہ پھیرنیوالا
ہون یا اللہ عافیت کو میرے بدن مین اور صحت کو میرے جسم مین اور پارسائی کو میرے دین مین ہم صحبت کر دے اور میرے پھرنے کو

نیک کردے اور

طاعتك ما ابقيتني واجمع لي خير الدنيا والآخرة انك
على كل شيء قدير وما زاد على ذلك من الدعاء من خير
الدنيا والآخرة كان حسنا ثم يصلي على النبي صلى الله عليه
وسلم ولم يقم بعد ذلك بمكة فان اقام اعاد الطواف و
الا ذبح شاة **فصل** فان كان في الوقت ضيق
وخاف فوت الوقوف بعرفات فان احرم من الميقات
بدأ بعرفات فوقف هناك ثم دفع منها بعد غروب الشمس
فيفعل ما قلنا من البيتوتة بمزدلفة ثم الرمي بمنى ثم
اذا دخل مكة طاف طوافين ينوي بالاول القدوم وبالثاني
الزيارة ثم يسعى بين الصفا والمروة ثم يحل له كل
شيء ثم يعود الى منى للرمي في الايام الثلث ثم يتم
الافعال على ما تقدم ذكره **فصل** وصفة العمرة ان
يحرم لها من الميقات الشرعي الذي تقدم ذكره بعد
ان يغتسل ويتطيب ويصلي ركعتين فيطوف بالبيت
سبعا ويسعى بين الصفا والمروة ويقصر او يحلق ثم يحل
منها ان لم يكن ساق هديا وان كان بمكة خرج الى
التنعيم فيحرم منه فيفعل كذلك **فصل** ولا
يبطل الحج الا بالوطي في الفرج او دون الفرج مع الانزال
واركان الحج اربعة الاحرام والوقوف وطواف الزيارة
والسعي وعن الشيخ رحمه الله لها ركنان احدهما الوقوف
بعرفة والثاني الطواف بالبيت والصحيح الاول فاذا ترك
واحدا من هذه الاركان كان حجه ناقصا وعليه الاتيان
به اما في سنته واما في العام المستقبل ياتي به محرما
ولا يجبره دم بحال **واما** واجباته فخمسة وهي
المبيت بمزدلفة الى ما بعد نصف الليل والمبيت
بمنى والرمي والحلاقة وطواف الوداع فان ترك واحدا
منها جبره بدم وهو شاة كما قلنا في ترك الواجبات
في الصلوة يجبره بسجود السهو **واما** مسنوناته
فخمسة عشر وهي الاغتسال للاحرام ولدخول مكة و

اور اپنی طاعت مجھکو بخش جب تک تو مجھکو باقی رکھے اور میرے لیے دنیا اور آخرت کی بھلائی
کو اکھٹا کر دے بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے اور جو کچھ اس دعا مین دنیا اور آخرت کی بھلائی
سے زیادہ کرے بہتر ہوگا پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے اور اسکے بعد مکہ مین نہ
ٹہیرے اور اگر ٹہیرے تو طواف کا اعادہ کرے اور اگر طواف کرے تو بکری ذبح
کرے **فصل** پس اگر وقت مین تنگی ہو اور عرفات مین وقوف کے فوت ہونے
سے خوف کرے پس اگر میقات سے احرام باندہے تو عرفات سے شروع کرے اور وہان ٹہیرے
پھر وہان سے غروب آفتاب کے پیچھے روانہ ہو تو جو کچھ ہمنے مزدلفہ مین رات کاٹنے سے منا
مین کنکریان چلانے سے بیان کیا وہی کرے پھر جب مکے مین داخل ہو تو دو طواف
کرے پہلے طواف مین طواف قدوم کی نیت کرے اور دوسرے مین طواف زیارت کی
پھر صفا اور مروہ کے درمیان دوڑے پھر اُسکے لیے ہر چیز حلال ہو جاویگی پھر تین
دنون مین منا کی طرف کنکریان چلانے کے لیے لوٹے پھر افعال حج کو تمام کرے اُس طرح پر
جسکا آگے ذکر ہو چکا ہے **فصل** اور عمرہ کی صفت یہ ہے کہ میقات شرعی سے
احرام باندہے جسکا پہلے ذکر ہو چکا ہے بعد اسکے کہ نہائے اور خوشبو لگائے اور
دو رکعت نماز پڑہے پس بیت اللہ کا سات بار طواف کرے اور صفا اور مروہ کے درمیان
دوڑے اور سر کترواوے یا منڈائے پھر اس سے حلال ہو جائے اگر ہدی (یعنے جانور
قربانی) نہین لایا اور اگر مکہ مین ہو تو (مقام) تنعیم کی طرف نکلے اور اُس سے
احرام باندہے پھر ویسا ہی کرے **فصل** اور حج باطل نہین ہوتا مگر فرج مین وطی
کرنے سے یا سوائے فرج کے بشرطیکہ انزال ہو۔ اور حج کے رکن چار ہین احرام
اور عرفات مین کہڑا ہونا اور طواف زیارت اور صفا اور مروہ کے درمیان دوڑنا
اور شیخ رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ اسکے دو رکن ہین ایک عرفات مین کہڑا ہونا۔ اور
دوسرا بیت اللہ کا طواف کرنا اور صحیح پہلا قول ہے۔ پس جب ان مین سے کسی
ایک کو ترک کرے تو اُسکا حج ناقص ہوگا اور اُسپر اُسی سال مین دوسری دفعہ
حج کرنا واجب ہے یا سال آیندہ مین اُسکو احرام باندہ کر ادا کرے اور کسی
حال مین اُس نقصان کو دم دینا (یعنے جانور ذبح کرنا) کفایت نہین کرتا **اور لیکن**
اُسکے واجب پس پانچ ہین اور وہ مزدلفہ مین نصف رات سے لیکر رات کاٹنا ہے اور منا
مین رات گذارنا اور کنکر چلانا اور سر منڈوانا اور طواف وداع کرنا اور اگر ایک کو اُن
سے ترک کرے تو اس نقصان کو دم یعنے خون سے پورا کرے اور وہ بکری ہے جیسے ہمنے نماز کے واجبات
کے ترک مین بیان کیا کہ اس نقصان کو سجدہ سہو کے ساتھ برابر کرے **اور لیکن** اُسکی
سنتین پس پندرہ ہین۔ اول احرام کیلئے اور دخول مکہ کے لیے اور

وَلِلْوُقُوْفِ بِعَرَفَةَ وَالْمَبِيْتِ بِمُزْدَلِفَةَ وَلِرَمْيِ الْجِمَارِ اَيَّامَ
مِنًى وَلِطَوَافِ الزِّيَارَةِ وَلِطَوَافِ الْوَدَاعِ وَالثَّانِيْ طَوَافُ
الْقُدُوْمِ وَالثَّالِثُ الرَّمَلُ وَالرَّابِعُ الْاِضْطِبَاعُ فِي
الطَّوَافِ وَالسَّعْيِ وَاسْتِلَامُ الرُّكْنَيْنِ وَالتَّقْبِيْلُ وَالْاِرْتِقَاءُ
عَلَى الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَالْمَبِيْتُ بِمِنًى ثَلٰثًا وَالْوُقُوْفُ عَلَى
الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ وَالْوُقُوْفُ عِنْدَ الْجَمَرَاتِ الثَّلٰثِ وَالْخُطَبُ
وَالْاَذْكَارُ وَشِدَّةُ السَّعْيِ فِي مَوَاضِعِهٖ وَالْمَشْيُ فِي مَوَاضِعِهٖ
وَرَكْعَتَا الطَّوَافِ فَاِنْ تَرَكَ هٰذِهِ الْاَشْيَاءَ اَوْ وَاحِدًا مِّنْهَا
كَانَ تَارِكًا لِلْاَفْضَلِ وَلَا شَيْءَ عَلَيْهِ **فَصْلٌ** وَاَمَّا
الْعُمْرَةُ فَاَرْكَانُهَا ثَلٰثَةٌ اَلْاِحْرَامُ وَالطَّوَافُ بِالْبَيْتِ وَالسَّعْيُ
بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَوَاجِبَاتُهَا الْحَلَاقُ فَحَسْبُ وَسُنَنُهَا
الْغُسْلُ عِنْدَ الْاِحْرَامِ وَالْاَدْعِيَةُ وَالْاَذْكَارُ الْمَشْرُوْعَةُ
فِي الطَّوَافِ وَالسَّعْيِ وَقَدْ بَيَّنَّا الْحُكْمَ فِيْ تَرْكِهَا فِي الْحَجِّ ❊

فَصْلٌ فَاِذَا مَنَّ اللّٰهُ تَعَالٰى بِالْعَافِيَةِ وَقَدِمَ الْمَدِيْنَةَ
فَالْمُسْتَحَبُّ لَهٗ اَنْ يَّاْتِيَ مَسْجِدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
فَلْيَقُلْ عِنْدَ دُخُوْلِهِ الْمَسْجِدَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّافْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَكُفَّ عَنِّيْ اَبْوَابَ
نَقْمَتِكَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ثُمَّ يَاْتِي الْقَبْرَ وَلْيَكُنْ بِحِذَائِهٖ
بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْقِبْلَةِ وَيَجْعَلُ جِدَارَ الْقِبْلَةِ خَلْفَ ظَهْرِهٖ وَالْقَبْرَ
اَمَامَهٗ تِلْقَاءَ وَجْهِهٖ وَالْمِنْبَرَ عَنْ يَّسَارِهٖ وَلْيَقُمْ مِمَّا يَلِي الْمِنْبَرَ وَ
لْيَقُلْ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ اٰتِ سَيِّدَنَا مُحَمَّدَ نِ الْوَسِيْلَةَ
وَالْفَضِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ وَالْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الَّذِيْ وَعَدْتَّهٗ
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِي الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ عَلٰى جَسَدِهٖ فِي
الْاَجْسَادِ كَمَا بَلَّغَ رِسَالَتَكَ وَتَلَا اٰيٰتِكَ وَصَدَعَ بِاَمْرِكَ
وَجَاهَدَ فِيْ سَبِيْلِكَ وَاَمَرَ بِطَاعَتِكَ وَنَهٰى عَنْ مَّعْصِيَتِكَ
وَعَادٰى عَدُوَّكَ وَوَالٰى وَلِيَّكَ وَعَبَدَكَ حَتّٰى اَتَاهُ الْيَقِيْنُ
اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ قُلْتَ فِيْ كِتَابِكَ لِنَبِيِّكَ وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ

اور عرفات مین کہڑا ہونے کیلیے اور مزدلفہ مین رات گذارنے کیلیے اور منا کے دنون
مین کنکر چلانے کیلیے اور طواف زیارت کیلیے اور طواف وداع کے لیے نہانا ہے اور دوسرا
طواف قدوم ہے اور تیسرا اکڑکر چلنا اور چوتہا طواف مین چادر کو بغل کے نیچے سے نکالکر
کاندہے پر ڈالنا اور دوڑنا اور دونون کنون کا چہونا اور بوسہ لینا اور صفا اور
مروہ پر چڑہنا اور منا مین تین رات کاٹنا اور مشعر الحرام پر کہڑا ہونا اور تینون
جمرون کے پاس اور خطبون اور ذکرون کے وقت کہڑا ہونا اور تیز دوڑنے کی جگہون
مین تیز دوڑنا اور چلنے کی جگہون مین چلنا اور طواف کی دو رکعتین سو اگر
ان سب چیزون کو ترک کرے یا ایک کو ان مین سے تو افضل کو ترک کرنے والا ہوگا
اور اسپر کوئی چیز نہین **فصل** اور لیکن عمرہ تو اسکے رکن تین ہین احرام اور
بیت اللہ کا طواف کرنا اور صفا اور مروہ کے درمیان دوڑنا۔ اور اسکے
واجب صرف سر منڈانا ہے۔ اور اسکی سنتین احرام کے وقت غسل کرنا
اور دعائین اور ذکر مشروع طواف مین اور دوڑنا۔ اور ہم حج کے
باب مین ان سنتون کے ترک کے بارے مین حکم بیان کر چکے ہین

فصل سو جب اللہ تعالی نے عافیت کا احسان کیا اور مدینہ کو آیا تو اسکے لیے
مستحب ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد کو آوے تو مسجد مین داخل ہونیکے
وقت کہے یا اللہ ہمارے سردار محمد صلعم پر اور ہمارے سردار محمد صلعم کی آل پر درود بہیج اور میرے لیے
اپنی رحمت کے دروازے کہولدے اور اپنے عذاب کے دروازے مجہہ سے بند رکہہ سب تعریف
اللہ کے لیے ہے جو پروردگار جہانونکا ہے پہر رسول اللہ کی قبر کو آوے اور چاہیے کہ درمیان
اسکے اور درمیان قبلہ کے اور قبلہ کی دیوار کو اپنی پیٹہ کے پیچھے کرے اور قبر کو اپنے آگے
اپنے منہ کے سامنے اور منبر کو اپنے بائین کرے اور چاہیے کہ متصل منبر کے کہڑا ہو اور
کہے اے نبی تجہپر سلام ہو اور اللہ کی رحمت اور برکتین یا اللہ محمد صلعم پر اور محمد
کی آل پر رحمت بہیج جیسے تونے ابراہیم علیہ السلام پر رحمت بہیجی بے شک تو سراہا گیا
بزرگ ہے یا اللہ ہمارے سردار محمد صلعم کو وسیلہ اور بزرگی اور درجہ بلند اور
مقام محمود جسکا تونے ان سے وعدہ فرمایا عنایت کر یا اللہ محمد صلعم کے
روح پر روحون مین رحمت بہیج اور انکے جسم پر رحمت بہیج جسمون مین جیسے
انہون نے تیرے پیغامون کو پہونچایا اور تیری آیتون کو پڑہا اور تیرے حکم سے حق کو بآواز بلند
بیان کیا اور تیرے رستے مین جہاد کیا اور تیری طاعت کا حکم کیا اور تیری
نافرمانی سے منع کیا اور تیرے دشمنون سے عداوت کی اور تیرے دوستون سے دوستی کی اور تیری
عبادت کی یہانتک کہ آپکو موت آگئی یا اللہ تونے اپنی کتاب مین اپنے نبی کو کہا ہے اور تحقیق وہ جب

ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآؤُكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ
لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا وَاِنِّیْ اَتَیْتُ نَبِیَّكَ تَآئِبًا مِّنْ
ذُنُوْبِیْ مُسْتَغْفِرًا فَاَسْئَلُكَ اَنْ تُوْجِبَ لِیَ الْمَغْفِرَةَ كَمَآ
اَوْجَبْتَهَا لِمَنْ اَتَاهُ فِیْ حَالِ حَیٰوتِهٖ فَاَقَرَّ عِنْدَهٗ بِذُنُوْبِهٖ فَدَعَا
لَهٗ نَبِیُّهٗ فَغَفَرْتَ لَهٗ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَتَوَجَّهُ اِلَیْكَ بِنَبِیِّكَ عَلَیْهِ
سَلَامُكَ نَبِیِّ الرَّحْمَةِ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْٓ اَتَوَجَّهُ بِكَ اِلٰی
رَبِّیْ لِیَغْفِرَ لِیْ ذُنُوْبِیْ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِحَقِّهٖ اَنْ تَغْفِرَ
لِیْ وَتَرْحَمَنِیْ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ مُحَمَّدًا اَوَّلَ الشَّافِعِیْنَ وَ
اَنْجَحَ السَّآئِلِیْنَ وَاَكْرَمَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ اَللّٰهُمَّ كَمَآ اٰمَنَّا
بِهٖ وَلَمْ نَرَهُ وَصَدَّقْنَاهُ وَلَمْ نَلْقَهُ فَاَدْخِلْنَا مُدْخَلَهٗ وَاحْشُرْنَا
فِیْ زُمْرَتِهٖ وَاَوْرِدْنَا حَوْضَهٗ وَاسْقِنَا بِكَاْسِهٖ مَشْرَبًا رَّوِیًّا
سَآئِغًا هَنِیْٓئًا لَّا نَظْمَاُ بَعْدَهٗٓ اَبَدًا غَیْرَ خَزَایَا وَّلَا نَاكِثِیْنَ
وَلَا مَارِقِیْنَ وَلَا جَاحِدِیْنَ وَلَا مُرْتَابِیْنَ وَلَا مَغْضُوْبًا
عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ وَاجْعَلْنَا مِنْ اَهْلِ شَفَاعَتِهٖ ثُمَّ یَتَقَدَّمُ
عَنْ یَّمِیْنِهٖ ثُمَّ لِیَقُلِ السَّلَامُ عَلَیْكُمَا یَا صَاحِبَیْ رَسُوْلِ اللّٰهِ
صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ
یَا اَبَا بَكْرِ نِ الصِّدِّیْقُ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا عُمَرُ الْفَارُوْقُ
اَللّٰهُمَّ اجْزِهِمَا عَنْ نَّبِیِّهِمَا وَعَنِ الْاِسْلَامِ خَیْرًا وَّاغْفِرْ لَنَا
وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِیْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِیْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِیْ قُلُوْبِنَا
غِلًّا لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَؤُوْفٌ رَّحِیْمٌ ثُمَّ یُصَلِّیْ
رَكْعَتَیْنِ وَیَجْلِسُ وَیُسْتَحَبُّ اَنْ یُّصَلِّیَ بَیْنَ الْقَبْرِ وَالْمِنْبَرِ فِی
الرَّوْضَةِ وَاِنْ اَحَبَّ اَنْ یَّتَمَسَّحَ بِالْمِنْبَرِ تَبَرُّكًا بِهٖ وَالصَّلٰوةَ
بِمَسْجِدِ قُبَآءٍ وَاَنْ یَّاْتِیَ قُبُوْرَ الشُّهَدَآءِ وَالزِّیَارَةَ لَهُمْ نَعَلَ
ذٰلِكَ وَاَكْثَرَ الدُّعَآءَ هُنَالِكَ ثُمَّ اِذَآ اَرَادَ الْخُرُوْجَ مِنَ الْمَدِیْنَةِ
اَتٰی مَسْجِدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَتَقَدَّمَ اِلَی
الْقَبْرِ وَسَلَّمَ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَ
نَعَلَ كَمَا فَعَلَ اَوَّلًا وَّوَدَّعَهٗ وَعَلٰی صَاحِبَیْهِ كَذٰلِكَ ثُمَّ قَالَ
اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْ اٰخِرَ الْعَهْدِ مِنِّیْ بِزِیَارَةِ قَبْرِ نَبِیِّكَ وَاِذَا
تَوَفَّیْتَنِیْ فَتَوَفَّنِیْ عَلٰی مَحَبَّتِهٖ وَسُنَّتِهٖ اٰمِیْنَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

اُنہون نے ظلم کیا تہا تیرے پاس آتے پہن بخشش مانگتے اللہ سے اور بخشش مانگتا انکے
لیے رسول تو البتہ اللہ کو توبہ قبول کرنے والا رحم کرنیوالا پاتے اور مین تیرے نبی کے پاس گناہون
سے توبہ کرتا ہوا بخشش مانگتا ہوا آیا ہون پس مین تجہہ سے یہ مانگتا ہون کہ تو میرے
لیے بخشش کو ثابت کرے جیسا کہ تونے اُس بخشش کو اُس شخص کے لیے ثابت کیا
جو اُنکے پاس انکی زندگی مین آیا اور آپکے پاس اُسنے اپنے گناہون کا اقرار کیا
تو اسکے نبی نے اُسکے لیے دعا کی پس تو نے اسکو بخشدیا یا اللہ مین تیری طرف
بوسیلہ نبی تیرے کے متوجہ ہوا اُنپر تیرا سلام ہو جو نبی الرحمۃ ہین اے اللہ کے
رسول مین اپنے رب کی طرف تیرے وسیلہ سے متوجہ ہوتا ہون تاکہ میرے گناہ معاف کرے یا اللہ مین تجہہ سے
اسکے حق کے سبب سوال کرتا ہون کہ تو مجہکو بخشے اور مجہپر رحم کرے محمد کو شفاعت کرنیوالون مین سے
پہلا شفاعت کرنیوالا اور سوال کرنیوالون مین سے مقصود کو پہونچنے والا اور پہلون اور پچہلون
کا بزرگ کردے یا اللہ جیسے ہم اُنکے ساتہہ ایمان لائے ہین اور ہمنے انکو دیکہا نہین اور ہمنے انکی
تصدیق کی اور انکی ملاقات نہین کی پس ہمکو اُنکے داخل ہونیکی جگہہ مین داخل کردے
اور ہمکو اُنکے گروہ مین اٹہا اور ہمکو اُنکے حوض پر وارد کرا اور اُنکے پیالے مین پلا پانی سیر کرنیوالا
جلد گذرنیوالا خوشگوار کہ ہم اُسکے پیچہے کبہی پیاسے ہون نہ خوار ہون اور نہ عہد توڑنیوالے اور نہ دین اسلام
سے نکل جانیوالے اور نہ انکار کرنیوالے اور نہ شک کرنیوالے اور نہ غضب کیے گئے اور نہ گمراہ اور ہمکو انکی شفاعت
والون سے کردے پہر اپنی داہنی جانب سرک گئے ہو پہر چاہیے کہ کہے تم دونوپر سلام ہو اے رسول اللہ صلے
اللہ علیہ وسلم کے دو صاحبو اور اللہ کی رحمت اور اُسکی برکت سلام ہو تجہپر اے ابو بکر
صدیق اور سلام ہو تجہپر اے عمر فرق کرنیوالے یا اللہ دونونکو اُنکے نبی سے اور اسلام سے
بہتر جزا دے اور ہمکو اور ہمارے بہائیون کو جو ہم سے آگے ایمان کے ساتہ گذر چکے ہین بخشدے
اور ہمارے دل مین اُن لوگون کے لیے کینہ نہ کر جو ایمان لائے اور ہمارے پروردگار بیشک تو
مہربان رحم کرنیوالا ہے پہر دو رکعت نماز پڑہے اور بیٹہے اور مستحب ہے کہ روضہ مین بیان
قبر اور منبر کے نماز پڑہے اور اگر تبرک حاصل کرنے کو لیے منبر کے ساتہ مسح کرنیکو اور مسجد
قبا مین نماز ادا کرنے کو اور شہیدون کی قبرون کو آنے کو اور انکی زیارت کرنے کو
دوست رکہے تو اُسکو کرے اور اس جگہہ مین بہت دعا مانگے پہر جب مدینہ سے نکلنے کا ارادہ
کرے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد کو آئے اور قبر کی طرف آگے ہو اور رسول اللہ صلے اللہ
علیہ وسلم پر سلام کہے اور کرے جسطرح پہلے کیا تہا اور آپ سے وداع کرے اور
آپکے دونون یارون پر بہی (اسی طرح سلام کرکے وداع) کرے پہر کہے یا
اللہ اپنے نبی کی قبر کی زیارت کی یہ میری آخری ملاقات کریو اور جب تو مجہکو فوت کرے
تو مجہکو انکی محبت اور سنت پر فوت کرنا قبول کر اے رحم کرنیوالونکے بہت رحم کرنیوالے میری دعا قبول فرما

كتاب الأدب فصل

الابتداء بالسلام سنة ورده آكد من ابتدائه وهو مخير في صفته إما أن يدخل الألف واللام فيقول السلام عليكم ورحمة الله وبركاته أو يحذفهما فيقول سلام عليكم ورحمة الله وبركاته ولا يزيد على ذلك وقد روي في ذلك حديث وهو ما روي عن عمران بن الحصين رضي الله تعالى عنهما أنه قال جاء رجل أعرابي إلى النبي صلى الله عليه وسلم فقال السلام عليكم فرد عليه ثم جلس فقال النبي صلى الله عليه وسلم عشر ثم جاء آخر فقال السلام عليكم ورحمة الله وبركاته فرد عليه فجلس فقال النبي صلى الله عليه وسلم ثلاثون أي ثلاثون حسنة والسنة أن يسلم الماشي على الجالس والراكب على الماشي والجالس وسلام الواحد من الجماعة على غيرهم يجزئ وكذلك رد الواحد من الجماعة يجزئ عنهم ولا يجوز البداءة بالسلام على المشرك فإن بدأ المشرك رد عليه بأن يقول وعليك وأما رده على المسلم بأن يقول وعليكم السلام كما قال فإن زاد على قوله وبركاته كان أولى وإن قال مسلم لمسلم سلام لم يجبه ويعرفه أنه ليس بتحية الإسلام لأنه ليس بكلام تام ويستحب للنساء السلام بعضهن على بعض وأما سلام الرجل على المرأة الشابة فمكروه وإن كانت برزة فلا حرج وأما السلام على الصبيان فمستحب لأن فيه تعليم الأدب لهم وكذلك يستحب لمن قام من المجلس أن يسلم على أهله وكذلك يسلم عليهم إذا عاد إليهم وكذلك إن حال بينه وبينهم حائل مثل الباب والحائط وكذلك إذا سلم على رجل ثم التقاه ثانيا سلم عليه ولا يسلم على المتلبسين بالمعاصي كمن يجتاز على قوم يلعبون بالشطرنج والنرد ويشربون الخمر ويلعبون بالجوز والقمار وإن سلموا عليه يرد عليهم إلا أن يغلب على ظنه انزجارهم

آداب کے بیان کرنے کی کتاب فصل

سلام کو ساتھ شروع کرنا سنت ہی اور اُسکا جواب دینا اُسکے شروع سے زیادہ تاکید والا ہی اور وہ اُسکی صفت مین اختیار دیا گیا ہی یا تو الف اور لام کو داخل کرے پس کہے تم پر سلامتی ہو اور اُسکی رحمت اور اُسکی برکتین یا اُن کو حذف کردے پس کہے تم پر سلامتی ہو اور اللہ کی رحمت اور اُسکی برکتین اور اُس پر زیادہ نہ کرے اور اُس مین ایک حدیث مروی ہے اور وہ وہ ہے جو عمران بن حصین رضی اللہ تعالے عنہما سے مروی ہے کہ اُس نے کہا ایک جنگلی آدمی نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہا السلام علیکم پس آپ نے اُسکا جواب دیا پھر وہ شخص بیٹھ گیا پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دس نیکیاں ہین پھر دوسرا آدمی آیا اور کہا سلامتی ہو تم پر اور اللہ کی رحمت اور اُسکی برکتین پس آپ نے اُسکا جواب دیا پھر وہ بیٹھ گیا پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تیس یعنے تیس نیکیاں ہین اور سنت یہ ہے کہ چلنے والا بیٹھے والے کو سلام کہے اور سوار چلنے والے اور بیٹھنے والے کو اور جماعت مین سے صرف ایک کا سلام اُس جماعت کے غیر پر دینا کافی ہوتا ہی اور ایسے ہی جماعت کی طرف سے ایک کا جواب دینا اُن سب سے کفایت کرتا ہے اور مشرک پر سلام دینے مین ابتدا کرنا درست نہین پس اگر مشرک نے ابتدا کی تو اُسپر اسطرح جواب دے کہ کہے اور تجھ پر اور لیکن مسلمان کو جواب اسطرح کہے اور تجھپر سلامتی ہو جیسے اُسنے کہا اور اگر اُسکے کہنے پر وبرکاتہ زیادہ کرے تو بہت بہتر ہوگا اور اگر مسلمان مسلمان کو صرف سلام کہے تو اُسکا جواب نہ دے اور اُسکو جتلا دے کہ وہ اسلام کا تحفہ نہین اور عورتون کے لیے بعض کا بعض پر سلام کہنا مستحب ہے اور لیکن مرد کا جوان عورت کو سلام کہنا مکروہ ہے اور اگر عورت کہلے منہ باہر پھرنیوالی ہو تو کوئی حرج نہین اور لیکن لڑکون کو سلام کہنا یہ مستحب ہے کیونکہ اُسمین اُنکو ادب کا سکھانا ہے اور ایسے ہی اُس شخص کے لیے جو مجلس سے کہڑا ہو مستحب ہے کہ اہل مجلس پر سلام کہے اور اسیطرح اُنپر سلام کہے جب اُنکی طرف لوٹے اور اسیطرح اگر درمیان اُسکے اور اُنکے کچھ آڑ ہوجاوے مثل دروازہ اور دیوار کی اور ایسے ہی جب ایک پر سلام کہے پھر اُسکو دوبارہ ملے تو اُسپر سلام کہے اور اُن لوگون پر سلام نہ کہے جو گناہون مین مشغول ہین مانند اُس شخص کی جو ایسی قوم پر گذرا جو شطرنج اور نرد کے ساتھ کھیل رہے ہون اور شراب پی رہے ہون۔ اور اخروٹ اور جوئے کے ساتھ کھیل رہے ہون۔ اور اگر وہ اُسپر سلام کہین تو جواب دے البتہ اس صورت مین جواب دے کہ جب اُسکو اس امر کا ظن غالب ہو کہ اگر اُنپر مین جواب نہ دونگا تو وہ

عن معاصيهم بترك الرد عليهم فاذا لا يرد ولا يهجر
المسلم اخاه فوق الثلاث الا ان يكون من اهل البدع
والضلال والمعاصي فتستحب استدامة الهجرة لهم و
بالسلام يتخلص من اثم الهجرة للمسلم ويستحب للمسلم
المصافحة لاخيه المسلم ولا ينزع يده حتى ينزع
الآخر يده اذا كان هو المبتدئ وان تعانقا وقبل
احدهما راس الآخر ويده على وجه التبرك والتدين جاز
واما تقبيل الفم فمكروه

فصل

ويستحب القيام
للامام العادل والوالدين واهل الدين والورع واكرم
الناس واصل ذلك ما روي ان رسول الله صلى الله
عليه وسلم ارسل الى سعد رضي الله عنه في شان اهل
قريظة فجاء على حمار اقمر فقال رسول الله صلى الله عليه
وسلم قوموا الى سيدكم وقد روت عائشة رضي الله
عنها انها قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا
دخل على فاطمة رضي الله تعالى عنها قامت اليه فاخذت
بيده وقبلته واجلسته في مجلسها واذا دخلت على
النبي صلى الله عليه وسلم قام اليها واخذ بيدها
وقبلها واجلسها في مجلسه وقد روي عنه صلى
الله عليه وسلم انه قال اذا جاءكم كريم قوم فاكرموه
ولان ذلك يغرس المحبة والود في القلوب فيستحب لاهل
الخير والصلاح كالمهاداة لهم ويكره لاهل المعاصي
والفجور ومن الادب ان يخمر العاطس وجهه ويخفض
صوته ويحمد الله عز وجل الى قوله رب العلمين
رافعا بها صوته لانه روي في بعض الاخبار عن النبي صلى
الله عليه وسلم انه قال ان العبد اذا قال الحمد لله
قال الملك رب العلمين واذا قال رب العلمين بعد
الحمد قال الملك يرحمك ربك ولا يلتفت يمينا و
يسارا فاذا قال ذلك استحب لمن سمعه ان يشمته
بان يقول له يرحمك الله ويرد عليه فيقول يهديكم

اپنی گناہوں سے ہٹ جاوینگے پس اُس وقت انکو جواب نہ دے اور مسلمان اپنی بہائی
مسلمان سے تین دن سے زیادہ ترک کلام نہ کرے مگر جب اہل بدعت اور گمراہی اور معاصی
مین سے ہوں تو اُنسے ہمیشہ جدا رہنا مستحب ہے اور سلام کہنے سے مسلمان کی جدائی کے
گناہ سے خلاص ہو جاتا ہے اور مسلمان کو اپنے بہائی مسلمان سے مصافحہ کرنا مستحب ہے
اور اپنے ہاتہ کو نہ نکالے یہان تک کہ دوسرا اپنے ہاتہ کو نکالے جبکہ شروع کرنیوالا
ہو اور اگر دونو معانقہ کرین اور ایک دوسرے کا سر اور ہاتہ بوجہ تبرک حاصل کرنے کو اور دیانت
کے طور پر چومین تو جائز ہے۔ اور لیکن منہ کا چومنا پس یہہ مکروہ ہے

فصل

اور بادشاہ عادل اور مان باپ اور صاحب دین اور پرہیزگار اور
بزرگ ترین مردم کے لیے کہڑا ہونا مستحب ہے اور اصل اسکی وہ چیز ہے جو
مروی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کسی کو سعد رضی اللہ عنہ کیطرف
قریظہ والون کے حق مین بہیجا۔ پس وہ سفید گدہے پر آیا پس رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم اپنے سردار کی طرف کہڑے ہو۔ اور تحقیق
عائشہ رضی اللہ عنہا نے روایت کیا کہ انہون نے کہا رسول اللہ صلے
اللہ علیہ وسلم جب فاطمہ رضے اللہ تعالے عنہا پر داخل ہوتے تہے تو
وہ کہڑی ہو جاتین اور آپکا ہاتہ پکڑتین اور اُنکو چومتین اور اُن کو
اپنے بیٹھنے کی جگہ مین بٹہاتین اور جب وہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم پر
داخل ہوتین تو آپ اُن کی طرف کہڑے ہو جاتے اور اُن کا ہاتہ پکڑتے
اور انکو چومتے اور انکو اپنی بیٹھنے کی جگہ مین بٹہاتے اور تحقیق آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم سے مروی ہے کہ آپنے فرمایا جب تمہارے پاس کسی قوم کا بزرگ آوے تو اسکی عزت
کرو اور اس سبب سے کہ یہ محبت اور دوستی کو دلون مین پیدا کرتا ہے پس خیر و صلاحیت
والونکے لیے مستحب ہے مثل تحفہ دینے کی انکو اور گنہگارونکے لیے کہڑا ہونا مکروہ ہے اور
ادب یہ بات ہے کہ چھینکنے والا اپنے منہ کو ڈہانپے اور اپنی آواز کو پست کرے اور اللہ
عزوجل کی حمد کرے اللہ تعالے کے قول رب العالمین تک اپنی آواز اسکے ساتہ
اونچا کرنیوالا ہو کیونکہ بعض اخبار مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ آپنے
فرمایا بے شک بندہ جب کہتا ہے سب تعریف اللہ کو ہے فرشتہ کہتا ہے پالنے
والے جہانون کے پس جب بندہ حمد کے بعد رب العلمین کہتا ہے تو فرشتہ
کہتا ہے تجھپر تیرا رب رحم کرے اور دائین بائین نظر نہ کرے پس جب وہ یہ
کہے تو اس شخص کے لیے جو اسکو سُنے مستحب ہے کہ اسکو چھینک کا اسطرح جواب دے
کہ کہے تجھپر اللہ رحم کرے اور چھینکنے والا اسکو جواب دے پس کہے تم کو اللہ ہدایت کرے

اللهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ وَإِنْ قَالَ يَغْفِرُ اللهُ لَكُمْ جَازَ عَنِ الْاَوَّلِ فَإِنْ زَادَ الْعَاطِسُ عَلٰى ثَلٰثِ مَرَّاتٍ سَقَطَ التَّشْمِيْتُ لِاَنَّ ذٰلِكَ رِيْحٌ وَّزُكَامٌ كَذَا جَاءَ فِي الْاَثَرِ وَهِيَ مَا رُوِيَ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُ اَنَّهُ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُشَمَّتُ الْعَاطِسُ ثَلٰثًا فَاِنْ زَادَ عَلٰى ذٰلِكَ فَهُوَ مَزْكُوْمٌ وَّ اِذَا تَثَاءَبَ اَحَدُكُمْ غَطّٰى فَمَهٗ بِيَدِهٖ اَوْ بِكُمِّهٖ قَالَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا تَثَاءَبَ اَحَدُكُمْ فَلْيُمْسِكْ عَلٰى فَمِهٖ فَاِنَّ الشَّيْطَانَ يَدْخُلُ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللهَ تَعَالٰى يُحِبُّ الْعُطَاسَ وَيَكْرَهُ التَّثَاؤُبَ فَاِذَا تَثَاءَبَ اَحَدُكُمْ فَلْيَرُدَّهٗ مَا اسْتَطَاعَ وَلَا يَقُوْلُ هَاهْ هَاهْ فَاِنَّ ذٰلِكَ مِنَ الشَّيْطَانِ يَضْحَكُ مِنْهُ وَيَجُوْزُ لِلرَّجُلِ تَشْمِيْتُ الْمَرْاَةِ الْبَرْزَةِ الْعَجُوْزَةِ وَيُكْرَهُ لِلشَّابَّةِ الْخَفِرَةِ فَاَمَّا الصَّبِيُّ فَتَشْمِيْتُهٗ اَنْ يُقَالَ لَهٗ بُوْرِكَ فِيْكَ اَوْ جَزَاكَ اللهُ تَعَالٰى اَوْ خَيَّرَكَ اللهُ تَعَالٰى

فَصْلٌ فِي الْعَشْرِ الْخِصَالِ الَّتِيْ فِي الْفِطْرَةِ خَمْسٌ مِّنْهَا فِي الرَّاْسِ وَخَمْسَةٌ فِي الْجَسَدِ فَالَّتِيْ فِي الرَّاْسِ الْمَضْمَضَةُ وَالْاِسْتِنْشَاقُ وَالسِّوَاكُ وَقَصُّ الشَّارِبِ وَ اِعْفَاءُ اللِّحْيَةِ وَالَّتِيْ فِي الْجَسَدِ حَلْقُ الْعَانَةِ وَنَتْفُ الْاِبْطِ وَتَقْلِيْمُ الْاَظْفَارِ وَالْاِسْتِنْجَاءُ بِالْمَاءِ وَالْخِتَانُ وَالْاَصْلُ فِيْ قَصِّ الشَّارِبِ مَا رُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا اَنَّهُ قَالَ اَحْفُوا الشَّارِبَ وَاَعْفُوا اللِّحْيَةَ وَفِيْ حَدِيْثِ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُ قُصُّوا الشَّارِبَ وَاَعْفُوا اللُّحٰى وَكِلَا اللَّفْظَيْنِ وَاحِدٌ وَمَعْنَاهُمَا قَصُّهٗ مِنْ اُصُوْلِ الشَّعْرِ بِالْمِقْرَاضِ وَاسْتِيْصَالُهٗ بِهٖ وَلَمَّا حَلْقُهٗ بِالْمُوْسٰى فَمَكْرُوْهٌ لِمَا رَوٰى عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا اَنَّهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ مِنَّا مَنْ حَلَقَ الشَّارِبَ وَلِاَنَّ فِيْ ذٰلِكَ مُثْلَةً وَّذَهَابًا لِمَاءِ الْوَجْهِ وَجَمَالِهٖ وَفِيْ بَقَاءِ اُصُوْلِ الشَّعْرِ زِيْنَةٌ وَّجَمَالٌ وَقَدْ رُوِيَ عَنِ الصَّحَابَةِ رَضِيَ اللهُ

اور تمہارا حال نیک کرو اور اگر کہے کہ اللہ تمکو بخشے تو پہلے کلمہ سے جائز ہے پس اگر چھینکنے والے نے تین بار پر زیادتی کی تو جواب دینا ساقط ہو جاتا ہی کیونکہ یہ ہوا اور زکام ہی ایسا ہی حدیث مین آیا ہی اور وہ وہ ہی جو سلمہ بن الاکوع رضی اللہ عنہ سے مروی ہی کہ کہا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چھینکنے والیکو تین دفعہ جواب دیا جاوے پس اگر اسپر زیادہ کرے تو وہ زکام والا ہی اور جب کوئی تم مین سے جمائی لے تو اپنے منہ کو اپنے ہاتھ سے یا اپنی آستین سے ڈھانپے فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کوئی تم مین سے جمائی لے تو اپنے منہ کو بند کرے کیونکہ شیطان منہ مین داخل ہو جاتا ہی اور ابوہریرہ رضی اللہ تعالے عنہ سے مروی ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیشک اللہ تعالی چھینک کو دوست رکھتا ہی اور جمائی کو ناخوش رکھتا ہی پس جب کوئی تم مین سے جمائی لے پس چاہیے کہ اسکو بند کرے جہانتک طاقت رکھے اور ہا ہا نہ کہے کیونکہ شیطان سے ہے وہ اس سے ہنستا ہی اور مرد کو جائز ہے کہ بوڑھی عورت کھلے منہ والی کو چھینک کا جواب دیوے اور جوان عورت منہ کو ڈھانکنے والی کو مرد کا جواب دینا مکروہ ہی لیکن لڑکا تو اسکا جواب یہ ہے کہ کہا جاوے تجھ مین برکت ہووے یا اللہ تعالی تجھکو بدلہ دیوے یا اللہ تعالی تجھکو برگزیدہ کرے

فصل ان دس خصلتوں کے بیان مین جو پیدایش مین ہین ان مین سے پانچ سر مین ہین اور پانچ جسم مین پس وہ جو سر مین ہے وہ کلی کرنا اور ناک مین پانی ڈالنا اور مسواک کرنا اور مونچھون کا کترنا اور داڑھی کا چھوڑنا ہے اور وہ جو جسم مین ہین شرمگاہ کے بالون کا مونڈنا اور بغلین اکھاڑنا اور ناخون کا کاٹنا اور پانی کے ساتھ استنجا کرنا اور ختنہ کرنا ہے اور مونچھون کے کترانے کی دلیل وہ چیز ہے جو ابن عمر رضی اللہ عنہما نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا ہی آپنے فرمایا مونچھون کو کٹاؤ اور داڑھی کو چھوڑ دو اور ابوہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ کی حدیث مین ہی مونچھون کو کٹاؤ اور داڑھیون کو چھوڑ دو اور دونون کے لفظ ایک ہین اور دونون کا معنے بالون کی جڑ سے قینچی کے ساتھ اسے کاٹنا ہے اور اسکے ساتھ جڑ سے اکھاڑ دینا ہے ولیکن اسکا استرے سے مونڈنا سو وہ مکروہ ہی بسبب اس چیز کے جو عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالے عنہما نے روایت کیا کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے اپنی مونچھون کو منڈوایا وہ ہم مین سے نہین ہے اور اسلیے کہ اسمین مثلہ ہے اور منہ کی آبرو اور اسکے جمال کا چلا جانا ہے اور بالون کی جڑ ہین باقی رکھنے مین زینت اور خوب صورتی ہے اور صحابہ رضی اللہ عنہم سے یہی مروی ہے

عنهم انهم كانوا يجزون شواربهم واما اعفاء اللحية وهو توفيرها وتكثيرها ومنه قوله تعالى حتى عفوا اى كثروا وقد روى ان اباهريرة رضى الله تعالى عنه كان يقبض على لحيته فما فضل عن لحيته جزه وكان عمر رضى الله تعالى عنه يقول خذوا ما تحت القبضة

فصل

والاصل فى حلق العانة ونتف الابط وتقليم الاظفار ما روى عن انس بن مالك رضى الله تعالى عنه انه قال وقت لنا رسول الله صلى الله عليه وسلم اربعين ليلة لا نجاوزها فى قص الشارب وقص الاظفار ونتف الابط وحلق العانة قال بعض اصحابنا هذا فى حق المسافر واما المقيم فلا يستحب له ان تزيد ذلك على عشرين يوما واختلفت الرواية عن الامام احمد فى تصحيح هذا الحديث فروى عنه انكاره وروى عنه الاحتجاج به فى التوقيت بهذا المقدار فاذا ثبت استحباب ذلك فهو مخير بين التنوير بالنورة وبين حلقه بالموسى فقد روى عن الامام احمد رضى الله تعالى عنه انه كان يتنور وكذلك روى منصور بن حبيب بن ابى ثابت رضى الله تعالى عنه عن النبى صلى الله عليه وسلم انه طلى له ابو بكر رضى الله تعالى عنه وتولى عانته بيده وروى عن انس رضى الله تعالى عنه بخلافه فقال لم يتنور رسول الله صلى الله عليه وسلم قط وكان اذا كثر عليه الشعر حلقه فاذا ثبت هذا فيجوز ان يتولى ذلك غيره اذا لم يحسن هو فى ما سوى العانة من الفخذ والساق فاذا بلغ العانة نورها هو بنفسه والاصل فى ذلك ما روى عن ام سلمة رضى الله تعالى عنها ان النبى صلى الله عليه وسلم كان اذا بلغ عانته نورها بنفسه وفى بعض الالفاظ اذا بلغ مراقه واخذ احمد بن حنبل رضى الله عنه بهذا قال ابو العباس النسائى نورنا ابا عبد الله فلما بلغ عانته نورها بنفسه فاذا ثبت هذا وانه يجوز ان يتولى اهله

کہ وہ اپنی موچھون کو کاٹتے تہے و لیکن ڈارہی کا چہوڑنا تو وہ اُسکا وافر کرنا او زیادہ کرنا ہے اور اسی سے ہے اللہ تعالی کا قول یہانتک کہ بڑہ گئے اور تحقیق روایت کیا گیا ہے کہ ابوہریرہ رضی اللہ تعالے عنہ مٹھی سے اپنی ڈارہی کو پکڑتے تہے پس جو مٹھی سے بڑہ جاتی اُسکو کاٹ دیتے اور عمر رضی اللہ تعالے عنہ کہتے تہے اُس چیز کو پکڑو جو مٹھی سے نیچے ہے (یعنے کاٹو)

فصل

اور شرمگاہ کے بال مونڈنے اور بغلون کے کہاڑنے اور ناخونکے کاٹنے مین وہ چیز دلیل ہے جو انس بن مالک رضی اللہ تعالی عنہ سے مروی ہے کہ انہون نے فرمایا ہمارے لیے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے چالیس راتین وقت مقرر کر دیا ہم چالیس راتون سے موچہین اور ناخون کتانے اور بغلون کے اکہاڑنے اور شرمگاہ کے بال مونڈنے مین تجاوز نہ کرین ہمارے بعضے یارون نے کہا ہے کہ یہ مسافر کے حق مین ہے اور لیکن مقیم پس اسکو مستحب ہے کہ بیس دن پر زیادہ نہ کرے اور امام احمد رح سے اس حدیث کی تصحیح مین مختلف روایتے آئے ہیں پس اُنسے اس حدیث کا انکار مروی ہے اور مقدار کے ساتہ وقت مقرر کرنے مین اس حدیث سے دلیل پکڑنا اُنسے مروی ہے جب اسکا مستحب ہونا ثابت ہوگیا تو چونہ لگاکر بال اڑا دینے اور استرہ سے مونڈ دینے مین اختیار ہے (جو کرے جائز ہے) پس تحقیق امام احمد رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ وہ چونہ لگاتے تہے اور اسیطرح منصور بن حبیب بن ثابت رضی اللہ تعالی عنہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی روایت کیا کہ تحقیق حضرت کو ابوبکر رضہ نے طلا لگایا اور اپنی شرمگاہ کے آپ اپنے ہاتہ سے متولی ہوئے اور انس رضی اللہ تعالے عنہ سے اسکے خلاف روایت کیا گیا ہے پس کہا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ہرگز چونہ نہین لگایا اور جب آپکے بال زیادہ ہو جاتے تہے تو مونڈ لیتے تہے پس جبکہ ثابت ہوا تو اس کام پر دوسرے آدمی کا متولی ہونا بہی جائز ہے جب وہ خود اچہی طرح نہ جانتا ہو اُن اعضاؤن مین جو علاوہ شرمگاہ کے ہون جیسے ران اور پنڈلی پس جب شرمگاہ کو پہونچے تو وہ اُسکا خود متولی ہو اور اسمین وہ چیز دلیل ہے جو ام سلمہ رضی اللہ تعالے عنہا سے مروی ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم جب اپنی شرمگاہ کو پہونچتے تو خود اُسکو چونہ لگاتے اور بعض لفظون مین ہے جب محل ناف کو پہونچتے اور امام احمد بن حنبل رضے اللہ تعالے عنہ نے اسی سے اخذ کیا ہے ابو العباس رح نسائی نے کہا ہمنے ابو عبد اللہ کو چونہ لگایا پس جب اپنی شرمگاہ کو پہونچے تو اُسکو خود انہون نے چونہ لگایا پس جبکہ ثابت ہوا اور یہ کہ

الشعور من العانة والفخذين والساقين بالنورة فيجوز ايضا
بالموسى لانه احد مايزال به كالنورة ويؤيد هذا القياس
حديث انس بن مالك رضي الله تعالى عنه لم يتنور رسول
الله صلى الله عليه وسلم قط وكان اذا كثر عليه الشعر حلقه
ولا يقال ان الحلق والتنوير انما ورد في العانة خاصة لما
تقدم من حديث ام سلمة رضي الله تعالى عنها قالت ان
النبي صلى الله عليه وسلم كان اذا ابلغ عانته نورها بنفسه
فدل على انه كان تولى غير العانة في ازالة الشعر لغيره ليس
ذلك الا الفخذ والساق وان ذكر في ذلك حديث في
المنع فهو محمول على من اراد بذلك التزيين لرغبة الرجال
فيهم من العلوق والمتشبهين بالنساء من المخانيث وغيرهم
والله تعالى اعلم بالصواب **فصل** ويكره نتف الشيب لما
روى عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده رضي الله تعالى عنهم
قال ان النبي صلى الله عليه وسلم نهى عن نتف الشيب وقال
انه نور الاسلام وفي لفظ اخر قال قال رسول الله صلى
الله عليه وسلم لا تنتفوا الشيب ما من مسلم يلبس شيبة في
الاسلام الا كانت له نورا يوم القيمة وفي حديث يحيى الا
كتب الله تعالى له بها حسنة وحط عنه خطيئة وقد روي
في بعض التفاسير في قوله عز وجل وجاءكم النذير انه هو
الشيب فكيف يجوز ازالة النذير بالموت والمذكر
المنهي عن الشهوات واللذات والكاف عنها المحث
على التاهب والتجهيز للاخرة وعمارة دار البقاء ومع ذلك
يكون مقاوما للقدر كارها لفعل الله تعالى به
غير راض بقضائه عز وجل مؤثر الشباب والطراوة والبقاء
على حداثة السن زاهدا في الوقار والحرمة والتقمص
بنور الاسلام وخلقة ابراهيم خليل الرحمن لانه روي
في بعض الكتب ان اول من شاب في الاسلام ابراهيم
النبي عليه الصلوة والسلام وروي عن النبي صلى الله عليه
وسلم انه قال ان الله يستحيي من ذي الشيبة يعني من عذابه

کہ بالون کا شرمگاہ اور رانون اور پنڈلیون سے چونہ کے ساتھ دور کرنا جائز ہے تو استرہ
سے بھی جائز ہوگا کیونکہ یہ تیز تر ہے ان چیزون مین سے جنسے بال دور کیے جاتے مین جیسے
چونہ زیادہ تیز ہے اور اس قیاس کی انس بن مالک کی حدیث تائید کرتی ہی کہ رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم نے ہرگز چونہ نہین لگایا اور جب آپ پر بال زیادہ ہوجاتے تھے تو
انکو مونڈ ڈالتے اور نہ کہا جاوے کہ مونڈنا اور چونہ لگانا صرف شرمگاہ ہی مین وارد ہوا
ہی کیونکہ ام سلمہ رضہ سے حدیث گذر چکی ہے کہا تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب اپنی شرمگاہ
کو پہونچتے تو اسکو اپنے آپ نورہ لگاتے پس اس حدیث نے اس بات پر دلالت کی کہ سوا
شرمگاہ کی بالون کے دور کرنے مین اپنے غیر کو متولی کرتے تھے اور وہ ران اور پنڈلی ہی ہے
اگرچہ اسکی ممانعت مین ایک حدیث ذکر کی جاتی ہے لیکن وہ اس شخص پر محمول ہے
جو اس سے زینت کا ارادہ کرے تاکہ اسمین بدفعلی کرنے والون اور عورتون سے
مشابہت کرنیوالون ہیجڑون اور انکے سوا لوگون سے رغبت کرین اور اللہ پاک بیشک
بات کو خوب جاننے والا ہی **فصل** اور سفید بال کا اکھاڑنا مکروہ ہی بسبب اس
حدیث کی جو عمرو بن شعیب نے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا رضی اللہ عنہم سے روایت
کی کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سفید بال کہاڑنے سے منع کیا اور فرمایا یہ اسلام کا نور
ہی اور دوسرے لفظ مین ہی کہا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سفید بالون
کو نہ اکھاڑو کوئی مسلمان نہین کہ اسلام مین بڑھاپے کا لباس پہنایا جاوے مگر
قیامت کے دن اسکے لیے نور ہوگا اور یحییٰ کی حدیث مین ہی مگر اللہ تعالی اسکے لیے اسکے سبب
سے ایک نیکی لکھیگا اور دور کریگا اُس سے ایک گناہ اور بعض تفسیرون مین
اللہ تعالی کے اس قول کے بارے مین اور آیا پاس تمہارے ڈرانیوالا روایت کیا گیا
ہے کہ وہ سفید بال ہین پس کس طرح ڈرانیوالے اور اسکو یاد کرانیوالے کو جو آرزوؤن اور
لذتون سے روکنے والا اور انسے باز رکھنے والا ہی اور تیاری اور سامان آخرت اور ہمیشگی
کے گھر کو آباد کرنے پر برانگیختہ کرنے والا ہی دور کرنا کسطرح جائز ہے اور باوجود اسکے
بال اکھاڑنیوالا اس فعل سے تقدیر کا مقابلہ کرنیوالا اللہ کے فعل کو ناخوش رکھنے والا اور
اسکی قضا پر راضی نہ ہونیوالا اور جوانی اور تروتازگی اور نوجوان باقی رہنے کو اختیار
کرنیوالا اور بردباری اور بزرگی اور نور اسلام کے لباس پہننے اور ابراہیم اللہ کے دوست
کی خصلت کو چھوڑنیوالا ہوگا کیونکہ بعض کتابون مین مروی ہے کہ پہلے پہل جو
اسلام مین بوڑھے ہوئے وہ ابراہیم ہین اوپر اللہ کی رحمت اور اُسکا سلام ہو
اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ آپنے فرمایا بے شک اللہ تعالی
بڑھاپے والے سے حیا کرتا ہے یعنے اُسکے عذاب کرنے سے۔

فصل ويستحب تقليم الاظفار يوم الجمعة فيبتدئ
مخالفا بينها في الترتيب لما روي عن النبي صلى الله عليه وسلم
من قص اظفاره مخالفا لم ير في عينيه رمدا وفي حديث
حميد بن عبد الرحمن عن ابيه من قص اظفاره يوم الجمعة
دخل فيه شفاء وخرج منه داء وقد روي هذه الفضيلة
والاستحباب في ذلك يوم الخميس بعد العصر ومعنى المخالفة
ان يبدأ بالخنصر من اليمنى ثم بالوسطى ثم بالابهام ثم
البنصر ثم السبابة ومن اليسرى ان يبدأ بالابهام ثم الوسطى
ثم الخنصر ثم السبابة ثم البنصر هكذا فسره عبد الله
ابن بطة عن اصحابنا رحمه الله وروى وكيع عن عائشة
رضي الله تعالى عنها انها قالت قال رسول الله صلى الله
عليه وسلم يا عائشة اذا انت قلمت اظفارك فابدئي
بالوسطى ثم بالخنصر ثم بالابهام ثم بالبنصر ثم السبابة
فان ذلك يورث الغناء وينبغي ان يكون التقليم بالمقص
او السكين ويكره ذلك بالاسنان واذا قلم اظفاره يستحب
له غسل البراجم ودفن الاظفار في التراب كذلك الشعور
من الراس والبدن والدم من الحجامة والفصد لما روي
عن النبي صلى الله عليه وسلم انه امر بدفن الدم والشعر
والظفر **فصل** واما حلق الراس في غير الحج والعمرة
والضرورة فمكروه في احدى الروايتين عن الامام احمد
رضي الله عنه عن النبي صلى الله عليه وسلم لما روي في
حديث ابي موسى وعبيد بن عمير رضي الله عنهما عن النبي
صلى الله عليه وسلم انه قال ليس منا من حلق وروى
الدارقطني في الافراد عن جابر بن عبد الله رضي الله عنهما
عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قال لا توضع النواصي
الا في حج او عمرة ولان النبي صلى الله عليه وسلم ذكر الخوارج
وجعل سيماهم حلق الرؤوس ولان عمر رضي الله عنه قال
لصبيغ لو وجدتك محلوقا لضربت الذي فيه عيناك
وعن ابن عباس رضي الله عنهما انه قال الذي يحلق

فصل اور ناخون کا کٹنا جمعہ کو مستحب ہے پس درمیان انگلیون کے ترتیب مین
مخالفت کرنیوالا ہو بسبب اس چیز کے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے جس نے اپنے
ناخونون کو مخالف کاٹا تو وہ اپنی آنکھون مین درد نہ دیکھیگا اور حمید بن عبد الرحمن
کی حدیث مین ہے وہ روایت کرتا ہے اپنے باپ سے جو جمعہ کے دن اپنے ناخون کٹائے اوسمین
شفا داخل ہوگی اور اوس سے بیماری نکلیگی اور جمعرات کے دن عصر کے بعد کاٹنے مین
بھی یہ فضیلت اور استحباب مروی ہے مخالفت سے مراد یہ ہے کہ شروع کرے ساتھ خنصر کے
داہنے ہاتھ سے پھر ساتھ بیچ والیکے پھر ساتھ انگوٹھے کے پھر ساتھ بنصر کے پھر ساتھ
کلمہ کی انگلی کے پھر ساتھ بنصر کے اسیطرح اسکو عبد اللہ بن بطہ نے اللہ اسکو
رحم کرے ہمارے اصحاب سے بیان کیا۔ اور وکیع نے عائشہ رضی اللہ عنہا سے
روایت کیا کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے عائشہ جب تو اپنے
ناخون کاٹے پس تو بیچ والی انگلی سے شروع کر پھر خنصر سے پھر انگوٹھے سے پھر
بنصر سے پھر کلمہ کی انگلی سے پس تحقیق یہ تونگری کو پیدا کرتا ہے اور چاہیئے کہ
ناخون کاٹنا ناخن گیر سے یا چھری سے ہو اور دانتون سے کاٹنا مکروہ ہے
اور جب اپنے ناخن کاٹے تو اسکو براجم کا دھونا اور دفن کرنا ناخونکا زمین
مین مستحب ہے اور اسی طرح دفن کرنا بال سر اور بدن اور خون پچھنی اور فصد
کا بسبب اس چیز کے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ آپ نے
خون اور بال اور ناخون کے دفن کرانیکا حکم دیا **فصل** اور لیکن
سر کا منڈانا حج اور عمرہ اور ضروریات کے سوا تو وہ مکروہ ہے دو روایتون
سے ایک مین امام احمد رضی اللہ عنہ سے وہ روایت کرتے ہین نبی صلے
اللہ علیہ وسلم سے بسبب اس چیز کے جو ابو موسے اور عبید بن عمیر رضی اللہ
عنہما کی حدیث مین مروی ہے وہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت
کرتے ہین کہ آپنے فرمایا وہ شخص جسنے سر منڈایا وہ ہم مین سے نہین ہے اور
دارقطنی مین افراد احادیث مین جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما سے روایت
کیا وہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہین کہ آپنے فرمایا سر سے
بال نہ اتارے جاوین مگر حج یا عمرہ مین اور بسبب اس بات کے کہ نبی صلے اللہ علیہ
وسلم نے خارجیون کی برائی بیان کی اور کہا کہ انکا نشان سرون کا منڈانا
ہے اور اس سبب سے کہ عمر رضی اللہ عنہ نے صبیغ کو فرمایا اگر مین تجھکو
سر منڈایا ہوا پاتا تو البتہ مارتا مین اس چیز کو جسمین تیری آنکھین ہین اور ابن
عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ انہون نے فرمایا جو شخص سر منڈاتا ہے

في المصر حلق بالشيطان لان في ذلك تشبيها بالاعاجم
وقد قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من تشبه بقوم فهو
منهم واذا ثبت كراهية ما ذكرنا جعل مكانه اخذ الشعر
بالجلم وهو المقص كما كان يفعل احمد بن حنبل رضي الله تعالى
عنه وان شاء استقصى في ذلك فيقصه من اصله وان شاء
اخذ اطراف الشعر والرواية الاخرى لا يكره ذلك لما
روى ابو داود باسناده عن عبد الله بن جعفر رضي الله تعالى
عنهما قال ان النبي صلى الله عليه وسلم ارسل الى آل جعفر
بلالا ان يأتيهم ثم اتاهم فقال لا تبكوا على اخي بعد
اليوم ثم قال صلى الله عليه وسلم ادعوا الى بني اخي فجيء
بنا كانا افراخ فقال صلى الله عليه وسلم ادعوا الى الحلاق
فامره فحلق رؤسنا وقد روي ان النبي صلى الله
عليه وسلم حلق راسه في آخر عمره بعد ان كان شعره
يضرب منكبيه وفي حديث علي رضي الله عنه كان شعر رسول
الله صلى الله عليه وسلم الى شحمة اذنيه ولان الناس عصرا
بعد عصر يحلقون ولم يظهر عليهم نكير ولان في ذلك
مشقة وحرجا فعفي عنه كما عفي عن سؤر الهرة وحشرات
الارض **فصل** ويكره القزع وهو ان يحلق بعض
الشعر ويترك بعضه لما روي عن النبي صلى الله عليه وسلم
انه نهى عن القزع واما حلق القفاء فمكروه الا في الحجامة
خاصة لان النبي صلى الله عليه وسلم نهى عن حلق القفاء
الا في الحجامة لانه من فعل المجوس وكان ابو عبد الله
احمد يحلقه في الحجامة ولان ذلك حال الضرورة واما
اتخاذ الجمة وفرق الشعر فسنة ماثورة روي ان النبي صلى
الله عليه وسلم فرق وامر اصحابه رضي الله تعالى عنهم بالفرق
وقد روي ذلك عن بضعة وعشرين من اصحاب النبي صلى
الله عليه وسلم منهم ابو عبيدة وعمار وابن مسعود رضي
الله تعالى عنهم **فصل** ويكره التحذيف للرجال وهو
ارسال الشعر الذي بين الاذار والنزعتين الذي هو

شہر میں ہم حلق شیطان کا ہے اور اس سبب سے کہ اسمیں مجوسیوں سے مشابہت ہے اور تحقیق
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے کسی قوم سے مشابہت کی تو وہ انہیں میں سے
ہے اور جو کچھ ہمنے بیان کیا جب اسکا مکروہ ہونا ثابت ہوگیا تو اسکے قائم مقام بالوں
کو جلم سے جو کترنے کا ایک آلہ ہے کرے جسطرح امام احمد بن حنبل رضی اللہ تعالی عنہ کیا کرتے
تھے اور اگر چاہے انہیں نہایت کو پہونچاوے پس انکو جڑ ہونے سے کاٹے اور اگر چاہے تو بالوں
کی اطراف کو پکڑے (یعنے کترے) اور دوسری روایت میں ہے کہ سر منڈانا مکروہ نہیں
بسبب اس چیز کے کہ ابو داؤد نے اپنے اسناد سے عبد اللہ بن جعفر رضی اللہ تعالی عنہما سے
روایت کیا کہا تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بلال کو آل جعفر کی طرف بھیجا کہ انکے
پاس آویں پھر انکے پاس آئے پھر فرمایا آج دن کے بعد میرے بھائی پر نہ رووے پھر فرمایا
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے پاس میرے بھتیجوں کو بلاؤ پس ہم لائے گئے گویا کہ ہم
مرغی کے بچے ہیں پس فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے پاس سر مونڈنے
والا بلاؤ پس آپ نے حکم دیا اسکو تو اسنے ہمارے سر مونڈے اور مروی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ و
سلم نے اپنے سر کو اپنی آخر عمر میں منڈایا بعد اسکے کہ آپکے بال کندھوں پر لٹکتے تھے
اور علی رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے بال کانوں
کی لو تک تھے اور اس سبب سے کہ لوگ ہر زمان بعد زمان سر منڈاتے رہے اور انپر کوئی
انکار ظاہر نہیں ہوا اور اس سبب سے کہ اسمیں سختی اور تنگی ہے جو معاف کی گئی
ہے جیسے بلی اور زمین میں رہنے والی چیزوں کے جوٹھے سے معافی کی گئی
ہے **فصل** اور مکروہ ہے قزع اور وہ یہ ہے کہ بعض بالوں کو منڈائے اور بعض کو
چھوڑ دے بسبب اس چیز کے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ آپنے قزع سے منع
کیا اور لیکن گردن کا منڈانا تو وہ مکروہ ہے مگر خاص کر کے پچھنے لگانے میں مکروہ
نہیں کیونکہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے منع کیا گردن کے منڈانے سے مگر پچھنے لگانے
میں کیونکہ یہ مجوس کے فعل سے ہے اور ابو عبد اللہ احمد پچھنے لگانے میں اسکو منڈاتے
تھے اور اس سبب سے کہ یہ ضرورت کا وقت ہے اور لیکن بڑے بال رکھنے اور بالوں
کی مانگ نکالنا پس یہ سنت ماثورہ ہے روایت کیا گیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے
مانگ نکالی اور اپنے اصحاب رضی اللہ تعالی عنہم کو مانگ نکالنے کا حکم دیا اور یہ بیس پر
کئی صحابہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے ان میں سے ہیں
ابو عبیدہ اور عمار اور ابن مسعود راضی ہوا اللہ تعالے ان سے **فصل**
اور مردوں کے لیے تحذیف مکروہ ہے۔ اور وہ رخسارہ اور ناصیہ کی
دونوں جانبوں کے بالوں کو کھلا چھوڑ دینا ہے۔ وہ جو

عَادَةُ الْعَلَوِيِّيْنَ وَلَا يُكْرَهُ ذٰلِكَ لِلنِّسَاءِ لِمَا رَوَى اَبُوْبَكْرٍ الْجَلَّادُ
مِنْ اَصْحَابِنَا بِاِسْنَادِهٖ عَنْ عَلِيٍّ كَرَّمَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَجْهَهٗ اَنَّهٗ
كَرِهَهٗ وَعَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ مُسْلِمٍ اَنَّهٗ قَالَ اَدْرَكْتُ النَّاسَ وَمَا هُوَ
مِنْ زِيْنَتِهِمْ فَاَمَّا اَخْذُ الشَّعْرِ مِنَ الْوَجْهِ بِالْمِنْقَاشِ فَمَكْرُوْهٌ
لِلرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ لِاَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ الْمُتَنَمِّصَاتِ
وَهُوَ اَخْذُ الشَّعْرِ مِنَ الْوَجْهِ بِالْمِنْقَاشِ ذَكَرَهٗ اَبُوْعُبَيْدَةَ
وَاَمَّا الْمَرْاَةُ فَيُكْرَهُ لَهَا حَفُّ جَبِيْنِهَا بِالزُّجَاجِ وَالْمُوْسٰى وَ
الشَّعْرِ النَّابِتِ عَلٰى وَجْهِهَا لِمَا تَقَدَّمَ مِنَ النَّهْيِ عَنْ ذٰلِكَ وَ
قِيْلَ يَجُوْزُ لَهَا ذٰلِكَ لِزَوْجِهَا خَاصَّةً اِذَا طَلَبَ مِنْهَا ذٰلِكَ
خَافَتْ اِنْ لَمْ تَفْعَلْهُ اَعْرَضَ عَنْهَا وَتَزَوَّجَ بِغَيْرِهَا فَاَدّٰى
اِلَى الْفَسَادِ وَالْمَضَرَّةِ بِهَا فَيَجُوْزُ لَهَا ذٰلِكَ لِمَا فِيْهِ مِنَ الْمَصْلَحَةِ
كَمَا جُوِّزَ لَهَا التَّزَيُّنُ بِاَلْوَانِ الثِّيَابِ وَالتَّطَيُّبُ بِاَنْوَاعِ الطِّيْبِ
وَالتَّشَوُّقُ لَهٗ وَالْمُلَاعَبَةُ وَالْمُمَازَحَةُ اِيَّاهُ فَعَلٰى هٰذَا
يُحْمَلُ لَعْنُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُتَنَمِّصَاتِ عَلَى اللَّوَاتِيْ
اَرَدْنَ بِذٰلِكَ غَيْرَ اَزْوَاجِهِنَّ لِلْفُجُوْرِ بِهِنَّ وَالْمَيْلِ اِلَيْهِنَّ وَتَرْوِيْجِ اَنْفُسِهِنَّ
لِلزِّنَا وَاللّٰهُ اَعْلَمُ **فَصْلٌ** وَيُكْرَهُ الْخِضَابُ بِالسَّوَادِ
لِمَا رَوَى الْحَسَنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
قَالَ فِيْ قَوْمٍ يُغَيِّرُوْنَ الْبَيَاضَ بِالسَّوَادِ يُسَوِّدُ اللّٰهُ تَعَالٰى
وُجُوْهَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَفِيْ حَدِيْثِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى
عَنْهُمَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِيْهِمْ لَا يُرِيْحُوْنَ رَائِحَةَ
الْجَنَّةِ وَاَمَّا الْاَخْبَارُ الَّتِيْ رُوِيَتْ فِي الْخِضَابِ بِالسَّوَادِ مِنْ
اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اخْتَضِبُوْا بِالسَّوَادِ فَاِنَّهٗ
اُنْسٌ لِلزَّوْجَةِ وَمَكِيْدَةٌ لِلْعَدُوِّ فَمَحْمُوْلٌ لِاَجْلِ الْحَرْبِ وَذِكْرُ
الزَّوْجَةِ فِيْهِ تَبَعًا لَا قَصْدًا **فَصْلٌ** فَاِذَا ثَبَتَتْ كَرَاهِيَةُ
السَّوَادِ فَالْمُسْتَحَبُّ اَنْ يَخْضِبَ الرَّاْسَ بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ وَقَدْ
خَضَبَ الْاِمَامُ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ رَحِمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ رَاْسَهٗ وَلَهٗ ثَلٰثٌ
وَّثَلٰثُوْنَ سَنَةً فَقَالَ لَهٗ عَمُّهٗ عَجَّلْتَ فَقَالَ لَهٗ هٰذِهٖ سُنَّةُ
رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَرُوِيَ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ
رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ خَيْرُ مَا غُيِّرَ بِهِ الشَّيْبُ

علویون کی عادت ہی اور یہ عورتون کے لیے مکروہ نہین ہے بسبب اسکے جو ابوبکر
جلاد نے ہمارے اصحاب سے اپنی اسناد سے حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے روایت کیا کہ
انہون نے اسکو ناپسند جانا اور ولید بن مسلم سے مروی ہے اُنسے کہا مینے لوگون کو
پایا اور تحذیف انکی زینت سے نہین اور لیکن منہ کے بالون کا موچنے سے لینا مردون اور
عورتون یعنی ہر فریق کے لیے مکروہ ہے کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بال اکھاڑنیوالی
عورتون کو لعنت کی اور وہ بالون کا منہ سے موچنے کے ساتہ اکھاڑنا ہے اسکو ابو عبیدہ
نے ذکر کیا اور لیکن عورت پس اسکے لیے شیشہ اور اُسترے کے ساتہ پیشانی کے بالون
کو کاٹنا اور اُن بالون کو کاٹنا جو اُسکے منہ پر نکلتے ہین مکروہ ہے کیونکہ اس کی ممانعت
پہلے ذکر ہو چکی ہے اور بعضون نے کہا ہے کہ یہ امر عورت کو خاصکر اپنے خاوند کے لیے
درست ہے لیکن اُس حالت مین جب وہ اُس سے یہ امر (یعنے منہ سے بالون کا اکھاڑنا)
طلب کرے تو پہر عورت کے لیے یہ امر درست ہوگا کیونکہ اسمین مصلحت ہے جیسے کہ عورت کے
لیے طرح طرح کے کپڑون سے زینت حاصل کرنا اور طرح طرح کی خوشبو لگانا اور خاوند
کے لیے اظہار شوق کرنا اور کھیلنا اور اُس سے خوش طبعی کرنا درست (بلکہ ضروری)
ہے پس اسی روایت پر محمول کیا جاویگا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ان عورتون کو لعنت
کرنا جو بال اکھاڑنیوالی ہین اور اس سے انکا ارادہ اپنے شوہرون (کی رضامندی) کے
سوا کچھ اور ہو جیسے انکے ساتہ گناہ کرنا یا انکی طرف (لوگونکا) خواہش کرنا یا اپنی جانون
کو زنا کے لیے رواج دینا ہے اور اللہ اچہا جانتا ہے **فصل** اور سیاہی کے ساتہ بالون کو رنگنا
مکروہ ہے بسبب اس چیز کے کہ حسن رضی اللہ عنہ نے روایت کیا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس قوم
کے حق مین جو سفیدی کو سیاہی سے بدلاتے ہین فرمایا اللہ تعالیٰ اُنکے موہون کو قیامت کے دن سیاہ
کریگا اور ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث مین ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے انکے حق مین فرمایا
وہ جنت کی بو نہ سونگھینگے لیکن وہ حدیثین جو سیاہی سے رنگنے مین روایت کی گئی ہین
جیسے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سیاہی سے تم اپنے بالون کو رنگو کیونکہ یہ بیوی کے
لیے باعث (زیادتی) محبت ہے اور دشمن کے لیے باعث مکر ہے تو وہ لڑائی کے لیے محمول ہے
اور بیبی کا ذکر اسمین بالطبع ہے نہ قصدًا **فصل** پس جب سیاہ رنگ کا مکروہ
ہونا ثابت ہو گیا پس مستحب ہے کہ سر کو حنا اور کتم سے رنگے اور تحقیق امام احمد بن حنبل
رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے سر کو رنگ کیا اور انکی عمر تینتیس برس کی تھی تو انکو اُنکے چچا نے
کہا تمنے جلدی کی تو امام صاحب نے انکو جواب دیا کہ یہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ و
آلہ وسلم کی سنت ہے اور ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ انہون نے
فرمایا بہترین اشیا جن سے بڑہاپا بدلایا جاوے

الحناء والكتم واما خضاب رسول الله صلى الله عليه وسلم
فاختلف الناس في ذلك فروي عن انس رضي الله تعالى عنه
انه قال ان النبي صلى الله عليه وسلم ما شاب الا يسيرا ولكن
ابابكر وعمر رضي الله تعالى عنهما خضبا بعده بالحناء والكتم
وروي ان ام سلمة رضي الله تعالى عنها اخرجت للناس
شعر رسول الله صلى الله عليه وسلم مخضوبا بالحناء
والكتم فدل حديثهما على اثبات خضابه صلى الله عليه
وسلم بذلك واما الخضاب بالورس والزعفران فظاهر
كلام الامام احمد رضي الله تعالى عنه فيه الجواز لما
روي عن ابي مالك الاشعري رضي الله عنه انه قال
كان خضابنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم بالورس و
الزعفران فاذا ثبت هذا في شعر الرأس مثله في اللحية
لعموم قوله صلى الله عليه وسلم غيروا الشيب ولا تشبهوا
باليهود وقوله صلى الله عليه وسلم في حديث ابي ذر رضي
الله عنه خير ما غير به الشيب الحناء والكتم وهو عام
في شعر الرأس واللحية وايضا ان ابابكر رضي الله عنه جاء
بابيه ابي قحافة يوم فتح مكة الى النبي صلى الله عليه وسلم
فقال النبي صلى الله عليه وسلم لو اقررت الشيخ في بيتنا لا
تيناه تكرمة لابي بكر فاسلم ورأسه ولحيته كالثغامة
البيضاء فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم غيروهما
وجنبوه من السواد وهذا نص في كون اللحية كالرأس في
النهي عن السواد وقال ابو عبيدة الثغامة نبت ابيض الزهر
والثمر ويشبه بياض الشيب وقال ابن الاعرابي هي شجرة
تبيض كانها الثلج **فصل** ويستحب ان يكتحل وترا
لما روى انس بن مالك عن النبي صلى الله عليه وسلم انه كان
يكتحل وترا واختلف الناس في صفة الوتر في ذلك فروي
في حديث انس بن مالك ان النبي صلى الله عليه وسلم كان
يكتحل ثلاثا في اليمنى ومرتين في اليسرى وروي في حديث
ابن عباس في كل عين ثلاثا **فصل** ويدهن غبا

حنا اور کتم ہے اور لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا رنگ لگانا تو اسمین
لوگون نے اختلاف کیا ہے پس انس رضی اللہ تعالی عنہ سے مروی ہے انہون نے
کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم بوڑھے نہین ہوئے مگر تھوڑا اور لیکن ابو بکر اور عمر رضی
اللہ تعالی عنہما نے آپکے پیچھے حنا اور کتم سے رنگ کیا اور مروی ہے کہ ام سلمہ رضی اللہ
تعالی عنہا نے لوگون کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بالون کو نکالا
اور حنا اور کتم سے رنگے ہوئے تھے تو انکی حدیث نے انکے ساتھ حضرت صلی
اللہ علیہ وسلم کے خضاب کے ثبوت پر دلالت کی اور لیکن ورس اور زعفران کے
ساتھ رنگ کرنا تو ظاہر کلام امام احمد رضی اللہ تعالی عنہ کی اسمین جائز ہونا ہے
بسبب اس چیز کے کہ جو ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے انہون نے فرمایا
کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہمارا رنگ کرنا ورس اور زعفران سے تھا پس جب یہ
سر کے بالون مین ثابت ہوگیا تو ڈاڑھی مین بھی (حکم) اسی طرح ہے
کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا قول کہ بڑھاپے کو بدلاؤ اور یہود سے مشابہت
نہ کرو عام ہے اور بسبب قول حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ابو ذر رضی اللہ عنہ کی
حدیث مین بہتر اس چیز کا جس سے بڑھاپا بدلا جاوے حنا اور کتم ہے اور وہ سر
اور ڈاڑھی کے بالون مین عام ہے اور نیز ابو بکر رضی اللہ عنہ اپنے باپ ابو قحافہ
کو فتح مکہ کے دن نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف لائے تو نبی صلی اللہ علیہ و
سلم نے فرمایا اگر تو بوڑھے کو اپنے گھر مین آرام دیتا البتہ ہم اسکے پاس آتے
آپ کا یہ قول حضرت ابو بکر رض کی بزرگی کے لیے تھا تو ابو قحافہ مسلمان ہو گیا
اور اسکا سر اور ڈاڑھی سفید ثغامہ (جو ایک قسم کا گھاس ہے) کی طرح تھی تو رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دونو کو بدلاؤ اور انکو سیاہی سے بچاؤ اور یہ اس
مین نص ہے کہ سیاہی کی ممانعت مین ڈاڑھی کا حکم سر کی طرح ہی ہے اور ابو عبیدہ
نے کہا کہ ثغامہ سفید پھول اور پھل والا گھاس ہے بڑھاپے کی سفیدی اسکے
ساتھ تشبیہ دیجاتی ہے اور ابن اعرابی نے کہا وہ ایک درخت ہے جو سفید ہو جاتا
ہے گویا کہ وہ برف ہے **فصل** اور مستحب ہے کہ سرمہ لگائے طاق بار بسبب اس چیز کے جو
انس بن مالک نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ آپ سرمہ طاق بار لگاتے تھے
اور طاق کی صفت مین لوگون کا اختلاف ہے تو انس بن مالک کی حدیث مین
مروی ہے تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم تین بار داہنی آنکھہ مین اور دو مرتبہ بائین
آنکھہ مین سرمہ لگاتے اور ابن عباس رض کی حدیث مین ہر آنکھہ مین تین بار
مروی ہے **فصل** اور ایک دن کے بعد روغن لگاوے۔

وهو ان يفعل ذلك يوما ويتركه يوما لما روى ابو هريرة ان النبي صلى الله عليه وسلم نهى ان يترجل الرجل الا غبا والفضيلة في ذلك ان يكون يدهن بالبنفسج لما روى ابو هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم ان فضل دهن البنفسج على سائر الادهان كفضلي على سائر الناس

فصل ويستحب ان لا يخلي الانسان نفسه سفرا وحضرا عن سبعة اشياء بعد تقوى الله تعالى والتقية وهي التنظيف والتزيين والمكحلة والمشط والسواك والمقص والمدرى وهي خشبة مدورة الراس ادنى من شبر يتخذها العرب والصوفية يدفعون بها عن انفسهم الاذى كالقمل وغيرها ويحكون بها الجسد ويقتلون الدبيب حتى لا يباشرون كل شيء بايديهم والسابع قارورة الدهن لانه روي في حديث عائشة ان النبي صلى الله عليه وسلم ما كان يفوته ذلك حضرا ولا سفرا

فصل فيما يكره من الخصال يكره الصفير والتصفيق وفرقعة الاصابع في الصلوة ويكره تخريق الثياب في حق المتواجد عند السماع ولا يعارض في ذلك الواجد ويكره الاكل على الطريق ومد الرجل بين جلسائه والاتكاء الذي يخرجه عن مستوى الجلوس لانه تجبر وهوان بالجلساء الا من العذر ويكره اطالة الثياب ويكره مضغ العلك لانه دناءة ويكره التشدق بالضحك والقهقهة ورفع الصوت في غير حاجة وينبغي ان يكون مشيه معتدلا لا يسارع الى حد يصدم الماشي ويتعب نفسه ولا يخطو بحيث يورثه العجب ويكره في البكاء النحيب والتعداد الا ان يكون من خوف الله تعالى والندم على ما فات من اوقاته بطالة او انكسار قلبه عند عدم بلوغه الى درجة لحظها فيبكي حسرة عليها ويكره ازالة الدرن بحضرة الناس ويكره الكلام في المواضع المستقذرة كالحمام والخلاء وما اشبه ذلك وكذلك لا يسلم ولا يرد على مسلم ويكره كشف راسه بين الناس

اور وہ یہ ہے کہ ایک دن لگائے اور ایک دن ترک کرے بسبب اس حدیث کے جو ابوہریرہ نے روایت کیا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مرد کو کنگھی کرنے سے سوائے ایک روز ناغہ کے منع کیا مگر ایک دن کے بعد (یعنی ایک روز درمیان میں چھوڑ کر) اور فضیلت اس میں ہے کہ بنفشہ کا تیل ڈالے بسبب اس حدیث کے کہ روایت کیا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ بنفشہ کے تیل کی فضیلت تمام روغنوں پر ایسی ہے جیسے میری بزرگی تمام لوگوں پر ہے

فصل اور مستحب ہے کہ آدمی اپنے نفس کو سفر اور حضر میں سات چیزوں سے اللہ تعالی کے تقوی اور اس تکیہ کرنے کے بعد خالی نہ رکھے اور وہ صاف کرنا اور مزین کرنا اور سرمہ لگانا اور کنگھی کرنا اور مسواک کرنا اور قینچی اور مدرا ہے وہ ایک لکڑی ہے سر گول بالشت سے چھوٹی ہوتی ہے عرب اور صوفی لوگ اسکو اپنے پاس رکھتے ہیں اسکے ساتھ اپنی جانوں سے تکلیف دور کرتے ہیں جیسے جوئیں اور سوائے انکے اور تکلیف دینے والی چیزیں ہیں) اور اس سے اپنے جسم کو کھجلاتے ہیں اور رینگنے والوں کو قتل کرتے ہیں یہاں تک کہ اپنے ہاتھوں سے کسی چیز کو نہیں چھوتے اور ساتواں روغن کا شیشہ ہے کیونکہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث میں مروی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے شیشہ روغن یا ساتوں چیزیں کبھی قیام کی حالت یا سفر کی حالت میں گم نہیں ہوتی تھیں

فصل ان خصال کے بیان میں جو مکروہ ہیں سیٹی مارنی اور تالی بجانی اور نماز میں انگلیوں کو توڑنا مکروہ ہے اور سماع میں تکلف سے وجد کرنیوالے کے حق میں کپڑوں کو پھاڑنا مکروہ ہے اور اس میں اصلی وجد کرنیوالا معارضہ نہ کیا جاوے اور رستہ پر کھانا مکروہ ہے اور اپنے ہمنشینوں کے درمیان پاؤں کا دراز کرنا اور ایسا تکیہ لگانا جس سے ٹھیک بیٹھنے سے نکل جاوے کیونکہ یہ اپنے آپ کو بزرگ بنانا اور ہمنشینوں کو ذلیل جاننا ہے مگر عذر سے جائز ہے اور لمبا کرنا کپڑوں کا مکروہ ہے اور گوند کا چبانا مکروہ ہے کیونکہ یہ کمینہ پن ہے اور ہنسی اور قہقہہ میں منہ کھول دینا اور سوائے حاجت کے آواز کو بلند کرنا مکروہ ہے اور مناسب ہے کہ اسکی چال میانہ ہو ایسا نہ دوڑے کہ چلنے والے کو صدمہ پہونچائے اور اپنی جان کو تھکائے اور ایسی طرح سے قدم نہ اٹھائے جس سے اسکو تکبر پیدا ہو اور رونے میں آواز کرنا اور صفتوں کا شمار کرنا مکروہ ہے ہاں اس صورت میں درست ہے کہ اللہ تعالی کے خوف سے ہو یا بوجہ پشیمانی کے ہو اس چیز پر جو اسکو وقتوں میں باطل باتوں میں فوت ہوئی یا بوجہ انکساری اسکی دل کے ہو جب اس درجہ تک نہ پہونچے جسکا خیال کرتا تھا تو اسپر حسرت سے روئے اور لوگوں کے روبرو اپنی میل کا دور کرنا مکروہ ہے اور قبیح جگہوں میں مثل حمام اور پائخانہ کے اور وہ جو اس سے مشابہ ہو کلام کرنا مکروہ ہے اور اسیطرح سلام کرے اور مسلمان پر سلام کا جواب دے اور لوگوں میں اپنے سر کو ننگا کرنا۔

وما ليس بعورة مما جرت العادة بستره ويحرم كشف العورة
ويكره أن يقسم بأبيه أو بغير الله تعالى في الجملة فإن
حلف حلف بالله وإلا فليصمت كذلك جاء في الأثر
عن النبي صلى الله عليه وسلم

فصل في الاستيذان

ينبغي له إذا قصد باب إنسان أن يسلم فيقول السلام
عليكم أأدخل لما روي أن رجلا من بني عامر استأذن
على رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو في بيت فقال
ألج فقال النبي صلى الله عليه وسلم لخادمه اخرج إلى هذا
وعلمه الاستيذان فقال له قل السلام عليكم أأدخل
فسمعه الرجل فقال السلام عليكم أأدخل فأذن له فدخل
ولا يدير ظهره إلى الباب ولا يبعد لأنه يمنعه من سماع
الجواب كذلك ثلاثا فإن أجيب فيها وإلا انصرف إلا
أن يغلب على ظنه أنه لم يسمع نداءه لما بينهما من بعد أو
شغل كان له أن يزيد على الثلاث والأصل في ذلك ما
روى أبو سعيد الخدري رضي الله عنه عن النبي صلى
الله عليه وسلم أنه قال الاستيذان ثلاث فإن أذن لك
فادخل وإلا فارجع وسواء في ذلك الأجانب والأقارب
المحرمات كالأم وما شاكلها لأن النبي صلى الله عليه و
سلم لما سأله رجل هل علي أن أستأذن على أمي قال نعم
قال إني معها في البيت قال صلى الله عليه وسلم استأذن
عليها قال إني خادمها قال استأذن عليها أتحب أن تراها
عريانة فأما زوجته وأمته الجائز له وطؤها فليس عليه
الاستيذان في حقهما لأن أكثر ما في ذلك أن تصادف
منكشفة منبسطة وقد أبيح له النظر إلى بدنهن ولكن يستحب
له أن يحرك نعله أولا إذا دخل المنزل ليعلم دخوله
نص على ذلك الإمام أحمد في رواية مهنا وإذا دخل سلم
على أهله ليكثر خير بيته كما جاء الأثر ونستوفي ذلك في
باب دخول المنزل إن شاء الله تعالى ولا يطرق أهله ليلا
لنهي النبي صلى الله عليه وسلم أن يطرق الرجل أهله

یا اسچیز کو جو عورت نہین مکروہ ہے جسکے ڈہانپنے کی عادت جاری ہوگئی ہے اور عورت
کا ننگا کرنا حرام ہے اور اپنے باپ کی یا اللہ کے سوا کسی دوسری چیز کی قسم کہانا ہر حال
مین مکروہ ہے پس اگر قسم کرے قسم کرے ساتہ اللہ کے ورنہ خاموش رہے ایسا ہی نبی صلے
اللہ علیہ وسلم سے حدیث مین آیا ہے

فصل

اذن مانگنے مین چاہیے کہ جب کسی انسان
کے دروازے کا قصد کرے تو سلام کہے اور کہے تم پر سلامتی ہو کیا مین داخل ہوجاؤن
بسبب اسچیز کے جو مروی ہے کہ ایک آدمی نے بنی عامر سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
پر اذن مانگا اور آپ گہر مین تہے تو کہا کیا مین داخل ہوجاؤن تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم
نے اپنے خادم کو فرمایا کہ اسکی طرف نکل اور اسکو اذن مانگنا سکہلا تو اسکو کہا کہہ
تم پر سلامتی ہو کیا مین داخل ہوجاؤن تو اُس آدمی نے اسکو سُن لیا اور کہا تم پر
سلامتی ہو کیا مین داخل ہوجاؤن تو آپنے اسکو اذن دیا اور داخل ہوا اور اذن
مانگنے کیوقت اپنی پیٹہ کو دروازہ کی طرف نہ کرے اور نہ دور ہو کیونکہ یہ بات اسکو جواب
سننے سے روکتی ہے ایسا ہی تین بار پس اگر جواب دیا تو بہتر ورنہ پہر جاوے مگر یہ کہ اسکا غالب
گمان ہو کہ اُسنے اسکی آواز کو نہین سنا بسبب اسچیز کے کہ دونو مین فاصلہ اور شغل سے ہے
تو جائز ہے اسکو کہ تین بار پر زیادہ کرے اور دلیل اسمین وہ چیز ہے جو ابو سعید خدری
رضی اللہ عنہ نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ فرمایا آپنے اذن مانگنا
تین دفعہ ہے پس اگر تیرے لیے اذن دیا گیا تو داخل ہو ورنہ لوٹ جا اور اسمین اجنبی
اور قریبی جو حرام ہین برابر ہین مثل مان اور اسکے مشابہ کے کیونکہ نبی صلے اللہ
علیہ وسلم سے جب آدمی نے سوال کیا کہ کیا مجہپر واجب ہے کہ اپنی مان پر اذن
مانگون آپنے فرمایا ہان اُسنے کہا مین اسی کے ساتہ ہون گہر مین حضرت صلے اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا اذن مانگ اسپر اُسنے کہا مین اُسکا خادم ہون آپنے فرمایا اذن
مانگ اسپر کیا تو دوست کہتا ہے کہ تو اسکو ننگا دیکہے لیکن اسکی بی بی اور اسکی
لونڈی جسکے ساتہ اسکو وطی جائز ہے تو اسپر اُنکے حق مین اذن مانگنا ضروری
نہین کیونکہ اذن طلب کرنیمین زیادہ تر خوف انکے ننگے ہونے اور کہلی ہوئی
حالت مین اسکے چلے جانے کا ہے اور بیشک انکے بدنون کی طرف نظر کرنا اسکے لیے
مباح کیا گیا ہے اور لیکن مستحب ہے اسکے لیے کہ اپنی جوتی کو پہلی حرکت دے جب گہر مین داخل ہو تاکہ
اُسکا داخل ہونا معلوم کیا جاوے اسپر امام احمد رح نے مہنی کی روایت مین نص کی ہے اور جب داخل
ہو تو اپنے اہل پر سلام کہے تاکہ اسکے گہر کی نیکی زیادہ ہو جیسے حدیث آیا ہے اگر اللہ نے چاہا
تو اسکو ہم گہر مین داخل ہونے کے باب مین پورا بیان کرینگے اور رات کو اپنے اہل کے پاس
نہ آئے کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے رات کو اپنے اہل پر آنے سے منع فرمایا ہے

لئلا وقد فعل ذلك ان دخلا فوجدا عند اهلهما ما يكرهان
فاذا اذن له في دار غيره فدخل جلس حيث يأذن له صاحب
الدار وان كان من اهل الذمة وان فجأ قوما وهم على طعام
فلا يأكل الا ان يكون صاحب الطعام ممن جرت عادته بالسماحة
وطيب القلب بذلك **فصل** فيما يستحب فعله
بيمينه وما يستحب فعله بشماله يستحب له تناول الاشياء
بيمينه والاكل والشرب والمصافحة والبداءة بها في الوضوء
والانتعال ولبس الثياب وكذلك يبدأ في الدخول الى المواضع
المباركة كالمساجد والمشاهد والمنازل والدور برجله
اليمنى واما الشمال فلفعل الاشياء المستقذرة وازالة
الدرن كالاستنثار والاستنجاء وتنقية الانف و
غسل النجاسات كلها الا ان يشق عليه ذلك او يتعذر
كالمشلول والمقطوع يساره فيفعله بيمينه ولا يمشي في
نعل واحد الا ان يكون ذلك يسيرا بمقدار ما يصلح الاخرى
اذا انقطع شسعها واذا اراد ان يتناول انسانا توقيعا
او كتابا فليقصد يمينه واذا مشى مع من هو اعلى منه
في المنزلة والقدر فليمش عن يمينه يجعله كالامام في
الصلوة وان كان دونه في المنزلة يجعله عن يمينه و
يمشي عن يساره وقد قيل المستحب المشي على اليمين
في الجملة ليخلي اليسار للبزاق وغيره **فصل** في
آداب الاكل والشرب يستحب للآكل ان يسمي الله
تعالى عند اكله ويحمده عند فراغه وكذلك عند
الشرب لان ذلك ابرك لطعامه وابعد للشيطان لما
روي ان اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم قالوا يا
رسول الله انا نأكل ولا نشبع قال صلى الله عليه وسلم
فلعلكم تفترقون قالوا نعم قال صلى الله عليه وسلم
فاجتمعوا على طعامكم واذكروا اسم الله تعالى يبارك
لكم فيه وعن جابر بن عبد الله رضي الله عنهما انه سمع
النبي صلى الله عليه وسلم يقول اذا دخل الرجل بيته

اسکو وہ آدمیوں نے تحقیق کیا تو انہوں نے اپنے اہل کے پاس اُس چیز کو پایا جسکو وہ مکروہ
سمجھتے تھے پس جب اسکو دوسرے کے گھر میں داخل ہونے کا اذن دیا جاوے اور داخل ہو تو
اُس گھر کا مالک جہاں اسکو اذن دیوے بیٹھ جاوے اگرچہ گھر والا ذمیوں میں سے ہو اور اگر
اچانک کسی قوم پر پہونچا اور وہ اپنے کھانے پر ہیں تو نہ کھائے مگر اُس صورت میں کھائے
جب صاحب طعام اُن لوگوں میں سے ہو جسکی عادت جوانمردی اور اسکے ساتھ خوش
دل ہونے میں جاری ہو **فصل** اُن چیزوں کے بیان میں جنکا داہنے ہاتھ سے کرنا مستحب ہے
اور جنکا بائیں ہاتھ سے کرنا مستحب ہے اسکے لیے چیزوں کا پکڑنا اپنے داہنے ہاتھ سے اور کھانا اور پینا
اور مصافحہ کرنا اور اسی داہنی طرف سے وضو میں اور جوتا پہننے میں اور کپڑا پہننے میں ابتدا کرنا
مستحب ہے اور اسیطرح مبارک جگہوں میں داخل ہونے میں بھی اپنے داہنے پاؤں سے شروع کرے
جیسے مسجدیں اور مجلسیں اور سرائیں اور لیکن بایاں پس قبیح چیزوں کے کرنے کے لیے اور
میل کے دور کرنے کے لیے ہے جیسے ناک جھاڑنا اور استنجا کرنا اور ناک صاف کرنا اور تمام
نجاستوں کے دور کرنے کے لیے ہے مگر یہ کہ اُسپر یہ بات مشکل ہو یا اُس سے ہو نہ سکے جیسے شل
والا اور جسکا بایاں ہاتھ کٹا ہوا ہو تو وہ اپنے داہنے ہاتھ سے کرے اور ایک جوتے
میں نہ چلے مگر یہ کہ تھوڑا ہو اتنے اندازے پر جو دوسرے کو سنوارے جب تسمہ ٹوٹے اور جب ارادہ کرے
پکڑانے کا کسی کو توقیع یا کتاب تو چاہیے کہ اپنے داہنے ہاتھ سے قصد کرے اور جب اُس شخص کے
ساتھ چلے جو اُس سے مرتبہ اور بزرگی میں اعلے ہے تو چاہیے کہ اُسکے داہنے چلے اور
اسکو ایسا کرے جیسا نماز میں امام ہوتا ہے اور اگر اس سے مرتبہ میں کم ہو تو اسکو داہنے
اپنے کرے اور خود اسکے بائیں چلے اور کہتے ہیں داہنے ہاتھ پر چلنا ہر حال میں مستحب ہے
تا کہ بائیں جانب تھوک وغیرہ پھینکنے کے لیے خالی رہے **فصل** کھانے والے
کے لیے مستحب ہے کہ اپنے کھانے کے وقت اللہ تعالی کا نام لے اور فارغ ہونے
کے وقت اُسکی حمد کرے اور پینے کے وقت بھی اسیطرح کرے کیونکہ یہ بات اُسکے
طعام کو برکت دینے والی ہے اور اُسکے شیطان کو دور کرنے والی ہے بسبب اسکے
جو روایت کیا گیا ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ عنہم نے کہا یا رسول
اللہ تحقیق ہم کھاتے ہیں اور سیر نہیں ہوتے تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا شاید تم جدا ہوتے ہو صحابہ رضی اللہ عنہم نے کہا ہاں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا پس اپنے کھانے پر اکٹھے ہو جاؤ اور اللہ تعالی کے نام کو یاد کرو تمہارے
لیے اُسمیں برکت کی جاویگی۔ اور جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما سے
روایت ہے کہ اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آپ فرماتے تھے جب
آدمی اپنے گھر میں داخل ہو

فذكر اسم الله عز وجل عند دخوله وعند طعامه قال الشيطان
لاولاده لا مبيت لكم ولا عشاء واذا دخل فلم يذكر الله عند
دخوله قال الشيطان ادركتم المبيت فاذا لم يذكر اسم الله
عند طعامه قال ادركتم المبيت والعشاء وعن حذيفة
انه قال كنا اذا حضرنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم طعاما
لم يضع احدنا يده حتى يبدأ رسول الله صلى الله عليه وسلم
وانا حضرنا معه طعاما فجاء اعرابي كانما يدفع فذهب ليضع
يده في الطعام فاخذ رسول الله صلى الله عليه وسلم بيده ثم جاءت
جارية كانما تدفع فذهبت لتضع يدها في الطعام فاخذ
رسول الله صلى الله عليه وسلم بيدها وقال ان الشيطان
يستحل الطعام الذي لم يذكر اسم الله عليه وانه جاء بهذا
الاعرابي يستحل به فاخذت بيده فجاء بهذه الجارية يستحل
بها فاخذت بيدها فوالذي نفسي بيده ان يده في يدي مع
ايديهما وان نسي ان يذكر اسم الله تعالى عند اوله فليقل
بسم الله اوله واخره هكذا روي في حديث عائشة عن النبي
عليه الصلوة والسلام ويستحب ان يبدأ بالملح ويختم به و
يتناول اللقمة بيمينه ويصغرها ويجيد مضغها ويطيل
بلعها وياكل مما يليه اذا كان نوعا واحدا وان كان انواعا
فلا باس ان يجيل يده في القصعة وكذلك اذا كان ثمارا او
فاكهة فلا ياكل من ذروة الطعام ووسطه بل ياكل من
جوانبه واذا كان ثريدا اكل بثلاث اصابع ولعقها ولا ينفخ
في الطعام ولا الشراب ولا يتنفس في انائه واذا ضاق نفسه
نحى القدح عن فيه واذا تنفس اعاده اليه ويكره الاتكاء
في الاكل والشرب ويجوز الاكل والشرب قائما وقيل يكره
والجلوس احب واذا دفع الاناء الى احد من جلسائه بدأ بمن
عن يمينه ولا يجوز الاكل والشرب في اواني الذهب والفضة
ولا المضببة اذا كان ذلك كثيرا واذا قدم بين يديه في شيء
من ذلك طعام رفعه من الاناء الى الخبز واناء غير ذلك الجنس
ثم اكله ولا انكار على من احضره واجب وكذلك المطعم

تو اللہ عز وجل کے نام کو اپنے داخل ہونے کے وقت اور اپنے کہانا کہانیکے وقت یاد کرے تو شیطان
اپنی اولاد کے لیے کہتا ہے نہ تمہارے لیے رات کا ٹہکانا ہے اور نہ کہانا اور جب داخل ہوا اور اللہ
کا نام اپنے داخل ہونیکے وقت نہ لے تو شیطان اپنی اولاد کو کہتا ہے تم نے اپنے سونے کی جگہہ پا لی
اور جب کہانیکے وقت اللہ کا نام نہ ذکر کرے تو کہتا ہے تم نے سونے کی جگہ اور کہانا پا لیا۔ اور حذیفہ سے
مروی ہے کہا ہم جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتہ کہانے پر حاضر ہوتے تہے تو کوئی
ہم میں سے اپنے ہاتہ کو نہ رکہتا یہان تک کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شروع کرتے اور تحقیق ہم
آپکے ساتہ ایک کہانے مین حاضر ہوئے تو ایک اعرابی آیا گویا دہکیلا جاتا ہے پہر
شروع ہوا کہ اپنے ہاتہ کو کہانے مین رکہے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسکے ہاتہ کو پکڑ لیا
اور ایک لڑکی آئی گویا کہ وہ دہکیلی جاتی ہے پس شروع ہوئی تاکہ اپنے ہاتہہ کو کہانے
مین رکہے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکے ہاتہ کو پکڑ لیا اور فرمایا شیطان اس کہانے
کو حلال سمجہتا ہے جسپر اللہ کا نام نہ لیا جائے اور تحقیق وہ اس اعرابی کو لایا تہا تاکہ طعام
کو بذریعہ اسکے حلال سمجہے تو مینے اسکا ہاتہ پکڑ لیا اور اس لڑکی کو لایا تاکہ اسکے ذریعہ
سے طعام کو حلال سمجہے پس مینے اسکا بہی ہاتہ پکڑ لیا پس قسم ہے مجہکو اسکی جسکے ہاتہ مین
میری جان ہے کہ اسکا ہاتہ میرے ہاتہ مین دونون کے ہاتہون کے ساتہ ہے اگر اللہ تعالی کا نام
لینا کہانے مین شروع ہونیکے وقت بہول جاوے تو کہے مین اللہ کے نام کے ساتہ اول اور آخر
مین کہاتا ہون اسیطرح حضرت عائشہ رض کی حدیث مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے اور مستحب ہے کہ
نمک کے ساتہ شروع کرے اور اسیپر ختم کرے اور اپنے داہنے ہاتہ سے لقمہ پکڑے اور لقمہ چہوٹا اٹہاوے
اور اسکو اچہی طرح چباوے اور اسکے نگلنے کو لنبا کرے اور اس چیز کو کہاوے جو اسکے قریب ہو جب
ایک قسم ہو اور اگر کئی قسمین ہون تو کچہہ مضائقہ نہیں کہ اپنا ہاتہ پیالہ مین پہیرے اسیطرح جب
پہل یا میوہ ہو تو کہانے کی چوٹی نہ کہائے اور اسکے بیچ مین سے نہ کہائے بلکہ اُسکے کنارون سے
کہائے اور جب ثرید ہو تو تین انگلیون سے کہائے اور انکو چاٹے اور طعام اور پینے کی چیز مین
پہونک نہ مارے اور نہ اسکے برتن مین سانس لے اور جب اُسکا سانس تنگ ہو تو پیالہ کو اپنے منہ سے
جدا کرے پہر جب سانس لے چکے تو اسکو پہر اپنے منہ کی طرف لوٹا دے کہانے اور پینے مین تکیہ لگانا
مکروہ ہے اور کہانا اور پینا کہڑے ہوکر جائز ہے اور بعضے کہتے ہین مکروہ ہے اور بیٹہنا بہتر ہے
اور جب برتن کسی کیطرف اپنے ہمنشینون مین سے دفع کرے تو اس شخص سے شروع کرے جو اُسکے
داہنے ہے اور کہانا اور پینا سونے اور چاندی کے برتنون مین جائز نہیں اور نہ ان کے گلٹ
والون مین جبکہ وہ زیادہ ہو اور جب اسکے آگے ان مین سے کسی چیز مین کہانا لایا جاوے تو
اسکو برتن سے روٹی پر اٹہا کر یا اس برتن مین جو اس جنس سے نہ ہو پہر اسکو کہاوے اور
انکار کرنا اس شخص پر جو اسکو حاضر کرے واجب ہے۔

فِي الْمُمَوَّهِ بِمَا دَاخِلِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَكَذٰلِكَ الْحُكْمُ فِي مَاءِ
الْوَرْدِ مِنَ الْمَرَاشِّ الْمُتَّخَذَةِ مِنْ ذٰلِكَ فَيَحْرُمُ عَلَيْهِ الْحُضُورُ فِي تِلْكَ
الْبُقْعَةِ وَيَتَعَيَّنُ عَلَيْهِ الْإِنْكَارُ وَالْقِيَامُ مِنْ تِلْكَ الْمَجْلِسِ وَيَكُونُ
إِنْكَارُهُ بِرِفْقٍ بِأَنْ يَقُولَ تَمَامُ سُرُورِكُمْ أَنْ تَتَجَمَّلُوا بِمَا أَبَاحَتْهُ
الشَّرِيعَةُ وَجَعَلَتْ جَمَالَكُمْ بِمَا حَرَّمَتْهُ وَحَظَرَتْهُ وَلَا خَيْرَ فِي لَذَّةٍ
تَؤُولُ إِلَى مَعْصِيَةٍ اُذْكُرُوا رَحِمَكُمُ اللّٰهُ قَوْلَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ
سَلَّمَ مَنْ شَرِبَ فِي إِنَاءِ ذَهَبٍ أَوْ فِضَّةٍ أَوْ إِنَاءٍ فِيهِ شَيْءٌ مِنْ ذٰلِكَ
فَإِنَّمَا يُجَرْجِرُ فِي بَطْنِهِ نَارَ جَهَنَّمَ وَإِذَا حَصَلَتِ اللُّقْمَةُ فِي فِيهِ
فَلَا يُخْرِجُهَا مِنْهُ إِلَّا أَنْ يَضْطَرَّ إِلَى ذٰلِكَ لِشَرَقَةٍ أَوْ حَرَارَةٍ
يَسْتَضِرُّ بِهَا وَإِذَا عَطَسَ عَلَى طَعَامٍ خَمَّرَ وَجْهَهُ وَاحْتَاطَ فِي
سِتْرِهِ لِأَجْلِ الطَّعَامِ وَإِذَا كَانَ عَلَى رَأْسِهِ إِنْسَانٌ قَائِمٌ أَذِنَ
لَهُ فِي الْجُلُوسِ فَإِنْ أَبَى عَلَيْهِ وَقَامَ مَمْلُوكٌ أَوْ غُلَامٌ لِقَضَاءِ
حَاجَتِهِ وَسَقْيِهِ الْمَاءَ أَخَذَ مِنْ أَطَايِبِ الطَّعَامِ فَلَقَّمَهُ وَيُسْتَحَبُّ
مَسْحُ الْإِنَاءِ مِنْ فَضْلَةِ الطَّعَامِ وَلَقْطُ الْفُتَاتِ مِنْ جَوَانِبِ
الْإِنَاءِ وَالطَّبَقِ وَيُسْتَحَبُّ أَنْ يُبَاسِطَ الْإِخْوَانَ بِالْحَدِيثِ الطَّيِّبِ وَ
الْحِكَايَاتِ الَّتِي تَلِيقُ بِالْحَالِ إِذَا كَانُوا مُنْقَبِضِينَ وَيَنْبَغِي
أَنْ يَأْكُلَ مَعَ أَبْنَاءِ الدُّنْيَا بِالْأَدَبِ وَمَعَ الْفُقَرَاءِ بِالْإِيثَارِ وَ
مَعَ الْإِخْوَانِ بِالْاِنْبِسَاطِ وَمَعَ الْعُلَمَاءِ بِالتَّعَلُّمِ وَالْاِتِّبَاعِ
وَإِذَا أَكَلَ مَعَ ضَرِيرٍ أَعْلَمَهُ بِمَا بَيْنَ يَدَيْهِ فَرُبَّمَا فَاتَهُ أَطَايِبُ
الطَّعَامِ لِعَمَاهُ وَيُسْتَحَبُّ الْإِجَابَةُ إِلَى وَلِيمَةِ الْعُرْسِ فَإِنْ
أَحَبَّ أَنْ يَأْكُلَ أَكَلَ وَإِلَّا دَعَا وَانْصَرَفَ لِمَا رُوِيَ جَابِرُ بْنُ
عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
مَنْ دُعِيَ فَلْيُجِبْ فَإِنْ شَاءَ طَعِمَ وَإِنْ شَاءَ تَرَكَ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ
ابْنِ عُمَرَ رض قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ دُعِيَ
فَلَمْ يُجِبْ فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ تَعَالَى وَرَسُولَهُ وَمَنْ دَخَلَ عَلَى
غَيْرِ دَعْوَةٍ فَقَدْ دَخَلَ سَارِقًا وَخَرَجَ مُغِيرًا هٰذَا الَّذِي
ذَكَرْنَا إِذَا كَانَ ذٰلِكَ خَالِيًا عَنِ الْمُنْكَرِ فَإِنْ حَضَرَهُ مُنْكَرٌ
كَالطَّبْلِ وَالزَّمْرِ وَالْعُودِ وَالنَّايِ وَالشَّرْبُوتِ وَالشَّبَّابَةِ وَ
الرَّبَابِ وَالْمَعَانِي وَالطَّنَابِيرِ وَالْجُرَّانِ الَّذِي يَلْعَبُ بِهِ

اور سونے اور چاندی کے برتن مین دہونی لینے کا بہی یہی حکم ہے اور گلاب کے پانی مین بہی
حکم ہے چہڑکنے والے اُس سے جو اُنسے بنایا گیا ہو پس اُسپر اُن جگہون مین حاضر ہونا حرام
ہے اور اُسپر انکار کرنا اور اُس مجلس سے کہڑا ہوجانا لازم ہے۔ اور انکار نرمی سے ہونا چاہیے
اس طریق سے کہ کہے تمہاری پوری خوشی یہ ہے کہ تم اُس چیز سے زینت کرو جسکی شریعت
نے اجازت دی اور اُسکو زینت کیا نہ اُس چیز سے جسکو شریعت نے حرام کیا اور اُس
سے منع کیا اور اُس لذت مین کچھہ بھلائی نہین جو نافرمانی کیطرف راجع ہو تم پر اللہ رحم کرے
نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قول کو یاد کرو جو شخص سونے اور چاندی کے برتن مین پیے یا ایسے برتن
مین جسمین اُس سے کوئی شی ہو تو سوا اسکے نہین کہ وہ اپنے پیٹ مین جہنم کی آگ کو کہینچتا ہے
اور جب لقمہ اُسکے منہ مین حاصل ہوا تو اُسکو منہ سے نکالے مگر اُس وقت کہ نکالنے پر بیقرار ہو بسبب
گلا گہٹنے یا گرمی کے کہ اُس سے تکلیف اُٹہاوے اور جب کہانے پر چہینکے تو منہ اپنے کو چہپانے
اور اسکے ڈہانپنے مین کوشش کرے تاکہ کہانے پر چہینٹین نہ پڑین اور کہانا اُنسے بچا رہے
اور جب اُسکے سر پر کوئی آدمی کہڑا ہو تو اسکو بیٹہنے کے لیے اجازت دے تو اگر اُسپر انکار کرے یا اُسکا
غلام کہڑا ہو یا لڑکا اُسکا اپنی حاجت پوری کرنیکے لیے اور اُسکو پانی پلانے کے لیے تو عمدہ کہانے
سے لیکر اسکو لقمہ دے اور صاف کرنا برتن کا بچے ہوئے کہانے سے مستحب ہے اور برتن اور طبق کی اطراف
سے ریزون کا چننا بہی مستحب ہے اور مستحب ہے کہ اپنے بہائیون سے اچہی کلام کے ساتہ اور عمدہ حکایتون کے
ساتہ جو لائق وقت ہون جبکہ وہ ملول ہون کشادہ پیشانی کہے اور دنیا دارون کے ساتہ
ادب سے کہاوے اور فقیرون کے ساتہ اُنکے اختیار کرنے سے اور بہائیون کے ساتہ کشادہ دلی
اور عالمون کے ساتہ سیکہنے اور پیروی کرنے سے کہاوے اور جب اندہے کے ساتہ کہاوے تو جو کچہ
اُسکے آگے کہانا وغیرہ ہو اُسکو بہی اُسپر آگاہی کردے پس کئی دفعہ اُس سے عمدہ طعام بسبب
نابینائی کے فوت ہوجاتا ہے اور قبول کرنا دعوت ولیمہ شادی کی مستحب ہے اگر کہانے
کو دوست رکہے تو کہاوے ورنہ دعا کرے اور لوٹے بسبب اسکے جو روایت کیا جابر بن عبد اللہ نے
کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو دعوت کیا جاوے پس چاہیے کہ قبول کرے پھر اگر چاہے
کہاوے اور اگر چاہے چہوڑ دے اور عبد اللہ بن عمر رضہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے جو شخص دعوت کیا گیا پس قبول نہ کی تو اُسنے اللہ تعالی اور اسکے رسول کی
نافرمانی کی اور جو سوا بلائے داخل ہو تو وہ بیشک چوری کرتے ہوئے داخل ہوا اور لوٹتے
ہوئے نکلا جو کچہہ ہمنے ذکر کیا جب ہے کہ ولیمہ بری باتون سے خالی ہو اور اگر اُس کہانے
غیر شرع کام حاضر ہون جیسے ڈہول اور بربط اور بانسری اور شربوق اور شبابہ اور
رباب اور سرود والی اور طنبورے اور جعلان جس سے ترک لوگ کہیلتے
ہین۔

الترك لا يجلس هناك لان جميع ذلك محرم واما الدف
فيجوز استعماله في النكاح وسماع القول بالقصب والرقص مكروه
كما فسر بعض المفسرين قوله عز وجل ومن الناس من يشتري
لهو الحديث فقال هو الغناء والشعر وجاء في بعض الاحاديث
عن رسول الله صلى الله عليه وسلم انه قال الغناء ينبت
النفاق في القلب كما ينبت السيل البقل وسئل الشبلي عن
الغناء فقيل احق هو قال لا فقيل فماذا قال فماذا بعد الحق
الا الضلال ثم يكفي في كراهة ما في ذلك من ثوران الطبع
وهيجان الشهوة والميل الى النسوان واباطيل النفوس و
رعوناتها والطرب والسخف والدناءة والاشتغال بذكر الله
تعالى اطيب واسلم لمن امن بالله واليوم الاخر ودعوة
الختان ليست مستحبة ولا على من دعي اليها ان يجيب و
يكره التقاط النثار لانه شبيه النهبة وفيه سخف ودناءة
ويكره حضور طعام الولائم ما عدا العرس اذا كان على
الصفة التي وصفها رسول الله صلى الله عليه وسلم يمنع
منه المحتاج ويحضره المستغني عنه ويكره لاهل الفضل و
العلم في الجملة التسرع الى اجابة الطعام والتسامح بذلك
لما فيه من الذلة والدناءة والشره لا سيما اذا كان
حاكما وقيل ما وضع احد يده في قصعة احد الا ذل
ويحرم التطفل على طعام الناس وهو دخوله مع المدعوين
من غير ان يدعى وهو ضرب من الوقاحة والغصب ففيه
اثمان احدهما الاكل لما لم يدع اليه والثاني دخوله الى
منزل الغير بغير اذنه والنظر الى سرار والتضييق على
من حضره ومن الادب ان لا يكثر النظر الى وجوه الاكلين لانه
مما يحشمهم ولا يتكلم على الطعام بما يستقذره الناس من
الكلام ولا بما يضحكهم خوفا عليهم من الشرق ولا بما يحزنهم
لئلا ينغص على الاكلين اكلهم ويستحب غسل اليد قبل
اكل الطعام وبعده وقيل يكره قبل الطعام ويستحب بعده
ويكره اكل البقلة الخبيثة وهي الثومة والبصلة و

تو وہاں نہ بیٹھے کیونکہ یہ تمام باتیں حرام ہیں اور لیکن دف سکا نکاح میں استعمال
جائز ہے اور قول کو نے سے سننا اور رقص کرنا مکروہ ہے جیسے بعض مفسرین نے اللہ عز وجل کے قول
کو تفسیر کیا ہے اور بعض آدمیوں سے وہ ہے جو خریدتا ہے بیہودہ بات تو کہا وہ راگ ہے اور شعر
ہے اور بعض احادیث میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے آیا ہے فرمایا ہے غنا نفاق کو دل
میں ایسا اگاتا ہے جیسے بہاؤ سبزی کو اگاتا ہے اور شبلی سے غنا کی بابت پوچھا
گیا تو کہا گیا کیا درست ہے فرمایا نہیں تو کہا گیا وہ کیا چیز ہے انہوں نے کہا فسق کے
بعد بجز گمراہی کے اور کیا ہے پھر جو کچھ کہ اس گمراہی میں ہے اسکے مکروہ ہونے کے لیے صرف
وہی کافی ہے جو کچھ کہ اسمیں شورش طبع اور شہوت کے برانگیختہ ہونے اور عورتوں کی
طرف راغب ہونے اور نفسوں کی بیہودگیوں اور بے وقوفیوں اور خوشحالی اور کم
عقلی اور کمینہ پن ہے اور اللہ کے ذکر سے مشغول ہونا بہت اچھا اور سلامتی ہے اس
شخص کے لیے جو اللہ پر اور پچھلے دن پر ایمان لایا اور ختنہ کی دعوت مستحب نہیں اور جسکی
دعوت کی جاوے اسکا اُسپر قبول کرنا واجب نہیں اور گری ہوئی چیز کا لینا مکروہ ہے
کیونکہ یہ لوٹ کی مانند ہے اسمیں کم عقلی اور کمینہ پن ہے اور ولیمہ کے کہانے پر سوا شادی
کے حاضر ہونا مکروہ ہے جبکہ اس صفت پر ہو جسکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے
بیان کیا جس سے محتاج لوگ روک دیے جاویں اور غنی لوگ حاضر ہوویں اور صاحب
بزرگی اور صاحب علم کو طعام کے قبول کرنے میں جلدی کرنا اور اسمیں سستی کرنا مکروہ
ہے کیونکہ اسمیں ذلت اور کمینگی اور حرص ہے خاصکر جبکہ صاحب طعام حاکم ہو اور کہا گیا ہے
کسی نے اپنا ہاتھ کسی کے پیالہ میں نہیں ڈالا مگر ذلیل ہوا تو لوگوں کے طعام پر طفیلی
بننا حرام ہے اور وہ یہ ہے کہ جسکی دعوت کیجائے اسکے ساتھ سوا بلائے کے چلا جائے اور وہ
بے شرمی اور غصب کی ایک قسم ہے تو اسمیں دو گناہ ہیں ایک اس چیز کا کہانا جسکی طرف
بلایا نہیں گیا اور دوسرا غیر کے گھر میں بغیر اسکے اذن کے داخل ہونا اور اسکے اسرار کی طرف
نظر کرنا اور اس شخص کو تنگ کرنا جو اسکے پاس حاضر ہو اور ادب سے یہ بات ہے کہ کہانے
والوں کی طرف زیادہ نظر نہ کرے کیونکہ انکی طرف دیکھنا گویا انکو شرمندہ کرنا ہے اور
کہانے پر ایسی کلام ذکر کرے جس کلام کو لوگ مکروہ جانتے ہیں اور ایسی کلام بھی نہ کرے جو
انکو ہنساوے کیونکہ انکے گلا گھٹنے کا خوف ہے اور ایسی کلام بھی نہ کرے جو انکو غمگین کرے
تاکہ کہانے والوں پر ان کا کہانا خراب کرے اور ہاتھ کا دہونا طعام کے کہانے سے
پہلے اور اسکے پیچھے مستحب ہے اور بعض کہتے ہیں قبل طعام کے مکروہ ہے اور اسکے
پیچھے مستحب ہے اور سبزی خبیث کا کہانا مکروہ ہے اور وہ لہسن اور پیاز

اور

الكراث لكراهة ريحه وقد روى عن النبي صلى الله عليه وسلم
انه قال من اكل من هذه البقلة الخبيثة فلا يقربن مصلانا
وكثرة الاكل بحيث يخاف منه التخمة مكروهة وقد روى
عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قال ما ملأ ابن آدم وعاء
شرا من بطن ويكره لغير صاحب الطعام من الضيف ان يطعم
من حضر معه على الطبق الا باذن صاحب الطعام لانه
ياكل على ملك صاحبه على وجه الاباحة وليس ذلك بتمليك
ولهذا اختلف الناس في الوقت الذي يحصل الطعام ملكا
للآكل فقال قوم اذا حصل في فيه استهلك وقال آخرون
لا يملكه بل ياكل على ملكه واذا قدم الطعام فلا يحتاج
بعد التقديم الى اذن اذا كان قد جرت العادة في تلك
البلدة بالاكل كذلك فيكون العرف اذنا ويكره اخراج
شيء من فيه ورده الى القصعة ويكره التخلل على الطعام
ولا يمسح يده بالخبز ولا يستدن له ولا يخلط طعاما بطعام
يعني الوان الطبائخ لانه قد يكره ذلك طباع كثير من
الناس وان كان نفسه يميل اليه فيترك ذلك لاجلهم
ولا يجوز له ذم الطعام ولا لصاحبه استحسانه ومدحه
ولا تقويمه لانه دناءة وقد روى ان النبي صلى الله عليه
وسلم ما مدح طعاما ولا ذمه ولا يرفع يده حتى يرفعوا
ايديهم الا ان يعلم منهم الانبساط اليه فلا يتكلف ذلك
ويستحب ان يجمع ماء الايدي في طست واحد لما روي في
الخبر لا تبددوا يبدد شملكم وروي ان النبي صلى الله عليه وسلم
نهى ان يرفع الطست حتى يطف يعني يمتلئ ولا يغسل يده
بما يطعم من دقيق الباقلاء والعدس والهرطمان وغير ذلك ويجئ
بالخالة ولا يقرن بين التمرتين لنهيه صلى الله عليه وسلم عن
ذلك وقيل لا يكره ذلك ان كان وحده او كان هو صاحب
الطعام ولا يتخير الاطعمة على صاحب المنزل بل يقتنع بما
قدمه لان في ذلك حمله على التكلف وقد قال صلى الله عليه
وسلم انا واتقياء امتي برآء من التكلف وان استدعى منه

گندنا ہے کیونکہ اسکی بو خراب ہے اور تحقیق نبی صلے اللہ علیہ وسلم مروی ہے کہ فرمایا آپنے
جس نے اس خبیث درخت سے کہایا تو وہ ہمارے نماز کی جگہ میں حاضر نہ ہو اور اتنا
بہت کہانا کہ جس سے بدہضمی کا ڈر ہو مکروہ ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے آپنے
فرمایا ابن آدم نے کسی برتن کو جو اسکے پیٹ سے زیادہ برا ہو پر نہیں کیا (جیسے
پیٹ سب برتنوں سے برا برتن ہے) اور صاحب طعام کے سوا دوسرے شخص کو مہمانوں سے
یہ امر مکروہ ہے کہ صاحب طعام کے اذن کے سوا دوسرے شخص کو جو اسکے ساتھ طبق پر حاضر ہو لقمہ دیوے کیونکہ
وہ کہانا ایسی حالت میں کہا رہا ہے کہ کہانا صاحب کہانیکے ملک میں ہے مباح طریق پر اور
یہ ملک بنا دینا نہیں اور اسیواسطے لوگوں نے اختلاف کیا ہے اُس وقت میں کہ جسمیں طعام
کہانیوالیکے ملک میں ہو جاتا ہے تو ایک قوم نے کہا جب اسکے منہ میں حاصل ہوا اور نابود ہو گیا
اور دوسروں نے کہا اسکے ملک نہیں ہوتا بلکہ اسکے ملک پر کہاتا ہے اور جب کہانا آگے لایا جاوے
تو آگے لایا جانیکے بعد اذن کی حاجت نہیں جبکہ اُس شہر میں اسطرح کہانیکی عادت جاری
ہو تو عرف عام ہی اذن ہوگا اور منہ سے کسی چیز کا نکالنا اور پہر اسکو پیالے کی طرف واپس
لیجانا مکروہ ہے اور خلال کرنا کہانے پر مکروہ ہے اور اپنے ہاتہ کو روٹی سے نہ پونچہے اور نہ
اوسکو خراب کرے اور ایک کہانے کو دوسرے سے نہ ملاوے مراد کہتا ہے قسم قسم کے پکے ہوئے
کیونکہ اسکو کئی طبیعتیں لوگوں سے مکروہ سمجہتی ہیں اور اگر اُسکا نفس اس امر کی خواہش کرتا
ہے تو اسکو لوگوں کے سبب سے چہوڑ دے اور کہانے والے کو کہانے کی برائی کرنی اور اسکے مالک
کو اچہا کہنا اور اُسکی تعریف کرنا اور کہانے کی قیمت کرنا درست نہیں کیونکہ یہ
کمینہ پن ہے اور تحقیق نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا گیا ہے کہ حضرت صلے
اللہ علیہ وسلم نے کسی کہانے کی نہ توصیف ہی کی اور نہ مذمت کی اور جب تک دوسرے لوگ اپنے ہاتہ
کہانے سے نہ اوٹہا لیں تب تک اپنے ہاتہ نہ اوٹہاتے مگر وقت اوٹہانا درست ہے کہ جب اونسے بے تکلفی سمجہے تو اسمیں تکلیف
نہ اوٹہائے اور مستحب ہے کہ ہاتہوں کا پانی ایک ہی طشت میں گرا دے کیونکہ حدیث میں
مروی ہے تفرقہ نہ کرو تمہاری جمعیت متفرق ہو جاویگی اور مروی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے
منع کیا اس سے کہ طشت اوٹہایا جاوے یہاں تک کہ پر ہو اور اپنے ہاتہ کو اُس چیز سے
نہ دہووے جو کہائی جاتی ہے جیسے لوبیا اور مسور اور ہرطمان کا آٹا اور سوا انکے دوسری
کہانے والی چیزیں اور ہیو سے کو ساتہ جائز ہے اور دو کہجوروں کو جمع نہ کرے کیونکہ نبی
صلے اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا ہے اور کہا گیا ہے یہ مکروہ نہیں ہے اگر اکیلا ہو یا وہ خود
صاحب طعام ہو اور صاحب طعام سے کہانوں کو نہ مانگے بلکہ اسی چیز پر قناعت کرے جو اسکے
آگے ہو کیونکہ اسمیں اُسکو تکلف پڑتا ہے اور تحقیق حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا میں اور میری اُمت کے پرہیزگار تکلف سے بیزار ہیں اور اگر

صاحب الدار للشيء عليه كان له ان يذكر شهوته ويكره له رد الهدية وان قلت اذا كانت من جهة حلال طيبة واجتهد في المكافاة او الدعاء له ومن سقط في طعامه او شرابه شيء فلا يخلو اما ان يكون له نفس سائلة ما عدا السمك فيكون الطعام نجسا ويحرم اكله اذا كان مائعا وان كان جامدا رفع وما حوله وان كان مما لا نفس له سائلة فان كان من دوات السموم لم ياكله ويحرم الطعام لاجل الضرر به لا بعينه كالحية والعقرب وان كان ذبابا غمسه في الطعام حتى يغوص جناحاه ثم اخرجه وان مات فان الطعام طاهر ياكله لما روي عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قال اذا وقع الذباب في اناء احدكم فليغمسه فيه فان في احد جناحيه داء وفي الآخر شفاء وانه يتقي بالذي فيه الداء ويستحب له مص الشراب ولا يكرعه كرعا ويقطعه ثلاث دفعات للنفس ولا يتنفس في الاناء ويسمي في اوله ويحمد الله تعالى في آخره والاختصار في هذه الجملة ان نقول هي اثنتا عشرة خصلة اربع منها فريضة واربع سنة واربع آداب اما الفريضة فالمعرفة بما اكله من اين هو والتسمية والرضا والشكر واما السنة فالجلوس على الرجل اليسرى والاكل بثلاث اصابع ولعق الاصابع والاكل مما يليه واما الآداب فالمضغ الشديد وتصغير اللقم وقلة النظر الى وجوه القوم وان لا يفرش المائدة بالخبز ويضع فوقه الادم وان لا ياكل متكئا ولا منبطحا على بطنه

فصل فاذا افطر عند غيره قال افطر عندكم الصائمون واكل طعامكم الابرار وتنزلت عليكم الرحمة وصلت عليكم الملائكة الحمد لله الذي اطعمنا وسقانا وجعلنا من المسلمين وهدانا من الضلالة وفضلنا على كثير ممن خلق تفضيلا اللهم اشبع جياع امة محمد صلى الله عليه وسلم واكس عاريها وعاف مريضها ورد غائبها واجمع شمل اهل الدار ولذراريهم واجعل دخولنا بركة وخروجنا مغفرة وآتنا في الدنيا حسنة وفي الآخرة حسنة وقنا عذاب النار برحمتك يا ارحم الراحمين

فصل في آداب

صاحب طعام اُسکی خواہش پوچھے تو جائز ہے کہ اپنی کہانے کی خواہش بیان کرے اور اسکو لیے ہدیہ کا رد کرنا مکروہ ہے اگرچہ تہوڑا ہو جب حلال پاک وجہ سے ہو اور بدلہ دینے میں یا اسکو دعا کرنے میں کوشش کرے اور جو شخص کہ اسکے کہانے یا پینے مین کوئی چیز گرے تو خالی نہیں یا تو اُسکا خون روان ہے سوائے مچھلی کے تو طعام نجس ہو جاویگا اور اسکا کہانا حرام ہو جاتا ہے جبکہ طعام آبگین ہو اور اگر کہانا خشک ہو تو اس چیز کو اور جو کچھ اُسکے گرد گرد چیز ہو اوہا کر پہینک دے اور اگر اس چیز سے ہو جسکا خون روان نہ ہو تو اگر زہر والون سے ہو تو اسکو نہ کہاوے اور کہانا بسبب ضرر پانیکے اُس سے حرام ہو جاتا ہے نہ بسبب اپنی ذات کے جیسے سانپ اور بچہو اور اگر مکہی ہو تو اسکو کہانے میں ڈبائے یہانتک کہ دونو پر اُسکے غوطہ کہائین پہر اسکو نکالے اور اگر مر جاوے تو طعام پاک ہے اسکو کہاوے بسبب اُسکے جو روایت کیا گیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب مکہی تمہاری کسی برتن میں گرے تو اسکو اُسمین ڈبائے کیونکہ اُسکے پرون میں سے ایک مین بیماری ہے اور دوسرے مین شفا ہے اور تحقیق وہ بچتی ہے اُس پر سے جسمین بیماری ہے اور اسکے لیے پانی کو چوسنا مستحب ہے اور چارپایون کی طرح اُس سے نہ پیئے اور اسکو سانس لینے کے واسطے تین دفعہ منہ سے جدا کرے اور برتن مین سانس نہ لے اور اسکے ابتدا مین بسم اللہ کہے اور آخر مین اللہ تعالی کی تعریف کرے اور خلاصہ ان سب مین یہ ہے کہ کہین ہم وہ بارہ خصلتین ہین چار اُن مین فرض ہین اور چار سنت اور چار مستحب لیکن فرض کہ وہ کہان سے ہے اور بسم اللہ کہنا اور راضی ہونا اور شکر کرنا اور لیکن سُنت تو وہ بائین پانون پر بیٹھنا ہے اور تین انگلیون سے کہانا ہے اور انگلیون کو چاٹنا اور جو اُسکے قریب ہو اور لیکن طعام کے آداب تو وہ خوب چبانا ہے اور لقمون کا چھوٹا کرنا اور قوم کے موہون کی طرف کم نظر کرنا اور یہ کہ روٹی کو دسترخوان نہ بناوے اور اوپر اُسکے سالن کو رکہے اور یہ کہ تکیہ لگا کر نہ کہاوے اور نہ منہ کے بل سے پیٹ پر ہو کر کہاوے

فصل پس جب اپنے غیر کے نزدیک افطار کرے تو کہے روزہ دار تمہارے پاس روزہ افطار کرین اور نیکو کار تمہارا کہانا کہائین اور تمپر رحمت نازل ہووے اور تمپر فرشتے رحمت بہیجین سب تعریف اللہ کو ہے جس نے ہمکو کہلایا اور پلایا اور ہمکو مسلمانون سے کیا اور ہمکو گمراہی سے ہدایت کی اور ہمکو بہتون پر اپنی پیدایش سے بزرگی کیا یا اللہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے بہوکون کو سیر کردے اور اُسکے ننگون کو پہنا دے اور اسکے بیمارون کو عافیت دے اور اسکے غائب کو لوٹا لا اور گہر والون کی پریشانی کو اکٹھا کر اور اُنکی [illegible] کو جاری کرے اور ہمارے داخل ہونے کو برکت کردے اور ہمارے نکلنے کو بخشش اور ہمکو دنیا کی نیکی اور آخرت کی نیکی عطا کر اور ہمکو دوزخ کے عذاب سے بچا اپنی رحمت سے اے بڑے رحم کرنیوالے سب رحم کرنیوالون سے

فصل کہانے کے ادبون مین

الحمام بناء الحمام وبيعه وشراؤه وكراؤه مكروه في الجملة
لما فيه من مشاهدة عورات الناس فقد روى عن علي بن ابي طالب
انه قال بئس البيت الحمام ينزع من اهله الحياء ولا يقرأ
فيه القرآن واما دخوله فالاولى ان لا يدخله اذا وجد
من ذلك بدا لما ورد عن عبد الله بن عمر انه كان يكره الحمام
ويعلل بانه من رقيق العيش وعن الحسن وابن سيرين
انهما كانا لا يدخلان الحمام وقال عبد الله بن الامام
احمد ما رايت ابي قط دخل الحمام وان كان به حاجة الى
ذلك ودعت الضرورة جاز له دخوله مستترا بمئزر غاضا
لبصره عن عورات الناس وان امكنه ان يخلى الحمام له
فيدخله بالليل او وقتا يقل دخوله بالنهار فلا باس قد
سئل الامام احمد رحمه الله عن ذلك فقال رحمه الله تعالى
ان كنت تعلم ان كل من في الحمام عليه ازار فادخله والا
فلا تدخله وقد روت عائشة رضي الله عنها عن النبي صلى
الله عليه وسلم انه قال بئس البيت الحمام بيت لا يستر
وماؤه لا يطهر قالت عائشة ما يسر عائشة انها دخلته
ولها مثل احد ذهبا وقال صلى الله عليه وسلم في حديث
جابر بن عبد الله من كان يؤمن بالله واليوم الاخر فلا يدخل
الحمام الا بمئزر واما النساء فانما يجوز لهن دخوله بالشرائط
التي ذكرناها في حق الرجال ووجود العذر والحاجة كالمرض
والحيض والنفاس لما روى ابن عمر عن النبي صلى الله
عليه وسلم انه قال ستفتح عليكم ارض العجم وستجدون
بيوتا يقال لها الحمام فلا يدخلها الرجال الا بازار و
امنعوا منها النساء الا مريضة او نفساء واذا دخل الحمام
فلا يسلم ولا يقرأ القرآن لما تقدم من حديث علي

فصل

في النهي عن التعري في الجملة وفي حال الغسل لما روى ابو داود
باسناده عن بهز بن حكيم عن ابيه عن جده قال قلت يا
رسول الله صلى الله عليه وسلم عوراتنا ما ناتي منها وما نذر
قال صلى الله عليه وسلم احفظ عورتك الا من زوجتك

حمام کا بنانا اور اسکا بیچنا اور خریدنا اور کرایہ دینا سب کا سب مکروہ ہے کیونکہ اسمین
لوگون کی شرمگاہین دیکھنے کی قباحت ہے اور تحقیق علی بن ابی طالب سے روایت
کیا گیا ہے انہون نے فرمایا برا گھر حمام ہے اپنے اہل سے حیا کو دور کرتا ہے اور اسمین قرآن نہین پڑہا جاتا
اور لیکن اسمین داخل ہونا تو بہتر یہ ہے کہ جہان تک ممکن ہو اسمین داخل ہونے سے
پرہیز کرے بسبب اسکے جو عبد اللہ بن عمر رض سے وارد ہوا ہے کہ وہ حمام کو مکروہ جانتے تھے اور
علت بیان کرتے تھے اس بات کی کہ وہ نازک عیش سے ہے اور حسن اور ابن سیرین
سے مروی ہے کہ وہ دونو حمام مین داخل نہوتے تھے اور امام احمد کے بیٹے عبد اللہ نے کہا
مینے اپنے باپ کو کبھی نہین دیکھا کہ وہ حمام مین داخل ہوئے ہون اور اگر کسیکو اسکی طرف
حاجت ہو اور ضرورت محسوس ہو تو اسکے لیے حمام مین داخل ہونا جائز ہے لیکن
اس حال مین کہ ازار سے اپنی شرمگاہ کو ڈہانپے ہوئے ہو اور لوگون کی شرمگاہون سے چشم
پوشی کیے ہوئے ہو اور اگر ممکن ہو اسکو کہ اسکے لیے حمام خالی کیا جاوے تو اسمین رات کو
داخل ہو یا اس وقت مین کہ اسکے گناہ ان مین کم ہون اور امام احمد حمام مین داخل ہونے
کی بابت سوال کیے گئے تو فرمایا انپر اللہ رحم کرے اگر تو جانتا ہے کہ سب لوگ جو حمام مین ہین اپنے
ازار ہے تو اسمین داخل ہو ورنہ اسمین داخل نہ ہو اور تحقیق عائشہ رض نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم
سے روایت کی کہ فرمایا آپنے برا گھر حمام ہے جسمین ستر نہین ہوتا اور اسکا پانی پاک نہین
ہوتا۔ عائشہ صدیقہ نے کہا عائشہ کو اسمین داخل ہونا خوش نہین لگتا اگرچہ عائشہ رض کے
پاس احد پہاڑ کی طرح سونا ہو اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جابر بن عبد اللہ کی حدیث
مین فرمایا جو شخص اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان لاتا ہے تو وہ حمام مین سوائے ازار کے داخل
نہ ہو اور لیکن عورتین تو سوای اسکے نہین کہ جائز ہے انکے لیے داخل ہونا ساتھ ان
شرطون کے جنکو ہمنے ذکر کیا ہے مردون کے حق مین یا عذر اور حاجت کے ہونے سے مثل مرض
کی اور حیض اور نفاس کی اسلیے کہ ابن عمر رض نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا ہے
فرمایا تمپر عجم کی زمین فتح کی جاویگی اور تم گھرون کو پاؤ گے جنکو حمام کہا جاویگا تو انمین
مرد داخل نہ ہون مگر ازار سے اور ان سے عورتون کو منع کرو سوای مریض اور نفاس
والی کے اور جب حمام مین داخل ہو تو سلام نہ کہو اور قرآن نہ پڑہے کیونکہ اسکی
ممانعت علی بن ابی طالب رض کی حدیث مین گذر چکی ہے

فصل

ہر حالت مین ننگا ہونیکی ممانعت اور حالت غسل مین ننگا ہونے کی ممانعت کو بیان کیا ہے
کیونکہ ابو داؤد نے اپنی اسناد سے بہز بن حکیم سے انہنے اپنے دادا سے روایت کیا انسے کہا مینے
عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم اپنی شرمگاہ ہونکو کسکے پاس کہولین اور کس کو
چہوڑین تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سوائے اپنی بیوی کے —

أو ما ملكت يمينك قال قلت يا رسول الله إذا كان القوم
بعضهم في بعض قال صلى الله عليه وسلم إن استطعت أن لا يرينها
أحد فلا يرينها قال قلت يا رسول الله إذا كان أحدنا خاليا قال
صلى الله عليه وسلم الله أحق أن يستحيى منه من الناس وروى
أبو داود بإسناده عن أبي سعيد الخدري عن أبيه عن
النبي صلى الله عليه وسلم قال لا ينظر الرجل إلى عورة الرجل
ولا تنظر المرأة إلى عورة المرأة ولا يفضي الرجل إلى الرجل في
ثوب ولا تفضي المرأة إلى المرأة في ثوب أما حالة الغسل في
موضع خال لا يراه أحد فيكره أن يغتسل بلا مئزر لما روى
أبو داود بإسناده عن عطاء عن يعلى ابن أمية رض قال يعلى
إن رسول الله صلى الله عليه وسلم رأى رجلا يغتسل بلا إزار
فصعد المنبر فحمد الله تعالى وأثنى عليه وقال إن الله حيي
ستير يحب الستر والحياء فإذا اغتسل أحدكم فليستتر وأما
إن دخل الماء للغسل أو لغيره فيكره أيضا بلا مئزر لأن للماء
سكانا لما روى جابر بن عبد الله عن النبي صلى الله عليه وسلم
أنه نهى أن يدخل الماء بلا مئزر وعن الحسن أنه قال للماء
سكان وإن أحق من استحيى من سكانه نحن **فصل**
وقد رخص الإمام أحمد رحمه الله في ذلك في رواية أخرى وأنه
لا يكره ذلك لأنه سئل عن رجل كان عند نهر ليس ثم أحد
قال أرجو ومعنى ذلك أنه لا يكون به بأس في الأولى والأصح
ما تقدم من النهي **فصل** في لبس الخاتم واتخاذه عن أبي
داود بإسناده عن أنس بن مالك قال أراد رسول الله صلى الله
عليه وسلم أن يكتب إلى بعض الأعاجم فقيل لا يقرؤن كتابا
إلا بالخاتم فاتخذ خاتما من فضة ونقش فيه محمد رسول
الله وعن أنس قال كان خاتم رسول الله صلى الله عليه وسلم
من فضة كله فصه منه وفي لفظ عن أنس أنه قال كان
خاتم رسول الله صلى الله عليه وسلم من ورق فصه حبشي
وروى أبو داود بإسناده عن نافع عن ابن عمر رض قال اتخذ
رسول الله صلى الله عليه وسلم خاتما من ذهب وجعل فصه

یا اُس لونڈی سے جسکا تو مالک ہو دوسری سب عورتوں وغیرہ سے اپنی شرمگاہ کو محفوظ
رکھو میں نے عرض کیا یا رسول اللہ جب کسی قوم کے لوگ انکا بعض بعض میں اکٹھے ہوں تو پھر کیا
کیا جاوے) آپنے فرمایا اگر تجھے طاقت ہے کہ اُسے کوئی نہ دیکھ سکے تو کوئی نہ دیکھے میں نے عرض
کیا جب ہم میں سے کوئی اکیلا ہو تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالی زیادہ لائق ہے
لوگوں سے کہ اُس سے حیا کیا جاوے اور ابوداؤد نے اپنے اسناد سے ابو سعید خدری سے روایت کیا اُسنے
اپنے باپ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپنے فرمایا ایک مرد دوسرے مرد کی شرمگاہ
کی طرف نہ دیکھے اور ایک عورت دوسری عورت کی شرمگاہ کی طرف نہ دیکھے اور ایک
مرد دوسرے مرد کے ساتھ ایک کپڑے میں اکٹھا نہ ہو اور ایک عورت دوسری عورت کے ساتھ
ایک کپڑے میں اکٹھی نہ ہو اور ایسی جگہ میں جو بالکل خالی ہو اور اُسے کوئی نہ دیکھے غسل
کرنے کی حالت میں سوا تہ بند کے غسل کرنا مکروہ ہے اسلیے کہ ابوداؤد نے اپنی اسناد سے عطاء
سے اُسنے یعلی بن امیہ سے روایت کیا ہے یعلی نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو
دیکھا کہ بغیر تہ بند کے نہا رہا ہے تو آپ منبر پر چڑھے اور اللہ تعالی کی حمد کی اور اُسپر ثنا کہی اور فرمایا
بیشک اللہ تعالی شرم والا بہت پردہ کرنیوالا ہے ستر اور حیا کو پسند کرتا ہے تو جب کوئی تم میں
سے غسل کرے تو ستر کرے اور اگر پانی میں نہانے کے لیے یا کسی اور ضرورت کے لیے داخل ہو تو بھی بغیر
تہ بند کے مکروہ ہے کیونکہ پانی میں بھی رہنے والی چیزیں ہیں اسلیے کہ جو جابر بن عبد اللہ نے
نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ آپنے پانی میں بغیر تہ بند کے داخل ہونے سے منع فرمایا اور
حسن سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا پانی کے بھی رہنے والے ہیں اور بیشک بہت لائق ان لوگوں سے جو اسکے
رہنے والوں سے ستر کرتے ہیں البتہ ہم ہیں **فصل** اور امام احمد نے دوسری روایت میں اسمیں رخصت
دی ہے اور کہا یہ مکروہ نہیں کیونکہ وہ ایک شخص کی بابت جو نہر کے نزدیک تھا اور اُسکو کوئی نہ دیکھتا تھا
سوال کیے گئے تو فرمایا میں امید کرتا ہوں یعنی اسکے معنے یہ ہیں کہ اُسکو کوئی خوف نہیں اور بہتر اور صحیح
وہ ہے جو اسکی ممانعت پہلے ذکر ہو چکی ہے **فصل** انگوٹھی کے پہننے اور اسکے پکڑنے میں
ابوداؤد نے اپنی اسناد سے انس بن مالک سے روایت کرتے ہیں کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارادہ کیا
کہ بعض عجمیوں کی طرف خط لکھیں تو آپ سے کہا گیا کہ وہ لوگ سوا مہر کے خط نہیں پڑھتے تو
آپنے چاندی کی انگوٹھی بنوائی اور اُس میں محمد رسول اللہ کھدوایا۔ اور انس رضہ سے
مروی ہے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی انگوٹھی چاندی کی تھی اور اُسکا نگینہ
بھی اُسی کا تھا اور ایک روایت میں انس رض سے یوں ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی
انگوٹھی چاندی کی تھی اُسکا نگینہ حبشی تھا اور ابوداؤد نے اپنی اسناد سے روایت کیا
اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر رضہ سے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے سونے کی
انگوٹھی بنوائی اور اُسکا نگینہ

مِمَّا يَلِي بَطْنَ كَفِّهٖ وَنَقَشَ فِيْهِ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَاتَّخَذَ النَّاسُ
خَوَاتِيْمَ الذَّهَبِ فَلَمَّا رَاٰهُمْ اِتَّخَذُوْهَا رَمٰى بِهٖ وَقَالَ لَا اَلْبَسُهٗ
اَبَدًا ثُمَّ اتَّخَذَ خَاتَمًا مِنْ فِضَّةٍ وَنَقَشَ فِيْهِ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ
ثُمَّ لَبِسَ ذٰلِكَ الْخَاتَمَ بَعْدَهٗ اَبُوْبَكْرٍ رض ثُمَّ لَبِسَ بَعْدَ اَبِيْ بَكْرٍ عُمَرُ رض
ثُمَّ لَبِسَهٗ عُثْمَانُ رض حَتّٰى وَقَعَ فِيْ بِئْرِ اَرِيْسَ **فَصْلٌ**
وَيُكْرَهُ اِتِّخَاذُ الْخَاتَمِ مِنَ الْحَدِيْدِ وَالشَّبَهِ لِمَا رَوٰى اَبُوْدَاوٗدَ
بِاِسْنَادِهٖ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ
اِنَّ رَجُلًا جَآءَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ خَاتَمٌ
مِنْ شَبَهٍ فَقَالَ لَهٗ مَا لِيْ اَجِدُ مِنْكَ رِيْحَ الْاَصْنَامِ فَطَرَحَهٗ ثُمَّ
جَآءَ وَعَلَيْهِ خَاتَمٌ مِنْ حَدِيْدٍ فَقَالَ مَا لِيْ اَرٰى عَلَيْكَ حِلْيَةَ
اَهْلِ النَّارِ فَطَرَحَهٗ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مِنْ اَيِّ شَيْءٍ اَتَّخِذُهٗ
قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اتَّخِذْهُ مِنْ وَرِقٍ وَلَا تُتِمَّهٗ مِثْقَالًا
فَصْلٌ وَيُكْرَهُ التَّخَتُّمُ فِي الْوُسْطٰى وَالسَّبَّابَةِ لِمَا رُوِيَ
اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَلِيًّا رض عَنْ ذٰلِكَ
فَصْلٌ وَالْاِخْتِيَارُ التَّخَتُّمُ فِي الْيُسْرٰى وَفِي الْخِنْصِرِ لِمَا رَوٰى
اَبُوْدَاوٗدَ بِاِسْنَادِهٖ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
كَانَ يَتَخَتَّمُ فِيْ يَسَارِهٖ وَكَانَ فَصُّهٗ فِيْ بَاطِنِ كَفِّهٖ وَرُوِيَ ذٰلِكَ
عَنْ اَكْثَرِ السَّلَفِ الصَّالِحِ وَلِاَنَّ خِلَافَ ذٰلِكَ عَادَةٌ وَشِعَارُ
الْمُبْتَدِعَةِ وَلِاَنَّ الْمُسْتَحَبَّ اَنْ يَكُوْنَ تَنَاوُلُ الْاَشْيَآءِ
بِالْيَمِيْنِ لِيُوْضَعَ فِي الشِّمَالِ وَفِيْ ذٰلِكَ صِيَانَةٌ لِلْمَكْتُوْبِ
عَلَيْهِ مِنَ الْاَسْمَآءِ وَالْحُرُوْفِ وَقَدْ رُوِيَ عَنْ عَلِيٍّ اَنَّ النَّبِيَّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَخَتَّمُ فِيْ يَمِيْنِهٖ فَعَلٰى هٰذَا الْيَمِيْنُ
وَالْيَسَارُ سَوَآءٌ وَالْاِخْتِيَارُ الْاَوَّلُ **فَصْلٌ** فِيْ اٰدَابِ
الْخَلَآءِ وَالْاِسْتِنْجَآءِ اِذَا اَرَادَ دُخُوْلَ الْخَلَآءِ نَحّٰى عَنْهُ مَا
كَانَ فِيْهِ ذِكْرُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ كَالْخَاتَمِ وَالتَّعْوِيْذِ وَغَيْرِهِمَا وَيُقَدِّمُ
رِجْلَهُ الْيُسْرٰى وَيُؤَخِّرُ الْيُمْنٰى وَيَقُوْلُ بِسْمِ اللّٰهِ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ
مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَآئِثِ وَمِنَ الرِّجْسِ النَّجِسِ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ
لِمَا رُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ اِنَّ هٰذِهِ
الْحُشُوْشَ مُحْتَضَرَةٌ فَاسْتَعِيْذُوْا بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ وَ

اپنی ہتھیلی کے پیٹ کی طرف کیا اور اُسمین محمد رسول اللہ کہُدوایا تو لوگون نے بھی سونے
کی انگوٹھیاں بنوانی شروع کین جب آپنے انکو دیکھا کہ اُنھون نے سونے کی انگوٹھیان بنوانی
شروع کی ہین تو اسکو پھینک دیا اور فرمایا مین اسکو کبھی نہین پہنونگا پھر آپنے چاندی کی
انگوٹھی بنوائی اور اسپر محمد رسول اللہ کہُدوایا پھر آپکی اُس انگوٹھی کو ابوبکر رض نے پہنا پھر ابوبکر رض کے
پیچھے عمر رض نے پہنا پھر اسکو عثمان رض نے پہنا یہانتک کہ اریس کے کنوئین مین گر پڑی **فصل**
لوہے اور پیتل سے انگوٹھی بنوانا مکروہ ہے بسبب اسکے کہ ابوداؤد نے اپنی اسناد سے عبداللہ
بن بریدہ سے روایت کیا اُسنے اپنے باپ سے کہا ایک آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے
پاس آیا اور اُسپر پیتل کی انگوٹھی تھی تو آپنے فرمایا کیا سبب ہے کہ تجھ سے مین بتون
کی بو پاتا ہون تو اُسنے اسکو پھینک دیا پھر آیا اور اُسپر لوہے کی انگوٹھی تھی تو آپنے
فرمایا کیا باعث ہے کہ مین تجھ پر دوزخیون کا زیور دیکھتا ہون پس اُس نے اسکو
پھینک دیا پھر عرض کیا یا رسول اللہ مین کسچیز سے انگوٹھی بناؤن حضرت صلی اللہ علیہ
نے فرمایا تو چاندی کی انگوٹھی بنالے اور اسکو ایک مثقال پورا نکرو **فصل** اور
درمیان کی انگلی مین اور سبابہ مین انگوٹھی ڈالنی مکروہ ہے کیونکہ نبی صلے اللہ علیہ و
سلم نے علی رض کو اس سے منع فرمایا **فصل** اور بہتر امر بائین ہاتھ کی چھنگلی
انگلی مین انگوٹھی ڈالنا ہے بسبب اسکے کہ ابوداؤد نے اپنی اسناد سے عبداللہ بن
عمر رض سے روایت کیا کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنے بائین ہاتھ مین انگوٹھی پہنا
کرتے تھے اور اسکا نگینہ آپ کی ہتھیلی کی اندر کی طرف ہوتا تھا اور یہ روایت کیا گیا
ہے اکثر سلف صالح سے اور اسلیے کہ خلاف اسکا عادت اور نشانی بدعتیون کی ہے اور اس
لیے کہ مستحب ہے کہ چیزون کا پکڑنا داہنے ہاتھ سے ہو اسلیے اسکو بائین ہاتھ مین رکھے
اور اسمین انگوٹھی کا بچاؤ ہے اور جو کچھ اُسپر نام اور حروف لکھے ہوئے ہونگے اُنکا
بھی بچاؤ ہے اور تحقیق روایت کی گئی ہے علی رض سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنے
داہنے ہاتھ مین انگوٹھی پہنا کرتے تھے پس اس روایت پر داہنا ہاتھ اور بایان ہاتھ
برابر ہین اور پسندیدہ پہلا ہے **فصل** قضاحاجت بیٹھنے اور استنجا کرنے کے آداب کے
بیان مین جب پائخانہ مین داخل ہونے کا ارادہ کرے تو جس چیز پر اللہ کا نام لکھا
ہو اسکو اپنے پاس سے علیحدہ کر دے جیسے انگوٹھی اور تعویذ وغیرہ اور اپنے بائین پاؤن
کو آگے کرے اور داہنے پاؤن کو پیچھے کرے اور کہے بسم اللہ مین جنون اور جنیون سے
اور پلید نجس شیطان مردود سے اسکی پناہ لیتا ہون کیونکہ نبی صلے اللہ
علیہ وسلم سے مروی ہے کہ آپنے فرمایا بیشک ان پائخانہ کی جگہون مین شیطان
حاضر کیے جاتے ہین پس تم شیطان سے اللہ تعالی کی پناہ لو۔ اور

وليقل احدكم اعوذ بالله من الرجس النجس الخبيث الشيطان الرجيم ويكون مغطى الراس مستطرقا ولا يرفع ثوبه حتى يدنو من الارض ويكون اعتماده على رجله اليسرى لانه اسهل لخروج الخارج ولا يتكلم ولا يرد على من يسلم عليه ولا يجيب مكلما ويحمد الله في قلبه عند العطاس ولا يرفع راسه الى السماء ولا ينفصل مما يخرج منه ولا من غيره ويبعد من الناس ويهيئ موضعا مستقلا لخروج البول لئلا يترشش عليه ولا يرى عورته احد فان كان الموضع صلبا او مهب الريح الصق راس ذكره بالارض فان كان في الصحراء لم يستقبل القبلة ولم يستدبرها بل يشرق او يغرب كما جاء في الخبر ولا يستقبل الشمس والقمر ولا يبل في جحر ولا تحت شجرة مثمرة ولا غير مثمرة لانه قد يستظل بظلها فيتلوث ثيابهم وقد يسقط من ثمرتها فيتنجس ولا في طريق ولا في مشرعة نهر ولا في فناء حائط لان بذلك يستحق اللعنة كما ورد في الخبر ولا يذكر الله في موضعه بالقرآن ولا بغيره تنزيها لاسمه عز وجل ولا يزيد على بسم الله والتعوذ من الشيطان على ما ذكرنا فاذا فرغ قال الحمد لله الذي اذهب عني الاذى وعافاني غفرانك ثم يقوم عن موضعه الى موضع طاهر ولا يستنجي هناك لئلا تتلوث يده بالنجاسة او يرش الماء على يديه وثيابه ثم ينظر فان كان الخارج لم ينتشر عن المخرج الا بمقدار ما جرت العادة به كان مخيرا بين الاستجمار بجامد وبين الاستنجاء بالماء فان اختار الجامد فالاختيار الحجر وعدده ثلثة احجار ان كان لم يستجمر بهن احد من قبل طاهرة فياخذ حجرا منها بيمينه فيبدأ بالقبل بعد ان يسحب اصل ذكره الى راسه وينتره ثلثا بيده اليسار متنحنحا ليتحقق استفراغ البول بذلك فهو الاستبراء وياخذ ذكره بشماله ويمده على الحجر الذي في يمينه ويمسحه حتى يرى موضعه جافا فيفعل كذلك ثلثا بثلثة احجار وان لم يقدر على الاحجار فبثلث خرق او خزف او مدر او ثلث خشبات

اور چاہیے کہ تم میں سے ہر ایک کہے میں پلید نجس خبیث شیطان مردود سے اللہ کی پناہ لیتا ہوں اور اپنا سر ڈھانپے ہوئے پردہ کیے ہوئے ہو اور اپنا کپڑا نہ اٹھائے یہانتک کہ زمین کے قریب ہو جائے اور اسکا زور اپنے بائیں پاؤں پر ہو کیونکہ نکلنے والی چیز (یعنے سفل) کے نکلنے کیلیے یہ طریقہ بہت آسان ہے اور کلام نہ کرے اور جو شخص اسپر سلام کہے اسکو جواب بھی نہ دیوے اور کلام کرنیوالے کو بھی جواب نہ دیوے اور چھینکنے کے وقت اپنے دل میں الحمد للہ کہے اور آسمان کی طرف اپنا سر نہ اٹھاوے اور جو چیز اس سے نکلے اور اس چیز سے جو دوسرے سے نکلی نہ ہنسے اور لوگوں سے دور ہو اور علیحدہ ایک نرم جگہ بول کے لئے تیار کرے تاکہ چھینٹیں اسپر نہ پڑیں اور اپنا ستر کسی کو نہ دکھاوے پس اگر جگہ سخت ہو یا ہوا چلنے کی جگہ ہو تو اپنے ذکر کے سر کو زمین سے ملاوے اور اگر جنگل میں ہو تو قبلہ کی طرف منہ نہ کرے اور نہ اسکی طرف پیٹھ کرے بلکہ مشرق کو یا مغرب کو کرے جیسا کہ حدیث میں آیا ہے اور سورج اور چاند کی طرف منہ نہ کرے اور کسی سوراخ میں اور کسی درخت پھلدار اور بے پھل کے نیچے بول نہ کرے کیونکہ کبھی اسکے سایہ میں آرام کیا جاتا ہے اور لوگوں کے کپڑے بھر جاینگے اور کبھی اسکے میوے میں کچھ گر پڑتا ہے تو وہ پلید ہو جاویگا اور نہ رستہ میں اور نہ دریا کے گھاٹ میں اور نہ دیوار کے سایہ میں کیونکہ اُس سے لعنت کا مستحق ہوتا ہے جیسا کہ حدیث میں آیا ہے اور پاخانہ کی جگہ میں اللہ کا ذکر خواہ قرآن ہو یا کچھ اور نہ کرے تاکہ اللہ عزوجل کا نام پاک پلید جگہ سے بچا رہے اور بسم اللہ اور اعوذ سے کچھ زیادہ نہ پڑھے (لیکن یہ بھی پاخانے سے باہر پڑھے) جیسا کہ ہمنے ذکر کیا پس جب فارغ ہو تو کہے سب تعریف اللہ کو ہے جسنے مجھ سے تکلیف دور کی اور مجھکو آرام دیا میں تجھ سے بخشش مانگتا ہوں پھر اپنی جگہ سے پاک جگہ کی طرف کھڑا ہو اور اسی جگہ استنجا نہ کرے تاکہ اسکا ہاتھ نجاست سے نہ بھر جاوے یا پانی کی چھینٹیں اسکے بدن اور کپڑوں پر نہ پڑیں پھر دیکھے پس اگر نکلنے والی چیز مخرج سے باہر نہیں پھیلی مگر اسی قدر جسپر عادت جاری ہے تو اسے خشک چیز سے ڈھیلہ کرنے میں اور پانی سے استنجا کرنے میں اختیار ہے پس اگر وہ خشک ڈھیلہ پسند کرے تو پتھر بہتر ہے اور گنتی اسکی تین پتھر ہیں اگر کسی نے اس سے پہلے انکے ساتھ ڈھیلہ نہ کیا ہو حالانکہ وہ پاک ہوں پس ایک پتھر ان میں سے اپنے داہنے ہاتھ میں پکڑے پس اگلی طرف سے شروع کرے لیکن بعد اسکے کہ اپنے ذکر کی جڑھ کو اسکے سر تک مسح کر لے اور اسکو تین بار اپنے بائیں ہاتھ سے کھنکارتا ہوا پاک کرے تاکہ بول کا نکلنا اس سے یقینی ہو جاوے پس یہ بول سے بچنا ہے اور اپنے ذکر کو اپنے بائیں ہاتھ سے پکڑے اور اسکو اس پتھر پر جو اسکے داہنے ہاتھ میں ہے ملے اور اسکو ملے یہانتک کہ منہ کی جگہ کو خشک دیکھے اسیطرح تین بار تین پتھروں سے خشک کرے اور اگر تین پتھروں پر قادر نہ ہو پس کپڑے کے تین ٹکڑوں یا ٹھیکروں یا مٹی کی تین ڈھیلوں سے کرے

من تراب او مسحه على الارض او الحائط عند عدم هذه
الاشياء حتى يرى الجفاف والنشافة عن اثر كل مسحة
فاذا اكمل ذلك فقد سقط عنه حكم القبل وينبغي ان يحذر
عن مد الذكر في الاستبراء من موضع الحشفة لانه قد
يبقى البول في قصبة الاحليل ثم يخرج بعد فراغه عن
الوضوء فيبطل وضوءه ولهذا شرع في حقه ان يخطو
خطوات قبل الاستبراء والتنحنح خوفا من بقاء شيء من
البول في الاحليل واما الدبر فيأخذ الحجر بشماله و
يمسحه على المسربة من مقدمها الى ان يبلغ الى مؤخرها
ثم يرمي به ثم يأخذ الحجر الثاني ويبدأ به من مؤخرها
فيمسحها الى ان يبلغ مقدمها ثم يرمي به ثم يأخذ
الحجر الثالث فيديره حول المسربة فيرمي به وقد
حصل بذلك الاجزاء فان لم ينق بان تأتي على الحجر
الاخير بلة زاد الى خمسة فان لم ينق بذلك زاد الى
سبعة او تسعة ولا يقطعه الا على وتر وان نقي بحجر
واحد او باثنين زاد الى ثلاثة لان الشرع بذلك ورد وقد
ذكر في الاستنجاء صفة اخرى وهو ان يأخذ الحجر بشماله
فيضعه على مقدم صفحته اليمنى ثم يمره الى مؤخرها
ثم يديره على اليسرى فيمره عليها الى مؤخرها حتى يبلغ
الموضع الذي بدأ منه ويأخذ حجرا آخر فيمره من مقدم
صفحته اليسرى كذلك ثم يأخذ حجرا آخر فيمسح به
الوسط والكل جائز فقد جاء في الاثر ان رجلا قال لبعض
الصحابة من الاعراب وقد خاصمه لا احسبك انك
تحسن الخراءة فقال بلى وابيك اني بها لحاذق قال
فصفها لي قال ابعد الاثر واعد المدر واستقبل
الشيح واستدبر الريح واقع اقعاء الظبي واجفل اجفال
النعام اما الشيح فهو نبت طيب الريح يكون بالبادية
والاقعاء ههنا الاستيفاز على صدور قدميه و
الاجفال رفعه عجزه عن الارض **فصل** ولا يستقبل

یا اسکو زمین پر یا دیوار پر ملے لیکن اسوقت جب یہ چیزین نکو موجود نہ ہون یہان تک
کہ ہر بار ملنے کے بعد خشکی اور تری کو دیکھے جب یہ کام کرے تو اس سے اگلی طرف کا حکم
ساقط ہوگیا اور واجب ہے کہ استبرا مین حشفہ کی جگہ سے ذکر کے کھینچنے سے
بچے کیونکہ کبہی بول ذکر کی نلی کو سوراخ مین رہجاتا ہے پہر اسکے وضو کو فارغ ہونے
کے بعد نکلتا ہے اور اسکا وضو باطل ہوجاتا ہے اور اسی واسطے اسکے حق مین
پاک کرنیکے پہلے کچہ قدم چلنا مشروع کیا گیا ہے اور کہنکارنا کچہ بول باقی رہجانے
کی خوف سے ذکر کے سوراخ مین لیکن پچہلی طرف پس بائین ہاتہ مین پتہر پکڑے اور
اسکو مقعد کے سوراخ پر اسکی اگلی طرف سے ملے یہان تک کہ اسکے پیچہے تک پہونچے
پہر اسکو پہینکدے پہر دوسرا پتہر پکڑے اور اس سے مقعد کی پچہلی طرف سے شروع
کرے پس اسکو ملے یہانتک کہ اسکے آگے تک پہونچے پہر اسکو پہینکدے پہر تیسرا پتہر
پکڑے پہر اسکو مقعد کے سوراخ کے گرد پہیرے پہر اسکو پہینکدے اور تحقیق اس سے
کفایت حاصل ہوگئی پس اگر صاف نہو باین طور کہ اخیر پتہر پر کچہ تری دیکہے تو
پانچ پتہر تک زیادہ کرے اور اگر اس سے بہی پاک نہو تو سات یا نو تک زیادہ کرے
اور طاق پر ہی قطع کرے۔ (یعنے ختم کرے) اور ایک ہی پتہر یا دو سے پاک
ہوجاوے تو بہی تیسرے پتہر کو زیادہ کرے کیونکہ شریعت کا حکم اسی طرح وارد ہے اور
ڈہیلے کرنا اور طرح بہی مروی ہے وہ یہ ہے کہ پتہر کو اپنے بائین ہاتہ سے پکڑے اور
اسکو اپنی مقعد کی اگلی طرف کے داہنے کنارے پر رکہے پہر اسکو اسکے پیچہے تک
پہیرے پہر اسکو بائین طرف پہیرے پس وہ اسپر اسکے پیچہے تک پہیرے یہانتک
تک کہ اس جگہ تک پہونچے جس سے شروع کیا تہا اور ایک پتہر لے پس اس سے
اپنی مقعد کی اگلی طرف کے بائین کنارے پر اسی طرح سے پہیرے اور پتہر لے
پس اس سے مقعد کے درمیان کو ملے اور یہ سب جائز ہے پس تحقیق ایک اثر مین
آیا ہے کہ تحقیق ایک مرد نے بعض صحابہ کو اعراب مین سے جو اس سے جہگڑتا تہا
کہا مین تجہکو گمان نہین کرتا کہ تو پاخانہ بیٹہنا اچہی طرح جانتا ہو پس اسنے
کہا کیون نہین تیرے باپ کے سبب کی قسم تحقیق میں اسمین البتہ دانا ہون کہا
پس اسکو مجہہ سے بیان کر اسنے کہا مین قدم کو دور لیجاتا ہون اور ڈہیلے کو تیار
کرتا ہون اور گہانس شیح کو منہ کرتا ہون اور ہوا کو پیٹہ کرتا ہون اور ہرن کے بیٹہنے
کی طرح بیٹہتا ہون اور شترمرغ کیطرح چوتڑ اونچے کرتا ہون مگر شیح پس وہ ایک خوشبو
دار گہانس ہے جنگل مین ہوتا ہے اور اقعا کا معنے اسجگہ اپنے دونو پاؤن کے سینون پر بیٹہنا ہے
اور اجفال اپنے چوتڑون کا زمین سے بلند کرنا ہے **فصل** اور استنجا کرنا

بالماء أن يمسك قضيبه بيده اليسرى ويطرح الماء باليمنى
فيغسله سبعا بعد الاستبراء والتنحنح وفصل إنزعاج على
ما ذكرناه وقد شبه فقهاء المدينة الذكر بالضرع ولا
يزال يخرج منه الشيء بعد الشيء ما دام الرجل يمده فإذا
وقع الماء على الذكر انقطع البول وأما الدبر فيباشر المحل
بيده اليسرى ويصب الماء باليمنى فيتابع صبه و
يسترخي قليلا ويجيد ذلك الموضع بيده حتى يتيقن
نظافته وينقى ولا يلزمه غسل باطن المخرجين لأن ذلك
مما يعفى عنه في الشرع ولا عليه الاستنجاء من الريح والفضيلة
في الجمع بين الاستجمار بالجامد والماء فإن اختصر على الحجر
أجزأه لكن استعمال الماء أولى في الجملة لأنه قيل إذا لم
يستنج بالماء اعتراه الوسواس ولهذا قيل إن قوما من
الشعراء لا يستنجون بالماء لأن كلام الحاد الفحش يجيء
بذلك فهو سببه نعوذ بالله من كلام يثمره القذر و
النتن **فصل** وأما إذا انتشرت النجاسة إلى معظم
حشفته في القبل والصفحتين في الدبر لم يجزئه غير الماء لأنها
خرجت من محل الترخص فصارت كالنجاسة التي على بقية
البدن من الفخذ والصدر وغيرهما ولا تزول إلا بالماء
فصل وصفة ما يجوز به الاستجمار أن يكون جامدا
طاهرا منقيا غير مطعوم لا حرمة له وغير متصل بحيوان
ولا يجوز بالروث والرمة لأنهما من طعام الجن ولا
بشيء من زجاج يلطخ فلا ينقي كالحممة والزجاجة والحصاة
الملساء **فصل** ويجب ما ذكرنا من الاستجمار بجميع
ما يخرج من السبيلين سوى الريح وذلك كالغائط والدود
والحصاة والدم والمدة والشعر وأما الذكر فالخارج
منه خمسة أشياء أحدها البول والثاني المذي وهو
ماء أبيض رقيق يخرج عند اللذة عند الملاعبة و
التذكار وحكمه حكم البول في زيادة غسل الذكر و
الأنثيين كما قال النبي صلى الله عليه وسلم في حديث

پانی سے یون ہی کہ اپنے ذکر کو اپنے بائین ہاتھ سے پکڑے اور داہنے ہاتھ سے پانی ڈالے
پس اسکو بعد پاک کرنے اور کہنکارنے اور ہی سے نکالنے کے جیسا ہمنے بیان کیا
اور تحقیق مدینہ کے فقہانے ذکر کی مشابہت پستان سے دی ہی اور ہمیشہ اُس سے کچھ
دکچھ نکلتا رہتا ہی جب تک مرد اسکو کھینچتا رہے پھر جب ذکر پر پانی پڑجاتا ہی تو بول
منقطع ہوجاتا ہی ولیکن دبر پس اُس جگہہ کو اپنے بائین ہاتھ سے ملے اور داہنے
ہاتھ سے پانی ڈالے اور پے درپے پانی ڈالے اور دبر کو تھوڑا سا ڈھیلا کرے اور
اُس جگہ کو اپنے ہاتھ سے خوب ملے یہان تک کہ اسکے صاف ہوجانے کا یقین ہو جاوے
اور پاک ہوجاوے اور اسکو دونو مخرجون کا اندر دہونا لازم نہین کیونکہ یہ ان چیزون
سے ہی جس سے شریعت مین معافی کیگئی ہے اور ہوا کے نکلنے سی اسپر استنجا کرنا واجب نہین
اور خشک ڈھیلون اور پانی دونوکو جمع کرنے مین فضیلت ہے پس اگر پتھر پر ہی اختصار
کرے تو اُسے کافی ہوگا لیکن پانی کا استعمال کرنا ہر حال مین بہتر ہے کیونکہ کہا گیا
ہی کہ جب پانی سے استنجا نہ کرے تو اسکو وسواس پیدا ہوگا اور اسی لیے کہا گیا ہے
کہ تحقیق ایک قوم شاعرون مین سے پانی سے استنجا نہین کرتے کیونکہ نالائق اور بیہودہ
کلام اس سے آتی ہی پس اسکا یہی سبب ہے ایسے کلام کہ جو گندگی اور پلیدی کا پھل
ہو ہم اسکی پناہ لیتے ہین **فصل** لیکن جب پلیدی اسکی سر حشفہ تک اور دونو
طرف تک اسکی دبر مین پھیل جاوے تو سوا پانی کے اسے کچھہ کافی نہ ہوسکیگا کیونکہ یہ
نجاست رخصت کے محل سے نکل گئی ہے پس یہ نجاست اس نجاست کی طرح ہوگی جو
باقی بدن یعنی ران اور سینہ وغیرہ پر ہو اور یہ پلیدی بجز پانی کے دور نہین ہوسکتی
فصل اور جس چیز سے ڈھیلہ کرنا جائز ہی اسکی صفت یہ ہے کہ وہ خشک اور پاک
ہو اور صاف کرنیوالا ہو اُن چیزون مین سے نہ ہو جو کھائی جاتی مین اسکی کچھہ بزرگی
اور عزت نہ ہو اور کسی جاندار سے ملا ہوا نہ ہو اور گوبر اور ہڈی سے درست نہین کیونکہ یہ دونو جنون
کی خوراک ہین اور ایسی چیز سے بھی درست نہین جو چمٹنے والی اور بدن کو پھسلنے والی ہو جیسے
کوئلے اور شیشہ اور صاف کنکریون سے صفائی نہ کرے **فصل** اور جو کچھہ ہمنے استنجا کی
بابت بیان کیا واجب ہے یعنے اُن سب چیزون سے استنجا کرنا ضروری ہے جو سوا ہوا کے
دونو رستون سے نکلین اور وہ چیزین جیسے پاخانہ اور کیڑا اور کنکرا اور لہو اور پیپ اور بال اور ہیں
ذکر سے نکلنے والی پانچ چیزین ہین انمین سے ایک تو بول ہے اور دوسری مذی ہے اور وہ سفید پتلا
پانی ہوتا ہے جو عورت کے ساتھ خوشطبعی کرنیکے وقت جب لذت پیدا ہو تو اسوقت
نکلتا ہے یا جب اسکو یاد کیا جاوے تو تب نکلتا ہے اور اسکا حکم بول کا حکم ہے اور ذکر اور دونو
خصیون کو دہونا اسمین زیادہ ہے جیسا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رض کی حدیث مین

على دم ذلك ماء الفحل ولكل فحل ماء فليغسل ذكره وانثييه
وليتوضأ وضوءه للصلوة والثالث الودي وهو ماء
ابيض خاثر يخرج باثر البول حكمه حكم البول فقط و
الرابع المني وهو الماء الابيض الدافق عند اللذة الكبرى
بالجماع او الاحتلام وقد يكون اصفر عند قوة الرجل
وقد يكون احمر عند كثرة الجماع وقد يكون رقيقا عند
ضعف البنية والقوة ويعلم بالرائحة كرائحة الطلع و
العجين وهو طاهر في اشهر الروايتين وموجب غسل
جميع البدن وماء المرأة رقيق اصفر والخامس الريح يخرج
من القبل نادرا كما يخرج من الدبر **فصل** في كيفية
الطهارة الكبرى وهي على ضربين كامل ومجزئ اما
الكامل فهو ان ياتي بالنية وهو اعتقاد رفع الحدث
الاكبر او الجنابة فان تلفظ به مع اعتقاده بقلبه كان
افضل ويسمي عند اخذ الماء ويغسل يديه ثلثا ويغسل
ما به من الاذى ثم يتوضأ وضوءه كاملا ويؤخر غسل
قدميه ويحثي على رأسه ثلاث حثيات من الماء يروي
بها اصول شعره ويفيض الماء على سائر جسده ثلاثا و
يدلك بدنه بيديه ويتبع المغابن وعضون البدن
ويتحقق حصول الماء عليها لقوله صلى الله عليه وسلم
بلوا الشعر وانقوا البشرة فان تحت كل شعرة جنابة و
يبدأ بشقه الايمن ويتنقل من موضع غسله فيغسل
قدميه فان سلم في خلال ذلك من نواقض الطهارة
الصغرى جاز له ان يصلي بهذه الطهارة لانه اتى
له برفع الحدثين جميعا فلا احدث للصلوة وضوءا
والاصل في جميع ذلك ما روي عن عائشة انها قالت
كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا اراد الغسل من
الجنابة يغسل يديه ثلثا ثم ياخذ بيمينه فيصب
على شماله ثم يمضمض ويستنشق ثلثا ويغسل
وجهه ثلثا وذراعيه ثلثا ثم يصب على رأسه الماء

فرمایا یہ پانی رنگا ہے اور ہر ایک نر کے لیے پانی ہوتا ہے پس چاہیے کہ اپنا ذکر اور دونوں خصیے
دہو ڈالے اور نماز کے وضو کی طرح وضو کرے اور تیسری ودی ہے اور وہ سفید بہاری پانی ہے
جو بول کے پیچھے نکلتا ہے پس اُسکا حکم صرف بول کا سا حکم ہے اور چوتھی منی ہے اور وہ سفید
پانی ہوتا ہے جو جماع یا احتلام مین بڑی لذت کے وقت اچھلتا ہوا نکلتا ہے اور کبھی مرد
کی کثرت طاقت کے وقت زرد ہوتا ہے اور کبھی جماع کی کثرت کے سبب سرخ ہوتا ہے
اور کبھی ضعف بدن اور ضعف قوت کے وقت پتلا ہوتا ہے اور اُسکی بو سے جو کھجور کے
شگوفے کی طرح ہوتی ہے وہ معلوم کیا جا سکتا ہے اور دو روایتوں مین جو مشہور روایت
مین وہ پاک ہے اور اُسکا حکم تمام بدن کا غسل کرنا ہے اور عورت کی منی پتلی زرد ہوتی
ہے اور پانچوین ہوا ہے کہ کبھی آگے سے بھی نکلتی ہے جیسے دبر سے نکلتی ہے۔
فصل بڑی طہارت کی کیفیت مین اور وہ دو قسم پر ہے ایک کامل دوسری کفایت
کرنیوالی لیکن کامل پس وہ یہ ہے کہ نیت کرے اور وہ بڑی حدث یا جنابت کے دور کرنیکا
اعتقاد کرنا ہے پس اگر اُسکو زبان سے کہے باوجود اسکے کہ اپنے دل مین بھی اعتقاد
کرے تو یہ افضل ہے اور پانی لینے کے وقت بسم اللہ کہے اور اپنے دونوں ہاتھ تین بار
دہووے اور اگر اُنمین کچھ پلیدی ہو وہ بھی دہووے پھر اپنے وضو کی طرح کامل وضو
کرے اور اپنے دونون پاؤن کا دہونا پیچھے رکھے اور اپنے سر پر تین چلو پانی سے
ڈالے اپنے بالون کی جڑون کو اُس سے تر کرے اور باقی بدن پر تین بار پانی چھڑکے
اور اپنا بدن اپنے دونون ہاتھون سے ملے رانون کی پوشیدگیون اور بدن کے
شکنون کی پیروی کرے (یعنے کوشش سے دہووے) اور پانی کا اُنپر حاصل ہونا یعنے گذرنا
ثابت یعنے یقینی کرے بسبب فرمانے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بال کو تر کرو اور بدن
کو صاف کرو کیونکہ ہر بال کے نیچے جنابت ہے اور اپنی داہنی طرف سے شروع کرے اور اپنے
غسل کی جگہ سے ہٹ جائے اور اپنے دونوں پاؤن کو دہووے اگر اپنے غسل کرنیکے زمانہ مین چھوٹی
طہارت (یعنے وضو) کے توڑنے والی چیزون سے بچا رہے تو اس طہارت سے اُسے نماز پڑھنی
درست ہوگی کیونکہ ہم دونوں حدثوں کے اکٹھا ہی دور ہو جانے کا اُسکے لیے حکم
کرتے ہین اور اگر چھوٹی طہارت کے توڑنیوالی چیزون مین سے کوئی ایک بھی پائی جاوے تو نماز
کے لیے نیا وضو کرے اور اس تمام مذکورہ بالا کی دلیل وہ ہے جو حضرت عائشہ سے مروی ہے
اُنہون نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب غسل کا ارادہ کرتے تھے تو اپنے دونون ہاتھ تین
بار دہوتے تھے پھر اپنے داہنے ہاتھ مین پانی لیتے تھے اور اپنے بائین ہاتھ پر ڈالتے
تھے پھر کلی کرتے تھے اور تین بار ناک مین پانی ڈالتے تھے اور تین بار اپنا منہ
دہوتے تھے اور تین بار اپنی دونوں کہنیان دہوتے تھے پھر اپنے سر پر تین بار پانی ڈالتے

ثلاثاً ثم يغتسل فإذا خرج غسل قدميه وأما المجزئ فهو
أن يغتسل فرجه وينوي ويسمي ويعم بدنه بالغسل مع
المضمضة والاستنشاق لأنهما واجبان في الكبرى وفي
الصغرى روايتان أصحهما وجوبهما فيها أيضاً ولا يجوز له
أن يصلي بهذا الغسل لأنه لم ينو بالغسل الوضوء و
يتداخل بقية أفعال الوضوء في الغسل للعذر بالنية و
إذا عدمت النية لم يحصل له الوضوء فلا تصح الصلاة وقد
قال النبي صلى الله عليه وسلم لا صلاة لمن لا وضوء له بخلاف
الأول فإنه قد أتى فيه بالوضوء الكامل والسرف في استعمال
الماء غير مستحب والاقتصاد هو المحمود المندوب إليه وقلة
الكلام من أحكام الغسل والوضوء أفضل من الإسراف وقد روي
أن النبي صلى الله عليه وسلم توضأ بمد وهو رطل وثلث
واغتسل بصاع وهو أربعة أمداد **فصل** في الأذكار
المستحب ذكرها عند غسل الأعضاء يقول إذا فرغ من
الاستطابة اللهم نق قلبي من الشك والنفاق وحصن
فرجي من الفواحش ويقول عند التسمية أعوذ بك من
همزات الشياطين وأعوذ بك رب أن يحضرون ويقول
عند غسل يديه اللهم إني أسألك اليمن والبركة و
أعوذ بك من الشؤم والهلكة ويقول عند المضمضة
اللهم أعني على تلاوة القرآن كتابك وكثرة الذكر لك
ويقول عند الاستنشاق اللهم أوجدني رائحة الجنة
وأنت عني راض ويقول عند الاستنثار اللهم إني
أعوذ بك من روائح النار ومن سوء الدار ويقول عند غسل
وجهه اللهم بيض وجهي يوم تبيض وجوه أوليائك ولا
تسود وجهي يوم تسود وجوه أعدائك وعند غسل ذراعه
اليمنى اللهم آتني كتابي بيميني وحاسبني حساباً يسيراً و
عند غسل ذراعه اليسرى اللهم إني أعوذ بك أن تؤتيني
كتابي بشمالي أو من وراء ظهري ويقول عند مسح الرأس
اللهم غشني برحمتك وأنزل علي من بركاتك وأظلني تحت

پھر غسل کرتے تھے جب غسل کے مکان سے باہر آتے تو اپنے دونوں پاؤں کو دھوتے لیکن وہ
غسل جو کافی ہو سکتا ہے یہ ہے کہ اپنی شرمگاہ دھووے اور نیت کرے اور بسم اللہ کہے اور
اپنے بدن میں غسل عام کرے بمعہ اسکے کہ کلی کرے اور ناک میں بھی پانی ڈالے کیونکہ بڑی
طہارت میں یہ دونوں واجب ہیں اور چھوٹی طہارت میں دو روایتیں ہیں ان دونوں
میں سے زیادہ صحیح ان دونوں کا وضو میں بھی واجب ہونا ہے اور اس غسل سے اسکو نماز
پڑھنی درست نہیں مگر اس حالت میں درست ہوگی جب اسمیں غسل اور وضو دونوں
کی نیت کرے اور عذر کی حالت میں صرف نیت کر لینے سے ہی وضو کے باقی افعال
غسل میں داخل ہو جاوینگے اور جب نیت نہ ہو تو اسکا وضو نہ ہوگا اور نماز بھی
درست نہ ہوگی اور تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسکا وضو نہیں ہے
اسکی نماز درست نہیں برخلاف اول غسل کے کیونکہ اسمیں اسنے پورا وضو کیا ہے
اور پانی کے استعمال کرنے میں اسراف کرنا مستحب نہیں اور میانہ روی ہی محمود اور مستحب ہے
اور پانی کم استعمال کرنا اسراف سے بہتر ہے اور باوجودیکہ غسل اور وضو کے احکام بھی پورے طور
ادا ہو جاویں اور مروی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مد سے وضو کیا اور وہ قدر ایک رطل اور تیسرے حصہ
رطل کا ہے اور آپنے ایک صاع سے غسل کیا اور صاع چار مد کا ہوتا ہے **فصل** ان ذکروں کے بیان میں جنکا
اعضاء کو دھونیکے وقت ذکر کرنا مستحب ہے جب استنجا سے فارغ ہو تو کہے یا اللہ میرا دل شک
اور نفاق سے پاک کر اور میری شرمگاہ کو بیحیائیوں سے بچا اور بسم اللہ کہنے کے وقت کہے میں
شیطان کے وسوسوں سے تیری ہی پناہ لیتا ہوں اور اے میرے رب میں تیری پناہ لیتا
ہوں اس سے کہ وہ میرے پاس حاضر ہوویں اور اپنے دونوں ہاتھ دھونے کے وقت
کہے یا اللہ میں تجھ سے ہی یمن اور برکت کا خواستگار ہوں اور بدبختی اور ہلاکت سے
تیری ہی پناہ لیتا ہوں اور کلی کرنیکے وقت کہے یا اللہ اپنی کتاب قرآن مجید کے پڑھنے اور
اپنے ذکر کے زیادہ کرنے پر میری مدد کر اور ناک میں پانی ڈالنے کے وقت کہے یا اللہ مجھکو بہشت
کی خوشبو دیجیو اور تو مجھ سے راضی ہو اور ناک جھاڑنے کے وقت کہے یا اللہ میں دوزخ کی بدبو
اور گھر کی برائی سے تیری پناہ لیتا ہوں اور اپنے منہ کے دھونے کے وقت کہے یا اللہ جسدن
تیرے دوستوں کے منہ سفید ہونگے میرا منہ بھی سفید کیجیو اور جسدن تیرے دشمنوں کے
منہ سیاہ ہونگے میرا منہ سیاہ نہ کیجیو اور اپنے داہنے ہاتھ دھونے کے وقت کہے یا اللہ مجھکو
کتاب میری داہنے ہاتھ میں دیجیو اور میرا حساب آسان کیجیو اور اپنے بائیں ہاتھ کے
دھونیکے وقت کہے یا اللہ میں تیری ہی پناہ لیتا ہوں اس امر سے کہ تو میری کتاب
میرے بائیں ہاتھ میں یا میری پیٹھ کے پیچھے سے دیوے اور سر کا مسح کرنیکے وقت کہے
یا اللہ مجھکو اپنی رحمت سے ڈھانپ لے اور اپنی برکتیں مجھپر اتار اور اپنے عرش کے سایہ کے

ظل عرشك يوم لا ظل الا ظلك ويقول عند مسح الاذنين اللهم
اجعلني من الذين يستمعون القول فيتبعون احسنه اللهم
اسمعني منادي الجنة مع الابرار ثم يمسح عنقه فيقول اللهم
فك رقبتي من النار واعوذ بك من السلاسل والاغلال و
يقول عند غسل قدمه اليمنى اللهم ثبت قدمي على الصراط
مع اقدام المؤمنين ويقول عند غسل قدمه اليسرى اللهم
اني اعوذ بك ان تزل قدمي عن الصراط يوم تزل اقدام المنافقين
فاذا فرغ من وضوئه رفع راسه الى السماء ثم قال اشهد ان
لا اله الا الله وحده لا شريك له واشهد ان محمدا عبده و
رسوله سبحانك وبحمدك لا اله الا انت عملت سوءا وظلمت
نفسي استغفرك واسالك التوبة فاغفر لي وتب علي انك
انت التواب الرحيم اللهم اجعلني من التوابين واجعلني من
المتطهرين واجعلني صبورا شكورا واجعلني اذكرك واسبحك
بكرة واصيلا **فصل** في آداب اللباس وهو على خمسة
اضرب محرم على كل مكلف ومحرم على شخص دون شخص ومكروه
ومباح ومتنزه عنه فاما المحرم على كل مكلف فالمغصوب
واما المحرم على شخص دون شخص فالحرير مباح للنساء حرام
على البالغين الذكور وهل يباح ان يلبسوه البنين الصغار ام
لا على روايتين وكذلك في اباحة لبسه البالغين في قتال
المشركين وجهادهم روايتان فهذا هو الضرب المباح و
اما المكروه فهو اطالة الثوب الى حد يخرج الى الخيلاء
والكبر وكذلك ما فيه الحرير والقطن لا يعلم هل هما
نصفان او احدهما اكثر واما المتنزه عنه فهو كل لبسة
يكون بها مشتهرا بين الناس كالخروج عن عادة اهل
بلده وعشيرته فينبغي ان يلبس ما يلبسون في لباسهم
فيما يحق لئلا يشار اليه بالاصابع ويغتاب فيكون ذلك سببا
الى حملهم على غيبته فيشاركهم في اثم الغيبة له **فصل**
ولنا قسمان آخران احدهما واجب والآخر مندوب فاما
الواجب فعلى ضربين احدهما ما يرجع الى حق الله تعالى والثاني

سائے کے نیچے مجھکو سایہ دیجیو جس روز سوائے تیرے کے کوئی سایہ نہ ہوگا اور دونوں
کانوں کا مسح کرنے کے وقت کہے یا اللہ مجھکو اُن لوگوں میں سے کر جو بات کو سنتے ہیں اور بہتر
بہتر کی پیروی کرتے ہیں یا اللہ مجھکو نیکوکاروں کے ساتھ بہشت کے پکارنیوالے سنوا پھر اپنی
گردن کا مسح کرے اور کہے یا اللہ میری گردن کو دوزخ سے آزاد کر دے اور میں زنجیروں اور
طوقوں سے تیری پناہ لیتا ہوں اور اپنے داہنے پاؤں کے دھونے کے وقت کہے یا اللہ میرے قدم کو
پلصراط پر مومنوں کے قدموں کے ساتھ قائم رکھیو اور اپنے بائیں پاؤں کے دھونیکے وقت کہے
یا اللہ جس روز منافقوں کے پاؤں پلصراط سے پھسلینگے میں تیری پناہ لیتا ہوں اس امر
سے کہ میرا پاؤں بھی اُس سے پھسلے جب وضو سے فارغ ہو تو آسمان کی طرف اپنا سر اٹھاوے
اور کہے میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ بجز خدا کے کوئی معبود برحق نہیں وہ اکیلا ہے اسکا
کوئی شریک نہیں اور میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ محمد اسکے بندے اور رسول ہیں تو
پاک ہے اور اپنی تعریف کے ساتھ ہے سوائے تیرے کوئی معبود نہیں میں نے برا عمل کیا اور اپنی جان پر ظلم کیا
تجھ سے ہی بخشش مانگتا ہوں اور تجھ سے ہی توبہ مانگتا ہوں تو مجھکو بخشدے اور مجھپر رحم کر
بیشک تو ہی توبہ قبول کرنیوالا مہربان ہے یا اللہ مجھکو توبہ کرنیوالوں سے کر اور مجھکو پاکوں میں سے کر اور مجھکو
صابر شاکر کر اور مجھے ایسا کر دے کہ میں تیرا ذکر کروں اور صبح و شام تیری پاکی بیان کروں **فصل**
لباس کے آداب میں اور وہ پانچ قسم پر ہے پہلا ہر ایک مکلف پر حرام دوسرا ایک پر حرام دوسرے پر نہیں
اور مکروہ اور مباح اور جس سے پرہیز کی جاوے پس جو ہر ایک مکلف پر حرام ہے پس وہ غصب
کیا گیا ہے اور جو حرام ہے ایک شخص پر سوائے دوسرے شخص کے پس ریشم ہے کہ عورتوں کو مباح
ہے اور بالغ مردوں پر حرام ہے اور کیا چھوٹے لڑکوں کو اسکا پہننا مباح ہے یا نہیں اسمیں
دو روایتیں ہیں اور اسی طرح مشرکوں کی لڑائی میں بالغ مردوں کے پہننے کو مباح ہونے
میں دو روایتیں ہیں پس یہ قسم مباح ہے اور مکروہ پس وہ کپڑے کا ایسی حد پر لٹکانا
ہے جو فخر اور تکبر کی حد تک پہونچے اور جس میں ریشم اور روئی ہو اور یہ معلوم نہ ہو
کہ وہ دونوں نصف نصف ہیں یا اُن میں سے ایک دوسرے سے زیادہ ہے تو اسکا
بھی یہی حکم ہے اور وہ قسم جس سے پرہیز کی جاوے پس وہ لباس ہے جس سے لوگوں
میں مشہور ہو مثلاً اپنے شہر والوں اور قبیلہ کی عادت سے نکل جانا پس لائق یہی ہے
کہ جو کچھ وہ پہنیں یہ بھی وہی پہنے اور اُن سے عادت میں علیحدہ نہ ہو تاکہ
اسکی طرف انگلیوں سے اشارہ نہ کیا جاوے اور اسکی غیبت نہ کیجاوے ورنہ انکو غیبت
کرنے پر برانگیختہ کرنیکا سبب ہوگا اور انکو اپنی غیبت کے گناہ میں شریک کریگا **فصل**
اور ہمارے لیے دو قسمیں اور ہیں اُن میں سے ایک واجب ہے اور دوسرا مستحب ہے پس واجب
قسم ہے ایک اُن میں سے اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنا ہے اور دوسرا

الى حق الانسان خاصة فاما الذي لحق الله تعالى فهو ستر
العورة عن اعين الناس على ما بيناه في فصل التعري واما
الذي لحق الانسان فهو الذي يتوقى به من الحر والبرد
وانواع المضار فيجب عليه ذلك ولا يجوز تركه لان فيه عونا
على تلاف نفسه وذلك حرام واما المندوب فكذلك ينقسم
على قسمين احدهما في حق الله تعالى وهو الرداء اذا كان
في جماعة وجمع الناس فلا يعري منكبيه من شيء من
الثياب الجميلة كالاعياد والجمع وغير ذلك والقسم الثاني في
حق المخلوقين وهو ما يتجملون به بينهم من انواع الثياب
المباحة ولا يزدري لصاحبه ولا ينقص مروته بينهم ويكره
الاقتعاط وهو التعمم بغير الحنك ويستحب التلحي وهو
اذا كان بالحنك ويكره كل ما خالف زي العرب وشابه
زي الاعاجم وتطويل الذيل مكروه لانه ورد في الاثر
عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قال ازرة المسلم الى
نصف الساق ولا حرج ولا جناح فيما بين الكعبين وما كان
اسفل من الكعبين فهو في النار من جر ازاره بطرا لم ينظر
الله تعالى اليه ذكره ابو داود باسناده عن ابي سعيد الخدري
عن النبي صلى الله عليه وسلم واشتمال الصماء مكروه في
الصلوة وهو ان يلتحف بثوب ويجعل طرفيه على جانب فلا
يكون ليديه موضع مخرج منه ولذلك سمي الصماء وكذلك
يكره السدل وهو ان يترك وسط ردائه على اسه وباقيه
مسدل على ظهره وهو لبسة اليهود وكذلك يكره الاحتباء
وهو ان يجلس ويضم ركبتيه الى صدره ويدير ثوبه من
وراء ظهره الى ان يبلغ ركبتيه ويشده حتى يكون كالمعتمد
عليه والمستند اليه اذا لم يكن على ثوب لانه يؤدي
الى انكشاف عورته ولا باس بذلك اذا كان تحته ثوب و
كذلك يكره التلثم وتغطية الانف في الصلوة ويكره التشبه
بزي النساء للرجال وكذلك للنساء التشبه بزي الرجال
لان النبي صلى الله عليه وسلم لعن فاعله وهو متفق عليه

خاص انسان کے حق کی طرف سے جو کرنا ہے پس انمین سے جو اللہ کے حق کے لیے ہے پس وہ لوگون
کی آنکھون سے ستر کا ڈہانپنا ہے جیسا کہ ہمنے ننگے رہنے کے فصل مین بیان کر دیا اور جو
انسان کے حق کے لیے ہے پس وہ ہے کہ جس سے گرمی اور سردی اور کئی قسم کی تکلیفون سے بچاو کیا
جاتا ہے پس انسان پر یہ واجب ہے اور اسے ترک کر دینا درست نہین کیونکہ اسمین
اپنی جان کو ضائع کر دینے پر مدد کرنا لازم آتا ہے اور یہ حرام ہے اور مستحب پس اسی طرح وہ بھی
دو قسمون پر منقسم ہے ایک انمین سے اللہ تعالی کے حق مین ہے اور وہ چادر ہے جبکہ کسی جماعت
یا لوگون کے مجمع مین ہو تو اپنی کاندون کو عمدہ کپڑون سے برہنہ نکرے جیسے عیدین اور جمعہ
وغیرہ اور دوسری قسم مخلوقون کے حق مین ہے اور وہ ان مباح کپڑون کے اقسام مین جس سے
وہ زینت حاصل کرتے ہین اور اپنے صاحب کو حقیر نہ جانے اور ان مین اپنی مروت کو
کم نہ کرے اور اقتعاط مکروہ ہے اور وہ گلے کے بغیر عمامہ باندھنا ہے اور تلحی مستحب ہے
اور وہ یہ ہے کہ جب عمامہ کا پیچ گلے مین ہو اور ہر وہ چیز جو وضع عرب کے مخالف ہو
اور عجمیون کے لباس کے مشابہ ہو مکروہ ہے اور دامن ازار کا لنبا کرنا مکروہ ہے کیونکہ
حدیث مین جو نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے وارد ہے آپنے فرمایا مسلمان
کا تہ بند باندہنا پنڈلی تک ہے اور اسمین کچھ حرج نہین اور نہ گناہ ہے کہ دونو
ٹخنون کے درمیان ہو اور جو دونون ٹخنون کے نیچے ہو پس وہ دوزخ مین ہے
جو شخص اپنے تہ بند کو تکبر سے کھینچے اللہ تعالے اسکی طرف نہین دیکھے گا اسکو
ابو داؤد نے اپنی اسناد سے ابو سعید خدری سے اُنہونے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے بیان
کیا اور نماز مین اشتمال صما مکروہ ہے اور وہ یہ ہے کہ کپڑا بدن پر لپیٹے اور اسکی دونون
طرفین ایک طرف کر دے اور اسکے ہاتہ کے لیے کوئی رستہ نہ رہے جس سے وہ کپڑے کے
باہر نکل سکے اور اسی لیے اسکا نام صما رکہا گیا اور اسی طرح سدل بھی مکروہ ہے
اور وہ یہ ہے کہ اپنی چادر کے درمیان کو اپنے سر پر چھوڑ دیوے اور اسکا باقی حصہ
پیٹھ پر لٹکایا گیا ہو اور یہ یہودیون کا لباس ہے اور اسیطرح گوٹھ مارنی بھی مکروہ ہے
اور وہ یہ ہے کہ بیٹھے اور اپنے دونون گھٹنے اپنے سینے سے ملا دیوے اور کپڑا اپنی پیٹھ کے پیچھے سے
پھیرے یہانتک کہ اسکے دونون گھٹنون تک پہونچ جاوے اور اسکو سخت کرے یہانتک کہ
ایسا ہو جاوے گویا اسپر اعتماد کرنیوالا ہے یا اسپر تکیہ لگانیوالا ہے جبکہ کہ یہ کپڑون پر نہو کیونکہ
اسطرح گوٹھ مارنی اسکے ستر کے کہلجانے تک نوبت پہونچاتی ہے اور جب اسکے نیچے اور کپڑا ہو
تو اسمین کچھ خوف نہین اور اسی طرح نماز مین منہ پر کپڑا ڈالنا اور ناک کا ڈہانپنا مکروہ ہے اور
مردون کو عورتون کی وضع بنانا مکروہ ہے اور اسیطرح عورتون کو مردون کے لباس کی مشابہت
مکروہ ہے کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے کرنیوالے پر لعنت کی ہے اور اسپر اتفاق فرمایا

ويكره الاقعاء في الصلوة وهو ان يمد ظهر قدميه ويجلس
على عقبيه وعلى أليتيه وينصب قدميه قال النبي صلى الله
عليه وسلم هو اقعاء كاقعاء الكلب منهي عنه ويكره لبس ما
تنكشف منه الابدان من الثياب وان انكشفت منه العورة
كان فاسقا كما لو كشفها اذا تعمد لبسه ولا تصح صلوته
فيها وقد مدح الشرع السراويل بقوله صلى الله عليه وسلم
السراويل نصف الكسوة وهي في حق الرجال كذلك ويكره
توسعة بنائقه وتضييقها اولى واحب لانه استر للعورة
وقد روي انه صلى الله عليه وسلم قال اللهم اغفر للمتسرولات
قال ذلك في حق امرأة مر بها على دابة فسقطت فادار
وجهه عنها فقيل انها متسرولة وفي بعض الاحاديث عنه
صلى الله عليه وسلم انه كره السراويل المخرفجة وهي الواسعة
الطويلة التي تقع على ظهر القدمين واصله السعة
يقال عيش مخرفج اذا كان واسعا وافضل اللباس ما كان
ساترا وافضل الوان الثياب ما كان ابيض لقوله صلى
الله عليه وسلم خير ثيابكم البياض وفي لفظ آخر عليكم
بالبياض يلبسها احياؤكم وكفنوا بها موتاكم وعن ابن
عباس انه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم البسوا
من ثيابكم البياض فانها من خير ثيابكم وكفنوا فيها موتاكم
وان خير اكحالكم الاثمد يجلو البصر وينبت الشعر

فصل في آداب النوم يستحب لمن اراد ان ينام
ان يوكي سقاءه ويطفي سراجه ويغلق بابه ويغسل
فاه ان كان قد اكل ماله رائحة لئلا يقصده الدبيب
ويسمي باسم الله عز وجل ثم يقول ما روى ابو داود
باسناده عن سعد بن عبيدة قال حدثني البراء بن عازب
رضي الله تعالى عنهما قال قال لي رسول الله صلى الله
عليه وسلم اذا اتيت مضجعك فتوضأ وضوءك للصلوة
ثم اضطجع على شقك الايمن وقل اللهم اني اسلمت وجهي
اليك وفوضت امري اليك والجأت ظهري اليك رغبة

اور نماز میں اقعا مکروہ ہے اور وہ یہ ہے کہ اپنے دونوں پاؤں کی پیٹھیوں کو کھینچے (یعنی بچھائے)
اور اپنی دونوں ایڑیوں پر بیٹھے یا اپنے دونوں چوتڑوں پر بیٹھے اور اپنے دونوں قدموں کو کھڑا
کرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ کتے کی طرح بیٹھنا ہے اس سے منع کیا گیا ہے اور ایسے کپڑوں سے جس سے
بدن ننگے ہوویں ان کا پہننا مکروہ ہے اور اگر اسکی شرمگاہ ننگی ہووے تو وہ فاسق ہوگا
مثلاً جب عمداً بیٹھے تو پھر اسے کھولدے اور اسمیں اسکی نماز درست نہیں ہوگی اور
شرع نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قول سے پاجامہ کی تعریف کی کہ پاجامہ آدھا لباس
ہے اور یہ حکم مردوں کے حق میں زیادہ تاکید والا ہے اور اسکے پائچوں کا کھلا رکھنا مکروہ
ہے اور اسکا تنگ کرنا بہتر اور عمدہ ہے کیونکہ یہ امر ستر کو زیادہ ڈھانپنے والا ہے اور مروی
ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یا اللہ پائجامہ پہننے والی عورتوں کو بخشدے
آپ نے یہ اس عورت کے حق میں فرمایا جسکے پاس آپ گذرے اور اسنے اپنا پائچہ بلند کیا ہوا
تھا پس وہ گر پڑی پھر آپنے اسکی طرف سے اپنا منہ پھیر لیا کسی نے کہا یہ پائجامہ پہنے
ہوئے ہے اور بعض حدیثوں میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ آپنے فراخ پائجامے
کو مکروہ کہا اور وہ پائجامہ کھلا لنبا ہے جو پاؤں کی پیٹھ پر پڑے اور لغوی معنے اسکے
فراخی ہے بولا جاتا ہے عیش مخرفج جب فراخ ہو اور افضل لباس وہ ہے جو ڈھانپنے والا
اور کپڑوں کا بہتر رنگ وہ ہے جو سفید ہو کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہارے
کپڑوں میں سے عمدہ کپڑے سفید ہیں اور حدیث کو دوسرے لفظوں میں یوں ہے تم سفید
کپڑوں کو لازم پکڑو جنکو تمہارے زندے پہنتے ہیں اور ان میں اپنے مردوں کو کفن دو
اور ابن عباس سے روایت ہے کہ کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم اپنے کپڑوں میں سے سفید کپڑے
پہنا کرو کیونکہ وہ تمہارے بہتر کپڑوں سے ہیں اور اپنے مردوں کو ان میں کفن دو اور تمہارے
سرموں میں سے عمدہ سرمہ اثمد ہے وہ بینائی کو روشن کرتا ہے اور بال اگاتا ہے۔

فصل سونے کے آداب میں جو شخص سونے کا ارادہ کرے اسکو یہ مستحب ہے کہ اپنی
مشک کا منہ بند کرے اور اپنے دیے کو بجھادے اور اپنے دروازہ کو بند کردے اور اپنا منہ دھووے
اگر اسنے کوئی بودار چیز کھائی ہو تاکہ کوئی جانور اسکا (یعنے اسکے منہ میں داخل ہونے
کا) قصد نہ کرے اور بسم اللہ کہے پھر وہ کہے جو ابو داؤد نے اپنے اسناد سے سعید بن عبیدہ سے
روایت کی اس نے کہا مجھ سے براء بن عازب رضی اللہ تعالی عنہما نے روایت
کی اسنے کہا مجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تو اپنے بستر پر آوے
پس اپنے نماز کے وضو کی طرح وضو کرلے پھر اپنے داہنے پہلو پر لیٹ جا اور کہہ یا
اللہ تحقیق میں نے اپنا منہ تیری طرف پھیر دیا ہوں اور اپنا کام تیرے سپرد کرتا ہوں
اور میں نے تیری طرف اپنی پیٹھ کو پناہ دی تیری طرف رغبت کرکے

وَرَهْبَةً اِلَيْكَ لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَا مِنْكَ اِلَّا اِلَيْكَ اٰمَنْتُ بِكِتَابِكَ
الَّذِیْ اَنْزَلْتَ وَنَبِیِّكَ الَّذِیْ اَرْسَلْتَ فَاِنْ مُتَّ مُتَّ عَلَی
الْفِطْرَةِ وَاجْعَلْهُنَّ اٰخِرَ مَا تَقُوْلُ قَالَ الْبَرَاءُ فَقُلْتُ اَسْتَذْكِرُهُنَّ
فَقُلْتُ بِرَسُوْلِكَ الَّذِیْ اَرْسَلْتَ قَالَ لَا وَنَبِیِّكَ الَّذِیْ
اَرْسَلْتَ وَیَكُوْنُ نَوْمُهٗ عَلٰی مَا ذُكِرَ فِی الْخَبَرِ عَلٰی جَنْبِهِ الْاَیْمَنِ
مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ كَمَا یَكُوْنُ فِی اللَّحْدِ وَاِنْ نَامَ عَلٰی ظَهْرِهٖ
مُتَفَكِّرًا فِیْ مَلَكُوْتِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَلَا بَاْسَ وَیُكْرَهُ
نَوْمُهٗ عَلٰی وَجْهِهٖ وَاِذَا رَاٰی فِیْ مَنَامِهٖ مَا یَزْعَجُ اسْتَعَاذَ بِاللّٰهِ
تَعَالٰی مِنْ شَرِّهٖ وَتَفَلَ عَنْ یَسَارِهٖ ثَلٰثًا وَقَالَ اللّٰهُمَّ ارْزُقْنِیْ
خَیْرَ رُؤْیَایَ وَاكْفِنِیْ شَرَّهَا وَیَقْرَءُ اٰیَةَ الْكُرْسِیِّ وَقُلْ هُوَ
اللّٰهُ اَحَدٌ وَمُعَوِّذَتَیْنِ اِلَّا اَنْ یَكُوْنَ جُنُبًا وَلَا یُفَسِّرُ مَنَامَهٗ
اِلَّا عَلٰی مَنْ یُحْسِنُ مِنْ عَالِمٍ اَوْ حَكِیْمٍ وَیَكُوْنُ مُحِبًّا وَلَا یُفَسِّرُ
مَا رَاٰهُ مِنَ الْاَحْلَامِ لِاَنَّ الشَّیْطَانَ یَتَمَثَّلُ لَهٗ وَقَدْ رُوِیَ
عَنْ اَبِیْ قَتَادَةَ اَنَّهٗ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ
وَسَلَّمَ یَقُوْلُ الرُّؤْیَا مِنَ اللّٰهِ وَالْحُلُمُ مِنَ الشَّیْطَانِ فَاِذَا رَاٰی
اَحَدُكُمْ شَیْئًا یَكْرَهُهٗ فَلْیَنْفُثْ عَنْ یَسَارِهٖ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ
لِیَتَعَوَّذْ مِنْ شَرِّهَا فَاِنَّهَا لَا تَضُرُّهٗ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ اِنَّ
رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا انْصَرَفَ مِنْ صَلٰوةِ
الْغَدَاةِ یَقُوْلُ هَلْ رَاٰی اَحَدٌ مِّنْكُمُ اللَّیْلَةَ رُؤْیَا وَیَقُوْلُ اِنَّهٗ
لَیْسَ یَبْقٰی بَعْدِیْ مِنَ النُّبُوَّةِ اِلَّا الرُّؤْیَا الصَّالِحَةُ وَفِیْ حَدِیْثِ
عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ
رُؤْیَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِّنْ سِتَّةٍ وَّاَرْبَعِیْنَ جُزْءًا مِّنَ النُّبُوَّةِ وَاِذَا
اَرَادَ الْخُرُوْجَ مِنْ مَّنْزِلِهٖ ذَكَرَ الْكَلِمَاتِ الَّتِیْ وَرَدَتْ فِیْ حَدِیْثِ
الشَّعْبِیِّ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّهَا قَالَتْ مَا خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی
اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِنْ بَیْتِیْ قَطُّ اِلَّا رَفَعَ طَرْفَهٗ اِلَی السَّمَاءِ فَقَالَ اللّٰهُمَّ
اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَضِلَّ وَاُضَلَّ اَوْ اَزِلَّ اَوْ اُزَلَّ اَوْ اَظْلِمَ
اَوْ اُظْلَمَ اَوْ اَجْهَلَ اَوْ یُجْهَلَ عَلَیَّ وَیَقْرَءُ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ
مَعَ الْمُعَوِّذَتَیْنِ اِذَا اَصْبَحَ وَاِذَا اَمْسٰی وَیَدْعُوْ مَعَ ذٰلِكَ بِدُعَاءِ
رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ بِكَ نُصْبِحُ وَبِكَ نُمْسِیْ

اور تیرے ڈر سے اور تیری طرف رغبت کے لیے بجز تیری طرف کے کوئی پناہ لینے اور بچنے کی جگہ نہیں مگر تیری پاس تیری کتاب پر
جو تونے اتاری اور تیرے اُس نبی پر جسکو تونے بھیجا ایمان لایا۔ اگر تو مریگا تو طریقہ ایمان پر
مریگا اور ان کلمات کو اپنی تمام باتون کے بعد کہیو براء بن عازب نے کہا پس مینے ان کلمات
کو یاد کرنا شروع کیا تو مینے یہ لفظ کہا برسولک الذی ارسلت آپنے فرمایا یہ نہ کہو بلکہ یہ کہو ونبیک
الذی ارسلت اور اُسکا سونا اپنے داہنے پہلو پر جیسا کہ لحد مین ہوتا ہی ہونا چاہیے جیسا کہ حدیث
مین بیان کیا گیا اور اگر اپنی پیٹھ پر آسمان اور زمین کی بادشاہی مین فکر کرتا ہو اسوے تو
مضائقہ نہین اور اپنے منہ پر سونا مکروہ ہے اور جب اپنی خواب مین ایسی چیز دیکھے جو
اُسکو ڈراوی تو اُسکی برائی سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگے اور اپنی بائین طرف تین بار تھوکے
اور کہیو یا اللہ مجھکو میری خواب کی بھلائی دے اور مجھکو اُسکی برائی سے کافی ہو اور آیۃ الکرسی
اور قل ہو اللہ احد اور معوذتین پڑہے البتہ اگر جنبی ہو تو نہ پڑہے اور اپنی خواب کو بجز کسی
عالم یا حکیم کے جو تعبیر خواب کی عمدہ طور سے جانتا ہو کسی سے بیان نہ کرے اور وہ دوست
اور خیرخواہ بھی ہو اور جو شیطانی وسوسون سے کوئی خواب دیکھے تو وہ بیان نہ کرے
کیونکہ شیطان کسی دوسرے کی صورت بنکر اُسکے سامنے آتا ہی اور ابو قتادہ رضہ سے
روایت ہی اُسنے کہا مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوے سنا کہ خواب
اللہ کی طرف سے ہے اور وسوسے شیطان کی طرف سے ہین پس جب تم مین سے کوئی
شخص ایسی خواب دیکھے جسکو برا سمجھتا ہے تو اپنی بائین طرف تین بار تھوکے پھر
چاہیے کہ اُسکی برائی سے پناہ لے یقین ہے کہ وہ چیز اُسے ضرر نہ دیگی۔ ابوہریرہ رضہ سے روایت ہی کہ نبی
صلی اللہ علیہ وسلم جب صبح کی نماز سے پھرتے تھے تو فرمایا کرتے تھے کیا تم مین سے آج رات کسی نے کوئی
خواب دیکھا ہی اور فرماتے تھے بیشک میرے بعد بجز نیک خواب کے نبوۃ کی کوئی علامت
باقی نہین رہیگی اور عبادہ بن صامت کی حدیث مین جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی
ہے یہ ہی کہ آپنے فرمایا مومن کی خواب نبوۃ کے چھیالیس ۴۶ حصون مین سے ایک حصہ
ہے اور جب اپنے گھر سے نکلنا چاہے تو وہ کلمے ذکر کرے جو شعبی کی حدیث مین جو
ام سلمہ رضہ سے مروی ہی وارد ہوے ہین انہون نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
میرے گھر سے کبھی نہین نکلتے تھے مگر اپنی آنکھ آسمان کی طرف اٹھاتے تھے پھر کہتے تھے یا اللہ
مین اپنے گمراہ ہو جانے سے یا اپنے گمراہ کیے جانے سے یا اپنے پھسلنے سے یا پھسلائے جانے سے یا
اپنے ظلم کرنے سے یا ظلم کیے جانے سے یا اپنی نادانی کرنے سے یا مجھپر نادانی کیے جانے سے
تیری ہی پناہ لیتا ہون اور صبح شام قل ہو اللہ احد معہ معوذتین کے پڑہے
اور اسکے ساتھ ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا کے ساتھ دعا کرے یا اللہ ہم
تیرے ہی ساتھ صبح کرتے مین اور تیرے ہی ساتھ شام کرتے ہین۔

وَبِكَ نَحْيٰى وَبِكَ نَمُوْتُ وَيَزِيْدُ فِي الصَّبَاحِ وَاِلَيْكَ النُّشُوْرُ وَ
فِي الْمَسَاءِ وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ وَيَقُوْلُ مَعَ ذٰلِكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنْ
اَعْظَمِ عِبَادِكَ عِنْدَكَ نَصِيْبًا فِيْ كُلِّ خَيْرٍ تَقْسِمُهٗ فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ
وَفِيْمَا بَعْدَهٗ مِنْ نُوْرٍ تَهْدِيْ بِهٖ اَوْ رَحْمَةٍ تَنْشُرُهَا اَوْ رِزْقٍ
تَبْسُطُهٗ اَوْ ضُرٍّ تَكْشِفُهٗ اَوْ ذَنْبٍ تَغْفِرُهٗ اَوْ شِدَّةٍ تَدْفَعُهَا
اَوْ فِتْنَةٍ تَصْرِفُهَا اَوْ مُعَادَاةٍ تَمُنُّ بِهَا بِرَحْمَتِكَ اِنَّكَ عَلٰى
كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَاِذَا اَرَادَ دُخُوْلَ الْمَسْجِدِ فَلْيُقَدِّمْ رِجْلَهُ الْيُمْنٰى
وَيُؤَخِّرْ رِجْلَهُ الْيُسْرٰى وَيَقُوْلُ بِسْمِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ
اغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ وَافْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَيُسَلِّمُ عَلٰى مَنْ كَانَ فِي
الْمَسْجِدِ فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ فِيْهِ اَحَدٌ قَالَ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا مِنْ رَّبِّنَا عَزَّ
وَجَلَّ وَاِذَا دَخَلَهٗ لَا يَجْلِسُ حَتّٰى يَاْتِيَ بِرَكْعَتَيْنِ ثُمَّ اِنْ شَاءَ تَنَفَّلَ
وَاِلَّا جَلَسَ مُشْتَغِلًا بِذِكْرِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ اَوْ صَامِتًا لَا يَذْكُرُ
شَيْئًا مِّنْ اُمُوْرِ الدُّنْيَا وَلَا يُكْثِرُ كَلَامَهٗ اِلَّا مَا لَا بُدَّ مِنْهُ وَاِنْ
كَانَ وَقْتُ دَخَلَ وَقْتُ الصَّلٰوةِ صَلَّى السُّنَّةَ وَالْفَرْضَ مَعَ الْجَمَاعَةِ
فَاِذَا فَرَغَ وَاَرَادَ الْخُرُوْجَ فَلْيُقَدِّمْ رِجْلَهُ الْيُسْرٰى وَيُؤَخِّرِ الْيُمْنٰى
وَلْيَقُلْ بِسْمِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ
صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ وَافْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ
فَضْلِكَ وَيُسْتَحَبُّ اَنْ يَّقُوْلَ فِيْ دُبُرِ كُلِّ صَلٰوةٍ اَنْ يُّسَبِّحَ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِيْنَ
وَيَحْمَدَ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِيْنَ وَيُكَبِّرَ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِيْنَ وَيَخْتِمَ الْمِائَةَ بِلَا
اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ
عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَيُسْتَحَبُّ لَهُ الْمُدَاوَمَةُ عَلَى الطُّهُوْرِ فَاِنَّهٗ
يُرْوٰى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَدِيْثِ اَنَسِ بْنِ
مَالِكٍ اَنَّهٗ قَالَ اَدِمْ عَلَى الطُّهُوْرِ فِيْ عُمْرِكَ وَصَلِّ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ
مَا اسْتَطَعْتَ تُحِبُّكَ الْحَفَظَةُ وَصَلِّ صَلٰوةَ الضُّحٰى فَاِنَّهَا صَلٰوةُ
الْاَوَّابِيْنَ وَسَلِّمْ عَلٰى اَهْلِ بَيْتِكَ اِذَا دَخَلْتَ بَيْتَكَ يَكْثُرْ خَيْرُ بَيْتِكَ وَوَقِّرْ
كَبِيْرَ الْمُسْلِمِيْنَ وَارْحَمْ صَغِيْرَهُمْ تُرَافِقْنِيْ فِي الْجَنَّةِ فَقَدْ جَمَعَ هٰذَا
الْحَدِيْثُ اٰدَابًا جَمَّةً

فَصْلٌ فِيْ دُخُوْلِ الْمَنْزِلِ وَالْاِنْسِ

مِنَ الْخَلَاءِ وَالْوَحْدَةِ وَاِذَا اَرَادَ دُخُوْلَ مَنْزِلِهٖ فَلَا يَدْخُلْهُ

اور تیرے ساتھ زندہ ہین اور تیرے ہی ساتھ مرتے ہین اور صبح کو یہ زیادہ کرے اور تیری ہی
طرف اٹھنا ہے اور شام مین یہ زیادہ کرے اور تیری طرف لوٹنا ہے اور ساتھ اُسکے یہی کہے یا اللہ
مجھکو اپنے اُن بندون مین سے کردے جو تیرے نزدیک ہر ایک بھلائی مین جسکو تو اس دن مین اور
اُس دن مین جو اسکے بعد ہے تقسیم کرے باعتبار حصہ کے بڑے ہین اور وہ بھلائی خواہ نور
ہو جس سے تو ہدایت کرتا ہے یا رحمت ہے جسکو تو پھیلاتا ہے یا رزق ہے جسکو تو فراخ
کرتا ہے یا تکلیف ہے جسکو تو دور کرتا ہے یا گناہ ہے جسکو تو بخشتا ہے یا سختی ہے جسکو
تو دفع کردیتا ہے یا فتنہ ہے جسکو تو پھیرتا ہے یا آرام ہے جس سے تو احسان کرتا ہے اپنی رحمت
سے بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے جب مسجد مین آنا چاہے تو چاہیئے کہ اپنے داہنے پاؤن کو آگے
کرے اور اپنے بائین پاؤن کو پیچھے کرے اور کہے بسم اللہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر سلام ہو
یا اللہ محمد پر اور انکی آل پر درود بھیج اور میرے گناہ بخشدے اور میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے
کھولدے اور چاہیئے کہ اُن لوگون پر سلام کرے جو مسجد مین ہون اور اگر اُسمین کوئی نہ ہو تو کہے
ہمارے رب عزوجل کی طرف سے ہمپر سلام ہو اور جب اُسمین داخل ہو تو جبتک دو رکعت نماز نہ
پڑھلے نہ بیٹھے پھر اگر چاہے تو نفل پڑھے ورنہ اللہ عزوجل کے ذکر مین مشغول ہو کر بیٹھ
جاوے یا دنیا کے کامون سے کچھہ یاد نہ کرے اور بجز کسی ضرورت کے زیادہ کلام نہ کرے اگر نماز
کا وقت داخل ہوگیا ہو تو سنتین پڑھلے اور فرض جماعت کے ساتھ پڑھے پھر
جب فارغ ہو اور مسجد سے نکلنا چاہے تو چاہیئے کہ اپنے بائین پاؤن کو پیچھے کرے اور کہے
بسم اللہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام ہو یا اللہ محمد پر اور انکی آل پہ درود
بھیج اور میرے گناہ بخشدے اور میرے لیے اپنے فضل کے دروازے کھولدے اور ہر نماز
کے پیچھے اُسکے لیے تینتیس بار سبحان اللہ کہنا اور تینتیس بار الحمد للہ کہنا اور
تینتیس بار اللہ اکبر کہنا مستحب ہے اور سو اس کلمہ سے پورا کرے بجز اللہ کے کوئی
معبود برحق نہین وہ اکیلا ہے اُسکا کوئی شریک نہین اُسی کا ملک ہے اور اُسی
کو حمد ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے اور اُسے ہمیشہ باوضو رہنا مستحب ہے کیونکہ رسول
اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے انس بن مالک رضی کی حدیث مین مروی ہے آپ نے فرمایا اپنی
عمر مین ہمیشہ باوضو رہ اور جس قدر تجھے طاقت ہو رات اور دن مین نماز
پڑھ تو نگہبان فرشتے تجھے دوست رکھینگے اور چاشت کی نماز پڑھ کیونکہ وہ رجوع کرنے
والون کی نماز ہے اور جب تو گھر مین جاوے تو اپنے گھر والون پر سلام کہہ تیرے گھر کی بھلائی
زیادہ ہوگی اور مسلمانون کے بڑون کی عزت کر اور انکے چھوٹون پر رحم کر تو بہشت مین میرا رفیق
ہوگا اس حدیث نے بیشک تمام آداب کو جمع کردیا ہے **فصل** گھر مین داخل ہونے اور اکیلے
کرنے اور تنہائی کے بیان مین جب گھر مین داخل ہونے کا ارادہ کرے تو سوا کہنے کے جسکو داخل ہو

يتخير ويقول السلام علينا من ربنا فقد جاء في بعض الاخبار
ان المؤمن اذا خرج من منزله وكل الله تعالى بباب ملكين
يحفظان ماله واهله ويوكل ابليس سبعين شيطانا مردة فاذا
دنى المؤمن من بابه قال الملكان اللهم وفقه ان كان
انقلب بكسب طيب فاذا تخير دنى الملكان وتباعدت
الشياطين واذا قال السلام علينا من ربنا توارت الشياطين
وقام الملكان احدهما باليمين والآخر عن الشمال واذا فتح
الباب فقال بسم الله ذهبت الشياطين ودخل معه
الملكان وحسنا كل شئ في منزله واطابا له معيشته يومه
وليلته فاذا جلس المؤمن قام الملكان على رأسه فان اكل
اكل طيبا فان شرب شرب طيبا ما دام في منزله يومه
وليله وكان طيب النفس فان لم يفعل من ذلك شيئا
ذهب عنه الملكان ودخلت الشياطين فاستقبحوا كل ما في منزله
في عينه واسمعته من اهله ما يسوءه حتى يوقعون بينه وبين
اهله ما يفسد عليه دينه فان كان اعزب القوا عليه النعاس
والكسل فان نام نام جيفة وان جلس جلس في تمني ما لا ينفعه
خبيث النفس ويفسدون عليه طعامه وشرابه ونومه
اما الكسب فقد روى ابو هريرة رضي الله تعالى عنه عن رسول
الله صلى الله عليه وسلم انه قال من طلب الدنيا حلالا
واستعفافا عن المسئلة وسعيا على اهله وتعطفا على جاره
بعثه الله تعالى يوم القيمة ووجهه كالقمر ليلة البدر
ومن طلب الدنيا حلالا مكاثرا مفاخرا مرائيا لقي الله
عز وجل يوم القيمة وهو عليه غضبان وعن ثابت البناني
رضي الله تعالى عنه انه قال بلغني ان العافية في عشرة اشياء
تسعة منها في طلب المعيشة وواحدة في العبادة وروى
جابر بن عبد الله عن رسول الله صلى الله عليه وسلم انه قال
لا يفتح الرجل على نفسه من المسئلة الا فتح الله عليه بابا
من الفقر ومن يستعفف يعفه الله ومن يستغن يغنه
الله لان ياخذ احدكم حبلا ثم يعمد الى هذا الوادي

اور کہو ہمارے رب کی طرف سے ہمپر سلام ہو بعض حدیثوں مین آیا ہو کہ مومن جب اپنے گہر سے نکلتا
ہو تو اللہ تعالی اسکے دروازے پر دو فرشتے مقرر کر دیتا ہی جو اسکے مال اور اہل کی حفاظت
کرتے ہین اور شیطان ستر شیطان سرکشون کو مقرر کر دیتا ہی جب مومن اپنے دروازے کے
قریب ہوتا ہی تو دونو فرشتے کہتے ہین یا اللہ اگر یہ شخص کسب حلال لوٹا ہی تو اسے توفیق
دے اور جب گہنکارتا ہے تو فرشتے قریب ہو جاتے ہین اور شیطان دور ہو جاتے ہین
اور جب کہتا ہی ہمارے رب کی طرف سے ہمپر سلام ہو تو شیطان چھپ جاتے ہین اور دونون
فرشتے ایک انمین سے داہنی طرف دوسرا بائین طرف کہڑے ہو جاتے ہین اور جب دروازہ کہولتا
ہی اور بسم اللہ کہتا ہی تو شیطان چلے جاتے ہین اور دونون فرشتے اُسکے ساتھ داخل ہوتے
ہین اور جو چیز اُسکے گہر مین ہو اُسے نیک کر دیتے ہین اور اُسکے دن اور رات کی زندگی
کو اچھا کر دیتے ہین جب مومن بیٹھتا ہی تو دونون فرشتے اسکے سر پر کہڑے ہو جاتے ہین
پس اگر وہ کہاتا ہی تو پاک کہاتا ہی اور اگر پیتا ہی تو پاک پیتا ہی جبتک دن اور رات
مین اپنے گہر مین ہی اور خوش نفس رہتا ہی اور اگر اسمین سے کچھ نکرے تو اُس سے وہ فرشتے چلے جاتے
ہین اور شیطان اسکے ساتھ داخل ہو جاتے ہین اور ہر ایک چیز کو جو اسکے گہر مین ہے اُسکی آنکھ
مین برا کر دیتے ہین اور اُسکے گہر سے اُسے وہ باتین سنواتے ہین جو اُسے ناخوش کرین
یہانتک کہ اُسکے اور اُسکے گہر والون کے درمیان کوئی ایسا امر پیدا ہو جاتا ہی جو اسکے دین
کو بگاڑ دیتا ہی اور اگر وہ بے عورت ہو تو اُسپر اونگہہ اور سستی ڈالدیتے ہین اگر وہ سوئے تو
مردار کی طرح سوتا ہی اور اگر بیٹھے تو اُس چیز کی آرزو مین بیٹھتا ہی جو اُسے فائدہ نہ دے اور وہ
خود خبیث النفس ہوتا ہی اور وہ اُسپر اُسکے کہانے اور پینے اور سونے کو بگاڑ دیتے ہین اور
لیکن کسب تو (دیکھیں) ابو ہریرہ رضی سے روایت ہی وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہین آپنے
فرمایا جو شخص دنیا کو طریقہ حلال سے سوال سے بچنے کے لیے اور اپنے اہل پر کوشش کرنیکے لیے اور اپنے
پڑوسی پر مہربانی کرنیکے لیے طلب کرے تو اللہ تعالی اُسے قیامت کے روز ایسی حالت مین اٹھائیگا
کہ اُسکا چہرہ چودھوین رات کے چاند کی طرح چمکتا ہوگا اور جو شخص دنیا کو طریقہ حلال سے اُسے
زیادہ کرنے فخر کرنے ریا کرنیکے لیے طلب کرے تو قیامت کے روز وہ شخص اللہ عز وجل سے ایسی حالت
مین ملے گا کہ اللہ اُسپر ناراض ہوگا ثابت بنانی رضی سے روایت ہے اُنہون نے کہا مجھے یہ پہونچا ہی کہ آرام
دس چیزون مین ہے اُنمین سے نو معاش کے طلب کرنے مین ہین اور ایک عبادت مین ہے اور جابر بن
عبد اللہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی آپنے فرمایا آدمی اپنے نفس پر سوال سے
(دروازہ) نہین کہولتا مگر اللہ تعالی اُسپر دروازہ محتاجی کا کہولدیتا ہی اور جو شخص سوال سے
بچے تو اللہ تعالی اُسے بچا دیگا۔ اور جو شخص اپنا غنا ظاہر کرے تو اللہ تعالی اُسے غنی
کر دیگا البتہ تم مین سے کسی کا رسی پکڑنا پہر اس وادی کو جانا۔

فيحتطب منه ثم ياتي سوقكم فيبيعه بمد تمر خير له من
ان يسأل الناس اعطوه او منعوه وروي ما من رجل يفتح على
نفسه بابا من المسألة الا فتح الله عليه سبعين بابا من الفقر
وروي عن رسول الله صلى الله عليه وسلم انه قال ان الله
يحب كل مؤمن محترف ابا العيال ولا يحب الفارغ الصحيح
لا في عمل الدنيا ولا في عمل الاخرة وروي ان داؤد صلى الله
عليه وسلم خليفة الله عز وجل سأل الله تعالى ان يجعل كسبه
بيده فالان في يده الحديد فصار في يده كالشمع والعجين
يتخذ منه الدروع فيبيعها فيعيش هو وعياله بثمنها وقال
ابنه سليمان عليهما السلام رب قد اعطيتني من الملك ما لم
تعط احدا قبلي وسألتك ان لا تعطيه احدا بعدي فاعطيتنيه
فان قصرت في شكرك فدلني على عبد هو اشكر مني فاوحى
الله تعالى اليه يا سليمان ان عبدا يكتسب بيديه ليسد جوعه و
يستر عورته ويعبدني هو اشكر لي منك فقال اجعل كسبي
بيدي فاتاه جبريل عليه السلام فعلمه عمل الخوص يتخذ منه
القفاف فاول من عمل الخوص سليمان عليه السلام وقيل عن
بعض الحكماء انه قال لا يقوم الدين والدنيا الا باربعة
العلماء والامراء والغزاة واهل الكسب فالامراء هم الرعاة
يرعون الخلق والعلماء هم ورثة الانبياء يدلون الخلق
على الاخرة والناس يقتدون بهم والغزاة هم جند الله
تعالى في الارض يقلع بهم الكفار واما اهل الكسب فهم
امناء الله تعالى بهم مصالح الخلق وعمارة الارض والرعاة
اذا صاروا ذئابا فمن يحفظ الغنم والعلماء اذا تركوا
العلم واشتغلوا بالدنيا فمن يقتدي الخلق والغزاة
اذا ركبوا للفخر والخيلاء وخرجوا للطمع فمتى يظفرون على
العدو واهل الكسب اذا خانوا الناس فكيف يامنهم
الناس فاذا لم يكن في التاجر ثلث خصال افتقر في الدنيا
والاخرة اولها لسان نقي عن ثلث الكذب واللغو و
الحلف والثانية قلب صاف من الغش والحسد عن جاره

اور وہان لکڑیون کا گٹھا اٹھانا پہر اُسکا اپنے بازار مین لانا اور اُسے ایک مد کہجور کے بدلے بیچنا اُسکے
لیے اس امر سے بہتر ہے کہ لوگون سے سوال کرے خواہ وہ اُسے دین یا نہ دین اور مروی ہے کہ نہین
کوئی مرد جو اپنے نفس پر سوال کا دروازہ کہولے مگر اللہ تعالٰی اُسپر محتاجی کے ستر دروازے کہول دیتا ہے
اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے آپنے فرمایا اللہ تعالٰی ہر ایک مومن کارگذار عیالدار
کو دوست رکہتا ہے اور فارغ البال تندرست کو دوست نہین رکہتا نہ دنیا کے کام مین اور نہ آخرۃ
کے کام مین اور مروی ہے کہ داؤد صلے اللہ علیہ وسلم اللہ عزوجل کے خلیفے نے اللہ تعالٰی سے یہ سوال
کیا کہ اُسکا کسب اُسکے ہاتہ مین کرے پس اللہ تعالٰی نے اُنکے ہاتہ مین لوہے کو نرم کر دیا تو لوہا اُنکے
ہاتہ مین موم اور خمیر کی طرح ہو گیا وہ اُس سے زرہین بناتے تہے اور اُنہین بیچتے تہے اور
اُنکی قیمت سے وہ خود اور اُنکا عیال گذارہ کرتے تہے اور اُنکے بیٹے سلیمان علیہما السلام نے
کہا اے میرے رب تو نے مجہے اتنا ملک دیا جتنا تو نے مجہ سے پہلے کسی کو نہین دیا اور مین تجہ سے یہ
سوال کرتا ہون کہ تو اتنا ملک میرے بعد بہی کسی کو نہ دیوے پس تو نے مجہے وہ دیا اگر مین
تیرے شکر مین قصور کرون تو مجہے کسی ایسے شخص کی خبر دیجیو جو مجہ سے زیادہ تیرا شکر گذار ہو
تو اللہ تعالٰی نے اُنکی طرف وحی بہیجی اے سلیمان تحقیق وہ شخص جو اپنے ہاتہ سے اس غرض سے کماتا
ہے کہ اپنی بہوک کو بند کرے اور اپنے ستر کو ڈہانپے اور میری عبادت کرے تو وہ شخص تجہ سے میرا
زیادہ شکر گذار ہوگا تو اُنہون نے عرض کیا یا اللہ میرا کسب میرے ہاتہ مین کر دے پس اُنکے پاس
جبریل علیہ السلام آئے اور اُنکو کہجور کے پتون کا بننا سکہلا دیا تو وہ اُس سے زنبیلین بناتے تہے جن لوگون نے
زنبیل بننے کا کام کیا اُنمین سے پہلے سلیمان علیہ السلام ہین اور بعض حکیمون سے روایت ہے کہ اُسنے کہا
بجز چار چیزون (یعنے) عالمون اور امیرون اور غازیون اور کسب والون کے دین قائم
نہین ہو سکتا امیر پس وہ حاکم ہین جو خلقت کی نگہبانی کرتے ہین اور علما پس وہ پیغمبرون
کے وارث ہین لوگون کو آخرت پر آگاہ کرتے ہین اور لوگ اُنکی پیروی کرتے ہین اور غازی پس
وہ اللہ تعالٰی کا زمین مین لشکر ہے اُنسے کافرون کی بیخ کنی کیجاتی ہے اور کسب والے پس وہ اللہ تعالٰی
کے امین ہین خلقت کی مصلحتین اور زمین کی آبادی انہین سے ہے اور والی جب بہیڑئیے ہوجاوین
تو بکریون کی کون نگہبانی کرے اور عالم جب دین کو چہوڑ دین اور دنیا مین مشغول ہوجاوین
تو خلقت کسکی پیروی کرے اور غازی لوگ جب فخر اور تکبر کرنے کے لیے سوار ہون
اور طمع کے لیے نکلین تو دشمن پر کب فتحیاب ہو سکتے ہین اور کسب والے جب لوگون کی
خیانت کرین تو لوگ اُنہین کسطرح امین خیال کرین اور تاجر مین جب تین خصلتین
نہ ہون تو دنیا اور آخرت مین محتاج ہوگا۔ اُن مین سے پہلی تو زبان ہے جو تین چیزون
جہوٹ اور لغو اور قسم سے بچنے والی ہو۔ اور ان مین سے دوسری دل ہے جو اپنے
پڑوسی اور قریبی سے دہوکا اور حسد کرنے سے پاک صاف ہو۔

وقرينه والثالثة نفس محافظة لثلث خصال الجمعة و
الجماعات وطلب العلم في بعض ساعات الليل والنهار و
ايثار مرضاة الله على غيره واياك والكسب الحرام فقد قيل
اذا كسب العبد خبيثا واراد ان يأكل منه وقال بسم الله
قال الشيطان كل انى كنت معك حين كسبته فلا افارقك
انما انا شريكك فهو شريك كل كاسب حرام قال الله عز
وجل وشاركهم في الاموال والاولاد فالاموال الحرام و
الاولاد اولاد الزنا كذا ذكر في التفسير وروى عن ابن مسعود
عن رسول الله صلى الله عليه وسلم انه قال لا يكتسب
العبد مالا من الحرام فيتصدق به ويؤجر عليه ولا ينفق
منه فيبارك له فيه ولا يترك خلف ظهره الا كان زاده
الى النار وبالجملة انه لا يستغني عن الحرام الا من هو مشفق
على لحمه ودمه فزين المرء لحمه ودمه فليجتنب الحرام و
اهله ولا يجالسهم ولا يأكل طعام من كسبه حرام ولا
يدل احدا على حرام فيكون شريكه فالورع هو ملاك
الدين وقوام العبادة واستكمال امر الآخرة واما
الوحدة والعزلة فقد جاء عن النبي صلى الله عليه و
سلم انه قال النبي صلى الله عليه وسلم المؤمن من
جلس بيته وقال النبي صلى الله عليه وسلم افضل
الناس رجل اعتزل يكف عن الناس شره وفي بعض
الالفاظ عنه صلى الله عليه وسلم انه قال الغريب
هو الذي يفر بدينه وعن بعض السلف انه قال هذا
زمان السكوت ولزوم البيوت وهو بشر الحافي وقيل
لسعد بن ابي وقاص لما انفرد في قصره بالعقيق
تركت اسواق الناس ومجالس الاخوان وتخليت فقال
رأيت اسواقهم لاغية ومجالسهم لاهية فوجدت
الاعتزال فيما هناك عافية قال وهيب بن الورد رحمه
الله خالطت الناس خمسين سنة فما وجدت رجلا
غفر لي زلة ولا ستر لي عورة ولا امنته اذا غضب

اور اُن میں تیسری نفس ہے جو تین خصلتوں یعنی جمعہ اور جماعتوں پر اور رات اور دن کی بعض
گہریوں میں علم کے طلب کرنے پر اور صرف اللہ تعالی کی رضامندی کو سوا دوسری چیزوں
کے پسند کرنے پر محافظت کرنے والا ہے اور کسب حرام سے پرہیز کر کیونکہ کہا گیا ہے جب
بندہ کسب پلید کرتا ہے اور اوس سے کہانیکا ارادہ کرتا ہے اور بسم اللہ کہتا ہے تو شیطان
کہتا ہے تو کہا جب تو نے اسکو کمایا تہا اُس وقت بہی میں تیرے ساتھ تہا لہذا اب بہی میں
تجہہ سے جدا نہیں ہوتا بیشک میں تیرا شریک ہوں پس وہ شیطان ہر ایک کسب حرام
کرنیوالے کا شریک ہے اللہ تعالے نے فرمایا (اے شیطان) تو انکا اُنکے مالوں اور اولاد میں
شریک ہو جا پس مال تو حرام ہیں اور اولاد زنا کی اولاد ہیں ایسا ہی تفسیر میں مذکور ہے
ابن مسعود رض سے مروی ہے اُنہوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کی آپنے فرمایا بندہ
اگر مال حرام کماوے اور اوس سے صدقہ کرے تو اُسپر اُسکے کچہہ ثواب نہیں دیا جاتا اور اُس سے
اگر کچہہ خرچ کرے تو اُس میں بہی اُسکے لیے برکت نہیں کیجاتی اور جو کچہہ اپنے پیچہے چہوڑ
جاتا ہے وہ اسکے لیے آگ کیطرف جانیکے لیے توشہ ہو جاتا ہے اور حاصل کلام یہ ہے کہ
حرام سے بجز اُس شخص کے کوئی نہیں بچتا جو اپنے گوشت اور خون پر خوف کرنیوالا ہو اور آدمی
کی زینت گوشت اور خون ہے تو اُسے چاہیے کہ حرام سے اور حرام خوری سے پرہیز کرے اور انکے ساتھ
بیٹھے اور اُس شخص کا کہانا نہ کہاوے جسکا کسب حرام ہو اور کسی کو حرام کی رغبت نہ دیوے ورنہ یہ بہی
اُسکا شریک ہوگا پس پرہیزگاری ہی دین کا اصل اسدار اور عبادت کو قائم رکہنیوالی اور
آخرت کے کام کو کامل کرتا ہے لیکن تنہائی اور گوشہ نشینی پس تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم
سے مروی ہے آپنے فرمایا تم گوشہ نشینی کو لازم پکڑو کیونکہ یہ عبادت ہے اور نبی صلی اللہ علیہ
وسلم نے فرمایا مومن وہ ہے جو اپنے گہر میں بیٹہے اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوگوں میں
بہتر وہ مرد ہے جو الگ ہوا اور لوگوں سے اپنی برائی بند کرے اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے
بعض لفظوں میں یوں ہے آپنے فرمایا غریب وہ شخص ہے جو اپنا دین لیکے بہاگتا ہے
اور بعض سلف سے روایت ہے اُنہوں نے کہا یہ زمانہ سکوت اور گہروں کو لازم پکڑنے
کا ہے اور بعض سلف بشر حافی ہے۔ اور سعد بن ابی وقاص جب وہ اپنے محل
میں اکیلے ہو گئے تو انکو کسی نے کہا تو نے لوگوں کے بازاروں اور بہائیوں کی مجلسوں
کو چہوڑ دیا اور گوشہ نشین ہو گیا تو اُنہوں نے کہا میں نے انکے بازاروں کو بیہودہ اور اُن کی
مجلسوں کو کہیل دیکہا لہذا میں نے گوشہ نشینی کو اُن چیزوں میں سے پایا جس میں
عافیت اور آرام ہے۔ وہیب بن ورد رحمۃ اللہ علیہ نے کہا میں نے لوگوں سے پچاس
سال میل جول کیا تو میں نے کسی مرد کو نہیں پایا جو میری غلطی معاف کرے اور نہ
ایسا پایا جو میرے عیب کو ڈہانپے اور نہ ایسا پایا کہ جب ناراض ہو تو میں اُس سے بیخوف ہوں اور

وجدت منهم الا من يركب هواه وعن الشعبي رحمه الله
انه قال تعاشر الناس بالدين زمانا طويلا حتى ذهب الدين
ثم تعاشروا بالمروة حتى ذهبت المروة ثم تعاشروا بالحياء
حتى ذهب الحياء ثم تعاشروا بالرغبة والرهبة واظن
انه سيجيء بعد هذا ما هو اشد منه وقال حكيم العبادة
عشرة اجزاء تسعة في الصمت وواحدة في العزلة فراودت
نفسي على الصمت فلم اقدر عليه فصرت الى العزلة فجمعت
لي التسعة وكان يقول لا شيء اوعظ من القبر ولا آنس
من الكتاب ولا اسلم من الوحدة وقال بشر بن الحارث
رحمه الله انما يطلب العلم ليهرب به من الدنيا لا ليطلب
به الدنيا ۔ روي عن عائشة انها قالت قيل يا رسول الله
اي جلسائنا خير قال صلى الله عليه وسلم من ذكركم الله
تعالى رؤيته وذكركم الآخرة علمه وزاد في علمكم منطقه
وكان عيسى ابن مريم يقول يا معشر الحواريين تحببوا
الى الله عز وجل ببغض اهل المعاصي وتقربوا الى الله تعالى
بالتباعد عنهم والتمسوا رضاه بسخطهم وان كان لا بد
من المخالطة فلتكن للعلماء فان النبي صلى الله عليه وسلم
قال مجالسة العلماء عبادة وقال صلى الله عليه وسلم الزم
قلبك التفكر وجسدك التصبر وعينك البكاء ولا تهتم
لرزق غد فان ذلك خطيئة تكتب عليك والزم المساجد فانهم
عمار بيت الله تعالى هم اهل الله عز وجل وقال صلى الله
عليه وسلم من اكثر الاختلاف الى المساجد اصاب اخا مستفادا
ورحمة منتظرة وكلمة تدل على هدى واخرى تصرفه عن الردى
وعلما مستطرفا وترك الذنوب حياء وخشية ولو اعتزل
الانسان مهما اعتزل لم يكن له متسعا في الشرع اعتزال
عن الجمعة والجماعات فلا يجوز له تركهما في الجملة فانه يكفر
عمدا ومتهم على ترك الجمعة لما روي عن النبي صلى الله عليه
عليه وسلم انه قال من ترك الجمعة ثلاثا من غير عذر طبع الله
تعالى على قلبه وفي حديث جابر فاعلموا ان الله عز وجل

یعنی ان میں اُن میں سے بجز اس شخص کے جو اپنی خواہش پر سوار ہو کوئی نہیں پایا اور شعبی رح سے
منقول ہے انہوں نے کہا لوگ ایک زمانہ دراز دین سے باہم برتاو کرتے رہے یہانتک کہ دین جاتا رہا
پھر لوگ مروت سے برتاو کرتے رہے حتی کہ مروت بھی جاتی رہی پھر حیا سے برتاو کرتے رہے حتی کہ
حیا بھی جاتا رہا پھر رغبت اور خوف سے برتاو کرتے رہے اور میں گمان کرتا ہوں کہ اسکے
بعد قریب ہے وہ زمانہ آ جاویگا جو اس سے زیادہ سخت ہوگا اور حکیم نے کہا عبادت دس
حصے ہیں نو خاموشی میں ہیں اور ایک گوشہ نشینی میں پس میں نے اپنے نفس کو خاموشی
پر بہلایا لیکن میں اُسپر قادر نہ ہوا پھر میں نے گوشہ نشینی کو اختیار کیا تو میرے لیے وہ نو بھی
جمع ہو گئیں اور وہ کہا کرتے تھے قبر سے زیادہ نصیحت کرنے والی کوئی چیز نہیں ہے اور
قرآن سے کوئی چیز زیادہ دل لگانیوالی ہے اور نہ تنہائی سے زیادہ کوئی چیز سلامت رکھنیوالی ہے
اور بشر بن حارث رح نے کہا بیشک علم اس غرض کے لیے حاصل کیا جاتا ہے کہ اسکے سبب دنیا سے
نفرت کیجاوے نہ اس غرض کے لیے کہ اس سے دنیا طلب کیجاوے اور عائشہ رض سے مروی ہے انہوں نے
کہا عرض کیا گیا یا رسول اللہ کونسا ہمارے ہمنشینوں کا بہتر ہے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ
شخص کہ اُسکا دیکھنا تمکو اللہ تعالی کی یاد دلاوے اور اُسکا علم تمکو آخرت یاد دلاوے اور اسکی بات
تمہارے علم کو زیادہ کرے اور حضرت عیسے بن مریم ع کہا کرتے تھے اے حواریوں کی جماعت تم لوگ
گنہگاروں کی دشمنی سے اللہ عز و جل کی طرف محبوب ہو جاؤ اور اُنسے دور رہنے سے اللہ تعالی کی طرف
قریب ہو جاؤ اور اُنکے غصہ میں اللہ تعالی کی رضامندی چاہو اور اگر ضروری میل جول کرنا ہو
تو علماء سے ہونا چاہیے کیونکہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا علماء کے پاس بیٹھنا عبادت ہے
اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے دل پر فکر کرنا اور اپنے جسم پر صبر کرنا اور اپنی آنکھ پر
رونا لازم کر اور کل کی روزی کا غم نہ کر کیونکہ یہ گناہ ہے تجپر لکھا جاویگا اور مسجدوں کو
لازم پکڑ کیونکہ اللہ تعالے کے گھر کے آباد کرنیوالے ہی اللہ عز و جل کے اہل ہیں اور رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص مسجدوں کی طرف آنا جانا زیادہ کرے تو فائدہ والا بھائی
بخشے ہوئے اور رحمت انتظار کیے گئے کو پاویگا اور ایک ایسی بات کو پاویگا جو ہدایت
پر دلالت کرے اور ایک دوسری بات کو جو ہلاکت سے پھیر دے اور علم عجیب کو پاویگا
اور محبت اور خوف سے گناہوں کو چھوڑ دیگا اور اگر انسان گوشہ نشینی اختیار کرے
تو جب گوشہ نشین ہو تو اُسکے لیے جمعہ اور جماعتوں سے کنارہ رہنا شریعت میں جائز
نہ ہوگا اور ان دونوں کا چھوڑ دینا اُسکے لیے کسی حالت میں درست نہ ہوگا کیونکہ ہمیشہ جمعہ
کو ترک کر دینے سے وہ کافر ہو جاویگا اسلیے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے
آپنے فرمایا جو شخص بلا عذر تین جمعہ ترک کرے تو اللہ تعالی اسکے دل پر (کفر یا نفاق کی)
مہر کر دیتا ہے اور جابر رض کی حدیث میں ہے اے جانو لوگو کہ اللہ عز و جل نے

قد افترض عليكم الجمعة في مقامي هذا في شهري هذا وفي عامي هذا الى يوم القيامة من تركها وله امام عادل او جائر استخفافا بها او جحودا لها فلا جمع الله تعالى له شمله ولا بارك له في امره الا لا صلوة له الا لا زكوة له الا لا حج له الا لا صوم له الا ان يتوب فمن تاب تاب الله عليه ولان في تركها استهانة بمنادي الله عز وجل وهو قوله عز وجل يا ايها الذين امنوا اذا نودي للصلوة من يوم الجمعة فاسعوا الى ذكر الله ومن استهان بالله عز وجل وبمناديه يكفر فعليه التوبة وتجديد الاسلام ويتوب الله على من تاب فلا يجوز له تركها الا لعذر يبيحه الشرع كما قيل خذ عن الناس جانبا غير طاعن عليهم ولا تارك لجماعتهم فليجتهد المرء في الاعتزال عن الناس ما استطاع الا ممن يكون عونا له في امر دينه لان الكذب انما يجري بين اثنين والقود بين اثنين وقتل النفس بين اثنين وقطع المال بين اثنين والسلامة من ذلك في الاعتزال والانفراد -

فصل في اداب السفر والصحبة فيه واذا اراد سفرا او حجا او غزوا او تحولا من دار الى دار او طلب حاجة فليصل ركعتين ثم يطلب حاجته او يتحول واما في السفر فليقل على راس الركعتين اللهم بلغ بلاغا مبلغ خير و مغفرة منك ورضوانا بيدك الخير وانت على كل شيء قدير اللهم انت الصاحب في السفر والخليفة في الاهل والمال والولد اللهم هون علينا السفر واطو لنا البعد اللهم اني اعوذ بك من وعثاء السفر وكابة المنقلب وسوء المنظر في الاهل والولد والمال ويتحرى ان يكون ذلك بكرة خميس او سبت او اثنين واذا استوى على راحلته قال سبحان الذي سخر لنا هذا وما كنا له مقرنين وانا الى ربنا لمنقلبون واذا رجع من السفر صلى ركعتين وقال ايبون تائبون عابدون لربنا حامدون لانه روي عن النبي صلى الله عليه وسلم انه كان يفعله واذا خرج فلا يكن قائدا

تم پر جمعہ کو میرے اس مقام میں میرے اس مہینے میں میرے اس سال میں قیامت کے دن تک فرض کیا ہے جو شخص اُسکو حقیر سمجھکر یا اُسکا منکر ہوکر چھوڑ دیوے درحالیکہ اسکے لیے امام عادل یا ظالم ہو تو اللہ تعالیٰ اسکے لیے اُسکی پریشانی کو جمع نہ کرے اور اُسکا کام اسکے لیے پورا نہ کرے خبردار اُسکے لیے کوئی نماز (درست) نہیں خبردار اسکے لیے کوئی حج (درست) نہیں خبردار اُسکے لیے کوئی روزہ (درست) نہیں مگر یہ کہ وہ توبہ کرے اور جو شخص توبہ کرے اللہ اُسکی توبہ قبول کریگا اور (یہ بددعا) اسلیے بھی ہے کہ اُسکے چھوڑ دینے میں اللہ عز وجل کے پکارنے کو حقیر جانتا ہے اور وہ اللہ عز وجل کا قول ہے اے لوگو جو ایمان لائے ہو جب جمعہ کو دن نماز کے لیے پکارا جائے تو اللہ تعالیٰ کے ذکر کی طرف شتابی کرو اور جو شخص اللہ عز وجل کی اور اُسکے پکارنے کی اہانت کرے تو وہ کافر ہو جاتا ہے اُسپر توبہ کرنی اور اپنے اسلام کو نیا کرنا واجب ہے اور جو شخص توبہ کرتا ہے تو اللہ اسکی توبہ کو قبول فرماتا ہے پس اسکو لیے اُسکا چھوڑ دینا سوا کسی ایسے عذر کے جسکو شریعت نے مباح رکھا ہے درست نہیں جیسا کہ کہا گیا ہے لوگوں سے علیحدہ رہنا اختیار کر بحالیکہ تو اُنپر طعنہ کرنیوالا اور انکی جماعت کو ترک کرنیوالا نہ ہو تو چاہیے کہ آدمی کو جسقدر طاقت ہو لوگوں سے جدا رہنے میں کوشش کرے مگر اُس شخص سے (جدا نہ ہو) جو اُسکے لیے اُسکے دین کے کام میں مددگار ہو کیونکہ جھوٹ دو آدمیوں میں جاری ہوتا ہے اور زنا بھی دو آدمیوں میں اور جان کا قتل کر دینا بھی دو آدمیوں میں اور مال کا قطع کرنا بھی دو آدمیوں میں ہی جاری ہوتا ہے اور اس سے سلامت رہنا جدا رہنے اور تنہائی میں ہے

فصل سفر کے آداب میں اور اسمیں صحبت کرنیکے بیان میں اور جب سفر یا حج یا جہاد یا ایک گھر سے دوسرے گھر جانیکا یا کسی حاجت کے طلب کرنیکا ارادہ کرے تو چاہیے کہ دو رکعتیں پڑھے پھر اپنی حاجت مانگے یا جاوے لیکن سفر میں پس چاہیے کہ دو رکعتوں کے بعد کہے یا اللہ بھلائی کی جگہ میں اور اپنی بخشش اور اپنی رضامندی میں پہونچا تیرے ہی ہاتھ میں بھلائی ہے اور تو ہر چیز پر قادر ہے اے اللہ سفر میں تو ہی رفیق ہے اور اہل اور مال اور اولاد میں خلیفہ ہے یا اللہ ہم پر سفر کو آسان کر اور اُسکی دوری کو ہمارے لیے لپیٹ دے یا اللہ میں سفر کی تکلیفوں سے اور لوٹنے کی بدحالی سے اور اہل اور اولاد اور مال میں دیکھنے کی برائی سے تیری ہی پناہ لیتا ہوں اور چاہیے کوشش کرے کہ سفر جمعرات یا ہفتہ یا دوشنبہ کی صبح کو ہو اور جب اپنی سواری پر بیٹھے تو کہے اُس ذات کی پاکی ہے جس نے ہمارے لیے اسکو مسخر کیا اور ہم اُس کو پکڑ نہیں سکتے تھے اور تحقیق ہم اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں اور جب سفر سے واپس ہو تو دو رکعتیں پڑھے اور کہے ہم رجوع کرنیوالے توبہ کرنیوالے عبادت کرنیوالے اپنے پروردگار کی تعریف کرنیوالے ہیں کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ آپ اسیطرح کیا کرتے تھے اور جب نکلے تو لوگوں کا پیشرو نہ بنے

للناس اذا وجد من يقودهم ولا يشير عليهم بمنازل ينزلونها اذا وجد من يكفيه ذلك وعليه بالصمت وحسن الصحبة وكثرة الشفقة لاخوانه فاياه والقيل والقال و لا ينزل على الطريق ولا على ماء فانه ماوى الحيات والسباع بل يتنحى عنه ولا يعرس على الطريق فانه مكروه وينبغي ان يكون سفره على لسان المعرفة من اوصافه المذمومة الى الصفات الحميدة فيخرج من هواه الى الطلب لمرضاة مولاه بتصحيح تقواه فاول ما يجب عليه اذا اراد ان يسافر من بلده ان يرضي خصومه و ان يرضي والديه ومن يكون في حكمهما من الاجداد و الخالات ويخلف لعياله من يمونهم في مدة سفره او ليتصحبهم ويحملهم معه وينبغي ان يكون سفره لطاعة من الطاعات كالحج او زيارة النبي او زيارة شيخ او موضع من هذه المواضع الشريفة او المباح كالتجارة او العلم بعد احكام علوم العبادات الخمس لان علمها فريضة وما وراءها مباح وفيه فضل وقيل فرض على الكفاية و ينبغي ان يعاشر اصحابه في سفره بحسن الخلق وجميل المداراة وترك المخالفة واللجاج في جميع الاشياء ويشتغل بخدمة اصحابه في السفر ولا يستخدم احدا الا عند الضرورة ويجتهد ابدا ان يكون في سفره على الطهارة ومن اداب الصحبة ان يقف مع صاحبه اذا عيي ويسقيه الماء اذا عطش ويرفق به اذا ضجر ويداريه اذا غضب ويحفظه و رحله اذا نام ويؤثره اذا قل الزاد ويواسيه بما يفتح له ولا ينفرد به دونه ولا يكتمه سرا ولا يفشي له سرا ولا يستظهره الا بجميل ويرد غيبته ويحسن ذكره عند الرفقة ولا يعيبه عندهم ولا يشكوا منه اليهم ويحتمل منه اذاه وينصحه اذا استشاره ويسأل عن اسمه وبلده ونسبه وان كان ارفع منه منزلة ويظهر للرفقة انه تابع له وان كان هو المتبوع وان وضح لتابعه عيوب نفسه على طريق النصح له لا على طريق التوبيخ والتعنيف

جب ایسے شخص کو دیکھے جو لوگون کی پیشروی کرتا ہے اور انپر ڈیرہ کرنیکی جگھون کا جنہیں وہ ڈیرہ کرین اشارہ نہ کرے جب ایسے شخص کو دیکھے جو اس کام کے لیے کافی ہو اور اسپر خاموشی اور اچھی صحبت اور اپنے بہائیون کو بہت نفع پہونچانا لازم ہے اور زیادہ گفتگو سے بچے اور رستہ پر ڈیرہ نہ کرے اور نہ پانی پر کیونکہ وہ جگہ سانپون اور درندون کی ہے بلکہ اس سے ہٹ جاوے اور پچھلی رات کو رستہ پر ڈیرہ نہ کرے کیونکہ یہ مکروہ ہے اور لائق ہے کہ اسکا سفر اسکی بری صفتون سے اسکی پسندیدہ صفتون کی طرف معرفت کی زبان پر ہو پس اپنے نفس کی خواہشون سے اپنے مولی کی رضا مندی کی طلب کرنیکی طرف اپنی پرہیزگاری صحیح کرنے مین نکلے جب اپنے شہر سے سفر کرنیکا ارادہ کرے تو پہلے جو کچھ اسپر واجب ہے یہ ہے کہ اپنے دشمنون کو راضی کرے اور اپنے والدین کو راضی کرے اور جو انکے حکم مین ہون دادون اور خالاؤن سے اور اپنے عیال کے لیے خلیفہ چھوڑے جو اسکی مدت سفر مین اسکا بوجھ اٹھاوے یا انکو اپنے ساتھ لیجاوے اور انکا بوجھ اپنے ساتھ اٹھاوے اور لائق ہے کہ اسکا سفر عبادتون مین سے کسی عبادت کے لیے ہو جیسے حج کرنا یا نبی کی زیارت کرنی یا کسی شیخ بزرگ کی زیارت کرنی یا کسی مباح کام کے لیے جیسے سوداگری یا علم سیکھنے کے لیے بعد اسکے کہ پانچون عبادتون کے حکمون کو سیکھ لے کیونکہ انکا سیکھنا فرض ہے اور سوا انکے مباح ہے اور اسمین بزرگی ہے اور بعضون نے کہا فرض کفایہ ہے اور لائق ہے کہ اپنے سفر مین اپنے رفیقون سے اچھے خلق اور اچھی مدارات کرنے اور تمام چیزون مین مخالفت اور جھگڑے کو ترک کردینے سے برتاؤ کرے اور سفر مین اپنے رفیقون کی خدمت مین مشغول رہے اور بجز کسی ضرورت کے کسی سے خدمت نہ کراوے اور ہمیشہ اس امر کی کوشش کرے کہ اپنے سفر مین باوضو رہے اور رفیق جب تھک جاوے تو اسکے ساتھ ہی کھڑا ہو جانا اور جب وہ پیاسا ہو اسے پانی پلانا اور جب وہ تنگ دل ہو تو اس سے نرمی کرنا اور جب وہ خفا ہو تو اسکی مدارات کرنا اور جب وہ سو جاوے تو اسکی اور اسکے مال کی حفاظت کرنا اور جب توشہ کم ہو جاوے تو اسکو اپنے نفس پر پسند کرنا اور جو کچھ اسکے لیے فتح کیا جاوے اسمین اسکی ہمدردی کرنا اور اسمین اسکے سوا اکیلا نہ ہونا اور اس سے بھید نہ چھپانا اور اسکا راز ظاہر نہ کرنا اور اسکے پیچھے اسکو بجز نیکی کے یاد نہ کرنا اور اسکی غیبت کا رد کرنا اور رفیقون مین اسکا اچھا ذکر کرنا اور انکے پاس اسکی غیبت نہ کرنا اور انکے پاس اسکی شکایت نہ کرنا اور اس سے اسکی تکلیف کو اٹھانا اور جب وہ اس سے مشورہ کرے تو اسکی خیر خواہی کرنا اور اسکا نام اور اسکے شہر کا نام اور اسکی نسب کی بابت پوچھنا اگرچہ مرتبہ مین اس سے بڑا ہو اور رفیقون پر ظاہر کرنا کہ وہ (یعنی مین) اسکا (اپنے رفیق کا) تابع ہے اگرچہ وہ پیشوا ہو اور اپنے تابع کے لیے اپنے نفس کے عیب بطور خیر خواہی ظاہر کرنا نہ بوجہ جھڑکی اور سختی (یہ سب کام) رفاقت کے آداب مین سے ہین

وَيَنْبَغِي أَنْ يَتَعَوَّذَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ يَخَافُهُ وَعِنْدَ مَا يَحِلُّ نَحْوَ مَنْعٍ أَوْ بِأَنْ يَنْزِلَ بِمَنْزِلٍ أَوْ يَجْلِسَ فِي مَكَانٍ أَوْ يَنَامَ فِيهِ بِأَنْ يَقُولَ أَعُوذُ بِاللّٰهِ وَكَلِمَاتِهِ التَّامَّاتِ الَّتِي لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَلَا فَاجِرٌ وَبِأَسْمَاءِ اللّٰهِ الْحُسْنَى كُلِّهَا مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَا لَمْ أَعْلَمْ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَذَرَأَ وَبَرَأَ وَمِنْ شَرِّ مَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيهَا وَمِنْ شَرِّ مَا ذَرَأَ فِي الْأَرْضِ وَمِنْ شَرِّ مَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمِنْ فِتَنِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمِنْ طَارِقِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ إِلَّا طَارِقًا يَطْرُقُ مِنْكَ بِخَيْرٍ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ وَمِنْ كُلِّ دَابَّةٍ رَبِّي آخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا إِنَّ رَبِّي عَلَى صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ وَلَا يُتَّخَذُ فِي الرِّكَابِ الْأَجْرَاسُ لِأَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّهُ مَعَ كُلِّ جَرَسٍ شَيْطَانٌ وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الْمَلَائِكَةَ لَا تَصْحَبُ رُفْقَةً فِيهَا جَرَسٌ وَيُسْتَحَبُّ أَنْ يَصْحَبَ فِي سَفَرِهِ عَصًا وَيَجْتَهِدُ أَنْ لَا يَخْلُوَ مِنْهَا لِمَا رَوَى مَيْمُونُ بْنُ مِهْرَانَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ إِمْسَاكُ الْعَصَا سُنَّةُ الْأَنْبِيَاءِ وَعَلَامَةُ الْمُؤْمِنِينَ وَقَالَ الْحَسَنُ الْبَصْرِيُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِي الْعَصَا سِتُّ خِصَالٍ سُنَّةُ الْأَنْبِيَاءِ وَزِيُّ الصَّالِحِينَ وَسِلَاحٌ عَلَى الْأَعْدَاءِ يَعْنِي الْحَيَّةَ وَالْكَلْبَ وَغَيْرَ ذٰلِكَ وَعَوْنُ الضُّعَفَاءِ وَغَمُّ الْمُنَافِقِينَ وَزِيَادَةٌ فِي الْحَسَنَاتِ وَيُقَالُ إِذَا كَانَ مَعَ الْمُؤْمِنِ الْعَصَا هَرَبَ الشَّيْطَانُ مِنْهُ وَخَشَعَ مِنْهُ الْمُنَافِقُ وَالْفَاجِرُ وَيَكُونُ قِبْلَتَهُ إِذَا صَلَّى وَقُوَّتَهُ إِذَا أَعْيَى وَفِيهَا مَنَافِعُ كَثِيرَةٌ كَمَا قَالَ اللّٰهُ فِي قِصَّةِ مُوسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ هِيَ عَصَايَ أَتَوَكَّأُ عَلَيْهَا وَأَهُشُّ بِهَا عَلَى غَنَمِي وَلِيَ فِيهَا مَآرِبُ أُخْرَى

فصل

وَلَا يَجُوزُ إِخْصَاءُ شَيْءٍ مِنَ الْحَيَوَانِ وَالْعَبِيدِ نَصَّ عَلَيْهِ الْإِمَامُ أَحْمَدُ فِي رِوَايَةِ حَرْبٍ وَأَبِي طَالِبٍ وَكَذٰلِكَ السِّمَةُ فِي الْوَجْهِ عَلَى مَا نَقَلَ أَبُو طَالِبٍ عَنْهُ لِأَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى أَنْ يُخْصَى كُلُّ ذِي نَسْلٍ مِنَ الْبَهَائِمِ وَفِي حَدِيثِ أَبِي هُرَيْرَةَ رض وَفِي حَدِيثِ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْوَسْمِ فِي الْوَجْهِ وَرَخَّصَ فِيهِ الْآذَانَ وَإِنْ كَانَ لَا بُدَّ مِنَ الْوَسْمِ لِأَجْلِ الْعَلَامَةِ لِيَعْرِفُوا

اور ہر اُس چیز سے کہ جس سے وہ خوف کرتا ہو اور کسی جگہ اُترنے کے وقت یا کسی منزل مین ڈیرہ کرنے کے وقت یا کسی مکان مین بیٹھنے کے وقت یا اُسمین سونے کے وقت پناہ لینی ضرور ہے بایں طور کہ کہے مین اللہ کی اور اُسکے اُن پورے حکمون کی جنسے کوئی نیک اور بد گذر نہین سکتا اور اللہ کے تمام نیک ناموں سے جو اُنمین سے مین جانتا ہون اور جو نہین جانتا اُس چیز کی برائی سے جو اللہ نے پیدا کی اور پھیلایا اور پیدا کیا اور اُس چیز کی برائی سے جو آسمان سے اترتی ہے اور جو اُسمین چڑھتی ہے اور اُس چیز کی برائی سے جسکو اُسنے زمین مین پھیلایا ہے اور اُس چیز کی برائی سے جو اُس سے نکلتی ہے اور رات اور دن کے فتنے سے اور رات اور دن کے آنیوالے سے پناہ لیتا ہون مگر وہ آنیوالا جو تیری طرف سے بھلائی لاتا ہے اے تمام رحم کرنیوالون سے زیادہ رحم کرنیوالے اور ہر ایک جاندار سے میرا پروردگار اُسکے ماتھے سے پکڑنیوالا ہے بیشک میرا رب سیدھا رستے پر ہے اور اونٹوں کے ساتھ جرس (یعنے ٹلیان) نہ لے کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ہر ایک جرس کے ساتھ شیطان ہے اور حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ فرشتے مسافرون کی اُس جماعت کے ساتھ نہین رہتے جن مین جرس ہو اور مسافر کے لیے سفر مین اپنے عصا کو اپنی ہمراہ رکھنا مستحب ہے اور اسمین کوشش کرے کہ اُس سے خالی نہ رہے کیونکہ میمون بن مہران نے ابن عباس رض سے روایت کی ہے انہون نے کہا عصا کا نگاہ رکھنا پیغمبرون کی سنت ہے اور مومنون کی نشانی ہے اور حضرت حسن بصری رحمہ اللہ نے کہا عصا مین چھ خصلتین ہین پیغمبرون کی سنت ہے اور نیکون کی ہیئت ہے اور دشمنون پر ہتھیار ہے یعنے سانپ اور کتے وغیرہ پر اور عاجزون کی مدد ہے اور منافقون کی خواری ہے اور نیکیون مین زیادتی ہے اور کہا جاتا ہے کہ جب مومن کے ساتھ عصا ہو تو شیطان اُس سے بھاگ جاتا ہے اور منافق اور گناہ گار اُس سے ڈرتا ہے اور جب وہ نماز پڑھتا ہے تو اُسکا قبلہ بنتا ہے اور جب وہ تھک جاوے تو اُسے طاقت دیتا ہے اور اُسمین بہت سے فائدے ہین جیسا کہ اللہ تعالی نے موسی علیہ السلام کے قصے مین کہا یہ میرا عصا ہے اسپر تکیہ لگایا کرتا ہون اور اپنی بکریون پر اس سے پتے جھاڑتا ہون اور اسمین اور بھی فائدے ہین

فصل

اور حیوانون اور غلامون مین کسی چیز کا خصی کرنا درست نہین جیسا کہ حرب اور ابو طالب کی روایت مین امام احمد رح نے اسپر نص (یعنے تصریح) کی ہے اور اسی طرح منہ میں داغ دینا جیسا کہ ابو طالب نے امام احمد رض سے نقل کیا کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے چارپایون مین ہر صاحب نسل کے خصی کرنے سے منع فرمایا ہے اور ابو ہریرہ رض و انس رض بن مالک کی حدیث مین ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے منہ میں داغ دینے سے منع فرمایا ہے اور کانون کے داغ دینے مین اجازت فرمائی ہے اور اگر علامت کرنے کے لیے داغ کرنا ضروری ہو تاکہ

البهائم حين الاختلاط جاز في غير الوجه كالافخاذ والاسنمة

فصل ولا يجوز فعل شيء من المستقذرات في المساجد و يكره العمل فيها كالخياطة والخرازة والبيع والشراء وما اشبه ذلك ويكره رفع الاصوات الا بذكر الله تعالى والنخامة في المسجد خطيئة وكفارتها دفنها ويكره زخرفة المساجد بالتزاويق والخلوق ولا بأس بتجصيصها وتطيينها ويكره اتخاذها بيتا ومقاما الا للغريب والمعتكف لان النبي صلى الله عليه وسلم انزل وفد بني عبد قيس وروى ثقيف في المسجد ولا بأس بانشاد الشعر والقصائد فيها الخالية من السخف والهجاء للمسلمين والاولى صيانتها ان يكون من الزهد يات المرققات المشوقات المبكيات فيجوز الاكثار منها والاولى من ذلك القرآن والتسبيح لان المساجد وضعت لذكر الله تعالى والصلوة فينبغي ان لا يجعل سوى ذلك ويكره نقل تراب المسجد واما ما حصل فيه من المزابل والكناسة فيستحب اخراج ذلك وفيه فضل كبير وقد روي عن النبي صلى الله عليه وسلم ان ذلك مهور حور عين ويكره تمكين الصبيان والمجانين من دخوله ولا بأس بعبور الجنب فيه وتمنع الحائض لانه لا يؤمن من تلويث المسجد واذا دعت الضرورة للجنب جاز له ان يتوضأ ويلبث في المسجد الى حين يقدر على الغسل والاولى ان يتيمم للجنابة مع ذلك ايضا وكذلك اذا لم يجد الماء الا في بئر المسجد تيمم ليصل الى البئر ثم يغتسل اذا وصل اليها **فصل** في الاصوات فما كان منها من انشاد الاشعار المتجردة من الملاهي على ضربين مباح ومحظور فالمباح ما لا سخف فيه والمحظور ما كان فيه سخف فاما ما ينضم الى الملاهي فمحظور سواء خلا عن السخف او قارن السخف الا انه اذا قارنه سخف حصل الحظر لعلتين ويكره قراءة القرآن بالالحان المشبهة بصوت الاغاني المطربة اعظاما لها وتنزيها ولان الغالب من ذلك

چارپایوں کے ملجانے کے وقت اپنے اپنے چارپایوں کو پہچان لیں تو سوا منہ کے دوسرے اعضا میں) داغ دینا جیسے ران اور کوہان میں درست ہے **فصل** اور مسجدوں میں پلید کاموں میں سے کسی کام کا کرنا درست نہیں اور ان میں کام کرنا مکروہ ہے جیسے کپڑے سینے اور موزے سینے اور بیچنا اور خریدنا اور ایسے ہی جو اور کام ہیں اور مسجدوں میں بجز اللہ کے ذکر کے آواز کا بلند کرنا مکروہ ہے اور مسجد میں تھوکنا گناہ ہے اور اسکا کفارہ اسکا دفن کر دینا ہے اور مسجدوں کو نقشوں اور رنگدار خوشبو سے آراستہ کرنا مکروہ ہے اور انکے گچ کرنے اور انکے کہگل کرنے میں خوف نہیں اور مسجدوں کو گھر بنانا یا انہیں مقام بنانا بجز مسافر کے یا اعتکاف کرنیوالے کے مکروہ ہے کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بنی عبد قیس کو یا ثقیف کو مسجد میں اتارا تھا اور مسجدوں میں ایسے اشعار یا قصائد کے پڑھنے کا خوف نہیں جو بیہودگی اور مسلمانوں کی ہجو سے خالی ہوں اور انکا محفوظ رکھنا بہتر ہے البتہ اگر شعر دنیا سے ترک کرنیوالے اور نرم کرنیوالے شوق بڑھانے والے رلانے والے ہوں تو وہ زیادہ پڑھنے بھی درست ہیں اور اس شعرخوانی سے قرآن اور اللہ کی تسبیح کرنی بہتر ہے کیونکہ مسجد میں اللہ تعالی کے ذکر اور نماز کے لیے بنائی گئی ہیں پس لائق ہے کہ سوا اسکے ان میں اور کچھ نہ اتارا جاوے اور مسجد کی مٹی دوسری جگہ لیجانی مکروہ ہے لیکن مسجد میں اگر گوبر یا کوڑے معلوم ہوں تو انکا نکال دینا مستحب ہے اور اسمیں بڑی بزرگی ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ یہ حور عین کا مہر ہے اور لڑکوں اور دیوانوں کو مسجد میں آنیکی قدرت دینی مکروہ ہے اور مسجد میں جنبی کے گذرجانے میں خوف نہیں اور حیض والی عورت کو یہی (گذرنے سے) منع کیا جاوے کیونکہ مسجد کا خون وغیرہ سے بھرجانے کا خوف ہے اور جب جنبی کے لیے کوئی خاص ضرورت ہو تو اسکے لیے وضو کرکے مسجد میں اسی وقت تک ٹھیرنا درست ہے جب تک غسل پر قادر ہو اور بہتر یہ ہے کہ وضو کے ساتھ جنابت کے لیے بھی تیمم کرلے اور اسیطرح اگر بجز مسجد کے کنوئیں کا پانی نہ پاوے تو کنوئیں تک جانے کیلیے تیمم کرلے جب کنوئیں تک پہونچ جاوے تو نہالے **فصل** آوازوں کے بیان میں پس آوازوں میں سے وہ آوازیں جو ایسے اشعار کے پڑھنے سے پیدا ہوں جو بیہودگیوں سے خالی ہوں دو قسم ہیں ایک مباح دوسری ممنوع مباح وہ ہے جسمیں بیوقوفی نہ ہو اور ممنوع وہ جسمیں بیوقوفی ہو اور جو شعر بیہودگیوں سے ملے ہوئے ہوں پس وہ ممنوع ہیں خواہ بیوقوفی سے خالی ہوں یا بیوقوفی سے ملی ہوئی ہوں ممانعت دو چیزوں سے حاصل ہے اور قرآن شریف کی قراءت کو بزرگ اور پاک کہنے کیلیے اسکو ایسے آواز سے پڑھنا جو خوش کرنیوالے سازوں سے مشابہ ہو مکروہ ہے (یا اس لیے مکروہ ہے) کہ اس سے روے

اِخراجُ الکلامِ عن سُنّتہ واسقاطُ الاطالۃِ والھمزِ فی موضِعہ
واطالۃُ المقصورِ وقصرُ الممدودِ وادغامُ الحروفِ ولانّ
ثمرۃَ القرآنِ خشیۃُ اللہِ عزّوجلّ وتحذیرٌ عند سماعِ
مواعظہ والاعتبارُ ببراھینہ وقصصہ وامثالہ والتشوّقُ
الی وعدہ وذلک یزولُ بطیبِ سماعہ قال اللہ عزّوجلّ
انّما المؤمنونَ الذین اذا ذُکِرَ اللہُ وجلت قلوبُھم واذا
تُلیت اٰیٰتہ زادتھم ایمانًا وعلی ربّھم یتوکّلون وقال
تعالی افلا یتدبّرون القرآن وقولہ جلّ وعلا لیدّبّروا
اٰیٰتہ وقولہ تعالی واذا سمعوا ما انزل الی الرّسول تری
اعینھم تفیض من الدّمع ممّا عرفوا من الحقّ والالحانُ
المطربۃُ تحولُ بین ذلک فکُرہ لاجلِ ذلک ولا یسافرُ بالمصحفِ
الی اھلِ الحربِ حتی لا ینالوا منہ ویستخفّوا بحرمتہ ولا
یستمعُ الی اصواتِ الاجنبیّاتِ من شوابِّ النساءِ لانّ
النبیَّ صلّی اللہ علیہ وسلّم قال التسبیحُ للرجالِ والتصفیقُ
للنساءِ اذا نابَ المصلّی نائبٌ فی صلوتہ فکیف بالشعرِ
والغزلِ والامورِ المھیّجۃِ لطباعِ الناسِ من ذکرِ صفاتِ
العشّاقِ والمعشوقینَ ودقائقِ صفاتِ المحبّۃِ و
المیلِ والصفاتِ المشتھیاتِ التی تشوّقُ النفسَ الی
سماعِھا فتھیّجُ دواعیَ السّماعِ وتثیرُ طبعہ الی المحارمِ
فلا یجوزُ لاحدٍ سماعُ ذلک وان قالَ قائلٌ انّی اسمعُھا
علی معانٍ اسلمُ فیھا عند اللہِ تعالی کذّبناہ لانّ الشّرعَ
لم یفرّق بین ذلک ولو جاز لاحدٍ جاز للانبیاءِ علیھم
السلامُ ولو کانَ ذلک عذرًا لاجزنا سماعَ القیانِ لمن
یدّعی انّہ لا یطربُ وشربَ المسکرِ لمن ادّعی انّہ ما یسکرُہ
فلو قال عادتی انّی متی شربتُ الخمرَ انکففتُ عن الحرامِ لم
یجز لہ ولو قال انّی شاھدتُ المردانَ والاجنبیّاتِ فی
خلوتی ثمّ اعتبرتُ فی حسنِھم لم یجز لہ ذلک بل
نقولُ ترکُ ذلک واجبٌ والاعتبارُ بغیرِ المحرّماتِ اکثرُ
من ذلک وانّما ھذہ طریقۃُ من ارادَ تناوُلَ الحرامِ

کلام کو اُسکے طریقہ سے نکالدیتا ہے اور مد اور ہمزہ کو اسکی جگہ سے گرا دیتا ہے اور چھوٹے کو
لنبا اور لنبے کو چھوٹا کرتا ہے اور حرفون کا ادغام کرتا ہے اور اسلیے کہ قرآن شریف کا
نتیجہ اللہ عزوجل کا خوف ہے اور اسکی نصیحتون کو سننے کے وقت ڈرنا ہے اور اسکی دلیلون سے
اور اسکے قصون کے بیان کرنے سے اور اُسکی مثالین دینے سے عبرت حاصل کرنا ہے اور اُسکے
وعدون کی طرف شوق کا زیادہ ہونا ہے اور اسکی خوش آواز سننے سے یہ دور ہو جاتا ہے
اللہ تعالی فرماتا ہے بیشک مومن وہ ہین کہ جب اللہ تعالی کا ذکر کیا جاوے تو اُنکے دل
ڈر جاتے ہین اور جب اسکی آیتین اُنپر پڑہی جاتی ہین تو وہ اُنکے ایمان کو زیادہ کرتی ہین
اور وہ اپنے رب پر توکل کرتے ہین اور اللہ تعالے نے فرمایا کیا پس قرآن مین فکر نہین
کرتے اور اللہ جل وعلا کا فرمودہ ہے تاکہ اُسکی آیتون کو سوچین اور اللہ تعالی کا فرمودہ
اور جب وہ سنتے ہین اسچیز کو جو رسول کیطرف اتاری گئی ہے تو انکی آنکھون کو آنسون سے
بہتی ہوئی دیکھیگا سبب اسکے کہ اُنہون نے حق کو پہچان لیا اور خوش کرنیوالے آواز
اُسمین حائل ہو جاتے ہین اسلیے مکروہ ہین اور قرآن شریف ساتھ لیکر حربی
کافرون کی طرف سفر نہ کرے تاکہ وہ اُسے نہ لیلین اور اسکی بزرگی مین اہانت
کرین اور جوان عورتون مین سے اجنبی عورتون کے آوازون کی طرف کان نہ لگاوے کیونکہ
نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مردون کے لیے تسبیح کہنا ہے اور عورتون کے لیے تالی بجانا ہے اُس
وقت کہ جب نمازی کو اسکی نماز مین کوئی حادثہ پیش آوے (جیسے سہو ہے) تو شعر اور غزل اور ان
وہ امور جو لوگون کی طبیعتون کو اُبھارنیوالے ہین جیسے عاشقون اور معشوقون کی
صفتون کا ذکر کرنا اور محبت اور میل کی صفتون کی باریکیون کو بیان کرنا اور اُن رغبت
کیگئی صفتون کا ذکر کرنا جو نفس کو اُنکے سننے کی طرف شوق دلاتی ہین کسطرح درست
ہوسکتی ہین اور یہ صفتین گانا سننے کی خواہشون کو برانگیختہ کرتی ہین اور اسکی طبع کو حرامون
کی طرف اُبھارتی ہین تو اُسکا سننا کسیکو جائز نہ ہوگا اور اگر کوئی کہنے والا کہے مین اسکو ایسے معنون پر سنتا ہون
جنمین اللہ تعالی کے نزدیک سلامت رہتا ہون تو ہم اسکو جھوٹا کہتے ہین کیونکہ شرع نے اسمین فرق نہین کیا
اور اگر کسی کو سننا جائز ہوتا تو انبیا علیہم السلام کے لیے جائز ہوتا اور اگر یہ عذر ہوتا تو ہم گانے والیون
کا سننا اُس شخص کے لیے جائز کہتے جو اس امر کا دعوی کرتا ہے کہ راگ اُسکو خوش نہین کرتا اور نشے
والی چیزون کا پینا اس شخص کے لیے جائز کہتے جو اس امر کا دعوی کرتا کہ وہ اس سے نشہ مین نہین آتا اور اگر
وہ کہے کہ میری عادت ہی یہی ہے کہ جب مین شراب پیتا ہون حرام سے باز رہتا ہون تو اسکے لیے بہی ناجائز کہی
جاویگی اور اگر وہ کہے کہ مین بے ریش لڑکون اور بیگانی عورتون کو دیکھتا ہون اپنی خلوت مین اور انکے حسن
مین عبرت حاصل کرتا ہون تو بھی اسکیلیے جائز نہین بلکہ ہم کہتے ہین کہ اس فعل کو چھوڑ دینا واجب ہے اور محرمات
کے سوا اور بہت سی چیزون مین عبرت حاصل کرنا اُس سے زیادہ مفید ہے اور بیشک اُس شخص کا طریقہ ہے جو حرام

بِطَرِيْقِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ فَيَرْكَبُ هَوَاهُ فَلَا نُسَلِّمُ لِأَصْحَابِهَا وَلَا
نَلْتَفِتُ اِلَيْهِمْ قَالَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ قُلْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا
مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ فَمَنْ قَلَّ
النَّظَرَ اَزْكٰى كَانَ مُكْرِمًا بِالْقُرْاٰنِ وَيُكْرَهُ النَّدْبُ وَالنِّيَاحَةُ
فَاَمَّا الْبُكَاءُ عَلَى الْمَيِّتِ فَغَيْرُ مَكْرُوْهٍ

فَصْلٌ فِي الْاِذْنِ
فِيْ قَتْلِ الْحَيَوَانِ مَا يُبَاحُ مِنْهُ وَمَا لَا يُبَاحُ فَمَنْ رَاٰى شَيْئًا
مِنَ الْحَيَّاتِ فِيْ مَنْزِلِهٖ فَلْيُؤْذِنْهُ ثَلٰثًا فَاِنْ بَدَا لَهٗ فَلْيَقْتُلْهُ
وَاَمَّا فِي الصَّحَارِىْ فَيَجُوْزُ قَتْلُهٗ مِنْ غَيْرِ اِيْذَانٍ وَكَذٰلِكَ
الْاَبْتَرُ هُوَ كَثِيْرُ الذَّنَبِ وَذُو الطُّفْيَتَيْنِ الَّذِيْ فِيْ ظَهْرِهٖ
خَطٌّ اَسْوَدُ وَقِيْلَ لَهٗ شَعَرَاتٌ سُوْدَاوَاتٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ
فَاِنَّهٗ يَقْتُلُهٗ بِلَا اِيْذَانٍ فَصِفَةُ الْاِيْذَانِ اَنْ يَقُوْلَ
اِمْضِ بِسَلَامٍ لَا تُؤْذِيْنَا قَدْ جَاءَ فِيْ ذٰلِكَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى
اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنْ حَيَّاتِ الْبُيُوْتِ فَقَالَ اِذَا رَاَيْتُمْ
مِنْهُمْ شَيْئًا فِيْ مَسَاكِنِكُمْ فَقُوْلُوْا اَنْشُدُكُمُ الْعَهْدَ الَّذِيْ اَخَذَ
عَلَيْكُمْ نُوْحٌ اَنْشُدُكُمُ الْعَهْدَ الَّذِيْ اَخَذَ عَلَيْكُمْ سُلَيْمَانُ اَنْ
لَا تُؤْذُوْنَا فَاِنْ عُدْنَ فَاقْتُلُوْهُنَّ وَمَا رُوِيَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ
رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
اُقْتُلُوا الْحَيَّاتِ كُلَّهُنَّ فَمَنْ خَافَ ثَارَهُنَّ فَلَيْسَ مِنِّيْ
وَفِيْ حَدِيْثِ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ
اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اُقْتُلُوا الْحَيَّاتِ وَذَا الطُّفْيَتَيْنِ
وَالْاَبْتَرَ فَاِنَّهُمَا يَطْمِسَانِ الْبَصَرَ وَيُسْقِطَانِ الْحَمْلَ قَالَ
وَكَانَ عَبْدُ اللهِ يَقْتُلُ كُلَّ حَيَّةٍ وَجَدَهَا فَاَبْصَرَهُ اَبُوْ لُبَابَةَ
وَهُوَ يُطَارِدُ حَيَّةً فَقَالَ اِنَّهٗ قَدْ نُهِيَ عَنْ ذَوَاتِ الْبُيُوْتِ
الْاَصْلُ فِي النَّهْيِ عَنْ ذَوَاتِ الْبُيُوْتِ مَا رُوِيَ عَنْ اَبِي
السَّائِبِ قَالَ اَتَيْتُ اَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ فَبَيْنَا اَنَا جَالِسٌ
عِنْدَهٗ سَمِعْتُ تَحْتَ سَرِيْرِهٖ تَحَرُّكَ شَيْءٍ فَنَظَرْتُ فَاِذَا حَيَّةٌ
فَقُمْتُ فَقَالَ اَبُوْ سَعِيْدٍ مَا بَالُكَ قُلْتُ حَيَّةٌ هٰهُنَا قَالَ فَمَاذَا
تُرِيْدُ قُلْتُ قَتْلَهَا فَاَشَارَ اِلٰى بَيْتٍ فِيْ دَارِهٖ تِلْقَاءَ بَيْتِهٖ
فَقَالَ اِنَّ ابْنَ عَمٍّ لِيْ كَانَ فِيْ هٰذَا الْبَيْتِ فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ

پس اپنی خواہش پر سوار ہوجاتا ہے اور ہم ایسے باطل طریقے والوں کو نہیں مانتے اور نہ
انکی طرف دیکہتے ہیں اللہ تعالے فرماتا ہی تو مومنون کو کہدے کہ اپنی نظروں کو ڈہانپیں
اور اپنی شرمگاہوں کو نگاہ رکہیں یہ کام انکے لیے بہت پاکیزہ ہے پس جو شخص نیچے
کرے (محرمات کی طرف) دیکہنا زیادہ پاکیزہ ہے تو وہ قرآن مجید کو جہوٹا جاننے والا
ہوگا۔ اور واویلا اور بین کرنا مکروہ ہے لیکن میت پر رونا مکروہ نہیں **فصل** جانداروں کو قتل
کرنے کی اجازت کے بیان میں جو اُن سے مباح ہے اور جو اُن سے مباح نہیں جو شخص
سانپوں میں سے کسی سانپ کو اپنے گہر میں دیکہے تو چاہیے کہ اُسے تین بار خبر دیوے پہر اگر
مناسب ہو تو اُسے مار ڈالے لیکن جنگل میں سوائے خبر کرنے کے ہی اُسے مار ڈالنا درست
ہے اور دم بریدہ سانپ کا جسکی دم چہوٹی ہو یہی حکم ہے اور اُس دو خطوں والے سانپ
کا بہی یہی حکم ہے جسکی پیٹہ میں سیاہ خط ہو اور بعضوں نے کہا ہے اُسکی دونوں آنکہوں
کے درمیان اُسکے سیاہ بال ہوتے ہیں اسے بیشک بغیر خبر کرنے کے ہی
مار ڈالے اور خبر کرنیکا طریقہ یہ ہے کہ کہے سلامتی سے چلا جا ہمیں تکلیف نہ دے اس بارہ میں
آیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے گہروں کے سانپوں کی بابت سوال کیا گیا تو آپ نے فرمایا
جب تم اُنمیں سے کسی کو اپنے گہر میں دیکہو تو کہو میں تمکو اُس عہد کی قسم دیتا ہوں
جو تم سے نوح علیہ السلام نے لیا تہا میں تمکو اُس عہد کی قسم دیتا ہوں جو تم سے حضرت سلیمان
علیہ السلام نے لیا تہا کہ تو ہمیں تکلیف نہ دیو اور اگر وہ پہر دوبارہ آویں تو انہیں مار ڈالو
اور جو ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے یہ ہے کہ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے
سانپوں کو مار ڈالا کرو اور جو شخص اُنکے کینہ سے ڈرے تو وہ مجہہ سے نہیں اور سالم بن
عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ اُسنے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
تم سانپوں کو مار ڈالا کرو اور دو خط والے سانپ کو بہی اور دم کٹے سانپ کو بہی کیونکہ یہ
دونوں بینائی کو دور کر دیتے ہیں اور حمل کو گرا دیتے ہیں اور حضرت عبداللہ ہر ایک
سانپ کو جسے وہ پاتے تہے مار ڈالتے تہے پس انہیں ابو لبابہ نے ایسے حال
میں دیکہہ لیا کہ وہ سانپ کا پیچہا کر رہے تہے تو ابو لبابہ نے کہا حضرت نے گہر والوں
سانپوں کے مارنے سے منع فرمایا ہے اور گہر والے سانپوں کے مارنیکی ممانعت کی دلیل وہ حدیث
ہے جو ابو السائب سے مروی ہے اُسنے کہا میں ابو سعید خدری کے پاس آیا پس اُس وقت
میں کہ ہم اُنکے پاس بیٹہے ہوئے تہے میں نے اُنکی چارپائی کے نیچے کسی چیز کی حرکت
سُنی میں نے دیکہا تو وہ سانپ تہا میں اُٹہہ کہڑا ہوا تو ابو سعید نے کہا تو کیوں اُٹہا ہے میں نے
کہا یہاں سانپ ہے اُنہوں نے کہا تو کیا کرنا چاہتا ہے میں نے کہا میں اُسے مارنا چاہتا ہوں تو
ابو سعید نے اپنی حویلی میں اپنے گہر کے سامنے ایک کہر کی طرف اشارہ کیا اور کہنے لگے میرا چچا زاد بہائی

الاحزاب استاذن الى اهله وكان حديث العهد بعرس
فاذن له رسول الله صلى الله عليه وسلم وامره ان يذهب
بسلاحه فاتى داره فوجد امرأته قائمة على باب البيت فاشار
اليها بالرمح فقالت لا تعجل حتى تنظر ما اخرجني فدخل
البيت فاذا حية منكرة فطعنها بالرمح ثم خرج بها في
الرمح تضطرب قال فلا ادري ايهما كان اسرع
موتا الرجل او الحية فاتى قومه رسول الله صلى الله عليه
وسلم فقالوا ادع الله تعالى ان يرد صاحبنا فقال صلى الله
عليه استغفروا لصاحبكم ثم قال صلى الله عليه وسلم
ان نفرا من الجن اسلموا بالمدينة فاذا رأيتم احدا
منهم فحذروه ثلث مرات ثم ان بدا لكم بعد ان تحذروه
فاقتلوه بعد الثلث وروى في بعض الالفاظ فليؤذنه
ثلثا فان بدا له فليقتله فانه شيطان ويجوز قتل
الاوزاغ لما روى عامر بن سعيد عن ابيه قال امر رسول
الله صلى الله عليه وسلم بقتل الوزغ وسماه فويسقا
وعن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال ان في
اول ضربة سبعين حسنة يعني من قتلها باول ضربة
كان له ذلك ويكره قتل النملة الا من اذية شديدة
لما روى ابو هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم ان نملة
قرصت نبيا من الانبياء فامر بقرية النمل فاحرقت فاوحى
الله تعالى اليه ان قرصتك نملة اهلكت امة من
الامم تسبح ويكره قتل الضفدع لما روي عن عبد الرحمن
ابن عثمان قال انه سئل النبي صلى الله عليه وسلم من
ضفدع يجعلها في دواء فنهاه النبي صلى الله عليه وسلم
عن قتلها ويكره قتل جميع ما يباح قتله بالنار من
القمل والبق والبراغيث والنمل لقوله صلى الله عليه
وسلم لا يعذب بالنار الا رب النار ويجوز قتل كل شيء
يؤذي من الحيوانات في ان لم يكن توجد منه الاذية بعد
ما كان مخلوقا على صفة تؤذي لان من طبعه الاذية

احزاب کے دن اُس نے اپنے گھر آنیکی (حضرت سے) اجازت مانگی اور نیا بیاہا ہوا تھا
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے اجازت دیدی اور اُسے فرمایا کہ اپنے ہتھیار ساتھ لیجا
اپنے گھر میں آیا تو اپنی عورت کو گھر کے دروازہ پر کھڑی ہوئے پایا غیرت کہا کر اُسکی
طرف نیزہ اٹھایا وہ کہنے لگی جلدی نہ کر یہاں تک کہ تو میرے باہر آنے کے سبب کو
معلوم کرے جب وہ اندر گیا تو ناگاہ ایک سانپ بد صورت دیکھا اُسنے اسی نیزہ سے پرو لیا
پھر اُسے لیکر باہر نکلا اور وہ سانپ نیزہ میں جنبش کرتا تھا ابو سعید نے کہا مجھے معلوم
نہیں کہ اُن دونوں یعنے آدمی اور سانپ میں سے کون جلدی مرا پھر اُسکی قوم کے
لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور عرض کرنے لگے آپ اللہ تعالی سے دعا
کیجیے کہ ہمارے آدمی کو زندہ کردے آپنے فرمایا اپنے آدمی کے لیے بخشش مانگو پھر حضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جنوں کی ایک جماعت مدینہ میں مسلمان ہوئی ہے جب ان میں سے
کسی کو دیکھو تو اُسے تین مرتبہ ڈراؤ پھر بعد ڈرانے کے اگر وہ سانپ ہی معلوم ہو تو تین
مرتبہ کے بعد اُسے مار ڈالو اور بعض الفاظ میں یوں مروی ہے کہ اُسے تین دفعہ خبردار کرے
اگر معلوم ہو کہ وہ سانپ ہے تو اُسے مار ڈالے کیونکہ وہ شیطان ہے اور گرگٹ کا مارنا درست
ہے کیونکہ عامر بن سعید اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم نے گرگٹ کے مارنیکا حکم دیا اور اُسکا نام بدکار رکھا اور ابو ہریرہ سے مروی ہے
وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپنے فرمایا گرگٹ کے پہلی
دفعہ مارنے میں ستر نیکیوں کا ثواب ہے پہلی دفعہ مارنے سے آپ کی غرض یہ ہے کہ جو
شخص ایک ہی ضرب سے اُسے مار ڈالے اُسے ستر نیکیوں کا ثواب ملیگا اور چیونٹی کا
مارنا مکروہ ہے البتہ اگر وہ سخت تکلیف دیوے تو درست ہے کیونکہ ابو ہریرہ نبی صلی اللہ
علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپنے فرمایا پیغمبروں میں سے ایک پیغمبر کو چیونٹی نے
کاٹا تو اُسنے چیونٹیوں کے گھروں کو جلا دینے کا حکم دیدیا تو سب جلا دیئے گئے
اللہ تعالی نے اُسکی طرف وحی کی کہ تجھے ایک چیونٹی نے کاٹا اور تو نے اسکے بدلے امتوں
میں سے ایک امت کو جو مجھے پاکی سے یاد کرتی تھی ہلاک کر دیا اور مینڈک کا مارنا مکروہ ہے کیونکہ
عبد الرحمن بن عثمان سے مروی ہے انہوں نے کہا مینڈک کو دوا میں ڈالنے کو اسکے مارنے
کی بابت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا تو آپ نے سائل کو اسکے مارنے
سے منع فرمایا اور جن چیزوں کا مارنا مباح ہے انکا آگ میں جلانا مکروہ ہے جیسے جوئیں
اور مچھر اور پسو اور کیڑی اسلیے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آگ میں بجز صاحب آگ کے
عذاب نہیں دیتا اور جاننا چاہئے کہ ہر ایک چیز جو تکلیف دیوے اُسکا مارنا درست ہے اگرچہ
ابھی سے تکلیف ظہور میں نہ آئی ہو بعد اسکے کہ وہ تکلیف دینے کی صفت پر پیدا کی گئی ہے

وَذٰلِكَ كَالْحَيَّةِ الَّتِي ذَكَرْنَا صِفَتَهَا وَالْعَقْرَبِ وَالْكَلْبِ الْعَقُوْرِ وَالْفَارَةِ وَغَيْرِ ذٰلِكَ وَكَذٰلِكَ الْكَلْبُ الْاَسْوَدُ الْبَهِيْمُ لِاَنَّهُ شَيْطَانٌ وَكُلُّ حَيَوَانٍ يَجِدُهُ اِنْسَانٌ عَطْشَانًا اُثِيْبَ عَلٰى اِسْقَائِهِ الْمَاءَ لِقَوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي كُلِّ كَبِدٍ حَرَّاءَ اَجْرٌ هٰذَا اِذَا لَمْ يَكُنْ مُؤْذِيًا وَاَمَّا الْمُؤْذِيْ فَلَا يَسْقِيْهِ فَاِنَّ ذٰلِكَ تَقْوِيَةٌ وَتَكْثِيْرٌ لِلْاَذِيَّةِ وَذٰلِكَ لَا يَجُوْزُ فَلَا يَجُوْزُ اِتِّخَاذُ الْكَلْبِ وَتَرْبِيَتُهُ فِي دَارِهٖ اِلَّا لِلْحَرْثِ اَوِ الصَّيْدِ اَوِ الْمَاشِيَةِ وَاِنْ كَانَ عَقُوْرًا حَرُمَ تَرْكُهُ قَوْلًا وَاحِدًا وَوَجَبَ قَتْلُهُ لِيَدْفَعَ شَرَّهُ عَنِ النَّاسِ وَقَدْ وَرَدَ فِي بَعْضِ الْاَحَادِيْثِ مَنِ اقْتَنٰى كَلْبًا بِغَيْرِ صَيْدٍ اَوْ مَاشِيَةٍ نَقَصَ مِنْ اَجْرِهٖ كُلَّ يَوْمٍ قِيْرَاطَانِ وَلَا يَجُوْزُ تَكْلِيْفُ الْحَيَوَانِ الْبَهِيْمَةِ فَوْقَ طَاقَتِهَا فِي الْحَمْلِ وَالْحَرْثِ وَالسَّيْرِ وَمَنْعُهُ مَا يَكْفِيْهِ مِنَ الْعَلَفِ فَاِنْ فَعَلَ ذٰلِكَ اَثِمَ وَيُكْرَهُ لَهُ اِطْعَامُهُ فَوْقَ طَاقَتِهٖ وَاِكْرَاهُهُ عَلٰى اَكْلِ مَا اتَّخَذَهُ النَّاسُ عَادَةً لِاَجْلِ التَّسْمِيْنِ وَيُكْرَهُ الْاَكْلُ مِنْ كَسْبِ الْحَجَّامِ لِاَنَّ فِي ذٰلِكَ دَنَاءَةً وَقَدْ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَسْبُ الْحَجَّامِ خَبِيْثٌ وَقَدْ حَرَّمَ ذٰلِكَ بَعْضُ اَصْحَابِنَا لِاَنَّ ذٰلِكَ مَرْوِيٌّ عَنِ الْاِمَامِ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ

فَصْلٌ

وَبِرُّ الْوَالِدَيْنِ وَاجِبٌ قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَا اَوْ كِلَاهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَا اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا وَقَالَ تَعَالٰى وَصَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا مَعْرُوْفًا وَقَالَ جَلَّ وَعَلَا اَنِ اشْكُرْ لِيْ وَلِوَالِدَيْكَ اِلَيَّ الْمَصِيْرُ وَرُوِيَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ قَالَ مَنْ اَصْبَحَ مُسْخِطًا لِوَالِدَيْهِ اَصْبَحَ وَلَهُ بَابَانِ مِنَ النَّارِ وَمَنْ اَمْسٰى مُسْخِطًا لِوَالِدَيْهِ اَمْسٰى وَلَهُ بَابَانِ مِنَ النَّارِ وَاِنْ كَانَ وَاحِدًا فَوَاحِدٌ وَاِنْ ظَلَمَاهُ وَاِنْ ظَلَمَاهُ وَاِنْ ظَلَمَاهُ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رِضَا الرَّبِّ فِي رِضَا الْوَالِدَيْنِ وَسَخَطُهُ فِي سَخَطِ الْوَالِدَيْنِ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّهُ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّيْ اُرِيْدُ الْجِهَادَ فَقَالَ اَلَكَ الْاَبَوَانِ قَالَ نَعَمْ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَفِيْهِمَا فَجَاهِدْ وَصِفَةُ الْبِرِّ اَنْ تَكْفِيَهُمَا مَا يَحْتَاجَانِ

جیسے وہ سانپ جسکا ہمنے بیان کر دیا اور بچھو اور کاٹنے والا کتا اور چوہا وغیرہ اور اسی طرح بہت کالا کتا کیونکہ وہ شیطان ہے اور ہر ایک جاندار کہ جسکو انسان پیاسا پاوے اسکے پانی پلا دینے پر ثواب دیا جاویگا اسلیے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر ایک گرم جگر مین ثواب ہے لیکن یہ اُس حالت مین ہے کہ جبکہ وہ جاندار ایذا دینے والی چیز نہ ہو اور اگر ایذا دینے والی ہو تو اُسے پانی نہ پلاوے کیونکہ یہ ایذا کو بڑہانا اور زیادہ کرنا ہے اور یہ جائز نہیں پس کتا رکہنا اور اپنے گہر مین اسکی پرورش کرنا درست نہیں البتہ کہیتی کے لیے یا شکار یا بکریوں کے لیے درست ہے اور اگر وہ کاٹنے والا ہو تو ایک قول مین اسکا کہلا چہوڑ دینا حرام ہے اور اُسکا مار ڈالنا واجب ہے تاکہ لوگون سے اسکی برائی دور ہو جاوے اور بعض حدیثوں مین آیا ہے جو شخص شکار یا بکریوں کی حفاظت کے سوا کتے کو نگاہ رکہے تو ہر روز اُسکے ثواب سے دو قیراط کم ہوتے ہین اور جاندار چوپایوں کو بوجہ لادنے مین اور کہیتی کرنے مین اور چلنے مین اور جسقدر چارہ اُسکے کافی ہو اتنا نہ دینے مین اُسکی طاقت سے بڑہکر تکلیف دینا درست نہین اگر ایسا کریگا تو گنہگار ہوگا اور اُسکی طاقت سے زیادہ اسے کہلانا مکروہ ہے اور اُسپر اُس چیز کے کہلانے پر جبر کرنا مکروہ ہے جسکو لوگ اسکے موٹا کرنے کے لیے عادت بنا رکہی ہے اور پچہنے لگانے والے کی کسب سے کہانا مکروہ ہے کیونکہ اسمین کمینگی ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حجام کا کسب پلید ہے اور ہمارے بعض اصحاب نے بہی اسکو حرام کیا ہے کیونکہ یہ امام احمد بن حنبل سے مروی ہے

فصل

اور ماں باپ سے نیکی کرنی واجب ہے اللہ تعالے نے فرمایا ان دونوں مین سے ایک یا وہ دونوں اگر تیرے پاس بڑہاپے کو پہنچین تو اُنکے لیے اُف بہی مت کہہ اور نہ انہیں جہڑک دے اور اُنکے لیے عزت کی عمدہ بات کہہ اور اللہ تعالی نے فرمایا اور اُن دونوں سے دنیا مین اچہی رفاقت کر اور اللہ عز وجل نے فرمایا میرا اور اپنے ماں باپ کا شکر کر میری طرف ہی لوٹنا ہے اور ابن عباس رضی سے مروی ہے انہوں نے کہا جو شخص ایسی حالت مین صبح کرے کہ اُسکے لیے دوزخ کے دو دروازے کہلے ہونگے اور جو شخص ایسی حالت مین شام کرے کہ اُسکے والدین خفا ہوں تو وہ ایسی حالت مین شام کریگا کہ اسکے لیے دوزخ کے دو دروازے ہونگے اور اگر دونو مین سے ایک ہو تو ایک دروازہ ہوگا اگرچہ والدین اُسپر ظلم کرین اگرچہ والدین اُسپر ظلم کرین اگرچہ والدین اُسپر ظلم کرین اور عبد اللہ بن عمر رضہ سے مروی ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پروردگار کی خوشنودی والدین کی خوشنودی مین ہے اور اسکی ناراضگی والدین کی ناراضگی مین ہے اور عبد اللہ بن عمر رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور اسنے عرض کی مین جہاد کا ارادہ رکہتا ہوں تو آپنے فرمایا کیا تیرے والدین ہین اُسنے کہا ہان حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پس انہیں مین جہاد کر اور نیکی کا طریقہ یہ ہے کہ جس چیز کی اُنکو ضرورت ہو اُس سے اُنکی کفایت کر دے

بالقصور و القصاص فقال آدم عليه السلام ربنا ظلمنا انفسنا وان لم تغفر لنا وترحمنا لنكونن من الخاسرين ... وتعلم القلب ... ما كان عليه ... من قبل ... فقال ... تبارك ... الآية ... فاعف عنا واغفر لنا ... في الدنيا ... الله ...

اِلَيْهِ وَتَكُفَّ عَنْهُمَا الْاَذٰى فِيْ تَدَارِيْهِمَا مُدَارَاةَ الصَّغِيْرِ وَ لَا تَضْجَرَ مِنْهُمَا وَلَا مِنْ حَوَائِجِهِمَا وَتَجْعَلَ حَظَّ مِنْهُمَا بَدَلًا مِنْ كَثِيْرِ نَوَافِلَكَ مِنَ الصَّلَوٰاتِ وَالصِّيَامِ وَتَسْتَغْفِرَ لَهُمَا عَقِيْبَ صَلَوٰتِكَ وَلَا تُحْوِجْهُمَا اِلَى التَّعَبِ وَتَحْمِلَ اَذَاهُمَا وَلَا تُعْلِيَ صَوْتَكَ عَلٰى اَصْوَاتِهِمَا وَلَا تُخَالِفَهُمَا فِيْمَا لَا يَكُوْنُ فِيْهِ حَرْفٌ لِلشَّرْعِ مَعْنَاهُ لَا يَكُوْنُ فِيْ ذٰلِكَ تَرْكُ الْفَرَائِضِ كَحَجَّةِ الْاِسْلَامِ وَالصَّلَوٰاتِ الْخَمْسِ وَالزَّكٰوةِ وَالْكَفَّارَةِ وَالنَّذْرِ وَاَنْ لَا يَكُوْنَ فِيْ ذٰلِكَ اِرْتِكَابُ الْمُحَرَّمِ مِنْ اَنْوَاعِ الْمَنَاهِيْ مِنَ الزِّنَا وَشُرْبِ الْخَمْرِ وَالْقَتْلِ وَالْقَذْفِ وَاَخْذِ الْمَالِ كَالْغَصْبِ وَالسَّرِقَةِ لِقَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا طَاعَةَ لِمَخْلُوْقٍ فِيْ مَعْصِيَةِ اللّٰهِ وَقَدْ قَالَ تَعَالٰى وَاِنْ جَاهَدَاكَ عَلٰى اَنْ تُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا وَصَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا مَعْرُوْفًا فَهٰذَا الْحَدِيْثُ وَالْاٰيَةُ عَامٌّ فِيْ تَرْكِ طَاعَةِ كُلِّ مَنْ اَمَرَ بِمَعْصِيَةِ اللّٰهِ اَوْ تَرْكِ طَاعَتِهٖ وَمِمَّنْ كَرِهَ ذٰلِكَ عَنِ الْاِمَامِ اَحْمَدَ فِيْ رِوَايَةِ اَبِيْ طَالِبٍ فِي الرَّجُلِ الَّذِيْ يَنْهَاهُ اَبَوَاهُ عَنِ الصَّلٰوةِ فِي الْجَمَاعَةِ فَقَالَ لَيْسَ لَهُمَا طَاعَةٌ فِيْ تَرْكِ الْفَرْضِ وَاَمَّا النَّوَافِلُ فَيَجُوْزُ تَرْكُهَا لِطَاعَتِهِمَا بَلِ الْاَفْضَلُ طَاعَتُهُمَا وَمِنَ الْبِرِّ لَهُمَا اَنْ تَصِلَ مَنْ وَصَلَهُمَا وَتَهْجُرَ مَنْ هَجَرَهُمَا وَتَغْضَبَ لَهُمَا كَمَا تَغْضَبُ لِنَفْسِكَ فِي الْمَوْتِ وَالْحَيٰوةِ وَاِذَا ثَارَ طَبْعُكَ فِي الْغَضَبِ عَلَيْهِمَا فَاذْكُرْ تَرْبِيَتَهُمَا وَسَهَرَهُمَا وَاَشْفَاقَهُمَا وَتَعَبَهُمَا وَقَوْلَ اللّٰهِ سُبْحَانَهٗ لَكَ وَقُلْ لَهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا فَاِنْ لَمْ تَرْدَعْكَ عَنْ غَيْظِكَ الرَّحْمَةُ لَهُمَا وَلِاَبِيْهِمَا فَاعْلَمْ اَنَّكَ مَحْرُوْمٌ مَسْخُوْطٌ عَلَيْكَ فَتُبْ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى اِذَا سَكَنَ غَضَبُكَ اِنْ كُنْتَ خَالَفْتَ اَمْرَهُ فِيْهِمَا وَلَا تُسَافِرْ سَفَرًا لَيْسَ بِوَاجِبٍ عَلَيْكَ اِلَّا بِاِذْنِهِمَا وَلَا تَغْزُ اِلَّا اَنْ يَتَعَيَّنَ عَلَيْكَ بِاِذْنِهِمَا وَلَا تُفَجِّعْهُمَا بِنَفْسِكَ وَقَدْ نُهِيَ غَيْرُكَ اَنْ يُفَجِّعَهُمَا بِكَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ اللّٰهُ الْمُفَرِّقَ بَيْنَ الْوَالِدَةِ وَوَلَدِهَا وَاِنْ ظَفِرْتَ بِطَعَامٍ اَوْ شَرَابٍ فَعَلَيْكَ بِاِيْثَارِهِمَا بِالطَّيِّبَةِ فَطَالَمَا اٰثَرَاكَ وَجَاعَا وَاَشْبَعَاكَ وَسَهِرَا وَنَوَّمَاكَ تُرْشَدُ بِذٰلِكَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى

فَصْلٌ فِيْمَا يُسْتَحَبُّ مِنَ الْكُنٰى وَالْاَسْمَاءِ

اور تکلیف سے انکو دور کرے اور انکی مدارات ایسی کرے جیسے بچہ کی مدارات کیجاتی ہے اور ان دونون سے اور انکی حاجتون سے تنگدل نہو اور اپنی بہت سی نفلی عبادتون نماز اور روزون کے عوض مین تو انکی خدمت کرے اور اپنی نماز کے پیچھے تو انکے لیے بخشش مانگے اور انہین تکلیف کی طرف محتاج نکرے اور انکی تکلیف کو برداشت کرے اور اپنی آواز کو انکے آواز پر بلند نکرے اور انکی اسچیز مین مخالفت نکرے جسمین کوئی امر شریعت کا نہو اسکا مطلب یہ ہے کہ اسمین فرضون کا ترک کرنا لازم نہو جیسے اسلام کا حج اور پانچ نمازین اور زکوۃ اور کفارہ اور اللہ تعالی کی نذر اور یہ بھی شرط ہے کہ انکے اتباع مین ممنوع چیزون یعنے زنا کرنے اور شراب پینے اور ناحق کسیکو قتل کرنے اور زنا کی تہمت لگانے اور مال لے لینے جیسے غصب اور چوری مین سے کسی حرام چیز کا مرتکب نہو اسلیے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اللہ تعالی کی نافرمانی مین مخلوق کی کوئی فرمانبرداری نہین تو انکی فرمانبرداری نکر اور دنیامین ان دونون سے اچھی رفاقت کر پس حدیث اور آیت عام ہین اس شخص کی فرمانبرداری چھوڑدینے مین جو اللہ تعالی کی نافرمانی اور اسکی طاعت کے چھوڑدینے کا حکم کرے اور ابو طالب کی روایت مین امام احمد رحمہ سے بھی ذکر کیا گیا ہے اس شخص کے حق مین جسکو اسکو ماں باپ جماعت مین نماز پڑہنے سے منع کرتے ہون تو انہون نے فرمایا فرض کے چھوڑدینے مین انکی فرمانبرداری نہین لیکن انکی فرمانبرداری کو لیے نوافل کا چھوڑدینا جائز ہے بلکہ انکی فرمانبرداری بہتر ہے اور ان دونون پر یہ بھی نیکی ہے کہ تو اس شخص کے ساتھ میل جول رکھے جس نے انکے ساتھ میل جول کیا اور تو اس شخص کو چھوڑدے جس نے انکو چھوڑدیا اور جسطرح تو اپنی نفس کے لیے موت اور زندگی مین غصہ کرتا ہے انکے لیے بھی غصہ کرے اور جب کبھی ان دونون پر غصہ ہونیکے لیے تیری طبیعت برانگیختہ ہو تو انکی پرورش کو اور انکے جاگتے رہنے کو اور انکی شفقت کو اور انکی تکلیف اٹھانے کو یاد کر اور اللہ پاک کے قول کو یاد کر انکو بیعزت کی بات کہہ اور انکے لیے اور انکے سبب سے رحمت تجھے تیرے غصے سے باز نہ رکھے تو جان لے کہ تو محروم ہے اور تجھپر غصہ کیا گیا ہے پس جب تیرا غصہ ٹھہرے تو اللہ تعالی کیطرف توبہ کر اگر تو نے ماں باپ کے حق مین اللہ تعالی کے حکم کی نافرمانی کی ہے اور جو سفر تجھپر واجب نہین اس مین بجز انکی اجازت کے نہ جا اور جہاد نکر مگر اس وقت کہ جب ان دونون کی اجازت سے تجھپر متعین ہو جاوے اور اپنی طرف سے انہین تکلیف نہ دے حالانکہ دوسرے لوگ اس امر سے منع کیے گئے ہین کہ تجھے ایسی تکلیف دین جس سے انکو رنج پہونچے پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص ماں اور بچے مین جدائی ڈالدیوے اللہ تعالے اسپر لعنت کرے اگر تجھکو کوئی کہانا یا پینا ملے تو تجھے مین سے جو بہت عمدہ ہو اسکے لیے ان دونو کو اختیار کرنا لازم ہے (یعنے انکو کہلانا) تجھپر لازم ہے کیونکہ اکثر اوقات ان دونون نے (عمدہ چیزون کو کے لیے) تجھکو پسند کیا اور خود بھوکے رہے اور تجھکو سیر کیا اور خود جاگتے رہے اور تجھکو سلایا اگر اللہ نے چاہا تو ان (نصیحتون سے) تو ہدایت پاویگا

فصل ان کنیتون اور نامون کے بیان مین جو مستحب ہین۔

وما يكره منها منعه الانسان ان يسمي ولده ويكنيه باسم
النبي صلى الله عليه وسلم وكنيته ويجوز افراد احدهما
عن الآخر وقد روي عن الامام احمد رواية اخرى كراهة
في الجملة يعني الجمع والافراد وروي عنه الجواز في الجملة
والدليل على جواز التسمية باسم النبي دون كنيته ما روى
انس بن مالك وابو هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم انه
قال سموا باسمي ولا تكنوا بكنيتي والدليل على جواز
الجمع بينهما ما روي عن عائشة انها قالت جاءت امرأة
الى النبي صلى الله عليه وسلم فقالت يا رسول الله اني ولدت
غلاما فسميته محمدا وكنيته بابي القاسم فذكر لي انك
تكره ذلك فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما الذي
احل اسمي وحرم كنيتي وما الذي حرم كنيتي واحل اسمي
ويكره من الكنى ابو يحيى وابو عيسى ويكره ان يسمي عبده
بافلح ونجاح ويسار ونافع ورباح وبركة وبرة وحزن و
عاصية لما روى عمر بن الخطاب قال ان رسول الله صلى الله
عليه وسلم قال لئن عشت لانهين ان تسمى العبيد يسارا
او بركة او رباحا او نجاحا او افلح ويكره من الالقاب والاسماء
ما يوازي اسماء الله تعالى كملك الملوك وشاهنشاه و
ما شاكل ذلك لان ذلك عادة الفرس ويكره التسمي بالاسماء
التي لا تليق الا بالله سبحانه وتعالى تقدس كقدوس و
اله وخالق ومهيمن قال الله تعالى وجعلوا لله شركاء قل
سموهم قال بعض المفسرين قل سموهم باسمائي فانظروا
ذلك هل تليق بهم ويحرم على كل واحد ان يلقب اخاه او
عبده بلقب يكرهه لان الله تعالى نهى عن ذلك فقال عز و
جل ولا تنابزوا بالالقاب وسماه فسوقا ويستحب ان يدعو
اخاه باحب اسمائه اليه

فصل

ويستحب لمن غضب
ان كان قائما جلس وان كان جالسا اضطجع وان مس
الماء البارد سكن غضبه لما روى الحسن ان النبي صلى الله
عليه وسلم قال ان الغضب جمرة توقد في قلب ابن آدم فاذا

اور جو مکروہ ہین آدمی سے اُنہی مکروہ ہی کہ اپنے بیٹے کا نام اور اُسکی کنیت نبی صلی
اللہ علیہ وسلم کا نام سی اور انکی کنیت سی رکہے اور ان دونون مین سے ایک کا دوسرے سے
علیحدہ کرنا درست ہی اور امام احمد رح سے ایک اور روایت ہی کہ ہر حال مین ہی مکروہ ہے
یعنی دونون کا جمع کرنا بہی اور اکیلا کرنا بہی اور انسے اس امر کا ہر حالت مین جواز
بہی مروی ہی اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی کنیت سے نام رکہنے کی دلیل وہ ہی جو انس
بن مالک اور ابوہریرہ رض نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی آپنے فرمایا تم میرے
نام سے نام رکہہ لیا کرو اور میری کنیت سے کنیت نہ رکہو اور ان دونون کے جمع کرنے
کی دلیل وہ ہی جو حضرت عائشہ رض سے مروی ہے کہ ایک عورت نبی صلی اللہ علیہ وسلم
پاس آئی اور عرض کرنے لگی یا رسول اللہ میرے ایک لڑکا جنا ہی اور اسکا نام مین نے
محمد رکہا ہے اور اُسکی کنیت مین نے ابو القاسم رکہی ہی پس مجہہ سے بیان کیا گیا
کہ آپ اس امر کو مکروہ سمجہتے ہین رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کس چیز
نے میرے نام کو حلال کیا اور میری کنیت کو حرام کیا یا کس چیز نے میری کنیت
کو حلال کیا اور میرے نام کو حرام کیا اور کنیتون مین سے ابو یحیے اور ابو عیسے مکروہ
ہین اور مکروہ ہے کہ اپنے غلامون کا نام افلح اور نجاح اور یسار اور نافع اور رباح اور
برکت اور برہ اور حزن اور عاصیہ رکہے اسلیے کہ عمر بن خطاب رض سے مروی ہے انہون نے کہا رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر مین زندہ رہا تو البتہ مین منع کرونگا کہ غلامون کے نام
یسار یا برکت یا رباح یا نجاح یا افلح رکہے جاوین اور وہ نام اور القاب بہی مکروہ ہین جو
اللہ تعالی کے نامون کے برابر ہون جیسے ملک الملوک اور شاہنشاہ اور انکی طرح
جو اور ہون کیونکہ یہ فارسیون کی عادت ہی اور اُن نامون سے نام رکہنا بہی مکروہ ہے
جو سوائے اللہ پاک اور بلند اور پاکیزہ کے کسی کو مناسب نہین جیسے قدوس اور الہ اور خالق
اور مہیمن اللہ تعالے نے فرمایا اور انہون نے اللہ تعالی کے شریک بنائے (یا محمد) تو
کہہ کہ اُنکے نام میرے نامون سے رکہو بعض مفسرون نے کہا (یا محمد) تو کہہ کہ اُنکے نام میرے
نامون سے رکہو اور دیکہو کیا یہ اُنکے لیے لائق ہے اور ہر ایک پر حرام ہے کہ اپنے بہائی
یا غلام کا ایسا لقب کہے جو مکروہ ہو کیونکہ اللہ تعالے نے اس سے منع فرمایا
ہے پس اللہ تعالی نے فرمایا کہ برے لقبون سے مت بلاؤ اور اس (برے لقب سے بلانے) کا نام
فسق کہا اور مستحب ہے کہ تو اپنے بہائی کو ایسے لقب سے بلاوے جو اُسکے نامون مین سے اُسے بہت پیارا ہو

فصل اور جسکو غصہ آیا ہو اُسکے لیے مستحب ہے کہ اگر کہڑا ہی تو بیٹہ جاوے اور اگر بیٹہا ہو تو لیٹ جاوے اور اگر
ٹہنڈے پانی کو ہاتہ لگاوے تو اُسکا غصہ ہلکا ہو جاویگا اسلیے کہ حسن نے روایت کی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا غصہ ایک چنگاری ہی جو آدم کے بیٹے کے دل مین روشن ہوتی ہے جب

المجيد المصطفى و ابيه آدم صفي الله وعنصر الاجسام والاخلاط لا سيما في الاعتراف بالقصور و الاستغفار الحمد الله والدين ... قال رضي الله عنه وادنيها كنت في حال ... غيرها على ... ولا ادني فاذا كنت على باب دار الملك ... لا تدخل الى الله حتى تدخل اليها ... [illegible]

وَجَدَ اَحَدُكُمْ ذٰلِكَ فَاِنْ كَانَ قَائِمًا فَلْيَقْعُدْ وَاِنْ كَانَ قَاعِدًا فَلْيَتَّكِئْ وَيُكْرَهُ اَنْ يَجْلِسَ الرَّجُلُ بَيْنَ قَوْمٍ وَهُمْ فِيْ سِرٍّ بِغَيْرِ اِذْنِهِمْ لِاَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ ذٰلِكَ وَيُكْرَهُ الْجُلُوْسُ بَيْنَ الظِّلِّ وَالشَّمْسِ وَيُكْرَهُ الْاِتِّكَاءُ عَلٰى يَدِهِ الْيُسْرٰى وَالْاِضْطِجَاعُ وَاِذَا قَامَ مِنْ مَجْلِسِهٖ يُسْتَحَبُّ لَهٗ اَنْ يَقُوْلَ كَفَّارَةَ الْمَجْلِسِ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ وَيُكْرَهُ الْمَشْيُ بِالنَّعْلِ فِي الْمَقَابِرِ وَيُسْتَحَبُّ لِمَنْ دَخَلَهَا اَنْ يَقُوْلَ اللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الْاَجْسَادِ الْبَالِيَةِ وَالْعِظَامِ النَّخِرَةِ الَّتِيْ خَرَجَتْ مِنْ دَارِ الدُّنْيَا وَهِيَ بِكَ مُؤْمِنَةٌ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْزِلْ عَلَيْهِمْ رَحْمَةً مِّنْكَ وَسَلَامًا مِّنِّيْ وَيَقُوْلُ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ دَارَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ وَاِنَّا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَاحِقُوْنَ لِاَنَّهٗ مَرْوِيٌّ اَيْضًا وَاِذَا زَارَ قَبْرًا لَا يَضَعُ يَدَهٗ عَلَيْهِ وَلَا يُقَبِّلُهٗ فَاِنَّهٗ عَادَةُ الْيَهُوْدِ وَلَا يَقْعُدُ عَلَيْهِ وَلَا يَتَّكِئُ اِلَيْهِ وَلَا يَدُوْسُهٗ اِلَّا اَنْ يَّضْطَرَّ اِلٰى ذٰلِكَ كُلِّهٖ بَلْ يَقِفُ عِنْدَ مَوْضِعِ وُقُوْفِهٖ اَنْ لَّوْ كَانَ حَيًّا وَيَحْتَرِمُهٗ كَمَا لَوْ كَانَ حَيًّا وَيَقْرَأُ اَحَدَ عَشَرَةَ مَرَّةً قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ وَغَيْرَهَا مِنَ الْقُرْاٰنِ وَيُهْدِيْ ثَوَابَ ذٰلِكَ لِصَاحِبِ الْقَبْرِ وَهُوَ اَنْ يَّقُوْلَ اللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ قَدْ اَثَبْتَنِيْ عَلٰى قِرَاءَةِ هٰذِهِ السُّوْرَةِ فَاِنِّيْ قَدْ اَهْدَيْتُ ثَوَابَهَا لِصَاحِبِ هٰذَا الْقَبْرِ ثُمَّ يَسْاَلُ اللّٰهَ حَاجَتَهٗ وَلَا يَكْسِرُ عَظْمًا وَلَا يَدُوْسُهٗ فَاِنْ كَانَ اُلْجِئَ اِلٰى ذٰلِكَ وَاضْطُرَّ فَلْيَسْتَغْفِرْ لِصَاحِبِ الْقَبْرِ وَيُكْرَهُ الطِّيَرَةُ وَلَا بَاْسَ بِالتَّفَاؤُلِ وَيُسْتَحَبُّ التَّوَاضُعُ لِكُلٍّ وَيُسْتَحَبُّ تَوْقِيْرُ الشُّيُوْخِ وَرَحْمَةُ الْاَطْفَالِ وَالْعَفْوُ عَنْهُمْ وَلَا يَتْرُكُ تَادِيْبَهُمْ

فصل وَيَجُوْزُ اَنْ يَّقُوْلَ الرَّجُلُ لِغَيْرِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ لِمَا رُوِيَ اَنَّ عَلِيًّا رض قَالَ لِعُمَرَ رض صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى اٰلِ اَبِيْ اَوْفٰى

فصل وَيُكْرَهُ مُصَافَحَةُ اَهْلِ الذِّمَّةِ لِمَا رَوٰى اَبُوْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

تم مین سے کوئی اسے پاوے پس اگر کہڑا ہو تو بیٹھ جاوے اور اگر بیٹھا ہوا ہے تو تکیہ لگاوے اور آدمی کے لیے کسی قوم مین بیٹھنا بغیر اُنکے اذن کے اُس حالت مین کہ وہ پوشیدہ باتین کر رہے ہون مکروہ ہے کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا ہے اور دہوپ اور سایہ کے درمیان بیٹھنا مکروہ ہے اور اپنے بائین ہاتہ پر تکیہ لگانا اور بیٹھنے کی درمیان لیٹنا مکروہ ہے اور جب مجلس سے اُٹھے تو اسکے لیے مستحب ہے کہ اپنے بیٹھنے کے گناہون کے کفارہ کے لیے یہ کلمات کہے یا اللہ تجہکو پاکی ہے اور ساتہ تعریف تیری کے اور بجز تیرے کوئی معبود برحق نہین مین تجہ سے ہی بخشش مانگتا ہون اور تیری طرف ہی توبہ کرتا ہون اور قبرون مین جوتے سے چلنا مکروہ ہے اور جو قبرون مین جاوے اسکے لیے یہ کہنا مستحب ہے یا اللہ ان پرانے جسمون اور بوسیدہ ہڈیون کے پروردگار وہ اجسام اور ہڈیان جو دنیا کے گہر سے ایسی حالت مین نکلی کہ وہ تجہپر ایمان رکہتی تہی درود بہیج حضرت محمد پر اور انکی آل پر اور ان پر اپنی طرف سے رحمت اور میری طرف سے سلام اُتار اور کہے تمپر سلام ہو اے مومنون کی قوم کے گہر مین رہنے والو اور تحقیق ہم بہی انشاء اللہ تم سے ملنے والے ہین کیونکہ یہ بہی مروی ہے اور جب کسی قبر کی زیارت کرے تو اُسپر اپنا ہاتہ نہ رکہے اور نہ اُسے بوسہ دیوے کیونکہ یہ یہودیونکی عادت ہے اور نہ اُسپر بیٹھے اور نہ اُس سے تکیہ لگاوے اور نہ اُسے لتاڑے مگر اُس صورت مین کہ اُنکی طرف لاچاری ہو بلکہ ایسی جگہ مین کہڑا ہووے جہان اُسکی زندگی کی حالت مین کہڑا ہو سکتا تہا اور اُسکی ایسی بزرگی کرے جیسے کہ اگر وہ زندہ ہوتا تو اُسکی بزرگی کرتا اور گیارہ مرتبہ قل ہو اللہ پڑہے اور اسکے سوا کچہہ اور بہی قرآن سے پڑہے اور اسکے ثواب کا قبر والے کو ہدیہ دیوے اور وہ یون ہے کہ کہے یا اللہ اگر تو نے مجہکو اس سورت کے پڑہنے پر ثواب دیا ہے پس تحقیق مینے اُسکا ثواب اس قبر والے کو ہدیہ دیا ہے پہر اللہ تعالی سے اپنی حاجت مانگے اور کسی ہڈی کو نہ توڑے اور نہ اُسے لتاڑے پس اگر وہ اس امر کی طرف لاچار کیا گیا ہو اور بیقرار کیا گیا ہو تو چاہیے کہ قبر والے کے لیے بخشش مانگے اور بدشگونی لینا مکروہ ہے اور عمدہ فال لینے مین خوف نہین اور ہر ایک کی تواضع کرنی مستحب ہے اور بوڑہون کی بزرگی کرنی اور بچون پر رحمت کرنی اور اُن سے معاف کرنا مستحب ہے اور اُنکو ادب کہانا نہ چہوڑ دیوے

فصل اور جائز ہے کہ مرد اپنے غیر کے لیے صلی اللہ علیک یعنی اللہ تجہپر رحمت بہیجے کہے اور صلی اللہ علی فلان بن فلان کہے اس لیے کہ مروی ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو صلی اللہ علیک کہا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہم صل علی آل ابی اوفی یعنی اے اللہ ابو اوفی کی آل پر رحمت بہیج

فصل ذمی کافرون سے مصافحہ کرنا مکروہ ہے اس لیے کہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے روایت کی انہون نے کہا رسول اللہ صلی اللہ

عَلَيْهِ سَلَّمَ اَهْلَ الذِّمَّةِ **فَصْلٌ** وَالْاٰدَابُ فِي الدُّعَاءِ
اَنْ يَمُدَّ يَدَيْهِ وَيَحْمَدَ اللّٰهَ تَعَالٰى وَيُصَلِّيْ عَلَى النَّبِيِّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ يَسْأَلُ حَاجَتَهُ وَلَا يَنْظُرُ اِلَى السَّمَاءِ فِيْ
حَالِ دُعَائِهِ وَاِذَا فَرَغَ مَسَحَ يَدَيْهِ عَلٰى وَجْهِهِ لِمَا رُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ سَلُوا اللّٰهَ بِبُطُوْنِ اَكُفِّكُمْ
فَصْلٌ وَالتَّعَوُّذُ بِالْقُرْاٰنِ جَائِزٌ لِقَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ فَاسْتَعِذْ
بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ وَقَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ
الْفَلَقِ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ وَمَا رُوِيَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اشْتَكٰى شَيْئًا قَرَاَ عَلٰى نَفْسِهِ الْمُعَوِّذَتَيْنِ وَنَفَثَ
وَكَانَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَعُوْذُ بِوَجْهِ اللّٰهِ الْكَرِيْمِ وَ
كَلِمَاتِهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَذَرَاَ وَبَرَاَ وَمِنْ شَرِّ
كُلِّ دَابَّةٍ رَبِّيْ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا وَكَذٰلِكَ الرُّقْيَةُ بِالْقُرْاٰنِ
وَبِاَسْمَاءِ اللّٰهِ الْحُسْنٰى جَائِزَةٌ لِقَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ وَنُنَزِّلُ مِنَ
الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَقَالَ تَعَالٰى
وَهٰذَا كِتَابٌ اَنْزَلْنَاهُ مُبَارَكٌ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
اسْتَرْقُوْا لَهَا فَاِنَّهُ لَوْ سَبَقَ الْقَدَرَ شَيْءٌ لَسَبَقَتْهُ الْعَيْنُ وَ
يُرِيْدُ بِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَقِّ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ رَضِيَ
اللّٰهُ عَنْهُمَا **فَصْلٌ** وَيُكْتَبُ لِلْمَحْمُوْمِ وَيُعَلَّقُ عَلَيْهِ مَا
رُوِيَ عَنِ الْاِمَامِ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ اَنَّهُ قَالَ حُمِمْتُ فَكَتَبَ
لِيْ مِنَ الْحُمّٰى بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِاللّٰهِ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ
اللّٰهِ يَا نَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَاَرَادُوْا بِهِ
كَيْدًا فَجَعَلْنَاهُمُ الْاَخْسَرِيْنَ اَللّٰهُمَّ رَبَّ جِبْرِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ
وَاِسْرَافِيْلَ اشْفِ صَاحِبَ هٰذَا الْكِتَابِ بِحَوْلِكَ وَقُوَّتِكَ
وَجَبَرُوْتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ **فَصْلٌ** وَقَدْ قَالَ
بَعْضُ اَصْحَابِنَا يُكْتَبُ لِلْمُعْسِرَةِ اِذَا عَسُرَ عَلَيْهَا الْوِلَادَةُ
فِيْ جَامٍ اَوْ اِنَاءٍ نَظِيْفٍ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَا اِلٰهَ اِلَّا
اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَلْحَمْدُ
لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْا اِلَّا عَشِيَّةً
اَوْ ضُحٰهَا كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوْعَدُوْنَ لَمْ يَلْبَثُوْا اِلَّا سَاعَةً

علیہ وسلم نے فرمایا اہل ذمہ سے مصافحہ نہ کرو **فصل** اور دعا میں آداب ہیں کہ
اپنے دونوں ہاتھ لمبے کرے اور اللہ تعالی کی تعریف بیان کرے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم
پر درود بھیجے پھر اپنی حاجت مانگے اور اپنی دعا کی حالت میں آسمان کی طرف نہ
دیکھے اور جب فارغ ہو تو اپنے دونوں ہاتھ اپنے منہ پر ملے اسلیے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے
مروی ہے آپنے فرمایا اللہ تعالی سے اپنی ہتھیلیوں کی پیٹھوں سے مانگو **فصل**
اور قرآن سے پناہ لینی جائز ہے بسبب فرمانے اللہ عز وجل کے پس تو شیطان مردود کی
اللہ عز وجل کی پناہ لے اور بسبب فرمانے اللہ عز وجل کے تو کہہ کہ میں صبح کے رب کی
پناہ لیتا ہوں، تو کہہ میں لوگوں کے رب کی پناہ لیتا ہوں اور بسبب اس چیز کے جو مروی ہے
کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب کچھ بھی بیمار ہوتے تھے تو اپنے نفس پر معوذتین پڑھتے
تھے اور دم کر لیتے تھے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے میں اللہ بزرگ کے منہ کی
اور اسکے پورے کلموں کی پناہ لیتا ہوں اس چیز کی برائی سے جو اس نے پیدا کی اور
پھیلائی اور پیدا کی اور ہر ایک جاندار کی برائی سے میرا پروردگار اسکے ماتھے کے
بالوں کو پکڑنے والا ہے اور اسیطرح قرآن مجید سے اور اللہ تعالے کے ناموں سے منتر کرنا
جائز ہے بسبب فرمانے اللہ عز وجل کے اور ہم قرآن سے وہ چیز اتارتے ہیں جو مومنوں
کیلیے شفا اور رحمت ہے اور اللہ تعالی نے فرمایا اور یہ کتاب ہے کہ ہمنے اسکو اتارا
برکت والی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نظر بد کے لیے منتر کرو کیونکہ اگر کوئی چیز تقدیر
سے سبقت کرتی تو البتہ نظر بد سبقت کرتی اور اس قول کے فرمانے میں حضرت صلی
اللہ علیہ وسلم کا ارادہ حضرت حسن اور حسین رضی اللہ عنہما کے حق میں تھا **فصل** اور
تپ والے کیلیے وہ چیز لکھکر اسپر لٹکائی جائے جو امام احمد بن حنبل سے مروی ہے انہوں
نے کہا مجھے تپ ہوا تو میرے لیے بسبب تپ کے لکھا گیا اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان رحم کرنے
والا ہے اور ساتھ اللہ کے محمد اللہ کے رسول ہیں اے آگ تو حضرت ابراہیم پر سرد اور سلامتی
ہو جا اور انہوں نے اس سے فریب کا ارادہ کیا تھا پس ہمنے انکو نقصان پانے والے کر دیا
اے اللہ جبریل اور میکائیل اور اسرافیل کے پروردگار اس کتاب والے کو اپنی طاقت اور
اپنی قوت اور اپنی توانائی سے شفا دے اے رحم کرنیوالوں کے بڑے رحم کرنیوالے **فصل**
اور ہمارے بعض اصحاب نے کہا ہے اور تکلیف پانیوالی عورت کیلیے جب اسپر جننا مشکل
ہو جائے کسی پیالے میں یا برتن پاک میں (یہ) لکھا جاوے اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان
رحم کرنیوالا ہے بجز اللہ بردبار بزرگ کے کوئی معبود برحق نہیں پاکی ہے اللہ کو جو عرش
عظیم کا پروردگار ہے سب تعریف اللہ ہی کو ہے جو جہانوں کا پروردگار ہے گویا کہ جس دن اسکو دیکھینگے
نہیں رہے تھے مگر ایک شام یا صبح گویا کہ وہ جس دن دیکھینگے جو وعدہ دیے جاتے ہیں نہیں ٹھہرے تھے مگر ایک گھڑی

من نهار بلاغ فهل يهلك إلا القوم الفاسقون ثم يغسل
ويسقى منه وينضح ما بقي على صدرها وكذلك يجوز الرقية من
النملة وغيرها كالعقارب والحيات والبراغيث والبق
لأن النبي صلى الله عليه وسلم رخص في الرقية من كل ذي
حمة وقال صلى الله عليه وسلم من قال حين يمسي ثلاث مرات
صلى الله على نوح وعلى نوح السلام لم تلدغه عقرب تلك
الليلة وقال صلى الله عليه وسلم من قال حين يمسي ثلاث
مرات أعوذ بكلمات الله التامات كلها من شر ما خلق
لم تضره حمة تلك الليلة ويجوز النفخ في الرقية ويكره
التفل **فصل** ويغسل العائن وجهه ويديه
ومرفقيه وركبتيه وأطراف رجليه وداخل إزاره في
إناء ثم يصب الماء على المريض لما روى أبو أمامة بن
سهل بن حنيف أنه كان يغتسل فرآه عامر بن ربيعة
فعجب منه فقال بالله ما رأيت كاليوم ولا جلد مخبأة
في خدرها وقال جلد فتاة فلبط به حتى ما كان يرفع
رأسه فذكروا ذلك لرسول الله صلى الله عليه و
سلم فقال هل تتهمون أحدا قالوا لا يا رسول الله إلا أن
عامر بن ربيعة قال له كذا وكذا فدعاه رسول الله صلى
الله عليه وسلم ودعا عامرا وقال سبحان الله لم يقتل
أحدكم أخاه إذا رأى شيئا يعجبه فليدع له بالبركة قال
ثم أمره صلى الله عليه وسلم أن يغتسل له فغسل وجهه
وظهر كفيه ومرفقيه وغسل صدره وداخل إزاره و
ركبتيه وقدميه في الإناء ظاهرهما وباطنهما ثم أمر
به فصب على رأسه وكفئ الإناء من خلفه حسبه
قال فأمره بحسا منه حسوات فراح مع الركب وفي
المغتسل غسلا كاملا ثم يصب الماء على المعين كان
الكل **فصل** والتعالج في الأمراض جائز
بالحجامة والفصد والكي وشرب الأدوية ونحوها للأشياء
وقطع العروق والبط وقطع العضو عند وقوع الأكلة

دی ہے یہ پہونچانا ہی پیغام کا پس نہین ہلاک کیے جاوینگے مگر قوم فاسق پھر اُسے دہویا
جاوے اور اُسمین سے پلایا جاوے اور جو باقی رہے اُسکے سینے پر چھڑکا جاوے اور اسیطرح چیونٹی
وغیرہ کی بھی منتر کرنا جائز ہے جیسے بچھو اور سانپ اور پسون اور مچھر کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ
وسلم نے ہر ایک زہر دار سے منتر کرنیکی اجازت دی ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا جو شخص شام کے وقت تین بار کہے صلی اللہ نوح پر رحمت بھیجے اور نوح پر سلام ہو
تو اُس رات مین اُسے بچھو نکاٹیگا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو
شخص شام کے وقت تین بار کہے مین اللہ کے پورے سب کلموں سے اُس چیز کی برائی
سے جسکو اُسنے پیدا کیا ہے پناہ لیتا ہون تو اُس رات مین اُسے کوئی زہر ضرر نہ دیگی
اور منتر مین پھونک مارنا درست ہے اور (جس پھونک مین) تھوک نکلے مکروہ ہے
فصل اور نظر لگانیوالا اپنا منہ اور دونون ہاتھ اور دونون کہنیان اور دونون
گھٹنے اور دونون پانون کے اطراف اور اپنے تہبند کے اندر کو ایک برتن مین دہووے
پھر وہ پانی بیمار پر ڈالا جاوے اسلیے کہ ابو امامہ بن سہل بن حنیف سے مروی ہے کہ وہ
نہا رہا تھا پس اُسے عامر بن ربیعہ نے دیکھا اور اُس سے تعجب کیا اور کہا اللہ کی قسم مین نے
آج کے دن جیسا (کوئی دن) نہین دیکھا اور نہ کسی عورت پردہ نشین کا چمڑا ویسا دیکھا یا
کہا کہ جوان عورت کا چمڑا۔ پس ابو امامہ کو فالج ہوگیا یہانتک کہ اپنا سر اٹھانے سے بھی
عاجز ہوگیا راوی نے کہا صحابہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین یہ واقعہ بیان کیا آپ نے
فرمایا کیا تم کسی کو تہمت لگانا چاہتے ہو صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ (تہمت) تو
نہین دیتے البتہ عامر بن ربیعہ نے ابو امامہ کو ایسے اور ایسے کلمات کہے تھے پس ابو امامہ کو
بھی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بلایا اور عامر کو بھی بلایا اور فرمایا پاک ہے اللہ کیوں تم مین سے
کوئی اپنے بھائی کو کیون قتل کرتا ہے جب وہ کوئی ایسی چیز دیکھے جو اُسے اچھی لگے تو
مناسب ہے کہ اُسکے لیے دعا برکت کرے راوی نے کہا پھر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عامر
کو اُسکے لیے نہانے کا حکم دیا تو اُسنے اپنے منہ کو اور اپنی دونون ہتھیلیون کی پیٹھون کو
اور اپنی دونون کہنیون کو دہویا اور اپنے سینہ کو اور اپنے تہبند کے اندر کو اور اپنے دونون
گھٹنون کو اور دونون قدمون کو اُنکے ظاہر اور باطن کو ایک برتن مین دہویا پھر اُس
پانی کی بابت حکم دیا تو اُسکے سر پر ڈالا گیا اور برتن اُسکے پیچھے اوندھا کیا گیا مین خیال
کرتا ہون کہ ابو امامہ نے کہا کہ آپ نے اُسے حکم دیا تو اُسنے اُس پانی سے گھونٹ گھونٹ کئی بار پیا پھر
سوار ہو کر ساتھ چلنے لگا اور اگر نظر لگانیوالا غسل کامل کرے پھر وہ پانی نظر لگے ہوے پر ڈالا جاوے تو
زیادہ کامل ہوگا **فصل** اور سینگی لگانے سے اور فصد اور علاج کرنے اور دواؤن کے پینے سے
علاج کرنا جائز ہے اور رگون کے کاٹنے اور زخمون کے چیرنے سے اور عضو مین خارش پڑجانیکے وقت

فيه وخوف التعدي الى بقية البدن وقطع البواسير وكل ما
فيه صلاح الجسد لما روي ان النبي صلى الله عليه وسلم
احتجم وشاور الطبيب فقال للطبيبين انما انكم
طب فقالوا يا رسول الله هل في الطب خير فقال صلى
الله عليه وسلم ان الذي انزل الداء انزل الدواء وسئل
الامام احمد عن الكي فقال الاعراب قد تفعل قد
كوى النبي صلى الله عليه وسلم وقد فعله الصحابة وقال في
موضع آخر قطع عمران بن حصين رض عرق النساء وعن الامام
احمد رح رواية اخرى كراهية ذلك واما التداوي بمحرم
كالخمر والسم والميتة وشيء نجس فغير جائز وكذلك بالبان
الاتان الاهلية لما روي عن النبي صلى الله عليه وسلم
انه قال ما جعل شفاء امتي فيما حرم عليها والحقنة مكروهة
الا عند الضرورة ولا يجوز الفرار من الطاعون وان كان
خارجا من البلد لا يقدم عليه لئلا يكون عونا على هلاك
نفسه **فصل** ولا يخلوا بامرأة ليست منه بمحرم
لان النبي صلى الله عليه وسلم نهى عن ذلك وقال
ثالثهما شيطان لان الشيطان يزين لهما المعصية
ولا ينظر الى امرأة شابة الا لعذر من شهادة او علاج
في المرض ويجوز النظر الى امرأة البرزة العجوز لعدم الافتتان
بها ولا يجتمع رجلان ولا امرأتان عريانين في لحاف
واحد وازار لان النبي صلى الله عليه وسلم نهى
عن ذلك ولان ذلك يؤدي الى ان ينظر احدهما عورة
الآخر وذلك منهي عنه ولانه لا يؤمن من ارتكاب
معصية بتزيين الشيطان بذلك **فصل**
فان كان له مملوك من ذكر او انثى وجب عليه الرفق
به ولا يكلفه من العمل ما لا يطيق ويكسوه ويطعمه
ويزوجه ان شاء ولا يكرهه على ذلك فان قصر في ذلك
عصى وامر ببيعه او عتقه ان شاء او يكاتبه ان
طلب العبد ذلك وقد جاء في الحديث ان آخر

اور بیمار کے باقی بدن میں تجاوز کر جانے کو وقت عضو کے کاٹنے سے اور بواسیر کے
کاٹنے سے اور ہر اس چیز سے جسمیں جسم کی صلاحیت ہو بیماریوں کا علاج کرنا درست
ہے اسلیے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سینگی لگوائی اور طبیب سے مشورہ کیا اور طبیبوں سے
فرمایا سوائے اسکے نہیں کہ تمہارا کام طب ہے پس انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا طب
میں بھلائی ہے تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیشک جس ذات نے بیماری اتاری ہے اسی نے
ہی دوا اتاری ہے اور امام احمد رح سے داغ کرنے کی نسبت دریافت کیا گیا تو انہوں نے کہا
اسکو اعراب بے شک کیا کرتے تھے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی داغ کیا اور صحابہ رضی نے بھی کیا
اور دوسری جگہ میں کہا عمران بن حصین نے عرق النسا کو کاٹا اور امام احمد رح سے ایک اور
روایت ہے اسمیں اس امر کا مکروہ ہونا مذکور ہے اور حرام چیز جیسے شراب اور زہر اور مردار
اور پلید چیز سے دوا کرنا پس ناجائز ہے اور اسیطرح شہری گدہی کے دودھ سے بھی ناجائز ہے
اسلیے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے آپنے فرمایا جو چیز میری امت پر حرام کی
گئی ہے اسمیں انکی شفا نہیں رکھی گئی اور بجز ضرورت کے حقنہ کرنا مکروہ ہے اور طاعون
سے بھاگنا جائز نہیں اور اگر خود شہر سے باہر ہو (اور شہر میں طاعون ہو) تو شہر
میں نہ آوے تاکہ اپنی جان کے ہلاک کرنے میں خود مددگار نہ ہو **فصل** اور کسی
عورت سے خلوت نہ کرے جو اس سے محرم نہ ہو کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے
منع فرمایا ہے اور فرمایا بے شک تیسرا ان میں شیطان ہے اور بیشک شیطان ان
دونوں کیلیے گناہ کو مزین کرکے دکھاتا ہے اور کسی جوان عورت کی طرف سوائے
کسی ضرورت کے نہ دیکھے مثلاً گواہی دینا ہو یا بیماری میں علاج کرنا ہو اور بوڑھی ننگے
منہ والی عورت کی طرف دیکھنا درست ہے کیونکہ اسمیں فتنہ کا خوف نہیں اور نہ دو مرد اور
نہ دو عورتیں ایک لحاف میں اور ایک تہ بند میں ننگی ہو ویں کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے
اس سے منع فرمایا ہے اور اسلیے بھی (منع ہے) کہ یہ امر اس امر کی طرف پہونچاتا
ہے کہ ان میں سے ایک دوسرے کا ستر دیکھے اور اس سے شریعت میں ممانعت
کی گئی ہے اور اسلیے بھی (منع ہے) کہ اسمیں شیطان کے زینت دینے کے سبب گناہ
کے مرتکب ہونے سے بے خوفی نہیں **فصل** پس اسکے لیے اگر مرد یا عورت
غلام ہو تو اسپر واجب ہے کہ اسکے ساتھ نرمی کرے اور جس کام کی اسے طاقت
نہ ہو اسکے کرنے کی اسے تکلیف نہ دیوے اور اسے کپڑا پہناوے اور کھانا کھلاوے
اور اسکا نکاح کر دیوے بشرطیکہ وہ خود نکاح کرنا چاہے اور اسمیں اسپر جبر
نہ کرے پس اگر وہ اسمیں قصور کرے تو گنہگار ہوگا اور اسکے بیچنے کا
حکم کرے یا اگر چاہے تو اسے آزاد کرنیکا حکم دیوے یا اسے مکاتب کر دیوے بشرطیکہ غلام اس امر کو طلب کرے

اور حدیث میں آیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آخری

وَصِيَّةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلٰوةَ وَمَامَلَكَتْ
اَيْمَانُكُمْ **فَصْلٌ** وَتُكْرَهُ الْمُسَافَرَةُ بِالْمُصْحَفِ اِلٰی اَرْضِ
الْعَدُوِّ لِئَلَّا تَتَنَاوَلَهُ اَيْدِی الْمُشْرِكِيْنَ اِلَّا اَنْ يَّكُوْنَ لِلْمُسْلِمِيْنَ
قُوَّةٌ ظَاهِرَةٌ وَّالشَّوْكَةُ وَالْغَلَبَةُ فَيَجُوْزُ اسْتِصْحَابُهُ
لِيَقْرَاَ فِيْهِ لِئَلَّا يَنْسٰی الْقُرْاٰنَ **فَصْلٌ** وَيُسْتَحَبُّ
اِذَا نَظَرَ فِی الْمِرْاٰةِ اَنْ يَّقُوْلَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ سَوّٰی خَلْقِیْ
وَاَحْسَنَ صُوْرَتِیْ وَزَانَ مِنِّیْ مَاشَانَ مِنْ غَيْرِیْ لِاَنَّ
ذٰلِكَ مَرْوِیٌّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ **فَصْلٌ**
وَاِذَا طَنَّتْ اُذُنُهُ يُصَلِّیْ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
وَيَقُوْلُ ذَكَرَ اللّٰهُ مَنْ ذَكَرَنِیْ بِخَيْرٍ لِاَنَّهُ مَرْوِیٌّ عَنِ النَّبِیِّ
صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ **فَصْلٌ** وَيَقُوْلُ اِذَا اشْتَكٰی بَدَنَهُ
اَوْ اَعْضَاءَهُ مَا رُوِیَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ
مَنِ اشْتَكٰی مِنْكُمْ شَيْئًا اَوِ اشْتَكٰی اَخًا لَّهُ فَلْيَقُلْ رَبُّنَا اللّٰهُ
الَّذِیْ فِی السَّمَاءِ تَقَدَّسَ اسْمُكَ اَمْرُكَ فِی السَّمَاءِ وَ
الْاَرْضِ كَمَا رَحْمَتُكَ فِی السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ اغْفِرْ لَنَا
حُوْبَنَا وَخَطَايَانَا يَا رَبَّ الطَّيِّبِيْنَ اَنْزِلْ رَحْمَةً مِّنْ رَّحْمَتِكَ
وَشِفَاءً مِّنْ شِفَائِكَ عَلَی الْوَجَعِ الَّذِیْ بِهٖ فَاِنَّهُ يَبْرَاُ بِاِذْنِ
اللّٰهِ تَعَالٰی **فَصْلٌ** وَاِذَا رَاٰی شَيْئًا يَتَطَيَّرُ مِنْهُ قَالَ
اَللّٰهُمَّ لَا يَاْتِیْ بِالْحَسَنَاتِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا يَذْهَبُ بِالسَّيِّئَاتِ
اِلَّا اَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ لِاَنَّهُ مَرْوِیٌّ عَنِ النَّبِیِّ
صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ **فَصْلٌ** وَيُسْتَحَبُّ اِذَا رَاٰی بِيْعَةً
اَوْ كَنِيْسَةً اَوْ سَمِعَ صَوْتَ شَبُّوْرٍ اَوْ صَوْتَ نَاقُوْسٍ اَوْ رَاٰی
جَمْعًا مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ وَالْيَهُوْدِ وَالنَّصَارٰی اَنْ يَّقُوْلَ اَشْهَدُ
اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ اِلٰهًا وَّاحِدًا لَا
نَعْبُدُ اِلَّا اِيَّاهُ فَاِنَّ ذٰلِكَ مَرْوِیٌّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ وَقَالَ غَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ بِعَدَدِ اَهْلِ الشِّرْكِ وَيَقُوْلُ اِذَا سَمِعَ
صَوْتَ الرَّعْدِ وَالصَّوَاعِقِ اَللّٰهُمَّ لَا تَقْتُلْنَا بِغَضَبِكَ وَ
لَا تُهْلِكْنَا بِعَذَابِكَ وَعَافِنَا قَبْلَ ذٰلِكَ وَيَقُوْلُ اِذَا رَاٰی
الرِّيْحَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَا اُرْسِلَتْ بِهٖ وَ

وصیت تاکیدی کی ہے) نماز کو (نگاہ رکہنا) اور انکو نگاہ رکہنا جنکو تمہارے دائین ہاتہ مالک ہوئی (یعنے غلام)
فصل اور دشمن کے ملک کی طرف قرآن مجید کو ساتہ لیکر سفر کرنا مکروہ ہے
تاکہ وہ مشرکون کے ہاتہ مین نہ آجاوے البتہ اُس صورت مین درست ہے کہ جب مسلمانون
کے لیے خوف ظاہر اور دبدبہ اور غلبہ ہو تو اُس وقت اسے ساتہ لیجانا جائز ہے تاکہ
اُسمین پڑہا جاوے تاکہ قرآن بہول نہ جاوے **فصل** اور جب شیشے مین دیکہے تو
یہ کہنا مستحب ہے سب تعریف اللہ ہی کو ہے جس نے میری پیدایش کو درست کیا
اور میری صورت اچھی بنائی اور زینت ناک بنائی میری وہ چیز جو دوسرے کی بُری
بنائی کیونکہ یہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے **فصل** اور اگر اُس کا
کان آواز کرے تو نبی صلے اللہ علیہ وسلم پر درود بہیجے اور کہے اللہ اُسے یاد
کرے جس نے مجہ کو بہلائی سے یاد کیا کیونکہ یہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے
فصل اور جب اُسکا بدن یا اُسکے اعضاء بیمار ہون تو وہ چیز کہے جو نبی
صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے آپنے فرمایا جو تم مین سے کچہہ بیمار ہو یا اُس کا
کوئی بہائی بیمار ہو تو چاہیئے کہ یہ کہے ہمارا پروردگار وہ اللہ ہے جو آسمان مین ہے
تیرا نام پاک ہے آسمان اور زمین مین تیرا ہی حکم ہے جیسے کہ آسمان اور زمین
مین تیری رحمت ہے ہمارے لیے ہمارے گناہ اور خطائین بخشدے ای پاکون کے پروردگار
اپنی رحمت سے رحمت اور اپنی شفاؤن سے شفا اُس درد پر جو ہمکو ہے اتار
پس تحقیق وہ اللہ تعالے کے اذن سے اچھا ہو جائیگا **فصل** اور جب
ایسی چیز دیکہے جس سے بدشگونی کرتا ہو تو کہے یا اللہ سوا تیرے نیکیون کو کوئی
نہین لاتا اور سوا تیرے برائیون کو کوئی دور نہین کرتا اور اللہ تعالے کے سوا گناہ سے
پہرنا اور نیکی کی قوت نہین کیونکہ یہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے
فصل اور جب کسی گرجا کو یا یہود کے عبادت خانہ کو دیکہے یا بوق یا
ناقوس کی آواز سنے یا مشرکون اور یہودیون اور نصاریٰ کا مجمع دیکہے
تو یہ کہنا مستحب ہے مین اس بات کی گواہی دیتا ہون کہ بجز خدا کے کوئی
معبود برحق نہین وہ اکیلا ہے اُسکا کوئی شریک نہین وہ اکیلا معبود ہے ہم بجز
اسکے کسی کی عبادت نہین کرتے کیونکہ یہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے
اور آپنے فرمایا اُسے اللہ تعالیٰ اہل شرک کی گنتی کے برابر بخشدیگا اور جب رعد اور
کڑک کی آواز سنے تو کہے یا اللہ ہمکو اپنے غضب سے قتل نہ کیجیو اور ہمکو اپنے
عذاب سے ہلاک نہ کیجیو اور ہمکو اس سے پہلے عافیت دے اور جب آندہی کو دیکہے تو کہے یا اللہ
اسکی بہلائی اور اُس چیز کی بہلائی جسکے ساتہ یہ بہیجی گئی ہے مین تجہہ سے ہی مانگتا ہون

اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا اُرْسِلَتْ بِهٖ **فصل** وَ
اِذَا دَخَلَ السُّوْقَ قَالَ مَا كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْاَلُكَ خَيْرَ هٰذَا السُّوْقِ وَخَيْرَ مَا فِيْهِ
وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهٖ وَشَرِّ مَا فِيْهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ
اُصِيْبَ فِيْهَا يَمِيْنًا فَاجِرَةً اَوْ صَفْقَةً خَاسِرَةً لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَ
هُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَاِذَا
رَاَى الْهِلَالَ قَالَ اَللّٰهُمَّ اَهِلَّهٗ عَلَيْنَا بِالْيُمْنِ وَالْاِيْمَانِ وَ
السَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ رَبِّيْ وَرَبُّكَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ **فصل**
وَاِذَا رَاٰى مُبْتَلًى قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ عَافَانِيْ مِمَّا ابْتَلَاكَ
بِهٖ وَفَضَّلَنِيْ عَلَيْكَ وَعَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيْلًا
فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُعَافِيْهِ مِنْ ذٰلِكَ كَائِنًا مَا كَانَ اَبَدًا
مَا عَاشَ **فصل** وَيَقُوْلُ لِلْحَاجِّ اِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرِهٖ
تَقَبَّلَ اللّٰهُ نُسُكَكَ وَاَعْظَمَ اَجْرَكَ نَفَقَتَكَ لِمَا رُوِيَ
عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ ذٰلِكَ **فصل**
وَاِذَا عَادَ مَرِيْضًا مُسْلِمًا فَرَاٰهُ مَنْزُوْلًا بِهٖ مَوْتٌ فَقَالَ مَا
رُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ اَلْمَوْتُ فَزَعٌ
فَاِذَا بَلَغَ اَحَدَكُمْ وَفَاةُ صَاحِبِهٖ فَلْيَقُلْ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ
اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ وَاِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ اَللّٰهُمَّ اكْتُبْهُ عِنْدَكَ
فِي الْمُحْسِنِيْنَ وَاجْعَلْ كِتَابَهٗ فِيْ عِلِّيِّيْنَ وَاخْلُفْ عَلٰى عَقِبِهٖ
فِي الْاٰخِرِيْنَ وَلَا تَحْرِمْنَا اَجْرَهٗ وَلَا تَفْتِنَّا بَعْدَهٗ وَيُسْتَحَبُّ
اَيْضًا اَنْ يُّشِيْرَ عَلَيْهِ بِالتَّوْبَةِ مِنَ الذُّنُوْبِ وَالْخُرُوْجِ
مِنَ الْمَظَالِمِ وَالْوَصِيَّةِ بِثُلُثِ مَالِهٖ لِلْاَقَارِبِ الْفُقَرَاءِ
مِنْهُمُ الَّذِيْنَ لَا يَرِثُوْنَهٗ وَاِنْ لَّمْ يَكُوْنُوْا فَلِلْفُقَرَاءِ وَ
الْمَسَاكِيْنِ وَالْمَسَاجِدِ وَالْقَنَاطِيْرِ وَوُجُوْهِ الْبِرِّ وَالْخَيْرِ
فصل يَقُوْلُ حِيْنَ يَضَعُ الْمَيِّتَ فِيْ قَبْرِهٖ مَا
رُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ اِذَا
وَضَعْتُمْ مَوْتَاكُمْ فِي الْقَبْرِ فَقُوْلُوْا بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰى مِلَّةِ
رَسُوْلِ اللّٰهِ وَيَقُوْلُ اِذَا حَثَى التُّرَابَ عَلَى الْمَيِّتِ

اور اُسکی برائی سے اور اُس چیز کی برائی سے جسکے ساتھ یہ بھیجی گئی ہے مین تیری ہی پناہ لیتا ہون
فصل اور جب بازار مین آوے تو وہ چیز کہے جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کہا کرتے
تھے یا اللہ اس بازار کی بھلائی اور اُس چیز کی بھلائی جو اُسمین ہے مین تجھسے ہی مانگتا
ہون اور اُسکے شر سے اور اُس چیز کے شر سے جو اُسمین ہے تیری ہی پناہ لیتا ہون
یا اللہ مین تیری پناہ لیتا ہون کہ مین اُسمین جھوٹی قسم کو پاوے نقصان والی کو
پہونچون بجز اللہ کے کوئی معبود نہین وہ اکیلا ہے اُسکا کوئی شریک نہین اُسی کا
ملک ہے اور اُسی کو سب تعریف ہے وہی زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اور وہ زندہ ہے
نہین مرتا اُسی کے ہاتھ مین بھلائی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے اور جب چاند کو دیکھے تو
کہے یا اللہ اسکو ہمپر برکت و ایمان اور سلامتی اور اسلام کے ساتھ چڑھا (اے چاند) میرا رب اور تیرا
رب اللہ عز وجل ہے **فصل** اور جب کسی کو بلا مین مبتلا دیکھے تو کہے تمام تعریف
اُس اللہ کو ہے جس نے مجھکو اُس چیز سے آرام دیا جسمین تجھکو مبتلا کیا اور تجھپر اور
بتھیروں پر اُن لوگون مین سے جنکو اُسنے پیدا کیا مجھکو فضیلت دی بے شک
اللہ تعالی اُسے اُس بلا سے جبتک وہ زندہ رہیگا آرام دیگا خواہ وہ کوئسی بلا ہی ہو **فصل**
اور حاجی کو یہے جب وہ سفر سے آوے یہ کہے اللہ تعالی تیری عبادت کو قبول فرماوے اور تیرا ثواب
بڑا کرے اور تیرے خرچ کا بدلہ دیوے اسلیے کہ حضرت عمر رضہ سے مروی ہے کہ وہ اس دعا کو پڑھا کرتے تھے **فصل**
اور جب کسی بیمار مسلمان کی بیمار پرسی کرے اور اُسے قریب الموت دیکھے تو وہ کہے جو نبی
صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے آپنے فرمایا موت گھبراہٹ ہے جب تم مین سے کسی کو
اپنے رفیق کی موت (کی خبر) پہونچے تو چاہیے کہ کہے ہم اللہ ہی کے لیے ہین اور تحقیق
اُسی کی طرف لوٹنے والے ہین اور تحقیق ہم اپنے رب کی طرف البتہ لوٹنے والے
ہین اے اللہ اسے اپنے پاس نیکون مین لکھ اور اُسکی کتاب علیین مین کر اور اسکے بعد
پچھلون مین خلیفہ بن اور اُسکے ثواب سے ہمکو محروم نہ رکھ اور ہمکو اسکے پیچھے فتنے
مین نہ ڈال اور اُس بیمار کی طرف گناہون سے توبہ کرنیکا اور ظلمون سے نکلنے کا
اور قریبیون کے لیے اور اُن مین سے فقیرون کے لیے جو اُسکے وارث نہون
اپنے ثلث مال سے وصیت کرنے کا اشارہ کرنا بھی مستحب ہے اور اگر یہ نہون
تو اور فقیرون اور مسکینون اور مسجدون اور پلون اور نیکی اور بھلائی کی
قسمون کے لیے **فصل** اور جب میت کو اسکی قبر مین رکھے تو وہ کہے جو نبی صلی
اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے آپنے فرمایا جب تم اپنے مردون کو قبر مین
رکھو تو کہو اللہ کے نام سے اور اللہ کے رسول کے دین پر اور جب میت
پر مٹی ڈالے تو کہے۔

إيماناً بك وتصديقاً برسولك وإيماناً ببعثك هذا ما
وعد الله ورسوله وصدق الله ورسوله لأن ذلك
مروي عن علي وقال من فعل ذلك كان له بكل ذرة
من تراب حسنة

فصل في آداب النكاح من آداب
النكاح أن تكون فيه نية التزوج امتثال أمر الله عز و
جل في قوله تعالى وانكحوا الأيامى منكم والصالحين
من عبادكم وإمائكم وقوله تعالى فانكحوا ما طاب لكم
من النساء مثنى وثلث ورباع وقوله صلى الله عليه
وسلم تناكحوا تناسلوا فإني مكاثر بكم الأمم ولو بالسقط
فيعتقد وجوب النكاح بهاتين الآيتين والخبر عند
عدم خوف الزنا وعند وجوده ليخرج من الخلاف في
الجملة لأن النكاح عند أبي داود وفي رواية الإمام أحمد
واجب على الإطلاق فيكون له ثواب الممتثل لأمر الله
عز وجل ويعتقد مع ذلك إحراز دينه وتكميله لقول
النبي صلى الله عليه وسلم من تزوج فقد أحرز نصف
دينه وقوله صلى الله عليه وسلم إذا تزوج العبد فقد
استكمل نصف دينه ويتخير الحسيبة أجنبية البكر
وأن تكون من نساء يعرفن بكثرة الولادة لأن النبي
صلى الله عليه وسلم قال لجابر بن عبد الله رض لما أخبر
أنه تزوج بالثيب فقال له أفلا بكراً تلاعبها وتلاعبك
وإنما شرطنا كثرة الولادة لما تقدم من قوله صلى الله
عليه وسلم تناكحوا تناسلوا فإني مكاثر بكم الأمم ولو
بالسقط وفي بعض الأحاديث قال صلى الله عليه وسلم
تزوجوا الولود الودود فإني مكاثر بكم وإنما شرطت
الأجنبية ولا تكون من أقاربه لئلا يقع بينهم منافرة
وعداوة تؤدي إلى قطع الأرحام المأمور بإيصالها
ولهذا امتنع الشرع الجمع بين الأختين في عقد
النكاح ولا ينبغي أن يتزوج سليطة اللسان ولا
مختلعة ولا متواشمة فإذا تزوج فليحسن خلقه

ازروی ایمان لانے کے ساتھ تیرے اور ازروی سچا جاننے کے تیرے رسول کو اور ازروی ایمان لانے
کے تیرے اٹھانے پر یہ وہ ہے جو اللہ نے اور اسکے رسول نے وعدہ کیا اور اللہ نے اور اسکے رسول نے
سچ کہا اسلیے کہ یہ حضرت علی رضہ سے مروی ہے، اور انہوں نے کہا جو شخص یہ کام کرے تو
اسکے لیے مٹی کے ہر ذرہ کے بدلے ایک نیکی ہوگی

فصل نکاح کے آداب میں نکاح کے
آداب میں سے یہ ہے کہ نکاح کرنے والے کی نیت اسمیں اللہ عز و جل کے حکم کو بجالانے
کی ہو جو اللہ تعالی کے اس قول میں ہے، اور اپنے میں سے رانڈوں کو نکاح کردو اور اپنے غلاموں
اور لونڈیوں میں سے نیکوکاروں کو اور جو اللہ تعالی کے اس قول میں ہے پس نکاح
کرو تم عورتوں میں سے جو تمکو خوش لگے دو دو اور تین تین اور چار چار اور جو حضرت
صلے اللہ علیہ وسلم کے اس قول میں ہے، تم نکاح کرو اور اولاد بڑھاؤ کیونکہ میں تمہاری
کثرت کے سبب دوسری امتوں پر فخر کرنیوالا ہوں اگرچہ کچا بچہ ہو پس ان دونوں
آیتوں سے اور حدیث سے زنا سے بیخوف ہونیکے وقت اور اسکے پائے جانیکے وقت
نکاح کے واجب ہونے کا اعتقاد کرے تاکہ ہر حال میں اختلاف سے نکلجاوے کیونکہ
نکاح ابو داؤد کے نزدیک امام احمد کی روایت میں مطلقاً واجب ہے، پس اسکو اللہ عز
و جل کے حکم کو بجالانے کا ثواب ہوگا اور باوجود اسکے اپنے دین کے بچانے اور اسکی
کامل کرنیکا بھی اعتقاد کرے اسلیے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسنے نکاح
کیا پس تحقیق اسنے اپنا نصف دین بچا لیا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
جب بندہ نکاح کرلیتا ہے تو اپنا نصف دین کامل کرلیتا ہے اور اچھی ذات والی اجنبی بکر
عورت کو پسند کرے اور یہ کہ وہ عورت ان عورتوں میں سے ہو جو زیادہ جننے میں مشہور
ہوں کیونکہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے جابر بن عبد اللہ سے جبکہ انہوں نے آپ کو اس امر کی
خبر دی کہ انہوں نے اپنا نکاح بیوہ عورت سے کیا ہے فرمایا تو نے بکر عورت سے
نکاح کیوں نہ کیا تاکہ تو اس سے کھیلتا اور وہ تجھ سے کھیلتی اور ہمنے زیادہ جننے
کی شرط اس روایت کی وجہ سے کی ہے جو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمودہ سے
گذر چکی ہے کہ تم نکاح کرو اور اپنی اولاد بڑھاؤ کیونکہ میں تمہاری کثرت کے سبب سے اور
امتوں پر فخر کرنیوالا ہوں اگرچہ کچا بچہ ہو اور بعض حدیثوں میں ہے آنحضرت صلعم نے فرمایا تم اپنا
نکاح جننے والی پیار کرنیوالی عورت سے کرو کیونکہ میں تمہاری کثرت کے سبب فخر کرنیوالا ہوں اور ہمنے اجنبیہ ہونے
کی اور اسکے قریبیوں میں سے نہ ہونے کی اسلیے شرط لگائی ہے تاکہ انکے درمیان نفرت اور دشمنی نہ پیدا ہوجاوے اور وہ دشمنی
قریبیوں کے قطع کردینے کی حد تک نہ پہونچادیوے جنکے جوڑنے کا حکم کیا گیا ہے اور اسی واسطے شرع نے
دو بہنوں کو عقد نکاح میں جمع کرنے سے منع کیا ہے اور مناسب ہے کہ زبان دراز خلع کرنیوالی
گودنے والی عورت سے نکاح نہ کرے اور جب نکاح کرے تو عورت کے ساتھ اپنے اخلاق درست کرے

معها ولا يؤذها ولا يكرهها على مهرها فتختلع منه
ولا يشتم لها ابا ولا اما فان فعل ذلك كان الله ورسوله
بريئين منه قال النبي صلى الله عليه وسلم استوصوا
بالنساء خيرا فانهن عوان عندكم يعني اسراء وقد
جاء في بعض الآثار من تزوج امرأة بصداق ولا يريد
ان يؤديه اليها جاء يوم القيمة زانيا فان اذته المرأة
بلسانها وكان في ذلك فساد دينه فليشتر هو نفسه
منها او يلجأ الى الله عز وجل ويبتهل اليه بالدعاء
فانه يكفي وان صبر على ذلك كان كالمجاهد في سبيل
الله عز وجل وان طابت هي له بشيء من مالها من
غير اكراه فليأكله هنيئا مريئا وينبغي ان يجتهد فينظر
الى وجهها وبدنها من غير ان يخلو بها قبل العقد لئلا
يقع بقلبه شيء فيكرهها فيؤدي الى طلاقها و
مفارقتها عن قريب وفي ذلك وقوع في المكروه عند
الله عز وجل لان النبي صلى الله عليه وسلم قال ما
من مباح ابغض الى الله تعالى من الطلاق والاصل
في ذلك ما روي عن النبي صلى الله عليه وسلم انه
قال اذا قذف الله تعالى في قلب احدكم خطبة امرأة
فلينظر الى وجهها وكفيها فانه احرى ان يؤدم بينهما
وما روي عن جابر بن عبد الله انه قال قال رسول
الله صلى الله عليه وسلم اذا خطب احدكم المرأة
فان استطاع ان ينظر الى ما يدعوه الى نكاحها فليفعل
فخطبت جارية فكنت اتخبأ لها حتى رأيت منها ما
دعاني الى نكاحها وتزوجها ذكره ابو داود في سننه
وينبغي ايضا ان تكون من ذوات الدين والعقل
لما روى ابو هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم
انه قال تنكح المرأة لاربع لمالها ولحسبها ولجمالها
ولدينها فاظفر بذات الدين تربت يداك وانما نص
النبي صلى الله عليه وسلم على ذات الدين لانها

اور اُسے تکلیف نہ دے اور اُسکے مہر کی نسبت اُسپر جبر نہ کرے ورنہ وہ اُس سے خلع کریگی اور
ماں باپ کی اُسے گالی نہ دے اگر ایسا کریگا تو اللہ اور رسول اُس سے بیزار ہونگے نبی صلی اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا عورتوں سے بہلائی کرنے کی مجہہ سے وصیت لو کیونکہ وہ تمہارے
پاس قیدی ہیں عوان کے معنے قیدی ہیں اور بعض حدیثوں میں آیا ہے جو شخص
کسی عورت کو مہر کے بدلے نکاح کرے اور اُس مہر کا اُسے دینے کا ارادہ نہ رکہتا ہو تو وہ
قیامت کے دن زانی (کی ہیئت) میں آویگا اور اگر عورت اُسی اپنی زبان سے
تکلیف دے اور اُسمیں اُسکے دین کا بگاڑ ہے تو چاہیے کہ وہ اپنے نفس کو اُس عورت
سے خرید کرے یا اللہ عز وجل کیطرف پناہ پکڑے اور اُسکی طرف دعا اور سحر زاری کرے
کیونکہ یہی اُسکو کافی ہوگا اور اگر اُسپر صبر کرے تو وہ اللہ تعالے کے رستہ میں جہاد کرنیوالے
کی طرح ہوگا اگر وہ عورت بغیر جبر کے اپنے مال میں سے خاوند کے لیے دینے میں خوش
ہو تو وہ اُسکو چبا چبا کہا وے اور مناسب ہے کہ کوشش کرے اور اُسکے منہ اور بدن
کو دیکہے سوائے اسکے کہ عقد کے پہلے اُسکے ساتہ خلوت کرے تاکہ اُسکے دل میں کوئی
بات نہ پڑجاوے جسکی وجہ سے اُسنے ناپسند کرے اور وہ بات تہوڑی ہی مدت میں اُسکی
طلاق اور جدائی کی طرف پہونچاوے اور اسمیں اللہ عز وجل کے نزدیک ایک بری
بات میں داخل ہونا ہے کیونکہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے نزدیک
کوئی مباح طلاق سے زیادہ برا نہیں اور اسمیں اصل وہ چیز ہے کہ نبی صلے اللہ
علیہ وسلم سے مروی ہے آپنے فرمایا جب اللہ تعالے تم میں سے کسی کے دل
میں کسی عورت کا خطبہ ڈالے تو چاہیے کہ اُسکے منہ اور ہاتہوں کی طرف
دیکہے کیونکہ یہ بہت لائق ہے کہ اُن میں ہمیشہ کی الفت ڈالے اور اسمیں وہ چیز
(اصل ہے) جو جابر بن عبد اللہ سے مروی ہے اُنہوں نے کہا رسول اللہ صلے اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی شخص عورت کو خطبہ کرے تو اگر اُسکی اُس چیز
کی طرف دیکہنے کی طاقت ہو جو اُسے نکاح کی خواہشمند کرے تو دیکہے پس میں ایک
لڑکی کو نکاح کی درخواست کی تو میں اُسکے (دیکہنے کے) لیے چہپا رہتا تہا یہانتک کہ
مینے اُس سے وہ چیز دیکہہ لی جس نے مجہے اُسکے نکاح کرنے اور جوڑا بنانے کا خواہشمند کردیا
اسکو ابو داؤد نے اپنی سنن میں بیان کیا اور مناسب ہے کہ عورت دین والی اور عقل والی
عورتوں میں سے ہو اسلیے کہ ابو ہریرہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا آپنے فرمایا عورت چار
چیزوں کے واسطے نکاح کی جاتی ہے اسکے مال کے واسطے اور اسکی اچہی ذات کے واسطے اور اسکے
حسن کے واسطے اور اُسکے دین کے واسطے پس تو دین والی سے کامیاب ہو (یعنے اُس سے نکاح کر)
تیرے ہاتہ خاک آلودہ ہوں اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دین والی عورت کی اسلیے تصریح فرمائی ہے کہ وہ

تُعِينُ الزَّوْجَ عَلَىٰ مَعِيشَتِهِ وَتَقْنَعُ بِالْيَسِيرِ وَالْبَاقِيَاتُ يُوقِعْنَهُ
فِي الْوِزْرِ وَالْوَبَالِ إِلَّا أَنْ يُسَلِّمَهُ اللّٰهُ تَعَالَىٰ مِنْ ذٰلِكَ وَقَدْ فَسَّرَ
أَكْثَرُ الْمُفَسِّرِينَ قَوْلَهُ عَزَّ وَجَلَّ فَالْآنَ بَاشِرُوهُنَّ وَابْتَغُوا مَا
كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ الْمُبَاشَرَةَ بِالْجِمَاعِ وَالْاِبْتِغَاءَ بِالْوَلَدِ أَيِ اطْلُبُوا
الْوَلَدَ بِالْمُبَاشَرَةِ وَكَذٰلِكَ يَنْبَغِي لِلْمَرْأَةِ أَنْ تَنْوِيَ بِذٰلِكَ
تَحْصِينَ فَرْجِهَا وَالْوَلَدَ وَالثَّوَابَ الْجَزِيلَ عِنْدَ اللّٰهِ بِالصَّبْرِ
عِنْدَ الزَّوْجِ وَعَلَى الْحَبَلِ وَالْوِلَادَةِ وَتَرْبِيَةِ الْوَلَدِ لِمَا رَوَىٰ يَاذُ
ابْنُ مَيْمُونٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ إِنَّ امْرَأَةً كَانَ يُقَالُ لَهَا
الْحَوْلَاءُ عَطَّارَةٌ مِنْ أَهْلِ الْمَدِينَةِ دَخَلَتْ عَلَىٰ عَائِشَةَ فَقَالَتْ يَا
أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ زَوْجِي فُلَانٌ أَتَزَيَّنُ لَهُ كُلَّ لَيْلَةٍ وَأَتَطَيَّبُ كَأَنِّي
عَرُوسٌ زُفَّتْ إِلَيْهِ فَإِذَا أَوَىٰ إِلَىٰ فِرَاشِهِ دَخَلْتُ عَلَيْهِ فِي
لِحَافِهِ وَأَلْتَمِسُ بِذٰلِكَ رِضَاءَ اللّٰهِ تَعَالَىٰ حَوَّلَ وَجْهَهُ عَنِّي أُرَاهُ
أَبْغَضَنِي فَقَالَتْ اجْلِسِي حَتّٰى يَدْخُلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ فَبَيْنَمَا أَنَا كَذٰلِكَ إِذْ دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا هٰذِهِ الرِّيحُ الَّتِي أَجِدُهَا أَتَتْكُمُ
الْحَوْلَاءُ هَلْ ابْتَعْتُمْ مِنْهَا شَيْئًا قَالَتْ عَائِشَةُ لَا وَاللّٰهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ
فَقَصَّتِ الْحَوْلَاءُ قِصَّتَهَا فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَهَا اذْهَبِي
وَاسْمَعِي وَأَطِيعِي لَهُ قَالَتْ أَفْعَلُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ فَمَا لِي مِنَ الْأَجْرِ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنِ امْرَأَةٍ
رَفَعَتْ مِنْ بَيْتِ زَوْجِهَا شَيْئًا وَوَضَعَتْهُ تُرِيدُ بِهِ الْإِصْلَاحَ
إِلَّا كَتَبَ اللّٰهُ تَعَالَىٰ لَهَا حَسَنَةً وَمَحَىٰ عَنْهَا سَيِّئَةً وَرَفَعَ لَهَا
دَرَجَةً وَمَا مِنِ امْرَأَةٍ حَمَلَتْ مِنْ زَوْجِهَا حِينَ تَحْمِلُ إِلَّا كَانَ
لَهَا مِنَ الْأَجْرِ مِثْلُ الْقَائِمِ لَيْلَهُ وَالصَّائِمِ نَهَارَهُ وَالْغَازِي
فِي سَبِيلِ اللّٰهِ تَعَالَىٰ وَمَا مِنِ امْرَأَةٍ يَأْتِيهَا طَلْقٌ إِلَّا كَانَ
لَهَا بِكُلِّ طَلْقَةٍ عِتْقُ نَسَمَةٍ وَبِكُلِّ رَضْعَةٍ عِتْقُ رَقَبَةٍ فَإِذَا
فَطَمَتْ وَلَدَهَا نَادَاهَا مُنَادٍ مِنَ السَّمَاءِ أَيَّتُهَا الْمَرْأَةُ قَدْ كُفِيتِ
الْعَمَلَ فِيمَا مَضَىٰ فَاسْتَأْنِفِي الْعَمَلَ فِيمَا بَقِيَ قَالَتْ عَائِشَةُ قَدْ أُعْطِيَ النِّسَاءُ
كَثِيرًا فَمَا بَالُكُمْ يَا مَعْشَرَ الرِّجَالِ فَضَحِكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ مَا مِنْ رَجُلٍ أَخَذَ بِيَدِ امْرَأَتِهِ

خاوند کو زندگی پر مدد کرتی ہے اور بہوڑہی پر قناعت کرتی ہے اور باقی عورتین اُسے گناہ اور
وبال مین ڈالتی ہین ہان اگر اللہ اُسے اس سے سلامت رکہے (تو ممکن ہے) اور اکثر مفسرون
نے اللہ تعالی کے اس قول مین پس اب اُنسے مباشرت کرو اور طلب کرو جو اللہ نے تمہارے لیے
لکہا ہے مباشرت کی جماع سے تفسیر کی ہے اور ابتغاء کی ولد سے تفسیر کی ہے مطلب یہ
کہ اولاد مباشرت سے طلب کرو اور اسی طرح عورت کے لیے بہی لائق ہے کہ نکاح مین اپنے
فرج کے بچانے کی اور اولاد کی اور خاوند کے پاس صبر کرنے اور حمل اور جننے مین اور بچے
کی پرورش کرنیمین صبر کرنے پر اللہ کے نزدیک ثواب کی نیت کرے اسلیے کہ یاذ بن میمون
نے حضرت انس بن مالک رض سے روایت کی انہون نے کہا ایک عورت تہی جسے حولاء عطر
فروش کہا جاتا تہا مدینہ والون مین سے تہی وہ حضرت عائشہ رض کے پاس آئی اور کہنے لگی اے
ام المؤمنین میرا خاوند فلان شخص ہے مین اسکے لیے ہر رات مین زینت کرتی ہون اور
خوشبو لگاتی ہون گویا کہ مین نئی بیاہی ہوئی اسکی طرف بہیجی گئی ہون پہر جب وہ اپنے
بستر پر آتا ہے مین اسکے پاس اُسکے لحاف مین جالیتی ہون اور مین اس کام مین اللہ تعالی
کی رضامندی چاہتی ہون اور وہ مجہہ سے منہ پہیر لیتا ہے مین خیال کرتی ہون کہ شاید اُسنے مجہے
برا جانا ہے پس حضرت عائشہ رض نے اُسے کہا کہ بیٹہہ یہانتک کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لاوین
حولاء نے کہا مین اس حال مین تہی کہ ناگاہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور فرمایا یہ
کیسی خوشبو ہے جسے مین پاتا ہون کیا تمہارے پاس حولاء آئی ہے اور اُس سے تمنے کچہہ خریدا ہے عائشہ
نے کہا یا رسول اللہ اللہ کی قسم ہمنے کچہہ نہین خریدا پس حولاء نے اپنا قصہ بیان کیا تو حضرت صلی
اللہ علیہ وسلم نے اُسے فرمایا تو جا اور اُسکا حکم سُن اور اُسکی فرمانبرداری کر حولاء نے کہا یا رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم مین ایسا ہی کرونگی پس میرے لیے کیا ثواب ہوگا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا جو عورت اپنے خاوند کے گہر سے کوئی چیز اٹہا وے اور اُسے رکہے اور اُس سے اُسکا ارادہ سنوارنے
کا ہو تو اللہ تعالی اُسکے لیے ایک نیکی لکہہ دیتا ہے اور اس سے ایک برائی دور کر دیتا ہے اور
اُسکا ایک درجہ بلند کر دیتا ہے اور جو عورت اپنے خاوند سے حاملہ ہو تو اسکے لیے رات بہر کہڑا
رہنے والے اور دن بہر روزہ رکہنے والے اور اللہ کے رستے مین جنگ کرنیوالے جیسا ثواب ملتا
ہے اور جو عورت کہ اُسے دردزہ ہووے تو اُسکے لیے ہر ایک دردزہ کے بدلے ایک جان آزاد
کرنیکا ثواب ہوتا ہے اور ہر ایک دودہ پلانے کے بدلے ایک گردن آزاد کرنیکا ثواب ہوتا ہے
پہر جب وہ اپنے بچے کا دودہ چہڑاتی ہے تو ایک پکارنیوالا اُسے آسمان سے پکارتا ہے کہ اے عورت
تحقیق تو نے اپنے کام کو گذشتہ زمانہ مین پورا کیا پس اب باقی زمانہ مین نئے سر سے
شروع کر حضرت عائشہ رض نے کہا تحقیق عورتین بہت کچہہ دیگئی ہین پس اے گروہ
مردون کے تمہارا کیا حال ہے تو رسول اللہ صلعم ہنس پڑے پہر فرمایا جو کوئی اپنی عورت کا ہاتہہ پکڑ کر

يُرَاوِدُهَا اِلَّا كَتَبَ اللّٰهُ تَعَالٰى لَهٗ حَسَنَةً فَاِنْ عَانَقَهَا فَعَشْرُ
حَسَنَاتٍ فَاِذَا اَتَاهَا كَانَ خَيْرًا مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا فَاِذَا
قَامَ لِيَغْتَسِلَ لَمْ يَمُرَّ الْمَآءُ عَلٰى شَعْرَةٍ مِّنْ جَسَدِهٖ اِلَّا تُكْتَبُ لَهٗ
حَسَنَةٌ وَّيُمْحٰى عَنْهُ سَيِّئَةٌ وَّتُرْفَعُ لَهٗ دَرَجَةٌ وَّمَا يُعْطٰى بِغُسْلِهٖ
خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا وَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُبَاهِيْ بِهِ الْمَلٰٓئِكَةَ
يَقُوْلُ اُنْظُرُوْا اِلٰى عَبْدِيْ قَامَ فِيْ لَيْلَةٍ قَرَّةٍ يَغْتَسِلُ مِنَ الْجَنَابَةِ
يَتَيَقَّنُ بِاَنِّيْ رَبُّهٗ اَشْهَدُوْا بِاَنِّيْ قَدْ غَفَرْتُ لَهٗ وَعَنِ ابْنِ
الْمُبَارَكِ بْنِ فُضَالَةَ عَنِ الْحُسَيْنِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَوْصُوْا بِالنِّسَآءِ خَيْرًا فَاِنَّهُنَّ عَوَانٍ عِنْدَكُمْ
يَعْنِيْ مَاسُوْرَاتٍ لَا يَمْلِكْنَ لِاَنْفُسِهِنَّ شَيْئًا وَاِنَّمَا اَخَذْتُمُوْهُنَّ
بِاَمَانَةِ اللّٰهِ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى وَاسْتَحْلَلْتُمْ فُرُوْجَهُنَّ بِكَلِمَةِ اللّٰهِ
عَزَّ وَجَلَّ وَعَنْ عُبَادَةَ بْنِ كَثِيْرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ
مَيْمُوْنَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خِيَارُ الرِّجَالِ مِنْ
اُمَّتِيْ خِيَارُهُمْ لِنِسَآئِهِمْ وَخَيْرُ النِّسَآءِ مِنْ اُمَّتِيْ خَيْرُهُنَّ
لِاَزْوَاجِهِنَّ يُرْفَعُ لِكُلِّ امْرَاَةٍ مِّنْهُنَّ كُلَّ يَوْمٍ وَّلَيْلَةٍ اَجْرُ
اَلْفِ شَهِيْدٍ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ صَابِرِيْنَ مُحْتَسِبِيْنَ وَ
تَفْضُلُ اِحْدٰهُنَّ عَلَى الْحُوْرِ الْعِيْنِ كَفَضْلِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اَدْنٰى رَجُلٍ مِّنْكُمْ وَخَيْرُ النِّسَآءِ مِنْ اُمَّتِيْ
مُيَسِّرَةٌ زَوْجَهَا فِيْ كُلِّ شَيْءٍ يَّهْوَاهُ مَا خَلَا مَعْصِيَةَ اللّٰهِ تَعَالٰى
عَزَّ وَجَلَّ وَخَيْرُ الرِّجَالِ مِنْ اُمَّتِيْ مَنْ تَلَطَّفَ بِاَهْلِهٖ لُطْفَ
الْوَالِدَةِ بِوَلَدِهَا يُكْتَبُ لِكُلِّ رَجُلٍ مِّنْهُمْ كُلَّ يَوْمٍ وَّلَيْلَةٍ
اَجْرُ مِائَةِ شَهِيْدٍ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ صَابِرِيْنَ مُحْتَسِبِيْنَ
فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَكَيْفَ يَكُوْنُ لِلْمَرْاَةِ
اَجْرُ اَلْفِ شَهِيْدٍ وَّلِلرَّجُلِ اَجْرُ مِائَةِ شَهِيْدٍ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ اَوَمَا عَلِمْتَ اَنَّ الْمَرْاَةَ اَعْظَمُ اَجْرًا مِّنَ الرَّجُلِ وَ
اَفْضَلُ ثَوَابًا وَّاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَرْفَعُ لِلرَّجُلِ فِي الْجَنَّةِ دَرَجَاتٍ
فَوْقَ دَرَجَاتِهٖ بِرِضَآءِ زَوْجَتِهٖ عَنْهُ وَدُعَآئِهَا لَهٗ اَوَمَا عَلِمْتَ
اَنَّ اَعْظَمَ وِزْرًا بَعْدَ الشِّرْكِ بِاللّٰهِ الْمَرْاَةُ اِذَا عَصَتْ
زَوْجَهَا فَاتَّقُوا اللّٰهَ فِي الضَّعِيْفَيْنِ فَاِنَّ اللّٰهَ سَآئِلُكُمْ عَنْهُمَا

اور اسے بہلاوے تو اللہ تعالی اُسکے لیے ایک نیکی لکھدیتا ہے اور اگر اُسے گلے لگا دے تو دس
نیکیاں لکھدیتا ہے اور جب اُس سے جماع کرے تو یہ دنیا سے اور جو کچھہ دنیا میں ہے سب سے بہتر
ہوگا پھر جب نہانے کو کہڑا ہو تو جو پانی اُسکے جسم سے کسی بال پر گذرتا ہے اُسکے لیے ایک
نیکی لکھی جاتی ہے اور ایک برائی مٹ جاتی ہے اور ایک درجہ بلند کیا جاتا ہے اور جو
کچھہ وہ اپنے نہانے کے بدلے میں دیا جاتا ہے وہ تمام دنیا اور جو کچھہ دنیا میں ہے سب سے بہتر ہے
اور تحقیق اللہ تعالی اسکے سبب فرشتوں سے فخر کرتا ہے اور فرماتا ہے تم میرے بندے کی طرف دیکھو سرد
رات میں اٹھکر جنابت سے نہاتا ہے یقین کرتا ہے کہ میں اسکا رب ہوں تم اس امر کے
گواہ ہو کہ میں نے اسے بخشدیا اور مبارک بن فضالہ سے مروی ہے اُنہوں نے حضرت حسین سے روایت کی انہوں نے
کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عورتوں کے حق میں مجھسے وصیت لو کیونکہ وہ تمہارے
پاس عوان ہیں یعنی قیدی ہیں وہ اپنی جانوں کی کچھہ بھی مالک نہیں اور بیشک تم نے
انہیں اللہ تبارک و تعالی کی امانت سے پکڑا ہے اور اللہ عز وجل کے کلمے سے انکی فرجوں کو
حلال کیا ہے اور عبادہ بن کثیر سے مروی ہے اُنہوں نے عبد اللہ جریری سے اُنہوں نے میمونہ رضی اللہ عنہا رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیوی سے روایت کی اُنہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا کہ میری امت سے وہ بہتر مرد ہیں جو اپنی عورتوں کے لیے بہتر ہیں اور میری امت میں سے
وہ عورتیں بہتر ہیں جو اپنی خاوندوں کے لیے بہتر ہیں انمیں سے ہر ایک عورت کے لیے ہر دن
اور رات میں ایسے ہزار شہید کا ثواب بلند کیا جاتا ہے جو اللہ کے رستہ میں صابر ہو کر طالب
ثواب ہو کر قتل کیے گئے اور انمیں سے ایک حور عین پر ایک اتنی فضیلت رکھتی ہے جیسے
محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی فضیلت تم میں سے ادنے شخص پر ہے اور میری امت میں سے بہتر
عورتوں میں کی وہ ہے جو اپنے خاوند پر ہر ایک چیز میں جسکی وہ خواہش کرے آسانی کرتی ہے
آوے بشرطیکہ اللہ عز وجل کی نافرمانی نہ ہو اور میری امت سے بہتر مرد وہ ہے جو اپنی
بیوی سے ایسی مہربانی کرے جیسے ماں اپنے بیٹے پر مہربانی کرتی ہے انمیں سے ہر ایک مرد کے
لیے ہر دن اور رات میں ایسے سو شہید کا ثواب ہے جو قتل کیے گئے پس حضرت عمر بن
خطاب نے عرض کیا یا رسول اللہ عورت کے لیے ہزار شہید کا اور مرد کے لیے سو شہید کا
ثواب کسطرح ہوگا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تو نہیں جانتا کہ عورت اجر میں
بڑہکر ہے اور ثواب میں افضل ہے کیونکہ اللہ عز وجل مرد کے لیے اُسکی بیوی کے راضی ہونے
اور اپنے خاوند کے لیے اُسکے دعا کرنے کے سبب جنت میں اسکے درجوں سے بڑہکر درجے بلند
کریگا کیا تو نے معلوم نہیں کیا کہ اللہ تعالی کے ساتھ شرک کرنے کے سوا باقی گناہوں میں
بڑا گناہ عورت کا ہے جب اپنے خاوند کی نافرمانی کرے خبردار دو ضعیفوں کے بارے میں اللہ سے
ڈرو کیونکہ اللہ تعالی ان دونوں کی بابت تم سے پرسش کرنے والا ہے

اليتيم والمرأة فمن أحسن إليهما فقد بلغ إلى الله عز وجل
ورضوانه ومن أساء إليهما فقد استوجب من الله سخطه
وحق الزوج كحقي عليكم فمن ضيع حقي فقد ضيع حق الله
ومن ضيع حق الله فقد باء بسخط من الله ومأواه جهنم
وبئس المصير وعن أبي جعفر محمد بن علي عن جابر بن
عبد الله قال بينما نحن عند رسول الله صلى الله عليه وسلم
وهو في نفر من أصحابه إذ أقبلت امرأة حتى قامت على رأسه ثم
قالت السلام عليك يا رسول الله أنا وافدة النساء إليك
ليست امرأة يبلغها مسيري إليك إلا أعجبها ذلك يا رسول
الله إن الله تعالى رب الرجال ورب النساء وآدم أبو الرجال
وأبو النساء وحواء أم الرجال وأم النساء فالرجال إذا خرجوا
في سبيل الله عز وجل فقتلوا فأحياء عند ربهم يرزقون
وإذا جرحوا فلهم من الأجر مثل ما علمت ونحن نحبس عليهم
ونخدمهم فهل لنا من الأجر شيء قال صلى الله عليه وسلم
نعم أقرئي عني النساء السلام وقولي لهن إن طاعة
الزوج واعترافا بحقه تعدل ما هنالك وقليل منكن
يفعله وعن ثابت عن أنس قال جئن بعض النساء إلى
رسول الله صلى الله عليه وسلم فقلن يا رسول الله ذهب
الرجال بالفضل وبالجهاد في سبيل الله تعالى فما لنا من
عمل ندرك به عمل المجاهدين في سبيل الله قال
رسول الله صلى الله عليه وسلم مهنة إحداكن في بيتها
تدرك عمل المجاهدين في سبيل الله عز وجل وعن عمران
بن حصين قال سئل رسول الله صلى الله عليه وسلم هل على
النساء جهاد فقال صلى الله عليه وسلم نعم جهادهن
الغيرة يجاهدن أنفسهن فإن صبرن فهن مجاهدات
فإن رضين فهن مرابطات ولهن أجران اثنان فينبغي
للزوجين أن يعتقدا هذا الثواب المذكور في هذا الحديث
وما قبلها عند العقد في الجماع جميعا وأداء الحق الواجب على
كل واحد منهما للآخر بقوله عز وجل ولهن مثل الذي

دونوں سے اور یتیم اور عورت سے جو شخص انکے ساتھ نیکی کرے تو بیشک اللہ تعالی کی طرف
اور اسکی رضامندی کی طرف آپہنچے پر اُسکے غصے کو واجب کر لیا اور خاوند کا
حق ایسا ہی جیسا میرا حق تمپر ہے جس نے میرے حق کو ضائع کیا پس تحقیق اُس نے
اللہ تعالی کے حق کو ضائع کیا تو بیشک وہ لوٹا اللہ تعالے کے غصہ سے اور اسکی جگہ
دوزخ ہے اور بری جگہ ہے لوٹنے کی اور ابو جعفر محمد بن علی ؓ سے روایت ہے اُس نے جابر
بن عبد اللہ سے روایت کی اُنہوں نے کہا اُس وقت کا ذکر ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم کے پاس تھے اور حضرت ؐ اپنے اصحاب ؓ کی ایک جماعت میں تھے ناگاہ ایک عورت آ گئی
اور آکر آپکے سر پاس کھڑی ہوگئی پھر بولی یا رسول اللہ تمپر سلام ہو میں عورتوں کی
طرف سے آپکے پاس پیغام لانے والی ہوں جس عورت کو آپکے پاس میرے آنے کی خبر
پہونچے گی اُسے میرا آپکے پاس آنا خوش کریگا یا رسول اللہ تحقیق اللہ تعالی مردوں اور عورتوں
کا رب ہے اور حضرت آدم علیہ السلام مردوں اور عورتوں کا باپ ہے اور حوا ماں مردوں اور عورتوں
کی ماں ہی پس مرد جب اللہ تعالی کے رستے میں جنگ کرنیکے لیے نکلیں اور قتل کیے جاویں پس
وہ اپنے رب کے پاس زندہ ہیں رزق دیے جاتے ہیں اور جب وہ زخمی کیے جاویں تو انکے لیے
ثواب ہے جتنا آپ جانتے ہیں اور ہم انکی رضامندی کے لیے بیٹھی رہتی ہیں اور انکی خدمت
کرتی ہیں پہلا ہمارے لیے بھی کچھ ثواب کا حصہ ہے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں
ہی تو نے میری طرف سے عورتوں کو سلام دینا اور اُنسے کہنا کہ خاوند کی فرمانبرداری
اور اُسکے حق کو ماننا اُس ثواب کے برابر ہے جو اُس جگہ میں ہے اور تم میں سے کم ہیں جو یہ کام
کرتی ہیں اور ثابت ؓ سے روایت ہے اُسنے انس ؓ سے روایت کی اُنہوں نے کہا جب بھیجا کئی
عورتوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف بھیجا تو میں نے عرض کیا یا رسول اللہ مرد بزرگی
میں اور اللہ تعالی کے رستے میں جہاد کرنے سے بڑھ گئے پس ہمارے لیے کونسا عمل ہے جسکے سبب
اللہ تعالے کے رستہ میں جہاد کرنیوالوں کے عمل کو پہونچ جاویں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا ان میں سے ہر ایک کی اپنے گھر میں (اپنے خاوند کی) خدمت کرنی اللہ عز وجل کے
رستے میں جہاد کرنیوالوں کے عمل کو پہونچ جاتی ہے اور عمران بن حصین سے روایت ہے کہ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں انکا جہاد غیرت کرنی ہے وہ اپنی جانوں سے جہاد کرتی ہیں
پس اگر وہ صبر کریں تو وہ جہاد کرنیوالی ہیں اور اگر وہ راضی ہوں تو وہ جہاد کی تیاری
کرنیوالی ہیں اور انکے لیے دو ثواب ہیں پس میاں اور بیوی کے لیے اس ثواب کا جو اس حدیث
میں ذکر کیا گیا ہے اور جو پہلے گذر چکا ہے نکاح اور جماع کے وقت سب کا اعتقاد کرنا
واجب ہے اور ہر ایک کا حق جو دوسرے پر اللہ تعالے کے فرمانے سے واجب ہے اسکے
بجا لانے کا بھی اعتقاد کرنا واجب ہے اللہ تعالی کا قول ہے اور عورتوں کے لیے بھی۔

عليهن ليكونا مطيعين لله عز وجل ممتثلين امره جل
ثناؤه وتعتقد المرأة ان ذلك خير لها من الجهاد و
الغزو لما روي عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قال
ليس شيء خير للمرأة من زوج او قبر وقال صلى الله عليه
وسلم مسكين مسكين مسكين رجل ليست له امرأة قيل
يا رسول الله وان كان غنيا من المال قال وان كان
غنيا من المال وقال ايضا مسكينة مسكينة مسكينة
امرأة ليس لها زوج قيل يا رسول الله وان كانت غنية
من المال قال صلى الله عليه وسلم وان كانت غنية من المال
ويستحب ان يكون العقد يوم الجمعة او الخميس والمساء
اولى من التبكير ويسن ان يكون الخطبة قبل التواجب
فان اخرت جاز وهو مخير بين ان يعقد النكاح بنفسه
او يوكل فيه غيره فاذا انعقد العقد يستحب للحاضرين
ان يقولوا بارك الله لك وبارك عليك وجمع بينكما في
خير وعافية ثم ان طلبت المرأة واهلها الامهال
استحب له اجابتهم الى ذلك قدر ما يعلم انه يتم لامورها
فيه وقضاء حوائجها من شيء اليها الجهاز والتزيين فاذا زفت
اليه اتبع ما روي عن عبد الله بن مسعود وذلك انه جاء
رجل فقال اني تزوجت بجارية بكر وقد خشيت ان
تكرهني او تفركني فقال له ان الالف من الله والفرك
من الشيطان فاذا دخلت اليك فمرها لتصلي خلفك ركعتين
وقل اللهم بارك لي في اهلي وبارك لاهلي في اللهم
ارزقني منهم وارزقهم مني اللهم اجمع بيننا اذا
جمعت في خير وفرق بيننا اذا فرقت الى الخير فاذا
اراد الجماع فليقل بسم الله العلي العظيم اللهم اجعل
ذرية طيبة ان قدرت ان تخرج من صلبي اللهم
اجنبني الشيطان وجنب الشيطان ما رزقتني واذا قضى
حاجته فليقل بسم الله الحمد لله الذي خلق من الماء
بشرا فجعل نسبا وصهرا وكان ربك قديرا يقول

حق ہے جیسا کہ مردونکے لیے عورتون پر حق ہے تاکہ دونون اللہ عزوجل کے فرمانبردار اور اسکے
حکم بجالانے والے ہو جاوین اور عورت اس امر کا اعتقاد کرے کہ یہی اسکے لیے جہاد اور
غزو سے بہتر ہے کیونکہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے آپ نے فرمایا عورت کے لیے خاوند
یا قبر سے بہتر کوئی چیز نہین اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مسکین ہے مسکین ہے
مسکین ہے وہ مرد جسکے لیے عورت نہین ہے عرض کیا گیا یا رسول اللہ اگرچہ مال سے غنی
ہو آپ نے فرمایا اگرچہ مال سے غنی ہو اور یہ بھی آپ نے فرمایا مسکینہ ہے مسکینہ ہے
مسکینہ ہے وہ عورت جسکا خاوند نہین ہے عرض کیا گیا یا رسول اللہ اگرچہ مال
سے غنی ہو حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگرچہ مال سے غنی ہو اور نکاح کا جمعہ
یا جمعرات کے روز ہونا مستحب ہے اور صبح سے شام بہتر ہے اور خطبہ ایجاب و
قبول سے پہلے ہونا سنت ہے اگر پیچھے پڑھا جاوے تو بھی درست ہے اور اُسے خود عقد
نکاح کرنے مین یا دوسرے کو اُسمین وکیل کرنے مین اختیار ہے پس جب نکاح ہو جاوے
تو حاضرین مجلس کو یہ کہنا مستحب ہے اللہ تعالے تیرے لیے اور تجھپر برکت کرے
اور تم دونون مین بھلائی اور آرام سے جمعیت کرے پھر اگر عورت اور اُسکے گھر
والے کچھ مہلت چاہین تو اُسے اس امر کو قبول کرنا اتنی مدت تک اُس کے
لیے مستحب ہے جتنی مدت مین وہ عورت کے سامانون کے تیار کرنے کو اور اسکی
حاجتون کے پورا کرنے کو جانتا ہے مثلاً اسکے لیے جہیز خریدنا اور اُسے آراستہ کرنا
پھر جب وہ اُسکی طرف بھیجی جاوے تو اُس روایت کی پیروی کرے جو عبد اللہ بن مسعود
سے مروی ہے اور وہ یہ ہے کہ ایک مرد آیا اور کہنے لگا مینے ایک بکر لڑکی سے نکاح کیا
ہے اور مین ڈرتا ہون کہ وہ مجھے برا سمجھے یا مجھے دشمن جانے پس عبد اللہ نے کہا الفت
بیشک اللہ کی طرف سے ہے اور دشمنی شیطان کی طرف سے اور جب وہ تیری طرف آوے
تو اُسے حکم دے کہ تیرے پیچھے دو رکعت نماز پڑھے اور تو کہہ یا اللہ میرے لیے میرے اہل مین
برکت کر اور میرے اہل کے لیے مجھ مین برکت کر یا اللہ مجھکو اُنسے اور انکو مجھ سے
روزی دے یا اللہ جب تو جمع کرے تو ہمارے درمیان بھلائی مین جمع کر اور جب تو
جدائی کرے تو ہمارے درمیان بھلائی کیطرف جدائی کر اور جب جماع کا ارادہ کرے
تو یہ کہے اللہ بلند اور بزرگ کے نام سے شروع کرتا ہون یا اللہ اگر تو نے اس امر کو
مقدر کیا ہے کہ تو میری پیٹھ سے اولاد پیدا کرے تو اولاد پاک پیدا کر یا اللہ شیطان
کو مجھ سے دور کر اور اُسے چیز سے دور کر جو تو نے مجھکو دی ہے اور جب اپنی حاجت پوری کر چکے
تو کہے اللہ کے نام سے سب تعریف اللہ کو ہے جس نے آدمی کو پانی سے پیدا کیا اور اسنے ناتا
اور سسرال بنا دیا تیرا پروردگار (ہر ایک امر پر) قادر ہے - یہ کلمات

ذٰلِكَ فِي نَفْسِهٖ وَلَا يُحَرِّكُ بِهٖ شَفَتَيْهِ وَالْاَصْلُ فِي ذٰلِكَ مَارَوٰى
كُرَيْبٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
لَوْاَنَّ اَحَدَكُمْ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَّاْتِيَ اَهْلَهٗ قَالَ بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ
جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَارَزَقْتَنَا ثُمَّ اِنْ قُدِّرَ
اَنْ يَّكُوْنَ بَيْنَهُمَا وَلَدٌ فِي ذٰلِكَ لَمْ يَضُرَّهٗ شَيْطَانٌ اَبَدًا وَ
اِذَا ظَهَرَتْ اَمَارَةُ حَبَلِ الْمَرْاَةِ فَلْيُصَفِّ غِذَاءَهَا مِنَ
الْحَرَامِ وَالشُّبُهَاتِ لِيَتَخَلَّقَ الْوَلَدُ عَلٰى اَسَاسٍ لَا يَكُوْنُ لِلشَّيْطَانِ
عَلَيْهِ سَبِيْلٌ وَالْاَوْلٰى اَنْ يَّكُوْنَ مِنْ حِيْنِ الزِّفَافِ وَ
يَدُوْمُ عَلٰى ذٰلِكَ لِيَتَخَلَّصَ هُوَ وَاَهْلُهٗ وَوَلَدُهٗ مِنَ الشَّيْطَانِ
فِي الدُّنْيَا وَمِنَ النَّارِ فِي الْعُقْبٰى قَالَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ يٰاَيُّهَا
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا فَمَعَ ذٰلِكَ يَخْرُجُ
الْوَلَدُ صَالِحًا بَارًّا بِوَالِدَيْهِ طَائِعًا لِرَبِّهٖ عَزَّوَجَلَّ كُلُّ ذٰلِكَ
بِبَرَكَةِ تَصْفِيَةِ الْغِذَاءِ فَاِذَا فَرَغَ مِنَ الْجِمَاعِ تَنَحّٰى عَنْهَا وَغَسَلَ
مَابِهٖ مِنَ الْاَذٰى وَتَوَضَّاَ اِنْ اَرَادَ الْعَوْدَ اِلَيْهَا وَاِلَّا اغْتَسَلَ
وَلَا يَنَامُ جُنُبًا فَاِنَّهٗ مَكْرُوْهٌ وَكَذٰلِكَ رُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا اَنْ يَّشُقَّ ذٰلِكَ عَلَيْهِ لِبَرْدٍ اَوْ بُعْدِ
حَمَّامٍ وَمَاءٍ اَوْ خَوْفٍ وَنَحْوِ ذٰلِكَ فَيَتَيَمَّمُ اِلٰى حِيْنِ زَوَالِ
ذٰلِكَ وَلَا يَسْتَقْبِلُ الْقِبْلَةَ عِنْدَ الْمُجَامَعَةِ وَيُغَطِّيْ رَاْسَهٗ
وَيَسْتَتِرُ عَنِ الْعُيُوْنِ وَاِنْ كَانَ عَنْ صَبِيٍّ طِفْلٍ لِاَنَّهٗ رُوِيَ
عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ اِذَا اَتٰى اَحَدُكُمْ
اَهْلَهٗ فَلْيَسْتَتِرْ فَاِنَّهٗ اِذَا لَمْ يَسْتَتِرِ اسْتَحْيَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ وَ
خَرَجَتْ وَيَحْضُرُهُ الشَّيْطَانُ وَاِذَا كَانَ بَيْنَهُمَا وَلَدٌ كَانَ
الشَّيْطَانُ فِيْهِ شَرِيْكًا وَكَذٰلِكَ يُرْوٰى عَنِ السَّلَفِ اَنَّهٗ اِذَا
لَمْ يُسَمِّ عِنْدَ الْجِمَاعِ الْتَفَّ الشَّيْطَانُ عَلٰى اِحْلِيْلِهٖ يَطَاُ
كَمَا يَطَاُ وَيُسْتَحَبُّ لَهُ الْمُلَاعَبَةُ لَهَا قَبْلَ الْجِمَاعِ وَالْاِنْتِظَارُ
لَهَا بَعْدَ قَضَاءِ حَاجَتِهٖ حَتّٰى تَقْضِيَ حَاجَتَهَا فَاِنَّ تَرْكَ
ذٰلِكَ مَضَرَّةٌ عَلَيْهَا وَرُبَّمَا اَفْضٰى اِلَى الْبَغْضَاءِ وَالْمُفَارَقَةِ
وَاِنْ اَرَادَ الْعَزْلَ عَنْهَا فَلَا يَفْعَلُ اِلَّا بِاِذْنِهَا اِنْ كَانَتْ
حُرَّةً وَبِاِذْنِ سَيِّدِهَا اِنْ كَانَتْ اَمَةً وَاِنْ كَانَتْ اَمَتَهٗ

اپنے دل مین کہے اور اُسکے کہنے مین اپنے دونون ہونٹ نہ ہلاوے اور دلیل اسمین وہ ہے
جو کریب نے ابن عباس رضہ سے روایت کیا انہون نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا جب کوئی تم مین سے اپنی بیوی سے جماع کرنیکا ارادہ کرے تو کہے شروع کرتا ہون
اللہ کے نام سے یا اللہ ہم سے شیطان کو دور رکھیو اور جو کچھ تو نے ہمکو دیا ہے اُس سے بھی
شیطان کو دور رکھیو پھر اگر اُس جماع مین اُنکے درمیان بچہ کا ہونا مقدر ہو تو اُسے
شیطان کبھی ضرر نہ دیگا اور جب عورت کے حمل کی نشانی ظاہر ہو تو چاہیئے کہ اُسکی
غذا حرام اور شبہ والی چیز سے صاف رکھے تاکہ بچہ ایسی بنیاد پر پیدا ہو جس مین
شیطان کے لیے کوئی رستہ نہ نکلے اور بہتر یہ ہے کہ بیاہ کے وقت (یعنے پہلی روز) سے ہی
اُسکا کھانا وغیرہ عمدہ رکھے اور ہمیشہ ایسا ہی کرے تاکہ وہ خود اور اُسکی بیوی اور اُسکا
بچہ دنیا مین شیطان سے اور عاقبت مین دوزخ سے بچ جاوین اللہ عزوجل نے
فرمایا اے ایمان والو اپنی جانون کو اور اپنے گھر والون کو دوزخ سے بچاؤ اور باوجود
اسکے بچہ نیک اپنے مان باپ سے نیکی کرنیوالا اپنے رب عزوجل کی فرمانبرداری کرنے
والا پیدا ہوتا ہے یہ سب کچھ غذا کے پاک کرنیکی برکت سے ہے پھر جب جماع سے فارغ
ہو تو عورت سے علیحدہ ہووے اور جو پلیدی اُسکے بدن پر ہو اُسے دہووے اور اگر اُسکے
پاس دوبارہ جانیکا ارادہ کرے تو وضو کر لے ورنہ غسل کرے اور جنابت کی حالت مین نہ
سووے کیونکہ یہ مکروہ ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی اسی طرح مروی ہے البتہ اگر غسل کرنا
سردی کے سبب یا حمام اور پانی کے دور ہونیکے سبب یا کسی خوف سے یا کسی اور وجہ سے اُسپر
دشوار ہو تو اس مانع کے دور ہونیتک تیمم کرے اور جماع کے وقت قبلہ کی طرف منہ نہ کرے
اور اپنا سر ڈھانپے اور آنکھون سے چھپے اگرچہ چھوٹا بچہ ہی ہو کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے
مروی ہے آپنے فرمایا جب تم مین سے کوئی اپنی بیوی سے جماع کرے تو چاہیئے کہ پردہ کرے کیونکہ
جب وہ پردہ نہین کرتا تو فرشتے حیا کرتے ہین اور نکل جاتے ہین اور شیطان حاضر
ہو جاتا ہے اور جب اُن دونون کے درمیان بچہ ہو تو شیطان اسمین شریک ہوتا ہے اور اسی
طرح سلف سے مروی ہے یعنے جب وہ جماع کے وقت بسم اللہ نہ کہے تو شیطان اُسکے
ذکر پر لپیٹ جاتا ہے اور وطی کرتا ہے جیسے وہ خود وطی کرتا ہے اور جماع سے
پہلے اُسے اپنی عورت سے کھیلنا مستحب ہے اور اپنی حاجت کے پورا کرنے کے بعد اُسکے
لیے انتظار کرنا بھی مستحب ہے تاکہ وہ بھی اپنی حاجت کو پورا کرلے کیونکہ اُسکا ترک
کردینا عورت کو رنج دیتا ہے اکثر اوقات یہ کام دشمنی اور جدائی کی حد تک پہونچا دیتا
ہے اور اگر عورت کے فرج سے باہر انزال کرنیکا ارادہ کرے تو اگر وہ عورت آزاد ہے تو بغیر اُسکی
اجازت کے نکرے اور اگر لونڈی ہو تو اُسکے مالک کی اجازت سے کرے اور اگر اُسکی اپنی لونڈی ہے

جاز بغير إذنها لأن الحق له دونها وقد جاء رجل إلى رسول
الله صلى الله عليه وسلم فقال إن لي جارية هي خادمتنا
أطوف عليها وأنا أكره أن تحمل قال صلى الله عليه وسلم
اعزل عنها إن شئت فإنه سيأتيها ما قدر لها ويجتنب
وطيها في حال الحيض والنفاس وكذلك بعد انقطاع
الدم حتى تغتسل من الحيض قولا واحدا وفي النفاس
قبل الأربعين استحبابا فإن لم تجد الماء وجب التيمم
فإن خالف فوطئ فيه تصدق بدينار أو نصف دينار
على إحدى الروايتين وفي الأخرى يستغفر الله تعالى ويتوب
أن يرجع إلى مثله ولا يكفر ويجتنب وطيها في الموضع
المكروه قال النبي صلى الله عليه وسلم ملعون من
أتى امرأة في دبرها فإن لم تتشوق نفسه إلى الجماع لا يجوز
له تركه لأن لها حقا في ذلك وعليها مضرة في تركه لأن
شهوتها أعظم من شهوته وقد روى أبو هريرة أن النبي
صلى الله عليه وسلم قال فضلت شهوة النساء على الرجال
بتسعة وتسعين إلا أن الله تعالى ألقى عليهن الحياء
وقيل الشهوة عشرة أجزاء تسعة منها للنساء وواحدة
للرجال والقدر الذي لا يجوز أن يؤخر الوطي عنه أربعة
أشهر إلا أن يكون له عذر فإن جاوز الأربعة الأشهر
كان لها فراقه وإن سافر عنها مدة أكثر من ستة أشهر
فطلبت منه القدوم فأبى أن يقدم مع القدرة كان
للحاكم أن يفرق بينهما إذا طلبت الزوجة ذلك وهذا
هو التوقيت الذي وقته عمر بن الخطاب للناس في مغازيهم
يسيرون شهرا ويقيمون أربعة أشهر ويسيرون راجعين
إلى أهليهم شهرا وإذا رأى امرأة غيره فأعجبته جامع امرأته
ليسكن ما به من التوقان لما روي عن النبي صلى الله عليه
وسلم أنه قال إذا رأى أحدكم امرأة تعجبه فليأت
أهله فإن الشيطان يقبل في صورة امرأة ويدبر في
صورة امرأة فمن لم تكن له امرأة يلجئ إلى الله عز

تو سوا اُسکے اذن کے بھی جائز ہے کیونکہ حق مرد کا ہی اسکا نہیں اور تحقیق ایک مرد
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف آیا اور عرض کی کہ میری ایک لونڈی ہے وہ ہماری
خدمتگاری میں اُس سے جماع کرتا ہون اور میں اسکو حاملہ ہونیکو مکروہ سمجھتا ہون
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تو چاہے تو اُسکے فرج سے باہر انزال کر کیونکہ جو کچھ
اسکے لیے مقدر کیا گیا ہے وہ اُس سے پیدا ہو ہی جاویگا اور حالت حیض و نفاس میں اُسکی
ساتھ وطی کرنیسے پرہیز کرے اور اسیطرح خون کے بند ہونے کے بعد بھی پرہیز کرے یہانتک کہ وہ
حیض سے نہالے اجماعًا اور نفاس میں چالیس روز سے پہلے استحبابًا پرہیز کرے پس اگر
پانی نہ پاوے تو تیمم واجب ہے اور اگر اسکی مخالفت کرے اور حالت حیض و نفاس میں وطی کرے
تو ایک دینار صدقہ کرے یا نصف دینار یہ حکم دو روایتوں میں سے ایک روایت میں ہے اور دوسری
میں ہے کہ اللہ تعالی سے بخشش مانگے اور ایسے کام کو دوبارہ کرنیسے توبہ کرے اور کفارہ نہ دیوے اور مکروہ
جگہ میں وطی کرنیسے پرہیز کرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اپنی عورت سے اسکے دبر میں
جماع کرے وہ ملعون ہے پس اگر اُسکے نفس کو جماع کرنے کا شوق نہ ہو تو جماع کا چھوڑ دینا اسکی
لیے درست نہیں کیونکہ عورت کے لیے اسمین حق ہے اور اُسکے چھوڑ دینے میں اُسپر ضرر ہے
کیونکہ عورت کی شہوت مرد کی شہوت سے بڑی ہے اور ابوہریرہ رض نے روایت کی نبی صلی اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا عورتون کی شہوت مردون سے ننانوے حصے زیادہ کی گئی ہے مگر اللہ تعالی
اُنپر حیا ڈالدیا ہے اور بعض نے کہا ہے کہ شہوت کی دس جزین ہیں انمین سے نو عورتون
کے لیے ہیں اور ایک مردون کے لیے ہے اور اُس مدت کی مقدار جس سے وطی کی تاخیر
کرنی جائز نہیں چار ماہ ہے البتہ اگر مرد کے لیے کوئی عذر ہو تو زیادہ بھی درست ہے)
پس اگر چار ماہ گذر جاوین تو عورت کے لیے مرد سے جدائی ہوگی اور اگر مرد عورت سے
چھ ماہ سے زیادہ مدت تک سفر کرے اور عورت نے چاہا کہ چلا آوے اور اس نے باوجود
قدرت کے آنے سے انکار کیا تو جب عورت آپس میں جدائی کرنا چاہے حاکم کے لیے
جائز ہے کہ ان دونون میں جدائی کردے اور یہ وہ مدت مقرر ہے جسکو عمر بن خطاب رض
نے لوگون کے لیے انکے جہاد کرنیمین مقرر کیا کہ ایک ماہ چلیں اور چار ماہ مقر
مین رہین اور اپنے گھرون کی طرف لوٹتے ہوئے ایک ماہ سیر کرین اور جب کوئی کسی
کی عورت کو دیکھے اور وہ اسے اچھی لگے تو اپنی عورت سے جماع کرلے تاکہ جو خواہش
اُسے ہے وہ بیٹھ جاوے اسلیے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے آپنے فرمایا جب تم میں سے
کوئی کسی ایسی عورت کو دیکھے جو اُسے خوش لگے تو چاہیے کہ اپنی عورت سے جماع کرے
کیونکہ شیطان عورت کی صورت بنکر سامنے آتا ہے اور عورت کی شکل میں
پیٹھ پھیر جاتا ہے پس جسکی عورت نہ ہو تو وہ اللہ عزوجل کی پناہ لے۔

وجل ويسأله السلامة من المعاصي ويستعيذ به
من الشيطان الرجيم ولا يجوز له ان يحدث غيره
بما جرى بينه وبين اهله من امر الجماع ولا للمرأة ان
تحدث بذلك للنساء لان ذلك سخف ودناءة و
قبيح في الشرع والعقل لما روى ابو هريرة في حديث
فيه طول عن النبي صلى الله عليه وسلم الى ان قال ثم
اقبل على الرجال فقال هل منكم الرجل اذا اتى اهله
فاغلق عليه بابه والقى عليه ستره واستتر بستر الله
قالوا نعم قال ثم يجلس بعد ذلك فيقول فعلت كذا فعلت كذا
قال فسكتوا قال فاقبل على النساء فقال هل منكن من
تحدث فسكتن فجثت فتاة على احدى ركبتيها و
تطاولت لرسول الله صلى الله عليه وسلم ليراها ويسمع
كلامها فقالت يا رسول الله انهم يتحدثون وانهن ليتحدثنه
فقال هل تدرون ما مثل ذلك انما مثل ذلك مثل
شيطانة لقيت شيطانا في السكة فقضى منها حاجته
والناس ينظرون اليه الا ان طيب الرجال ما ظهر ريحه
ولم يظهر لونه الا ان طيب النساء ما ظهر لونه ولم يظهر
ريحه **فصل** واذا دعا امرأته للجماع فابت عليه كانت
لله تعالى عاصية وعليها وزر قال النبي صلى الله عليه وسلم في حديث
ابي هريرة ايما امرأة منعت زوجها حاجته كانت عليها قيراطان
من الاثم وايما رجل منع زوجته حاجتها كان عليه من الاثم
قيراط يعني الاثم وفي بعض الاحاديث قال صلى الله عليه
وسلم اذا دعا احدكم امرأته الى فراشه فلتأته وان كانت
على التنور وروى ابو هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم
انه قال اذا دعا احدكم امرأته الى فراشه فابت عليه فبات
غضبان عليها لعنتها الملائكة حتى تصبح وعن قيس بن
سعد رضي الله عنه قال اتيت الحيرة فرأيتهم
يسجدون لمرزبان لهم فاتيت النبي صلى الله عليه و
سلم فقلت يا رسول الله انت احق ان يسجد لك فقال

اور اُس سے گناہوں سے سلامتی مانگے اور اسی کی شیطان مردود سے پناہ لے اور اُسے
دوسرے کے روبرو وہ باتیں کرنی درست نہیں جو اُسکے اور اسکی بیوی کے درمیان جماع کے
حال سے ہوتی ہوں اور عورت کے لیے بھی دوسری عورتوں کے روبرو یہ باتیں کرنی جائز
نہیں کیونکہ بلحاظ شرع اور عقل کے یہ ایک قسم کی بیوقوفی اور کمینہ پن ہے اسلیئے
کہ ابو ہریرہؓ نے ایک لمبی حدیث میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا یہانتک
کہ ابو ہریرہؓ نے کہا پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مردوں کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا کیا
تم میں سے کوئی ایسا آدمی بھی ہے کہ جب وہ اپنی بیوی سے جماع کرتا ہے تو اپنے پردے کے
لیے دروازے کو بند کر لیتا ہے اور اپنے اوپر اپنا پردہ ڈال دیتا ہے اور اللہ کے پردے سے پردہ
کرتا ہے صحابہ نے عرض کیا ہاں ہے پھر آپ نے فرمایا پھر بعد اسکے بیٹھتا ہے اور کہتا ہے
میں نے ایسا کیا میں نے ایسا کیا ابو ہریرہؓ نے کہا پس سب خاموش ہو گئے ابو ہریرہ رضی نے
کہا پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عورتوں کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا کیا تم میں سے
کوئی ایسی عورت بھی ہے جو یہ بات کرتی ہے پس وہ چپ ہو گئیں اور ایک جوان عورت
اپنے گھٹنے کے بل کھڑی ہو گئی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے سیدھی کھڑی ہوئی
تا کہ رسول اللہ اُسے دیکھیں اور اسکی کلام سنیں پس عرض کرنے لگی یا رسول اللہ یہ مرد باتیں
کرتے ہیں اور یہ عورتیں بھی باتیں کرتی ہیں آپ نے فرمایا کیا تم جانتی ہو کہ اسکی کیا مثال ہے اسکی
مثال ایسی ہے جیسے ایک شیطانی کوچہ میں شیطان کو ملا اور وہ اُس سے اپنی حاجت کو پورا کرے
حالانکہ لوگ اُسے دیکھتے ہوں خبردار مردوں کی خوشبو وہ ہے جسکی بو ظاہر ہو اور اسکا رنگ ظاہر
نہ ہو خبردار عورتوں کی خوشبو وہ ہے جسکا رنگ ظاہر ہو اور اسکی بو ظاہر نہ ہو **فصل** اور جب
عورت کو جماع کے لیے بلاوے اور وہ اُسکے پاس آنے سے انکار کرے تو وہ اللہ تعالیٰ کی نافرمان ہوگی
اور اُسے گناہ ہوگا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ابو ہریرہؓ کی حدیث میں فرمایا جو عورت اپنے خاوند کو اُسکی
حاجت پورا کرنے سے روکے تو اُسپر دو قیراط گناہ ہوگا اور جو مرد اپنی عورت کو اُسکی حاجت پورا کرنے سے
روکے تو اُسپر ایک قیراط گناہ ہوگا امر کا معنے گناہ ہے اور بعض حدیثوں میں ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی اپنی عورت کو اپنے بستر کی طرف بلاوے تو چاہیے کہ وہ آ جاوے
اگرچہ وہ تنور پر ہو اور ابو ہریرہؓ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی آپ نے فرمایا جب تم میں
سے کوئی اپنی عورت کو اپنے بستر کی طرف بلاوے اور وہ اُسکے پاس نہ آوے پس مرد نے اُسپر
غصہ میں رات کاٹی تو صبح تک فرشتے اُس عورت پر لعنت کرتے رہتے ہیں اور قیس بن
سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں شہر حیرہ میں آیا پس میں نے انکو دیکھا کہ
اپنے بادشاہ مرزبان کو سجدہ کرتے ہیں پس میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا
میں نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ اس امر کے زیادہ لائق ہیں کہ آپ کو سجدہ کیا جاوے تو

صلى الله عليه وسلم ارأيت لو مررت بقبري أكنت تسجد له
قال قلت لا قال صلى الله عليه وسلم فلا تفعلوا ذلك لو
قال صلى الله عليه وسلم لو كنت آمر احدا ان يسجد لاحد
لامرت النساء ان يسجدن لازواجهن لما جعل الله
عز وجل لهم عليهن من الحقوق والمرزبان هو ملك العجم و
عن حكيم بن معاوية القشيري عن ابيه قال قلت يا رسول الله صلى الله عليه وسلم
ما حق زوجة احدنا عليه قال صلى الله عليه وسلم ان تطعمها اذا طعمت و
تكسوها اذا اكتسيت ولا تضرب الوجه ولا تقبح الوجه ولا
تهجر الا في البيت فان اصرت المرأة على النشوز وهو
الامتناع عن الاجابة بهذا الشأن او تجيب متكرهة
متبرمة فليبدأ الزوج بوعظها وتخويفها بالله عز وجل
فان قامت على ذلك هجرها في المضجع والكلام فيما دون
ثلثة ايام فان ارتدعت والا كان له ضربها ضربا لا يكون
مبرحا كالدرة او مخراق لان المقصود ارتداعها وطاعتها
له لا اهلاكها فان لم ينصلح الحال بينهما بعث الحاكم
حكمين حرين مسلمين عدلين من اهلهما ويوكلانهما
الزوجان فينظران بينهما ما فيه من المصلحة من اصلاح
او فراق بمال وغيره فما يفعلان يلزمهما حكمه

فصل ويستحب وليمة العرس والسنة ان لا
ينقص فيها عن شاة وباي شيء اولم من الطعام جاز و
تجب اجابته اذا كان مسلما في اليوم الاول ويستحب في
اليوم الثاني ويباح في اليوم الثالث بل هو دناءة والاصل
في ذلك ما روي عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قال
لعبد الرحمن اولم ولو بشاة وقال صلى الله عليه وسلم الوليمة
في اول يوم حق والثاني معروف وبعد ذلك دناءة و
قال صلى الله عليه وسلم في حديث ابن عمر رضي الله عنهما
اذا دعي احدكم الى وليمة عرس فليجب فان كان مفطرا
اكل وان كان صائما تركه وانصرف وهل يكره النثار
والتقاطه ام لا على روايتين على احدهما يكره لما فيه

حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بھلا یہ بتلا کہ اگر تو میری قبر پر گذرے تو کیا تو اُسے
سجدہ کریگا میں نے عرض کیا نہیں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر میں کسی کو کسی کے
لیے سجدہ کرنیکا حکم دیتا تو البتہ میں عورتوں کو اپنے خاوندوں کے سجدہ کرنیکا حکم دیتا
بباعث ان حقوق کے جو اللہ عزوجل نے مردوں کے لیے عورتوں پر مقرر کیے اور مرزبان
انکا بادشاہ تہا اور حکیم بن معاویہ قشیری سے روایت ہے اُسنے اپنے باپ سے روایت کی
اُسنے کہا میں نے پوچھا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم میں سے ہر ایک کی بیوی کا مرد پر
کیا حق ہے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ ہے کہ جب تو کہاوے اُسے بہی کہلاوے اور جب تو
پہنے تو اُسے بہی پہناوے اور مُنہ پر نہ مار اور مُنہ کو برا نہ کہہ اور جدائی نہ کر مگر گہر میں
پس اگر عورت نشوز پر ہمیشگی کرے (اور نشوز کا معنے اُس کام کو قبول کرنے سے بند رہنا
ہے یا اسکی بات ناخوشی سے لڑتے ہوے ماننا ہے) تو چاہیے کہ خاوند اُسے نصیحت کرنا اور اللہ
عزوجل سے ڈرانا شروع کرے پس اگر اُسنے نافرمانی پر قائم رہے تو اس سے تین روز سے کم
بچہونے اور کلام میں جدائی کرے اگر وہ باز آجاوے تو بہتر ورنہ اُسکو مارنا درست ہے لیکن
ایسی چیز سے کہ جو ظاہر اثر نہ کرے جیسے درہ اور کوڑا کیونکہ اصلی مقصود (نافرمانی سے)
اُسے باز رکہنا ہے اور اپنے لیے اسکی فرمانبرداری ہے اُسکا ہلاک کر دینا مقصود نہیں
اگر دونوں کے درمیان حال درست نہ ہو تو حاکم دو آزاد مسلمان اُن دونوں کے قریبوں
میں سے پنچ بناکر بہیجے اور میاں بیوی انکو وکیل کریں اور وہ دونوں اُس امر میں غور
کریں جسمیں اُن دونوں کے لیے مصلحت ہو خواہ صلح ہو خواہ مال وغیرہ دیکر جدائی ہو
اور جو کچھ وہ کریں میاں بیوی کو اُن دونوں کا حکم ماننا لازم ہوگا

فصل اور
نئے نکاح کا ولیمہ کرنا مستحب ہے اور سنت ہے کہ ولیمہ ایک بکری سے کم نہ ہو اور کہانے
میں سے جس چیز سے ولیمہ کرے جائز ہے اور اُسکا پہلے دن میں قبول کرنا واجب ہے جب
مسلمان ہو اور دوسرے دن میں مستحب ہے اور تیسرے دن میں مباح ہے بلکہ وہ کمینہ پن
ہے اور اسمیں دلیل وہ روایت ہے جو نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے آپنے
عبدالرحمن کو فرمایا ولیمہ کر اگرچہ ایک بکری سے ہی ہو۔ اور نبی صلے اللہ علیہ و
سلم نے فرمایا پہلے دن میں ولیمہ حق ہے اور دوسرے دن میں مشہور ہے اور بعد اسکے
کمینہ پن ہے اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ابن عمر رضی اللہ تعالی عنہما کی حدیث
میں فرمایا جب تم میں سے کوئی نئے نکاح کے ولیمہ کی طرف بلایا جاوے تو چاہیے
کہ قبول کرے پس اگر بے روزہ ہو تو کہالے اور اگر روزہ دار ہو تو چہوڑ دیوے اور واپس چلا آوے
اور کیا نکاح کے بعد چہوہارے وغیرہ ڈالنے اور اُن کا چننا مکروہ ہے یا نہیں یہ مسئلہ
دو روایتوں پر ہے ان دونوں میں سے ایک روایت پر مکروہ ہے کیونکہ اس میں

مِنَ التَّخَمُّتِ الدَّنَاءَةِ لِلنَّفْسِ وَالْمَهَانَةِ وَالشَّرَاهَةِ فَكَانَتِ
الصِّيَانَةُ عَنْ ذٰلِكَ اَوْلٰى وَتَرْكُهُ فِي بَابِ الْوَرَعِ اَحْرٰى وَعَلَى
الرِّوَايَةِ الثَّانِيَةِ لَا يُكْرَهُ لِمَا رُوِيَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحَرَ
بَدَنَةً وَخَلَّى بَيْنَهَا وَبَيْنَ الْمَسَاكِيْنِ وَقَالَ مَنْ شَاءَ اقْتَطَعَ
وَلَا فَرْقَ بَيْنَ النِّثَارِ وَبَيْنَ ذٰلِكَ وَاَوْلٰى مِنْ ذٰلِكَ الْقِسْمَةُ بَيْنَ
الْحَاضِرِيْنَ فَاِنَّهُ اَطْيَبُ وَاَحَلُّ وَاَدْخَلُ فِي بَابِ الْوَرَعِ **فَصْلٌ**
فَاِذَا كَمُلَتْ شَرَائِطُ النِّكَاحِ وَهُوَ حُصُوْلُ الْوَلِيِّ الْعَدْلِ وَ
الشُّهُوْدِ الْعُدُوْلِ وَالْكَفَاءَةِ وَالْخُلُوِّ مِنَ الْمَوَانِعِ مِنَ الرِّدَّةِ وَ
الْعِدَّةِ وَغَيْرِهِمَا اسْتَاْذَنَهَا الْعَاقِدُ لِلنِّكَاحِ اِذَا لَمْ تَكُنْ مُجْبَرَةً
وَاِذَا كَانَتْ ثَيِّبًا اَوْ بِكْرًا لَا اَبَ لَهَا ثُمَّ عَرَّفَهَا الزَّوْجُ مِقْدَارَ
الصَّدَاقِ وَصِفَتَهُ ثُمَّ يَخْطُبُ وَيَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَ
يَاْمُرُ بِذٰلِكَ الْوَلِيَّ عَلٰى وَجْهِ الْاِسْتِحْبَابِ فِي الْاَوْلٰى ثُمَّ
يَسْتَنْطِقُهُ فَيَقُوْلُ لَهُ قَدْ زَوَّجْتُكَ بِنْتِيْ اَوْ اُخْتِيْ فُلَانَةَ
فَيُسَمِّيْهَا عَلٰى مَا اتَّفَقَا عَلَيْهِ مِنَ الصَّدَاقِ وَيَقُوْلُ الزَّوْجُ
قَدْ قَبِلْتُ هٰذَا النِّكَاحَ وَلَا يَنْعَقِدُ النِّكَاحُ اِلَّا بِالْعَرَبِيَّةِ
لِمَنْ يُحْسِنُهَا فَاِنْ لَمْ يُحْسِنْهَا فَبِلِسَانِهِ وَلُغَتِهِ وَهَلْ يَلْزَمُهُ
تَعَلُّمُ الْعَرَبِيَّةِ اِذَا لَمْ يُحْسِنْهَا لِعَقْدِ النِّكَاحِ اَمْ لَا عَلَى الْوَجْهَيْنِ وَ
يُسْتَحَبُّ اَنْ يَخْطُبَ بِخُطْبَةِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ لِاَنَّهُ رُوِيَ اَنَّ
الْاِمَامَ اَحْمَدَ بْنَ حَنْبَلٍ كَانَ اِذَا شَهِدَ اِمْلَاكًا وَلَمْ يَسْمَعْ
خُطْبَةَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ تَرَكَ الْاِمْلَاكَ وَانْصَرَفَ وَ
هُوَ مَا اَخْبَرَنَا بِهِ الشَّيْخُ الْاِمَامُ هِبَةُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ بْنِ مُوْسَى
السَّقَطِيُّ بِبَغْدَادَ عَنِ الْقَاضِي الْمُظَفَّرِ هَنَّادِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحَمَّدِ
ابْنِ نَصْرٍ النَّسَفِيِّ عَنِ الْقَاضِي اَبِيْ عُمَرَ الْقَاسِمِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ عَبْدِ
الْوَاحِدِ الْهَاشِمِيِّ الْبَصْرِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ اللُّؤْلُؤِيِّ عَنْ
اَبِيْ دَاوُدَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْاَنْبَارِيُّ الْمُقْرِيْ
قَالَ حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِي
الْاَحْوَصِ عَنْ اَبِيْ عُبَيْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ عَلَّمَنَا
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُطْبَةَ الْحَاجَةِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ
نَحْمَدُهُ وَنَسْتَعِيْنُهُ وَنَسْتَغْفِرُهُ وَنَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ

نفس کے لیے بیوقوفی اور کمینہ پن ہے اور لوٹنا اور حرص ہے پس اس سے بچنا بہتر ہے
اور پرہیزگاری کے باب میں اسکا چھوڑ دینا بہت لائق ہے اور دوسری روایت
میں مکروہ نہیں ہے اسلیے کہ مروی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک اونٹ قربانی
کیا اور اُسے مسکینوں کے درمیان چھوڑ دیا اور فرمایا جو چاہے کاٹ لے اور اسمیں
اور چھوہارے وغیرہ کے ڈال لینے میں کوئی فرق نہیں اور حاضرین میں بانٹ
دینا اس سے بہتر ہے کیونکہ یہ بہت اچھا اور بہت حلال ہے اور پرہیزگاری کے باب میں
اسنے یادہ دخل ہے **فصل** پس جب نکاح کی شرطیں کامل ہو جاویں اور وہ عادل
ولی اور عادل گواہوں اور برادری کا پایا جانا ہے اور مانع یعنے مرتد ہو جانے اور
عدت وغیرہ سے خالی ہونا ہے تو نکاح کرنیوالا نکاح کے لیے عورت سے اجازت مانگے
جبکہ وہ عورت جبر نکی گئی ہو اور یہ حکم جب ہے کہ بیوہ ہو یا بکر ہو اور اسکا باپ نہو
اور دولہا اُسے مہر کے مقدار اور اسکی صفت بتلادے پھر (ناکح) خطبہ پڑھے اور اللہ
عزوجل سے بخشش مانگے اور مستحب اور اولی ہے کہ (ناکح) خطبہ پڑھنے کا حکم ولی کو دیوے
پھر ولی دولہا کو بلاوے اور اُس سے کہے کہ میں نے تجھے اپنی بیٹی یا اپنی بہن فلانی نکاح
کردی اُس مہر کے عوض میں جس پر دونوں نے اتفاق کیا ہو اور دولہا کہے میں نے
اس نکاح کو قبول کیا اور نکاح بدون عربی زبان کے درست نہیں اور یہ حکم اسکے لیے
ہے جو اسے اچھا جانتا ہو اور اگر اسے اچھا نہیں جانتا تو اپنی زبان اور بولی میں نکاح
کرے اور جب وہ عربی اچھی طرح نہ جانتا ہو تو کیا اُسے عربی کا سیکھنا عقد نکاح کے
لیے لازم ہے یہ مسئلہ دو وجہوں پر ہے اور مستحب ہے کہ حضرت عبد اللہ بن مسعود کا خطبہ پڑھے
کیونکہ مروی ہے کہ امام احمد بن حنبل جب کسی نکاح میں حاضر ہوا کرتے تھے اور عبد اللہ
بن مسعود رض کا خطبہ نہ سنتے تو نکاح کو چھوڑ دیتے اور لوٹ آتے اور وہ خطبہ یہ ہے
جسکی ہمکو شیخ امام ہبۃ اللہ بن مبارک بن موسی سقطی نے بغداد میں قاضی مظفر
ہناد بن ابراہیم بن محمد بن نصر نسفی سے انہوں نے قاضی ابو عمر قاسم بن جعفر
بن عبد الواحد ہاشمی بصری سے انہوں نے محمد بن احمد لولوی سے انہوں نے
ابو داؤد سے نقل کی انہوں نے کہا ہم سے محمد بن سلیمان انباری مقری
نے حدیث بیان کی انہوں نے کہا ہم سے وکیع نے حدیث بیان کی انہوں نے
اسرائیل سے انہوں نے ابو اسحاق سے انہوں نے ابو الاحوص سے انہوں نے عبیدہ سے
انہوں نے عبد اللہ بن مسعود رض سے نقل کی انہوں نے کہا ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے خطبہ حاجت (یہ) سکھلایا سب تعریف اللہ کو ہے ہم اسکی تعریف کرتے ہیں اور اسی سے
مدد مانگتے ہیں اور اسی سے بخشش مانگتے ہیں اور اپنے نفسوں کی برائیوں سے

أَنْفُسِنَا وَمِنْ سَيِّئَاتِ أَعْمَالِنَا مَنْ يَهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهُ وَ
مَنْ يُضْلِلْهُ فَلَا هَادِيَ لَهُ وَأَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَ
أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمُ
الَّذِي خَلَقَكُمْ مِنْ نَفْسٍ وَاحِدَةٍ وَخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ
مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيرًا وَنِسَاءً وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِي تَسَاءَلُونَ بِهِ وَ
الْأَرْحَامَ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيبًا يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا
اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُولُوا قَوْلًا سَدِيدًا يُصْلِحْ لَكُمْ أَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ
ذُنُوبَكُمْ وَمَنْ يُطِعِ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيمًا وَيُسْتَحَبُّ
أَنْ يُضِيفَ إِلَيْهَا قَوْلَهُ عَزَّ وَجَلَّ وَأَنْكِحُوا الْأَيَامَى مِنْكُمْ وَالصَّالِحِينَ
مِنْ عِبَادِكُمْ وَإِمَائِكُمْ إِنْ يَكُونُوا فُقَرَاءَ يُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهِ
وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ يَرْزُقُ مَنْ يَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ وَإِنْ قَرَأَ
غَيْرَ هٰذِهِ الْخُطْبَةِ جَازَ مِثْلَ أَنْ يَقُولَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الْمُتَفَرِّدِ
بِالْآلَاءِ الْجَوَادِ بِإِعْطَائِهِ الَّذِي تَجَلَّى بِأَسَامِيهِ الْمُتَوَحِّدِ
بِكِبْرِيَائِهِ لَا يَصِفُ الْوَاصِفُونَ صِفَتَهُ وَلَا يَنْعَتُهُ النَّاعِتُونَ
حَقَّ نَعْتِهِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ الصَّمَدُ الْمَعْبُودُ لَيْسَ
كَمِثْلِهِ شَيْءٌ وَهُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ تَبَارَكَ اللّٰهُ الْعَزِيزُ
الْغَفَّارُ بَعَثَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحَقِّ نَبِيًّا صَفِيًّا
بَرِيًّا مِنَ الْعَاهَاتِ كُلِّهَا فَبَلَّغَ مَا أُرْسِلَ بِهِ سِرَاجًا زَاهِرًا
وَنُورًا سَاطِعًا وَبُرْهَانًا لَامِعًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلٰى
آلِهِ أَجْمَعِينَ ثُمَّ إِنَّ هٰذِهِ الْأُمُورَ كُلَّهَا بِيَدِ اللّٰهِ يُصَرِّفُهَا
فِي طَرَائِقِهَا وَيُمْضِيهَا فِي حَقَائِقِهَا لَا مُقَدِّمَ لِمَا أَخَّرَ وَلَا مُؤَخِّرَ
لِمَا قَدَّمَ وَلَا يَجْتَمِعُ اثْنَانِ إِلَّا بِقَضَائِهِ وَقَدَرِهِ وَلِكُلِّ
قَضَاءٍ قَدَرٌ وَلِكُلِّ قَدَرٍ أَجَلٌ وَلِكُلِّ أَجَلٍ كِتَابٌ يَمْحُو اللّٰهُ مَا يَشَاءُ وَ
يُثْبِتُ وَعِنْدَهُ أُمُّ الْكِتَابِ وَكَانَ مِنْ قَضَاءِ اللّٰهِ وَقَدَرِهِ
أَنَّ فُلَانَ بْنَ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ يَخْطُبُ كَرِيمَتَكُمْ فُلَانَةَ
بِنْتَ فُلَانٍ وَقَدْ شَكَرَ رَاغِبًا فِيكُمْ خَاطِبًا كَرِيمَتَكُمْ وَ
قَدْ بَذَلَ لَهَا مِنَ الصَّدَاقِ مَا وَقَعَ عَلَيْهِ الْاِتِّفَاقُ فَزَوِّجُوا
خَاطِبَكُمْ وَأَنْكِحُوا رَاغِبَكُمْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَأَنْكِحُوا الْأَيَامٰى
مِنْكُمْ وَالصَّالِحِينَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَإِمَائِكُمْ إِنْ يَكُونُوا فُقَرَاءَ

اور اپنے عملون کی برائیون سے ہم اللہ کی ہی پناہ لیتے ہین پس جسکو اللہ ہدایت کرے اُسے
کوئی گمراہ کرنیوالا نہین اور جسکو اللہ گمراہ کرے اُسے کوئی ہدایت کرنیوالا نہین اور
مین گواہی دیتا ہون کہ بجز اللہ کے کوئی معبود برحق نہین اور مین گواہی دیتا ہون
کہ محمد صلعم اسکے بندے ہین اور اسکے رسول ہین اے لوگو اپنے پروردگار سے ڈرو جسنے تمکو ایک جان سے
پیدا کیا اور اُسی سے اُسکا جوڑا بنایا اور اُن دونون سے بہت سے مرد اور عورتین پھیلائین اور
ڈرو اللہ سے جسکے نام سے مانگتے ہو اور (ڈرو) قرابت سے تحقیق اللہ تمپر نگہبان ہے اے ایمان
والو اللہ سے ڈرو اور مضبوط بات کہو تمہارے واسطے تمہارے عمل سنواریگا اور تمہارے لیئے
تمہارے گناہ بخشیگا اور جو کوئی اللہ اور اسکے رسول کی فرمانبرداری کریگا پس تحقیق وہ
بڑی مراد کو پہونچا اور مستحب ہے کہ ان آیتون کے ساتھ اللہ تعالی کے (اس) قول کو بھی ملائے
اور اپنے مین سے رانڈون کو نکاح کرو اور اپنے غلامون اور لونڈیون مین سے نیکوکارون کو اگر وہ
فقیر ہونگے تو اللہ تعالی اپنے فضل سے انکو غنی کردیگا اور اللہ کشایش والا جاننے والا ہے جسکو
چاہتا ہے بغیر حساب کے رزق دیتا ہے اور اگر اس خطبہ کے سوا کوئی اور خطبہ پڑھے تو جائز ہے
جیسے کہ یون کہے سب تعریف اللہ کو ہے جو اپنی نعمتون سے اکیلا ہے اپنی بخشش سے دینے والا
وہ اللہ جو اپنے نامون سے ظاہر ہوا اور اپنی بزرگی مین اکیلا ہے اسکی صفت کرنیوالے اسکی صفت
نہین کرسکتے اور اسکی تعریف کرنیوالے اسکی پوری تعریف نہین کرسکتے بجز اللہ کے کوئی
معبود برحق نہین جو اکیلا اور بے نیاز اور معبود ہے اسکی مثل کوئی چیز نہین اور وہ سننے
والا دیکھنے والا ہے اللہ غالب بخشنے والا بابرکت ہے اسنے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو حق کے ساتھ
نبی تمام عیبون سے پاک صاف بھیجا ہے پس جو کچھ دیکر آپ بھیجے گئے تھے وہ آپنے پہونچا دیا اور
وہ چراغ روشن اور نور بلند اور چمکتی ہوئی دلیل ہے اللہ تعالی آپ پر اور آپ کی تمام
آل پر درود بھیجے پھر تحقیق یہ کام سب کے سب اللہ کے ہاتھ مین ہین انکو انکے رستون
مین پھیرتا ہے اور انکو انکی مناسب جگہ ہو نمین چلاتا ہے جسکو وہ پیچھے کرے اُسے کوئی
آگے کرنیوالا نہین اور جسکو وہ آگے کرے اُسے کوئی پیچھے کرنیوالا نہین اور بجز اسکی قضا
و قدر کے دو جمع نہین ہوسکتے اور ہر قضا کے لیے تقدیر ہے اور ہر تقدیر کے لیے ایک وقت مقرر ہے
اور ہر وقت کے لیے کتاب ہے اللہ جو چاہتا ہے مٹاتا ہے اور ثابت رکھتا ہے اور لوح محفوظ اسکے پاس ہے اور اسی
کی قضا و قدر مین تھا کہ فلان شخص فلان کا بیٹا تمہاری فلانی فلان کی نیک لڑکی کی درخواست کرتا
اور وہ تم مین رغبت کرتا ہوا تمہاری نیک لڑکی کا خطبہ کرتا ہوا تمہارے پاس آیا ہے اور اُسنے اُسکے
لیے اتنا مہر جتنے پر اتفاق ہوا ہے خرچ کردیا ہے پس تم اپنے خطبہ کرنے والے کو اور اپنے
رغبت کرنیوالے کو نکاح کردو اللہ تعالی نے فرمایا اور اپنے مین سے رانڈون کو نکاح کرو
اور اپنے غلامون اور لونڈیون مین سے نیکوکارون کو نکاح کرو۔ اگر وہ فقیر ہونگے

يُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ فَإِذَا فَرَغَ مِنَ الْخُطْبَةِ عَقَدَ النِّكَاحَ عَلٰى مَا قَدْ مَنَا ذِكْرَهُ

بَابٌ فِي الْأَمْرِ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّهْيِ عَنِ الْمُنْكَرِ

وَقَدْ ذَكَرَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ الْاٰمِرِيْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهِيْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَمَدَحَهُمْ فِيْ كِتَابِهٖ فَقَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْحَافِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَرُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ لَتَاْمُرُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ وَلَتَنْهَوُنَّ عَنِ الْمُنْكَرِ اَوْ لَيُسَلِّطَنَّ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ شِرَارَكُمْ عَلٰى خِيَارِكُمْ فَيَدْعُوْا خِيَارُكُمْ فَلَا يُسْتَجَابُ لَهُمْ وَرَوٰى سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ قَبْلَ اَنْ تَدْعُوْا فَلَا يُسْتَجَابَ لَكُمْ وَقَبْلَ اَنْ تَسْتَغْفِرُوْا فَلَا يُغْفَرَ لَكُمْ اَلَا اِنَّ الْاَمْرَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّهْيَ عَنِ الْمُنْكَرِ لَا يَدْفَعُ رِزْقًا وَلَا يُقَوِّبُ اَجَلًا اَلَا اِنَّ الْاَحْبَارَ مِنَ الْيَهُوْدِ وَالرُّهْبَانَ مِنَ النَّصَارٰى لَمَّا تَرَكُوا الْاَمْرَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّهْيَ عَنِ الْمُنْكَرِ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ عَلٰى لِسَانِ اَنْبِيَآئِهِمْ ثُمَّ عُمُّوْا بِالْبَلَآءِ وَالْاَمْرُ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّهْيُ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاجِبَانِ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ حُرٍّ مُكَلَّفٍ عَالِمٍ بِذٰلِكَ بِشَرْطِ الْقُدْرَةِ عَلٰى وَجْهٍ لَا يُؤَدِّيْ اِلَى الْفَسَادِ عَظِيْمٍ وَضَرَرٍ فِيْ نَفْسِهٖ وَمَالِهٖ وَاَهْلِهٖ وَلَا فَرْقَ بَيْنَ اَنْ يَكُوْنَ اِمَامًا اَوْ عَالِمًا اَوْ قَاضِيًا اَوْ وَاحِدًا مِّنَ الرَّعِيَّةِ وَاِنَّمَا شَرَطْنَا الْعِلْمَ بِالْمُنْكَرِ وَالْقَطْعَ بِهٖ لِمَا فِيْ ذٰلِكَ مِنْ خَوْفِ الْوُقُوْعِ فِي الْاِثْمِ لِاَنَّهٗ لَا يَاْمَنُ الْمُنْكِرُ اَنْ يَكُوْنَ الْاَمْرُ بِخِلَافِ مَا ظَنَّ وَقَدْ قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ وَلَا يَجِبُ عَلَيْهِ كَشْفُ مَا سُتِرَ عَنْهُ لِاَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى نَهٰى عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ

تو اللہ تعالی اپنے فضل سے انہیں غنی کر دیگا اور اللہ کشایش والا جاننے والا ہے اور جب خطبہ سے فارغ ہو تو نکاح باندھے جسطرح ہمنے آگے اُسکا بیان کیا۔

باب اچھی بات کا حکم کرنے اور بری بات سے روکنے کے بیان میں

اور اللہ عزوجل نے اچھی بات کے حکم کرنیوالون اور بری بات سے روکنیوالون کا بیان فرمایا اور اپنی کتاب مین تعریف کی ہے اللہ عزوجل نے فرمایا وہ اچھی بات کا حکم کرنیوالے ہین اور بری بات سے روکنے والے ہین اور اللہ کی حدون کو نگاہ رکھنے والے ہین اور اللہ کے ساتھ ایمان لاتے ہین اللہ تعالی نے فرمایا اور مومن مرد اور مومن عورتین بعض اُنکے بعض کے دوست ہین اچھی بات کا حکم کرتے ہین اور بری بات سے منع کرتے ہین اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے روی ہے آپنے فرمایا البتہ تم اچھی بات کا حکم کروگے اور بری بات سے منع کروگے یا البتہ اللہ عزوجل تمہارے برون کو تمہارے نیکون پر مسلط کر دیگا پس تمہارے نیک لوگ دعا کرینگے اور اُنکی دعا قبول نہ کی جاویگی اور سالم بن عبد اللہ بن عمر نے اپنے باپ سے روایت کی انہون نے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم اچھی بات کا حکم کرو اور بری بات سے منع کرو پہلے اسکے کہ تم دعا کرو اور تمہاری دعا قبول نہ کی جاوے اور پہلے اسکے کہ تم بخشش مانگو اور تمہارے لیئے بخشش نہ کی جاوے خبردار اچھی بات کا حکم کرنا اور بری بات سے روکنا روزی کو دور نہین کرتا اور عمر کو کم نہین کرتا خبردار جب یہودیون سے علما نے اور نصاری مین سے زاہدون نے اچھی بات کا حکم کرنا اور بری بات سے روکنا چھوڑ دیا تو اللہ تعالی نے اُنکے پیغمبرون کی زبانون کے ذریعہ سے انکو لعنت کر دی پھر وہ سبکے سب بلا مین گرفتار کیئے گئے اور اچھی بات کا حکم کرنا اور بری بات سے منع کرنا ہر ایک مسلمان آزاد عاقل بالغ اُسکے جاننے والے پر واجب ہے لیکن بشرط قدرت کے ایسی وجہ پر کہ بڑے فساد کی حد تک اور اُسکے جان اور مال اور عیال کی تکلیف کی حد تک پہونچاوے اور اسمین کچھ فرق نہین کہ وہ امام ہو یا عالم ہو یا قاضی ہو یا کوئی شخص رعیت مین سے ہو اور ہمنے بری بات کو علم ہونے اور اُسپر یقین ہونے کی اسلیے شرط لگائی ہے کہ اُسمین گناہ مین واقع ہونے کا خوف ہے کیونکہ منع کرنے والا اس بات سے بے خوف نہین کہ وہ کام اسکے گمان کے برخلاف ہو حالانکہ اللہ تعالے نے فرمایا ہے اے ایمان والو بہت گمان کرنے سے بچو بیشک بعض گمان گناہ ہے اور جو چیز اُس سے پوشیدہ ہے اُسکا ظاہر کرنا اُسپر واجب نہین کیونکہ اللہ تعالے نے اس سے منع فرمایا ہے اور فرمایا اور تم نے

وَلَا تَجَسَّسُوا اِنَّمَا الْوَاجِبُ عَلَيْهِ اِنْكَارُ مَا ظَهَرَ وَفِي بَحْثِ مَا سُتِرَ كَشْفُ السِّتْرِ وَذٰلِكَ مَمْنُوْعٌ عَنْهُ

فَصْلٌ وَاِنَّمَا شَرَطْنَا الْقُدْرَةَ عَلٰى ذٰلِكَ لِمَا رُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ مَا مِنْ قَوْمٍ يَكُوْنُ فِيْهِمْ رَجُلٌ يَعْمَلُ الْمَعَاصِيَ وَيَقْدِرُوْنَ اَنْ يُغَيِّرُوْا عَلَيْهِ فَلَا يُغَيِّرُوْا عَلَيْهِ اِلَّا اَنْ عَمَّهُمُ اللّٰهُ بِعَذَابٍ قَبْلَ اَنْ يَتُوْبُوْا فَقَدْ شَرَطَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقُدْرَةَ فِيْ ذٰلِكَ وَذٰلِكَ اِذَا كَانَتِ الْغَلَبَةُ لِاَهْلِ الصَّلَاحِ وَعَدْلِ السُّلْطَانِ وَمُعَاوَنَةِ اَهْلِ الْخَيْرِ وَاَمَّا اِذَا كَانَ الْاِنْكَارُ تَعْزِيْرًا بِالنَّفْسِ وَلُحُوْقِ ضَرَرٍ بِهٖ وَبِمَالِهٖ فَلَا يَجِبُ عَلَيْهِ ذٰلِكَ لِقَوْلِهٖ عَزَّ وَجَلَّ وَلَا تُلْقُوْا بِاَيْدِيْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ وَقَوْلِهٖ عَزَّ وَجَلَّ وَلَا تَقْتُلُوْا اَنْفُسَكُمْ وَقَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَنْبَغِيْ لِلْمُؤْمِنِ اَنْ يُذِلَّ نَفْسَهٗ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ يُذِلُّ نَفْسَهٗ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَتَعَرَّضُ لِمَا لَا يُمْكِنُهٗ وَقَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَاَيْتُمْ اَمْرًا لَا تَسْتَطِيْعُوْنَ تَغْيِيْرَهٗ فَاصْبِرُوْا حَتّٰى يَكُوْنَ اللّٰهُ تَعَالٰى هُوَ الَّذِيْ يُغَيِّرُ فَاِذَا ثَبَتَ اَنَّهٗ لَا يَجِبُ عَلَيْهِ الْاِنْكَارُ فَهَلْ يَجُوْزُ اِنْكَارُهٗ اِذَا غَلَبَ عَلٰى ظَنِّهِ الْخَوْفُ عَلٰى نَفْسِهٖ فَعِنْدَنَا يَجُوْزُ ذٰلِكَ وَهُوَ الْاَفْضَلُ اِذَا كَانَ مِنْ اَهْلِ الْعَزِيْمَةِ وَالصَّبْرِ فَهُوَ كَالْجِهَادِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَعَ الْكُفَّارِ وَقَدْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ قِصَّةِ لُقْمَانَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰى مَا اَصَابَكَ وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَبِيْ هُرَيْرَةَ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ مُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰى مَا اَصَابَكَ وَلَا سِيَّمَا اِذَا كَانَ ذٰلِكَ عِنْدَ سُلْطَانٍ جَائِرٍ اَوْ لِاِظْهَارِ كَلِمَةِ الْاِيْمَانِ عِنْدَ ظُهُوْرِ كَلِمَةِ الْكُفْرِ لِاَنَّ الْفُقَهَاءَ اتَّفَقُوْا عَلٰى ذٰلِكَ وَاِنَّمَا الْخِلَافُ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ فِيْ غَيْرِ هٰذَيْنِ الْمَوْضِعَيْنِ

فَصْلٌ فَاِذَا ثَبَتَ وُجُوْبُ الْاِنْكَارِ فَالْمُنْكِرُوْنَ ثَلٰثَةُ اَقْسَامٍ فَقِسْمٌ يَكُوْنُ اِنْكَارُهُمْ بِالْيَدِ وَهُمُ الْاَئِمَّةُ وَالسَّلَاطِيْنُ وَالْقِسْمُ الثَّانِيْ اِنْكَارُهُمْ

اور تم جستجو نہ کرو اور اُسپر صرف اُسی چیز کا انکار کرنا واجب ہے جو ظاہر ہوا اور پوشیدہ بات میں بحث کرنا پردہ کھولنا ہے اور اس سے (شریعت میں) ممانعت کی گئی ہے

فصل اور ہمنے اس امر پر قدرت کی شرط صرف اس واسطے لگائی ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے آپنے فرمایا جو ایسی قوم ہو کہ اُسمین کوئی آدمی گناہ کرتا ہو اور وہ اُسکو گناہ سے پھیر دینے پر قادر ہوں اور اسے نہ پھیرین تو اللہ تعالی اُن سب کو عذاب مین گرفتار کرتا ہے پہلے اسکے کہ توبہ کرین تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اُسمین قدرت کی شرط کی اور یہ اُس وقت ہے جب نیک لوگون کا غلبہ اور بادشاہ کا عدل اور بھلائی والون کی مدد ہو اور جب منع کرنا باعث تعزیر نفس ہو اور اُسکے اور اسکے مال کے لیے باعث تکلیف ہو تو پھر اُسپر منع کرنا واجب نہین کیونکہ اللہ عزوجل نے فرمایا ہے اپنے ہاتھون کو ہلاکت مین نہ ڈالو اور اللہ عزوجل نے فرمایا اور اپنی جانون کو قتل نہ کرو اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مومن کو اپنی جان کا ذلیل کرنا درست نہین عرض کیا گیا یا رسول اللہ مومن کسطرح اپنی جان کو ذلیل کرتا ہے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کام کی اُسے طاقت نہ ہو اسمین دخل نہ دیوے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم کسی ایسے کام کو دیکھو جسکے پھیر دینے کی تم طاقت نہین رکھتے تو صبر کرو یہانتک کہ اللہ ہی اُسے پھیرے جب ثابت ہو گیا کہ (بوقت تعزیر نفس اور ہلاکت جان و مال) اُسپر منع کرنا واجب نہین تو کیا اُس وقت بھی منع کرنا درست ہے یا نہین جب اپنی جان کی ہلاکت کے خوف کا اُسے ظن غالب ہو پس ہمارے نزدیک یہ جائز ہے اور یہی افضل ہے جب اہل قصد و صبر سے ہو پس یہ کام ایسا ہوگا جیسا اللہ کی راہ مین کافرون سے جہاد۔ اور اللہ تعالی نے لقمان علیہ السلام کے قصے مین فرمایا اور اچھی بات کا حکم کر اور بری بات سے منع کر اور جو تجھے تکلیف پہونچے اُسپر صبر کر اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ابو ہریرہ سے فرمایا اے ابو ہریرہ اچھی بات کا حکم کر اور بری بات سے منع کر اور جو تجھے تکلیف پہونچے اسپر صبر کر خصوصاً جبکہ ظالم بادشاہ کے پاس ہو یا بوقت ظاہر ہونے کلمہ کفر کے ایمان کا کلمہ ظاہر کرنے کے لیے ہو کیونکہ فقہا نے اسپر اتفاق کیا ہے اور ہم مین اور اُن مین اختلاف ان دونون جگہون کے سوا اور جگہون مین ہے

فصل پس جب انکار کا واجب ہونا ثابت ہو گیا پس انکار کرنے والے تین قسم مین۔ ایک وہ قسم ہے جن کا انکار ہاتھ (یعنے مارنے پیٹنے) سے ہو وہ امام اور بادشاہ ہین دوسری وہ قسم ہے جن کا انکار زبان سے ہو۔

بِاللِّسَانِ دُوْنَ الْيَدِ وَهُمُ الْعُلَمَاءُ وَالْقِسْمُ الثَّالِثُ اِنْكَارُهُمْ بِالْقَلْبِ هُمُ الْعَامَّةُ وَقَدْ جَاءَ فِيْ هٰذَا الْمَعْنٰى حَدِيْثٌ وَّهُوَ مَا رَوٰى اَبُوْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيُّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ اِذَا رَاٰى اَحَدٌ مِّنْكُمْ مُنْكَرًا فَلْيُغَيِّرْهُ بِيَدِهٖ فَاِنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِهٖ فَاِنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِهٖ وَذٰلِكَ اَضْعَفُ الْاِيْمَانِ يَعْنِيْ اَضْعَفَ فِعْلِ الْاِيْمَانِ وَقَدْ رُوِيَ عَنْ بَعْضِ الصَّحَابَةِ اَنَّهٗ قَالَ اِذَا رَاٰى اَحَدٌ مِّنْكُمْ مُنْكَرًا لَا يَسْتَطِيْعُ النَّكِيْرَ عَلَيْهِ فَلْيَقُلْ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ اَللّٰهُمَّ اِنَّ هٰذَا مُنْكَرٌ فَاِذَا قَالَ ذٰلِكَ كَانَ لَهٗ ثَوَابُ مَنْ اَمَرَ بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهٰى عَنِ الْمُنْكَرِ

فصل وَاِنْ غَلَبَ عَلٰى ظَنِّهٖ عَدَمُ زَوَالِ الْمُنْكَرِ وَبَقَاؤُهٗ عَلٰى ذٰلِكَ فَهَلْ يَجِبُ عَلَيْهِ الْاِنْكَارُ اَمْ لَا عَلٰى رِوَايَتَيْنِ عَنِ الْاِمَامِ اَحْمَدَ رحـ اِحْدٰهُمَا يَجِبُ لِجَوَازِ اَنْ يَّرْتَدِعَ وَيَنْزَجِرَ وَيَرِقَّ قَلْبُهٗ وَيَلْحَقَهُ التَّوْفِيْقُ وَالْهِدَايَةُ بِبَرَكَةِ صِدْقِهٖ فَيَرْجِعَ عَمَّا هُوَ عَلَيْهِ وَالظَّنُّ لَا يَمْنَعُ مِنْ جَوَازِ اِنْكَارِهٖ وَالرِّوَايَةُ الْاُخْرٰى لَا يَجِبُ عَلَيْهِ اِنْكَارُهٗ حَتّٰى يَغْلِبَ عَلٰى ظَنِّهٖ زَوَالُهٗ لِاَنَّ الْقَصْدَ بِالْاِنْكَارِ زَوَالُ الْمُنْكَرِ فَاِذَا قَوِيَ فِي الظَّنِّ بَقَاؤُهٗ كَانَ تَرْكُهٗ اَوْلٰى

فصل وَيُشْتَرَطُ فِي الْاٰمِرِ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهِيْ عَنِ الْمُنْكَرِ خَمْسُ شَرَائِطَ اَوَّلُهَا اَنْ يَّكُوْنَ عَالِمًا بِمَا يَاْمُرُ وَيَنْهٰى وَالثَّانِيْ اَنْ يَّكُوْنَ قَصْدُهٗ وَجْهَ اللّٰهِ وَاِعْزَازَ دِيْنِ اللّٰهِ وَاِعْلَاءَ كَلِمَةِ اللّٰهِ وَاَمْرِهٖ دُوْنَ الرِّيَاءِ وَالسُّمْعَةِ وَالْحَمِيَّةِ لِنَفْسِهٖ فَاِنَّمَا يُنْصَرُ وَيُوَفَّقُ وَيَزُوْلُ بِهِ الْمُنْكَرُ اِذَا كَانَ صَادِقًا مُّخْلِصًا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ اَقْدَامَكُمْ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ فَاِذَا اتَّقَى الشِّرْكَ وَتَرَكَ نَظَرَ الْخَلْقِ فِيْ اِنْكَارِهٖ وَاَحْسَنَ الْعَمَلَ بِالْخَلَاصِ فِيْ ذٰلِكَ كَانَ الظَّفَرُ لَهٗ وَاِنْ كَانَ غَيْرَ ذٰلِكَ كَانَ لَهُ الْخِذْلَانُ وَالصَّغَارُ وَالذِّلَّةُ وَالْمَهَانَةُ وَبَقَاءُ الْمُنْكَرِ عَلٰى حَالِهٖ بَلْ زِيَادَتُهٗ وَتَفَاقُمُهٗ وَصَرَاقُ

سوا ہاتھ کے اور وہ علماء ہیں اور تیسرا قسم انکا منع کرنا ہے دل سے اور وہ لوگ عام ہیں اور اسی مطلب میں ایک حدیث مروی ہے اور وہ یہ ہے جو ابو سعید خدری نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی آپ نے فرمایا جب تم میں سے کوئی بری بات دیکھے تو اُسے اپنے ہاتھ سے بدل دے اور اگر اُسے یہ بھی طاقت نہیں تو اپنے دل سے اُسکو برا سمجھے) اور یہ بہت ضعیف ایمان ہے یعنے یہ کام ایمان کا بہت ضعیف ہے اور بعض صحابہ رضی سے مروی ہے انہوں نے کہا جب تم میں سے کوئی ایسی بات دیکھے جس سے منع کرنے کی اُسے طاقت نہ ہو تو چاہیے کہ تین دفعہ یہ کہے یا اللہ بیشک یہ برائی ہے جب وہ یہ کہیگا تو اُسے اُس شخص کا سا ثواب ہوگا جس نے اچھی بات کا حکم کیا اور بری بات سے منع کیا

فصل اور اگر اُسے اُس برائی کے دور ہونے کا اور اُس شخص کے اُسی برائی پر قائم رہنے کا غالب ظن ہو تو کیا منع کرنا اُسپر واجب ہے یا نہیں اسمیں امام احمد رح سے دو روایتیں ہیں اُن میں سے ایک یہ ہے کہ منع کرنا واجب ہے کیونکہ ممکن ہے کہ وہ باز آجاوے اور ہٹ جاوے اور اُسکا دل نرم ہو جاوے اور اُسے نیک کام کی توفیق اور اس شخص کے صدق کی برکت سے ہدایت ہو جاوے اور جو برائی کرتا ہے اُس سے باز آجاوے اور صرف ظن کرنا اُسکے منع کرنے کے جواز کو نہیں روکتا اور دوسری روایت یہ ہے کہ اُسپر اُسکا منع کرنا واجب نہیں جب تک اُسکو برائی کو دور ہو جانے میں اُسکا ظن غالب ہو کیونکہ منع کرنے سے مقصود برائی کا دور کرنا ہے جب ظن میں برائی کا باقی رہنا قوی ہو تو اُسکا ترک کرنا بہتر ہے

فصل اور اچھی بات کے حکم کرنے اور بری بات سے منع کرنے میں پانچ شرطیں ہیں انمیں سے اول یہ ہے کہ وہ جس کام کا حکم دیتا ہے اور جس کام سے منع کرتا ہے اُسے جانتا ہو دوسری یہ ہے کہ مقصود اللہ کی ذات اور اللہ کے دین کی عزت اور اللہ کے کلمہ کو بلند کرنا ہو اور اُسکا حکم کرنا دکھلانے اور سنانے اور اپنے نفس کی حمیت کی غرض سے نہ ہو تو ایسا شخص بیشک مدد کیا جاتا ہے اور توفیق دیا جاتا ہے اور اُسکے ذریعہ سے برائی دور ہو جاتی ہے جب وہ سچا مخلص ہو اللہ تعالیٰ نے فرمایا اگر تم اللہ کے دین کی مدد کروگے تو اللہ تمہاری مدد کریگا اور تمہارے قدموں کو ثابت رکھیگا اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا بیشک اللہ اُن لوگوں کے ساتھ ہے جو پرہیزگار ہیں اور اُن لوگوں کے ساتھ ہے جو احسان کرتے ہیں پس جب وہ خود شرک سے بچے اور اُس سے منع کرنے میں خلقت کو دکھانا اُسے مقصود نہ ہو اور اسمیں اپنا عمل اچھا اخلاص سے کرے تو اُسکے لیے فتح مندی ہوگی اور اگر اسکے سوا کچھ اور غرض ہو تو اسکے لیے بے توفیقی اور بے عزتی اور ذلت اور برائی بحالہ باقی رہیگی بلکہ وہ برائی زیادہ ہوگی اور اُس کا غلبہ ہوگا —

أهل المعاصي واتفاق شياطين الإنس والجن على مخالفة
الله تعالى وترك طاعته وارتكاب المحرمات في الثالث
أن يكون أمره ونهيه باللين والتودد لا بالغظاظة
والغلظة بل بالرفق والنصح والشفقة على أخيه كيف
وافق عداوة الشيطان اللعين الذي قد استولى
على عقله وزين له معصية ربه ومخالفة أمره يريد
بذلك إهلاكه وإدخاله النار كما قال الله تعالى
إنما يدعو حزبه ليكونوا من أصحاب السعير وقال الله
تعالى لنبيه صلى الله عليه وسلم فبما رحمة من الله
لنت لهم ولو كنت فظا غليظ القلب لانفضوا
من حولك وقال تعالى لموسى وهرون حين بعثهما
إلى فرعون فقولا له قولا لينا لعله يتذكر أو يخشى
وقال النبي صلى الله عليه وسلم في حديث أسامة لا
ينبغي لأحد أن يأمر بالمعروف وينهى عن المنكر حتى
يكون فيه ثلاث خصال عالما بما يأمر عالما بما ينهى رفيقا
فيما يأمر رفيقا فيما ينهى والرابع أن يكون صبورا حليما
حمولا متواضعا زائل الهوى قوي القلب لين
الجانب طبيبا يداوي مريضا حكيما يداوي مجنونا
إماما هاديا قال الله تعالى وجعلنا منهم أئمة يهدون
بأمرنا لما صبروا على احتمال الأذى من قومهم على نصرة
دين الله وإعزازه والقيام معه فجعلهم أئمة هداة
أطباء الدين قادة المؤمنين وقال الله تعالى في قصة
لقمان وأمر بالمعروف وانه عن المنكر واصبر على ما
أصابك إن ذلك من عزم الأمور والخامس أن يكون
عاملا بما يأمر متنزها عما ينهى عنه وغير متلطخ به
لئلا يكون لهم تسلط عليه فيكون عند الله مذموما
كما قال الله تعالى أتأمرون الناس بالبر وتنسون
أنفسكم وأنتم تتلون الكتاب أفلا تعقلون وقال
النبي صلى الله عليه وسلم في حديث أنس بن مالك

اور گناہگاروں کا گناہوں کے پیچھے بھاگنا ثابت ہوگا اور آدمیوں اور جنوں کے
شیطانوں کا اللہ تعالی کی مخالفت پر اور اسکی فرمانبرداری کے چھوڑ دینے پر اور حرام
کے کرنے پر اتفاق ہوگا اور تیسری یہ ہے کہ اسکا حکم کرنا اور منع کرنا نرمی اور آہستگی
سے ہو بدخوئی اور سختی سے نہ ہو بلکہ نرمی اور نصیحت اور اپنے بھائی پر شفقت سے ہو کہ
کسطرح وہ اپنے اس دشمن شیطان مردود سے موافق ہوا ہے جسنے اسکے عقل پر غلبہ کیا
ہے اور اسکے لیے اسکے پروردگار کی نافرمانی اور اسکے حکم کی مخالفت کو زینت دی اور
اس سبب سے اسکا ہلاک کرنا اور اسے دوزخ میں داخل کرنا چاہتا ہے جیسا کہ اللہ
تعالی فرماتا ہے سوائے اسکے نہیں کہ وہ بلاتا ہے اپنے گروہ کو تاکہ وہ دوزخ کے رہنے والوں
میں سے ہو جاویں اور اللہ تعالی نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرمایا اللہ تعالی کی رحمت سے
تو انکے لیے نرم دل ہوا اور اگر تو بدخو سخت دل ہوتا تو البتہ تیرے گرداگرد سے وہ بھاگ
جاتے اور جب اللہ تعالی نے موسی اور ہارون کو فرعون کی طرف بھیجا تو انکو فرمایا
پس اسکے لیے نرم بات کہیو شاید کہ وہ نصیحت پکڑے یا ڈرے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم
نے اسامہ رض کی حدیث میں فرمایا اچھی بات کا حکم کرنا اور بری بات سے منع کرنا
کسی شخص کو درست نہیں جب تک اسمیں تین خصلتیں (مفصلہ ذیل) نہ پائی
جائیں (۱) جس بات کا حکم کرتا ہے اسے جانتا ہو (۲) جس بات سے منع کرتا ہے
اسے بھی جانتا ہو۔ (۳) حکم دینے اور منع کرنے میں نرمی کرے (۴) چوتھی یہ ہے کہ
صابر بردبار تواضع کرنیوالا نفسانی خواہشوں کو دور کرنیوالا مضبوط دل نرم طرف
والا طبیب بیمار کی دوا کرے حکیم ہو دیوانہ کا علاج کرے امام ہدایت کرنیوالا ہو۔
اللہ تعالی نے فرمایا اور ہمنے ان میں سے پیشوا بنائے جو ہمارے حکم سے ہدایت کرتے تھے
جبکہ انہوں نے اللہ کے دین کی مدد کرنی اور اسکے قوی کرنے اور اسکے ساتھ قائم رہنے
پر اپنی قوم سے تکلیف کی برداشت کرنے پر صبر کیا پس ہمنے انکو پیشوا ہدایت
کرنیوالے اور دین کے طبیب مومنوں کے سردار بنا دیا اور اللہ تعالی نے حضرت لقمان کے قصہ میں فرمایا
تو اچھی بات کا حکم کر اور بری بات سے منع کر اور جو تجھے تکلیف پہونچے اسپر صبر کر یہ
بڑی ہمت کے کاموں میں سے ہے اور پانچویں یہ ہے کہ جس بات کا حکم دیتا ہو اسپر خود بھی
عمل کرنیوالا ہو اور جس بات سے منع کرتا ہو اس سے خود بھی پاک ہو اور اسمیں آلودہ
نہ ہو تاکہ انکو اسپر غلبہ نہ ہو پس اللہ تعالی کے نزدیک مذمت کیا گیا ہو۔ اللہ تعالی
نے فرمایا کیا تم لوگوں کو بھلائی کا حکم کرتے ہو اور اپنے نفسوں کو بھول جاتے ہو
حالانکہ تم کتاب اللہ پڑھتے ہو کیا پس نہیں سمجھتے ہو اور نبی صلی اللہ
علیہ وسلم نے انس بن مالک رض کی حدیث میں فرمایا۔

رأيت ليلة أسري بي رجالا تقرض شفاههم بالمقاريض فقلت من هؤلاء يا جبريل قال عليه الصلوة والسلام هؤلاء خطباء أمتك الذين يأمرون الناس وينسون أنفسهم وهم يتلون الكتاب قال الشاعر لا تنه عن خلق وتأتي مثله ، عار عليك إذا أتيت عظيم - وقال قتادة رض ذكر لنا أن في التوراة مكتوبا أن ابن آدم يذكرني وينساني ويدعو إلي ويفر مني وباطل ما ترهبون وأراد بذلك عز وجل من يأمر بالمعروف وينهى عن المنكر ويترك نفسه هو جل وعلى أعلم بذلك

فصل والأولى له إن استطاع أن يأمره وينهاه في خلوة ليكون ذلك أبلغ وأمكن في الموعظة والزجر والنصيحة له وأقرب إلى القبول والإقلاع وقد قال أبو الدرداء من وعظ أخاه بالعلانية فقد شانه ومن وعظ سرا فقد زانه فإن فعل ذلك ولم ينفعه أظهر ذلك واستعان عليه بأهل الخير وإن لم ينفع فبأصحاب السلطان وينبغي أن لا يترك إنكار المنكر أبدا لأن الله تعالى ذم قوما تركوا ذلك وتغافلوا عنه قال عز وجل كانوا لا يتناهون عن منكر فعلوه لبئس ما كانوا يفعلون وقال الله عز وجل لولا ينهاهم الربانيون والأحبار عن قولهم الإثم وأكلهم السحت لبئس ما كانوا يصنعون يعني هلا نهاهم علماؤهم وفقهاؤهم وقراؤهم عن القول الفاحش أكل الحرام وفعل المعاصي وقيل إن الله أوحى إلى يوشع بن نون إني مهلك من قومك أربعين ألفا من خيارهم وستين ألفا من شرارهم قال يا رب هؤلاء الأشرار فما بال الأخيار قال تعالى إنهم لم يغضبوا لغضبي وأكلوهم وشاربوهم

فصل وقد ذكرنا أن الشرط الخامس أن يكون عاملا بما يأمر منتزها عما ينهى عنه إلا أن شيوخنا ذكروا

مینے جس رات مجہے سیر کرایا گیا ایسے مردون کو دیکہا کہ انکے ہونٹ قینچیون سے کاٹے جاتے تہے تو مینے پوچہا ای جبریل یہ کون لوگ ہین جبریل علیہ الصلوۃ والسلام کہا یہ آپکی امت کے خطیب ہین جو لوگون کو حکم کیا کرتے تہے اور اپنی جانون کو بہول جایا کرتے تہے حالانکہ وہ کتاب اللہ کو پڑہتے تہے ایک شاعر نے کہا کسی ایسی خصلت سے دوسری کو منع نہ کر جسے تو خود کرتا ہو (کیونکہ) جب تو یہ کام کریگا تو تجہپر بڑی شرم ہے قتادہ نے کہا توریت مین لکہا ہوا ہے (اللہ فرماتا ہے) آدم کا بیٹا مجہکو یاد کرتا ہے اور آپ مجہکو بہول جاتا ہے اور میری طرف بلاتا ہے اور آپ بہاگتا ہے مجہسے اور باطل ہے جو تم ڈراتے ہو اللہ ارادہ کیا اس سے اللہ عز وجل نے اس شخص کا جو حکم کرتا ہے بہلائی کا اور منع کرتا ہے برائی سے - اور اپنے نفس کو چہوڑ دیتا ہے اور اللہ بزرگ اور بلند ہے اسکو خوب جاننے والا ہے

فصل اور انسان کیلیے بہتر ہے کہ اگر اسے طاقت ہو تنہائی مین دوسرے کو (نیکی کا) حکم کرے یا برائی سے منع کرے تاکہ وعظ کرنے اور تنبیہ کرنے اور اسے نصیحت کرنے مین زیادہ مؤثر اور مضبوط ہو اور قبول کرنے اور باز رہنے مین زیادہ قریب ہو اور ابو درداء نے کہا جس نے اپنے بہائی کو علانیہ نصیحت کی تو بے شک اُسنے اُسے عیب لگایا اور جس نے پوشیدہ نصیحت کی تو بیشک اسکو آرائش دی اگر اُسنے ایسا ہی کیا اور وعظ نے اسے کچہ فائدہ نہ دیا تو پہر کہلے طور پر نصیحت کرے اور اسمین نیک لوگون سے مدد لے اگر یہ بات بہی فائدہ نہ دے تو بادشاہ کے آدمیون سے مدد لے اور واجب ہے کہ برائی سے منع کرنا کبہی نہ چہوڑے کیونکہ اللہ تعالی نے اُس قوم کی مذمت کی جنہون نے اسکو چہوڑ دیا اور اس سے غفلت کی اللہ تعالی نے فرمایا وہ ایک دوسرے کو برے کام سے جو وہ کرتے تہے منع نہ کرتے تہے البتہ برا تہا جو کچہ کرتے تہے - اور اللہ عز وجل نے فرمایا انکو درویشون اور عالمون نے انکے جہوٹ بولنے اور حرام کہانے سے کیون منع نہ کیا البتہ برا ہے جو کچہ کرتے تہے یعنی اُنکے علماء اور فقہاء اور قاریون نے بیحیائی کی بات اور حرام کہانے اور گناہون کے کرنے سے انکو کیون منع نہ کیا اور بعض نے کہا ہے کہ اللہ تعالی نے حضرت یوشع بن نون ع کی طرف وحی کی کہ تیری قوم مین سے چالیس ہزار نیکو کا اور ساٹہ ہزار برون کو ہلاک کرنے کا میرا ارادہ ہے اُنہون نے عرض کیا ای پروردگار یہ تو برے ہین پس نیکون کا کیا حال ہے (یعنے انکے ہلاک کرنے کی کیا وجہ ہے) اللہ تعالی نے فرمایا اسلیے کہ اُنہون نے میرے غصے سے غصہ نہین کیا اور اُن (بدکارون) کے ساتہ کہاتے پیتے ہو

فصل اور ہمنے ذکر کیا ہے کہ پانچوین شرط یہ ہے کہ جس بات کا حکم کرتا ہے خود اُسپر عمل کرنے والا ہو اور جس بات سے منع کرتا ہے وہ خود اُس سے پاک ہو - لیکن ہمارے شیخون نے بیان کیا -

انّ الامر بالمعروف والنهی عن المنکر واجب علی الفاسق
کوجوبه علی العدل فاشرنا الی ذلک لما تقدم من عموم
الآیات والاخبار من غیر فرق وقد حمل بعض السلف
قوله تعالی ومن الناس من یشری نفسه ابتغاء
مرضات الله علی الامر بالمعروف والنهی عن المنکر وروی
انّ عمر بن الخطاب رضی الله تعالی عنه سمع انسانا یقرء
هذه الآیة فقال انا لله وانا الیه راجعون قام رجل
یامر بالمعروف وینهی عن المنکر فقتل وعن ابی امامة
قال ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال افضل الجهاد
کلمة حق عند امام جائر وعن جابر بن عبد الله قال
قال رسول الله صلی الله علیه وسلم افضل الشهداء یوم
القیمة حمزة بن عبد المطلب ورجل قام الی امام جائر
فامره ونهاه فقتله وقد ذکر الله تعالی الذی ینهی
عن المنکر وتاخذه العزة فلا یمتنع فقال عز وجل و
اذا قیل له اتق الله اخذته العزة بالاثم الآیة و
قال ابن مسعود ان من اکبر الذنوب عند الله عز وجل
ان یقال للعبد اتق الله فیقول علیک بنفسک و
جمیع ذلک عام فی حق صالح وطالح وروی ابو هریرة
انّ النبی صلی الله علیه وسلم قال مروا بالمعروف و
ان لم تعملوا وانهوا عن المنکر وان لم تنتهوا عنه و
انه لا یخلو احد من معصیة اما ظاهرا واما باطنا
فان قلنا لا ینکر الا المتنزه عنه تعذر الامر بالمعروف
والنهی عن المنکر فیندرس الامر بالمعروف والنهی
عن المنکر ویضمحل **فصل** والذی یؤمر به و
ینکر علی ضربین فکل ما وافق الکتاب والسنة و
العقل فهو معروف وکل ما خالف فهو منکر ثم
ذلک ینقسم قسمین احدهما ظاهر یعرفه العوام
والخواص وهو کوجوب الصلوات الخمس وصوم
رمضان والزکوة والحج وغیر ذلک ومن المنکر کتحریم

کہ بھلائی کا حکم کرنا اور برائی سے منع کرنا فاسق پر بھی ایسا ہی واجب ہے جیسے عادل
پر پس ہم نے اسی کیطرف اشارہ کیا ہے کیونکہ آیات اور احادیث (سابقہ) بلا تفریق
عام ہیں اور بعض سلف نے باریتعالی کے اس قول کو یعنی بعض لوگوں میں سے وہ ہے جو
اپنی جان کو اللہ تعالی کی رضامندی کے لیے بیچتا ہے اچھی بات کے حکم کرنے اور
بری بات سے منع کرنے پر محمول کیا ہے اور مروی ہے کہ حضرت عمر بن خطاب نے ایک آدمی کو
یہ آیت کے پڑھتے ہوئے سنا پس کہا تحقیق ہم اللہ کے واسطے ہیں اور بیشک ہم
اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں (پھر کہا) ایک آدمی کھڑا ہوا جو بھلائی کا حکم کرتا
تھا اور برائی سے منع کرتا تھا پس قتل کیا گیا۔ اور ابو امامہؓ سے مروی ہے کہا رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بادشاہ کے پاس سچی بات کا کہنا بہتر جہاد ہے
جابر بن عبد اللہ سے مروی ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
قیامت کے دن سب شہیدوں سے بہتر حمزہ بن عبد المطلب ہے اور وہ شخص جو
ظالم بادشاہ کے پاس کھڑا ہوا اور اُسے اچھی بات کا حکم کیا اور بری بات سے
منع کیا پس اُسنے اُسے قتل کردیا اور اللہ تعالے نے اُس شخص کا ذکر کیا جو برائی
سے منع کیا جاتا ہے اور اُسے اُسکی عزت دنیاوی مقید کردیتی ہے اور وہ باز
نہیں رہتا پس اللہ تعالے نے فرمایا جب اُسے کہا جاتا ہے کہ اللہ سے ڈر تو اسکو اُسکی عزت دنیاوی
گناہ میں پکڑتی ہے آخر آیۃ تک اور ابن مسعودؓ نے کہا اللہ عز وجل کے نزدیک بڑے گناہوں میں سے
یہ ہے کہ کسی بندہ کو کہا جاوے کہ اللہ تعالی سے ڈر اور وہ اسکے جواب میں یہ کہے کہ تو پہلے اپنے نفس کو
درست کر اور یہ سب کا سب نیک اور بد کے حق میں عام ہے اور ابو ہریرہؓ نے روایت کی کہ نبی
صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم بھلائی کا حکم کرو اگرچہ تم اسپر عمل نہ کرو اور برائی سے
منع کرو اگرچہ تم اُس سے باز نہ ہو اور بیشک کوئی شخص گناہ سے خالی نہیں ہے
خواہ ظاہر میں کرے یا باطن میں اگر ہم کہیں کہ بجز اُس شخص کے جو خود برائی
سے پاک ہو کوئی دوسرے کو برائی سے منع نہ کرے تو بھلائی کا حکم کرنا اور برائی سے
منع کرنا مشکل ہو جاویگا پس اچھی بات کا حکم کرنا اور بری بات سے منع
کرنا جاتا رہیگا اور مٹ جاویگا **فصل** وہ بات جس کا حکم کیا جاوے اور جس
سے منع کیا جاوے دو قسم ہے پس جو بات کہ کتاب اللہ اور سُنتہ رسول اللہ اور عقل سلیم
کے موافق ہو وہ اچھی بات ہے اور جو بات (اشیاء مذکورہ بالا کی) مخالف ہو وہ
بری ہے پھر یہ دو قسم پر منقسم ہے اُن میں سے ایک تو ظاہر ہے اُسے عام اور خاص
سب لوگ پہچانتے ہیں اور وہ جیسے پانچ وقت کی نماز کا واجب ہونا اور ماہ
رمضان کے روزے اور زکوۃ اور حج وغیرہ اور بری بات جیسے۔

الزِّنَا وَشُرْبِ الْخَمْرِ وَالسَّرِقَةِ وَقَطْعِ الطَّرِيْقِ وَالرِّبَا وَالْغَصْبِ وَغَيْرِ ذٰلِكَ فَهٰذَا الْقِسْمُ يَجِبُ اِنْكَارُهُ عَلَى الْعَوَامِّ كَمَا يَجِبُ عَلَى الْخَوَاصِّ مِنَ الْعُلَمَاءِ وَالْقِسْمُ الثَّانِيْ مَالَا يَعْرِفُهُ اِلَّا الْخَوَاصُّ مِثْلُ اعْتِقَادِهٖ مَا يَجُوْزُ عَلَى الْبَارِيْ وَمَا لَا يَجُوْزُ فَذَا يَخْتَصُّ اِنْكَارُهُ بِالْعُلَمَاءِ فَاِنْ اَخْبَرَ اَحَدٌ مِّنَ الْعُلَمَاءِ بِذٰلِكَ لِوَاحِدٍ مِّنَ الْعَوَامِّ جَازَ لَهٗ ذٰلِكَ وَوَجَبَ عَلَى الْعَامِّيِّ الْاِنْكَارُ عِنْدَ الْقُدْرَةِ عَلٰى مَا بَيَّنَّا وَلَا يَجُوْزُ قَبْلَ ذٰلِكَ وَاَمَّا اِذَا كَانَ الشَّيْءُ مِمَّا اخْتَلَفَ الْفُقَهَاءُ فِيْهِ وَسَاغَ فِيْهِ الْاِجْتِهَادُ كَشُرْبِ عَامِّيٍّ النَّبِيْذَ مُقَلِّدًا لِاَبِيْ حَنِيْفَةَ وَتَزَوُّجِ امْرَاَةٍ بِلَا وَلِيٍّ عَلٰى مَا عُرِفَ مِنْ مَذْهَبِهٖ لَمْ يَكُنْ لِاَحَدٍ مِّمَّنْ هُوَ عَلٰى مَذْهَبِ الْاِمَامِ اَحْمَدَ وَالشَّافِعِيِّ الْاِنْكَارُ عَلَيْهِ لِاَنَّ الْاِمَامَ اَحْمَدَ قَالَ فِيْ رِوَايَةِ الْمَرْوَزِيِّ لَا يَنْبَغِيْ لِلْفَقِيْهِ اَنْ يَحْمِلَ النَّاسَ عَلٰى مَذْهَبِهٖ وَلَا يُشَدِّدَ عَلَيْهِمْ وَاِذَا ثَبَتَ هٰذَا فَالْاِنْكَارُ اِنَّمَا يَتَعَيَّنُ فِيْ خَرْقِ الْاِجْمَاعِ دُوْنَ الْمُخْتَلَفِ فِيْهِ وَقَدْ نُقِلَ عَنِ الْاِمَامِ اَحْمَدَ مَا يَدُلُّ عَلٰى جَوَازِ الْاِنْكَارِ فِي الْمُخْتَلَفِ فِيْهِ وَهُوَ مَا قَالَ فِيْ رِوَايَةِ الْمَيْمُوْنِيِّ فِيْ رَجُلٍ يَمُرُّ بِالْقَوْمِ وَهُمْ يَلْعَبُوْنَ بِالشِّطْرَنْجِ يَنْهَاهُمْ وَيَعِظُهُمْ وَمَعْلُوْمٌ اَنَّ ذٰلِكَ جَائِزٌ عِنْدَ اَصْحَابِ الشَّافِعِيِّ

فَصْلٌ وَيَنْبَغِيْ لِكُلِّ مُؤْمِنٍ اَنْ يَّعْمَلَ بِهٰذِهِ الْاٰدَابِ فِيْ سَائِرِ اَحْوَالِهٖ وَلَا يَتْرُكَ الْعَمَلَ بِهَا وَقَدْ رُوِيَ عَنْ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ تَاَدَّبُوْا ثُمَّ تَعَلَّمُوْا وَقَالَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَلْخِيُّ اَدَبُ الْعِلْمِ اَكْثَرُ مِنَ الْعِلْمِ وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُبَارَكٍ اِذَا وُصِفَ لِيْ رَجُلٌ لَهٗ عِلْمُ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ لَا اَتَاَسَّفُ عَلٰى فَوْتِ لِقَائِهٖ وَاِذَا سَمِعْتُ رَجُلًا لَهٗ اَدَبُ النَّفْسِ اَتَمَنّٰى لِقَائَهٗ وَاَتَاَسَّفُ عَلٰى فَوْتِ لِقَائِهٖ وَيُقَالُ مَثَلُهٗ كَمَثَلِ بَلْدَةٍ لَهَا خَمْسَةٌ مِّنَ الْحُصُوْنِ الْاَوَّلُ مِنْ ذَهَبٍ وَالثَّانِيْ مِنْ فِضَّةٍ وَالثَّالِثُ مِنْ حَدِيْدٍ وَالرَّابِعُ مِنْ اٰجُرٍّ وَالْخَامِسُ مِنْ لَبِنٍ فَمَا دَامَ اَهْلُ الْحِصْنِ مُتَعَاهِدِيْنَ الَّذِيْ هُوَ مِنْ لَبِنٍ لَا يَطْمَعُ الْعَدُوُّ فِي الثَّانِيْ فَاِذَا اَهْمَلُوْا ذٰلِكَ طَمِعُوْا فِي الْحِصْنِ الثَّانِيْ

زنا کا اور شراب کے پینے کا اور چوری کرنے کا اور رہزنی کرنے کا اور بیاج لینے اور دینے کا اور لوٹنے وغیرہ کا ہے پس یہ قسم واجب ہے اسکا منع کرنا عوام پر جیسے واجب ہے خاصوں پر علما میں سے اور قسم دوسرا وہ ہے جسکو نہ پہچانیں سوا خواصوں کے جیسے اعتقاد کرنا اس چیز کا کہ جائز ہے اللہ تعالیٰ پر اور اس چیز کا کہ نہیں جائز ہے اللہ تعالیٰ پر پس یہ خاص ہے اسکا منع کرنا علما سے پس اگر خبر کرے کوئی علما میں سے اسکے ساتھ کسی کو عوام میں سے تو جائز ہے اس عالم کو اور واجب ہے عامی پر منع کرنا قدرت کے وقت جیسا ہمنے بیان کیا اور نہیں جائز ہے اس سے پہلے ولیکن جب وہ چیز اُن چیزوں میں سے ہو جنمیں اختلاف کیا ہے فقہانے اور گنجایش ہے اسمیں اجتہاد کو جیسے پینا عامی کا نبیذ تقلید کرکے ابو حنیفہؒ کی اور نکاح کرنا عورت کا بغیر ولی کے جیسا مشہور ہے ان کے مذہب میں اور نہیں پہنچتا کسی کو ان میں سے جو امام احمدؒ اور شافعیؒ کے مذہب پر ہوں انکار کرنا اسپر کیونکہ امام احمدؒ نے کہا ہے مروزی کی روایت میں نہیں جائز فقیہ کو یہ کہ اوٹھاوے لوگوں کو اپنے مذہب پر اور نہ سختی کرے اپنر اور جب یہ ثابت ہوا پس منع کرنا سوا اسکے نہیں کہ مقرر ہے اجماع کے پھاڑنے میں سوا اس مسئلہ کے جسمیں اختلاف کیا گیا ہوا اور تحقیق منقول ہے امام احمد سے جو دلالت کرتا ہے منع کرنے کے جواز پر مختلف فیہ مسئلہ میں اور وہ یہ ہے کہ کہا میمون کی روایت میں اس مرد کے بارے میں جو گزرے ایک قوم پر اور وہ کھیلتے ہوں شطرنج سے وہ انکو منع کرے اور ان کو نصیحت کرے اور معلوم ہے کہ تحقیق یہ جائز ہے نزدیک اصحاب شافعیؒ کے فصل اور واجب ہے ہر مومن کو یہ کہ عمل کرے ان آداب پر تمام اپنے احوال میں اور نہ ترک کرے اسپر عمل کرنا اور تحقیق روایت کی گئی ہے حضرت امیر المومنین عمر بن الخطابؓ سے کہ کہا ادب حاصل کرو پھر پڑھو اور کہا ابو عبد اللہ بلخی نے علم کا ادب علم سے بہت زیادہ ہے اور کہا عبد اللہ بن مبارک نے جب مجھسے بیان کیا جاتا ہے کوئی مرد جسکو علم ہو پہلوں اور پچھلوں کا تو میں افسوس نہیں کرتا اسکی ملاقات کے فوت ہونے پر اور جب میں سنتا ہوں ایسے مرد کو جسکو نفس کا ادب ہو تو میں آرزو کرتا ہوں اسکی ملاقات کی اور افسوس کرتا ہوں اسکی ملاقات فوت ہونے پر اور کہا جاتا ہے کہ اسکی مثل مثال ہے جیسے شہر جسکے لیے پانچ قلعے ہوں پہلا سونے کا اور دوسرا چاندی کا اور تیسرا لوہے کا اور چوتھا پکی اینٹوں کا اور پانچواں کچی اینٹوں کا پس جبتک کہیں قلعہ والے نگہبانی کرنے والے اس قلعہ کی جو کچی اینٹوں سے ہے تو نہ طمع کریگا دشمن دوسرے قلعہ میں پھر جب وہ چھوڑینگے اس قلعہ کو تو طمع کرینگے دشمن دوسرے قلعے کا۔

ثُمَّ فِي الثَّالِثِ حَتّٰى تَخْرَبَ الْحُصُونُ كُلُّهَا كَذٰلِكَ لِنَا الْإِيْمَانُ
فِي خَمْسَةٍ مِنَ الْحُصُونِ أَوَّلُهَا الْيَقِيْنُ ثُمَّ الْإِخْلَاصُ ثُمَّ أَدَاءُ
الْفَرَائِضِ ثُمَّ إِتْمَامُ السُّنَنِ ثُمَّ حِفْظُ الْآدَابِ فَمَا دَامَ الْعَبْدُ
يَحْفَظُ الْآدَابَ وَيَتَعَاهَدُهَا فَالشَّيْطَانُ لَا يَطْمَعُ ..
فِيهِ فَإِذَا تَرَكَ الْآدَبَ طَمِعَ الشَّيْطَانُ فِي السُّنَنِ ثُمَّ فِي الْفَرَائِضِ
ثُمَّ فِي الْإِخْلَاصِ ثُمَّ فِي الْيَقِيْنِ فَيَنْبَغِي لِلْإِنْسَانِ أَنْ يَحْفَظَ
الْآدَابَ فِي جَمِيْعِ أُمُوْرِهِ مِنَ الْوُضُوْءِ وَالصَّلٰوةِ وَالْبَيْعِ
وَالشِّرَاءِ وَغَيْرِ ذٰلِكَ هٰذَا آخِرُ مَا اخْتَرْنَا وَأَرَدْنَا وَلَخَّصْنَا
مِنْ آدَابِ الشَّرِيْعَةِ فَبِامْتِثَالِ الْأَمْرِ فِي الْعِبَادَاتِ الْخَمْسِ
الْمُقَدَّمِ ذِكْرُهَا يَصِيْرُ مُسْلِمًا وَبِالتَّأَدُّبِ بِهٰذِهِ الْآدَابِ
يَكُوْنُ تَابِعًا لِلسُّنَّةِ وَمُتَّبِعًا لِلْأَثَرِ وَيَحْصُلُ لَهُ بِذٰلِكَ
مَعْرِفَةٌ مَا وَبَقِيَ عَلَيْهِ حَقِيْقَةُ مَعْرِفَةِ الصَّانِعِ وَهِيَ مِنْ أَعْمَالِ
الْقَلْبِ فَأَخَّرْنَاهَا لِيَسْهُلَ عَلَيْهِ الدُّخُوْلُ فِي دِيْنِنَا فَإِذَا
تَقَمَّصَ بِنُوْرِ الْإِسْلَامِ ظَاهِرًا قُلْنَا لَهُ تَقَمَّصْ بِنُوْرِ

الْإِيْمَانِ بَاطِنًا

بَابٌ فِي مَعْرِفَةِ الصَّانِعِ

عَزَّ وَجَلَّ فَنَقُوْلُ فَأَمَّا مَعْرِفَةُ الصَّانِعِ عَزَّ وَجَلَّ بِالْآيَاتِ
وَالدَّلَالَاتِ عَلٰى وَجْهِ الْاِخْتِصَارِ فَهِيَ أَنْ يَعْرِفَ وَيَتَيَقَّنَ
أَنَّهُ وَاحِدٌ أَحَدٌ فَرْدٌ صَمَدٌ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ
كُفُوًا أَحَدٌ لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ لَا شَبِيْهَ
لَهُ وَلَا نَظِيْرَ وَلَا عَوْنَ وَلَا شَرِيْكَ وَلَا ظَهِيْرَ وَلَا وَزِيْرَ
وَلَا نِدَّ وَلَا مُشِيْرَ لَهُ لَيْسَ بِجِسْمٍ فَيُمَسَّ وَلَا بِجَوْهَرٍ فَيُحَسَّ
وَلَا عَرَضٍ فَيُقْضٰى وَلَا ذِيْ تَرْكِيْبٍ أَوْ آلَةٍ وَتَأْلِيْفٍ
وَمَاهِيَّةٍ وَتَحْدِيْدٍ وَهُوَ اللّٰهُ لِلسَّمَاءِ رَافِعٌ وَلِلْأَرْضِ
وَاضِعٌ لَا طَبِيْعَةٌ مِنَ الطَّبَائِعِ وَلَا طَالِعٌ مِنَ الطَّوَالِعِ وَلَا ظُلْمَةٌ
تَظْهَرُ وَلَا نُوْرٌ يَزْهَرُ حَاضِرُ الْأَشْيَاءِ عِلْمًا شَاهِدٌ لَهَا
مِنْ غَيْرِ مُمَاسَّةٍ عَزِيْزٌ قَاهِرٌ حَاكِمٌ قَادِرٌ رَاحِمٌ غَافِرٌ
سَاتِرٌ مُعِزٌّ نَاصِرٌ رَؤُوْفٌ خَالِقٌ فَاطِرٌ أَوَّلٌ آخِرٌ ظَاهِرٌ
بَاطِنٌ فَرْدٌ مَعْبُوْدٌ حَيٌّ لَا يَمُوْتُ أَزَلِيٌّ لَا يَفُوْتُ أَبَدِيٌّ

پھر تیسرے قلعے کا یہاں تک کہ خراب کردیگے سب کے سب قلعوں کو پس
اسیطرح سے ایمان پانچ قلعوں میں پہلا اُن کا یقین ہے پھر اخلاص پھر ادا
کرنا فرضوں کا پھر پورا کرنا سنتوں کا پھر نگاہ رکھنا آداب کا پس جب تک رہیگا بندہ
نگاہ رکھتا آداب کو اور اُن کو لازم پکڑتا پس شیطان نہیں طمع رکھتا اس میں پس
جب چھوڑ دیتا ہے ادب کو تو طمع کرتا ہے شیطان سنتوں میں پھر فرضوں میں پھر
اخلاص میں پھر یقین میں پس واجب ہے انسان کو یہہ کہ نگاہ رکھے آداب کو اپنے
سب کاموں میں وضو اور نماز اور بیچنے اور خریدنے وغیرہ میں یہہ ہے آخر
اُس چیز کا کہ ہمنے اختیار کیا اور ارادہ کیا اور خالص کیا شریعت کے آداب
میں سے پس بجا لانے سے حکم کے پانچوں عبادتوں میں جنکا بیان آگے گذرچکا
مسلمان ہوتا ہے مسلمان اور ادب سیکھنے سے ان آداب کے ہوتا ہے پیروی
کرنے والا سنت کا اور پیروی کرنے والا سلف کے قدم کا اور حاصل ہوتی
ہے کچھ معرفت اور باقی رہتی ہے اسپر حقیقت اللہ تعالی کی معرفت کی
اور وہ ہے عملوں میں سے دل کے پس ہمنے اسکو پیچھے کیا تاکہ آسان ہو
اسپر داخل ہونا ہمارے دین میں پس جب وہ پیراہن پہن لیگا اسلام
کے نور کا ظاہر میں تو اس سے ہم کہینگے تو پیراہن پہن ایمان کے نور کا
باطن میں۔ باب اللہ عزوجل کی معرفت میں۔ پس ہم کہتے ہیں لیکن
معرفت اللہ عزوجل کی آیتوں اور دلیلوں سے اختصار کے طریقہ پر
پس یہہ ہے کہ جانا جاوے اور یقین کیا جاوے کہ وہ اکیلا ہے ایک
ہی ہے تنہا ہے بے پرواہ ہے اُسنے نہ جنا اور نہ آپ جنا گیا اور نہیں ہے
اسکا مثل کوئی نہیں ہے اس جیسی کوئی چیز اور وہ سننے والا دیکھنے والا
ہے نہیں ہے اس جیسا کوئی اور نہ کوئی مددگار اور نہ کوئی شریک اور نہ
کوئی قوت دینے والا اور نہ کوئی وزیر اور نہ کوئی صلاحکار ہے نہ وہ جسم
ہے پس ٹٹولا جاوے اور نہ جوہر ہے پس سمجھا جاوے اور نہ وہ عرض ہے پس وہ
گذرجاوے اور نہ وہ صاحب ترکیب اور اسباب اور جوڑ اور ماہیت اور حد کا ہے اور وہ سچا معبود ہے
آسمان کا بلند کرنیوالا اور زمین کا نیچے کرنیوالا نہیں ہے وہ طبیعت طبیعتوں میں سے اور
نہیں ہے وہ طالع طالعوں میں سے اور نہیں ہے وہ اندھیرا کہ ظاہر ہوتا ہے اور نہیں ہے نور کہ
چمکتا ہے سب چیزوں کا علم سے دیکھنے والا ہے ان سب کا بغیر ٹٹولنے کے غالب ہے غلبہ
کرنیوالا حکم ہے قادر ہے رحم کرنیوالا بخشنیوالا عیبوں کا چھپانیوالا عزت دینے والا مدد کرنیوالا بڑی مہربانی
کرنیوالا پیدا کرنیوالا بے نمونہ کے سب سے پہلے پیچھے رہنیوالا ظاہر پوشیدہ تنہا عبادت کیا گیا ہمیشہ زندہ
رہنیوالا نہیں فوت ہوگا ہمیشہ رہیگا

الْمَلَكُوتِ سَرْمَدِيُّ الْجَبَرُوتِ تَيُّومٌ لَا يَنَامُ عَزِيزٌ لَا يُضَامُ
مَنِيعٌ لَا يُرَامُ تَلَأْلَأَ الْأَسْمَاءُ آمِرُ النِّظَامِ وَالْمَوَاهِبُ الْكِرَامُ قَضَى بِالْفَنَاءِ
عَلَى جَمِيعِ الْأَنَامِ فَقَالَ كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ وَيَبْقَى وَجْهُ رَبِّكَ
ذُو الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ وَهُوَ بِجِهَةِ الْعُلُوِّ مُسْتَوٍ عَلَى
الْعَرْشِ مُحْتَوٍ عَلَى الْمُلْكِ مُحِيطٌ عِلْمُهُ بِالْأَشْيَاءِ إِلَيْهِ يَصْعَدُ
الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهُ يُدَبِّرُ الْأَمْرَ مِنَ السَّمَاءِ
إِلَى الْأَرْضِ ثُمَّ يَعْرُجُ إِلَيْهِ فِي يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ أَلْفَ
سَنَةٍ مِمَّا تَعُدُّونَ خَلَقَ الْخَلَائِقَ وَأَعْمَالَهُمْ وَقَدَّرَ أَرْزَاقَهُمْ
وَآجَالَهُمْ لَا مُقَدِّمَ لِمَا أَخَّرَ وَلَا مُؤَخِّرَ لِمَا قَدَّمَ أَرَادَ الْعَالَمَ
وَمَا هُمْ فَاعِلُوهُ وَلَوْ عَصَمَهُمْ لَمَا خَالَفُوهُ وَلَوْ شَاءَ أَنْ
يُطِيعُوهُ جَمِيعًا لَأَطَاعُوهُ يَعْلَمُ السِّرَّ وَأَخْفَى عَلِيمٌ بِذَاتِ
الصُّدُورِ أَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ وَهُوَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ هُوَ
الْمُحَرِّكُ هُوَ الْمُسَكِّنُ لَمْ تَتَصَوَّرْهُ الْأَوْهَامُ وَلَا تُقَدِّرُهُ
الْأَذْهَانُ وَلَا يُقَاسُ بِالنَّاسِ جَلَّ أَنْ يُشَبَّهَ بِمَا صَنَعَهُ
أَوْ يُضَافَ إِلَى مَا اخْتَرَعَهُ وَابْتَدَعَهُ مُحْصِي الْأَنْفَاسِ
الْقَائِمُ عَلَى كُلِّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ لَقَدْ أَحْصَاهُمْ وَعَدَّهُمْ
عَدًّا وَكُلُّهُمْ آتِيهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَرْدًا لِتُجْزَى كُلُّ نَفْسٍ
بِمَا تَسْعَى لِيَجْزِيَ الَّذِينَ أَسَاءُوا بِمَا عَمِلُوا وَيَجْزِيَ الَّذِينَ
أَحْسَنُوا بِالْحُسْنَى غَنِيٌّ عَنْ خَلْقِهِ رَازِقٌ لِبَرِيَّتِهِ
يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ يَرْزُقُ وَلَا يُرْزَقُ يُجِيرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ
الْخَلِيقَةُ مُفْتَقِرَةٌ إِلَيْهِ لَمْ يَخْلُقْهُمْ لِاجْتِلَابِ نَفْعٍ وَلَا دَفْعِ
ضَرٍّ وَلَا لِدَاعٍ دَعَاهُ إِلَيْهِ وَلَا لِخَاطِرٍ لَهُ وَفِكْرٍ حَدَثَ
بَلْ إِرَادَةٌ مُجَرَّدَةٌ كَمَا قَالَ وَهُوَ أَصْدَقُ الْقَائِلِينَ
ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيدُ فَعَّالٌ لِمَا يُرِيدُ مُتَفَرِّدٌ بِالْقُدْرَةِ
عَلَى اخْتِرَاعِ الْأَعْمَالِ وَكَشْفِ الضُّرِّ وَالْبَلْوَى وَتَقْلِيبِ
الْأَعْيَانِ وَتَغْيِيرِ الْأَحْوَالِ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِي شَأْنٍ
يَسُوقُ مَا قَدَّرَ إِلَى مَا وَقَّتَ وَأَنَّهُ تَعَالَى حَيٌّ بِحَيَاةٍ
وَعَالِمٌ بِعِلْمٍ وَقَادِرٌ بِقُدْرَةٍ وَمُرِيدٌ بِإِرَادَةٍ وَسَمِيعٌ
بِسَمْعٍ وَبَصِيرٌ بِبَصَرٍ وَمُدْرِكٌ بِإِدْرَاكٍ وَمُتَكَلِّمٌ

بڑے ملک والا ہمیشہ کے غلبے والا قائم رکھنے والا سب جہان کا نہیں سوتا غالب ہے نہیں
ہجوم کیا جاتا اسپر غالب ہے نہیں طلب کیا جاتا ہیں اسی کیلئے ہیں تمام بڑے اور
بخششیں بڑی اُسنے حکم کیا فانی ہونیکا سب مخلوق پر پس فرمایا جو کوئی اوپر زمین
کے ہے فنا ہونیوالا ہے اور باقی ہمیشگی ذات پروردگار تیرے کی صاحب بزرگی اور
صاحب انعام کی اور وہ اوپر کیطرف ہے قرار پکڑنے والا عرش پر گھیرنے والا ہے اسکا
علم سب چیزوں کو اُسیطرف چڑھتے ہیں کلمات پاکیزہ اور عمل نیک اور بلند کرتا ہے اسکو
تدبیر کرتا ہے کام کی آسمان سے طرف زمین کی پھر چڑھ جاتا ہے طرف اسکی
بیچ ایک دن کے کہ ہے قدر اسکی ہزار برس اس سے جو گنتے ہو اسنے مخلوق اور انکو کاموں
کو پیدا کیا اور انکی روزی اور اجل مقرر کی جسکو اُسنے مؤخر کیا اُسکا کوئی مقدم
کرنیوالا نہیں اور جسکو اُسنے مقدم کیا اسکا کوئی ہٹانیوالا نہیں خدا نے جہان اور اسکو
کاموں کا ارادہ کیا اور اگر انکو بچاتا تو کبھی اسکی مخالفت نہ کرتے اور اگر سب سے فرمانبرداری
چاہتا تو ضرور اسکی فرمانبرداری کرتے جانتا ہے پوشیدہ بات کو اور دل کی بات کو
وہ تو سینے کی باتوں کو جانتا ہے کیا جس نے پیدا کیا وہ نہیں جانتا وہ باریک بین
اور خبردار ہے وہی ہلانے والا اور وہی ٹھیرانے والا ہے وہ وہم میں نہیں آسکتا
اور اُسکو ذہن اندازہ نہیں کرسکتی اور لوگوں پر قیاس نہیں ہوسکتا برتر ہے اس سے کہ اُسکی
کی مخلوقات کی ساتھ تشبیہ دیجاوے یا ان چیزوں کیطرف نسبت کیا جاوے جو اُسنے
بنائیں اور ایجاد کیں یاد رکھنے والا ہے سانسوں کا ہر نفس پر قائم ہے اسکو ساتھ جو اُسنے
کمایا بیشک اُسنے انکو یاد کر رکھا ہے اور گن رکھا ہے گن گن کر اور وہ سب اُس کو پاس
قیامت کے دن اکیلے اکیلے آوینگے تاکہ ہر جی اپنے کیے کا بدلا پاوے تاکہ برائی کرنے
والوں کو انکی برائی کا بدلا دے اور نیکی والوں کا بدلا نیک اپنی مخلوق سے بے پرواہ ہے
اور اپنی پیدائش کا روزی رساں ہے کھلاتا ہے اور اُسکو کوئی نہیں کھلاتا رزق دیتا ہے اور
اسکو کوئی رزق نہیں دیتا پناہ دیتا ہے اور اُسکے عذاب سے کوئی نہیں بچاتا مخلوق
اسکی طرف محتاج ہے انکو کسی فائدے کے حاصل کرنے یا نقصان کے دور کرنے کے
لیئے نہیں پیدا کیا اور نہ اسلیئے کہ پیدا کرنے کی کسی نے درخواست کی ہو اور نہ
کسی خیال کی وجہ سے اور نہ فکر سے جو پیدا ہوا بلکہ محض ارادے سے پیدا
کیا جسطرح وہ خود فرماتا ہے بڑے عرش والا ہے کر ڈالنے والا جو چاہے اکیلا ہے اپنی قدرت میں
اعیان کو نئی طور بنانے پر ضرر اور بلا کو دور کرنے پر اور اعیان کو بدلانے پر اور حالات کو پھیر دینے پر وہ ہر دن ایک کام
میں ہے، چلاتا ہے اسکو جو اُسنے مقدر کیا اس وقت تک جو اُسنے معین کیا اور وہ بلند برتر زندہ ہے اپنی زندگی
سے اور جاننے والا ہے اپنے علم سے اور توانا ہے اپنی توانائی سے اور ارادہ کرنیوالا ہے اپنے ارادے سے اور سننے والا ہے
کان سے اور دیکھنے والا ہے آنکھ سے اور مدرک ہے ادراک سے

بكلامٍ وّامرٌ بامرٍ وّناهٍ بنهيٍ وّمخبرٌ بخبرٍ وّانه تعالى عادلٌ
في حكمه وقضائه ومحسنٌ متفضلٌ في عطائه وانعامه
مبدئٌ وّمعيدٌ محيٍ وّمميتٌ محاسبٌ وّموحدٌ مثيبٌ
وّمعاقبٌ جوادٌ لا يبخل حليمٌ لا يعجل حفيظٌ لا ينسى
يقظانٌ لا يسهو ارقٌ لا يغفل يقبض ويبسط يضحك
ويفرح يحب ويكره ويبغض ويرضى ويغضب يسخط
يرحم ويغفر يعطي ويمنع له يدان وكلتا يديه يمين
قال جل وعلا والسموٰت مطويّٰتٌ بيمينه روى نافع عن
ابن عمر رضي الله عنهما انه قال قرا رسول الله صلى
الله عليه وسلم على المنبر والسموٰت مطويّٰت بيمينه
وقال تكون في يمينه يرمي بها كما يرمي الغلام بالكرة
ثم يقول انا العزيز قال فلقد رايت رسول الله صلى
الله عليه وسلم يتحرك على المنبر حتى كاد يسقط قال
ابن عباس رضي الله عنهما يقبض الارضين والسموٰت
جميعًا فلا يرى طرفها من قبضته وعن انس ابن
مالك عن ابن عباس رضي الله عنهم عن النبي
صلى الله عليه وسلم انه قال المقسطون يوم القيمة
على منابر من نور على يمين الرحمٰن وكلتا يديه يمين
وخلق ادم عليه السلام بيده على صورته وغرس
جنة عدن بيده وغرس شجرة طوبى بيده وكتب
التورية بيده وناولها موسى من يده الى يده
وكلمه تكليمًا من غير واسطة ولا ترجمان وقلوب
العباد بين اصبعين من اصابع الرحمٰن يقلبها كيف
يشاء ويوعيها ما اراد والسموٰت والارض يوم
القيمة في كفه كما جاء في الحديث ويضع قدمه
في جهنم فينزوي بعضها الى بعض وتقول قط
قط ويخرج قوم من النار بيده وينظر اهل الجنة
في وجهه ويرونه لا يضامون في رؤيته ولا يضارون
كما جاء في الحديث فيتجلى لهم ويعطيهم ما يتمنون

اور متکلم ہے ساتھ کلام کے اور حکم کرنیوالا ہے ساتھ حکم کے اور روکنے والا ہے اپنی نہی سے
اور خبر دینے والا ہے خبر کے ساتھ اور وہ بلند اور برتر اپنے حکم و فیصلہ میں عادل ہے اور احسان
کرنیوالا ہے فضل والا ہے اپنے عطا و انعام میں پہلی بار پیدا کرنے والا اور دوبارہ
بنانیوالا اور مارنیوالا اور جلانیوالا ہے اور نئی طرح بنانیوالا ہے اور ایجاد کرنیوالا اور ثواب
دینے والا ہے اور عذاب کرنیوالا ہے دینے والا ہے نہیں بخل بردبار ہے عذاب کی جلدی نہیں کرتا
یاد رکھنے والا ہے نہیں بھولتا جاگتا ہے نہیں سہو کرتا خبردار ہے نہیں بے خبر روزی بند
کرتا ہے اور فراخ کرتا ہے ہنستا ہے اور خوش ہوتا ہے. دوست رکھتا ہے اور کراہت کرتا ہے
اور بغض کرتا ہے اور خوش ہوتا ہے اور غصہ ہوتا ہے اور ناراض ہوتا ہے مہربانی کرتا ہے
معاف کرتا ہے دیتا ہے اور نہیں دیتا اسکے دو ہاتھ ہیں اور دونوں داہنے ہیں جیسا
کہ اسنے آپ فرمایا اور آسمان اسکے داہنے ہاتھ میں لپیٹے ہوئے ہونگے نافع نے ابن عمر رضی اللہ
عنہما سے روایت کیا ہے فرمایا پڑھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منبر پر یہ آیت
اور آسمان لپیٹے ہونگے اسکے داہنے ہاتھ میں اور فرمایا آسمان ہونگے اسکے داہنے ہاتھ میں چلاویگا
انکو جسطرح لڑکا گیند چلاتا ہے پھر کہیگا میں غالب ہوں عمر نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا منبر پر جھولتے تھے یہانتک کہ گرنے کے قریب ہوگئے ابن عباس
رضی اللہ عنہما نے فرمایا زمینوں اور آسمانوں سب کو مٹھی میں لیگا اور اسکی مٹھی سے
کوئی کنارہ نکلا نہ ہوگا اور انس بن مالک رضی اللہ عنہ ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما سے
روایت کرتے ہیں اور وہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ آپ نے فرمایا عدل کرنے والے
قیامت کے دن نور کے منبروں پر ہونگے رحمان کی داہنی طرف اور اسکے دونوں ہاتھ داہنے ہیں
اور آدم علیہ السلام کو پیدا کیا اپنے ہاتھ سے اپنی صورت پر اور گاڑا جنت عدن کو اپنے ہاتھ
سے اور گاڑا طوبی کے درخت کو اپنے ہاتھ سے اور لکھا توریت کو اپنے ہاتھ سے اور پکڑ لیا موسی نے
توریت کو اسکے ہاتھ سے اپنے ہاتھ سے اور گاڑا طوبی کے درخت کو اپنے ہاتھ سے اور لکھا توریت کو اپنے
ہاتھ سے اور پکڑ لیا موسی نے توریت کو اسکے ہاتھ سے اپنے ہاتھ میں اور کلام کی موسی سے اسکے
ساتھ کلام کرنی بلا واسطہ اور سوا کسی ترجمہ کرنے والے کے اور بندوں کے دل دو انگلیوں
میں ہیں رحمن کی انگلیوں میں سے پھیرتا ہے جسطرف چاہتا ہے اور بچا لیتا ہے ان سے جسکو
چاہتا ہے اور آسمان اور زمین قیامت کے دن اسکے ہاتھ میں ہونگے جسطرح حدیث میں آیا ہے
اور رکھیگا اپنا قدم دوزخ میں پھر بعض بعض میں سمٹ جاویگا اور کہیگا بس بس اور نکلیگی
ایک قوم آگ سے اسکے ہاتھ سے اور بہشتی اسکے منہ مبارک کو دیکھینگے نہ تکلیف اور نہ تضاد
اسکے دیکھنے میں اور نہ ضرر جسطرح حدیث میں آیا ہے ظاہر ہوگا رب
ان کے لیے اور دیگا ان کو جو چاہیں

وقال عز من قائل للذين احسنوا الحسنى وزيادة
قيل الحسنى هي الجنة والزيادة النظر الى وجهه الكريم
وقال تعالى وجوه يومئذ ناضرة الى ربها ناظرة
ويعرض عليه العباد يوم الفصل والذي يتولى
حسابهم بنفسه ولا يتولى ذلك غيره وان الله تعالى
خلق سبع سموات بعضها فوق بعض وسبع ارضين بعضها
اسفل من بعض ومن الارض العليا الى السماء الدنيا
خمسمائة عام وبين كل سماء مسيرة خمسمائة عام والماء
فوق السماء السابعة وعرش الرحمن فوق الماء والله تعالى
على العرش ودونه سبعون الف حجاب من نور وظلمة
وما هو اعلم به وللعرش حملة يحملونه قال الله عز و
جل الذين يحملون العرش ومن حوله الآية وللعرش حد
يعلمه الله وترى الملائكة حافين من حول العرش وهو
من ياقوتة حمراء وسعته كسعة السموات والارضين
والكرسي عند العرش كحلقة ملقاة في ارض فلاة
وهو جل وعلا يعلم ما في السموات السبع وما بينهن و
ما تحتهن وما في الارضين وما تحتهن وما بينهن و
ما تحت الثرى وما في قعر البحار ومنبت كل
شعرة وكل شجرة وكل زرع ونبت ومسقط كل ورقة
وعدد ذلك كله وعدد الحصى والرمل والتراب و
مثاقيل الجبال ومكاييل البحار واعمال العباد وآثارهم
وانفاسهم وكلامهم ويعلم كل شيء لا يخفى عليه شيء
من ذلك وهو منزه عن مشابهة خلقه ولا يخلو
من علمه مكان ولا يجوز وصفه بانه في كل مكان
بل يقال انه في السماء على العرش كما قال جل
ثناؤه الرحمن على العرش استوى وقوله ثم استوى
على العرش الرحمن وقال تعالى اليه يصعد الكلم
الطيب والعمل الصالح يرفعه والنبي صلى الله
عليه وسلم حكم باسلام الامة لما قال لها اين الله

اور اسنے فرمایا جو سب سے غالب ہے نیکی والوں کا بدلہ نیکی ہے اور زیادہ
بعض نے کہا بھلائی بہشت ہے اور زیادت اسکی عزت والی ذات کیطرف نظر کرنا ہے
اور فرمایا بلند برتر نے کئی مونھ اس دن تر و تازہ ہونگے اپنے رب کو دیکھنے والے
اور پیش کئے جاوینگے اسپر بندے فیصلہ اور جزا کے دن اور خود ان کے حساب
کا متولی ہوگا اور کوئی متولی نہیں ہوگا اور اللہ عز و جل نے سات آسمان ایک دوسرے
کے نیچے اوپر بنائے اور اسیطرح سات زمینیں ایک دوسرے کے نیچے اوپر اور اوپر
کی زمین اور نیچے آسمان کے درمیان پانچسو سال کی مسافت ہے اور درمیان ہر
آسمان کے پانسو سال کا رستہ ہے اور ساتویں آسمان پر پانی ہے اور
رحمن کا عرش پانی پر ہے اور اللہ عز و جل عرش پر ہے اور اسکے ستر ہزار نور
اور اندھیرے کے پردے ہیں اور وہ چیزیں جنکو وہ خود ہی جانتا ہے اور عرش
کے اٹھانے والے ہیں جو اسکو اٹھاتے ہیں جیسا اسنے آپ فرمایا وہ جو
عرش کو اٹھاتے ہیں اور عرش کے گرد والے اور عرش کی حد ہے جسکو اللہ
ہی جانتا ہے اور تو فرشتوں کو دیکھیگا پھرنے والے گرد عرش کے اور وہ عرش سرخ
یاقوت سے ہے اور اسکی فراخی مثل فراخی آسمانوں اور زمینوں کی ہے اور کرسی
عرش کے پاس ایسی ہے جیسے ایک صاف میدان میں حلقہ پڑا ہوا اور اللہ عز
و جل جانتا ہے جو ساتوں آسمانوں میں ہے اور جو ان کے درمیان ہے
اور جو ان کے نیچے ہے اور جانتا ہے اسکو جو زمینوں میں ہے اور اسکو جو انکے
نیچے ہے اور اسکو جو انکے درمیان ہے اور جانتا ہے جو خاک نمناک کے
نیچے ہے اور جو دریاؤں کے پیٹ میں ہے اور جانتا ہے ہر بال کے اگنے کی
جگہ اور ہر درخت اور ہر زراعت کو جو اگتی ہے اور جانتا ہے ہر پتے کے
گرنے کی جگہ کو اور انکی گنتی کو اور کنکروں کی گنتی کو اور ریت اور مٹی کی گنتی کو
اور جانتا ہے پہاڑوں کے بوجھ اور سمندروں کے تول اور بندوں کے عمل اور انکے
بھید اور انکے سانسوں اور انکی باتوں کو اور وہ ہر چیز جانتا ہے اس سے کوئی
چیز پوشیدہ نہیں ان میں سے اور وہ خلقت کی مشابہت سے پاک ہے اور اسکے علم سے
کوئی مکان خالی نہیں اور یوں کہنا جائز نہیں کہ وہ ہر مکان میں ہے بلکہ یوں کہنا
چاہیئے کہ وہ آسمان میں عرش پر ہے جیسا اسنے آپ فرمایا رحمن عرش پر مستوی ہوا
اور پھر فرمایا پھر مستوی ہوا عرش پر رحمن اور جیسے فرمایا اسی کی طرف پاک کلمے چڑھتے
ہیں اور اچھے کاموں کو بلند کرتا ہے اور حضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اس لونڈی
کے اسلام کا حکم کیا جسکو آپ نے کہا اللہ کہاں ہے۔ اسنے

فَاَشَارَتْ اِلَى السَّمَاءِ وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
فِي حَدِيْثِ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ
الْخَلْقَ كَتَبَ كِتَابًا عَلٰى نَفْسِهٖ وَهُوَ عِنْدَهٗ فَوْقَ
الْعَرْشِ اِنَّ رَحْمَتِيْ غَلَبَتْ غَضَبِيْ وَفِيْ لَفْظٍ اٰخَرَ
لَمَّا قَضَى اللّٰهُ سُبْحَانَهُ الْخَلْقَ كَتَبَ عَلٰى نَفْسِهٖ فِيْ
كِتَابٍ فَهُوَ عِنْدَهٗ فَوْقَ الْعَرْشِ اِنَّ رَحْمَتِيْ
سَبَقَتْ غَضَبِيْ وَيَنْبَغِيْ اِطْلَاقُ صِفَةِ الْاِسْتِوَاءِ
مِنْ غَيْرِ تَاْوِيْلٍ وَاَنَّهُ اسْتِوَاءُ الذَّاتِ عَلَى الْعَرْشِ
لَا عَلٰى مَعْنَى الْقُعُوْدِ وَالْمُمَاسَّةِ كَمَا قَالَتِ الْمُجَسِّمَةُ
وَالْكَرَامِيَّةُ وَلَا عَلٰى مَعْنَى الْعُلُوِّ وَالرِّفْعَةِ كَمَا
قَالَتِ الْاَشْعَرِيَّةُ وَلَا عَلٰى مَعْنَى الْاِسْتِيْلَاءِ وَالْغَلَبَةِ
كَمَا قَالَتِ الْمُعْتَزِلَةُ لِاَنَّ الشَّرْعَ لَمْ يَرِدْ بِذٰلِكَ وَلَا
نُقِلَ عَنْ اَحَدٍ مِنَ الصَّحَابَةِ وَالتَّابِعِيْنَ مِنَ
السَّلَفِ الصَّالِحِ مِنْ اَصْحَابِ الْحَدِيْثِ ذٰلِكَ
بَلِ الْمَنْقُوْلُ عَنْهُمْ حَمْلُهٗ عَلَى الْاِطْلَاقِ وَقَدْ رُوِيَ
عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ
قَوْلِهٖ عَزَّ وَجَلَّ الرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى قَالَتِ
الْكَيْفُ غَيْرُ مَعْقُوْلٍ وَالْاِسْتِوَاءُ غَيْرُ مَجْهُوْلٍ وَ
الْاِقْرَارُ بِهٖ وَاجِبٌ وَالْجُحُوْدُ بِهٖ كُفْرٌ وَقَدْ اَسْنَدَهٗ
مُسْلِمُ بْنُ الْحَجَّاجِ عَنْهَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
فِيْ صَحِيْحِهٖ وَكَذٰلِكَ فِيْ حَدِيْثِ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ
رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَقَالَ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ قَبْلَ
مَوْتِهٖ بِقَرِيْبٍ اَخْبَارُ الصِّفَاتِ تُمَرُّ كَمَا جَاءَتْ بِلَا تَشْبِيْهٍ
وَلَا تَعْطِيْلٍ وَقَالَ اَيْضًا فِيْ رِوَايَةِ بَعْضِهِمْ لَسْتُ بِصَاحِبِ
كَلَامٍ وَلَا اَرَى الْكَلَامَ فِيْ شَيْءٍ مِنْ هٰذِهِ الْاَمَاكِنِ
فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ اَوْ حَدِيْثٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْ عَنْ اَصْحَابِهٖ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ
اَوْ عَنِ التَّابِعِيْنَ فَاَمَّا غَيْرُ ذٰلِكَ فَاِنَّ الْكَلَامَ فِيْهِ
غَيْرُ مَحْمُوْدٍ فَلَا يُقَالُ فِيْ صِفَاتِ الرَّبِّ عَزَّ وَجَلَّ

آسمان کیطرف اشارہ کیا اور فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابوہریرہ
رضی اللہ عنہ کی حدیث میں جب اللہ نے مخلوق کو پیدا کیا ایک بات اپنی نفس پر
لکھی اور وہ اُسکے پاس عرش پر ہے میری رحمت میرے غصہ سے بڑھ گئی اور
دوسری روایت میں ہے جب اللہ پاک خلقت کو پیدا کر چکا اپنے نفس پر ایک
بات ایک کتاب میں لکھی جو وہ اُسکے پاس عرش پر ہے میری رحمت
میرے غصہ سے بڑھ گئی اور فرض ہے اطلاق کرنا صفت استوا کا بغیر تاویل
کے اور وہ اللہ کی ذات کا مستوی ہونا ہے عرش پر سوا حمل کرنے
کے قعود اور مماست کے معنے پر جسطرح مجسمہ اور کرامیہ کا قول ہے اور
سوا حمل کرنے کے علو اور رفعت کے معنے پر جسطرح اشعریہ کا مذہب
ہے اور سوا حمل کرنے کے غلبہ اور استیلا کے معنے پر جسطرح
معتزلہ نے کہا ہے کیونکہ شرع میں یہ بات وارد نہیں ہوئی
اور نہ صحابہ و تابعین میں سے جو سلف صالحین اور حدیث
والے ہیں کسی سے یہ نقل کیا گیا بلکہ ان سے منقول اطلاق
پر حمل کرنا ہے اور ام سلمہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی بیوی
سے روایت کی گئی ہے اللہ عزوجل کے قول رحمن عرش پر
مستوی ہوا میں انہوں نے کہا کیفیت معلوم نہیں۔ اور استواء
مجہول نہیں اور اقرار اُسکے ساتھ واجب ہے اور اسکا انکار کرنا
کفر ہے اور بیشک باسناد لایا مسلم بن حجاج ام سلمہ رضی اللہ
عنہا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی بیوی سے اپنی کتاب میں اور
اسیطرح انس بن مالک کی حدیث میں اور امام احمد بن
حنبل رحمہ اللہ نے اپنی موت سے تھوڑا پہلے فرمایا صفات کی حدیثیں
ویسی ہی رکھنی چاہییں جسطرح آئی ہیں سوا تشبیہ اور تعطیل کے
اور یہہ بھی فرمایا ان کے بعض کی روایت میں کہ میں صاحب
کلام نہیں اور میں نہیں دیکھتا کلام کسی شے میں ان جگہوں میں
اللہ عزوجل کی کتاب میں یا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث
میں یا صحابہ یا تابعین سے پس لیکن اسکے سوا میں حرج نہیں پس کلام
قرآن میں غیر محمود ہے پس نہ کہا جائے کہ رب عزوجل کی صفات
میں

كيف ولم لا يقول ذلك الا شكاك وقال احمد رحمه الله
في رواية عنه في موضع اخر نحن نؤمن بان الله عز
وجل على العرش كيف شاء وكما شاء بلا حد ولا
صفة يبلغها واصف او يحده احد لما روي عن سعيد
بن المسيب عن كعب الاحبار قال قال الله تعالى في
التورية انا الله فوق عبادي وعرشي فوق جميع خلقي
وانا على عرشي عليه ادبر عبادي ولا يخفى علي شيء من
عبادي وكونه عز وجل على العرش مذكور في كل كتاب
انزل على كل نبي ارسل بلا كيف ولان الله تعالى فيما لم يزل
موصوف بالعلو والقدرة والاستيلاء والغلبة على
جميع خلقه من العرش وغيره فلا يحمل الاستواء على ذلك
فالاستواء من صفات الذات بعد ما اخبرنا به ونص عليه
واكده في سبع آيات من كتابه والسنة المأثورة به وهو
صفة لازمة له ولائقة به كاليد والوجه والعين
والسمع والبصر والحياة والقدرة وكونه خالقا ورازقا
ومحييا ومميتا موصوف بها ولا نخرج من الكتاب والسنة
نقرء الآية والخبر ونؤمن بما فيهما ونكل الكيفية في الصفات
الى علم الله عز وجل كما قال سفيان بن عيينة رحمه
الله كما وصف الله تعالى نفسه في كتابه فتفسيره
قراءته لا تفسير له غيرها ولم نتكلف غير ذلك فانه غيب
لا مجال للعقل في ادراكه ونسأل الله تعالى
العفو والعافية ونعوذ به من ان نقول فيه و
في صفاته ما لم يخبرنا به هو او رسوله عليه
السلام وانه تعالى ينزل في كل ليلة الى
السماء الدنيا كيف شاء وكما شاء فيغفر
لمن اذنب واخطأ واجرم وعصى لمن يختار
من عباده ويشاء تبارك وتعالى العلي
الاعلى لا اله الا هو له الاسماء الحسنى
لا بمعنى نزول الرحمة وثوابه على ما ادعته المعتزلة

کسیطرح اور کیوں نہ کہے یہ شک کے طور پر اور فرمایا احمد رحمہ اللہ نے بعض
کی روایت میں دوسری جگہہ میں ہم ایمان لاتے ہیں کہ اللہ عز و جل عرش
پر ہے جسطرح اسنے چاہا اور جیسا چاہا سوا کسی حد اور صفت کے کہ
بیان کرنے والے پہونچ سکیں یا تعریف کرنے والا تعریف کرسکے
اسوجہہ سے کہ سعید بن المسیب نے کعب احبار سے روایت کیا ہے
کہا اللہ نے توریت میں فرمایا ہے میں اللہ ہوں اپنے بندوں کے اوپر
اور عرش میرا سب تمام خلق سے ہے اور میں اپنے عرش پر ہوں اپنے
بندوں کی تدبیر میں کرتا ہوں اور مجھپر کوئی چیز میرے بندوں کی
مخفی نہیں اور اللہ عز و جل کا عرش پر ہونا مذکور ہے ہر کتاب میں
جو اسنے کسی نبی پر اُتاری جو بھیجا گیا بلا کیف اور اسلیئے کہ اللہ تعالی
ہمیشہ سے علو اور قدرت اور غلبہ کے ساتھ جمیع مخلوق پر موصوف
ہے خواہ عرش ہو یا غیر عرش پس استوار کو غلبہ وغیرہ پر حمل کرنا جائز
نہیں پس انہیں صفات ذاتیہ میں سے ہے اسکے بعد کہ اسنے خود ہم کو
خبر دی اور اسپر نص کی اور اسکو اپنی کتاب کی آیتوں میں تاکید سے
بیان کیا اور اسکے رسول سے نقل کیا گیا اور یہ صفت لازم ہے اسکو
اور اسکو لائق ہے مثل ید اور وجہ اور عین اور سمع اور بصر اور
حیات اور قدرت کے اور مثل ہونے اسکے کے خالق اور رازق اور
محیی اور ممیت وہ خدا ان سب صفات کے ساتھ موصوف ہے
اور ہم کتاب و سنت سے نہیں نکلتے ہم قرآن و حدیث پڑھتے ہیں اور ایمان لاتے
ہیں اسکے ساتھ جو ان دونوں میں ہے اور سپرد کرتے ہیں کیفیت صفات کو اللہ عز و جل
کے علم کیطرف جسطرح کہا سفیان بن عیینہ رحمہ اللہ نے جسطرح بیان کیا ہے اللہ
تعالے نے اپنا حال اپنی کتاب میں پس تفسیر اسکی اسی کی کلام ہے اسکو سوا اور تفسیر
نہیں اور ہمکو اسکے غیر کی تکلیف نہیں دیگئی کیونکہ وہ غیب ہے اسمیں عقل کو کہاں
طاقت کہ اسکا ادراک کرے اور ہم اللہ تعالی سے عفو اور عافیت مانگتے ہیں اور اس
سے پناہ مانگتے ہیں کہ ہم اسمیں یا اسکی صفات میں وہ بات کہیں جسکی اسنے
ہمیں خبر نہیں دی اور نہ اسکے رسول علیہ السلام نے اور وہ عز و جل ہر رات
پہلے آسمان پر اترتا ہے جسطرح چاہے اور جیسا چاہے پھر معاف کرتا ہے اسکو
جسنے گناہ کیا اور خطا کی اور جرم کیا اور بیفرمانی کی واسطے جسکے پسند کرے اپنے
بندوں میں سے اور چاہے برکت والا ہے اور برتر ہے بلند اور بہت بزرگ اسکے سوا کوئی معبود نہیں اسکی اچھی
صفتیں ہیں اور اس حدیث کے معنے نزول رحمت اور ثواب کے نہیں جسطرح معتزلہ

وَالْاَشْعَرِيَّةُ لِمَا رَوٰى عُبَادَةُ بْنُ الصَّامِتِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْزِلُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى كُلَّ لَيْلَةٍ اِلٰى سَمَاءِ الدُّنْيَا حِيْنَ يَبْقٰى ثُلُثُ اللَّيْلِ الْاٰخِرُ فَيَقُوْلُ هَلْ مِنْ سَائِلٍ فَيُعْطٰى سُؤْلَهُ هَلْ مِنْ مُسْتَغْفِرٍ فَيُغْفَرَ لَهُ هَلْ مِنْ عَانٍ فَيُفَكَّ عَانِيَهُ حَتّٰى يُصَلَّى الصُّبْحُ ثُمَّ يَعْلُوْا رَبُّنَا تَبَارَكَ وَتَعَالٰى وَفِيْ رِوَايَةٍ اُخْرٰى عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ يَنْزِلُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى كُلَّ لَيْلَةٍ اِلٰى سَمَاءِ الدُّنْيَا حِيْنَ يَبْقٰى ثُلُثُ اللَّيْلِ الْاٰخِرُ فَيَقُوْلُ اَلَا عَبْدٌ مِنْ عِبَادِيْ يَدْعُوْنِيْ فَاَسْتَجِيْبَ لَهُ اَلَا ظَالِمٌ لِنَفْسِهٖ يَدْعُوْنِيْ فَاَغْفِرَ لَهُ اَلَا مُقْتَرٌ عَلَيْهِ رِزْقُهُ يَدْعُوْنِيْ فَاَسْتَجْلِبَ لَهُ رِزْقَهُ اَلَا مَظْلُوْمٌ يَذْكُرُنِيْ فَاَنْصُرَهُ اَلَا عَانٍ يَدْعُوْنِيْ فَاَفُكَّهُ قَالَ فَيَكُوْنُ كَذٰلِكَ اِلٰى اَنْ يَطْلُعَ الصُّبْحُ وَيَعْلُوْ عَلٰى كُرْسِيِّهٖ وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ بِاَلْفَاظٍ مُخْتَلِفَةٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَجَابِرٍ وَعَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ وَاَبِي الدَّرْدَاءِ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَعَائِشَةَ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ كُلُّهُمْ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلِهٰذَا كَانُوْا يُفَضِّلُوْنَ صَلٰوةَ اٰخِرِ اللَّيْلِ عَلٰى اَوَّلِهٖ وَرَوٰى اَبُوْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ يَنْزِلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لَيْلَةَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ اِلٰى سَمَاءِ الدُّنْيَا فَيَغْفِرُ لِكُلِّ نَفْسٍ اِلَّا اِلْاِنْسَانَ فِيْ قَلْبِهٖ شَحْنَاءُ اَوْ شِرْكٌ بِاللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَرُوِيَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اِذَا ذَهَبَ شَطْرُ اللَّيْلِ الْاَوَّلُ يَنْزِلُ اِلٰى سَمَاءِ الدُّنْيَا فَيَقُوْلُ هَلْ مِنْ مُسْتَغْفِرٍ فَاَغْفِرَ لَهُ هَلْ مِنْ سَائِلٍ فَاُعْطِيَهُ هَلْ مِنْ تَائِبٍ فَاَتُوْبَ عَلَيْهِ حَتّٰى يَنْشَقَّ الْفَجْرُ وَقِيْلَ لِاِسْحَاقَ ابْنِ رَاهَوَيْهِ مَا هٰذِهِ الْاَحَادِيْثُ

اور اشعریہ نے ادعا کیا ہے کیونکہ عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت کیا گیا ہے کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تبارک تعالیٰ ہر رات پہلے آسمان پر جسوقت پچھلی تہائی رات کی باقی رہتی ہے نزول فرماتا ہے کوئی مانگنے والا ہے پہر اپنا سوال دیا جاوے کوئی معافی چاہنے والا ہے پہر معاف کیا جاوے کوئی قیدی ہے پہر قید سے چھڑایا جاوے صبح تک پہر ہمارا رب تبارک وتعالیٰ صعود فرماتا ہے اور عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی دوسری روایت میں ہے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے یوں ہے کہ اللہ تبارک تعالیٰ ہر رات پہلے آسمان کیطرف جسوقت رات کی پچھلی تہائی باقی رہتی ہے نزول فرماتا ہے پہر فرماتا ہے کوئی ہے بندہ میرے بندوں میں سے جو مجھے پکارے پہر میں اسکی پکار قبول کروں بہلا ہے کوئی اپنی جان پر ظلم کرنیوالا جو مجھے پکارے پہر میں اسکو معاف کروں بہلا کوئی ہے تنگدست رزق میں جو مجھے پکارے پہر میں اسکی پکار قبول کروں بہلا ہے کوئی اپنی جان پر ظلم کرنیوالا جو مجھے پکارے پہر میں اسکو معاف کروں بہلا کوئی ہے تنگدست رزق میں جو مجھے پکارے پہر میں اسکی طرف رزق کھینچوں بہلا ہے کوئی مظلوم جو مجھے یاد کرے پہر میں اسکی مدد کروں بہلا ہے کوئی قیدی جو مجھے پکارے پہر میں اسے قید سے چھوڑاوں فرمایا پہر رہتا ہے یہی حال صبح کے طلوع تک اور اپنی کرسی کی طرف علو فرماتا ہے اور تحقیق یہہ حدیث مختلف الفاظ کے ساتھ ابوہریرہ اور جابر اور علی رضی اللہ عنہم اور عبداللہ بن مسعود اور ابوالدردا اور ابن عباس اور عائشہ رضوان اللہ علیہم سے روایت کی گئی ہے کہ وہ سب کے سب حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں اور اسی لیئے پچھلی رات کی نماز کو فضیلت دیتے تھے روایت کی ہے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے وہ روایت کرتے ہیں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نے فرمایا کہ اللہ عزوجل نصف شعبان کی رات پہلے آسمان کیطرف نزول فرماتا ہے پہر ہر جی کو معاف فرماتا ہے مگر اس آدمی کو جسکے دل میں کینہ یا شرک ہے اللہ عزوجل کے ساتھ اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا میں نے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا فرماتے تھے جسوقت رات کا پہلا نصف گذرتا ہے اللہ عزوجل پہلے آسمان کیطرف نزول فرماتا ہے پہر فرماتا ہے کوئی بخشش مانگنے والا ہے کہ میں اسے بخشوں کوئی مانگنے والا ہے کہ میں اسے دوں کوئی توبہ کرنیوالا ہے کہ میں اسکی دعا قبول کروں صبح کے پہٹنے تک اور اسحاق ابن راہویہ کو کہا گیا کیا ہیں یہ حدیثیں

الّتي تحدّث بها أنّ الله تعالى ينزل إلى السّماء الدّنيا
وأنّه يصعد ويتحرّك قال للسّائل تقول إنّ الله يقدر
على أن ينزل ويصعد ولا يتحرّك قال نعم قال فلم
تنكره وقال يحيى بن معين إذا قال لك الجهمي كيف
ينزل فقل له كيف صعد وقال الفضيل بن عياض
رحمه الله إذا قال لك الجهمي أنا كافر بربّ ينزل فقل
له أنا مؤمن بربّ يفعل ما يشاء وعن شريك بن عبد الله
رحمه الله لمّا قيل له عندنا قوم ينكرون هذه الأحاديث
من جاءنا بأسماء ليست عن رسول الله صلّى الله عليه
وسلّم الصّلوة والصّيام والزّكوة والحجّ وإنّما عرفنا الله
عزّ وجلّ بهذه الأحاديث

فصل

ونعتقد
أنّ القرآن كلام الله وكتابه وخطابه ووحيه الّذي
نزّل به جبريل على رسول الله صلّى الله عليهما وسلّم كما
قال عزّ وجلّ نزل به الرّوح الأمين على قلبك لتكون
من المنذرين بلسان عربيّ مبين هو الّذي بلّغه
رسول الله صلّى الله عليه وسلّم أمّته امتثالًا لأمر
ربّ العالمين بقوله تعالى يا أيّها الرّسول بلّغ ما أنزل إليك
من ربّك وروي عن جابر بن عبد الله رضي الله عنهما أنّه
قال كان النّبيّ صلّى الله عليه وسلّم يعرض نفسه على النّاس
بالموقف فيقول هل من رجل يحملني إلى قومه فإنّ قريشًا
قد منعوني أن أبلّغ كلام ربّي وقال عزّ وجلّ وإن أحد
من المشركين استجارك فأجره حتّى يسمع كلام الله وكلام
الله تعالى هو القرآن الشّريف غير مخلوق كيفما قرئ
وتلي وكتب وكيفما تفرّقت به قراءة قارئ ولفظ
لافظ وحفظ حافظ هو كلام الله وصفة من صفات ذاته
غير محدث ولا مبدّل ولا مغيّر ولا مؤلّف ولا منقوص
ولا مصنوع ولا مزاد فيه بدأ تنزيله وإليه يعود
حكمه كما قال النّبيّ صلّى الله عليه وسلّم في حديث
عثمان بن عفّان رضي الله عنه إنّ فضل القرآن على سائر

جو تو بیان کرتا ہی کہ اللہ تعالی پہلے آسمان پر نزول فرماتا ہے اور اللہ صعود فرماتا
ہی اور حرکت کرتا ہے کیسی ہین انہون نے سائل کو جواب دیا کہ کیا تجہے اللہ تعالی
کو صعود اور نزول پر قدرت رکہنے کا اعتقاد ہی (یا نہین) اُسنے کہا ہان ہی پہر
اُسنے کہا تو پہر تو کیون انکار کرتا ہی اور یحیے بن معین نے کہا جب تجہے جہمی کہے
کہ کسطرح نزول فرماتا ہی تو اُسے کہہ کر اُسنے صعود کسطرح کیا (جیسے صعود ہوا
ویسے ہی نزول ہوتا ہی) اور فضیل بن عیاض رحمہ اللہ نے کہا جب تجہے جہمی کہے
مین ایسے رب سے منکر ہون جو اترتا ہی تو اُسے کہہ کہ مین ایمان لایا ہون ایسے
رب سے کہ جو چاہتا ہی کرتا ہی اور شریک بن عبد اللہ رحمہ اللہ سے روایت ہی کہ جب کسی نے
اُنسے کہا کہ ہمارے پاس ایک قوم ہی جو ان احادیث کا انکار کرتے ہین تو انہون
نے فرمایا) ہمارے پاس وہ نام کون لایا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی
ہین جیسے نماز اور روزہ اور زکوۃ اور حج اور بیشک ہمنے اللہ عز وجل کو ان احادیث سے ہی
پہچانا ہی

فصل

اور ہم اعتقاد کرتے ہین کہ قران اللہ کا کلام اور اسکی کتاب
اور اسکا خطاب اور اسکی وحی ہی جسکو جبریل ع لیکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
پر اُترے جیسا کہ اللہ عز وجل نے فرمایا اسکو روح الامین لیکر تیرے دل پر اترا تاکہ
تو عربی زبان مین ڈرانے والون مین سے ہو یہ وہ قرآن ہی جسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم نے اپنی امت کو رب العلمین کے حکم بجا لانے کے لیے پہونچا دیا
اور وہ اللہ تعالے کا حکم یہ ہے فرمایا اللہ تعالے نے اے رسول جو
تیری طرف تیرے رب سے اترا اُسے پہونچا اور جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے
کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم موقف مین اپنے آپ کو لوگون پر پیش کرتے تہے اور فرماتے
تہے کیا کوئی آدمی ہی جو مجہے اپنی قوم کی طرف لیچلے کیونکہ قریش نے مجہے اپنے رب
کی کلام پہونچانے سے روک دیا ہی اور اللہ عز وجل نے فرمایا اگر مشرکون مین سے کوئی
پناہ لینا چاہی تو اسے پناہ دے تاکہ اللہ کی کلام کو سنلے اور اللہ تعالے کا کلام وہ
قرآن شریف ہی جو غیر مخلوق ہی خواہ کسطرح پڑہا جاوے اور تلاوت کیا جاوے اور
لکہا جاوے اور پڑہنے والے کی قرات اور بولنے والے کا لفظ اور حفظ کرنے والے کا
حافظہ خواہ کسطرح اسمین مختلف ہو وہ اسی کا کلام ہے اور اُسکی ذات کی صفتون
مین سے ایک صفت ہی نہ تو نو پیدا ہی اور نہ بدلا گیا ہی اور نہ متغیر کیا گیا ہی اور نہ غیر سے ترکیب دیا گیا
اور نہ ناقص کیا گیا ہی اور نہ بنایا گیا ہی اور نہ اسمین زیادتی کی گئی ہے اُسی کی طرف
سے اترا ہی اور اسکا حکم اُسی کی طرف لوٹیگا جیسا کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے عثمان
بن عفان رضی اللہ عنہ کی حدیث مین فرمایا ہی کہ قرآن کی فضیلت تمام

الْكَلَامِ كَفَضْلِ اللهِ عَلٰى سَائِرِ خَلْقِهٖ وَذٰلِكَ اَنَّ الْقُرْاٰنَ الشَّرِيْفَ
مِنْهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى خَرَجَ وَاِلَيْهِ يَعُوْدُ حُكْمُهٗ فَمَعْنَاهُ اَنَّ
تَنْزِيْلَهٗ وَظُهُوْرَهٗ مِنْهُ عَزَّ وَجَلَّ وَاِلَيْهِ يَعُوْدُ حُكْمُ الَّذِيْ
هُوَ الْعِبَادَاتُ مِنْ اَدَاءِ الْاَوَامِرِ وَانْتِهَاءِ النَّوَاهِيْ لِاَجْلِهٖ
تُفْعَلُ وَتُتْرَكُ فَالْاَحْكَامُ عَائِدَةٌ اِلَيْهِ عَزَّ وَجَلَّ وَقِيْلَ مِنْهُ
بَدِئَ حُكْمًا وَاِلَيْهِ يَعُوْدُ عِلْمًا وَهُوَ كَلَامُ اللهِ فِيْ صُدُوْرِ
الْحَافِظِيْنَ وَاَلْسِنِ النَّاطِقِيْنَ وَفِيْ اَكُفِّ الْكَاتِبِيْنَ وَ
مُلَاحَظَةِ النَّاظِرِيْنَ وَمَصَاحِفِ اَهْلِ الْاِسْلَامِ وَاَلْوَاحِ
الصِّبْيَانِ حَيْثُمَا رُوِيَ وَوُجِدَ فَمَنْ زَعَمَ اَنَّهٗ مَخْلُوْقٌ
اَوْ عِبَارَتَهٗ اَوِ التِّلَاوَةَ غَيْرُ الْمَتْلُوِّ اَوْ قَالَ لَفْظِيْ بِالْقُرْاٰنِ
مَخْلُوْقٌ فَهُوَ كَافِرٌ بِاللهِ الْعَظِيْمِ وَلَا يُخَالَطُ وَلَا يُؤَاكَلُ
وَلَا يُنَاكَحُ وَلَا يُجَاوَرُ بَلْ يُهْجَرُ وَيُهَانُ وَلَا يُصَلّٰى خَلْفَهٗ
وَلَا تُقْبَلُ شَهَادَتُهٗ وَلَا تَصِحُّ وِلَايَتُهٗ فِيْ نِكَاحِ وَلِيَّتِهٖ
وَلَا يُصَلّٰى عَلَيْهِ اِذَا مَاتَ فَاِنْ ظُفِرَ بِهٖ اُسْتُتِيْبَ ثَلَاثًا
كَالْمُرْتَدِّ فَاِنْ تَابَ وَاِلَّا قُتِلَ سُئِلَ الْاِمَامُ اَحْمَدُ بْنُ
حَنْبَلٍ رَحِمَهُ اللهُ عَمَّنْ قَالَ لَفْظِيْ بِالْقُرْاٰنِ مَخْلُوْقٌ فَقَالَ
كَفَرَ وَقَالَ رَحِمَهُ اللهُ فَمَنْ قَالَ الْقُرْاٰنُ كَلَامُ اللهِ لَيْسَ
بِمَخْلُوْقٍ وَالتِّلَاوَةُ مَخْلُوْقَةٌ كَفَرَ وَرُوِيَ عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ
رَضِيَ اللهُ عَنْهُ اَنَّهٗ سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ
الْقُرْاٰنِ فَقَالَ كَلَامُ اللهِ غَيْرُ مَخْلُوْقٍ وَرُوِيَ عَنْ عَبْدِ اللهِ
بْنِ عَبْدِ الْغَفَّارِ وَكَانَ مَوْلًى لِرَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ عَتَاقَةً عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ
اِذَا ذُكِرَ اللهُ فَقُوْلُوْا كَلَامُ اللهِ غَيْرُ مَخْلُوْقٍ فَمَنْ قَالَ
مَخْلُوْقٌ فَهُوَ كَافِرٌ وَقَالَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ
وَالْاَمْرُ فَصَّلَ بَيْنَ الْخَلْقِ وَالْاَمْرِ فَلَوْ كَانَ اَمْرُهُ الَّذِيْ
هُوَ كُنِ الَّذِيْ بِهٖ يَخْلُقُ الْخَلْقَ مَخْلُوْقًا لَهٗ كَانَ ذٰلِكَ
تَكْرَارًا وَعَبَثًا لَا فَائِدَةَ فِيْهِ كَاَنَّهٗ قَالَ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ
وَالْخَلْقُ وَاللهُ تَعَالٰى مُنَزَّهٌ عَنْ ذٰلِكَ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ
وَابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمْ اَنَّهُمَا فَسَّرَا قَوْلَهٗ عَزَّ وَ

کلام کو بزرگی ایسی ہے جیسے اللہ کی فضیلت اسکی تمام مخلوق پر اور اسلیے ہی کہ
قرآن شریف اُسی سے نکلا اور اُسی کیطرف اُسکا حکم لوٹیگا پس اسکے معنے یہ ہین کہ
اُسکا اترنا اور ظہور اُسی اللہ عزوجل کی طرف سے ہے اور اُسی کی طرف اُسکا حکم لوٹیگا
اور اُسکا حکم عبادات ہین یعنے اوامر کو ادا کرنا اور نواہی سے باز رہنا اُسی کے لیے کیے
جاتے ہین اور اُسیکے لیے چھوڑے جاتے ہین پس سب احکام اُسیکی طرف لوٹنے والے ہین
اور بعض نے کہا اُسی کی طرف سے حکم شروع ہوا اور اُسیکی طرف اُسکا علم لوٹیگا
اور حافظوں کے سینوں میں اور بولنے والوں کی زبانوں میں اور لکھنے والوں کے
ہاتھوں میں اور دیکھنے والوں کے سامنے اور اہل اسلام کے مصحفوں میں اور لڑکوں
کی تختیوں میں جہان کہیں کہا جاوے اور پایا جاوے وہ اللہ ہی کا کلام ہے اور جس نے
ظن کیا کہ وہ مخلوق ہے یا اسکی عبارت یا اسکی تلاوت قرآن نہیں یا کہے
میرا قرآن کے ساتھ بولنا مخلوق ہے پس اُسنے اللہ بزرگ کے ساتھ کفر کیا اُسکے ساتھ
میل جول نہ کیا جاوے اور اُسکے ساتھ کہانا نہ کہایا جاوے اور اسکے ساتھ باہم علاقہ نکاح
پیدا نہ کیا جاوے اور اُسے ہمسایہ و پڑوسی نہ بنایا جاوے بلکہ اُس سے کلام کرنا
چھوڑدیا جاوے اور اسکی اہانت نہ کی جاوے اور اُسکے پیچھے نماز نہ پڑہی جاوے
اور اُسکی گواہی قبول نہ کی جاوے اور جس نکاح کا والی ہو اُسمین اُسے والی نہ
بنایا جاوے اور جب مرے تو اُسپر جنازہ نہ پڑہا جاوے اگر ایسے شخص پر قابو پایا جاوے
تو اُس سے مرتد کی طرح تین دفعہ توبہ کرائی جاوے اگر توبہ کرے تو بہتر ورنہ قتل
کیا جاوے امام احمد بن حنبل سے اُس شخص کی نسبت پوچھا گیا جو کہے کہ قرآن کو میرا
تلفظ کرنا مخلوق ہے تو اُنہون نے فرمایا کہ وہ کافر ہے اور اُنہون نے ہی اللہ اُنپر رحم کرے
فرمایا جو شخص کہے قرآن اللہ کی کلام غیر مخلوق ہے لیکن اُسکی تلاوت مخلوق ہے
تو وہ بھی کافر ہے اور ابو الدرداء سے مروی ہے کہ اُنہون نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے قرآن کی
بابت سوال کیا آپنے فرمایا اللہ کی کلام غیر مخلوق ہے اور عبد اللہ بن عبد الغفار سے
مروی ہے اور وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا غلام آزاد تہا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت
کرتے ہین آپنے فرمایا جب اللہ تعالی یاد کیا جاوے تو کہو اللہ کی کلام غیر مخلوق ہے جسنے
کہا مخلوق ہے وہ کافر ہے اور اللہ عزوجل نے فرمایا خبردار اُسیکے لیے خلق اور امر ہے
پس اللہ نے خلق اور امر کے درمیان فرق کیا اگر اُسکا امر جو کن ہے جس سے مخلوق
پیدا کرتا ہے مخلوق ہوتا تو تکرار اور عبث تہا جسمین کوئی فائدہ نہین گویا اللہ نے فرمایا
یون ہے خبردار اسکے لیے پیدایش اور پیدایش ہے اور اللہ تعالی اس سے پاک ہے اور
ابن مسعود اور ابن عباس رضی اللہ عنہم سے مروی ہے کہ اُنہون نے اللہ عزوجل

جل قرآنا عربيا غير ذي عوج انه غير مخلوق وقد هدد الله تعالى الوليد بن المغيرة المخزومي حين سمى القرآن قول البشر بسقر فقال ان هذا الا سحر يؤثر ان هذا الا قول البشر ساصليه سقر فكل من قال القرآن عبارة او مخلوق او لفظي بالقرآن مخلوق فله سقر كما قال للوليد الا ان يتوب وقال تعالى وان احد من المشركين استجارك فاجره حتى يسمع كلام الله ولم يقل حتى يسمع كلامك يا محمد وقال تعالى انا انزلناه في ليلة القدر يعني القرآن الذي هو في الصدور والمصاحف وقال عز وجل واذا قرئ القرآن فاستمعوا له وانصتوا لعلكم ترحمون وقال تعالى وقرآنا فرقناه لتقرأه على الناس على مكث والناس انما سمعوا قراءة النبي صلى الله عليه وسلم ولفظه فلفظه بالقرآن هو القرآن ومدح الله سبحانه وتعالى الجن الذين سمعوا قراءة النبي صلى الله عليه وسلم قالوا انا سمعنا قرآنا عجبا يهدي الى الرشد الاية وقال تعالى واذ صرفنا اليك نفرا من الجن يستمعون القرآن وسمى الله قراءة جبرئيل عليه السلام للقرآن قرآنا فقال جل وعلا لا تحرك به لسانك لتعجل به ان علينا جمعه وقرآنه فاذا قرأناه فاتبع قرآنه وقال تعالى فاقرؤا ما تيسر من القرآن واجمع المسلمون على ان من قرأ فاتحة الكتاب في صلوة انه قارئ كتاب الله وان من حلف انه لا يتكلم فقرأ القرآن لم يحنث فدل على انه ليس بعبارة وقال النبي صلى الله عليه وسلم في حديث معاوية بن الحكم رضي الله عنه ان صلوتنا هذه لا يصلح فيها شيء من كلام الادميين انما هي القراءة والتسبيح والتهليل وتلاوة القرآن فاخبر ان تلاوة القرآن هي القرآن فعلم بذلك ان التلاوة هي المتلو والله تعالى ورسوله صلى الله عليه وسلم امر المؤمنين بالقراءة في الصلوة ونهيا عن الكلام فلو كانت قراءتنا

جل کے اس قول یعنے قرآن عربی زبان مین جسمین کجی والا نہین کی تفسیر کی کہ یہ غیر مخلوق ہے اور اللہ تعالی نے ولید بن مغیرہ مخزومی کو جب اُسنے قرآن کو آدمی کی کلام ٹہرایا دوزخ کے عذاب سے ڈرایا اور ولید بن مغیرہ مخزومی نے کہا یہ قرآن تو جادو ہی نقل کیا گیا یہ تو آدمی کا قول ہے ہم اُسکو دوزخ مین ڈالینگے پس جسنے کہا کہ قرآن عبارت ہے یا مخلوق ہے یا میرا قرآن کو تلفظ کرنا مخلوق ہے تو اُسکے لیے دوزخ ہے جیسا کہ اللہ نے ولید کو فرمایا یہان تک کہ توبہ کرے اور اللہ تعالی نے فرمایا اگر مشرکو نمین سے کوئی تجھ سے پناہ لینا چاہے تو اُسے پناہ دے تا اللہ کی کلام سنے اللہ تعالی نے یہ نہین فرمایا کہ یا محمد تا کہ تیری کلام سنے اور اللہ تعالی نے فرمایا ہمنے اسکو لیلۃ القدر مین اتارا یعنے قرآن کو جو لوگون کے سینون اور صحفون مین ہے اور اللہ عز وجل نے فرمایا جب قرآن پڑہا جاوے تو سنو اور خاموش ہو رہو تو کہ تم رحم کیے جاؤ اور اللہ تعالی نے فرمایا اور قرآن ہمنے جدا جدا اُتارا تاکہ تم اُسے لوگون پر آہستگی سے پڑہو اور لوگون نے تو صرف نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی قرأت اور آپکے لفظ سُنے پس جن لفظون سے آپنے قرآن پڑہا وہی قرآن ہے اور اللہ سبحانہ وتعالی نے اُن جنون کی جنہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی قرأت سُنی تعریف کی (جو یہ ہے) اور جنہون نے کہا ہمنے قرآن عجب سُنا جو ہدایت کی طرف راہ بتاتا ہے آخر آیت تک اور اللہ تعالی نے فرمایا ہمنے جنون کی ایک جماعت (یا محمد) تیری طرف پہیری جو قرآن سنتی ہین اور اللہ تعالی نے جبرئیل علیہ السلام کی قرأت کا نام قرآن کہا یعنے خدا بزرگ و بلند نے فرمایا یا محمد اپنی زبان کو قرآن کی پڑہنے مین جلدی کرنیکے لیے نہ ہلا تیرے سینے مین اسکا اکٹھا کرنا اور تیری زبان سے پڑہانا ہمارے ذمہ ہے پہر جب ہم اُسے پڑہین تو اُسکے پڑہنے کی پیروی کر اور اللہ تعالی نے فرمایا پس پڑہو قرآن سے جو آسان ہو اور مسلمانون نے اسپر اجماع کیا ہے کہ جو شخص اپنی نماز مین سورہ فاتحہ پڑہ لے تو وہ اللہ کی کتاب کا پڑہنے والا ہے اور جسنے قسم کہائی کہ مین کلام نہین کرونگا پہر اُسنے قرآن پڑہا تو وہ حانث نہ ہوگا پس اس بیان سے یہ ثابت ہوا کہ قرآن عبارت نہین ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے معاویہ بن حکم رضی اللہ عنہ کی حدیث مین فرمایا کہ ہماری اس نماز مین آدمیون کی کلام کرنا اچھا نہین سوائے اسکے نہین کہ یہ نماز قرأت ہے اور تسبیح ہے اور تہلیل ہے اور تلاوت قرآن ہے پس اس حدیث مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس امر کی خبر دی کہ قرآن کی تلاوت قرآن ہے تو اس سے معلوم ہوا کہ تلاوت ہی متلو ہے اور اللہ تعالی اور اسکے رسول نے مومنون کو نماز مین قرأت پڑہنے کا حکم دیا ہے اور کلام کرنے سے منع کیا ہے پس اگر ہماری قرأت ہماری کلام ہو تو

كَلَامُنَا لَا كَلَامَ اللّٰهِ لَكُنَّا مُرْتَكِبِينَ لِلنَّهْيِ فِي الصَّلٰوةِ

فَصْلٌ وَنَعْتَقِدُ اَنَّ الْقُرْاٰنَ حُرُوْفٌ مَفْهُوْمَةٌ وَاَصْوَاتٌ مَسْمُوْعَةٌ لِاَنَّ بِهَا يَصِيْرُ الْاَخْرَسُ وَالسَّاكِتُ مُتَكَلِّمًا نَاطِقًا وَكَلَامُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ لَا يَنْفَكُّ عَنْ ذٰلِكَ فَمَنْ جَحَدَ ذٰلِكَ فَقَدْ كَابَرَ حِسَّهُ وَعَمِيَتْ بَصِيْرَتُهُ قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ الٓمّٓ ذٰلِكَ حٰمٓ طٰسٓمٓ تِلْكَ اٰيَاتُ الْكِتٰبِ فَقَدْ ذَكَرَ حُرُوْفًا وَكَنّٰى عَنْهَا بِالْكِتَابِ وَلَوْ اَنَّ مَا فِي الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ يَمُدُّهٗ مِنْ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمَاتُ اللّٰهِ فَاَثْبَتَ لِنَفْسِهٖ كَلِمَاتٍ مُتَعَدِّدَةً غَيْرَ مُتَنَاهِيَةِ الْاَعْدَادِ وَكَذٰلِكَ قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمَاتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمَاتُ رَبِّيْ وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اقْرَؤُوا الْقُرْاٰنَ فَاِنَّكُمْ تُؤْجَرُوْنَ عَلَيْهِ بِكُلِّ حَرْفٍ عَشْرَ حَسَنَاتٍ اَمَا اِنِّيْ لَا اَقُوْلُ الٓمّٓ حَرْفٌ وَلٰكِنِ الْاَلِفُ عَشْرٌ وَاللَّامُ عَشْرٌ وَالْمِيْمُ عَشْرٌ فَذٰلِكَ ثَلَاثُوْنَ وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُنْزِلَ الْقُرْاٰنُ عَلٰى سَبْعَةِ اَحْرُفٍ كُلُّهَا شَافٍ وَقَالَ تَعَالٰى فِيْ حَقِّ مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ وَاِذْ نَادٰى رَبُّكَ مُوْسٰى وَنَادَيْنَاهُ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ الْاَيْمَنِ وَقَرَّبْنَاهُ نَجِيًّا وَقَالَ تَعَالٰى لِمُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ اِنِّيْ اَنَا اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنَا فَاعْبُدْنِيْ كُلُّ هٰذَا لَا يَكُوْنُ اِلَّا صَوْتًا وَلَا يَجُوْزُ اَنْ يَكُوْنَ هٰذَا النِّدَاءُ وَهٰذَا الْاِسْمُ وَالصِّفَةُ اِلَّا لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ دُوْنَ غَيْرِهٖ مِنَ الْمَلٰئِكَةِ وَسَائِرِ الْمَخْلُوْقَاتِ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ يَاْتِي اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فِيْ ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ فَيَتَكَلَّمُ بِكَلَامٍ طَلْقٍ ذَلْقٍ فَيَقُوْلُ وَهُوَ اَصْدَقُ الْقَائِلِيْنَ اَنْصِتُوْا فَطَالَ مَا اَنْصَتُّ لَكُمْ مُنْذُ خَلَقْتُكُمْ اَرٰى اَعْمَالَكُمْ وَاَسْمَعُ اَقْوَالَكُمْ فَاِنَّمَا هِيَ صُحُفُكُمْ تُقْرَاُ عَلَيْكُمْ فَمَنْ وَجَدَ خَيْرًا فَلْيَحْمَدِ اللّٰهَ وَمَنْ وَجَدَ غَيْرَ ذٰلِكَ فَلَا يَلُوْمَنَّ

اللہ کی کلام نہ ہوتی تو ضرور ہم نماز مین (قرأت پڑہنے کے وقت) نہی کو مرتکب ہوتے

فصل اور ہم اعتقاد کرتے ہین کہ قرآن حرف ہین سمجہے ہوئے اور آوازین ہین سُنی گئین کیونکہ گونگا اور خاموش رہنے والا ان سے کلام کرنیوالا بولنے والا ہو جاتا ہی اور اللہ عز و جل کی کلام اس سے جدا نہین ہوتی پس جو اسکا انکار کرے تو بیشک اُسکی حس نے مکابرہ کیا اور اُسکی بصیرت اندہی ہو گئی اللہ عز و جل نے فرمایا الٓمّٓ ذلک حٰمٓ طٰسٓمٓ یہ کتاب کی آیتین ہین تو اللہ تعالی نے حروف کو ذکر فرمایا اور اُنکے تعبیر قرآن سے کی (اللہ تعالی نے فرمایا) اور اگر زمین کے درخت قلمین ہون اور دریا سیاہی ہون اسکے پیچہے سات دریا اور ہون تو بہی خدا کی باتین ختم نہ ہون پس اللہ تعالی نے اپنے لیے بے شمار کلمے ثابت کیے اور اسی طرح فرمایا (یا محمد) تو کہہ کہ اگر دریا میرے رب کے کلمات لکہنے کے لیے سیاہی ہون تو ضرور دریا ختم ہو جاوین پہلے اس سے کہ میرے رب کے کلمات ختم ہون اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قرآن پڑہو کیونکہ تم ہر ایک حرف کے بدلے دس نیکیون کا ثواب دیے جاتے ہو سُن لو مین نہین کہتا کہ الٓمّٓ ایک حرف ہی ولیکن الف کے بدلے دس نیکیان ہین اور لام کے بدلے دس نیکیان ہین اور میم کے بدلے دس نیکیان ہین پس تیس نیکیان ہوئین اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قرآن سات قرأت پر اتارا گیا ہی جو سب شافی ہین اور اللہ تعالی نے موسی علیہ السلام کے حق مین فرمایا اور جب تیرے رب نے موسے کو پکارا اور ہمنے اوسکو طور کے داہنی طرف سے پکارا اور ہمنے اُسے راز کہنے کے لیے قریب کیا اور اللہ نے موسی علیہ السلام کے لیے فرمایا تحقیق مین اللہ ہون بجز میرے کوئی معبود برحق نہین پس میری ہی عبادت کرو یہ سب کلمات صوت ہی ہین اور اس ندا اور اس اسم اور اس صفت کا اللہ عز و جل کے سوا فرشتون یا باقی مخلوقات مین سے کسی دوسرے کے لیے ہونا درست نہین اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی انہون نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب قیامت کا دن ہوگا تو اللہ عز و جل بادلون کے سایہ مین تشریف لاویگا اور بڑی فصیح کلام سے متکلم ہوگا اور فرماویگا اور وہ سب کلام کرنیوالون سے سچا ہی قول اسکا چپ ہو پس مین بہت مدت تمہارے لیے چپ رہا جب سے مینے تم کو پیدا کیا تمہارے اعمال دیکہتا تہا اور تمہاری باتین سنتا تہا سوا اسکے نہین کہ یہ تمہارے اعمال نامے ہین تم پر پڑہے جاتے ہین پس جو شخص بہتری پاوے وہ اللہ کی تعریف کرے اور جو سوا اسکے کچہ پاوے وہ کسیکو ملامت نہ کرے

الانفسه وروى البخاري في صحيحه باسناده عن
عبد الله بن انيس رضي الله عنه انه قال سمعت
رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول يحشر الله سبحانه
العباد فيناديهم بصوت يسمعه من بعد كما
يسمعه من قرب انا الملك انا الديان وروى وعبد
الرحمن بن محمد المحاربي عن الاعمش عن مسلم بن
مسروق عن عبد الله رضي الله عنه قال اذا تكلم
بالوحي سمع صوته اهل السماء فيخرون سجدا حتى
اذا فزع عن قلوبهم قال سكن عن قلوبهم نادى
اهل السماء ماذا قال ربكم قالوا الحق قال كذا وكذا
يعني ذكر الوحي وعن عبد الله بن الحارث عن ابن
عباس رضي الله عنهما انه قال ان الله تبارك وتعالى
اذا تكلم بالوحي سمع اهل السموات صوتا كصوت
الحديد اذا وقع على الصفا فيخرون له سجدا
فاذا فزع عن قلوبهم قالوا ماذا قال ربكم قالوا الحق
وهو العلي الكبير قال محمد بن كعب قال بنو اسرائيل
لموسى عليه السلام بم شبهت صوت ربك حين
كلمك من هذا الخلق قال شبهت صوت ربي بصوت
الرعد حين لا يرتجع وهذه الآيات والاخبار تدل
على ان كلام الله صوت لا كصوت الادميين
كما ان علمه وقدرته وبقية صفاته لا تشبه
صفات الادميين كذلك صوته وقد نص الامام
احمد رحمه الله تعالى على اثبات الصوت في رواية
جماعة من الاصحاب رضوان الله عليهم اجمعين
خلاف ما قالت الاشعرية من ان كلام الله معنى
قائم بنفسه والله حسيب كل مبتدع ضال مضل
والله سبحانه لم يزل متكلما وقد احاط كلامه
بجميع معاني الامر والنهي والاستخبار وقال ابن خزيمة
رحمه الله كلام الله تعالى متواصل لا سكوت فيه

مگر اپنے نفس کو ملامت کرے اور بخاری رح نے اپنی صحیح مین اپنے استاد عبد الله
بن انیس رضہ سے روایت کی انہون نے کہا مینے رسول الله صلے الله علیہ وسلم کو فرماتے
ہوئے سنا کہ الله تعالی (قیامت کے دن) بندونکو (میدان حشر مین) کہڑا کریگا
اور انکو ایسے آواز سے پکاریگا جسے دور کے لوگ ایسا ہی سنینگے جیسے
قریب کے سنینگے (فرماویگا) مین بادشاہ ہون مین جزا دینے والا ہون اور عبد الرحمن
بن محمد محاربی سے روایت ہے وہ اعمش سے روایت کرتے ہین وہ مسلم بن مسروق
سے وہ عبد الله رضی الله عنہ سے انہون نے کہا جب الله صاحب
کلام کرتا ہے تو اسکی آواز سب آسمان والے سنتے ہین پس سب کے سب گہبرا کر
سجدہ مین گر پڑتے ہین یہان تک کہ جب انکو دل سے گہبراہٹ دور کیجاتی
ہی تو آسمان والے آپس مین ایک دوسرے پوچہتے ہین تمہارے رب نے کیا کہا
کہتے ہین سچ فرمایا یہ اور یہ یعنے وحی کا ذکر اور عبد الله بن حارث ابن عباس
رضی الله عنہما سے روایت کرتے ہین انہون نے کہا الله تبارک و تعالی
جب کسی امر کی وحی کرتا ہے تو آسمان والے آواز سنتے ہین ایسی جیسے
لوہے کی آواز جب وہ پتہر پہ پڑے پس سب گہبرا کر سجدے مین گر پڑتے ہین
پہر جب انکے دل سے گہبراہٹ دور ہوتی ہے تو آپس مین کہتے ہین
تمہارے رب نے کیا فرمایا کہتے ہین سچ فرمایا اور وہ بلند بڑا ہے محمد بن کعب
نے کہا بنی اسرائیل نے موسی علیہ السلام کو کہا جب الله تعالی نے آپکے ساتہ
کلام کی تو آپنے اپنے رب کی آواز کو اس مخلوق مین سے کس چیز سے تشبیہ
دی موسے نے کہا مینے اپنے رب کی آواز کو رعد کی آواز سے تشبیہ دی جب
وہ واپس نہین ہوتی اور یہ آیتین اور حدیثین اس امر پر دلالت کرتی
ہین کہ الله کی کلام آواز ہے لیکن آدمیون کی آواز کی طرح نہین ہے
جیسے اسکا علم اور اسکی قدرت اور اسکی باقی صفات آدمیون کی صفات سے مشابہ
نہین ہین اسیطرح اسکی آواز بہی اور آواز کے ثابت کرنے کو امام احمد رحمہ الله
نے صحابہ رضوان الله علیہم اجمعین سے ایک جماعت کی روایت مین تصریح
کی ہے برخلاف اس قول کے جسکے اشعریہ قائل ہین کہ الله کی کلام معنے
ہین اور قائم بنفسہ ہین اور الله ہر ایک بدعت نکالنے والے گمراہ گمراہ
کرنے والے کا حساب کرنے والا ہے اور الله سبحانہ ہمیشہ سے متکلم ہے اور
اسکی کلام نے تمام امر اور نہی اور خبر دین کے معنون کو گہیر لیا ہے اور ابن
خزیمہ رحمہ الله نے کہا الله کی کلام لگاتار ہے اس مین سکوت

ولا صمت وقيل لاحمد بن حنبل رحمه الله هل يجوز ان
نقول ان الله تعالى متكلم ويجوز عليه السكوت فقال
رحمه الله نقول في الجملة ان الله تعالى لم يزل متكلما
ولو ورد الخبر بانه سكت لقلنا به ولكنا نقول انه
متكلم كيف شاء بلا كيف ولا تشبيه

فصل

وكذلك حروف المعجم غير مخلوقة وسواء كان ذلك
في كلام الله تعالى او في كلام الادميين وقد ادعى
قوم من اهل السنة انها قديمة في القرآن الشريف
محدثة في غيره وهذا خطأ منهم بل القول السديد
هو الاول من مذهب اهل السنة بلا فرق لقوله
تعالى انما امره اذا اراد شيئا ان يقول له كن فيكون و
هي حرفان فلو كانت كن مخلوقة لاحتاجت الى كن
اخرى تخلق بها الى ما لا نهاية له وقد تقدمت
ادلة كثيرة من الايات فلا نعيدها واما من السنة
فما روي عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قال
لعثمان بن عفان لما سأل عن ا ب ت ث الى اخر
الحروف فقال الالف من اسم الله الذي هو الله
والباء من اسم الله الذي هو البارئ والتاء من اسم
الله الذي هو المتكبر والثاء من اسم الله الذي هو
الباعث والوارث حتى اتى الى اخرها فذكر انها كلها
من اسماء الله وصفاته واسماء الله عز وجل غير مخلوقة
وقال النبي صلى الله عليه وسلم في حديث علي
كرم الله وجهه لما ساله عن معنى ابجد هوز حطي الى
اخرها يا علي الا تعرف تفسير ابجد الالف من اسم
الله عز وجل الذي هو الله والباء من اسم الله الذي
هو الباعث والجيم من اسم الله الذي هو الجليل الى
اخرها فذكر النبي صلى الله عليه وسلم انها من اسماء
الله وهي في كلام الادميين وقد نص احمد بن حنبل
رحمه الله تعالى على قدم حروف الهجاء فقال في رسالته

اور خاموشی نہین اور امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ کو کہا گیا کہ کیا یہ کہنا جائز
ہی کہ اللہ تعالے متکلم ہے اور اسکا خاموش ہونا جائز ہے تو انہون نے
کہا ہم اجمال طور پر کہتے ہین کہ اللہ تعالی ہمیشہ سے متکلم ہے اور اگر اسکے
سکوت مین کوئی حدیث ثابت ہوتی تو البتہ ہم بہی اسکے قائل ہوتے
لیکن ہم تو یون کہتے ہین کہ وہ متکلم ہے جسطرح چاہی بلا کیف و بلا شبہ

فصل

اور اسیطرح حروف معجم بہی غیر مخلوق ہین خواہ یہ حروف خدا کی کلام مین
ہون خواہ آدمیون کی کلام مین اور اہل سنت کی ایک جماعت نے دعوے کیا
ہی کہ یہ حروف خدا کی کلام مین قدیم ہین اور آدمیون کی کلام مین محدث
ہین اور یہ انکی غلطی ہے بلکہ پختہ قول اہل سنت کو مذہب کا بلا فرق وہی
پہلا ہے کیونکہ اللہ عز وجل نے فرمایا سوای اسکے نہین کہ اسکا حکم جب کسی
چیز کا ارادہ کرتا ہی تو اسکو یہ فرماتا ہے کہ ہو جا پس وہ ہو جاتی ہے اور
وہ کن دو حرف ہین پس اگر کن مخلوق ہوتا تو ایک اور کن کا محتاج
ہوتا جس سے یہ کن پیدا کیا جاتا اور یہ سلسلہ بالا نہایت تک چلا
جاتا اور قرآن کی آیتون سے بہت سی دلیلین گذر چکی ہین ہم انہین
دوبارہ ذکر نہین کرتے لیکن حدیث پس وہ یہ ہے جو نبی صلے اللہ
علیہ وسلم سے مروی ہے آپنے عثمان بن عفان کو فرمایا جب انہون
نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے آ ب ت ث آخر حرفون تک
پوچھا تو آپنے فرمایا الف خدا کے نام اللہ سے ماخوذ ہے اور با اللہ کے
نام الباری سے ماخوذ ہے اور تا اللہ کے نام المتکبر سے اور ثا اللہ کے
نام الباعث اور الوارث سی ماخوذ ہے اسی طرح آخر تک پس آپ نے
ذکر کیا کہ یہ سب حروف اللہ کے نامون اور اسکی صفتون سی ماخوذ ہین
اور اللہ عز و جل کے نام غیر مخلوق ہین (لہذا یہ حروف بہی غیر مخلوق
ہونگے) اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی حدیث
مین فرمایا جب حضرت علی نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ابجد ہوز
حطی آخر تک کے معنے پوچھے (فرمایا) ای علی کیا تو ابجد کی تفسیر نہین جانتا
الف اللہ عز و جل کے نام اللہ سے ماخوذ ہی اور با اللہ کے نام الباعث اور جیم اللہ کے
نام الجلیل سے ماخوذ ہی آخر تک پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان کیا کہ یہ حروف
اللہ کے نامون مین سے ہین اور وہ آدمیون کی کلام مین ہین امام احمد
حنبل رحمہ اللہ نے حروف ہجا کے قدیم ہونے پر تصریح کی ہے اور اپنے رسالہ مین

إلى أهل نيسابور وجرجان ومن قال إن حروف التهجي محدثة فهو كافر بالله ومن حكم أن ذلك مخلوق فقد جعل القرآن مخلوقا ولما قيل له رحمه الله إن فلانا يقول إن الله تعالى لما خلق الحروف انضجعت اللام وانتصبت الألف فقالت لا أسجد حتى أومر فقال أحمد هذا الكفر من قائله وقال الشافعي رحمه الله لا تقولوا بحدوث الحروف فإن اليهود أول ما هلكت بهذا ومن قال بحدوث حرف من الحروف فقد قال بحدوث القرآن ولأنه لا يخلو إما أن يقال هي قديمة في القرآن فوجب أن تكون قديمة في غيره لأنه لا يجوز أن يكون الشيء الواحد قديما وهو بعينه محدث فإن قال هي محدثة في القرآن فقد تقدمت الأدلة على قدم معاني القرآن . . . .

. . . فإذا ثبت ذلك في القرآن فكذلك في غيره فإن قالوا فهذا يفضي إلى جميع الكلام أن يكون قديما قيل يلزم القرآن لما لم يقل ذلك فيه كذلك في حروف الهجاء

فصل ونعتقد أن لله عز وجل تسعة وتسعين اسما من أحصاها دخل الجنة وذلك مروي عن أبي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لله تسعة وتسعون اسما أو مائة إلا واحدة من أحصاها دخل الجنة و جميعها في القرآن في سور متفرقة منها خمسة أسماء في الفاتحة وهي يا الله يا رب يا رحمن يا رحيم يا مالك وفي سورة البقرة ستة وعشرون اسما يا محيط يا قدير يا عليم يا حليم يا تواب يا بصير يا واسع يا بديع يا رؤوف يا شاكر يا إله يا واحد يا غفور يا حليم يا قابض يا باسط يا لا إله إلا هو يا حي يا قيوم يا علي يا عظيم يا ولي يا غني يا حميد وفي آل عمران أربعة أسماء يا قائم يا وهاب يا سريع يا خبير وفي سورة النساء ستة أسماء

جو نیسابور اور جرجان والون کی طرف لکہا فرمایا کہ جو شخص کہے کہ حروف ہجی محدث ہین تو وہ کافر باللہ ہے اور جب اُسنے ان حروف کے مخلوق ہونیکا حکم کیا تو گویا اُسنے قرآن ہی کو مخلوق ٹہیرایا اور جب امام احمد رحمہ اللہ سے کہا گیا کہ فلان شخص کہتا ہے کہ جب اللہ تعالی نے حرف پیدا کیے تو لام لیٹ گیا اور الف کہڑا ہو گیا اور کہنے لگا کہ جب تک مجھکو حکم نہ ہوگا مین سجدہ نہ کرونگا تو امام نے جواب دیا کہ یہ کہنے والے کا کفر ہے اور امام شافعی رحمہ اللہ نے فرمایا یہ نہ کہو کہ حروف حادث ہین کیونکہ یہود پہلے اسی سے ہلاک ہوئے اور جسنے حرفون مین سے کسی حرف کو بہی حادث کہا تو بیشک اُسنے قرآن کو حادث کہا اور یہی اُنکے قدیم ہونیکی دلیل ہے کیا تو کہا جاویگا کہ یہ حروف قرآن مین قدیم ہین پس واجب ہے کہ قرآن کے سوا دوسری چیزون مین بہی قدیم ہون کیونکہ یہ جائز نہین کہ ایک چیز قدیم ہو اور بعینہ وہی چیز محدث بہی ہو اور اگر کہے کہ وہ قرآن مین محدث ہین تو سابق قرآن مین اُنکے قدیم ہونیکے دلائل گذر چکے ہین پس جب قرآن مین انکا قدیم ہونا ثابت ہو چکا تو اسیطرح قرآن کے سوا دوسری چیزون مین بہی قدیم ہونگے اور اگر کہین کہ اُنکے قدیم ہونے سے لازم آتا ہے کہ سب کلام قدیم ہون تو جواب دیا جاویگا کہ سب کلام قرآن ہی ہو جاوین حروف ہجا کا بہی یہی حال ہے

فصل اور ہم اعتقاد کرتے ہین کہ اللہ عز وجل کے ننانوین نام ہین جو شخص انکو یاد کرے جنت مین جائیگا اور یہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے انہون نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کی آپنے فرمایا اللہ تعالی کے ننانوین نام ہین یا ایک کم سو ہین (اختلاف روایت) جو شخص انکو یاد کرے وہ جنت مین جاویگا اور وہ نام سب کے سب قرآن مجید مین متفرق سورتون مین ہین اُن مین سے پانچ نام سورۂ فاتحہ مین ہین اور وہ یہ ہین ای معبود اے پروردگار ای بڑی مہربانی کرنے والے ای بخشنے والے ای مالک اور سورۂ بقرہ مین چھبیس نام ہین ای سب کے گہیرنے والے ای قدرت والے ای جاننے والے ای توبہ قبول کرنے والے ای دیکھنے والے ای فراخی کرنیوالے ای پیدا کرنیوالے ای بہت رحم کرنے والے ای معبود ای اکیلے ای بخشنے والے ای حکمتون والے ای قبض کرنیوالے ای کہولنے والے ای وہ ذات کہ اُسکے سوا کوئی معبود برحق نہین ای قائم رکہنے والے ای بلندی والے ای بزرگ ای دوست ای بے پرواہ ای سراہے گئے اور سورۂ آل عمران مین چار نام ہین ای قائم رہنے والے ای بلا عوض بہت بخشنے والے ای جلدی کرنے والے ای خبر رکہنے والے - اور سورۂ نساء مین چھ نام ہین -

يَارَقِيبُ يَاحَسِيبُ يَاشَهِيدُ يَاغَفُورُ يَامُقِيتُ
يَاوَكِيلُ وَفِي الْأَنْعَامِ خَمْسَةُ أَسْمَاءٍ يَافَاطِرُ يَاقَاهِرُ
يَاقَادِرُ يَالَطِيفُ يَاخَبِيرُ وَفِي الْأَعْرَافِ اِسْمَانِ يَا
مُحْيِي يَامُمِيتُ وَفِي الْأَنْفَالِ اِسْمَانِ يَانِعْمَ الْمَوْلٰى
يَانِعْمَ النَّصِيرُ وَفِي هُودٍ سَبْعَةُ أَسْمَاءٍ يَاحَفِيظُ يَا
رَقِيبُ يَامَجِيدُ يَاقَوِيُّ يَامُجِيبُ يَاوَدُودُ يَافَعَّالُ
وَفِي الرَّعْدِ اِسْمَانِ يَاكَبِيرُ يَامُتَعَالُ وَفِي إِبْرَاهِيمَ
اِسْمٌ وَاحِدٌ وَهُوَ يَامَنَّانُ وَفِي الْحِجْرِ اِسْمٌ وَاحِدٌ
وَهُوَ يَاخَلَّاقُ وَفِي النَّحْلِ اِسْمٌ يَابَاعِثُ وَفِي مَرْيَمَ
اِسْمَانِ يَاصَادِقُ يَاوَارِثُ وَفِي الْمُؤْمِنُونَ اِسْمٌ
يَاكَرِيمُ وَفِي النُّورِ ثَلٰثَةُ أَسْمَاءٍ يَاحَقُّ يَامُبِينُ
يَانُورُ وَفِي الْفُرْقَانِ يَاهَادِي وَفِي سَبَا يَافَتَّاحُ
وَفِي الْمُؤْمِنِ أَرْبَعَةُ أَسْمَاءٍ يَاغَافِرُ يَاقَابِلُ يَاشَدِيدُ
يَاذَاالطَّوْلِ وَفِي الذَّارِيَاتِ ثَلٰثَةُ أَسْمَاءٍ يَارَزَّاقُ
يَاذَاالْقُوَّةِ يَامَتِينُ وَفِي الطُّورِ يَامَنَّانُ وَ
فِي اقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ يَامُقْتَدِرُ وَفِي الرَّحْمٰنِ يَا
بَاقِي يَاذَاالْجَلَالِ يَاذَاالْإِكْرَامِ وَفِي الْحَدِيدِ
أَرْبَعَةٌ يَاأَوَّلُ يَاآخِرُ يَاظَاهِرُ يَابَاطِنُ وَفِي الْحَشْرِ
عَشَرَةُ أَسْمَاءٍ يَاقُدُّوسُ يَاسَلَامُ يَامُؤْمِنُ يَا
مُهَيْمِنُ يَاعَزِيزُ يَاجَبَّارُ يَامُتَكَبِّرُ يَاخَالِقُ يَا
بَارِئُ يَامُصَوِّرُ وَفِي الْبُرُوجِ يَامُبْدِئُ يَا
مُعِيدُ وَفِي قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ يَاأَحَدُ يَاصَمَدُ
هٰكَذَا ذَكَرَ سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ وَذَكَرَ عَبْدُ اللّٰهِ
ابْنُ أَحْمَدَ أَسْمَاءً زَوَائِدَ عَلٰى هٰذِهٖ وَهِيَ
يَامُجِيبُ يَاقَاهِرُ يَافَاصِلُ يَافَالِقُ يَارَقِيبُ
يَامَاجِدُ يَاجَوَادُ يَاأَحْكَمَ الْحَاكِمِينَ وَذَكَرَ أَبُوبَكْرٍ
النَّقَّاشُ فِي كِتَابِ تَفْسِيرِ الْأَسْمَاءِ وَالصِّفَاتِ
عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ يَعْنِي الصَّادِقَ أَنَّهُ قَالَ
قَالَ إِنَّ لِلّٰهِ ثَلٰثَمِائَةٍ وَسِتِّينَ اِسْمًا وَرُوِيَ

اى نگهبان اے حساب کرنیوالے اى حاضر ہونیوالے اى بخشنے والے اى روزى
دینیوالے اى کارساز اور سورہ انعام مین پانچ نام ہین اى بے نمونہ پیدا کرنیوالے
اى غالب اے قدرت والے اى باریک دیکھنے والے اى خبر رکھنے والے اور سورہ اعراف مین
دو نام ہین اے زندہ کرنیوالے اى مارنیوالے اور سورہ انفال مین دو نام ہین اے اچھے دوست
اى اچھے مددگار اور سورہ ہود مین سات نام ہین اى نگاہ رکھنے والے اى نگهبان
اى بزرگی والے اى قوت والے اى قبول کرنیوالے اى بڑی دوستی کرنیوالے اى بہت
کام کے کرنیوالے اور سورہ رعد مین دو نام ہین اے بڑائی والے اى بزرگ اور سورہ
ابراہیم مین ایک ہی نام ہے اور وہ یہ ہے اى احسان کرنیوالے اور سورہ حجر مین ایک
نام ہے اور وہ یہ ہے اى پیدا کرنیوالے اور سورہ نحل مین ایک نام ہے اى اٹھانیوالے اور
سورہ مریم مین دو نام ہین اے سچ کہنے والے اى وارث اور سورہ مومنون مین ایک
نام ہے اى بخشش کرنیوالے اور سورہ نور مین تین نام ہین اى سچے اى پکے اى نور
اور سورہ فرقان مین (ایک نام ہے) اى ہدایت کرنیوالے اور سورہ سبا مین ایک
اى کھولنے والے اور سورہ مومن مین چار نام ہین اى بخشنے والے اى قبول کرنیوالے
اى سختی کرنیوالے اى قوت والے اور سورہ ذاریات مین تین نام ہین اے روزی دینے
والے اى قوت والے اى پکے اور سورہ طور مین (ایک) اى احسان کرنیوالے
اور سورہ اقتربت الساعۃ مین (ایک) اى بہت قدرت والے اور سورہ رحمٰن مین
(تین) اى باقی رہنے والے اى بزرگی والے اى صاحب بخشش کے اور سورہ حدید
مین چار نام ہین اے سب سے پہلے اى سب سے پیچھے رہنے والے اى ظاہر اى باطن اور سورہ
حشر مین دس نام ہین اے بڑے پاک اے سلامتی والے اى امن دینے والے اے
نگهبان اے غالب اے زبردست اى بڑائی والے اى بنانیوالے اى پیدا کرنیوالے
اى صورتین بنانیوالے اور سورہ بروج مین (دو) اى پہلی دفعہ پیدا کرنیوالے اى
دوبارہ پیدا کرنیوالے اور قل ہو اللہ احد مین (دو) اى اکیلے اى بے پرواہ
سفیان بن عیینہ نے اسی طرح بیان کیا اور احمد بن عبداللہ نے کئی نام انسے زیادہ
بیان کیے اور وہ یہ ہین اى قبول کرنے والے اى غالب اے جدا کرنیوالے اى
پھاڑنے والے اى نگهبان اى بزرگی والے اى بخشش کرنے والے اے
سب حکم کرنے والون مین سے بڑے حکم کرنے والے اور ابوبکر نقاش
نے نامون اور صفتون کی تفسیر کی کتاب مین جعفر بن محمد یعنی
جعفر صادق سے بیان کیا انہون نے فرمایا
کہ اللہ تعالےٰ کے تین سو ساٹھ نام ہین اور

أيضاً عن غيره مائة وأربعة عشر اسماً وكل ذلك محمول
على أنهم وجدوا في القرآن أسماء مكررة فعدوها أسماً و
الصحيح ما ذكر عن أبي هريرة رضي الله تعالى عنه

فصل

ونعتقد أن الإيمان قول باللسان ومعرفة بالجنان وعمل
بالأركان يزيد بالطاعة وينقص بالعصيان ويقوى
بالعلم ويضعف بالجهل وبالتوفيق يقع كما قال الله
عز وجل فأما الذين آمنوا فزادتهم إيماناً وهم يستبشرون
وما جاز عليه الزيادة جاز عليه النقصان وقال الله تعالى
وإذا تليت عليهم آياته زادتهم إيماناً وقوله عز وجل
ليستيقن الذين أوتوا الكتاب ويزداد الذين آمنوا
إيماناً وما روي عن ابن عباس وأبي هريرة وأبي الدرداء
أنهم قالوا الإيمان يزيد وينقص وغير ذلك مما يطول
شرحه وقد أنكرت الأشعرية زيادة الإيمان و
نقصانه وهو في اللغة تصديق بالقلب المتضمن للعلم
بالمصدق به وهو في الشريعة التصديق وهو العلم
بالله وصفاته مع جميع الطاعات الواجبات منها
والنوافل واجتناب الزلات والمعاصي فيجوز أن
يقال الإيمان هو الدين والشريعة والملة لأن
الدين هو ما يدان به من الطاعات مع اجتناب
المحظورات والمحرمات وذلك هو صفة الإيمان وأما
الإسلام فهو من جملة الإيمان وكل إيمان إسلام و
ليس كل إسلام إيماناً لأن الإسلام هو بمعنى الاستسلام
والانقياد وكل مؤمن مستسلم منقاد لله تعالى وليس
كل مسلم مؤمناً بالله لأنه قد يسلم مخافة السيف
فالإيمان اسم يتناول مسميات كثيرة أفعالاً وأقوالاً
فيعم جميع الطاعات والإسلام عبارة عن الشهادتين
مع طمأنينة القلب في العبادات الخمس وقد أطلق الإمام
أحمد بن حنبل رحمة الله عليه أن الإيمان غير الإسلام
فذهب إلى الحديث المروي عن عبد الله بن عمر رضي

انکے سوا کسی اور سے مروی ہے کہ ایک سو چودہ نام ہیں اور یہ سب باتیں اس
امر پر محمول ہیں کہ انہوں نے قرآن مجید میں ایک ایک نام کو کئی کئی دفعہ پایا تو
انہوں نے ہر ایک نام کو علیحدہ شمار کیا اور ابین صحیح وہ ہے جو ابو ہریرہؓ سے بیان کیا
گیا ہے

فصل

اور ہم اعتقاد کرتے ہیں کہ ایمان زبان سے اقرار کرنے اور دل سے پہچاننے
اور ارکان سے عمل کرنے کا نام ہے اور وہ عبادت سے بڑہتا ہے اور گناہ سے گہٹتا ہے اور علم سے
قوی ہوتا ہے اور جہالت سے ضعیف ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی توفیق سے واقع ہوتا ہے
جیسا کہ اللہ عز وجل نے فرمایا پس جو لوگ ایمان لائے پس زیادہ کیا انکو ایمان اور وہ
خوش ہوتے ہیں اور جسکا بڑہنا جائز ہے اسکا گہٹنا بھی جائز ہے اور اللہ تعالیٰ نے
فرمایا جب ان پر اسکی آیتیں پڑہی جاتی ہیں تو انکو ایمان میں زیادہ کرتی ہیں اور اللہ
عز وجل نے فرمایا تا کہ وہ لوگ یقین کریں جو کتاب دیے گئے ہیں اور جو لوگ ایمان
لائے ہیں وہ ایمان میں زیادہ ہوں اور اس امر کی وہ روایت بھی دلیل ہے جو حضرت
ابن عباس اور ابو ہریرہ اور ابو درداؓ سے مروی ہے انہوں نے کہا کہ ایمان بڑہتا ہے اور گہٹتا
ہے اور اسکے سوا بہت سی روایتیں ہیں جنکا بیان لمبا ہو جاتا ہے اور ابو الحسن اشعری
کے پیروؤں نے ایمان کو بڑہنے اور گہٹنے کا انکار کیا ہے اور لغت میں ایمان دل سے
یقین کرنے کا نام ہے جو یقین کیگئی چیز کے جاننے کو شامل ہے اور ایمان شرع میں
یقین کرنے کا نام ہے اور وہ اللہ تعالیٰ اور اسکی صفتوں کو جاننا ہے باوجود یکہ تمام
عبادتوں واجبات اور نوافل کو بجالایا جاوے اور غلطیوں اور گناہوں
سے بچا جاوے اور یہ کہنا بھی جائز ہے کہ ایمان دین اور شریعت اور ملت ہی ہے
کیونکہ دین وہی ہے جس سے عبادتوں میں تابعداری کی جاوے اور اسکے ساتھ ممنوعات
اور محرمات سے بچا جاوے اور یہی ایمان کی صفت ہے اور اسلام بھی ایمان ہی ہے اور ہر
ایمان اسلام ہے اور ہر اسلام ایمان نہیں کیونکہ اسلام کا معنی قبول کرنا اور جھکنا ہے
اور ہر مومن قبول کرنیوالا اللہ تعالیٰ کے آگے جھکنے والا تو ہوتا ہے لیکن ہر ایک قبول
کرنے والا اللہ کے ساتھ ایمان سے کہنے والا نہیں ہوتا کیونکہ کبھی صرف تلوار کے خوف
سے اسلام لاتا ہے پس ایمان نام ہے جو بہت سے معنوں فعلوں اور قولوں کو
شامل ہے اور وہ سب عبادتوں کو گھیرتا ہے اور اسلام شہادتین اور
تسلی دل کے رکھنے کو اور پانچوں عبادتوں کو کہتے ہیں اور امام احمد رحمۃ
اللہ علیہ نے اطلاق کیا کہ ایمان اور اسلام میں مغائرت ہے۔ اور
انہوں نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے
جو عبداللہ بن عمرؓ سے مروی ہے

انه قال حدثني عمر بن الخطاب انه قال بينما انا عند
رسول الله صلى الله عليه وسلم ذات يوم اذ طلع علينا
رجل شديد بياض الثياب شديد سواد الشعر لا
يرى عليه اثر السفر ولا يعرفه منا احد حتى جلس الى
رسول الله صلى الله عليه وسلم فاسند ركبتيه الى
ركبتيه ووضع كفيه على فخذيه ثم قال يا محمد
اخبرني عن الاسلام فقال صلى الله عليه وسلم ان
تشهد ان لا اله الا الله وان محمدا رسول الله
وتقيم الصلوة وتؤتي الزكوة وتصوم رمضان و
تحج البيت ان استطعت اليه سبيلا قال صدقت
قال فعجبنا منه يسأله ويصدقه ثم قال اخبرني
عن الايمان قال صلى الله عليه وسلم ان تؤمن
بالله وملئكته وكتبه ورسله واليوم الاخر و
القدر خيره وشره قال صدقت قال اخبرني عن
الاحسان قال ان تعبد الله كانك تراه فان لم
تكن تراه فانه يراك قال فاخبرني عن الساعة
قال ما المسؤل عنها باعلم من السائل قال فاخبرني
عن اماراتها قال ان تلد الامة ربتها وان ترى
الحفاة العراة العالة رعاء الشاء يتطاولون في البنيان
قال عمر فلبثت هنيئة ثم قال لي رسول الله صلى
الله عليه وسلم هل تدري من السائل قال قلت
الله ورسوله اعلم قال صلى الله عليه وسلم فانه
جبرئيل اتاكم يعلمكم دينكم وفي لفظ اخر قال
ذلك جبرئيل اتاكم ليعلمكم امر دينكم وما اتاني
قط في صورة الا عرفته الا في صورته هذه فقد
فرق جبرئيل عليه السلام بين الاسلام والايمان
بسؤالين فاجاب النبي صلى الله عليه وسلم بجوابين
مختلفين فذهب الامام احمد ايضا الى حديث
الاعرابي حيث قال يا رسول الله اعطيت فلانا

انہوں نے کہا مجھ سے حضرت عمر بن خطاب رضی نے حدیث بیان کی انہوں نے کہا اُس
وقت کا ذکر ہے کہ میں ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھا ناگہان
ایک آدمی ہمارے پاس آ گیا جو نہایت سفید کپڑوں والا اور نہایت سیاہ بالوں والا تھا
اُس پر سفر کی کوئی علامت معلوم نہ ہوتی تھی اور ہم میں سے اُسے کوئی نہیں پہچانتا
تھا یہاں تک کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھ گیا اور اپنے گھٹنے اُسنے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے گھٹنوں سے ملا دیئے اور اُسنے اپنی دونوں ہتھیلیاں
آپ کے دونوں رانوں پر رکھ دیں پھر بولا اے محمد مجھکو اسلام کی خبر دو تو رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسلام یہ ہے کہ تو اس امر کی گواہی دیوے کہ بجز خدا کے کوئی معبود برحق
نہیں اور محمد اللہ کے رسول ہیں اور نماز کو تو قائم رکھے اور زکوۃ دیوے اور ماہ رمضان کے
روزے رکھے اور بیت اللہ کا حج کرے بشرطیکہ اُسکی طرف جانیکی تجھے طاقت ہو سائل نے
کہا آپ نے سچ فرمایا حضرت عمر رضی نے کہا ہمنے اس بات سے تعجب کیا کہ آپ سے پوچھتا ہے اور
پھر خود ہی کہتا ہے آپ نے سچ فرمایا پھر بولا مجھے آپ ایمان کی خبر دو حضرت صلی اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا ایمان یہ ہے کہ تو اللہ پر اور اُسکے فرشتوں اور کتابوں اور پیغمبروں پر
اور قیامت کے دن پر اور تقدیر پر یعنے اُسکی بھلائی اور برائی پر ایمان لاوے سائل نے
کہا آپ نے سچ فرمایا پھر بولا یا محمد مجھے احسان کی خبر دو آپ نے فرمایا احسان یہ ہے کہ تو اللہ کی
عبادت ایسے خشوع خضوع سے کرے گویا کہ تو اسے دیکھ رہا ہے اور اگر تو اسکو نہیں دیکھتا
تو وہ تجھے دیکھتا ہے پھر بولا مجھکو قیامت کی خبر دو آپ نے فرمایا جس سے قیامت کی نسبت
پوچھا ہے سائل سے زیادہ جاننے والا نہیں وہ بولا اچھا مجھے اُسکی نشانیاں بیان کیجئے
آپ نے فرمایا یہ ہے کہ لونڈی اپنے آقا کو جنے اور یہ کہ تو ننگے بدن والوں بھوکوں بکریاں چرانے
والوں کو عمارتوں میں فخر کرتے ہوئے دیکھے گا حضرت عمر رضی نے کہا پس میں تھوڑی دیر ٹھہرا پھر
مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تو جانتا ہے کہ یہ سائل کون تھا میں نے عرض کیا
اللہ اور اُسکا رسول زیادہ جاننے والے ہیں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جبرئیل علیہ السلام
تھے تمہارے پاس تمہارا دین سکھلانے کے لیے آئے تھے اور حدیث کے دوسرے
لفظوں میں یوں ہے کہ یہ جبرئیل تھے تمہارے پاس اس غرض سے آئے تھے تاکہ تم
کو تمہارے دین کا کام سکھاویں اور جبرئیل پہلے کبھی کسی صورت میں نہیں آئے
تھے مگر میں اُنکو پہچان لیتا تھا مگر آج اس صورت میں میں بھی نہیں پہچان سکا تھا
پس جبرئیل علیہ السلام نے اسلام اور ایمان کو دو سوالوں میں علیحدہ علیحدہ ذکر کیا اور نبی صلی اللہ علیہ و
سلم نے بھی جدا جدا جواب دیئے (لہذا مغایرت ثابت ہو گئی) اور امام احمد نے اعرابی کی
حدیث سے بھی استدلال پکڑا ہے جب اُسنے کہا یا رسول اللہ آپ نے فلانے کو دیا

ومنعتني فقال النبي صلى الله عليه وسلم ذلك مؤمن فقال الاعرابي وانا مؤمن فقال له النبي صلى الله عليه وسلم ومسلم انت وذهب ايضا الى قول الله تعالى قالت الاعراب آمنا قل لم تؤمنوا ولكن قولوا اسلمنا ولما يدخل الايمان في قلوبكم واعلم ان زيادة الايمان انما يكون بعد التحقيق باداء الاوامر والانتهاء عن النواهي بالتسليم في القدر وترك الاعتراض على الله عز وجل في فعله في جميع خلقه وترك الشك في وعده في الاقسام والرزق وفي الثقة به والتوكل عليه والخروج من الحول والقوة والصبر على البلاء والشكر على النعماء والتنزيه للحق وترك التهمة له في سائر الاحوال واما مجرد الصلوة والصيام فلا وسئل الامام احمد عن الايمان أمخلوق هو ام غير مخلوق فقال من قال ان الايمان مخلوق فقد كفر لان في ذلك ايهاما وتعريضا بالقران ومن قال غير مخلوق فقد ابتدع لان في ذلك ايهاما ان اماطة الاذى عن الطريق وافعال الاركان غير مخلوقة فقد انكر على الطائفتين وذكر الحديث ان النبي صلى الله عليه وسلم قال الايمان بضع وسبعون خصلة افضلها قول لا اله الا الله وادناها اماطة الاذى عن الطريق وانما كفر القائل بخلق القران وبدع الاخر لان مذهبه رحمه الله مبني على ان القران اذا لم ينطق بشيء ولم يرو في السنة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم شيء وانقرض عصر الصحابة ولم ينقل احد منهم قولا فالكلام فيه بدعة وحدث ولا يجوز للمؤمن ان يقول انا مؤمن حقا بل يجب ان يقول انا مؤمن ان شاء الله خلاف ما قالت المعتزلة انه يجوز ان يقول انا مؤمن حقا وانما قلنا ذلك لما روي عن عمر بن الخطاب رضي الله عنه انه قال من زعم انه مؤمن فهو كافر وعن الحسن قال

اور مجھکو نہ دیا تو نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ مومن ہے پس اعرابی نے عرض کیا میں بہی مومن ہوں تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے فرمایا تو مسلمان ہے اور امام احمد رحمہ نے اللہ تعالیٰ کے قول سے بہی استدلال پکڑا ہے (جو یہ ہے) گنوار دن نے کہا ہم ایمان لائے (یا محمدؐ) کہہ تم ایمان نہیں لائے لیکن کہو ہم مسلمان ہوئے اور ابہی ایمان تمہارے دلوں میں داخل نہیں ہوا اور جاننا چاہیے کہ ایمان کا بڑہنا حکموں کے ادا کرنے کے یقین کرنے اور منہیات سے باز رہنے کے بعد ہوتا ہے بشرطیکہ تقدیر کو بہی تسلیم کیا جائے اور بعد اسکے کہ اللہ عزوجل پر اُسکے اُن فعلوں میں جو اُسکی مخلوقات میں ہیں اعتراض کرنا چہوڑ دیا جائے اور بعد اسکے کہ اُسکے وعدوں میں جو قسمتوں اور روزی میں ہیں اور اُسپر یقین کرنے میں اور اُسپر بہروسا کرنے میں اور اپنی طاقت اور قوت سے نکلنے میں اور مصیبت پر صبر کرنے میں اور نعمتوں پر شکر کرنے میں اور اللہ تعالیٰ کو پاک جاننے میں اور ہر حال میں اُسکے تہمت کے چہوڑ دینے میں شک کیا جائے لیکن صرف نماز اور روزے سے ایمان نہیں بڑہتا اور امام احمد رح سے ایمان کی نسبت پوچہا گیا کہ آیا وہ مخلوق ہے یا غیر مخلوق تو انہوں نے کہا جو شخص کہے کہ ایمان مخلوق ہے وہ کافر ہوا کیونکہ اسمیں وہم میں ڈالنا اور قرآن شریف کی طرف اشارہ کرنا ہے اور جو شخص کہے کہ ایمان غیر مخلوق ہے تو اُس نے ایک نئی بات نکالی کیونکہ اسمیں یہ وہم ہوتا ہے کہ ایذا کا رستہ سے دور کرنا اور اعضا کے کام غیر مخلوق ہیں پس امام احمد رح نے دونوں گروہوں پر ہی اعتراض کیا اور ایک حدیث بیان کی کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایمان ستر اور چند خصلتیں ہیں ان میں سے افضل یہ کہنا ہے کہ بجز خدا کے کوئی معبود برحق نہیں اور اُن میں سے گہٹیا خصلت رستہ سے ایذا کا دور کرنا ہے اور امام احمد رح نے قرآن کو مخلوق کہنے والے کو کافر اور دوسرے کو بدعت کی طرف اسلیے منسوب کیا کہ انکا مذہب اس امر پر مبنی ہے کہ جب قرآن شریف نے اس امر کا کچہ فیصلہ نہیں کیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث میں بہی اسکی نسبت کچہہ مروی نہیں ہے اور صحابہ کا زمانہ بہی گذر گیا اور اُن میں سے کسی نے کوئی قول نقل نہیں کیا تو اب اس مسئلہ میں گفتگو کرنا بدعت اور ایک نئی بات ہے اور مومن کو یوں کہنا جائز نہیں کہ میں سچا مومن ہوں بلکہ یوں کہنا واجب ہے کہ میں ان شاء اللہ مومن ہوں برخلاف اسکے جو معتزلہ نے کہا کہ یوں کہنا بہی جائز ہے کہ میں سچا مومن ہوں اور ہمنے یہ اس روایت کی وجہ سے کہا ہے جو عمر بن خطاب رضہ سے مروی ہے انہوں نے کہا جو شخص کہے کہ میں مومن ہوں تو وہ کافر ہے اور حسن بصری رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا۔

إنّ رجلاً قال عند عبد الله بن مسعود إني مؤمن فقيل
لابن مسعود إنّ هذا يزعم أنّه مؤمن قال فاسئلوا
أفي الجنّة هو أم هو في النار فسألوه فقال الله أعلم
فقال عبد الله فهلّا وكلت الأخرى كما وكلت الأولى
ولأنّ المؤمن حقّاً من هو عند الله تعالى مؤمن و
هو الذي يكون من أهل الجنّة ولا يكون كذلك إلّا
بعد موافاته بالإيمان ويختم له بذلك ولا يعلم
أحد بما يختم له فينبغي أن يكون خائفاً راجياً مصلحاً
حذراً مترقّياً حتى يأتيه الموت وهو على خير عمل
وأنّ الناس يموتون على ما عاشوا عليه ويحشرون
على ما ماتوا عليه كما جاء في الحديث قال عليه السلام
كما تعيشون تموتون وكما تموتون تبعثون و
ونعتقد أنّ أفعال العباد خلق الله وكسب لهم
خيرها وشرّها حسنها وقبيحها ما كان منها طاعة
ومعصية لا على معنى أنّه أمر بالمعصية لكن قضى
بها وقدّرها وجعلها على حسب قصده وأنّه قسم
الأرزاق وقدّرها فلا يصدّها صادّ ولا يمنعها
مانع لا زائدها ينقص ولا ناقصها يزيد ولا ناعمها
يخشن ولا خشنها ينعم ورزق غد لا يؤكل اليوم
وقسم زيد لا ينقل إلى عمرو وأنّه تعالى يرزق الحرام
كما يرزق الحلال على معنى أنّه يجعله غذاء
للأبدان وقواماً للأجساد لا على معنى أنّه أباحه
الحرام وكذلك القاتل لم يقطع أجل المقتول المقدّر
له بل يموت بأجله وكذلك الغريق ومن هدم
عليه الحائط وألقي من شاهق ومن أكله سبع و
كذلك هداية المسلمين والمؤمنين وضلال
الكافرين إليه عزّ وجلّ جميع ذلك فعل له و
صنعه لا شريك له في ملكه وإنّما أثبتنا للعباد
كسباً لموضع توجّه الأمر والنهي والخطاب إليهم

عبد اللہ بن مسعودؓ کے پاس کسی نے کہا کہ تحقیق میں مومن ہوں کسی نے عبد اللہ بن مسعودؓ
سے کہا یہ شخص کہتا ہے کہ تحقیق میں مومن ہوں انہوں نے کہا تم اس سے پوچھو کہ وہ بہشت
میں ہوگا یا دوزخ میں انہوں نے اس سے پوچھا تو اُس نے کہا اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے پس
عبد اللہؓ نے کہا کہ تو نے جیسے پہلی بات کی سپرد کی ویسی دوسری بات کیوں سپرد
نہ کی اور مومن سچا کہو کی اسلیے ہی ممانعت ہے کہ مومن سچا وہ ہے جو اللہ تعالیٰ کے
نزدیک مومن ہے اور وہی بہشت والوں سے ہوتا ہے اور یہ امر بجز اُسکے ایمان کے ساتھ انجام
ہونے اور اُسی کے ساتھ خاتمہ ہونے کے نہیں ہو سکتا اور کوئی نہیں جانتا کہ اُسکا
خاتمہ کس چیز سے ہوگا پس واجب ہے کہ ڈرنے والا امید کرنے والا نیکی کرنے والا
بچنے والا انتظاری کرنیوالا ہو یہاں تک کہ اُسے موت آجاوے اور وہ اُس وقت نیک
عمل پر ہو اور لوگ بے شک اُس چیز پر مرتے ہیں جس پر وہ زندگی بسر کرتے ہیں اور اُسی چیز
پر اُٹھائے جاوینگے جس پر مرے ہیں جیسا کہ حدیث میں آیا ہے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا جیسے تم زندگی بسر کرتے ہو ویسے ہی مرتے ہو اور جیسے تم مرتے ہو ویسی ہی
اُٹھائے جاتے ہو اور ہم اعتقاد کرتے ہیں کہ بندوں کے فعل اللہ کے پیدا کیے ہوئے ہیں اور
بندوں کے کمائی ہوئی ہیں اچھے ہوں خواہ بُرے ہوں نیک ہوں خواہ بد ہوں اُن میں سے
جو فرمانبرداری ہو اور جو بے فرمانی ہو لیکن ان معنوں سے اللہ تعالیٰ خالق افعال نہیں
کہ اللہ نے گناہ کا حکم کیا ہے بلکہ اُسکو قضا کیا اور مقدر کیا اور اُنکو اپنے ارادے کے
موافق کیا اور اللہ تعالیٰ نے رزقوں کو تقسیم کیا اور مقدر کیا پس اُنکو کوئی بند
کرنیوالا بند نہیں کر سکتا اور کوئی منع کرنیوالا منع نہیں کر سکتا اور اُن میں سے
جو زیادہ ہے وہ ناقص نہیں ہوتا اور جو ناقص ہے وہ زیادہ نہیں ہوتا اور اُن میں سے
جو نرم ہے وہ سخت نہیں ہوتا اور جو سخت ہے وہ نرم نہیں ہوتا اور کل کا رزق آج
نہیں کھایا جاتا اور زید کا حصہ عمرو کی طرف نقل نہیں کیا جاتا اور اللہ تعالیٰ حرام کو بھی
روزی بناتا ہے جیسے کہ حلال کو روزی بناتا ہے اس معنے سے کہ اُسکو بدنوں کے لیے غذا
اور جسموں کے لیے قوت کر دیتا ہے اس معنے سے نہیں کہ حرام کو مباح کر دیتا ہے اور اسیطرح قاتل
مقتول کی موت کو جو اُسکے لیے مقدر ہوتی ہے قطع نہیں کر دیتا بلکہ وہ اپنی موت سے مرتا ہے اور ایسا
غرق ہونیوالے کا اور جسپر دیوار گر پڑے یا جو پہاڑ کی چوٹی سے گرایا جاوے اور جسکو
درندہ کھا جاوے یہی حال ہے اور اسیطرح مسلمانوں اور مومنوں کی ہدایت اور کافروں
کی گمراہی اسی اللہ عزوجل کی طرف ہی منسوب ہے یہ سب اُسیکا فعل ہے اور اُسی کا کام ہے
اُسکا اُسکے ملک میں کوئی شریک نہیں اور ہمنے بندوں کے لیے کسب اسلیے ثابت کیا ہے
کہ امر اور نہی اور اللہ تعالیٰ کا خطاب اُن کی طرف ہی متوجہ ہے۔

ثُمَّ اسْتِحْقَاقُ الثَّوَابِ وَالْعِقَابِ لَدَيْهِمْ كَمَا وَعَدَ وَ
ضَمِنَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى جَزَآءً بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ وَقَالَ عَزَّ
وَجَلَّ بِمَا صَبَرْتُمْ وَقَالَ جَلَّ وَعَلَا مَا سَلَكَكُمْ فِيْ سَقَرَ
قَالُوْا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِيْنَ وَقَالَ
تَبَارَكَ وَتَعَالٰى هٰذِهِ النَّارُ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ
وَقَالَ جَلَّتْ عَظَمَتُهٗ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ يَدَاكَ وَغَيْرُ
ذٰلِكَ مِنَ الْاٰيَاتِ فَعَلَّقَ سُبْحَانَهُ الْجَزَآءَ عَلٰى اَفْعَالِهِمْ
فَاَثْبَتَ لَهُمْ كَسْبًا خِلَافَ مَا قَالَتِ الْجَهْمِيَّةُ مِنْ
اَنَّهٗ لَا كَسْبَ لِلْعِبَادِ وَاَنَّهُمْ كَالْبَابِ يُرَدُّ وَيُفْتَحُ وَ
الشَّجَرَةِ تُحَرَّكُ وَتُهَزُّ وَهُمُ الْجَاحِدُوْنَ لِلْحَقِّ الرَّادُّوْنَ
لِلْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ وَالدَّلِيْلُ عَلٰى كَوْنِ ذٰلِكَ خَلْقَ اللّٰهِ
عَزَّ وَجَلَّ وَكَسْبًا لِلْعِبَادِ خِلَافًا لِلْقَدَرِيَّةِ فِيْ قَوْلِهِمْ
اِنَّ جَمِيْعَ ذٰلِكَ خَلْقٌ لِلْعِبَادِ دُوْنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ تَبًّا
لَهُمْ وَهُمْ مَجُوْسُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ جَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ وَ
نَسَبُوْهُ اِلَى الْعَجْزِ وَاَنْ يَجْرِيَ فِيْ مُلْكِهٖ مَا لَا يَدْخُلُ فِيْ
قُدْرَتِهٖ وَاِرَادَتِهٖ تَعَالَى اللّٰهُ عَنْ ذٰلِكَ عُلُوًّا كَبِيْرًا قَوْلُهٗ
عَزَّ وَجَلَّ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ وَكَمَا قَالَ تَعَالٰى
جَزَآءً بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ فَلَمَّا كَانَ الْجَزَآءُ وَاقِعًا عَلٰى اَعْمَالِهِمْ
كَانَ الْخَلْقُ وَاقِعًا عَلٰى اَعْمَالِهِمْ وَلَا جَائِزٌ اَنْ يُقَالَ الْمُرَادُ
بِذٰلِكَ مَا يَعْمَلُوْنَهٗ مِنَ الْحِجَارَةِ مِنَ الْاَصْنَامِ لِاَنَّ
الْحِجَارَةَ اَجْسَامٌ وَالْعِبَادُ لَا يَعْمَلُوْنَهَا وَاِنَّمَا الْاَعْمَالُ
الَّتِيْ يَفْعَلُ فِيْهَا مَا يَعْمَلُهَا الْعِبَادُ فَوَجَبَ اَنْ يَرْجِعَ الْخَلْقُ
اِلٰى اَعْمَالِهِمْ مِنَ الْحَرَكَاتِ وَالسَّكَنَاتِ وَقَالَ تَعَالٰى
وَلَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ وَلِذٰلِكَ
خَلَقَهُمْ وَالْمَعْنٰى لِلْخِلَافِ خَلَقَهُمْ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اَمْ
جَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ خَلَقُوْا كَخَلْقِهٖ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ
قُلِ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَقَالَ جَلَّ وَعَلَا هَلْ مِنْ خَالِقٍ
غَيْرُ اللّٰهِ يَرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَقَالَ تَعَالٰى
اِخْبَارًا مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ اِنْ تُصِبْهُمْ حَسَنَةٌ يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ

اور اسلیے بہی کہ ثواب اور عقاب کا استحقاق انہی کیلیے ہی جیسا کہ اللہ تعالی نے وعدہ
کیا اور ضامن ہوا اللہ تعالی نے فرمایا اس چیز کا بدلا جو تم کرتے تہی اور اللہ عزوجل نے
فرمایا یہ سبب اس چیز کے کہ تم نے صبر کیا اور اللہ عزوجل نے فرمایا کیا چیز تمکو دوزخ
مین لیگئی کہینگے ہم نماز پڑہنے والون مین سے نہین تہے اور ہم مسکینونکو کہانا نہین
کہلاتے تہے اور اللہ تبارک و تعالی نے فرمایا یہ وہ آگ ہے جسے تم جہٹلاتے تہے اور اللہ تبارک
و تعالی نے فرمایا یہ سبب اس چیز کے ہی کہ تیرے دونون ہاتہون نے آگے بہیجا تہا اور سوا اسکے
اور بہی آیتین ہین پس اللہ تعالی نے جزا کو اُنکے کامون پر معلق کیا اور اُنکے کسب
ثابت کیا برخلاف جہمیہ کے کیونکہ وہ کہتے ہین کہ بندے کاسب نہین وہ دروازے
کی طرح ہین جو بند کیا جاتا ہی اور کہولا جاتا ہے اور درخت کی طرح ہین جو حرکت
دیا جاتا ہی اور ہلایا جاتا ہی اور اصل مین جہمیہ حق کے منکر ہین اور کتاب اللہ اور
سنت رسول کے رد کرنے والے ہین اور ان افعال کے اللہ عزوجل کے پیدا
کیے ہوئے اور بندون کے کسب ہونیکی دلیل برخلاف قدریہ کے اُنکے خیال مین ہے کہ
یہ سب افعال بندون کے مخلوق ہین اللہ عزوجل کے مخلوق نہین اُنکے لیے ہلاکت
ہو اور وہ سب اس امت کے مجوس ہین انہون نے اللہ تعالی کیلیے شریک بنائے اور اُسے
عجز کی طرف منسوب کیا اور اُسکی ملک مین وہ چیز جاری کرنا چاہتے ہین جو اُسکی
قدرت اور ارادے مین داخل نہین اللہ اس سے بلند ہی بڑا بلند ہے اللہ تعالی کا یہ قول
ہی اور اللہ نے تم کو پیدا کیا اور اس چیز کو جسکو تم کرتے ہو اور جیسا کہ اللہ تعالی نے فرمایا
بدلا ہی اس چیز کا جسے تم کرتے تہے پس جب کہ بدلا انکے اعمال پر واقع ہوا تو پیدا کرنا بہی
اُنکے اعمال پر واقع ہوگا اور یہ کہنا درست نہین کہ اس سے مراد وہ چیز ہے جسے وہ
پتہرون سے بت وغیرہ بناتے تہے کیونکہ پتہر جسم ہین اور بندے ان جسمون کو نہین بناتے
اور اُن اجسام مین جو اعمال واقع ہوتے ہین انہین بندے کرتے ہین پس ایسا ہوا کہ اللہ
کا پیدا کرنا انکے اعمال یعنی حرکات و سکنات کی طرف رجوع کرے اور اللہ تعالی نے فرمایا اور
وہ ہمیشہ ہی اختلاف کرتے رہینگے مگر جسپر تیرے رب نے رحم کیا اور اسیواسطے انکو پیدا کیا اور مطلب
ہی کہ اختلاف کے لیے انکو پیدا کیا اور اللہ تعالی نے فرمایا کیا انہون نے اللہ تعالی کے
لیے شریک مقرر کیے کیا کچھ شریکون نے پیدا کیا ہے جیسے خدا تعالے نے
پیدا کیا ہے پس اُن پر پیدائش مشتبہ ہوگئی کہہ اللہ ہر چیز کے پیدا کرنے
والا ہے اور اللہ بلند اور بزرگ نے فرمایا کیا اللہ کے سوا کوئی پیدا کرنے والا
ہی جو تم کو آسمان اور زمین سے رزق دیوے اور اللہ تعالی نے فرمایا مشرکین کی
خبر دیتا ہے کہ اگر اُن کو بہلائی پہونچتی ہے تو کہتے ہین یہہ ۔

مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِكَ
قُلْ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ فَمَا لِهٰؤُلَاۗءِ الْقَوْمِ لَا يَكَادُوْنَ
يَفْقَهُوْنَ حَدِيْثًا وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَدِيْثِ
حُذَيْفَةَ رض اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى خَلَقَ كُلَّ صَانِعٍ وَّصَنْعَتَهٗ
حَتّٰى خَلَقَ الْجَزَّارَ وَجَزُوْرَهٗ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ قَالَ اَنَا خَلَقْتُ
الْخَيْرَ وَالشَّرَّ وَطُوْبٰى لِمَنْ قَدَّرْتُ عَلٰى يَدَيْهِ الْخَيْرَ وَ
وَيْلٌ لِمَنْ قَدَّرْتُ عَلٰى يَدَيْهِ الشَّرَّ وَسُئِلَ الْاِمَامُ
اَحْمَدُ عَنْ اَعْمَالِ الْعِبَادِ الَّتِيْ يَسْتَوْجِبُوْنَ بِهَا مِنَ اللّٰهِ
السَّخَطَ وَالرِّضٰى اَشَيْءٌ مِّنَ اللّٰهِ اَمْ شَيْءٌ مِّنَ الْعِبَادِ
فَقَالَ هِيَ لِلّٰهِ خَلْقًا وَّمِنَ الْعِبَادِ عَمَلًا وَّنَعْتَقِدُ اَنَّ
کرسی پر بٹھاویگا پس حمیدی سے کسی نے کہا کہ جب وہ کرسی پر بیٹھنگے تو وہ اسکے ساتھ ہی ہونگے کہا ہاں تمہاری خرابی ہو وہ اسکے ساتھ ہی ہے اور اہل سنت اس بات کا یہی اعتقاد رکھتے ہیں کہ اللہ تعالی اپنے مومن بندہ کا قیامت کے دن حساب کریگا اور اسے اپنے قریب کریگا اور اسپر اپنا پہلو رکھیگا یہانتک کہ اسے لوگوں سے چھپا لیگا اسلیے کہ عبداللہ بن عمر رض سے مروی ہے انہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ مومن قیامت کے دن لایا جاویگا اور اللہ تعالی اسے اپنے قریب کریگا اور اپنا پہلو اسپر رکھیگا یہانتک کہ لوگوں سے اسے چھپا لیگا پھر فرمائیگا ای میرے بندے تو فلانے فلانے گناہ کو جانتا ہے وہ کہیگا ای میرے پروردگار جانتا ہوں یہانتک کہ اللہ تعالے جب اسے اسکے تمام گناہوں پر مقر کر لیگا اور وہ خیال کریگا اب میرا نفس ہلاک ہو گیا تو اس وقت اسے اللہ عز وجل فرماویگا ای میرے بندے تیرے یہ گناہ میں نے دنیا میں یہ تجھپر ڈھانپے ہوئے تھے اور آج میں انکو تیرے لیے بخشدیتا ہوں اور حساب کرنیکا معنے یہ ہے کہ اللہ تعالی اپنے بندہ کو بباعث اسکی برائیوں اور نیکیوں کے بیان کیے جانے کے اور اسکے فائدے اور ضرر کی باتوں کے ظاہر کرنے کے اسکے اعمال کے ثواب و عذاب کی مقدار جتلاویگا اور معطلہ حساب سے منکر ہیں اور اللہ تعالی نے اپنے فرمودہ سے انکی تکذیب کی یعنے ہماری طرف ہی ہے انکا پھر آنا پھر انکا حساب لینا بھی ہمارے ہی ذمہ ہے اور اہل سنت کا یہی اعتقاد ہے کہ اللہ تعالی کے لیے ایک میزان ہے قیامت کے دن اسمیں نیکیوں اور برائیوں کو تولیگا اس ترازو کے دو پلے ہیں اور ایک ڈانڈی ہے اور معتزلہ نے بمع مرجیہ و خارجیوں کے اسکا انکار کیا ہے اور انہوں نے میزان کے معنے میں تاویل کی کہ اس سے مراد عدل ہے اعمال کا تولنا مراد نہیں ہے اور اللہ تعالی کی کتاب اور اسکے رسول کی سنت میں انکی تکذیب موجود ہے اللہ تعالی نے فرمایا اور ہم قیامت کے دن عدل کی ترازو رکھینگے اور کسی نفس پر کچھ بھی ظلم نہ کیا جاویگا اور اگر اسکا عمل ایک رائی کے دانہ کے برابر ہوگا تو ہم اسکو بھی لے آوینگے اور کافی ہیں ہم حساب لینیوالے اور اللہ تعالی نے فرمایا . . . . . . پس جو شخص کہ اسکی تول بھاری ہوگی پس وہ زندگانی خوشی میں ہے اور جس شخص کی تول ہلکی ہوگی پس ماں اسکی ہاویہ ہے اور عدل ہلکے یا بھاری ہونے سے موصوف نہیں ہوتا (لہذا میزان کا معنے عدل لینا غلط ہے) اور وہ ترازو اللہ جل شانہ کے ہاتھ میں ہوگی کیونکہ انکے حساب کا وہی متولی ہوگا اسلیے کہ نواس بن سمعان نے روایت کی کہا کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ میزان رحمن عز و جل کے ہاتھ میں ہوگی قیامت کے دن بعض قوموں کو بلند اور بعض کو پست کریگا اور بعض نے کہا کہ ترازو

جبرائيل عليه السلام لما روى عن حذيفة بن اليمان
قال ان جبرائيل صاحب الميزان فيقول له ربه زن
يا جبرائيل بينهم فيرد بعضهم على بعض وروى عبد الله
ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يوضع
الميزان يوم القيمة فيؤتى بالرجل فيوضع في كفة الميزان
ويوضع ما احصى من عمله في كفة فيميل به الميزان
فيبعث الله به الى النار فاذا ادبر به اذا صائح يصيح
من عند الرحمن لا تعجلوا لا تعجلوا فانه قد بقي له فيؤتى
بشيء فيه لا اله الا الله فيوضع مع الرجل في كفة
حسناته حتى يميل به الميزان فيؤمر به الى الجنة وفي
حديث آخر عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قال
يؤتى بالرجل يوم القيمة الى الميزان ثم يؤتى بتسعة
وتسعين سجلا كل سجل مد البصر فيها كلها سيئاته
وخطيئاته فترجح سيئاته على حسناته فيؤمر به الى
النار فلما ادبر به اذا صائح يصيح عند الرحمن لا تعجلوا
فقد بقي له فيؤتى بمثل رأس الابهام وامسك على
النصف منها فيه شهادة ان لا اله الا الله وانى
رسول الله فيوضع في كفة حسناته فتثقل حسناته
على سيئاته فيؤمر به الى الجنة وفي لفظ آخر فيخرج
له بقرطاس مثل هذا وامسك على ابهامه فيه
شهادة ان لا اله الا الله وان محمدا رسول الله الى
آخر الحديث وقيل ان الصنج يومئذ مثاقيل الذر
والخردل تكون الحسنات في صورة حسنة تطرح في
كفة النور فيثقل بها الميزان برحمة الله وتكون
السيئات في صورة سيئة تطرح في كفة الظلمة فيخف
بها الميزان بعدل الله تعالى وعلامة ثقل الميزان
ارتفاعها وعلامة انحطاطها خفتها بخلاف موازين
الدنيا وقيل هو مثل موازين الدنيا وسبب ثقلها
الايمان وقول الشهادتين وسبب خفتها الشرك

جبرائیل علیہ السلام کے ہاتھ میں ہوگا اسلیے کہ حذیفہ بن یمان سے مروی ہے انہوں نے کہا کہ
جبرئیل صاحب میزان ہیں انکو انکا رب کہیگا اے جبرئیل تو انکے اعمال کو تول تو انمیں سے
بعض کے عمل بعض سے بھاری ہونگے اور عبداللہ بن عمر سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن میزان رکھی جاویگی اور ایک شخص لایا جاویگا
اور میزان کے ایک پلے میں رکھا جاویگا اور اُسکے شمار شدہ عمل ایک پلے میں رکھے جاوینگے
تو وہ پلہ جھک جاویگا پس اُسے اللہ دوزخ کی طرف بھیجدیگا جب اُسکی پیٹھ پھیری جاویگی
تو ناگہان رحمن کی طرف سے ایک پکارنیوالا پکاریگا کہ جلدی نہ کرو جلدی نہ کرو کیونکہ اُسکے
اعمال میں سے کچھ باقی رہگیا ہے پس اسکے عمل میں سے کچھ لایا جاویگا جسمیں ہوگا کہ بجز اللہ کے
کوئی معبود برحق نہیں اسکو اُس مرد کی جگہ نیکیوں کے پلے میں رکھا جاویگا یہانتک کہ اس
عمل کے سبب میزان جھک جاویگی پس اُسے جنت کی طرف لیجانیکا حکم کیا جاویگا اور
دوسری حدیث میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے آپنے فرمایا قیامت کے دن ایک شخص
میزان کی طرف لایا جاویگا پھر ننانوے صحیفے لائے جاوینگے ہر ایک صحیفے کی درازی اتنی
ہوگی جہانتک نظر پہونچ سکے ان تمام صحیفوں میں اسکی برائیاں ہونگی اور اُسکی برائیاں
اُسکی نیکیوں پر بھاری ہونگی پس اسے آگ کیطرف لیجانیکا حکم کیا جاویگا جب
اُسے اُس طرف پھیرا جاویگا تو ناگہان رحمن کیطرف سے ایک پکارنیوالا پکاریگا کہ جلدی نکرو
کیونکہ اُسکے عمل میں سے کچھ باقی رہگیا ہے پس اسکے عمل میں سے انگوٹھے کے سر برابر عمل لایا جاویگا
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انگوٹھے کا نصف پکڑا (اندازہ بتلایا) اُس عمل میں یہ ہوگا
اس بات کی گواہی ہے کہ بجز خدا کے کوئی معبود برحق نہیں اور میں اللہ کا رسول ہوں اور وہ
عمل اسکے نیکیوں کے پلے میں رکھا جاویگا پس اسکی نیکیاں برائیوں پر بھاری ہوجاوینگی
اور اسے جنت کی طرف لیجانے کا حکم دیا جاویگا اور دوسرے لفظ میں ہے کہ اُسکے لیے ایک کاغذ
نکالا جاویگا مثل اسکی اور آپنے اپنی انگوٹھے کی طرف اشارہ کیا اُس کاغذ میں یہ عمل ہوگا
اس امر کی گواہی ہے کہ بجز اللہ کے کوئی معبود نہیں اور محمد اللہ کے رسول ہیں آخر حدیث تک اور بعضوں
نے کہا ہے کہ اُس دن پاسنگ چیونٹیوں اور رائی کو برابر ہوگا نیکیاں اچھی صورت
میں ہونگی اور نور کے پلے میں ڈالی جاوینگی اللہ کی رحمت سے نیکیوں سے میزان بھاری ہوجاوے
گی اور برائیاں بری صورت میں ہونگی اور اندھیرے کے پلے میں ڈالی جاوینگی تو اللہ تعالی کے عدل سے
برائیوں سے میزان ہلکی ہوجاویگی اور ترازو کے بھاری ہونیکی علامت اُسکا بلند ہوجانا ہے
اور اسکے ہلکے ہونیکی علامت اسکا نیچے ہونا ہے اور یہ امر دنیا کے ترازوؤں کے برخلاف ہے اور بعض
نے کہا کہ وہ دنیا کے ترازوں کی طرح ہے اور اسکے بھاری ہونے کا سبب ایمان اور
شہادتین کا کہنا ہے اور اسکے ہلکے ہونے کا سبب اللہ عزوجل کے ساتھ شرک کرنا ہے

بِاللهِ عَزَّ وَجَلَّ وَاِذَا ارْتَفَعَتْ اُدْخِلَ صَاحِبُهَا الْجَنَّةَ لِاَنَّهَا
عَالِيَةٌ وَاِذَا خَفَّتْ اُدْخِلَ صَاحِبُهَا النَّارَ الْهَاوِيَةَ لِاَنَّهَا فِي
الْحَضِيْضِ اَسْفَلَ السَّافِلِيْنَ كَمَا قَالَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ فَاَمَّا
مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهُ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ اَيْ فِيْ جَنَّةٍ
عَالِيَةٍ وَاَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهُ فَاُمُّهُ هَاوِيَةٌ اَيْ اَصْلُهُ
وَمَاْوَاهُ وَمَرْجِعُهُ نَارٌ حَامِيَةٌ وَهِيَ هَاوِيَةٌ وَالنَّاسُ
فِيْ مُوَازَنَةِ الْاَعْمَالِ عَلٰى ثَلٰثَةِ اَضْرُبٍ مِّنْهُمْ مَنْ تَرَجَّحَ
حَسَنَاتُهُ عَلٰى سَيِّئَاتِهٖ فَيُؤْمَرُ بِهٖ اِلَى الْجَنَّةِ وَمِنْهُمْ مَنْ
تَرَجَّحَ سَيِّئَاتُهُ عَلٰى حَسَنَاتِهٖ فَيُؤْمَرُ بِهٖ اِلَى النَّارِ وَمِنْهُمْ
مَنْ لَّا تَتَرَجَّحُ اِحْدٰهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى فَهُمْ اَصْحَابُ الْاَعْرَافِ
ثُمَّ يُنَالُهُمُ اللهُ بِرَحْمَتِهٖ اِذَا شَاءَ فَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ فَهُوَ قَوْلُهٗ
عَزَّ وَجَلَّ وَعَلَى الْاَعْرَافِ رِجَالٌ الْاٰيَةَ وَالَّذِيْ يُوْزَنُ
صَحَائِفُ اَعْمَالِهِمْ عَلٰى مَا ذَكَرْنَا مِنْ تِسْعَةٍ وَّتِسْعِيْنَ سِجِلًّا
وَطَرِيْقُ ذٰلِكَ النَّقْلُ وَالسَّمْعُ وَاَمَّا الْمُقَرَّبُوْنَ فَيَدْخُلُوْنَ
الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ كَمَا جَاءَ فِي الْحَدِيْثِ اَنَّهٗ يَدْخُلُ
الْجَنَّةَ سَبْعُوْنَ اَلْفًا بِغَيْرِ حِسَابٍ فِيْ مَعَ كُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمْ
سَبْعُوْنَ اَلْفًا بِغَيْرِ حِسَابٍ . . . .
عَلٰى نَصِّ الْحَدِيْثِ الْمَشْهُوْرِ وَاَمَّا الْكَافِرُ فَيَدْخُلُوْنَ
النَّارَ بِغَيْرِ حِسَابٍ وَمِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ مَنْ يُّحَاسَبُ
حِسَابًا يَّسِيْرًا ثُمَّ يُؤْمَرُ بِهٖ اِلَى الْجَنَّةِ عَلٰى مَا تَقَدَّمَ وَ
مِنْهُمْ مَّنْ يُّنَاقَشُ ثُمَّ اَمْرُهٗ اِلَى اللهِ اِنْ شَاءَ اَمَرَ بِهٖ اِلَى
الْجَنَّةِ اَوْ اِلَى النَّارِ قَالَ عَزَّ وَجَلَّ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتَابَهٗ
بِيَمِيْنِهٖ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا الْاٰيَةَ وَقَالَ
جَلَّ وَعَلَا وَكُلَّ اِنْسَانٍ اَلْزَمْنٰهُ طٰٓئِرَهٗ فِيْ عُنُقِهٖ وَنُخْرِجُ
لَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ كِتٰبًا يَّلْقٰىهُ مَنْشُوْرًا اِقْرَاْ كِتٰبَكَ كَفٰى
بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيْبًا وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَدِيْثِ عَلِيٍّ رضي اِنَّ اللهَ يُحَاسِبُ كُلَّ
الْخَلْقِ اِلَّا مَنْ اَشْرَكَ بِاللهِ فَاِنَّهٗ لَا يُحَاسَبُ وَيُؤْمَرُ
بِهٖ اِلَى النَّارِ **فصل** وَيَعْتَقِدُ اَهْلُ السُّنَّةِ اَنَّ الْجَنَّةَ

اور جب میزان بلند ہو جائے تو ایسے اعمال والا جنت میں داخل کیا جاویگا اور جب
ہلکی ہو جاوے تو ایسے اعمال والا ہاویہ دوزخ میں داخل کیا جاویگا ہاویہ کو ہاویہ اسلیے کہتے ہیں
کہ وہ زمین میں سب سے نیچے ہے جیسا کہ اللہ تعالی نے فرمایا پس جو شخص کہ اسکی تول بہاری
ہو پس وہ زندگی خوش میں ہے یعنے بلند بہشت میں اور جو شخص کہ اسکی تول ہلکی ہو پس
اسکی ماں ہاویہ ہے یعنے اسکی اصل اور آرام اور پہر جانیکی جگہ آگ جلانے والی ہے اور وہ ہاویہ
ہے لوگ عملوں کے تلنے میں تین قسم ہیں انمیں سے بعض وہ ہے جسکی نیکیاں برائیوں پر
غالب ہونگی پس اُسے جنت کیطرف لیجانے کا حکم دیا جاویگا اور انمیں سے بعض وہ ہے
جسکی برائیاں نیکیوں پر غالب ہونگی پس اسے دوزخ کی طرف لیجانے کا حکم ہوگا
اور اُن میں سے بعض وہ ہے جسکی دونوں جانبوں میں سے کوئی جانب بہی دوسری
جانب پر غالب ہوگی وہ اصحاب اعراف ہیں پہر جب اللہ تعالی چاہیگا اپر اپنی
رحمت فرماویگا اور انہیں جنت میں لیجاویگا پس وہ اللہ تعالی کا قول ہے اور
اعراف پر آدمی ہیں الخ اور وہ چیز جو تولی جاویگی وہ اُنکے عملوں کے صحیفے ہیں
جیسے کہ ہمنے ننانویں صحیفوں کا ذکر کیا اور اسکا طریقہ وہ ہے جو منقول
ہو یا سُنا جائے۔ اور مقرب لوگ جنت میں بغیر حساب کے داخل ہونگے
جیسے کہ حدیث میں آیا ہے کہ جنت میں ستر ہزار بغیر حساب کے داخل ہونگے اور
اُن میں سے ہر ایک کے ساتھ ستر ہزار (اور اشخاص) ہونگے یہ حدیث مشہور میں
تصریح ہے۔ اور کافر لوگ دوزخ میں بغیر حساب کے داخل ہونگے اور مومنوں
میں سے بعض ایسے ہونگے جو آسان حساب کیے جاوینگے پہر انہیں
جنت کی طرف لیجانے کا حکم ہوگا جیسا کہ گذر چکا ہے اور اُنمیں سے
بعض ایسے ہونگے جنکا خوب حساب ہوگا پہر اُسکا حکم اللہ کی طرف ہے
اگر چاہے تو انہیں جنت میں لیجانے کا حکم دیوے چاہے تو دوزخ میں۔
اللہ تعالی نے فرمایا پس جو شخص اپنا اعمال نامہ اپنے داہنے ہاتہ میں دیا گیا پس
قریب ہے کہ وہ آسان حساب کیا جاویگا آخر تک۔ اور اللہ بزرگ اور
بلند نے فرمایا اور ہر ایک انسان کا اعمالنامہ یعنے اُسکی گردن میں لگا دیا اور
ہم اُسکو قیامت کے دن نکالینگے ایک کتاب کہ اُسے کہلا ہوا دیکہے گا اُسے کہا
جاویگا کہ اپنی کتاب پڑہ آج دن تجہپر تیرا حساب لینے کے لیے تیری جان ہی کافی ہے
اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی کی حدیث میں فرمایا کہ اللہ تعالی تمام خلقت کا
حساب لیگا مگر اُس شخص کا نہ لیگا جس نے اللہ کے ساتھ شرک کیا اور اُسے (بغیر حساب کے)
دوزخ کی طرف لیجانے کا حکم ہوگا **فصل** اور اہل سنت اعتقاد کرتے ہیں کہ جنت

وَالنَّارُ مَخْلُوقَتَانِ فَهُمَا الدَّارَانِ أَعَدَّهُمَا اللّٰهُ تَعَالَى إِحْدَاهُمَا لِلتَّنْعِيْمِ وَالثَّوَابِ لِأَهْلِ الطَّاعَةِ وَالْإِيْمَانِ وَالْأُخْرٰى لِلْعِقَابِ وَالنَّكَالِ لِأَهْلِ الْمَعَاصِيْ وَالطُّغْيَانِ هُمَا مُنْذُ خَلَقَهُمَا اللّٰهُ تَعَالَى بَاقِيَتَانِ لَا يَفْنِيَانِ أَبَدًا وَهِيَ الْجَنَّةُ الَّتِيْ كَانَ فِيْهَا اٰدَمُ وَحَوَّاءُ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ وَإِبْلِيْسُ اللَّعِيْنُ ثُمَّ أُخْرِجَا مِنْهَا بِالْقِصَّةِ الْمَشْهُوْرَةِ وَأَنْكَرَتِ الْمُعْتَزِلَةُ ذٰلِكَ فَأَمَّا الْجَنَّةُ فَلَا يَدْخُلُوْنَهَا وَلَنَا النَّارُ فَلَعَمْرِيْ هُمْ فِيْهَا الَّذِيْنَ تَخْلُدُوْنَ لِإِنْكَارِهِمْ وَتَحْكِيْمِهِمْ بِذٰلِكَ لِلْمُؤْمِنِ الْمُوَحِّدِ الْمُطِيْعِ لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ سَبْعِيْنَ سَنَةً بِكَبِيْرَةٍ وَاحِدَةٍ وَفِيْ كِتَابِ اللّٰهِ وَسُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَكْذِيْبُهُمْ قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْأَرْضُ أُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِيْنَ وَقَالَ عَزَّ وَجَلَّ اِتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْ أُعِدَّتْ لِلْكَافِرِيْنَ وَمَا كَانَ مُعَدًّا كَانَ مَوْجُوْدًا يَعْلَمُهُ كُلُّ عَاقِلٍ فَعُلِمَ أَنَّهُمَا مَخْلُوْقَتَانِ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَدِيْثِ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ دَخَلْتُ الْجَنَّةَ فَإِذَا أَنَا بِنَهْرٍ يَجْرِيْ حَافَتَاهُ خِيَامُ اللُّؤْلُؤِ فَضَرَبْتُ بِيَدِيْ إِلَى الْمَاءِ يَجْرِيْ فَإِذَا مِسْكٌ أَذْفَرُ قُلْتُ يَا جِبْرِيْلُ مَا هٰذَا قَالَ هٰذَا الْكَوْثَرُ الَّذِيْ أَعْطَاكَ اللّٰهُ تَعَالَى وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَدِيْثِ أَبِيْ هُرَيْرَةَ حِيْنَ قِيْلَ لَهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَخْبِرْنَا عَنِ الْجَنَّةِ مَا بِنَاؤُهَا قَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ لَبِنَةٌ مِنْ ذَهَبٍ وَلَبِنَةٌ مِنْ فِضَّةٍ وَمِلَاطُهَا مِسْكٌ أَذْفَرُ وَحَصْبَاؤُهَا الْيَاقُوْتُ وَاللُّؤْلُؤُ وَتُرَابُهَا الْوَرْسُ وَالزَّعْفَرَانُ مَنْ دَخَلَهَا يَخْلُدُ وَلَا يَمُوْتُ وَيَنْعَمُ وَلَا يَبْأَسُ وَلَا تَخْلَقُ ثِيَابُهُمْ وَلَا يَبْلٰى شَبَابُهُمْ فَهٰذَا دَلِيْلٌ عَلٰى أَنَّهُمَا مَخْلُوْقَتَانِ وَأَنَّ نَعِيْمَ الْجَنَّةِ دَائِمٌ لَا يَفْنٰى كَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالَى أُكُلُهَا دَائِمٌ وَظِلُّهَا وَقَالَ عَزَّ وَجَلَّ لَا مَقْطُوْعَةٍ وَلَا مَمْنُوْعَةٍ وَمِنْ نَعِيْمِهَا الْحُوْرُ الْعِيْنُ خَلَقَهُنَّ اللّٰهُ

اور دوزخ دونون مخلوق ہین اور وہ دونون گھر ہین جن مین سے ایک کو اللہ تعالےٰ نے اہل طاعت اور اہل ایمان کی نعمت اور ثواب کے لیے اور دوسرے کو گناہگارون اور سرکشون کے عذاب اور عقوبت کے لیے تیار کیا جب سے اللہ تعالیٰ نے انکو پیدا کیا وہ دونون باقی ہین کبھی فنا نہ ہونگی اور یہ وہی بہشت ہے جسمین آدم اور حوا علیہما السلام اور ابلیس لعین تہا پہر اُس سے نکالے گئے جیسے کہ مشہور قصہ ہے اور معتزلہ نے اسکا انکار کیا ہے اور وہ جنت مین تو داخل نہ ہونگے اور دوزخ مین پس مجہے اپنی عمر کی قسم ہے وہ اُسمین ہمیشہ ہی رہینگے کیونکہ ایک تو انہون نے اسکا انکار کیا اور دوسرا انہون نے مومن موحد اللہ عزوجل کے تابعدار کے لیئے اس بات کا حکم دیا کہ ایک گناہ کبیرہ کے بدلے ستر سال دوزخ مین رہیگا حالانکہ اللہ عزوجل کی کتاب اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی حدیث مین انکی تکذیب موجود ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا اور بہشت کی طرف جسکا عرض آسمان اور زمین ہے پرہیزگارون کے لیے تیار کی گئی ہے اور اللہ عزوجل نے فرمایا اور ڈرو آگ سے جو کافرون کے لیے تیار کی گئی ہے اور جو چیز تیار کی گئی وہ موجود ہوگی اُسے ہر ایک عاقل جانتا ہے پس معلوم ہوا کہ دونون مخلوق ہین اور انس بن مالک کی حدیث مین رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مین جنت مین گیا ناگہان مین ایک نہر پر پہونچا جو جاری تہی اُسکے دونو کنارون پر موتی کے خیمے تہے اور مینے اپنا ہاتہ پانی جاری کی طرف مارا تو ناگہان وہ نہایت خوشبودار کستوری تہی مینے کہا اے جبرئیل یہ کیا ہے اُسنے کہا یہ کوثر ہے جو اللہ تعالےٰ نے تجہے دیا اور ابوہریرہؓ کی حدیث مین حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب آپ سے عرض کیا گیا کہ یا رسول اللہ ہمین بہشت کی خبر دیجیے کہ اُسکی بنا کیسی ہے آپنے فرمایا اسکی ایک اینٹ سونے کی ہے اور ایک اینٹ چاندی کی ہے اور اُسکا گارا کستوری خوشبودار ہے اور اُسکے سنگریزے یاقوت اور موتی ہین اور اسکی مٹی ورس اور زعفران ہے جو اُسمین جاویگا ہمیشہ رہیگا اور نہ مریگا اور خوش رہیگا اور تکلیف نہ پاویگا اور اُنکے کپڑے پرانے نہ ہونگے اور انکی جوانی فنا نہ ہوگی پس یہ ان دونون کے مخلوق ہونیکی دلیل ہے اور اس بات کی دلیل ہے کہ جنت کی نعمتین ہمیشہ رہینگی ختم نہ ہونگی جیسا کہ اللہ تعالےٰ نے فرمایا اُسکا میوہ اور سایہ ہمیشہ ہے اور اللہ عزوجل نے فرمایا نہ کاٹا گیا اور نہ منع کیا گیا اور جنت کی نعمتون مین سے حور العین ہین انکو اللہ تعالیٰ نے

فِي الْجَنَّةِ لِلْبَقَاءِ لَا يَفْنَيْنَ وَلَا يَمُتْنَ كَمَا قَالَ عَزَّ وَجَلَّ
فِيهِنَّ قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ إِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا
جَانٌّ وَقَوْلُهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى حُورٌ مَقْصُورَاتٌ فِي الْخِيَامِ
وَرَوَتْ أُمُّ سَلَمَةَ زَوْجَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَخْبِرْنِي عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ
وَجَلَّ كَأَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُونِ قَالَ صَفَاؤُهُنَّ
كَصَفَاءِ الدُّرِّ فِي الْأَصْدَافِ إِلَى أَنْ قَالَ يَقُلْنَ نَحْنُ
الْخَالِدَاتُ فَلَا نَمُوتُ وَنَحْنُ النَّاعِمَاتُ فَلَا نَبْأَسُ وَنَحْنُ
الْمُقِيمَاتُ فَلَا نَظْعَنُ أَبَدًا وَنَحْنُ الرَّاضِيَاتُ فَلَا نَسْخَطُ
أَبَدًا وَهُنَّ فِي دَارِ حَقٍّ فَلَا يَقُلْنَ إِلَّا حَقًّا وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَادِقٌ لَا يَقُولُ إِلَّا حَقًّا فَأَخْبَرَ أَنَّهُنَّ
خَالِدَاتٌ لَا يَمُتْنَ وَرَوَى مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ لَا تُؤْذِي امْرَأَةٌ زَوْجَهَا فِي الدُّنْيَا
إِلَّا قَالَتْ زَوْجَتُهُ مِنَ الْحُورِ الْعِينِ لَا تُؤْذِيهِ قَاتَلَكِ
اللّٰهُ فَإِنَّمَا هُوَ عِنْدَكِ دَخِيلٌ يُوشِكُ أَنْ يُفَارِقَكِ إِلَيْنَا
فَإِذَا ثَبَتَ أَنَّهُمَا لَا يَفْنَيَانِ وَمَا فِيهِمَا أَبَدًا فَلَا يُخْرِجُ
اللّٰهُ تَعَالَى مِنَ الْجَنَّةِ أَحَدًا وَلَا يُسَلِّطُ عَلَى أَهْلِهَا الْمَوْتَ
فِيهَا وَلَا يَزُولُ عَنْهُمْ نَعِيمُهَا فَهُمْ فِي كُلِّ يَوْمٍ فِي مَزِيدِ نَعِيمٍ
أَبَدَ الْآبَادِ وَتَمَامُ نَعِيمِهِمْ أَنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُ بِالْمَوْتِ فَيُذْبَحُ
عَلَى سُورٍ بَيْنَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ وَيُنَادِي الْمُنَادِي يَا أَهْلَ
الْجَنَّةِ خُلُودٌ وَلَا مَوْتَ عَلَى مَا وَرَدَ بِهِ الْخَبَرُ الصَّحِيحُ عَنِ النَّبِيِّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ **فَصْلٌ** وَيَعْتَقِدُ أَهْلُ الْإِسْلَامِ
قَاطِبَةً أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ
هَاشِمٍ رَسُولُ اللّٰهِ وَسَيِّدُ الْمُرْسَلِينَ وَخَاتَمُ النَّبِيِّينَ
وَأَنَّهُ مَبْعُوثٌ إِلَى النَّاسِ كَافَّةً وَإِلَى الْجِنِّ عَامَّةً
كَمَا قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا كَافَّةً لِلنَّاسِ
وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا رَحْمَةً لِلْعَالَمِينَ وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَدِيثِ أَبِي أُمَامَةَ رض إِنَّ اللّٰهَ تع
فَضَّلَنِي عَلَى الْأَنْبِيَاءِ بِأَرْبَعٍ أَرْسَلَنِي إِلَى النَّاسِ كَافَّةً

جنت میں ہمیشہ رہنے کے لیے پیدا کیا نہ فنا ہونگے اور نہ مرینگے جیسا کہ اللہ تعالی نے
فرمایا بیچ انکے ہین بند کرنے والیان نظر کو نہین نزدیک ہوا انکے انسان پہلے
اُن سے اور نہ جن اور فرمودہ اللہ تبارک و تعالی کا حورین ہین بند کی ہوئین بیچ خیمون
کے اور حضرت ام سلمہ رض نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بیوی نے روایت کی انہون نے
فرمایا مینے عرض کیا یا رسول اللہ مجھے اللہ تعالی کے اس قول (یعنی چھپائے ہوئے
موتیون کی طرح) کا مطلب بتلائے آپنے فرمایا انکی صفائی ایسی ہوگی جیسی
موتی کی صفائی سیپون مین ہوتی ہے یہانتک کہ آپنے فرمایا وہ کہتی ہین
ہم ہمیشہ رہنے والی ہین کبھی نہ مرینگی اور ہم خوش رہنے والی ہین تکلیف نہ
دیجاویگی اور ہم اقامت کرنے والی ہین کبھی سفر نہ کرینگی اور ہم راضی رہنے
والی ہین کبھی خفا نہ ہونگی اور وہ سچ کے گھر مین ہین کبھی جھوٹ نہین کہتی ہین
اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم بھی سچے ہین سچ ہی فرماتے ہین پس آپنے خبر
دی کہ وہ ہمیشہ رہنے والی ہین مرتی نہین اور معاذ بن جبل نے نبی صلی اللہ علیہ
وسلم سے روایت کی آپنے فرمایا کوئی عورت اگر دنیا مین اپنے خاوند کو تکلیف
دیوے تو حور عین مین سے اسکی عورت اُس عورت کو کہتی ہے کہ تجھے خدا ہلاک
کرے اسے تکلیف نہ دے کیونکہ وہ تیرے پاس مہمان ہے قریب ہے کہ تجھ سے
جدا ہوکر ہماری طرف آجاویگا جبکہ ثابت ہوا کہ بہشت اور دوزخ اور جو کچھ کہ
اُن مین ہے کبھی فنا نہ ہوگا پس اللہ تعالی جنت سے کسی کو نہ نکالیگا اور اُنہین
رہنے پر موت کو مسلط نہ کریگا اور اسکی نعمتیں اُن سے دور نہ ہونگی وہ ہر روز
ہمیشہ ہی نعمتون کی زیادتی مین ہونگے اور انکی نعمتون کا پورا ہونا یہ ہے
کہ اللہ تعالے موت کے ذبح کرنیکا حکم دیگا پس وہ بہشت اور دوزخ کے درمیان
ایک دیوار پر ذبح کردیجاویگی اور پکارنیوالا پکاریگا اے جنت والو یہان ہمیشہ رہنا ہوگا
اور موت نہ آئیگی اور اے دوزخ والو یہان تمہیں ہمیشہ رہنا ہے اور موت نہ آئیگی جیسے کہ
صحیح حدیث نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے **فصل** اور تمام اہل اسلام اسبات
کا اعتقاد رکھتے ہین کہ حضرت محمد بن عبداللہ بن عبد المطلب بن ہاشم کے اللہ کے
رسول ہین اور رسولون کے سردار ہین اور نبیون کی مہر ہین اور یہ کہ وہ تمام آدمیون اور
تمام جنون کی طرف بھیجے گئے ہین جیسا کہ اللہ عز وجل نے فرمایا اور نہین بھیجا
ہمنے تمکو مگر سب لوگون کے لیے اور نہین بھیجا ہمنے تمکو مگر رحمت واسطے عالمون
کے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ابی امامہ کی حدیث مین فرمایا کہ اللہ تعالی نے دوسرے
نبیون پر مجھو چار باتون سے فضیلت دی ہے (اول یہ کہ) اللہ تعالی نے مجھے تمام لوگونکی طرف بھیجا

وذكر الحديث وانه صلى الله عليه وسلم اعطى من
المعجزات ما اعطى غيره من الانبياء وزيادة وقد
عدها بعض اهل العلم الف معجزة منها القرآن المنظوم
على وجه مخصوص مفارق لجميع اوزان كلام العرب
ونظمه وترتيبه وبلاغته وفصاحته على وجه جاوز
فصاحة كل فصيح وبلاغة كل بليغ وعجزت العرب ان
ياتي بمثله ولا بسورة منه كما قال الله عز وجل
فاتوا بعشر سور مثله مفتريات فلم ياتوا ثم قال
تعالى فاتوا بسورة من مثله فعجزوا عن ذلك مع زيادة
بلاغتهم وفصاحتهم على اهل زمانهم وانقطعوا
فظهر فضله عليهم فلذلك صار القرآن معجزة
له صلى الله عليه وسلم كالعصى في حق موسى عليه السلام
لان موسى بعث في زمان السحرة الحذاق في صنعتهم
فتلقفت عصى موسى عليه السلام ما سحروا به اعين
الناس وخيلوه اليهم فغلبوا هنالك وانقلبوا صاغرين
والقى السحرة ساجدين وكاحياء عيسى عليه السلام الموتى
وابرائه الاكمه والابرص لانه عليه السلام بعث في
زمن الناس فيه اطباء حذاق يوفقون الاعلال و
الاسقام التي لا تبرأ ببراعتهم في حذق الصنعة فانقادوا
اليه وامنوا به لمجاوزته في الصنعة عليهم وبراعته في المعجزة
للنبي صلى الله عليه وسلم كالعصا واحياء الموتى في حق
موسى وعيسى عليهما السلام ومن معجزاته عليه السلام
نبع الماء من بين اصابعه واطعام الزاد القليل الخلق الكثير
وكلام الذراع المسموم وقوله لا تاكل مني فاني مسموم
وانشقاق القمر وحنين الجذع وكلام البعير ومجي
الشجرة اليه وغير ذلك مما يبلغ الف معجزة على ما
ذكروا واما المرئيات النبي صلى الله عليه وسلم بمثل عصى
موسى ويده البيضاء واحياء الموتى وابراء الاكمه و
الابرص ومثل ناقة صالح والمعجزات التي كانت للانبياء

اور آخر حدیث تک اسکو بیان کیا۔ اور یہ کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو وہ تمام
معجزے بھی دیئے گئے تھے جو آپکے سوا اور پیغمبروں کو دیئے گئے اور انکے سوا اور بھی
دیئے گئے اور بعض اہل علم نے ہزار تک شمار کیے ہیں انمین سے ایک تو قرآن مجید ہے
جو ایک خاص طریقے پر ترتیب پا گیا ہے کلام عرب کے تمام وزنوں کو جدا کرنیوالا ہے
اور اسکی نظم اور ترتیب و بلاغت اور فصاحت ایسے طریقے پر ہے کہ ہر ایک
فصیح کی فصاحت اور ہر ایک بلیغ کی بلاغت سے بڑھ گئی ہے اور عرب والے اسکی
مثل پیدا کرنے سے عاجز ہو گئے ہیں جیسا کہ اللہ عز وجل نے فرمایا کہ اسکی
مثل دس سورتیں بنائی ہوئیں لے آؤ پس وہ نہ لا سکے پھر اللہ عز وجل نے
فرمایا پس اسکی مانند ایک سورت ہی لے آو پس وہ اس سے بھی عاجز ہو گئے اور
ٹوٹ گئے باوجودیکہ انکی بلاغت اور فصاحت اپنے ہمعصروں سے زیادہ تھی پس آپ
کی بزرگی انپر ظاہر ہو گئی اور اسی واسطے قرآن مجید آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے
لیے معجزہ ہو گیا جیسے کہ عصا حضرت موسی علیہ السلام کے حق مین معجزہ تھا کیونکہ
حضرت موسی ایسے جادوگروں کے زمانہ مین مبعوث ہوئے تھے جو اپنے کام مین بڑے
کامل تھے اور جس چیز سے انہوں نے لوگوں کی آنکھوں کی نظر بندی کی تھی اور
جو کچھ انکے خیال مین ڈالا تھا وہ سب کچھ حضرت موسی کا عصا نگل گیا پس وہ
جادوگر وہاں مغلوب ہو گئے اور ذلیل ہو کر لوٹے اور ڈالے گئے سجدہ کرتے ہوئے اور
جیسے کہ مردوں کو زندہ کرنا اور مادرزاد اندھے اور کوڑھی کو اچھا کرنا حضرت عیسی علیہ
السلام کا معجزہ تھا کیونکہ حضرت عیسی علیہ السلام ایسے زمانہ مین پیغمبر ہوئے تھے
جسمین بڑے حاذق طبیب تھے جو ایسی مرضوں کو اچھا کر دیتے تھے جو ایسے شخصوں
سے بھی اچھی نہیں ہوتی تھیں جو اپنی صنعت کی مہارت مین بڑھے ہوئے تھے پس وہ
سب طبیب حضرت عیسی علیہ السلام کے فرمانبردار ہو گئے کیونکہ آپ اپنے کام مین انسے
بڑھ گئے تھے اور معجزے مین انسے فوقیت لیگئے تھے جو انہوں نے انسے لیا تھا پس قرآن
مجید کا فصیح ہونا اور اسکا عاجز کر دینا نبی صلعم کے لیے ایسا معجزہ ہے جیسے کہ عصا موسی کے
حق مین اور مردوں کو زندہ کرنا عیسے کے حق مین معجزہ تھا اور اسکے سوا مفصلہ ذیل بھی آنحضرت صلعم کے معجزے
ہین آپکی انگلیوں مین سے پانی پھوٹنا اور تھوڑا سا توشہ بہت سی خلقت کو کھلانا اور بکری کے
زہر آلودہ شانہ کا کلام کرنا اور اسکا کہنا کہ مجھے نہ کھاؤ کیونکہ مین زہر آلودہ ہوں اور چاند کا پھٹنا
اور درخت خرما کے ستون کا رونا اور اونٹ کا کلام کرنا اور آپکی طرف درخت کا چلکر آنا اور سوا انکے
اور معجزات جنکی تعداد ہزار تک ہے جیسا کہ ذکر کیا گیا ہے اور حضرت صلعم سے مفصلہ ذیل معجزے ظاہر نہین کیے گئے حضرت
موسی کا عصا اور انکا سفید ہاتھ اور مردوں کا زندہ کرنا اور مادرزاد اندھے اور کوڑھی کو اچھا کرنا اور جیسے کہ حضرت

الأمرين احدهما لئلا يكذب لها امة فيهلكوا كما
هلكت الامم قبلهم كما قال الله تعالى وما منعنا ان
نرسل بالآيات الا ان كذب بها الاولون والثاني لو
جاء بمثل ما جاء به الاولون لقالوا له ما جئت بغريب قد
نقلت من موسى وعيسى فانت من اتباعهم لا نؤمن
لك حتى تأتينا بما لم يأت به الاولون ولهذا لم يؤت
الله سبحانه نبيا من انبيائه معجزة غيره بل خص كل
نبي بمعجزة غير معجزة من كان قبله **فصل** و
يعتقد اهل السنة ان امة محمد عليه السلام خير
الامم اجمعين وافضلهم اهل القرن الذين شاهدوه
وآمنوا به وصدقوه وبايعوه وتابعوه وقاتلوا بين
يديه وفدوه بانفسهم واموالهم وعزروه ونصروه
وافضل اهل القرن اهل الحديبية الذين بايعوه
بيعة الرضوان وهم الف واربع مائة رجل وافضلهم
اهل بدر وهم ثلث مائة وثلاثة عشر رجلا عدد
اصحاب طالوت وافضلهم الاربعون اهل دار الخيزران الذين
كملوا بعمر بن الخطاب وافضلهم العشرة الذين شهد لهم
النبي صلى الله عليه وسلم بالجنة وهم ابو بكر وعمر وعثمان
وعلي وطلحة والزبير وعبد الرحمن بن عوف وسعد و
ابو عبيدة بن الجراح وافضل هؤلاء العشرة الابرار الخلفاء
الراشدون الاربعة الاخيار وافضل الاربعة ابو بكر ثم
عمر ثم عثمان ثم علي رضي الله تعالى عنهم ولهؤلاء
الاربعة الخلافة بعد النبي صلى الله عليه وسلم ثلثون
سنة ولي منها ابو بكر سنتين وشيئا وعمر عشرا وعثمان
اثنى عشر وعلي ستا ثم وليها معاوية تسع عشر سنة
وكان قبل ذلك ولاه عمر الامارة على اهل الشام عشرين
سنة وخلافة الائمة الاربعة كانت باختيار الصحابة
واتفاقهم ورضاهم ولفضل كل واحد منهم في عصره و
زمانه على من سواه من الصحابة ولم تكن بالسيف و

دو وجہین ہین ایک تو یہ کہ اگر ظاہر کیے جاوین اور لوگ انکی تکذیب کرین تو یہ امت
بہی سابقہ امتون کی طرح ہلاک ہو. جیسے کہ اللہ تعالے نے فرمایا کہ ہمکو نشانیان
بہیجنے سے بجز اس بات کے کسی نے نہین روکا کہ ان نشانیون کی پہلون نے تکذیب کی
اور دوسری وجہ یہ ہے کہ اگر آپ وہی معجزے ظاہر کرتے جو پہلے نبیون نے ظاہر کیے تہے
تو لوگ کہتے کہ کوئی عجیب اور نادر چیز نہین لائے یا بلکہ تو موسے اور عیسے علیہما السلام سے
سیکہے ہین پس تو انکے تابعدارون مین سے ہے اسلیے ہم تجہپر اسوقت تک ایمان
نہین لانیکے جبتک تو کوئی ایسا امر ظاہر نہ کرے جو پہلے نبیون نے نکیا ہو اور اسی
مصلحت کی وجہ سے اللہ تعالے نے اپنے نبیون مین سے کسی نبی کو دوسرے نبی کا معجزہ
نہین دیا بلکہ ہر ایک نبی کو ایسے معجزے سے مخصوص کیا جو اس سے پہلے نبی کے
معجزے سے متفاوت تہا **فصل** اور اہل سنت اس بات کا بہی اعتقاد کرتے
ہین کہ محمد صلعم کی امت سب امتون سے بہتر ہے اور انمین سے بہتر اس زمانہ کے
لوگ ہین جنہون نے حضرت صلعم کو دیکہا اور آپ پر ایمان لائے اور آپ کو سچا جانا
اور آپ کی بیعت کی اور آپکی پیروی کی اور آپکے سامنے لڑے اور آپکے اوپر اپنی جانین
اور مال قربان کر دیے اور آپکی عزت اور مدد کی اور اس قرن والون مین سے زیادہ
ودلے افضل ہین جنہون نے آپ سے بیعت رضوان کی اور وہ ہزار اور چار سو مرد ہین
اور انسے افضل بدر والے ہین اور وہ تین سو تیرہ آدمی ہین یعنے اصحاب طالوت کے مساوی
ہین اور انمین سے افضل چالیس آدمی دار خیزران والے ہین جو حضرت عمر بن خطاب کے
ساتہ پورے ہوئے اور انمین سے افضل دس آدمی ہین جنکے لیے حضرت صلعم نے جنت
کی شہادت دی اور وہ ابو بکر اور عمر اور عثمان اور علی اور طلحہ اور زبیر اور عبد الرحمن بن
عوف اور سعد اور سعید اور ابو عبیدہ بن جراح ہین اور ان دس نیکو مین سے
افضل چارون پسندیدہ خلفاء راشدین ہین اور ان چارون مین سے افضل ابو بکر
رض ہین پہر عمر رض پہر عثمان رض پہر علی رضی اللہ تعالی عنہم ہین اور نبی صلعم کے بعد ان
چارون کو لیے تیس برس خلافت رہی تیس برس مین سے دو برس اور کچہ
زیادہ حضرت ابو بکر رض امیر رہے اور حضرت عمر رض دس برس اور حضرت عثمان
بارہ برس اور حضرت علی رض چہ برس امیر رہے پہر حضرت معاویہ انیس برس
امیر رہے اور پہلے اسکے حضرت عمر رض نے معاویہ رض کو اہل شام کی حکومت پر بیس
برس تک امیر کیا تہا اور چارون اماموں کی خلافت صحابہ رض کے پسند کرنے
اور انکے اتفاق اور رضامندی سے تہی اور اسلیے بہی کہ انمین سے ہر ایک اپنے
عصر اور زمانہ مین دوسرے اصحاب سے بزرگ تہا اور وہ خلافت تلوار اور

القهر والغلبة والاخص من هو افضل منه وانما خلافة
ابو بكر الصديق رضوان الله عليه وسلامه وبركاته
فباتفاق المهاجرين والانصار كانت وذلك لما توفي
رسول الله صلى الله عليه وسلم قامت خطباء الانصار
فقالوا منا امير ومنكم امير فقام عمر بن الخطاب فقال
يا معشر الانصار الستم تعلمون ان النبي صلى الله عليه و
سلم امر ابا بكر ان يؤم الناس قالوا بلى قال فايكم
تطيب نفسه ان يتقدم ابا بكر قالوا معاذ الله ان نتقدم
ابا بكر وفي لفظ قال عمر فايكم تطيب نفسه ان يزيله عن
مقام اقامه فيه رسول الله صلى الله عليه فقالوا كلهم
كلنا لا تطيب نفسنا نستغفر الله فانقاد الانصار للمهاجرين
فبايعوه باجمعهم وفيهم علي والزبير ولهذا اقول في
النقل الصحيح لما بويع ابو بكر الصديق رض قام ثلثا
يقبل على الناس يقول يا ايها الناس اقلتكم بيعتي هل
من كاره فيقوم علي رض في اوائل الناس فيقول لا نقيلك
ولا نستقيلك ابدا قدمك رسول الله صلى الله عليه
وسلم فمن ذا يؤخرك وبلغنا عن الثقات ان عليا
كان اشد الصحابة قولا في امامة ابي بكر رض وروي
ان عبد الله بن الكواء دخل على علي بعد قتال الجمل
سأله هل عهد اليك رسول الله صلى الله عليه وسلم في
هذا الامر شيئا فقال نظرنا في امرنا فاذا الصلوة عضد
الاسلام فرضينا لدنيانا بما رضي الله ورسوله لديننا
فولينا الامر ابا بكر وذلك ان النبي صلى الله عليه وسلم
استخلف ابا بكر الصديق رض في اقامة الصلوة المفروضة
ايام مرضه فكان ياتيه بلال وقت كل صلوة فيؤذنه
بالصلوة فيقول عليه السلام مروا ابا بكر فليصل
بالناس وكان النبي صلى الله عليه وسلم يتكلم في شان
ابي بكر رض في حال حيوته بما يتبين للصحابة انه احق
بالخلافة بعده وكذلك في حق عمر وعثمان وعلي كلا منهم

زبردستی اور غلبہ سے نہ تھی اور نہ اس طرح کہ کسی افضل سے چھین لی ہو لیکن حضرت ابو بکر صدیق
(اسکی انپر رضامندی اور سلام اور برکتیں ہون) کی خلافت مہاجرین و انصار کے اتفاق
سے تھی اور اسکا واقعہ یہ ہے کہ جب رسول اللہ صلعم نے وفات پائی تو انصار کے خطیب کھڑے ہو
اور کہنے لگے کہ ایک امیر ہم میں سے ہو اور ایک امیر تم میں سے ہو پس حضرت عمر بن خطاب کھڑے
ہوگئے اور کہنے لگے کہ اے انصار کے گروہ کیا تم نہیں جانتے کہ نبی صلعم نے ابو بکر رض کو لوگون
کی امامت کرنیکا حکم دیا تھا انہون نے کہا ہان حضرت عمر نے کہا پس تم مین سے کون ہے
جو ابو بکر رض سے آگے ہونیکو پسند کرتا ہے انہون نے کہا اسکی پناہ ہے اس سے کہ ہم ابو بکر رض سے
آگے ہون اور دوسرے لفظوں مین یون ہے کہ تم مین سے کون ہے جسکا نفس اس بات کو پسند
کرتا ہے کہ ابو بکر رض کو اس مقام سے ہٹا دے جسمین اسے رسول اللہ صلعم نے کھڑا کیا تھا
ان سب نے کہا کہ ہم سب کے نفس اس امر کو پسند نہین کرتے ہم اللہ کی بخشش
مانگتے ہین پس انصار بھی مہاجرین کے ساتھ متفق ہوگئے اور سب نے حضرت ابو بکر
کی بیعت کر لی اور انمین حضرت علی اور حضرت زبیر بھی تھے اور اسی لیے نقل صحیح مین
کہا گیا ہے کہ جب حضرت ابو بکر رض کی بیعت کی گئی تو آپ تین دن کھڑے لوگوں کی طرف
متوجہ ہو کر کہتے ہیں کہ اے لوگو مین اپنی بیعت کو پھیرتا ہون کیا کوئی شخص میری
بیعت کو ناپسند کرنیوالا ہے پس حضرت علی رض لوگون سے آگے کھڑے ہوتے اور کہتے
ہم تیری بیعت نہیں پھیرتے اور نہ کبھی پھیرنا چاہتے ہین جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم نے آپ کو آگے کیا تو آپ کو پیچھے کرنیوالا کون ہے اور ہمین ثقہ لوگون سے
خبر پہنچی ہے حضرت علی رض حضرت ابو بکر رض کی امامت کے بارہ مین بات چیت کرنے مین
سب صحابیون سے سخت تھے اور مروی ہے کہ عبد اللہ بن کواء جمل کی لڑائی کے بعد
حضرت علی کے پاس گئے اور آپ سے پوچھا کہ کیا رسول اللہ صلعم نے خلافت کی بابت آپ سے
کچھ عہد کیا تھا حضرت علی نے کہا ہم نے اپنے معاملہ مین غور کیا تو دیکھا کہ نماز اسلام
کا بازو ہے پس ہم اپنی دنیا کے لیے بھی اسی چیز پر راضی ہوگئے جسکو اللہ اور اسکے
رسول نے ہمارے دین کے لیے پسند کیا پس ہم نے امر کا ابو بکر کو امیر کیا اور یہ اسطرح ہے
کہ نبی صلعم نے اپنی بیماری کے دنون میں ابو بکر صدیق کو نماز فرض کے قائم رکھنے (یعنی امامت)
کیلیے خلیفہ کیا اور ہر نماز کے وقت بلال آنحضرت صلعم کے پاس آتا تھا اور آپکو نماز کی
خبر دیتا تھا اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ ابو بکر کو کہو لوگون کو نماز پڑہا دے اور نبی
صلی اللہ علیہ وسلم اپنی زندگی کی حالت مین بھی حضرت ابو بکر رض کے حق مین ایسی باتیں
کرتے تھے جس سے صحابہ کے لیے ظاہر ہوتا تھا کہ آپکے بعد ابو بکر رض سب لوگون سے خلافت کے زیادہ
لائق ہین اور اسی طرح عمر اور عثمان اور علی رض کے حق مین جاری کہ ان مین سے ہر ایک

مِنْهُمْ اَحَقُّ بِالْاَمْرِ فِیْ عَصْرِهٖ وَزَمَانِهٖ مِنْ ذٰلِكَ مَا رَوٰی ابْنُ
بَطَّةَ بِاِسْنَادِهٖ عَنْ عَلِیٍّ اَنَّهٗ قَالَ قِیْلَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ
عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ نُؤَمِّرُ بَعْدَكَ قَالَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنْ
تُؤَمِّرُوْا اَبَا بَكْرٍ تَجِدُوْهُ اَمِیْنًا زَاهِدًا فِی الدُّنْیَا رَاغِبًا فِی
الْاٰخِرَةِ وَاِنْ تُؤَمِّرُوْا عُمَرَ تَجِدُوْهُ قَوِیًّا اَمِیْنًا لَا یَخَافُ فِی
اللّٰهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ وَاِنْ تُؤَمِّرُوْا عَلِیًّا تَجِدُوْهُ هَادِیًا مَهْدِیًّا
فَلِذٰلِكَ اَجْمَعُوْا عَلٰی خِلَافَةِ اَبِیْ بَكْرٍ وَقَدْ رُوِیَ عَنْ اِمَامِنَا
اَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ رِوَایَةٌ اُخْرٰی اَنَّ خِلَافَةَ
اَبِیْ بَكْرٍ ثَبَتَتْ بِالنَّصِّ الْجَلِیِّ وَالْاِشَارَةِ وَهُوَ مَذْهَبُ
الْحَسَنِ الْبَصْرِیِّ وَجَمَاعَةٍ مِنْ اَصْحَابِ الْحَدِیْثِ وَوَجْهُ
هٰذِهِ الرِّوَایَةِ مَا رَوٰی اَبُوْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ
عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ لَمَّا عُرِجَ بِیْ اِلَی السَّمَاءِ سَاَلْتُ رَبِّیْ عَزَّ
وَجَلَّ اَنْ یَجْعَلَ الْخَلِیْفَةَ مِنْ بَعْدِیْ عَلِیَّ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ
فَقَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ یَا مُحَمَّدُ اِنَّ اللّٰهَ یَفْعَلُ مَا یَشَاءُ اَلْخَلِیْفَةُ
مِنْ بَعْدِكَ اَبُوْ بَكْرٍ وَقَالَ عَلَیْهِ السَّلَامُ فِیْ حَدِیْثِ ابْنِ عُمَرَ
الَّذِیْ بَعْدِیْ اَبُوْ بَكْرٍ لَا یَلْبَثُ بَعْدِیْ اِلَّا قَلِیْلًا وَعَنْ
مُجَاهِدٍ قَالَ قَالَ لِیْ عَلِیُّ ابْنُ اَبِیْ طَالِبٍ مَا خَرَجَ النَّبِیُّ صَلَّی
اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِنْ دَارِ الدُّنْیَا حَتّٰی عَهِدَ لِیْ اَنَّ اَبَا بَكْرٍ
یَلِیْ مِنْ بَعْدِیْ ثُمَّ عُمَرُ ثُمَّ عُثْمَانُ .. بَعْدَهٗ ثُمَّ عَلِیٌّ مِنْ
بَعْدِهٖ وَاَمَّا خِلَافَةُ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَاِنَّمَا كَانَتْ بِاسْتِخْلَافِ
اَبِیْ بَكْرٍ فَانْقَادَتِ الصَّحَابَةُ اِلٰی بَیْعَتِهٖ وَسَمَّوْهُ اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ
فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ قَالُوْا لِاَبِیْ بَكْرٍ مَا تَقُوْلُ لِرَبِّكَ
غَدًا اِذَا لَقِیْتَهٗ وَقَدِ اسْتَخْلَفْتَ عَلَیْنَا عُمَرَ وَقَدْ عَرَفْتَ
فَظَاظَتَهٗ قَالَ اَقُوْلُ اسْتَخْلَفْتُ عَلَیْهِمْ خَیْرَ اَهْلِكَ وَاَمَّا
خِلَافَةُ عُثْمَانَ ابْنِ عَفَّانَ فَكَانَتْ اَیْضًا عَنِ اتِّفَاقِ
الصَّحَابَةِ وَذٰلِكَ اَنَّ عُمَرَ اَخْرَجَ اَوْلَادَهٗ عَنِ الْخِلَافَةِ
وَجَعَلَهَا شُوْرٰی بَیْنَ سِتَّةِ نَفَرٍ وَهُمْ طَلْحَةُ وَزُبَیْرُ
وَسَعْدُ بْنُ اَبِیْ وَقَّاصٍ وَعُثْمَانُ وَعَلِیٌّ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ
ابْنُ عَوْفٍ فَاَخْرَجَ طَلْحَةُ وَالزُّبَیْرُ وَسَعْدٌ اَنْفُسَهُمْ

اپنی عصر اور زمانہ مین خلافت کیلئے زیادہ لائق ہی اور انہین مین سے وہ روایت بہی
جو ابن بطہ نے اپنی اسناد سے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کی انہون نے کہا عرض کیا گیا یا رسول
اللہ آپکے بعد ہم کسکو امیر بناوین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تم ابو بکر رضی اللہ عنہ
کو امیر بناؤگی تو اُسے امین دنیا کو ترک کرنیوالا آخرت کی رغبت کرنیوالا پاؤگی اور اگر
تم عمر رضی اللہ عنہ کو امیر بناؤگی تو اُسے قوی امانتدار پاؤگی جو ملامت کرنیوالے کی ملامت سے
اللہ کے رستے مین نہین ڈرتا اور اگر تم علی رضی اللہ عنہ کو امیر بناؤگے تو اُسے ہدایت کرنیوالا
ہدایت کیا گیا پاؤگے پس اسیواسطے ابو بکر رضی اللہ عنہ کی خلافت پر سب متفق ہوئی اور ہمارے
امام ابو عبد اللہ احمد بن حنبل سے ایک اور روایت بہی مروی ہے کہ ابو بکر رضی اللہ عنہ کی خلافت
نص جلی اور اشارہ سے ثابت ہوئی ہی اور حسن بصری اور اصحاب حدیث مین سے ایک
جماعت کا یہی مذہب ہے اس روایت کی دلیل وہ ہے جو ابو ہریرہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم
سے روایت کی آپنے فرمایا جب مجھے آسمان کی طرف معراج ہوا تو مینے اپنے
اللہ عز وجل سے سوال کیا کہ میرے بعد علی رضی اللہ عنہ بن ابی طالب کو خلیفہ بناوے تو فرشتون
نے کہا کہ اے محمد اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے آپکے بعد ابو بکر رضی اللہ عنہ خلیفہ ہونگے اور ابن عمر رضی اللہ عنہ
کی حدیث مین آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ شخص جو میرے بعد ہے
ابو بکر رضی اللہ عنہ ہے تھوڑی ہی مدت خلیفہ رہیگا اور مجاہد سے روایت ہی اُسنے کہا مجھ
سے حضرت علی بن ابی طالب نے کہا کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم دنیا سے تشریف
نہین لے گئے یہان تک کہ آپنے مجھ سے عہد کیا کہ ابو بکر میرے بعد امیر ہوگا
پھر عمر رضی اللہ عنہ پھر عثمان رضی اللہ عنہ پھر اُسکے بعد علی رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی خلافت
حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کے خلیفہ بنانے سے تھی پس صحابہ رضی اللہ عنہم نے انکی بیعت کی تابعداری کی
اور انکا نام امیر المؤمنین رکھا۔ عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا صحابہ رضی اللہ عنہم نے
حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ سے کہا کل جب تو اپنے رب سے ملے گا تو کیا جواب دیگا کیونکہ
آپنے ہمپر عمر رضی اللہ عنہ کو خلیفہ بنا دیا اور آپ اسکی طبیعت کی سختی کو بہی جانتے ہو حضرت
ابو بکر رضی اللہ عنہ نے کہا مین کہونگا (یا اللہ) مینے تیری بندون مین سے بہتر شخص کو
اُنپر خلیفہ بنایا اور حضرت عثمان کی خلافت بہی صحابہ رضی اللہ عنہم کے اتفاق سے تھی
اور یہ اس طرح ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنی اولاد کو خلافت سے نکال دیا اور
اسکا۔ چھ شخصون کے درمیان شورہ مقرر کر دیا اور وہ طلحہ اور زبیر اور سعد
بن ابی وقاص اور عثمان رضی اللہ عنہ اور علی رضی اللہ عنہ اور عبد الرحمٰن بن عوف رضی
اللہ عنہم تھے حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ اور زبیر رضی اللہ عنہ اور سعد نے تو
اپنے نفسون کو اس سے نکال لیا

مِنْهَا فَبَقِيَتْ بَيْنَ عَلِيٍّ وَعُثْمَانَ وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ
فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ لِعَلِيٍّ
وَعُثْمَانَ أَنَا أَخْتَارُ أَحَدَكُمَا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ
فَأَخَذَ بِيَدِ عَلِيٍّ فَقَالَ يَا عَلِيُّ عَلَيْكَ عَهْدُ اللّٰهِ وَمِيْثَاقُهٗ
وَذِمَّتُهٗ وَذِمَّةُ رَسُوْلِهٖ إِذَا أَنَا بَايَعْتُكَ لَتَنْصَحَنَّ لِلّٰهِ
وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَتَسِيْرَنَّ بِسِيْرَةِ رَسُوْلِهٖ
وَأَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ فَخَافَ عَلِيٌّ أَنْ لَا يَقْوٰى عَلٰى مَا قَوُوْا عَلَيْهِ
فَلَمْ يُجِبْ ثُمَّ أَخَذَ بِيَدِ عُثْمَانَ فَقَالَ لَهٗ مِثْلَ مَا قَالَ
لِعَلِيٍّ فَأَجَابَهٗ عُثْمَانُ عَلٰى ذٰلِكَ فَمَسَحَ يَدَ عُثْمَانَ فَبَايَعَهٗ
فَبَايَعَ عَلِيٌّ رض ثُمَّ بَايَعَ النَّاسُ أَجْمَعُ فَصَارَ عُثْمَانُ بْنُ
عَفَّانَ خَلِيْفَةً بَيْنَ النَّاسِ بِاتِّفَاقِ الْكُلِّ فَكَانَ إِمَامًا
حَقًّا إِلٰى أَنْ مَاتَ وَلَمْ يُوْجَدْ فِيْهِ أَمْرٌ يُوْجِبُ الطَّعْنَ
فِيْهِ وَلَا فِسْقَهٗ وَلَا قَتْلَهٗ خِلَافَ مَا قَالَتِ الرَّوَافِضُ
تَبًّا لَهُمْ وَأَمَّا خِلَافَةُ عَلِيٍّ فَكَانَتْ عَنْ اتِّفَاقِ الْجَمَاعَةِ
وَإِجْمَاعِ الصَّحَابَةِ لِمَا رَوٰى أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنُ بَطَّةَ عَنْ
مُحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِيَّةِ قَالَ كُنْتُ مَعَ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ وَعُثْمَانُ
بْنُ عَفَّانَ رض مَحْصُوْرٌ فَأَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ إِنَّ أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ
مَقْتُوْلٌ السَّاعَةَ فَقَامَ عَلِيٌّ رض فَأَخَذْتُ بِوَسَطِهٖ تَخَوُّفًا
عَلَيْهِ فَقَالَ خَلِّ لَا أُمَّ لَكَ قَالَ فَأَتٰى عَلِيٌّ الدَّارَ وَقَدْ
قُتِلَ عُثْمَانُ فَأَتٰى دَارَهٗ وَدَخَلَهَا فَأَغْلَقَ بَابَهٗ فَأَتَاهُ
النَّاسُ فَضَرَبُوْا عَلَيْهِ الْبَابَ فَدَخَلُوْا عَلَيْهِ فَقَالُوْا إِنَّ
عُثْمَانَ قَدْ قُتِلَ وَلَا بُدَّ لِلنَّاسِ مِنْ خَلِيْفَةٍ وَلَا نَعْلَمُ
أَحَدًا أَحَقَّ بِهَا مِنْكَ فَقَالَ لَهُمْ عَلِيٌّ لَا تُرِيْدُوْنِيْ
فَإِنِّيْ لَكُمْ وَزِيْرٌ خَيْرٌ مِّنْ أَمِيْرٍ قَالُوْا وَاللّٰهِ لَا نَعْلَمُ أَحَدًا
أَحَقَّ بِهَا مِنْكَ قَالَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَإِنْ أَبَيْتُمْ عَلَيَّ
فَإِنَّ بَيْعَتِيْ لَا تَكُوْنُ سِرًّا وَلٰكِنْ أَخْرُجُ إِلَى الْمَسْجِدِ فَمَنْ
شَاءَ أَنْ يُبَايِعَنِيْ بَايَعَنِيْ قَالَ فَخَرَجَ رض إِلَى الْمَسْجِدِ فَبَايَعَهُ
النَّاسُ فَكَانَ إِمَامًا حَقًّا إِلٰى أَنْ قُتِلَ خِلَافَ مَا قَالَتِ
الْخَوَارِجُ أَنَّهٗ لَمْ يَكُنْ إِمَامًا فَقَطْ تَبًّا لَهُمْ وَأَمَّا قِتَالُهٗ

اور حضرت علیؓ اور عثمانؓ اور عبد اللہ بن عوف کو درمیان خلافت رہگئی
پس عبد الرحمنؓ نے کہا مین تم دونون مین سے ایک کو اللہ اور اسکے رسول اور مومنون
کے لیے پسند کرتا ہون پس انہونے حضرت علیؓ کا ہاتہ پکڑ لیا اور کہا اے علی تجہپر اللہ
کا عہد اور اسکا وعدہ اور ذمہ اور اُسکے رسول کا ذمہ ہے جب مین آپ کی بیعت کرونگا
تو آپ کو اللہ اور اسکے رسول اور مومنون کی خیر خواہی ضرور کرنی ہوگی اور اُسکے
رسول کے طریقہ پر اور ابو بکرؓ اور عمرؓ کے طریقے پر چلنا ہوگا پس حضرت علیؓ
اس امر سے ڈر گئے کہ شاید مین اسقدر قوی نہ ہون جسقدر وہ اس امر پر قوی تھے
اسلیے انہونے کچہہ جواب نہ دیا پہر عبد الرحمنؓ نے حضرت عثمانؓ کا ہاتہ پکڑا اور
جو کچہہ حضرت علیؓ سے کہا تہا انکو بہی وہی کہا تو حضرت عثمانؓ نے انکی اس بات
کو قبول کر لیا پس حضرت عبد الرحمنؓ نے حضرت عثمانؓ کے ہاتہ کو پکڑا اور انکی بیعت کر لی
پہر سب لوگون نے بیعت کر لی پس حضرت عثمان بن عفانؓ سب کے اتفاق سے لوگون مین
خلیفہ ہو گئے اور وہ امام برحق تہے یہانتک کہ فوت ہو گئے اور اُنمین کوئی امر نہین پایا
گیا جو اُنمین کسی قسم کے طعن کو یا اُنکے فسق یا قتل کو واجب کرے برخلاف
اسکے جو رافضیون نے کہا انکو ہلاکی ہو اور حضرت علیؓ کی خلافت ایک جماعت کے اتفاق
سے اور اجماع صحابہ سے تہی جیسا کہ ابو عبد اللہ بن بطہ نے محمد بن حنفیہ سے روایت کیا انہنے
کہا مین حضرت علی بن ابو طالب کے ساتہ تہا اور حضرت عثمان بن عفان بند
کیے گئے تہے پس حضرت علیؓ کے پاس ایک شخص آیا اور کہنے لگا کہ امیر المومنین
اسوقت قتل کیے جاتے ہین تو حضرت علیؓ اٹہہ کہڑے ہوئے چونکہ مجہے آپکو تکلیف
پہونچنے کا خوف ہوا لہذا مینے آپ کی کمر پکڑ لی پس کہنے لگے مجہے چہوڑ دے تیری ماں نہو
محمد بن حنفیہ نے کہا کہ حضرت علیؓ حضرت عثمانؓ کے گہر کو آئے مگر حضرت عثمانؓ قتل
ہو چکے تہے پس اپنے گہر کو آئے اور داخل ہوئے اور دروازہ بند کر دیا پس انکے پاس لوگ
آئے اور دروازہ توڑ دیا اور اُنکے پاس اندر گئے اور کہنے لگے کہ عثمانؓ قتل ہو چکے ہین اور
لوگون کے لیے کوئی خلیفہ ضرور ہونا چاہیے اور خلافت کے لیے ہم کسی کو تجہہ سے زیادہ
لائق نہین سمجہتے پس علیؓ نے کہا تم میرے لیے اس کا ارادہ نکرو کیونکہ مین تمہارے لیے
وزیر ہون جو امیر سے بہتر ہے انہونے کہا خدا کی قسم ہم خلافت کے لیے کسی کو تم سے زیادہ
لائق نہین سمجہتے حضرت علیؓ نے کہا اگر تم لوگ میری بات نہین مانتے تو میری بیعت
پوشیدہ نہ ہوگی لیکن مسجد مین جاتا ہون اور جو شخص میری بیعت کرنا چاہے کرے محمد بن
حنفیہ نے کہا حضرت علیؓ مسجد مین گئے تو لوگون نے انکی بیعت کی پس امام برحق تہے یہانتک کہ
قتل کیے گئے برخلاف اسکے جو خارجیون نے کہا کہ وہ ہرگز امام نہ تہے خارجیون کے لیے ہلاکی ہو اور حضرت علیؓ کی

بطلحة والزبير وعائشة ومعاوية فقد نص الإمام أحمد رحمه الله على الإمساك عن ذلك وجميع ما شجر بينهم من منازعة ومنافرة وخصومة لأن الله تعالى يزيل ذلك من بينهم يوم القيمة كما قال عز وجل ونزعنا ما في صدورهم من غل إخوانا على سرر متقبلين ولأن عليا كان على الحق في قتالهم لأنه كان يعتقد صحة إمامته على ما بيّنا من اتفاق أهل الحل والعقد من الصحابة على إمامته وخلافته فمن خرج عن ذلك بعد وناصبه حربا كان باغيا خارجا عن الإمام فجاز قتاله ومن قاتله من معاوية وطلحة والزبير طلبوا ثار عثمان خليفة حق المقتول ظلما والذين قتلوه كانوا في عسكر علي رض فكل ذهب إلى تأويل صحيح فأحسن أحوالنا الإمساك في ذلك وردهم إلى الله عز وجل وهو أحكم الحاكمين وخير الفاصلين والاشتغال بعيوب أنفسنا وتطهير قلوبنا من أمهات الذنوب وظواهرنا من موبقات الأمور وأما خلافة معاوية بن سفيان فثابتة صحيحة بعد موت علي وبعد خلع الحسن بن علي رضي الله تعالى عنهما نفسه عن الخلافة وتسليمها إلى معاوية لرأي رآه الحسن ومصلحة عامة تحققت له وهي حقن دماء المسلمين وتحقيق قول النبي صلى الله عليه وسلم في الحسن ابني هذا سيد يصلح الله تعالى به بين فئتين عظيمتين فوجبت إمامته بعقد الحسن له فسمي عامه عام الجماعة لارتفاع الخلاف بين الجميع واتباع الكل لمعاوية رض لأنه لم يكن هناك منازع ثالث في الخلافة وخلافته مذكورة في قول النبي صلى الله عليه وسلم وهو ما روي عن النبي صلى الله عليه وسلم أنه قال تدور رحى الإسلام خمسا وثلثين سنة أو ستا وثلثين أو سبعا وثلثين والمراد بالرحى في هذا الحديث القوة في الدين والخمس

طلحہ اور زبیر اور عائشہ اور معاویہ سے لڑنا پس امام احمد رحمۃ اللہ نے اس واقعہ کو بیان کرنے سے اور ان تمام حالات کے بیان کرنے سے جو اُنکے درمیان جھگڑا اور ایک دوسرے سے نفرت لڑائی تھی بند رہنے پر تصریح کی ہے کیونکہ اللہ تعالی قیامت کے دن انہیں سے اس عداوت کو دور کر دیگا جیسا کہ اللہ عز و جل نے فرمایا اور جو کچھ اُنکے سینوں میں کدورت تھی اُسے ہمنے نکالدیا اور وہ بھائی ہو جاوینگے تختوں پر آمنے سامنے اور اسلیئے کہ حضرت علی رض حق پر تھے جیسا کہ ہمنے اُنکی امامت اور خلافت پر صحابہ میں سے اہل حل اور عقد کا اتفاق بیان کر دیا پس جو شخص اسکے بعد اُنکی خلافت سے نکل گیا اور اُنکی لڑائی کے لیے تیار ہو گیا وہ باغی اور امام کے حکم سے نکلنے والا ہوگا اُس سے لڑنا جائز ہوگا اور جسنے حضرت علی رض سے لڑائی کی جیسے معاویہ رض اور طلحہ رض اور زبیر رض تو انہوں نے حضرت عثمان رض کا جو خلیفہ حق تھے اور ظلم سے قتل کیے گئے تھے قصاص طلب کیا اور جنہوں نے انکو قتل کیا تھا وہ حضرت علی رض کے لشکر میں تھے پس ہر ایک نے صحیح تاویل کرنے کی طرح رجوع کیا لیکن ہمارے حال کے لئے اس واقعہ کے بیان کرنے سے بند رہنا اور انکے معاملہ کو اللہ عز و جل کی طرف سپرد کرنا زیادہ اچھا ہے کیونکہ وہ سب حاکموں کا حاکم ہے اور سب فیصلہ کرنیوالوں سے اچھا فیصلہ کرنیوالا ہے اور ہمارے لیے اپنے نفسوں کے عیبوں میں اور گناہوں کی ماؤں سے اپنے دلوں اور ظاہری حالات کو ہلاک کرنیوالی باتوں سے پاک کرنے میں مشغول ہونا زیادہ لائق ہے اور معاویہ بن سفیان کی خلافت پس بعد وفات حضرت علی رض ثابت اور صحیح ہے اور بعد اسکے کہ حسن بن علی رضی اللہ تعالی عنہما نے اپنے آپ کو خلافت سے علیحدہ کر دیا اور اُسے معاویہ رض کی سپرد کر دیا اور انکا یہ کام کسی خیال کی وجہ سے تھا جسکو انہوں نے مناسب سمجھا اور مصلحت عام کے لیے تھا جو انکو معلوم ہوئی اور وہ مصلحت مسلمانوں کے خونوں کو بچانا تھا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اُس قول کو ثابت کرنا تھا جو آپنے حضرت حسن رض کے حق میں فرمایا تھا کہ یہ میرا بیٹا سردار ہے اسکے ذریعہ سے اللہ تعالی بڑی بڑی دو جماعتوں میں صلح کریگا تو معاویہ کی امامت حضرت حسن رض کے مقرر کرنیسے واجب ہو گئی اور اس سال کا نام سال جماعت کہا گیا کیونکہ سب میں سے اختلاف جاتا رہا تھا اور سب معاویہ رض کے تابع ہو گئے تھے کیونکہ تیسرا کوئی خلافت میں جھگڑا کرنیوالا سوا انکے نہ تھا اور معاویہ رض کی خلافت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قول میں مذکور ہے اور وہ یہ ہے جو نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے آپنے فرمایا اسلام کی چکی پینتیس ۳۵ برس یا چھتیس ۳۶ برس یا سینتیس ۳۷ برس پھریگی اور چکی سے مراد اس حدیث میں قوت فی الدین ہے اور پانچ

السنین الفاضلۃ عن الثلثین فھی من جملۃ خلافۃ
معاویۃ الی تمام تسعۃ عشر سنۃ و شھور لان الثلثین
کملت بعلی کما بینا و نحسن الظن بنساء النبی صلی اللہ
علیہ وسلم اجمعین و نعتقد انھن امھات المومنین
وان عائشۃ رض افضل نساء العلمین و برءھا اللہ تعالی
من قول الملحدین فیھا بما نقروہ ویتلی الی یوم الدین
وکذلک فاطمۃ بنت نبینا محمد صلی اللہ علیہ وسلم رضی
اللہ تعالی عنھا وعن بعلھا واولادھا افضل نساء
العلمین ویجب موالاتھا ومحبتھا کما یجب ذلک فی حق
ابیھا صلی اللہ علیہ وسلم قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم
فاطمۃ بضعۃ منی یریبنی ما یریبھا فھولاء اھل القران
ھم الذین ذکرھم اللہ فی کتابہ واثنی علیھم فھم المھاجرون
الاولون والانصار الذین صلوا الی القبلتین قال
اللہ تعالی فیھم لا یستوی منکم من انفق من قبل الفتح
وقاتل اولئک اعظم درجۃ من الذین انفقوا من بعد
وقاتلوا وکلا وعد اللہ الحسنی وقال جل وعلا
وعد اللہ الذین امنوا منکم وعملوا الصلحت لیستخلفنھم
فی الارض کما استخلف الذین من قبلھم ولیمکنن
لھم دینھم الذی ارتضی لھم ولیبدلنھم من بعد
خوفھم امنا وقال تعالی والذین معہ اشداء علی الکفار
رحماء بینھم تراھم رکعا سجدا الی قولہ یعجب الزراع
لیغیظ بھم الکفار روی جعفر بن محمد عن ابیہ قول عز و
جل محمد رسول اللہ والذین معہ فی العسر والیسر و
الغار والعریش ابوبکر اشداء علی الکفار عمر بن الخطاب
رحماء بینھم عثمان بن عفان تراھم رکعا سجدا علی بن
ابی طالب یبتغون فضلا من اللہ ورضوانا طلحۃ وزبیر
حواریا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سیماھم فی وجوھھم
من اثر السجود سعد وسعید عبد الرحمن بن عوف و
ابو عبیدۃ ابن الجراح ھولاء العشرۃ ذلک مثلھم

برس جو تیس سے زائد ہین پس وہ منجملہ خلافت حضرت معاویہ کے ہین جو
پورے انیس سال اور کچھ مہینون تک رہی ہین کیونکہ تیس سال تو حضرت
علی رض تک ہی پورے ہوچکے تھے جیسے کہ ہمنے بیان کر دیا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم
کی تمام بیویوں پر ہمکو حسن ظن ہے اور ہم اعتقاد رکھتے ہین کہ وہ مومنون
کی مائین ہین اور (امنین سے) عائشہ رض تمام جہان کی عورتون سے افضل ہین
اور انکو اللہ تعالی نے ملحدون کے قول سے پاک کیا جو انکے حق مین کہتے تھے اور
جسکو ہم پڑہتے ہین اور قیامت تک پڑہا جاویگا اور اسی طرح ہمارے نبی صلعم
کی بیٹی فاطمہ اللہ تعالی اُنسے اور انکے خاوند سے اور انکی اولاد سے راضی ہو وے)
سب جہان کی عورتون سے افضل ہین اور اُنسے پیار اور محبت رکھنی واجب ہے
جیسے کہ انکے باپ حضرت صلعم سے پیار اور محبت رکھنا واجب ہے نبی صلی اللہ علیہ و
سلم نے فرمایا فاطمہ رض میرا ایک ٹکڑا ہے جو بات اُسے رنج دیتی ہے مجھے بھی رنج
دیتی ہے یہ سب لوگ اہل قرآن ہین جنکا ذکر اللہ تعالی نے اپنی کتاب مین فرمایا
اور انکی تعریف کی پس وہ پہلے مہاجرین ہین اور انصار جنہون نے دو قبلون
کی طرف نماز پڑہی اللہ تعالی نے اُنکے حق مین فرمایا تم مین وہ شخص جس نے
پہلے فتح مکہ کے خرچ کیا اور لڑائی کی برابر نہین (بلکہ) وہ لوگ درجون مین بڑہکر
ہین اُن لوگون سے جنہون نے بعد مکہ فتح ہونے کے خرچ کیا اور لڑائی کی اور ہر ایک
کو اللہ نے اچھا وعدہ دیا اور اللہ بزرگ و برتر نے فرمایا وعدہ کیا اللہ نے اُن
لوگون سے جو تم مین سے ایمان لائے اور اچھے کام کئے البتہ انکو زمین مین خلیفہ کریگا
جیسا کہ اُن لوگون کو خلیفہ کیا تھا جو اُنسے پہلے تھے اور البتہ اُنکے دین کو
انکے لیے محکم کریگا جو اُنکے لیے پسند ہے اور البتہ اُنکے خوف کے بعد اُنکے لیے
امن سے بدل دیگا اور اللہ تعالی نے فرمایا کہ اور جو لوگ پیغمبر کے ساتھ ہین کافرون پر سخت ہین
اور آپسمین رحم دل ہین تو انکو دیکھتا ہے رکوع سجدہ کرتے خدا کے اس قول تک کہ خوش
کرتا ہے کھیتی کرنیوالون کو تاکہ اُنکے سبب کافرون کو غصے مین لاوے جعفر بن محمد
نے اپنے باپ سے روایت کی خدا عز و جل کی اس قول کی تفسیر مین کہ محمد صاحب
اللہ کے رسول ہین اور جو لوگ تنگی اور فراخی اور غار اور چھپر مین ...... انکے
ساتھ ہین ابوبکر رض ہین اور کافرون پر سخت عمر فاروق ہین اور آپسمین مہربان
عفان ہین تو انکو دیکھے گا رکوع کرتے سجدہ کرتے علی بن ابی طالب ہین اللہ کا فضل
اور اللہ کی رضامندی طلب کرتے ہین طلحہ اور زبیر جو حضرت صلعم کے خاص مددگار تھے اُنکے
چہرون مین سجدہ کے اثر سے نشانی ہے سعد اور سعید اور عبد الرحمن بن عوف اور ابو عبیدہ

فی التوریٰۃ ومثلہم فی الانجیل کزرع اخرج شطأہ یعنی محمدا صلی اللہ علیہ وسلم فآزرہ بابی بکر فاستغلظ بعمر فاستوی علی سوقہ بعثمان یعجب الزراع بعلی بن ابی طالب لیغیظ بہم بالنبی صلی اللہ علیہ وسلم واصحابہ الکفار واتفق اہل السنۃ علی وجوب الکف عما شجر بینہم والامساک عن مساویہم واظہار فضائلہم ومحاسنہم وتسلیم امرہم الی اللہ عز وجل علی ما کان وجری من اختلاف علی وطلحۃ والزبیر وعائشۃ ومعاویۃ رضی اللہ تعالی عنہم علی ما قدمنا بیانہ واعطاء کل ذی فضل فضلہ کما قال اللہ عز وجل والذین جاؤا من بعدہم یقولون ربنا اغفر لنا ولاخواننا الذین سبقونا بالایمان ولا تجعل فی قلوبنا غلا للذین امنوا ربنا انک رءوف رحیم وقال تعالی تلک امۃ قد خلت لہا ما کسبت ولکم ما کسبتم ولا تسئلون عما کانوا یعملون وقال صلی اللہ علیہ وسلم اذا ذکر اصحابی فامسکوا وفی لفظ وایاکم وما شجر بین اصحابی فلو انفق احدکم مثل احد ذہبا ما بلغ مد احدہم ولا نصیفہ وقال صلی اللہ علیہ وسلم فی حدیث انس بن مالک طوبی لمن رانی ومن رای من رانی وقال صلی اللہ علیہ وسلم لا تسبوا اصحابی فمن سبہم فعلیہ لعنۃ اللہ وقال صلی اللہ علیہ وسلم فی روایۃ انس ان اللہ عز وجل اختارنی واختار لی اصحابی فجعلہم انصاری وجعلہم اصہاری وانہ یجیء فی آخر الزمان قوم ینتقصونہم الا فلا تواکلوہم الا فلا تشاربوہم الا فلا تناکحوہم الا فلا تصلوا معہم الا فلا تصلوا علیہم علیہم حلت اللعنۃ وروی جابر رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یدخل النار احد ممن بایع تحت الشجرۃ وروی ابو ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اطلع اللہ علی اہل بدر فقال یا اہل

پھر تجاوز کرتا ہے مشرق اور مغرب میں اور جبرئیل علیہ السلام فرشتوں کو حکم
کرتا ہے کہ اس امت میں داخل ہو جاؤ پھر وہ انکے درمیان داخل ہو جاتے ہیں
اور ہر قیام کرنے والے نمازی اور ذاکر پر سلام کرتے ہیں اور انسے مصافحہ
کرتے ہیں اور انکی دعاؤں پر آمین کہتے ہیں۔ صبح صادق تک پھر جبرئیل
علیہ السلام ندا کرتے ہیں اے اولیا کی جماعت کوچ کرو پھر کہتے ہیں اے
جبرئیل اللہ تعالی نے کیا کیا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے مسلمانوں کی حاجتوں
میں پھر کہتا ہے اللہ تعالی نے انکیطرف دیکھا اور انکو معاف کر دیا اور

وَغَفَرَ لَهُمْ إِلَّا أَرْبَعَةً فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
هٰؤُلَاءِ الْأَرْبَعَةُ مُدْمِنُ خَمْرٍ وَعَاقُّ وَالِدَيْهِ وَقَاطِعُ رَحِمٍ
وَمُشَاحِنٌ قِيلَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ مَنِ الْمُشَاحِنُ قَالَ
الْمُصَارِمُ فَإِذَا كَانَتْ لَيْلَةُ الْفِطْرِ سُمِّيَتْ تِلْكَ اللَّيْلَةُ لَيْلَةَ الْجَائِزَةِ
فَإِذَا كَانَ غَدَاةُ الْفِطْرِ بَثَّ اللّٰهُ تَعَالَى الْمَلٰئِكَةَ فِي كُلِّ الْبِلَادِ
فَيَهْبِطُونَ إِلَى الْأَرْضِ فَيَقُومُونَ عَلَى أَفْوَاهِ السِّكَكِ فَيُنَادُونَ
بِصَوْتٍ يَسْمَعُهُ كُلُّ مَنْ خَلَقَ اللّٰهُ تَعَالَى إِلَّا الْجِنَّ
وَالْإِنْسَ فَيَقُولُونَ يَا أُمَّةَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
اُخْرُجُوا إِلَى رَبٍّ كَرِيمٍ يُعْطِي الْجَزِيلَ وَيَغْفِرُ الذُّنُوبَ الْعَظِيمَ
فَإِذَا بَرَزُوا إِلَى مُصَلَّاهُمْ يَقُولُ اللّٰهُ تَعَالَى لِلْمَلٰئِكَةِ يَا مَلٰئِكَتِي
مَا جَزَاءُ الْأَجِيرِ إِذَا عَمِلَ عَمَلَهُ قَالَ فَتَقُولُ الْمَلٰئِكَةُ إِلٰهَنَا
وَسَيِّدَنَا تُوَفِّيهِ أَجْرَهُ فَيَقُولُ فَإِنِّي أُشْهِدُكُمْ يَا مَلٰئِكَتِي
أَنِّي قَدْ جَعَلْتُ ثَوَابَهُمْ مِنْ صِيَامِهِمْ شَهْرَ رَمَضَانَ وَقِيَامِهِمْ
رِضَائِي وَمَغْفِرَتِي ثُمَّ يَقُولُ يَا عِبَادِي سَلُونِي فَوَعِزَّتِي
وَجَلَالِي لَا تَسْأَلُونِي الْيَوْمَ فِي جَمْعِكُمْ هٰذَا لِآخِرَتِكُمْ
شَيْئًا إِلَّا أَعْطَيْتُكُمْ وَلَا لِدُنْيَاكُمْ إِلَّا نَظَرْتُ لَكُمْ وَعِزَّتِي
وَجَلَالِي لَأَسْتُرَنَّ عَلَيْكُمْ عَثَرَاتِكُمْ مَا رَاقَبْتُمُونِي وَ
عِزَّتِي وَجَلَالِي لَا أُخْزِيكُمْ وَلَا أَفْضَحُكُمْ بَيْنَ أَصْحَابِ الْحُدُودِ
انْصَرِفُوا مَغْفُورًا لَكُمْ لَقَدْ أَرْضَيْتُمُونِي وَرَضِيتُ عَنْكُمْ
قَالَ فَتَفْرَحُ الْمَلٰئِكَةُ وَيَسْتَبْشِرُونَ بِمَا يُعْطِي اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ
هٰذِهِ الْأُمَّةَ إِذَا أَفْطَرُوا مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ وَعَنِ الضَّحَّاكِ
بْنِ مُزَاحِمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
نَحْوَهُ وَاللَّفْظُ مُتَقَارِبٌ وَأَخْبَرَنِي أَبُو نَصْرٍ عَنْ وَالِدِهِ
بِإِسْنَادِهِ عَنْ نَافِعٍ عَنْ أَبِي مَسْعُودٍ الْغِفَارِيِّ أَنَّهُ قَالَ
إِنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ يَوْمَ أَهَلَّ
شَهْرُ رَمَضَانَ لَوْ يَعْلَمُ الْعِبَادُ مَا فِي شَهْرِ رَمَضَانَ
لَتَمَنَّى الْعِبَادُ أَنْ يَكُونَ شَهْرُ رَمَضَانَ سَنَةً فَقَالَ
الرَّجُلُ مِنْ خُزَاعَةَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ حَدِّثْنَا فَقَالَ يَا رَسُولُ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الْجَنَّةَ لَتُزَيَّنُ لِشَهْرِ رَمَضَانَ

اور بخشدیا مگر چار شخصوں کو حضرت نے فرمایا وہ چار یہ ہیں ہمیشہ شراب پینے والا اور ماں باپ کا بیفرمان اور قاطع رحم اور مشاحن سوال کیا گیا یا رسول اللہ مشاحن کیا ہے فرمایا مسلمانوں سے قطع کرنے والا جب فطر کی رات ہوتی ہے تو اس رات کا نام جائزہ رکھا جاتا ہے جب فطر کی صبح ہوتی ہے اللہ تعالےٰ فرشتوں کو ہر شہر میں پھیلاتا ہے پھر وہ زمین پر اُترتے ہیں اور کوچوں کے سروں پر کھڑے ہوتے ہیں اور ایسے آواز سے پکارتے ہیں جسکو اللہ کی ساری مخلوقات جن اور آدمی کے سوا سب سنتے ہیں کہتے ہیں اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت رب کریم کیطرف نکلو وہ بہت دیتا ہے اور بڑے گناہ معاف کرتا ہے جب عیدگاہ میں آتے ہیں اللہ تعالیٰ اپنے فرشتوں کو فرماتا ہے اے میرے فرشتو مزدور کی کیا جزا ہے جب وہ کام کرلے فرمایا فرشتے کہتے ہیں اے ہمارے اللہ اے ہمارے سردار پوری دے انکو انکی مزدوری اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میں تمکو گواہ کرتا ہوں اے میرے فرشتو کہ میں نے انکے رمضان کے روزے اور قیام کا ثواب اپنی خوشی کی اور بخشش پھر فرماتا ہے اے میرے بندو مجھسے مانگو مجھے اپنی عزت اور جلال کی قسم تم مجھسے اپنی اس جماعت میں آخرت کیلئے کچھ نہ مانگوگے مگر میں ضرور دونگا اور نہ دنیا کے لئے مگر انکی طرف دیکھونگا اور مجھے عزت اور جلال کی قسم میں تمہاری لغزشوں پر پردہ ڈالونگا جبتک تم مجھسے ڈروگے مجھے عزت کی قسم میں تمکو خوار نہ کرونگا۔ اصحاب الحدود کے درمیان پھر جاؤ بخشے ہوئے تمنے مجھکو راضی کیا اور میں تم سے راضی ہوا فرمایا پس خوش ہوتے ہیں فرشتے اور شاد ہوتے ہیں اس انعام سے جو اللہ تعالےٰ اس امت کو رمضان میں افطار کیوقت دیتا ہے اور ضحاک بن مزاحم سے روایت ہے وہ ابن عباس سے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اسکی مانند وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہی حدیث روایت کرتے ہیں اور لفظ دونوں حدیثوں کا قریب قریب ہیں اور مجھکو خبر دی ابو نصر نے اپنے باپ سے اپنا اسناد نافع سے وہ ابی مسعود غفاری سے کہا اسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا فرماتے تھے جسدن ماہ رمضان کا چاند چڑھتا ہے اگر اللہ کے بندے اس فضیلت کو جانیں جو ماہ رمضان میں ہے بیشک آرزو کریں اسکی کہ ماہ رمضان ایک سال بھر کا ہو۔ اور ایک مرد نے بنی خزاعہ میں سے عرض کیا یا رسول اللہ وہ ہمیں بیان کردیجئے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیشک بہشت ماہ رمضان کے لئے آراستہ کی جاتی ہے

رَأْسِ الحَوْلِ إِلَى الحَوْلِ حَتَّى إِذَا كَانَ أَوَّلُ لَيْلَةٍ مِنْهُ [illegible]
مِنْ [illegible]
[illegible]
فِي هٰذَا الشَّهْرِ لَنَا أَزْوَاجًا تَقَرُّ أَعْيُنُنَا بِهِمْ [illegible]
فَمَا مِنْ عَبْدٍ صَامَ شَهْرَ رَمَضَانَ إِلَّا زَوَّجَهُ اللّٰهُ زَوْجَةً
مِنَ الحُورِ العِينِ فِي خَيْمَةٍ مِنْ دُرَّةٍ مُجَوَّفَةٍ مِمَّا نَعَتَ اللّٰهُ
تَعَالَى بِهِ حُورٌ مَقْصُورَاتٌ فِي الخِيَامِ عَلَى كُلِّ امْرَأَةٍ مِنْهُنَّ
سَبْعُونَ حُلَّةً لَيْسَ مِنْهَا حُلَّةٌ عَلَى لَوْنِ الأُخْرَى وَتُعْطَى
سَبْعُونَ لَوْنًا مِنَ الطِّيبِ لَيْسَ مِنْهُ لَوْنٌ يُشْبِهُ الأَوَّلَ
كُلُّ امْرَأَةٍ مِنْهُنَّ عَلَى سَرِيرٍ مِنْ يَاقُوتٍ مُوَشَّحًا بِالدُّرِّ عَلَيْهِ
سَبْعُونَ فِرَاشًا بَطَائِنُهَا مِنْ إِسْتَبْرَقٍ وَفَوْقَ كُلِّ فِرَاشٍ
سَبْعُونَ أَرِيكَةً وَلِكُلِّ امْرَأَةٍ مِنْهُنَّ سَبْعُونَ أَلْفَ وَصِيفَةٍ
يَخْدِمُهَا وَسَبْعُونَ أَلْفَ وَصِيفٍ لِزَوْجِهَا بِيَدِ كُلِّ وَصِيفٍ
صَحْفَةٌ مِنْ ذَهَبٍ فِيهِ لَوْنٌ مِنَ الطَّعَامِ يَجِدُ لِآخِرِهِ
مِنَ اللَّذَّةِ مَا لَا يَجِدُ لِأَوَّلِهِ وَيُعْطَى زَوْجُهَا مِثْلَ ذٰلِكَ عَلَى
سَرِيرٍ مِنْ يَاقُوتٍ أَحْمَرَ عَلَيْهِ سِوَارَانِ مِنْ ذَهَبٍ مُوَشَّحٍ
بِالْيَاقُوتِ هٰذَا لِكُلِّ مَنْ صَامَ شَهْرَ رَمَضَانَ سِوَى مَا عَمِلَ
مِنَ الحَسَنَاتِ وَعَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ
قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا كَانَ أَوَّلُ لَيْلَةٍ
مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ نَادَى الجَلِيلُ جَلَّ عَظَمَتُهُ رِضْوَانَ خَازِنَ
الجِنَانِ فَيَقُولُ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ فَيَقُولُ نَجِّدْ جَنَّتِي
وَزَيِّنْهَا لِلصَّائِمِينَ مِنْ أُمَّةِ أَحْمَدَ وَلَا تُغْلِقْهَا عَنْهُمْ حَتَّى يَنْقَضِيَ
شَهْرُهُمْ ثُمَّ يُنَادِي مَالِكًا خَازِنَ النَّارِ يَا مَالِكُ فَيَقُولُ لَبَّيْكَ
وَسَعْدَيْكَ فَيَقُولُ أَغْلِقْ أَبْوَابَ الجَحِيمِ مِنَ الصَّائِمِينَ مِنْ
أُمَّةِ أَحْمَدَ ثُمَّ لَا تَفْتَحْهَا عَلَيْهِمْ حَتَّى يَنْقَضِيَ شَهْرُهُمْ ثُمَّ يُنَادِي
جِبْرَائِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَيَقُولُ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ فَيَقُولُ انْزِلْ
إِلَى الأَرْضِ فَغُلَّ مَرَدَةَ الشَّيَاطِينِ عَنْ أُمَّةِ أَحْمَدَ حَتَّى لَا يُفْسِدُوا
عَلَيْهِمْ صِيَامَهُمْ وَإِفْطَارَهُمْ وَلِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فِي كُلِّ يَوْمٍ مِنْ
شَهْرِ رَمَضَانَ عِنْدَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَعِنْدَ وَقْتِ الإِفْطَارِ

[illegible]
[illegible]
[illegible]
میں سے اس مہینے میں ہمارے جوڑے [illegible] دیں اُنسے ہماری
آنکھیں ہمیشہ ٹھنڈی ہوں پس نہیں کوئی بندہ جو ماہ رمضان کا روزہ
رکھے مگر اللہ تعالے اسکا نکاح ایک عورت حور العین سے کرتا ہے [illegible]
ایک خیمہ میں جسکا وصف اللہ تعالے نے فرمایا حور ہیں بند کی گئی خیموں میں
ہر ایک عورت پر ان حوروں سے ستر حلے ہونگے نہیں ہر ایک حلہ ستر
حلہ کی قسم پر نہ ہوگا اور ستر قسم کی خوشبو [illegible] نہیں ایک
دوسرے کو مشابہ نہوگی ان حوروں میں سے ہر ایک عورت ایک تخت
یاقوتی موتی کے جڑاؤ کا رہیگی جسپر ستر بستر ہونگے جنکا استر استبرق
ہوگا اور ہر ایک بستر پر ستر تکیے ہونگے اور ان حوروں میں سے ہر ایک
عورت کے لیئے ستر ہزار خدمتگار ہونگے جو ان کی خدمت کریں اور ستر ہزار
خدمتگار انکے خاوندوں کے لیئے ہونگے ہر ایک خدمتگار کے ہاتھ
میں ایک پیالہ سونے کا ہوگا جسمیں ایک قسم کا کھانا ہوگا جسکے
آخر لقمہ میں وہ لذت پاویگا جو اسکے اول لقمہ میں نہ پائی ہوگی اور
اس قسم عطیات اسکے خاوند کو ملینگے سرخ یاقوت کے تخت پر
اُسکے ہاتھوں میں دو سونے کے کنگن یاقوت جڑے ہوئے ہونگے
یہ انعام ماہ رمضان کے ہر روزہ دار کے لیئے ہے
علاوہ ثواب اُن نیکیوں کے جو کرتا ہے اور روایت ہے قتادہ سے
روایت کرتے ہیں حضرت انس بن مالک سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ماہ رمضان کی پہلی رات ہوتی ہے اللہ
جلیل عز عظمتہ بہشت کے رضوان کو پکارتا ہے وہ عرض کرتا ہے
حاضر ہوں اور تیرا حکم بجالاتا ہوں بار بار اللہ تعالے فرماتا ہے میری
بہشت پاکیزہ کر اور آراستہ کر امت احمد صلی اللہ علیہ وسلم کی روزہ داروں
کے لیئے اور اوسکو بند نہ کر اُنسے جبتک انکا مہینہ تمام نہ ہو پھر اللہ تعالے
دوزخ کے دربان مالک کو پکارتا ہے وہ عرض کرتا ہے حاضر ہوں اور
تیرا حکم بجا لانے کو طیار ہوں بار بار اللہ فرماتا ہے بند کر دوزخ کے دروازے امت
احمد روزہ داروں کے واسطے پھر کھول انپر جبتک انکا مہینہ نہ گزرے پھر اللہ تعالے

[illegible]

[illegible] نحو الارض السابعة السفلى وجناح

بالمشرق وجناح بالمغرب مكلل بالمرجان والدر والجواهر

ينادي هل من تائب يتاب عليه هل من داع يستجاب له [illegible]

[illegible]

[illegible] انس بن مالك رض قال قال رسول

الله صلى الله عليه وسلم [illegible]

[illegible]

[illegible] عبد الله بن ابي اوفى [illegible]

[illegible]

[illegible] تصلى [illegible] بشارت

[illegible] ما اجتنبت الكبائر [illegible] امير المؤمنين عمر بن

الخطاب رض انه كان يقول اذا دخل شهر رمضان مرحبا

بمطهر خير كله صيام نهاره وقيام ليله والنفقة فيه

كالنفقة في سبيل الله عز وجل وعن ابي هريرة رض عن النبي

صلى الله عليه وسلم انه قال من صام رمضان وقامه

ايمانا واحتسابا غفر له ما تقدم من ذنبه وما تاخر

وعن ابي هريرة رض ايضا عن النبي صلى الله عليه

وسلم انه قال كل حسنة يعملها ابن ادم من امتي بعشر

عشر الى سبعمائة ضعف الا الصوم فان الله تعالى

يقول الصوم لي وانا اجزي به يدع شهوته واكله و[illegible]

اپنے بندوں اور بندیوں کو [illegible] دوزخ کی آگ سے آزاد کرتا ہے اور ہر آسمان میں [illegible]

پکارنیوالے [illegible] فرشتے ہیں جسکا تاج رب العلمین کے عرش کے نیچے ہے

اور جسکے پاؤں ساتویں زمین نچلی کے انتہا میں جسکا ایک بازو مشرق میں اور

ایک بازو مغرب میں جڑے ہوئے مرجان کا ہوگا اور موتی اور جواہریوں پکارتا

ہے کوئی ہے توبہ کرنے والا اسکی توبہ قبول ہو کوئی ہے دعا کرنیوالا اسکی دعا قبول

کیجائے کوئی ہے مظلوم اللہ اسکی مدد کرے کوئی ہے بخشش مانگنے والا اور اسکو

[illegible] کوئی ہے مانگنے والا دیا جائے اسکا مانگا ہوا فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم

نے اللہ تعالیٰ سارا مہینہ رمضان کا یوں پکارتا ہے اے میرے بندو اور اے میری بندیو

[illegible] اور صبر کرو اور ہمیشگی کرو نزدیک ہے کہ میں تم سے سختی اوٹھاؤں اور تم میری

رحمت اور عزت کو پہونچو پس جب شب قدر ہوتی ہے جبرئیل علیہ السلام فرشتوں کی ایک

جماعت میں اترتے ہیں رحمت کی دعا کرتے ہیں ہر بندے کھڑے یا بیٹھے پر جو ذکر کرتا ہے

اللہ عز وجل کا اور حضرت انس بن مالک سے روایت ہے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وآلہ وسلم نے اگر اللہ تعالیٰ آسمانوں اور زمین کو کلام کرنیکا حکم کرے تو بیشک بشارت دیویں

رمضان کے روزہ داروں کو بہشت کی اور حضرت عبد اللہ بن ابی اوفیٰ سے روایت

ہے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے روزہ دار کا سونا عبادت ہے اور اسکا

چپ رہنا تسبیح ہے اور اسکی دعا مقبول اور اسکا عمل دوگنا اور روایت ہے اعمش سے وہ

[illegible] سے [illegible] اُسنے کہا کہ حضرت کے اصحاب کہا کرتے تھے کہ رمضان رمضان تک

اور حج حج تک اور جمعہ جمعہ تک اور ایک نماز دوسری نماز تک ان گناہوں کا کفارہ

ہیں جو انکے درمیان ہوجاتے ہیں بشرطیکہ کبیرہ گناہوں سے پرہیز ہو اور حضرت امیر المومنین

عمر بن خطاب سے روایت ہے بیشک وہ کہا کرتے تھے جب ماہ رمضان آتا خوش ہو اس

مہینے کا آنا جسکا سب بہتر ہے جسکا دن روزہ ہے اور رات کو قیام جسمیں خرچ کرنا

جہاد کے خرچ کرنیکی مثل ہے اور روایت ہے حضرت ابو ہریرہ سے وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم

سے کہ بیشک فرمایا آپنے جو شخص رمضان میں دن کو روزہ رکھے رات کو قیام کرے ایمان سے

اور ثواب کی امید پر تو اُسکے اگلے اور پچھلے گناہ بخشے جاویں گے اور نیز ابو ہریرہ سے

روایت ہے بیشک حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو نیکی کرتا ہے بیٹا آدم کا

میری امت میں سے زیادہ کیجاتی ہیں دس سے سات سو گنی تک سوا روزہ کے اسلیئے کہ

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے روزہ میرے لیئے ہے اور میں ہی اوسکی جزا دونگا اور روزہ دار اپنی

خواہش اور کھانا پینا

مِنْ اَجْلِيْ وَالصَّوْمُ جُنَّةٌ وَلِلصَّائِمِ فَرْحَتَانِ فَرْحَةٌ عِنْدَ فِطَارِهِ
وَفَرْحَةٌ عِنْدَ لِقَاءِ رَبِّهٖ وَاَخْبَرَنَا اَبُو الْبَرَكَاتِ السَّقَطِيُّ بِاِسْنَادِهٖ
عَنْ يَزِيْدَ بْنِ هَارُوْنَ قَالَ حَدَّثَنَا الْمَسْعُوْدِيُّ قَالَ بَلَغَنِيْ اَنَّ
مَنْ قَرَءَ فِيْ لَيْلَةٍ مِّنْ شَهْرِ رَمَضَانَ فِي التَّطَوُّعِ اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا
مُّبِيْنًا حُفِظَ فِيْ ذٰلِكَ الْعَامِ **فَصْلٌ** رَمَضَانُ خَمْسَةُ اَحْرُفٍ
الرَّاءُ رِضْوَانُ اللّٰهِ وَالْمِيْمُ مَحَابَاةُ اللّٰهِ وَالضَّادُ ضَمَانُ اللّٰهِ
وَالْاَلِفُ اُلْفَةُ اللّٰهِ وَالنُّوْنُ نُوْرُ اللّٰهِ فَهُوَ شَهْرُ رِضْوَانٍ وَّمَحَابَاةٍ
وَضَمَانٍ وَّاُلْفَةٍ وَّنُوْرٍ وَّنَوَالٍ وَّكَرَامَةٍ لِّلْاَوْلِيَاءِ وَالْاَبْرَارِ
وَقِيْلَ مَثَلُ شَهْرِ رَمَضَانَ فِي الشُّهُوْرِ كَمَثَلِ الْقَلْبِ فِي الصَّدْرِ
وَكَالْاَنْبِيَاءِ فِي الْاَنَامِ وَكَالْحَرَمِ فِي الْبِلَادِ فَالْحَرَمُ يُمْنَعُ
مِنْهُ الدَّجَّالُ اللَّعِيْنُ وَشَهْرُ رَمَضَانَ تُصَفَّدُ فِيْهِ مَرَدَةُ
الشَّيَاطِيْنِ وَتَكُوْنُ الْاَنْبِيَاءُ شُفَعَاءَ لِلْمُجْرِمِيْنَ وَشَهْرُ
رَمَضَانَ شَفِيْعٌ لِّلصَّائِمِيْنَ وَالْقَلْبُ مُزَيَّنٌ بِنُوْرِ الْمَعْرِفَةِ
وَالْاِيْمَانِ وَشَهْرُ رَمَضَانَ مُزَيَّنٌ بِنُوْرِ تِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ
فَمَنْ لَّمْ يُغْفَرْ لَهٗ فِيْ شَهْرِ رَمَضَانَ فَفِيْ اَيِّ شَهْرٍ يُغْفَرُ لَهٗ
فَلْيَتُبِ الْعَبْدُ اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ قَبْلَ اَنْ تُغْلَقَ اَبْوَابُ
التَّوْبَةِ وَلْيُنِبْ اِلَيْهِ عَزَّ وَجَلَّ قَبْلَ اَنْ يَّفُوْتَ وَقْتُ
الْاِنَابَةِ وَلْيَبْكِ قَبْلَ اَنْ يَّنْقَضِيَ وَقْتُ الْبُكَاءِ وَالرَّحْمَةِ
وَقَدْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اُمَّتِيْ لَمْ يُخْزَوْا
مَا اَقَامُوْا شَهْرَ رَمَضَانَ فَقَالَ رَجُلٌ يَّا نَبِيَّ اللّٰهِ وَمَا خِزْيُهُمْ
قَالَ مَنِ انْتَهَكَ فِيْهِ مُحَرَّمًا اَوْ عَمِلَ سَيِّئَةً اَوْ شَرِبَ خَمْرًا اَوْ زَنٰى
لَمْ يُقْبَلْ مِنْهُ رَمَضَانُ وَلَعَنَهُ اللّٰهُ وَمَلٰئِكَتُهٗ وَاَهْلُ السَّمٰوٰتِ
اِلٰى مِثْلِهٖ مِنَ الْحَوْلِ وَاِنْ مَّاتَ فِيْمَا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ رَمَضَانَ
فَلَيْسَ لَهٗ عِنْدَ اللّٰهِ حَسَنَةٌ **فَصْلٌ** وَقِيْلَ اِنَّ
سَيِّدَ الْبَشَرِ اٰدَمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَسَيِّدَ الْعَرَبِ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَيِّدَ الْفَارِسِ سَلْمَانُ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ وَسَيِّدَ الرُّوْمِ
صُهَيْبٌ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ وَسَيِّدَ الْحَبَشِ بِلَالٌ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ وَسَيِّدَ الْقُرٰى مَكَّةُ
وَسَيِّدَ الْاَوْدِيَةِ وَادِيْ بَيْتِ الْمَقْدِسِ وَسَيِّدَ الْاَيَّامِ يَوْمُ
الْجُمُعَةِ وَسَيِّدَ اللَّيَالِيْ لَيْلَةُ الْقَدْرِ وَسَيِّدَ الْكُتُبِ الْقُرْاٰنُ

میری سبب سے ترک کرتا ہے اور روزہ ڈھال ہے اور روزہ دار کو دو خوشی ہیں
ایک افطار کیوقت اور ایک پروردگار کے دیدار کیوقت اور ابو البرکات
سقطی نے ہمکو خبر دی اپنے اسناد کے ساتھ یزید بن ہارون سے اونے کہا مسعود
نے ہمسے حدیث بیان کی کہا مجکو یہہ بات پہونچی ہے کہ جو شخص ماہ رمضان کی
کسی رات میں اپنے نفلوں میں سورہ انا فتحنا لک فتحا مبینا پڑہے وہ اس سال میں محفوظ
رہیگا فصل رمضان کے پانچ حرف ہیں را سے اشارہ ہے اللہ کی رضامندی کا
اور میم سے اللہ کی محبت کا اور ضاد سے اللہ کے ضامن ہونیکا اور الف سے اللہ
کی الفت کا اور نون سے اللہ کا نور سو یہہ مہینہ اللہ کی رضامندی اور محبت اور
ضمانت اور الفت اور نور اور بخشش اور عزت کا ہے اللہ کے دوستوں اور نیکوں
کے لئے اور بعض نے کہا ماہ رمضان کی مثال مہینوں میں ایسی ہے جیسے دل
سینوں میں جیسے پیغمبر لوگوں میں اور جیسے حرم شہروں میں سو حرم میں نہ جا سکیگا
دجال لعین اور ماہ رمضان میں جکڑے جاتے ہیں سرکش شیطان اور انبیاء
گنہگاروں کے شفیع ہونگے اور ماہ رمضان روزہ داروں کا شفیع ہوگا اور دل کو
زینت ہے معرفت اور ایمان کے نور سے اور ماہ رمضان کو زینت ہے تلاوت قرآن
کے نور سے سو جسکی بخشش ماہ رمضان میں نہ ہو تو کون سے مہینے میں اسکی بخشش
ہوگی سو بندے کو چاہیئے کہ اللہ عزوجل کیطرف توبہ کرے پہلے توبہ کے دروازے
کے بند ہونے سے اور اللہ عزوجل کیطرف رجوع کرنی چاہیئے انابت کا
وقت فوت ہونے سے پہلے اور روئے اور رحمت کے وقت گذر جانے سے
پہلے اور بیشک حضرت نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت جبتک
ماہ رمضان کو قائم رکھیگی ہرگز ذلیل نہ ہوگی تو ایک شخص نے عرض کیا یا نبی اللہ
اونکا ذلیل ہونا کیسے فرمایا جو کوئی اوسمیں حرام کا مرتکب ہو یا برا کام کرے یا شراب
پیے یا زنا کرے اوس سے رمضان قبول نہ ہوگا اور اسپر اللہ اور اسکے فرشتے اور
آسمانوں میں رہنے والے لعنت کرتے ہیں سال تک اور اگر وہ مر جاوے اوس وقت
میں جو اوسکے اور رمضان کے درمیان ہے تو اسکے لیے اللہ کے پاس کوئی نیکی نہیں
فصل اور کہا گیا ہے کہ آدمیوں کے سردار حضرت آدم علیہ السلام ہیں اور عرب کے سردار محمد صلی اللہ
علیہ وسلم اور فارس کے سردار سلمان ہیں اور روم کے سردار صہیب ہیں اور حبش کے
سردار بلال ہیں اور بستیوں کا سردار مکہ ہے اور نالوں کا سردار بیت المقدس کا نالہ
دنوں کا سردار جمعہ کا دن اور راتوں کی سردار شب قدر اور
کتابوں کا سردار قرآن

وَسَيِّدُ الْقُرْاٰنِ الْبَقَرَةُ وَسَيِّدُ الْبَقَرَةِ اٰيَةُ الْكُرْسِيِّ وَسَيِّدُ الْاَحْجَارِ الْحَجَرُ الْاَسْوَدُ وَسَيِّدُ الْاٰبَارِ زَمْزَمُ وَسَيِّدُ الْعَصَا عَصَا مُوْسٰى وَسَيِّدُ الْحِيْتَانِ الْحُوْتُ الَّذِيْ كَانَ يُوْنُسُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِيْ بَطْنِهٖ وَسَيِّدُ النُّوْقِ نَاقَةُ صَالِحٍ وَسَيِّدُ الْاَفْرَاسِ الْبُرَاقُ وَسَيِّدُ الْخَوَاتِيْمِ خَاتَمُ سَيِّدِنَا سُلَيْمَانَ وَسَيِّدُ الشُّهُوْرِ شَهْرُ رَمَضَانَ

فَصْلٌ فِيْ فَضَائِلِ لَيْلَةِ الْقَدْرِ قَوْلُهٗ تَعَالٰى اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ اِلٰى اٰخِرِ السُّوْرَةِ فَاَنْزَلْنٰهُ كِنَايَةٌ عَنِ الْقُرْاٰنِ اَنْزَلَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى مِنَ اللَّوْحِ الْمَحْفُوْظِ اِلٰى سَمَآءِ الدُّنْيَا اِلَى السَّفَرَةِ وَهُمُ الْكَتَبَةُ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ فَكَانَ يَنْزِلُ فِيْ تِلْكَ اللَّيْلَةِ مِنَ اللَّوْحِ عَلٰى قَدْرِ مَا يَنْزِلُ بِهٖ جِبْرَئِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِاِذْنِ اللّٰهِ تَعَالٰى اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي السَّنَةِ كُلِّهَا اِلٰى مِثْلِهَا مِنْ قَابِلٍ حَتّٰى نَزَلَ الْقُرْاٰنُ كُلُّهٗ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ اِلٰى سَمَآءِ الدُّنْيَا وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ رض وَغَيْرُهٗ اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ يَعْنِيْ اَنْزَلْنَا جِبْرَئِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِهٰذِهِ السُّوْرَةِ وَجُمْلَةِ الْقُرْاٰنِ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ عَلَى الْكَتَبَةِ ثُمَّ نَزَلَ بَعْدَ ذٰلِكَ نُجُمًا نُجُمًا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ ثَلَاثٍ وَّعِشْرِيْنَ سَنَةً فِيْ سَائِرِ الشُّهُوْرِ وَالْاَيَّامِ وَاللَّيَالِيْ وَالْاَوْقَاتِ قَوْلُهٗ تَعَالٰى فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ اَيْ لَيْلَةٍ عَظِيْمَةٍ وَقِيْلَ فِيْ لَيْلَةِ الْحُكْمِ وَسُمِّيَتْ لَيْلَةَ الْقَدْرِ تَعْظِيْمًا لَهَا وَلِقَدْرِهَا لِاَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يُقَدِّرُ فِيْهَا مَا يَكُوْنُ مِنْ اَمْرِ السَّنَةِ اِلٰى مِثْلِهَا مِنَ الْعَامِ الْمُقْبِلِ ثُمَّ قَالَ وَمَا اَدْرٰىكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ يَا مُحَمَّدُ لَوْلَا اَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى اَعْلَمَكَ بِعِظَمِهَا فَكُلُّ مَا فِي الْقُرْاٰنِ وَمَا اَدْرٰىكَ فَقَدْ اَعْلَمَهُ اللّٰهُ اِيَّاهُ وَمَا فِيْهِ وَمَا يُدْرِيْكَ فَلَمْ يُدْرِهٖ وَلَمْ يُطْلِعْهُ عَلَيْهِ كَقَوْلِهٖ عَزَّ وَجَلَّ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُوْنُ قَرِيْبًا وَمَا تَبَيَّنَ لَهٗ وَفِيْهَا قَوْلُهٗ تَعَالٰى لَيْلَةُ الْقَدْرِ اَيْ لَيْلَةُ الْعَظَمَةِ وَالْحِكْمَةِ وَقِيْلَ هِيَ اللَّيْلَةُ الْمُبَارَكَةُ الَّتِيْ قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ

اور قرآن کی سردار بقرہ ہے اور سورہ بقر کا سردار آیۃ الکرسی اور پتھروں کا سردار حجر اسود اور کنووں کا سردار زمزم ہاتھ کی لکڑیوں کا سردار عصائے موسے ہے اور مچھلیوں کی سردار وہ مچھلی ہی جسکے پیٹ میں حضرت یونس علیہ السلام رہے اور اونٹوں کی سردار حضرت صالح کی اونٹنی اور گھوڑوں کی سردار براق اور انگوٹھیوں کی سردار ہمارے سردار سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی اور مہینوں کا سردار ماہ رمضان ہے فصل فضائل میں شبقدر کے فرمودہ اللہ تعالیٰ کا تحقیق ہمنے اُتارا اوسکو شبقدر میں آخر سورہ تک سو اُتارا ہمنے اوسکو یہہ اشارہ قرآن کیطرف ہے کہ اُتارا اللہ تعالیٰ نے لوح محفوظ سے قرآن کو آسمان دنیا کیطرف فرشتوں کی پاس اور وہ لکھنے والے فرشتے ہیں سو تھا اوترتا اس رات میں لوح محفوظ سے اسقدر جسقدر حضرت جبرئل علیہ السلام اللہ تعالے کے حکم سے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیطرف سال تمام میں مثل اسکی آیندہ سال تک لیکر اوترتے تھے کہ قرآن پاک سب کا سب شبقدر میں ماہ رمضان میں آسمان دنیا تک اوتر چکا اور حضرت ابن عباس وغیرہ نے کہا (قول اللہ پاک) کہ اُتارا ہمنے اسکو شبقدر میں اللہ کی مراد یہ ہے کہ ہمنے جبرئل علیہ السلام کو اس سورۃ اور تمام قرآن کی ساتھ شبقدر میں فرشتوں لکھنے والوں کی پاس بھیجا پھر اوسکے بعد تھوڑا تھوڑا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر تیئیس ۲۳ سال میں تمام مہینوں اور دنوں اور راتوں اور وقتوں میں اوترا اللہ پاک کا فرمودہ شبقدر میں یعنے رات بزرگ میں اور بعض نے کہا حکم کی رات میں اور اسکا نام شبقدر اوسکی بزرگی اور مرتبہ کی وجہ سے ہے کسلیئے کہ اللہ تعالیٰ اندازہ کرتا ہے اس رات اون کاموں کا جو اس سال سے آیندہ تک ہونیوالے ہیں پھر فرمایا اور کسنے جتلایا ہے تجھکو ای محمد کیا ہی شبقدر اگر اللہ تعالیٰ اوسکی بزرگی تجھکو نہ جتلاتا پس جہاں کہیں قرآن پاک میں ایسا ہے اور کسنے جتلایا تجھکو بیشک اللہ تعالیٰ نے خبردار کردیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اور جہاں اوسمیں (ومایدریک ہی) تو اللہ نے نہیں جتلایا اور نہ اطلاع دی پیغمبر کو چنانچہ قول اللہ عزوجل کا اور کون جتلاسکتا ہے شاید قیامت قریب ہو اور قیامت کا وقت حضرت سے بیان نہ کیا۔ اللہ تعالے کا فرمانا لیلۃ القدر معنے اسکا رات بزرگی اور حکمت کی اور بعض نے کہا وہ رات مبارک ہے جسکا ذکر اللہ عزوجل نے اس قول پاک میں فرمایا۔

في ليلة مباركة انا كنا منذرين فيها يفرق كل امر حكيم
ثم قال عز وجل ليلة القدر خير من الف شهر يعني العمل
فيها خير من الف شهر ليس فيها ليلة قدر ويقال ان
الصحابة رض لم يفرحوا بشيء كفرحهم بقوله تعالى
خير من الف شهر وذلك ان رسول الله صلى الله
عليه وسلم ذكر يوما لاصحابه اربعة من بني اسرائيل
بانهم عبدوا الله ثمانين سنة لم يعصوه طرفة
عين فذكر ايوب وزكريا وحزقيل ويوشع بن نون
عليهم السلام فعجب اصحاب رسول الله صلى الله
عليه وسلم من ذلك فاتاه جبرئيل عليه السلام
فقال له يا محمد عجبت انت واصحابك من عبادة هؤلاء
النفر ثمانين سنة لم يعصوا الله تعالى طرفة عين
فقد انزل الله عليك خيرا من ذلك ثم قرأ عليه
انا انزلناه في ليلة القدر الى آخرها وقال له هذا افضل
مما عجبت انت واصحابك منه فسر بذلك النبي صلى
الله عليه وسلم قال يحيى بن نجيح انه كان في بني اسرائيل
رجل لبس السلاح الف شهر في سبيل الله تعالى لم يضعه
عنه فذكر رسول الله صلى الله عليه وسلم لاصحابه فتعجبوا
من قول ذلك فانزل الله عز وجل ليلة القدر خير من
الف شهر يعني خير لكم من تلك الالف شهر التي لبس
فيها ذلك الرجل السلاح في سبيل الله ولم يضعه
وقيل انه كان اسمه شمعون العابد في بني اسرائيل وقيل
شمسون تنزل الملئكة يعني تنزل من غروب الشمس
الى طلوع الفجر والروح يعني جبرئيل عليه السلام وقال
الضحاك عن ابن عباس رض انه قال الروح على صورة
الانسان عظيم الخلق وهو الذي قال الله تعالى عز وجل
ويسئلونك عن الروح وهو الملك يقوم مع الملائكة
صفا وحده يوم القيمة وقال مقاتل هو اشرف الملئكة
عند الله تعالى وقال غيره انه ملك وجهه على صورة

بیشک ہمنے اسکو رات مبارک میں اُتارا ہم ہیں ڈرانے والے جسمیں ہر کام حکمت والا
جدا کیا جاتا ہے پھر فرمایا اللہ پاک نے شبقدر ہزار مہینے سے بہتر ہے یعنے
اوسمیں عمل کرنا بہتر ہے اون ہزار مہینوں سے جنمیں شبقدر نہیں ہو اور یہ
مشہور ہے کہ صحابہؓ کسی چیز سے ایسا خوش نہ ہوئے جیسا اللہ پاک کے اس
قول سے خوش ہوئے (شبقدر میں عمل) ہزار مہینے کے عمل سے بہتر ہے اور
اسلیئے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایکدن اصحاب اپنے سے بنی اسرائیل
میں سے چار شخصوں کا ذکر کیا کہ انہوں نے اسی برس اللہ کی عبادت کی
اور اسکی نافرمانی ایک پل بھر نہ کی حضرت ایوب علیہ السلام اور حضرت زکریا اور حضرت
حزقیل اور حضرت یوشع بن نون علیہم السلام کا ذکر کیا تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب اس بات سے تعجب کرنے لگے جبرئیل علیہ السلام نے آکر
کہا اے محمد آپ نے اور آپکے اصحاب نے ان لوگوں کی اسی برس کی عبادت
سے جسمیں انہوں نے پل بھر بھی اللہ کی نافرمانی نہیں کی تعجب کیا بیشک اللہ تعالے
نے آپ پر بہتر اس سے اتارا پھر آپ پر یہ سورت انا انزلناہ فی لیلۃ القدر آخر
تک پڑھی اور کہا یہ اس سے افضل ہے جس سے آپ نے اور آپکے اصحاب
نے تعجب کیا تو اس سے خوش ہو گئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور یحیی
بن نجیح نے کہا کہ بنی اسرائیل میں ایک شخص تھا اوسنے ہزار مہینے اللہ تعالے
کی راہ میں ہتھیار باندھا اور نہ اُتارا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے اپنے اصحاب سے یہ ذکر کیا تو اونہوں نے اس بات سے تعجب مانا تو اللہ تعالی
نے یہ آیت اتاری شبقدر ہزار مہینے سے بہتر ہے یعنے تمہارے لیئے یہ ایک
رات اون ہزار مہینوں سے جنمیں اس شخص نے اللہ کی راہ میں ہتھیار باندھا
اور نہ اُتارا بہتر ہے اور بعض نے کہا کہ اس شخص کا نام شمعون تھا
جو عابد تھا بنی اسرائیل میں اور بعض نے کہا اسکا نام شمسون تھا فرشتے
اُترتے ہیں سورج غروب ہونے سے فجر ہونے تک (اور قول اللہ کا) روح
سے مراد جبرئیل علیہ السلام ہیں اور ضحاک ابن عباسؓ سے روایت کرتے ہیں
کہ اونہوں نے کہا روح انسان کی شکل ہے بڑے جثہ والا اور وہ
ہے جسکا ذکر اللہ تعالے نے اپنے اس قول میں فرمایا اور تجھ سے
روح کا حال سے پوچھتے ہیں اور وہ ایک فرشتہ ہے جو قیامت کے
دن فرشتوں کے ساتھ اکیلا صف باندہ کر کھڑا ہوگا اور مقاتل نے کہا وہ
اللہ تعالی کے نزدیک سب فرشتوں سے بہتر ہے اور کسی اور نے کہا کہ اسکا منہ انسان کے جیسا ہے

الانسان وجسده جسد الملئكة وهو اعظم مخلوق عند العرش يقوم صفا ويقوم الملئكة قال الله تعالى يوم يقوم الروح والملئكة صفا فيها يعني في ليلة القدر باذن ربهم اي بامر ربهم من كل امر يعني بكل خير سلام هي سلام اي سالمة حتى مطلع الفجر لا يحدث فيها داء ولا كهانة مطلع الفجر بكسر اللام يريد الطلوع وبالفتح يريد الموضع الذي يطلع فيه وقيل سلام يعني سلام الملئكة على المؤمنين من اهل الارض يقولون سلام سلام حتى يطلع الفجر

فصل وتلتمس ليلة القدر في العشر الاواخر من شهر رمضان واكدها ليلة سبع وعشرين وعند مالك جميع ليالي العشر الاخير ليس بعض اكد من بعض وعند الشافعي اكدها احدى وعشرين وقيل انها الليلة التاسع عشر وهو مذهب عائشة رض وقال ابو بردة الاسلمي هو ليلة ثلث وعشرين وقال ابو ذر والحسن انها ليلة خمس وعشرين وروى بلال عن النبي صلى الله عليه وسلم انها ليلة اربع وعشرين وقال ابن عباس وابي ابن كعب انها ليلة سبع وعشرين والدليل على ان اكدها ليلة سبع وعشرين والله تعالى اعلم ما روى ابن حنبل باسناده عن ابن عمر قال كانوا لا يزالون يقصون على النبي صلى الله عليه وسلم الرؤيا من العشر الاواخر فقال النبي صلى الله عليه وسلم ارى رؤياكم قد تواطئت انها ليلة السابعة من العشر الاواخر من كان متحريها فليتحرها ليلة السابعة من العشر الاواخر ويروى ان ابن عباس رض قال لعمر بن الخطاب رض اني نظرت في الافراد فلم ار فيها احرى من السبعة فذكر بعض ما نذكره في السبعة فقال السموات سبع والارضون سبع والليالي سبع والافلاك والبحور سبع والسعي بين الصفا والمروة سبع والطواف بالبيت سبع ورمي الجمار سبع وخلق الانسان من سبع

اور اسکا جسم فرشتوں کا جسم ہی اور وہ بہت بڑا ہی مخلوق سی عرش کی نزدیک کہ کھڑا ہوگا صف باندہ کر اور فرشتے کھڑی ہونگی اللہ تعالی نی فرمایا جسدن کھڑی ہوگی روح اور فرشتے صف باندہ کر اوسمیں یعنی شبقدر میں اپنی رب کی اذن سے یعنی اپنی رب کی حکم سی ہر کام سی یعنی ہر بہلائی سی سلام ہی وہ رات یعنی وہ رات سالم ہی صبح ہونی تک نہ اوسمیں بیماری پیدا ہوتی ہی اور نہ کہانت مطلع بکسر لام مصدر ہی جسکی معنے نکلنے کی ہیں اور بالفتح ہو تو وہ جگہہ مراد ہی جسمیں کی سورج نکلتا ہے اور بعض نی کہا سلام سی مراد فرشتوں کا سلام ہی اہل زمین کی مومنوں پر کہتی ہیں صبح ہونی تک سلامتی ہی اور سلامتی ہی

فصل اور تلاش کیجاوی شبقدر ماہ رمضان کی آخر کی دس دنوں میں اور بہت پکی ستائیسویں رات ہی امام مالک کی نزدیک عشرہ اخیرہ کی سب راتیں برابر ہیں کوئی زیادہ قوی نہیں کسی سی اور امام شافعیؒ کی نزدیک بہت قوی انکی اکیسویں رات ہی اور بعض نی کہا وہ انیسویں رات ہی اور یہی مذہب حضرت عائشہ علیہا السلام کا ہی اور ابو بردہ اسلمی نی کہا وہ تیسویں رات ہے اور ابو ذر اور حسن نی کہا وہ پچیسویں رات اور حضرت بلال نی حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کی کہ وہ چوبیسویں رات ہی اور ابن عباس اور ابی بن کعب نے کہا وہ ستائیسویں رات ہے سب سے زیادہ قوی ہونی پر دلیل ابن عمر کی روایت ہی واللہ اعلم اور امام احمد بن حنبل نی اپنی اسناد سی ابن عمر سے روایت کی اونہوں نے کہا صحابہ کرام ہمیشہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنی خواب رمضان کی اخیر دس دنوں میں بیان کیا کرتے آپنے فرمایا میںنے جان لیا کہ تمہاری خوابیں متواتر ہوئیں بیشک شبقدر عشرہ اخیرہ سی ساتویں رات ہی جس شخص کو اوسکی تلاش کرنا ہو تو وہ تلاش کری ساتویں رات عشرہ اخیرہ سی اور روایت ہی کہ حضرت ابن عباسؓ نی حضرت عمر بن خطاب سے کہا کہ میں نی طاق عدد وںمیں غور کی تو انمیں کسیکو سات سی زیادہ لائق نہ پایا تو انہوں نی سات کی بارہ میں بعض باتیں بتلائیں تو ہم بیان کرتے ہیں کہا آسمان سات ہیں اور زمینیں سات ہیں اور راتیں سات ہیں اور آسمان سات ہیں اور دریا سات ہیں اور صفا اور مروہ کی درمیان دوڑنا سات بار ہی اور بیت اللہ کا طواف سات بار اور جمروں کو کنکریاں مارنا سات بار ہے اور انسان کی پیدائش سات اعضا سے ہے۔

وَبِرِزْقِهِ مِنْ سَبْعٍ وَشَقَّ فِي وَجْهِهِ سَبْعٌ وَالحَوَامِيمُ سَبْعٌ وَالْحَمْدُ سَبْعُ اٰيَاتٍ وَقِرَاءَةُ الْقُرْاٰنِ عَلٰى سَبْعَةِ اَحْرُفٍ وَالسَّبْعُ الْمَثَانِي وَالسُّجُوْدُ عَلٰى سَبْعَةِ اَعْضَاءٍ وَاَبْوَابُ جَهَنَّمَ سَبْعٌ وَاَسْمَاؤُهَا سَبْعٌ وَدَرْكَاتُهَا سَبْعٌ وَاَصْحَابُ الْكَهْفِ سَبْعٌ وَاُهْلِكَ عَادٌ بِالرِّيْحِ فِي سَبْعِ لَيَالٍ وَمَكَثَ يُوْسُفُ فِي السِّجْنِ سَبْعَ سِنِيْنَ وَالْبَقَرَاتُ سَبْعٌ وَالسِّنُوْنَ الْجَدْبَةُ سَبْعٌ وَالسِّنُوْنَ الْخَصْبَةُ سَبْعٌ وَالصَّلٰوةُ الْخَمْسُ سَبْعَةَ عَشَرَ رَكْعَةً وَقَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ وَسَبْعَةٍ اِذَا رَجَعْتُمْ وَحُرِّمَ مِنَ النِّسَاءِ بِالنَّسَبِ سَبْعٌ وَمِنَ الصِّهْرِ سَبْعٌ وَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَهَارَةَ الْاِنَاءِ اِذَا وَلَغَ فِيْهِ الْكَلْبُ سَبْعَ مَرَّاتٍ اِحْدٰيهُنَّ بِالتُّرَابِ وَعَدَدُ حُرُوْفِ سُوْرَةِ الْقَدْرِ اِلٰى قَوْلِهِ سَلَامٌ هِيَ سَبْعٌ وَعِشْرُوْنَ حَرْفًا وَمَكَثَ اَيُّوْبُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِي بَلَائِهِ سَبْعَ سِنِيْنَ وَقَالَتْ عَائِشَةُ رَضِ تَزَوَّجَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا بِنْتُ سَبْعِ سِنِيْنَ وَاَيَّامُ الْعَجُوْزِ يَعْنِي الْحُسُوْمَ سَبْعَةٌ ثَلَاثَةٌ مِنْ شُبَاطٍ وَاَرْبَعَةٌ مِنْ اٰذَارٍ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شُهَدَاءُ اُمَّتِيْ سَبْعَةٌ الْقَتِيْلُ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْمَطْعُوْنُ وَالْمَسْلُوْلُ وَالْغَرِيْقُ وَالْحَرِيْقُ وَالْمَبْطُوْنُ وَالنُّفَسَاءُ مِنَ النِّسَاءِ وَاَقْسَمَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ بِسَبْعٍ وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا اِلٰى قَوْلِهِ وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰهَا وَكَانَ طُوْلُ مُوْسٰى سَبْعَةَ اَذْرُعٍ بِذِرَاعِ ذٰلِكَ الْقَرْنِ وَطُوْلُ عَصَا مُوْسٰى سَبْعَةَ اَذْرُعٍ فَاِذَا ثَبَتَ اَنَّ اَكْثَرَ الْاَشْيَاءِ سَبْعٌ فَقَدْ نَبَّهَ اللّٰهُ تَعَالٰى عِبَادَهُ عَلٰى اَنَّ لَيْلَةَ الْقَدْرِ السَّابِعُ وَالْعِشْرُوْنَ بِقَوْلِهِ تَعَالٰى سَلَامٌ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ فَعَلِمْنَا بِذٰلِكَ اَنَّهَا لَيْلَةُ السَّابِعِ وَالْعِشْرِيْنَ

فَصْلٌ وَهَلْ لَيْلَةُ الْجُمُعَةِ اَفْضَلُ اَمْ لَيْلَةُ الْقَدْرِ اِخْتَلَفَ اَصْحَابُنَا فِي ذٰلِكَ فَاخْتَارَ الشَّيْخُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنُ بَطَّةَ وَالشَّيْخُ اَبُو الْحَسَنِ الْجَزَرِيُّ وَاَبُوْ حَفْصٍ عُمَرُ الْبَرْمَكِيُّ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ اَنَّ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ اَفْضَلُ وَاخْتَارَ اَبُو الْحَسَنِ التَّمِيْمِيُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ

اور اسکی روزی سات دانہ سے ہے اور اسکے چہرہ میں سات سوراخ ہیں اور سورتیں حم سات ہیں اور سورت فاتحہ سات آیتیں ہیں اور قرآن مجید کی قراءت سات لغت پر ہے اور بار بار پڑھی جانیوالی سات آیتیں ہیں اور سجدہ سات اعضا پر کیا جاتا ہے اور دوزخ کے دروازے سات ہیں اور اسکے نام بھی سات ہیں اور دوزخ کے طبقے سات ہیں اور اصحاب کہف سات ہیں اور قوم عاد ہوا سے سات رات میں ہلاک ہوئی اور حضرت یوسف علیہ السلام قید میں سات برس رہے اور گائیں جنکا ذکر سورہ یوسف میں ہے سات ہیں اور یوسف کے زمانہ میں قحط سات سال ہیں اور انکے زمانہ کی فراخی کے سال سات ہیں اور پانچ وقت کی نمازوں کے فرض سترہ رکعت ہیں اور اللہ عزوجل نے فرمایا جب مجھ سے واپس جاؤ تو سات روزے رکھو اور عورتیں نسب سے سات حرام ہیں اور عورت سے نکاح اسکے رشتہ کی سات عورتیں حرام ہوجاتی ہیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اوس برتن کی طہارت جسمیں کتا لک جاوے سات بار پانی سے اور ایکبار مٹی سے دہونا مقرر کی اور سورہ قدر کے حرفوں کی گنتی سلام ہی تک ستائیس حرف ہیں اور حضرت ایوب علیہ السلام اپنی مصیبت اور تکلیف میں سات برس رہے اور حضرت عائشہ رض نے کہا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے نکاح کیا جب میں سات برس کی تھی اور جاڑے اخیر کے دن جو جاڑے کو کاٹ دیتے ہیں سات دن ہیں تین دن ماہ پھاگن کے اخیر میں اور چار دن چیت کے اول میں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری امت میں سات شہید ہیں جو شخص اللہ کے راہ میں مارا جاوے اور جو وبا میں مرجاوے اور جو سل سے مرے اور جو ڈوب کر مرے اور جلکر مرے اور جو پیٹ کی بیماری سے مرے اور جو عورت نفاس میں مرجاوے اور اللہ عزوجل نے سات چیزوں کی قسم کھائی ہے سورج کی اور چاشت کیوقت کی اسکے اس قول تک اور جی کی اور اسکو بنانیوالے کی اور حضرت موسی علیہ السلام سات گز لنبے اس زمانے کے گزوں سے اور موسی علیہ السلام کا عصا سات گز لنبا تھا پس جب ثابت ہوا کہ اکثر چیزیں سات ہیں اور اللہ تعالی نے اپنے بندوں کو اسپر مطلع کیا کہ شبقدر ستائیسویں رات ہے اپنے اس قول سے وہ رات سلامتی ہے صبح ہونے تک سو ہمنے اس سے جان لیا کہ بیشک وہ رات ستائیسویں ہے

فصل پہلا جمعہ کی رات افضل ہے یا شبقدر ہمارے اصحاب کا اسمیں اختلاف ہے سو شیخ ابو عبد اللہ بن بطہ اور شیخ ابو الحسن جزری اور ابو حفص عمر برمکی رحمہم اللہ نے یہ اختیار کیا کہ جمعہ کی رات افضل ہے اور ابو الحسن تمیمی رحمہ اللہ نے اختیار کیا

اَنَّ اللَّيْلَةَ الَّتِي اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ مِنْ لَيَالِي الْقَدْرِ اَفْضَلُ
مِنْ لَيْلَةِ الْجُمُعَةِ فَاَمَّا اَمْثَالُ تِلْكَ اللَّيْلَةِ مِنْ لَيَالِي الْقَدْرِ
فَلَيْلَةُ الْجُمُعَةِ اَفْضَلُ وَقَالَ اَكْثَرُ الْعُلَمَاءِ لَيْلَةُ الْقَدْرِ اَفْضَلُ
مِنْ لَيْلَةِ الْجُمُعَةِ وَغَيْرِهِمَا مِنَ اللَّيَالِي وَجْهُ اخْتِيَارِ اَصْحَابِنَا
مَا رَوَى الْقَاضِي الْاِمَامُ اَبُو يَعْلٰى رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ بِاِسْنَادِهٖ
عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهٗ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ يَغْفِرُ اللّٰهُ تَعَالٰى لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ لِاَهْلِ الْاِسْلَامِ اَجْمَعِيْنَ
وَهٰذِهٖ فَضِيْلَةٌ لَمْ تُنْقَلْ عَنْهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ لِغَيْرِهَا مِنَ اللَّيَالِي
وَرُوِيَ عَنْهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ اَكْثِرُوْا عَلَيَّ
مِنَ الصَّلٰوةِ فِي اللَّيْلَةِ الْغَرَّاءِ وَالْيَوْمِ الْاَزْهَرِ لَيْلَةِ الْجُمُعَةِ
وَيَوْمِهَا وَالْغُرَّةُ مِنَ الشَّيْءِ خِيَارُهٗ وَلِاَنَّ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ
تَابِعَةٌ لِيَوْمِهَا وَقَدْ جَاءَ فِي فَضْلِ يَوْمِهَا مَا لَمْ يَجِئْ
فِي فَضْلِ يَوْمِ لَيْلَةِ الْقَدْرِ مِنْ ذٰلِكَ مَا رَوَى اَنَسٌ رَضِيَ
اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ مَا
طَلَعَتِ الشَّمْسُ عَلٰى يَوْمٍ اَعْظَمَ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ
وَلَا اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْهُ وَرَوٰى اَبُوْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ لَا تَطْلُعُ الشَّمْسُ وَلَا تَغْرُبُ عَلٰى يَوْمٍ
اَفْضَلَ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ وَمَا مِنْ دَابَّةٍ اِلَّا وَهِيَ تَفْزَعُ
لِيَوْمِ الْجُمُعَةِ اِلَّا هٰذَيْنِ الثَّقَلَيْنِ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَرَوٰى
اَبُوْ هُرَيْرَةَ رض اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ
عَزَّ وَجَلَّ يَبْعَثُ الْاَيَّامَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰى هَيْئَتِهَا وَيَبْعَثُ الْجُمُعَةَ
وَهِيَ زَهْرَاءُ مُنِيْرَةٌ وَاَهْلُهَا يَحُفُّوْنَ بِهَا كَالْعَرُوْسِ تُهْدٰى اِلٰى
كَرِيْمِهَا تُضِيْءُ لَهُمْ وَيَمْشُوْنَ فِي ضَوْئِهَا وَاَلْوَانُهُمْ كَالثَّلْجِ
وَرِيْحُهُمْ كَالْمِسْكِ يَخُوْضُوْنَ فِي جِبَالِ الْكَافُوْرِ وَيَنْظُرُ
اِلَيْهِمْ اَهْلُ الْمَوْقِفِ الثَّقَلَانِ مَا يَطْرِفُوْنَ تَعَجُّبًا حَتّٰى يَدْخُلُوا
الْجَنَّةَ فَاِنْ قِيْلَ فَمَا جَوَابُكُمْ مِنْ قَوْلِهٖ عَزَّ وَجَلَّ لَيْلَةُ الْقَدْرِ
خَيْرٌ مِنْ اَلْفِ شَهْرٍ قِيْلَ الْمُرَادُ بِهَا خَيْرٌ مِنْ اَلْفِ شَهْرٍ لَيْسَ فِيْهَا
لَيْلَةُ الْجُمُعَةِ كَاَنَّ تَقْدِيْرَهَا عِنْدَهُمْ خَيْرٌ مِنْ اَلْفِ شَهْرٍ لَيْسَ
فِيْهَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ وَاَيْضًا اَنَّ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ بَاقِيَةٌ فِي الْجَنَّةِ

کہ تحقیق وہ رات جسمیں قرآن اُتارا گیا عزت والی راتوں میں سے ہی تحقیق
بہتر ہو جمعہ کی رات سے لیکن اس رات کی مانند عزت والی راتوں سے پس
رات جمعہ کی بہتر ہی اور اکثر علما نے کہا کہ شبقدر جمعہ کی رات سے اور اور راتوں
سے بہتر ہی ہمارے اصحاب کو اختیار کرنیکی وجہہ وہ روایت ہی جو قاضی امام
ابو یعلی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی اسنادسے ابن عباس سے کی کہ فرمایا رسول اللہ
صلی اللہ علیہ سلم نے اللہ تعالی نے جمعہ کی رات کو تمام اہل اسلام کو بخشدیا
ہے اور یہہ ایک ایسی فضیلت ہی جو حضرت صلی اللہ علیہ سلم سے جمعہ کی رات
کے سوا کسی رات کی فضیلت میں نقل نہیں ہوئی اور روایت ہی کہ حضرت صلی اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا مجھہ پر بہت درود پڑھا کرو رات بزرگ اور روشن دن
میں یعنی جمعہ کی رات اور اسکے دن میں اور پسندیدہ ہر چیز کا بہتر ہی اور اسواسطے
کہ جمعہ کی رات اپنے دن کی تابع ہی اور بیشک اس رات کے دن کی فضیلت
میں جو کچھہ وارد ہی وہ شبقدر کے دن کی فضیلت میں نہیں منجملہ انکے حضرت
انس رض کی روایت ہی حضرت صلی اللہ علیہ سلم سے کہ آپ نے فرمایا کسی دن
سورج نہیں چڑھا جو اللہ کے پاس جمعہ کے دن سے زیادہ بزرگ ہو اور اس سے زیادہ
پیارا اور ابو ہریرہ رض نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ آپنے فرمایا
کسی دن پر سورج نہیں چڑھتا اور نہ غروب ہوتا ہی کہ وہ جمعہ کے دن سے بہتر ہو
اور کوئی جاندار نہیں کہ جمعہ کے دن نہ ڈرتا ہو سوا ان دو فرقوں جنوں اور
آدمیوں کے اور حضرت ابو ہریرہ نے روایت کی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا بیشک اللہ عز وجل قیامت کے دن دنوں کو انکی شکل پر اُٹھائیگا
اور جمعہ کو اُٹھاویگا روشن اور چمکتا اور اسکے اصحاب اُسکو گھیرے ہوئے ہونگے
عروس کیطرح جو اپنے خاوند کے پاس بھیجی جاتی ہی انکے لیئے روشن ہوگا اور وہ اسکی
روشنی میں چلینگے انکے رنگ برف کیطرح ہونگے اور انکی بو مشک کیطرح ہوگی
چلینگے کافور کے پہاڑوں میں اور ان کیطرف اہل موقف جن اور آدمی
دیکھتے رہ جاوینگے تعجب سے آنکھیں نہ بند کریں جبتک وہ بہشت میں داخل
ہو جاویں پھر اگر کوئی کہے تمہارا کیا جواب ہی اللہ عز وجل کے اس قول سے
شبقدر ہزار مہینے سے بہتر ہے۔ کہا جاویگا اس سے مراد یہہ ہی کہ اس ہزار
مہینے سے بہتر ہے جسمیں جمعہ کی رات نہیں جیسا ان کے نزدیک اس
آیت کی تقدیر یوں ہے کہ اس ہزار مہینے سے بہتر ہے جسمیں شبقدر
نہیں ہے اور نیز یہہ کہ جمعہ کی رات بہشت میں باقی ہے

لان في يومها تقع الزيارة الى الله سبحانه وتعالى وهي معلومة في الدنيا بعينها على القطع وليلة القدر مظنون عينها ووجه اختيار التميمي وغيره من العلماء ان ليلة القدر افضل لقوله تعالى خير من الف شهر ثلث وثمانون سنة واربعة اشهر وقيل انه عرض على النبي صلى الله عليه وسلم اعمار امته فاستقلها فاعطي ليلة القدر وعن مالك بن انس رحمة الله عليه انه قال سمعت ممن اثق به يقول ان رسول الله صلى الله عليه وسلم رأى اعمار الناس قبله ما شاء الله تعالى من ذلك فكانه تقاصر اعمار امته بان لا يبلغوا من العمل مثل الذي بلغ غيرهم في طول العمر فاعطاه الله تعالى ليلة القدر خير من الف شهر وقال مالك بن انس بلغني ان سعيد بن المسيب قال من حضر صلوة العشاء ليلة القدر اصاب منها حظا عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قال من صلى العشاء والمغرب في جماعة فقد اخذ بحظه من ليلة القدر ومن قرأها يعني سورة القدر فكانما قرأ ربع القران ويستحب ان تقرأ في العشاء الاخيرة من شهر رمضان **فصل** فان قال قائل لم لم يطلع الله عباده على ليلة القدر يقينا وقطعا كما اطلعهم على ليلة الجمعة وبينها لهم قيل لئلا يتكلوا على علمهم فيها فيقولوا قد عملنا في ليلة خير من الف شهر فقد غفر الله لنا وحصل لنا عنده درجات وجنات فلا يعملوا عملا واطمئنوا ان يغلب عليهم الرجاء فيهلكوا وهذا كما لم يطلعهم على فناء اجالهم لئلا يقول من كان عمره طويلا اتبع الشهوات واللذات والتنعم في الدنيا فاذا قارب فناء اجلي تبت واشتغلت بعبادة ربي واموت تائبا مصلحا فغيبها الله تعالى عنهم اجالهم ليكونوا ابدا على وجل وحذر من حلول الموت فيحسنوا العمل ويداوموا على التوبة واصلاح العمل فياتيهم الموت وهم على خير حال فتحصل عليهم الاقسام من اللذات والشهوات في الدنيا وينجون من عذاب الله في الاخرة

کیونکہ اسکے دن میں اللہ عزوجل کی زیارت ہوگی اور یہ بعینہ دنیا میں معلوم ہے یقیناً اور شبقدر کا تعین ظنی ہے۔ ابو الحسن تمیمی وغیرہ علما کی شبقدر کی افضل ہونیکے اختیار کرنے کی وجہ اللہ عزوجل کے اس قول سے ہے کہ ہزار مہینے سے بہتر ہے اور ہزار مہینے کے تراسی سال اور چار مہینے ہوتے ہیں اور کہا گیا ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر آپ کی امت کی عمریں پیش کیگئیں آپنے انکو کم پایا تو شبقدر آپ کو دیگئی اور امام مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے اونہوں نے کہا میں نے اس شخص سے سنا جسپر مجھکو اعتبار ہے کہتا تھا بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے سے پہلے لوگوں کی عمریں دیکھیں جو اللہ تعالی نے چاہا اس سے تو گویا آپنے اپنی امت کی عمریں کم خیال کیں اسلیئے کہ یہ اس عمل کو نہ پہونچینگے جو غیر اُن کے لمبی عمر میں اس عمل کو پہونچے سو اللہ تعالی نے آپ کو لیلۃ القدر عطا کی جو ہزار مہینے سے بہتر ہے اور امام مالک بن انس نے کہا مجھکو پہونچا کہ سعید بن المسیب نے کہا جو شخص شبقدر کی عشا کی نماز میں حاضر ہوا اوسنے اس سے حصہ پالیا۔ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے کہ آپنے فرمایا جس شخص نے عشا اور مغرب کی نماز جماعت میں پڑہی بیشک اُسنے اپنا حصہ شبقدر سے پالیا اور جسنے اس سورۃ کو پڑھا یعنی سورۂ قدر کو اُسنے گویا قرآن کا چوتھا حصہ پڑھا اور یہہ مستحب ہے کہ ماہ رمضان کی اخیر کی عشا میں پڑہے۔ فصل اگر کوئی کہنے والا کہے کہ اللہ تعالی نے اپنے بندوں کو شبقدر پر یقیناً اور قطعاً اطلاع کیوں نہیں کی جیسے انکو جمعہ کی رات پر مطلع کیا اور بیان کردیا اسکو کہا جاتا ہے کہ کہیں وہ اپنے عمل پر جو شبقدر میں ہے بھروسہ کرکے بیٹھیں تو کہیں ہمنے ایسی رات میں ایسے عمل کیے ہیں جو ہزار مہینے سے بہتر ہے جو اللہ نے ہمارے گناہ بخشدیئے اور اسکے پاس ہمارے لیئے درجے اور بہشتیں حاصل ہو چکی ہیں تو کچھ عمل نہ کریں اور آرام کریں تو اُنپر امید غالب ہو جاوے پس ہلاک ہو جاویں اور یہ ایسا ہے جیسے انکو انکی عمروں کے فنا ہونے پر اطلاع نہیں دی تاکہ جسکی عمر لمبی ہو وہ یوں نہ کہے کہ میں دنیا میں شہوتوں اور لذتوں اور عیش کی پیروی کیئے جاؤں جب میری عمر تمام ہونے پر آویگی تو توبہ کرونگا اور اپنے رب کی عبادت میں مشغول ہو جاؤنگا اور توبہ کرتا نیکو کار مرجاؤنگا سو اللہ عزوجل نے ان سے ان کی عمریں پوشیدہ رکھیں تاکہ ہمیشہ ایک خوف

اللّٰهِ تَعَالٰى وَقِيْلَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى اَخْفٰى خَمْسَةَ اَشْيَاءَ فِىْ خَمْسَةٍ اَلْاَوَّلُ اَخْفٰى رِضَاءَ اللّٰهِ فِى الطَّاعَاتِ وَالثَّانِىْ اَخْفٰى غَضَبَهٗ فِى الْمَعَاصِىْ وَالثَّالِثُ اَخْفٰى صَلٰوةَ الْوُسْطٰى بَيْنَ الصَّلٰوتِ وَالرَّابِعُ اَخْفٰى وَلِيَّهٗ فِىْ خَلْقِهٖ وَالْخَامِسُ اَخْفٰى لَيْلَةَ الْقَدْرِ فِىْ شَهْرِ رَمَضَانَ

فَصْلٌ وَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ اَعْطَى الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَمْسَ لَيَالٍ اَلْاُوْلٰى لَيْلَةُ الْمُعْجِزَةِ وَالْقُدْرَةِ وَهِىَ انْشِقَاقُ الْقَمَرِ قَوْلُهٗ تَعَالٰى اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ وَكَانَ انْفِلَاقُ الْبَحْرِ لِمُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ بِضَرْبِ الْعَصَا وَالْاِنْشِقَاقُ لِمُحَمَّدٍ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاِشَارَةِ الْاِصْبَعِ فَهُوَ اَعْظَمُ فِى الْمُعْجِزَاتِ وَالْاِعْجَازِ وَالْقُدْرَةِ وَالثَّانِيَةُ لَيْلَةُ الْاِجَابَةِ وَالدَّعْوَةِ قَوْلُهٗ تَعَالٰى وَاِذْ صَرَفْنَا اِلَيْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ وَالثَّالِثَةُ لَيْلَةُ الْحُكْمِ وَالْقَضِيَّةِ قَوْلُهٗ تَعَالٰى اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ فِىْ لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ اِنَّا كُنَّا مُنْذِرِيْنَ فِيْهَا يُفْرَقُ كُلُّ اَمْرٍ حَكِيْمٍ وَالرَّابِعَةُ لَيْلَةُ الدُّنُوِّ وَالْقُرْبَةِ هِىَ لَيْلَةُ الْمِعْرَاجِ قَوْلُهٗ تَعَالٰى سُبْحٰنَ الَّذِىْ اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ لَيْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصَى الَّذِىْ اَلْاٰيَةَ وَاَمَّا الْخَامِسَةُ فَلَيْلَةُ السَّلَامِ وَالتَّحِيَّةِ قَوْلُهٗ اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ فِىْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ اِلٰى قَوْلِهٖ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا يَعْنِىْ لَيْلَةَ الْقَدْرِ وَرُوِىَ عَنْ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ اِذَا كَانَ لَيْلَةُ الْقَدْرِ يَاْمُرُ اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى جِبْرَئِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَنْ يَّنْزِلَ اِلَى الْاَرْضِ وَمَعَهٗ سُكَّانُ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى وَهُمْ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَكٍ وَمَعَهُمْ اَلْوِيَةٌ مِّنْ نُّوْرٍ فَاِذَا هَبَطُوْا اِلَى الْاَرْضِ رَكَزَ جِبْرَئِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ لِوَاءَهٗ وَالْمَلٰٓئِكَةُ اَلْوِيَتَهُمْ فِىْ اَرْبَعِ مَوَاطِنَ عِنْدَ الْكَعْبَةِ وَعِنْدَ قَبْرِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَ مَسْجِدِ بَيْتِ الْمَقْدِسِ وَعِنْدَ مَسْجِدِ طُوْرِ سَيْنَاءَ ثُمَّ يَقُوْلُ جِبْرَئِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ لِلْمَلٰٓئِكَةِ تَفَرَّقُوْا فَيَتَفَرَّقُوْنَ فَلَا يَبْقٰى دَارٌ وَّلَا حُجْرَةٌ وَّلَا بَيْتٌ وَّلَا سَفِيْنَةٌ فِيْهَا مُؤْمِنٌ وَّمُؤْمِنَةٌ اِلَّا دَخَلَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ فِيْهَا اِلَّا بَيْتٌ فِيْهِ كَلْبٌ اَوْ خِنْزِيْرٌ اَوْ خَمْرٌ اَوْ جُنُبٌ مِّنْ حَرَامٍ اَوْ صُوْرَةٌ فَيُسَبِّحُوْنَ وَيُقَدِّسُوْنَ وَيُهَلِّلُوْنَ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِاُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور بعض نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے پانچ چیزیں پانچ چیزوں میں پوشیدہ رکھی ہیں پہلے اللہ کی رضا اپنی عبادات میں پوشیدہ رکھی دوسری اپنا غضب اپنی نافرمانیوں میں اور تیسری صلوۃ الوسطےٰ کو چھپایا نمازوں میں اور چوتھی چھپایا اپنا دوست مخلوق میں اور پانچویں شبقدر کو ماہ رمضان میں چھپایا **فصل** اور بیشک اللہ عزوجل نے حضرت مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو پانچ راتیں عطا کیں پہلی معجزہ اور قدرت کی رات جسمیں چاند دو ٹکڑے ہو گیا اللہ تعالیٰ نے فرمایا قیامت نزدیک پہونچی اور چاند پھٹ گیا اور موسیٰ علیہ السلام کیلئے دریا پھٹ گیا ہاتھ کی لکڑی مارنے سے اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے چاند پھٹ گیا ایک انگلی کے اشارہ سے آپکے رسول پر یہ بہت بڑا ہے معجزوں اور عاجز کرنے اور قدرت میں اور دوسری قبول کرنے اور بلانے کی رات اللہ تعالیٰ نے فرمایا اور جسوقت ہمنے تیری طرف جنوں کی ایک جماعت بھیجی وہ قرآن سننے لگے اور تیسرا حکم اور فیصلہ کی رات اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہمنے قرآن کو مبارک رات میں اتارا ہے بیشک ہم ڈرانیوالے ہیں اس رات ہر ایک کام حکمت والا جدا ہوتا ہے اور چوتھی نزدیکی اور قرب کی رات وہ معراج کی رات ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا پاک ہے وہ جسنے اپنے بندے کو ایک رات میں مسجد حرام سے مسجد اقصےٰ تک سیر کرایا الآیۃ ولیکن پانچویں رات سو سلام اور تحیۃ کی رات اللہ تعالیٰ نے فرمایا بیشک ہمنے قرآن کو شبقدر میں اتارا تا قول کریم اس رات میں فرشتے اور روح اترتے ہیں یعنی شبقدر میں اور حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا کہ جب شبقدر ہوتی ہے تو اللہ سبحانہ وتعالیٰ جبرئیل علیہ السلام کو زمین کیطرف اترنیکا حکم کرتا ہے اور ان کے ساتھ ستر ہزار فرشتے سدرۃ المنتہیٰ کے رہنے والے ہوتے ہیں انکے ساتھ نور کے جھنڈے ہوتے ہیں پھر جب وہ زمین کیطرف اترتے ہیں تو جبرئیل علیہ السلام اپنا جھنڈا گاڑ دیتے ہیں اور فرشتے بھی اپنے جھنڈے گاڑ دیتے ہیں چار جگہہ میں کعبہ کے پاس اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر کے پاس اور بیت المقدس کی مسجد کے پاس اور طور سینا کی مسجد کے پاس پھر جبرئیل علیہ السلام کہتے ہیں فرشتوں سے پھیل جاؤ وہ پھیل جاتے ہیں سو کوئی مکان باقی نہیں رہتا اور نہ کوئی حجرہ اور نہ کوئی گھر اور نہ کوئی کشتی جسمیں کوئی مرد مومن یا عورت مومن ہو مگر فرشتے اسمیں جاتے ہیں لیکن اس گھر میں فرشتے نہیں جاتے جسمیں کتا ہو یا سور یا شراب یا جنب ہو حرام سے یا کوئی تصویر ہو سو تسبیح اور تقدیس کہتے ہیں اور لا الٰہ الا اللہ کہتے ہیں اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کیلئے بخشش مانگتے

حَتّٰی اِذَا کَانَ وَقْتُ الْفَجْرِ یَصْعَدُوْنَ اِلَی السَّمَآءِ فَیَسْتَقْبِلُهُمْ
سُکَّانُ سَمَآءِ الدُّنْیَا فَیَقُوْلُوْنَ لَهُمْ مِنْ اَیْنَ اَقْبَلْتُمْ فَیَقُوْلُوْنَ
کُنَّا فِی الدُّنْیَا لِاَنَّ اللَّیْلَةَ لَیْلَةُ الْقَدْرِ لِاُمَّةِ مُحَمَّدٍ فَقَالَ سُکَّانُ
سَمَآءِ الدُّنْیَا مَا فَعَلَ اللّٰهُ بِهِمْ وَبِحَوَائِجِهِمْ فَیَقُوْلُ جِبْرَئِیْلُ عَلَیْهِ
السَّلَامُ اِنَّ اللّٰهَ غَفَرَ لِصَالِحِیْهِمْ وَشَفَّعَهُمْ فِیْ طَالِحِیْهِمْ فَتَرْفَعُ
مَلٰٓئِکَةُ سَمَآءِ الدُّنْیَا اَصْوَاتَهُمْ بِالتَّسْبِیْحِ وَالتَّقْدِیْسِ وَالثَّنَآءِ
عَلٰی رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ شُکْرًا لِمَا اَعْطَاهُ اللّٰهُ هٰذِهِ الْاُمَّةَ مِنَ
الْمَغْفِرَةِ وَالرِّضْوَانِ ثُمَّ تُشَیِّعُهُمْ مَلٰٓئِکَةُ سَمَآءِ الدُّنْیَا اِلَی
السَّمَآءِ الثَّانِیَةِ ثُمَّ کَذٰلِکَ سَمَآءٌ بَعْدَ سَمَآءٍ اِلَی السَّابِعَةِ
ثُمَّ یَقُوْلُ جِبْرَئِیْلُ یَا سُکَّانَ السَّمٰوٰتِ ارْجِعُوْا فَتَرْجِعُ مَلٰٓئِکَةُ
کُلِّ سَمَآءٍ اِلٰی مَوَاضِعِهِمْ وَیَرْجِعُ سُکَّانُ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰی اِلَی
السِّدْرَةِ فَیَقُوْلُ سُکَّانُ السِّدْرَةِ اَیْنَ کُنْتُمْ فَیُجِیْبُوْنَ مِثْلَ مَا
اَجَابُوْا اَهْلَ السَّمَآءِ الدُّنْیَا فَتَرْفَعُ سُکَّانُ السِّدْرَةِ اَصْوَاتَهُمْ
بِالتَّسْبِیْحِ وَالتَّقْدِیْسِ فَتَسْمَعُ جَنَّةُ الْمَاْوٰی ثُمَّ جَنَّةُ النَّعِیْمِ
ثُمَّ جَنَّةُ عَدْنٍ ثُمَّ الْفِرْدَوْسُ وَیَسْمَعُ عَرْشُ الرَّحْمٰنِ فَیَرْفَعُ
الْعَرْشُ صَوْتَهٗ بِالتَّسْبِیْحِ وَالتَّهْلِیْلِ وَالثَّنَآءِ عَلٰی رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ
شُکْرًا لِمَا اَعْطٰی هٰذِهِ الْاُمَّةَ فَیَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ وَهُوَ اَعْلَمُ
یَا عَرْشِیْ لِمَ رَفَعْتَ صَوْتَکَ فَیَقُوْلُ اِلٰهِیْ بَلَغَنِیْ اَنَّکَ قَدْ
غَفَرْتَ الْبَارِحَةَ لِصَالِحِیْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَشَفَّعْتَ
صَالِحِیْهَا فِیْ طَالِحِیْهَا فَیَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰی صَدَقْتَ یَا عَرْشِیْ
وَلِاُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عِنْدِیْ مِنَ الْکَرَامَةِ مَا لَا عَیْنٌ
رَاَتْ وَلَا اُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلٰی قَلْبِ بَشَرٍ وَقِیْلَ اِنَّ جِبْرَئِیْلَ
عَلَیْهِ السَّلَامُ اِذَا نَزَلَ مِنَ السَّمَآءِ لَیْلَةَ الْقَدْرِ لَا یَدَعُ اَحَدًا مِنَ
النَّاسِ اِلَّا سَلَّمَ عَلَیْهِ وَصَافَحَهٗ وَعَلَامَةُ ذٰلِکَ قُشَعْرِیْرَةُ جِلْدِهٖ وَ
تَرْقِیْقُ قَلْبِهٖ وَتَدْمَعُ عَیْنُهٗ وَلِهٰذَا رُوِیَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ
وَسَلَّمَ کَانَ مَهْمُوْمًا لِاَجْلِ اُمَّتِهٖ فَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی یَا مُحَمَّدُ لَا
تَغْتَمَّ فَاِنِّیْ لَا اُخْرِجُ اُمَّتَکَ مِنَ الدُّنْیَا حَتّٰی اُعْطِیَهُمْ
دَرَجَاتِ الْاَنْبِیَآءِ وَذٰلِکَ لِاَنَّ الْاَنْبِیَآءَ عَلَیْهِمُ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ
تَنْزِلُ عَلَیْهِمُ الْمَلٰٓئِکَةُ بِالرُّوْحِ وَالرِّسَالَةِ وَالْوَحْیِ وَالْکَرَامَةِ

جب وقت فجر کا ہوجاتا ہے تو آسمان کیطرف چڑھ جاتے ہیں تو پہلے آسمان کے رہنے والے
فرشتے انکا استقبال کرتے ہیں اور پوچھتے ہیں تم کہاں سے آئے ہو کہتے ہیں ہم
دنیا میں اسلیئے گئے ہوئے تھے کہ آج رات محمد کی امت کی لیلۃ القدر تھی پھر پوچھتے
ہیں پہلے آسمان والے اللہ تعالیٰ نے اُن سے اور ان کی حاجتوں سے کیا معاملہ کیا تو
جبرئیل علیہ السلام کہتے ہیں اللہ پاک نے انکی نیکوں کو بخشدیا اور انکی سفارش انکے
بُروں کے حق میں قبول فرمائی تو پہلے آسمان کے فرشتے رب العلمین کی تسبیح اور تقدیس
اور تعریف سے اپنی آوازیں بلند کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کی اس امت پر بخشش اور
خوشنودی کے عطا فرمانے کے شکریہ میں پھر ان کو رخصت کرنے جاتے ہیں پہلے
آسمان کے فرشتے دوسرے آسمان تک پھر اسیطرح ہر ایک آسمان دوسرے آسمان تک
بعد ساتویں آسمان تک پھر جبرئیل علیہ السلام کہتے ہیں اے آسمان والو واپس جاؤ
تو ہر ایک آسمان کے فرشتے اپنی جگہوں میں چلے جاتے ہیں اور سدرۃ المنتہے کے رہنے والے
سدرہ کو جاتے ہیں تو سدرہ کے رہنے والے پوچھتے ہیں کہ تم کہاں رہے وہ وہی جواب دیتے
ہیں جو پہلے آسمان والوں کو دیا تھا تو سدرہ کے رہنے والے تسبیح اور تقدیس سے اپنی آوازیں
بلند کرتے ہیں تو جنۃ الماویٰ سنتی ہے پھر جنۃ النعیم پھر جنت عدن پھر فردوس اور رحمٰن
کا عرش سنتا ہے تو عرش تسبیح اور لا الہ الا اللہ اور رب العلمین کی تعریف سے اپنی آواز
بلند کرتا ہے شکریہ میں اسکے جو اس امت کو ملا تو اللہ عزوجل فرماتا ہے حالانکہ وہ خوب جانتا ہے
اے میرے عرش تو اپنی آواز کیوں بلند کرتا ہے تو وہ عرض کرتا ہے کہ اے میرے معبود مجھکو پہنچا
ہے کہ تو نے آج کی رات حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے نیکوں کو بخشدیا ہے اور
اُنکے نیکوں کی سفارش اونکے بُروں کے حق میں قبول فرمایا تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اے
میرے عرش تو نے سچ کہا اور امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے لیئے میرے پاس وہ بزرگی
اور عزت ہے جو کسی آنکھ نے نہیں دیکھی اور کسی کان نے نہیں سنی اور نہ کسی آدمی کے دل میں
اُسکا خیال گذرا بعض نے کہا کہ جبرئیل علیہ السلام جب شب قدر کو آسمان سے اترتے
ہیں تو کسی آدمی کو (مسلمانوں میں سے نہیں چھوڑتے) مگر اُسپر سلام کرتے ہیں اور اُس
سے مصافحہ کرتے ہیں اور اسکی علامت بدن کے بال کھڑے ہونا اور دل نرم ہونا اور
آنکھوں سے آنسو بہنے ہے اور یہی وجہ اس روایت کی ہے کہ حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم
اپنی امت کے بارہ میں غمناک تھے تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے محمد غم نہ کرو کیونکہ میں تیری امت
کو دنیا سے نہیں نکالونگا جبتک ان کو پیغمبروں کے درجے نہ دے لوں اسلیئے کہ
پیغمبروں یعنی انبیا علیہم السلام پر فرشتے رحمت اور رسالت اور وحی اور عزت
لیکر اترتے ہیں

وَكَذٰلِكَ اُنْزِلُ الْمَلٰئِكَةَ عَلٰى اُمَّتِكَ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ بِالتَّسْلِيْمِ وَالرَّحْمَةِ مِنِّيْ **فَصْلٌ** وَالْاَمَارَةُ فِي اَنَّهَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ اَنْ تَكُوْنَ لَيْلَةً طَلْقَةً سَمْحَةً لَا حَارَّةً وَلَا بَارِدَةً وَقِيْلَ لَا يُسْمَعُ فِيْهَا نُبَاحُ الْكَلْبِ وَتَطْلُعُ الشَّمْسُ صَبِيْحَتَهَا لَيْسَ لَهَا شُعَاعٌ كَالطَّسْتِ وَتَكْشِفُ عَجَائِبَهَا لِاَرْبَابِ الْقُلُوْبِ وَالْوِلَايَةِ وَاَهْلِ الطَّاعَةِ لِمَنْ يَشَاءُ اللّٰهُ تَعَالٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ عِبَادِهٖ عَلٰى قَدْرِ اَحْوَالِهِمْ وَاَقْسَامِهِمْ وَمَنَازِلِهِمْ فِي الْقُرْبِ مِنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ **فَصْلٌ** وَصَلٰوةُ التَّرَاوِيْحِ سُنَّةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّاهَا لَيْلَةً وَقِيْلَ لَيْلَتَيْنِ وَقِيْلَ ثَلٰثًا ثُمَّ انْتَظَرُوْهُ وَلَمْ يَخْرُجْ وَقَالَ لَوْ خَرَجْتُ لَفُرِضَتْ عَلَيْكُمْ ثُمَّ اِنَّهَا سُنَّتْ فِي اَيَّامِ عُمَرَ رض فَلِذٰلِكَ اُضِيْفَتْ اِلَيْهِ لِاَنَّهُ اَبْتَدَاَهَا وَالْحَدِيْثُ الْمَرْوِيُّ فِي ذٰلِكَ عَنْ عَائِشَةَ رض اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ فِي جَوْفِ اللَّيْلِ فِي شَهْرِ رَمَضَانَ فَصَلّٰى فِي الْمَسْجِدِ وَصَلَّى النَّاسُ بِصَلٰوتِهٖ فَلَمَّا كَانَ اللَّيْلَةُ الثَّانِيَةُ كَثُرَ النَّاسُ حَتّٰى عَجَزَ الْمَسْجِدُ عَنْ اَهْلِهٖ فَلَمْ يَخْرُجْ اِلَيْهِمْ حَتّٰى خَرَجَ لِصَلٰوةِ الْفَجْرِ فَلَمَّا صَلَّى الْفَجْرَ اَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ فَقَالَ لَهُمْ اَنَّهُ لَمْ يَخْفَ عَلَيَّ شَاْنُكُمُ اللَّيْلَةَ وَلٰكِنْ خَشِيْتُ اَنْ تُفْرَضَ عَلَيْكُمْ صَلٰوةُ اللَّيْلِ فَتَعْجِزُوْا عَنْ ذٰلِكَ قَالَتْ وَكَانَ يُرَغِّبُهُمْ فِي اِحْيَاءِ حَدِيْثِ رَمَضَانَ مِنْ غَيْرِ اَنْ يَاْمُرَهُمْ بِعَزِيْمَةٍ فَتُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْاَمْرُ عَلٰى ذٰلِكَ فِي اَيَّامِ خِلَافَةِ اَبِيْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ رض وَصَدْرًا مِنْ خِلَافَةِ عُمَرَ رض وَرُوِيَ عَنْ عَلِيٍّ رض اَنَّهُ قَالَ اِنَّمَا اَخَذَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رض هٰذِهِ التَّرَاوِيْحَ مِنْ حَدِيْثٍ سَمِعَهُ مِنِّيْ قَالُوْا وَمَا هُوَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ لِلّٰهِ تَعَالٰى حَوْلَ الْعَرْشِ مَوْضِعًا يُسَمّٰى حَظِيْرَةَ الْقُدُسِ وَهِيَ مِنَ النُّوْرِ فِيْهَا مَلٰئِكَةٌ لَا يُحْصٰى عَدَدُهُمْ اِلَّا اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ يَعْبُدُوْنَ اللّٰهَ تَعَالٰى عِبَادَةً لَا يَفْتُرُوْنَ سَاعَةً فَاِذَا كَانَ لَيَالِيْ شَهْرِ رَمَضَانَ اسْتَاْذَنُوْا رَبَّهُمْ اَنْ يَنْزِلُوْا اِلَى الْاَرْضِ فَيُصَلُّوْنَ مَعَ بَنِيْ اٰدَمَ فَكُلُّ مَنْ مَسَّهُمْ مِنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ

ویسی ہی تیری امت پر فرشتوں کو اپنی طرف سے سلام اور رحمت دیکر شب قدر میں بھیجوں گا **فصل** اور لیلۃ القدر کی نشانی یہ ہے کہ اس دن کی رات خوش آرام کی ہوتی ہے جسمیں گرمی اور سردی نہ ہو اور بعض نے کہا اسمیں کتے کا بھونکنا نہیں سنا جاتا اور اس رات کی صبح کو سورج چڑہتا ہے اسکی روشنی نہیں ہوتی مثل تھال کی ہوتا ہے اور اس رات کے عجائب صاحبدلوں اور ولیوں اور اہل طاعت کیلیے ظاہر ہوتی ہیں جنکے واسطے اللہ تعالی چاہتا ہے اپنے بندے مومنوں سے ان کے احوال اور اقسام اور مراتب کے موافق جو ان کو قرب آلہی میں حاصل ہیں **فصل** اور تراویح کی نماز حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے آپنے اسکو ایک رات پڑہا اور بعض نے کہا دو رات اور بعض نے کہا تین رات پھر صحابہؓ نے آپکی انتظار کی آپ نہ نکلے اور فرمایا اگر میں نکلوں تو تمپر فرض ہو جاوے گی پھر ہمیشہ پڑہی گئی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں اسی وجہ سے انکیطرف منسوب ہوئی کیونکہ اُنہوں نے اُسکو شروع کیا اور اسمیں حدیث مروی ہے حضرت عائشہ ام المومنین رضی اللہ عنہا سے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم درمیان رات کے نکلے ماہ رمضان میں تو آپنے مسجد میں نماز پڑہی اور لوگوں نے بھی آپ کے ساتھ نماز پڑہی پھر دوسری رات لوگ زیادہ اکٹھے ہو گئے کہ مسجد ان سے تنگ ہو گئی آپ نہ نکلے ان کیطرف یہانتک کہ فجر کی نماز پڑہ چکے تو آپ لوگوں کیطرف متوجہ ہوئے اور فرمایا تمہارا حال آج کی رات کا پوشیدہ نہیں تھا ولیکن میں ڈرا کہ تمپر رات کی نماز فرض نہ ہو جاوے اور تم اس سے عاجز ہو (حضرت عائشہ نے) کہا اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کو رمضان کے زندہ رکھنے میں ترغیب دلاتے کرتے ان کو حکم نہ کرتے بطور فرض کے سو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وفات پا گئے اور کام اسیطرح پر تھا حضرت ابوبکر صدیق کی خلافت کے دنوں میں اور حضرت عمر کی شروع خلافت میں اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اُنہوں نے کہا بیشک حضرت عمر بن خطابؓ نے یہ تراویح مجھ سے ایک حدیث سنکر اختیار کی صحابہ نے عرض کیا اے امیر المومنین وہ کونسی حدیث ہے فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا اللہ تعالی کیلیے عرش کے گرد ایک جگہ ہے جسے حظیرۃ القدس کہتے ہیں اور وہ نور سے ہے اسمیں فرشتے ہیں جنکی گنتی اللہ عزوجل کے سوا کوئی نہیں جانتا اللہ تعالی کی عبادت کرتے ہیں ایک ساعت سست نہیں پڑتے سو جب ماہ رمضان کی راتیں ہوتی ہیں تو وہ اپنے رب سے اذن مانگتے ہیں کہ زمین کیطرف اُتریں بنی آدم کے ساتھ نماز پڑہیں سو جو شخص حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت میں سے ان سے لگے

صلى الله عليه وسلم أو مسّوه سعد سعادة لا يشقى بعدها
أبدا فقال عمر رضه إذ ذاك فنحن أحق بهذا فجمع للتراويح
وسنّها وروي عن علي بن أبي طالب رض أنه إذا خرج في
أول ليلة من شهر رمضان فسمع القرآن في المساجد فقال
نوّر الله قبر عمر كما نوّر مساجد الله بالقرآن وكذلك
يروى عن عثمان بن عفان رض وفي لفظ آخر أن عليا رض
اجتاز بالمساجد وهي تزهر بالقناديل والناس يصلون
التراويح فقال نوّر الله عز وجل على عمر قبره كما نوّر مساجدنا
روي عن النبي صلى الله عليه وسلم أنه كان من علّق في بيت من
بيوت الله قنديلا لم تزل الملائكة تستغفر له وتصلي
عليه وهم سبعون ألف ملك حتى يطفى ذلك القنديل وعن
أبي ذر الغفاري رض أنه قال صلينا مع رسول الله صلى الله
عليه وسلم فلما كانت الليلة الثالثة والعشرون قام فصلى
بنا حتى مضى ثلث الليل ثم لما كانت الليلة الرابعة و
العشرون خرج وصلى بنا حتى مضى شطر الليل فقلنا لو
نفلتنا ليلتنا هذه لكان حسنا فقال صلى الله عليه وسلم
إنه من قام مع الإمام حتى ينصرف كتب له قيام ليلة ولم
يصل بنا في الليلة السادسة والعشرين فلما كانت السابعة
والعشرون قام بنا وجمع أهله وصلى بنا حتى خشينا
أن يفوتنا الفلاح قيل وما الفلاح قال السحور **فصل**
ويستحب لها الجماعة والجهر بالقراءة لأن النبي صلى
الله عليه وسلم صلاها كذلك في تلك الليالي ويكون
ابتداؤها في الليلة التي يسفر صباحها غرة رمضان
ليلة من شهر رمضان ولأن النبي صلى الله عليه وسلم
كذلك صلاها ويكون فعلها بعد صلوة الفرض وبعد
ركعتين بسنة لأن النبي صلى الله عليه وسلم هكذا صلاها
وهي عشرون ركعة يجلس عقب كل ركعتين ويسلم فهي
خمس ترويحات كل أربعة منها ترويحة ويسوي في كل
ركعتين

ان سے لگے یا وہ فرشتے کسی سے لگیں تو وہ ایسا نیکبخت ہو جاویگا کہ پھر
کبھی گمراہ نہ ہوگا تو حضرت عمرؓ نے کہا جب یوں ہے تو ہم اسکے زیادہ حقدار ہیں
تو تراویح کیلئے جمع کیا اور اسکو سنت ٹھیرایا اور حضرت علی ابن ابیطالب سے روایت
ہے کہ جب وہ ماہ رمضان کی پہلی رات میں نکلے اور قرآن مسجدوں میں سُنا تو فرمایا
اللہ عزوجل حضرت عمر کی قبر روشن فرماوے جیسے اونہوں نے اللہ کی مسجدوں
کو روشن کیا قرآن پاک سے اور اسیطرح حضرت عثمان بن عفان سے روایت ہے
اور ایک لفظ میں یوں ہے کہ حضرت علی مسجدوں سے گذرے اور وہ قندیلوں
سے روشن تھیں اور لوگ تراویح کی نماز پڑھ رہے تھے تو فرمایا اللہ عزوجل حضرت
عمر پر انکی قبر کو روشن کرے جیسے اُنہوں نے ہماری مسجدیں روشن کیں حضرت
صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے کہ آپنے فرمایا جو شخص کسی گھر میں اللہ کے گھروں میں
سے قندیل لٹکائے اسکے لیے فرشتے بخشش مانگتے رہینگے اور رحمت کی دعا کرتے
رہینگے اور وہ ستر ہزار ہیں. جبتک وہ قندیل گل ہو جائے اور حضرت
ابو ذر غفاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اونہوں نے کہا ہمنے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑہی تو جب تئیسویں رات ہوئی آپ کھڑے
ہوئے اور ہمکو نماز پڑہائی تہائی رات گذرنے تک پھر جب چوبیسویں رات
ہوئی تو آپ ہماری طرف نہ نکلے پھر جب پچیسویں رات ہوئی تو آپ تشریف
لائے اور ہمکو نماز پڑہائی نصف رات تک پھر ہمنے آپ سے عرض کیا کہ اگر
ہم اس رات بھر نفل پڑہیں تو بہتر ہو تو آپنے فرمایا کہ جو شخص امام کے ساتھ
کھڑا ہو نماز سے پھرنے تک اُسکے لیے رات بھر کا قیام لکھا جاویگا اور آپنے
ہمیں چھبیسویں رات کو نماز نہیں پڑہائی پھر جب ستائیسویں رات ہوئی آپ ہمارے ساتھ
کھڑے ہوئے اور اپنے گھر کے لوگ جمع کیے اور ہمارے ساتھ نماز پڑھتے رہے یہانتک کہ ہم
فلاح کے فوت ہونے سے ڈرے کسی نے کہا فلاح کیا چیز ہے کہا سحر ہے **فصل** اور تراویح
کی نماز کے لیے جماعت اور بلند قرأت کرنی مستحب ہے کیونکہ حضرت رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ نماز اسیطرح پڑہی ان راتوں میں اور یہ نماز شروع ہوتی ہے
اس رات میں جسمیں تراویح پڑہنے والا رمضان کا چاند دیکھتا ہے کیونکہ وہ رات رمضان
کی ہے اور اسوجہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکو اسیطرح پڑھا ہے اور تراویح کا پڑھنا
فرض اور دو سنتوں کے بعد ہوتا ہے اسلیے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکو اسیطرح پڑھا ہے اور یہ
بیس رکعت ہے ہر دو رکعت میں بیٹھے اور سلام کرے سو یہ پانچ راحت پکڑنا ہے اور ان
بیس رکعت میں چار بار آرام کرنا ہے

وينوي في كل ركعتين المصلي ركعتي التراويح المسنونة
إذا كان فرداً أو إذا كان إماماً أو مأموماً ويستحب أن يقرأ في
الركعة الأولى منها في أول ليلة من شهر رمضان الفاتحة و
سورة العلق وهي اقرأ باسم ربك الذي خلق لأنها أول سورة
نزلت من القرآن عند إمامنا أحمد بن محمد بن حنبل رحمة
الله عليه وكذلك عند جميع الأئمة رضوان الله تعالى
عليهم ثم يسجد في آخرها ثم ينهض فيبدأ بسورة البقرة
ويستحب له قراءة الختمة كاملة ليسمع الناس جميع
القرآن فيقفوا على ما فيه من الأوامر والنواهي والمواعظ
والزواجر ولا يستحب الزيادة على ختمة واحدة لئلا يشق
ذلك على المأمومين فيضجروا وتلحقهم السآمة ويكرهوا
الجماعة ويثقل بها فيفوتهم أجر عظيم وثواب جزيل
فيكون ذلك بسبب الإمام فيعظم إثمه فيكون من الآثمين
وقد قال النبي صلى الله عليه وسلم في مثل ذلك لمعاذ
أفتان أنت يا معاذ وذلك لما صلى بقوم وطول في
القراءة وقطع أحدهم الصلاة وانفرد ثم شكى ذلك إلى
النبي صلى الله عليه وسلم ويستحب تأخير الوتر إلى آخر
صلاة التراويح ويقرأ في الركعة الأولى سبح اسم ربك
الأعلى الذي وفي الثانية سورة الكافرون وفي الثالثة
سورة الإخلاص لأن النبي صلى الله عليه وسلم كذلك كان
يصلي ويكره التنفل بين كل ترويحتين ويكره أن يصلي
التراويح في مسجدين وكذلك صلاة النوافل في جماعة
بعد التراويح في إحدى الروايتين لأنه هو التعقيب وذلك
مكروه عند الإمام أحمد رحمه الله تعالى روي عن أنس بن
مالك أنه كرهه بل ينام نومة خفيفة ثم يقوم يأتي بما
من النوافل والتهجد ثم يرجع إلى منامه وهي ناشئة
الليل التي أثنى الله عليها وذكرها وقال إن ناشئة الليل
هي أشد وطأ وأقوم قيلا والرواية الثانية أن ذلك
جائز غير مكروه لكنه يؤخره لما روي عن عمر أنه

اور ہر دو رکعت میں نیت کرے کہ میں دو رکعت نماز تراویح مسنونہ پڑھتا ہوں جب
اکیلا ہو اور جب امام ہو یا مقتدی اور مستحب ہے کہ تراویح کی پہلی رکعت میں ماہ رمضان
کی پہلی رات میں سورہ فاتحہ اور سورۂ علق پڑھے اور وہ اقرأ باسم ربک الذی
خلق ہے کیونکہ یہ پہلی سورہ قرآن کی ہے جو اتری ہے ہمارے امام احمد بن محمد بن حنبل
رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اور اسیطرح تمام اماموں کے نزدیک ہے رضوان اللہ
تعالیٰ علیہم پھر اسکے آخر میں سجدہ کرے پھر کھڑا ہو پھر سورہ بقر شروع کرے
اور امام کو مستحب ہے قرآن کا ختم کامل کرنا تاکہ لوگ تمام قرآن مجید سنیں
اور قرآن مجید میں جو حکم اور روکیں اور نصیحتیں اور جھڑکیں ہیں سب سے
واقف ہوں اور ایک ختم سے زیادہ مستحب نہیں تاکہ مقتدیوں پر شاق نہ
گذرے تو گھبرا جاویں اور ان کو تھکان لاحق ہو اور جماعت سے کراہت
کریں اور بوجھل ہوں اس سے تو انسے بڑا اجر اور بڑا ثواب فوت ہو تو یہ امام کے
سبب سے ہوگا تو اسکا گناہ بڑا ہوگا تو وہ گنہگاروں سے ہو جاویگا اور بیشک
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے ہی کام میں حضرت معاذ کو فرمایا تھا اے
معاذ تو فتنہ ڈالنے والا ہے اور یہ جب فرمایا تھا جب معاذ نے اپنی قوم کو نماز پڑھائی
اور لمبی قرارت کی اور ایک نے ان میں سے نماز توڑ دی اور اکیلے نماز پڑھ لی پھر
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اسکی شکایت کی تھی اور وتر کی تاخیر نماز تراویح
کے اخیر تک مستحب ہے اور پہلی رکعت میں سبح اسم ربک الاعلی الذی پڑھے اور دوسری
میں سورہ کفرون اور تیسری میں سورۃ اخلاص کیونکہ حضرت رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم اسیطرح پڑھا کرتے تھے اور دو تراویح کے درمیان نفل پڑھنے
مکروہ ہیں اور تراویح کی نماز دو مسجدوں میں پڑھنی مکروہ ہے اور اسیطرح نفلوں
کی نماز جماعت میں تراویح کے بعد دو روایتوں میں سے ایک روایت میں مکروہ ہے
کیونکہ وہ تعقیب ہے اور یہ مکروہ ہے امام احمد کے نزدیک رحمہ اللہ تعالیٰ حضرت
انس بن مالک سے روایت ہے کہ اسکو مکروہ سمجھتے تھے بلکہ ایک بار تھوڑا سا
سو لیتے پھر اٹھتے اور پڑھتے جتنے چاہتے نفل اور تہجد پھر جاتے اپنے سونے کی جگہ
اور یہ وہی رات کا اٹھنا ہے جسکی اللہ نے تعریف کی ہے اور اسکا ذکر کیا اور فرمایا
بیشک رات کا اٹھنا وہ زیادہ سخت ہے نفس کے کچلنے میں اور زیادہ سیدھا
کر دینے والا ہے بات کا اور روایت دوسری یہ ہے کہ وہ جائز ہے مکروہ نہیں لیکن
اسمیں دیر کرے۔ حضرت عمر کی روایت کیوجہ سے کہ انہوں نے

قَالَ ابْنُ عَوْنٍ فَضْلُ لَيْلِي آخِرُهُ السَّاعَةُ الَّتِي تَنَامُونَ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنَ السَّاعَةِ الَّتِي تَقُومُونَ **فَصْلٌ** فِي آخِرِهِمْ

فِيهِ مَا يَتَعَلَّقُ بِلَيْلَةِ الْقَدْرِ وَجَمِيعِ شَهْرِ رَمَضَانَ قَوْلُهُ عَزَّ وَجَلَّ تَنَزَّلُ الْمَلٰئِكَةُ وَالرُّوحُ فِيهَا فَإِذَا نَزَلَتِ الْمَلٰئِكَةُ وَالرُّوحُ الَّذِي هُوَ جِبْرَئِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَمَعَهُ سَبْعُونَ أَلْفَ مَلَكٍ وَهُوَ أَمِيرٌ عَلَيْهِمْ فَجِبْرَئِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ يُسَلِّمُ عَلَى مَنْ كَانَ قَاعِدًا وَالْمَلٰئِكَةُ تُسَلِّمُ مَنْ كَانَ نَائِمًا وَالْبَارِي سُبْحَانَهُ وَتَعَالَى يُسَلِّمُ عَلَى عِبَادِهِ مَنْ كَانَ قَائِمًا كَمَا جَازَ أَنْ يُسَلِّمَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَى عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِينَ أَهْلِ الْجَنَّةِ فِي الْجَنَّةِ بِقَوْلِهِ سَلَامٌ قَوْلًا مِنْ رَبٍّ رَحِيمٍ فَجَائِزٌ أَنْ يُسَلِّمَ عَلَى عِبَادِهِ الْأَبْرَارِ فِي الدُّنْيَا الَّذِينَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِنَّا الْحُسْنٰى وَالْعِنَايَةُ ...... وَالسَّعَادَةُ فِي الْأَزَلِ الْفَانِينَ عَنِ الْخَلْقِ الْبَاقِينَ بِالرَّبِّ الْمُطْمَئِنِّينَ إِلَى الْحَقِّ فَلَا يَبْقٰى فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ بُقْعَةٌ إِلَّا وَعَلَيْهَا مَلَكٌ سَاجِدٌ أَوْ قَائِمٌ يَدْعُو لِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ إِلَّا أَنْ تَكُونَ كَنِيسَةً أَوْ بِيعَةً أَوْ بَيْتَ النَّارِ أَوْ بَيْتَ الْوَثَنِ أَوْ بَعْضَ أَمَاكِنِهِمُ الَّتِي يَطْرَحُونَ فِيهَا الْخَبَثَ فَلَا يَزَالُونَ يَدْعُونَ لَيْلَتَهُمْ تِلْكَ لِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَأَمَّا جِبْرَئِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَلَا يَدَعُ أَحَدًا مِنَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ إِلَّا يُسَلِّمُ عَلَيْهِ وَيُصَافِحُهُ وَيَقُولُ لَهُ إِنْ كُنْتَ فِي الطَّاعَةِ فَسَلَامٌ عَلَيْكَ بِالْقَبُولِ وَالْإِحْسَانِ وَإِنْ كُنْتَ بِالْمَعْصِيَةِ فَسَلَامٌ عَلَيْكَ بِالْغُفْرَانِ وَإِنْ كُنْتَ بِالنَّوْمِ فَسَلَامٌ عَلَيْكَ بِالرِّضْوَانِ وَإِنْ كُنْتَ فِي الْقَبْرِ فَسَلَامٌ عَلَيْكَ بِالرَّوْحِ وَالرَّيْحَانِ فَهُوَ قَوْلُهُ عَزَّ وَجَلَّ مِنْ كُلِّ أَمْرٍ سَلَامٌ وَقِيلَ إِنَّ الْمَلٰئِكَةَ تُسَلِّمُ عَلَى أَهْلِ الطَّاعَاتِ وَلَا تُسَلِّمُ عَلَى أَهْلِ الْعِصْيَانِ مِنْهُمُ الظَّلَمَةُ لَيْسَ لَهُمْ نَصِيبٌ فِي سَلَامِ الْمَلٰئِكَةِ وَآكِلُ الْحَرَامِ وَقَاطِعُ الرَّحِمِ وَالنَّمَّامُ وَآكِلُ أَمْوَالِ الْيَتَامٰى فَهٰؤُلَاءِ لَيْسَ لَهُمْ نَصِيبٌ فِي سَلَامِ الْمَلٰئِكَةِ فَأَيُّ مُصِيبَةٍ أَعْظَمُ مِنْ هٰذِهِ الْمَعْصِيَةِ مَضٰى شَهْرٌ أَوَّلُهُ رَحْمَةٌ وَأَوْسَطُهُ مَغْفِرَةٌ وَآخِرُهُ عِتْقٌ

فرمایا تم آخر رات کی فضیلت چھوڑتے ہو جس گھڑی میں تم سوتی ہو وہ مجھکو بہت پیاری ہی اوس گھڑی سی جسمیں تم کھڑی ہوتے ہو۔ دوسری فصل جس سے ختم کیا جاتا ہے وہ بیان جو لیلۃ القدر اور تمام ماہ رمضان کی متعلق ہے فرمایا اللہ عزوجل نے اترتے ہیں فرشتے اور روح اوس رات میں سو جب اترتی ہیں فرشتے اور روح جو جبرئل علیہ السلام ہیں اور انکی ساتھ ستر ہزار فرشتے ہوتی ہیں اور وہ انپر امیر ہوتی ہیں تو جبرئل علیہ السلام اوسپر سلام کرتے جو بیٹھا ہوتا ہے اور فرشتے اوسپر سلام کرتے ہیں جو سویا ہوتا ہے اور باری تعالی سبحانہ اپنے بندوں میں سی اسپر سلام کرتا ہے جو کھڑا ہوتا ہے جیسے جائز ہے کہ اللہ عزوجل سلام کریگا جنت میں اہل جنت میں سے اپنے مومن بندوں پر بدلیل قولہ تعالی پروردگار مہربان کیطرف سی کہا جائیگا تمپر سلام ہو سو جائز ہے یہ کہ سلام کری اپنے بندے نیکوں پر دنیا میں جنکے لیئے اللہ کیطرف سی نیکی اور عنایت اور سعادت ازل کے دن میں بڑھ چکی ہی وہ خلق سی فنا ہو چکی ہیں رب کی ساتھ باقی ہیں اللہ کیطرف آرام پکڑتے ہیں سو لیلۃ القدر میں کوئی ایسی جگہہ نہیں جسپر ایک فرشتہ ساجد قائم نہ ہو مومن مردوں اور مومن عورتوں کیلیئے دعا کریگا مگر یہ کہ گرجا ہو یا یہودیوں کی عبادتگاہ یا آتشکدہ یا بتخانہ یا لوگوں کی وہ بعض جگہیں جہاں پلیدی ڈالتے ہیں سو ہمیشہ اُن کی اس رات بھر مومن مرد اور مومن عورتوں کے لیئے دعا کرتے ہیں ولیکن جبرئل علیہ السلام سو مومن مردوں اور مومن عورتوں میں سی کیکو نہیں چھوڑتے مگر اوسپر سلام کرتے اور اس سی مصافحہ کرتے ہیں اور اس سے کہتے ہیں کہ اگر تو فرمانبرداری میں ہی تو تجھپر سلام ہو اور اگر تو نیند میں ہی تو تجھپر سلام ہو اللہ کی رضامندی کی ساتھ اور اگر تو قبر میں ہی تو تجھپر سلام ہو رحمت اور رحمت کی ساتھ سو یہ اللہ عزوجل کا فرمودہ ہر چیز سے سلام ہے اور بعض نے کہا کہ فرشتے اہل طاعت پر سلام کرتے ہیں اور گنہگاروں پر سلام نہیں کرتے سو منجملہ اونکے ظالم ہیں انکی لیئے فرشتوں کو سلام میں کچھ حصہ نہیں اور حرام کھانیوالا اور اپنے قریبیوں سی قطع کرنیوالا اور چغلخور اور یتیموں کا مال کھانیوالا ان سب کیلیئے فرشتوں کی سلام میں کچھ حصہ نہیں سو کون سی مصیبت بہت بڑی ہی اس مصیبت سی ایسا مہینہ گذر جاوے جسکا اول رحمت ہو اور جسکا درمیان بخشش ہو

اور جسکا آخرت آگ سے

مِنَ النَّارِ وَلَا يَكُوْنُ لَكَ حَظٌّ فِيْ سَلَامِ مَلٰئِكَةِ رَبِّ الْعُصَاةِ وَالْاَبْرَارِ فَهَلْ كَانَ ذٰلِكَ اِلَّا لِبُعْدِكَ مِنَ الرَّحْمٰنِ وَكَوْنِكَ مِنْ اَهْلِ الطُّغْيَانِ وَمُوَافَقَتِيْ لِلشَّيْطَانِ وَتَحَلِّيْكَ بِحِلْيَةِ سَالِكِيْ سَبِيْلِ النِّيْرَانِ وَلِبُعْدِكَ وَتَجَافِيْكَ عَنْ سَالِكِيْ سَبِيْلِ الْجِنَانِ وَهِجْرَانِكَ لِطَاعَةِ مَنْ بِيَدِهِ الضُّرُّ وَالْاِحْسَانُ فَشَهْرُ رَمَضَانَ شَهْرُ الصَّفَاءِ وَشَهْرُ الْوَفَاءِ وَشَهْرُ الذّٰكِرِيْنَ وَشَهْرُ الصَّابِرِيْنَ وَشَهْرُ الصَّادِقِيْنَ فَاِذَا لَمْ يُؤَثِّرْ فِيْ اِصْلَاحِ قَلْبِكَ وَاِقْلَاعِكَ عَنْ مَعَاصِيْ رَبِّكَ وَمُجَانَبَةِ اَهْلِ الشَّقَاءِ وَالْجَرَائِمِ فَمَا الَّذِيْ يُؤَثِّرُ فِيْ قَلْبِكَ فَاَيُّ خَيْرٍ يُرْتَجٰى مِنْكَ وَاَيُّ بَقِيَّةٍ بَقِيَتْ فِيْكَ وَاَيُّ فَلَاحٍ يُتَرَقَّبُ مِنْكَ فَتَنَبَّهْ يَا مِسْكِيْنُ لِمَا حَلَّ بِكَ وَاسْتَيْقِظْ مِنْ رَقْدَتِكَ وَغَفْلَتِكَ وَانْظُرْ اِلَى الَّذِيْ دَهَاكَ وَشَيِّعْ بَقِيَّةَ شَهْرِكَ بِالتَّوْبَةِ وَالْاِنَابَةِ وَتَمَتَّعْ فِيْهَا بِالْاِسْتِغْفَارِ وَالطَّاعَةِ لَعَلَّكَ تَكُوْنُ مِمَّنْ نَالَتْهُ الرَّحْمَةُ وَالرَّأْفَةُ وَوَدِّعْهَا بِاِسْبَالِ الْعَبَرَاتِ وَابْكِ عَلٰى نَفْسِكَ الْمَشْؤُوْمَةِ بِالْعَوِيْلِ وَالْوَيْلِ وَالنِّيَاحَاتِ فَكَمْ مِنْ صَائِمٍ لَا يَصُوْمُ غَيْرَهُ اَبَدًا وَكَمْ مِنْ قَائِمٍ لَا يَقُوْمُ بَعْدَهُ اَبَدًا وَالْعَامِلُ يُعْطَى الْجَزَاءَ عِنْدَ فَرَاغِهِ مِنْ عَمَلِهِ وَقَدْ فَرَغْنَا مِنَ الْعَمَلِ فَلَيْتَ شِعْرِيْ مَقْبُوْلٌ صِيَامُنَا وَقِيَامُنَا اَمْ مَضْرُوْبٌ بِهِمَا وُجُوْهُنَا يَا لَيْتَ شِعْرِيْ مَنِ الْمَقْبُوْلُ مِنَّا فَنُهَنِّيْهِ وَمَنِ الْمَرْدُوْدُ مِنَّا فَنُعَزِّيْهِ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُبَّ صَائِمٍ لَيْسَ لَهُ مِنْ صِيَامِهِ اِلَّا الْجُوْعُ وَالْعَطَشُ وَرُبَّ قَائِمٍ لَيْسَ لَهُ مِنْ قِيَامِهِ اِلَّا السَّهَرُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا شَهْرَ الصِّيَامِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا شَهْرَ الْقِيَامِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا شَهْرَ الْاِيْمَانِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا شَهْرَ الْقُرْاٰنِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا شَهْرَ الْاَنْوَارِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا شَهْرَ الْمَغْفِرَةِ وَالْغُفْرَانِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا شَهْرَ الدَّرَجَاتِ وَالنَّجَاةِ مِنَ الدَّرَكَاتِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا شَهْرَ التَّائِبِيْنَ الْعَابِدِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا شَهْرَ الْعَارِفِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا شَهْرَ الْمُجْتَهِدِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا شَهْرَ الْاَمَانِ كُنْتَ لِلْعَاصِيْنَ

آزادی ہوا اور تجھکو اس رب کے فرشتوں کے سلام میں کچھ حصہ ہو جو گنہگاروں اور نیکوں کا رب ہے۔ سو نہیں یہ مگر بسبب دور ہونے تیرے کے رحمٰن سے اور بسبب تیری سرکشوں اور شیطان کے موافقوں میں سے ہونیکے اور بسبب تیرے دوزخ کی راہ چلنے والوں کے زیور پہننے کے اور بسبب تیرے چھوڑنے کے اسکی طاعت کو جسکے ہاتھ میں ضرر اور احسان ہے سو ماہ رمضان صفائی اور وفا کا مہینہ ہے اور ذکر کرنیوالوں کا مہینہ اور صبر کرنیوالوں اور سچوں کا مہینہ ہے پھر جب اُسنے تیرے دل کی اصلاح اور تجھکو تیرے رب کے گناہوں سے اکھاڑنے اور بدبخت اور گنہگار لوگوں سے بھاگنے میں تاثیر نہ کی تو کونسی چیز ہے جو تیرے دل میں تاثیر کریگی پھر کونسی بھلائی تجھسے امید کیجاویگی اور کونسا فضل تجھ میں باقی رہا اور کونسی خلاصی تجھسے نظر آتی ہے سو اے مسکین خبردار ہو اس سے جو تجھپر نازل ہوا اور اپنی خواب اور غفلت سے بیدار ہو اور اسکی طرف دیکھ جو تجھکو پہونچا ہے اور اپنے باقیماندہ مہینہ میں توبہ اور رجوع کی پیروی کر اور اسمیں استغفار اور طاعت سے فائدہ اوٹھا شاید تو ان لوگوں میں سے ہو جاوے جنکو رحمت اور بڑی مہربانی پہونچی ہے اور اسے رخصت کر آنسو بہا کر اور اپنے شامت مارے نفس پر بلند آواز اور نوحوں سے رو کہ بس بہت روزہ دار ہیں جو اس ماہ رمضان کے بعد کبھی قیام نکرینگے اور کام کرنیوالے کو اُسکی مزدوری کام سے فارغ ہوتے ہی ملجاتی ہے اور ہم اپنے کام سے فارغ ہو چکے ہیں سو کاشکے مجھے معلوم ہو کہ ہمارا روزہ اور قیام قبول ہوا یا وہ ہمارے موہنوں پر مارے گئے کاشکے میں اُسکو جانتا جو ہم میں مقبول ہوا پھر ہم اُسکو مبارکباد دیتے اور جو ہم میں سے مردود ہوا پھر اسکی تعزیت کرتے اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہت روزہ داروں کو اُن کے روزے سے بجز بھوک اور پیاس کے کچھ حاصل نہیں اور بہت قیام کرنیوالوں کو انکے قیام سے بجز بیداری کے کچھ حاصل نہیں اے روزے کے مہینے تجھپر سلام ہو اے قیام کے مہینے تجھپر سلام ہو اے ایمان کے مہینے تجھپر سلام ہو اے مغفرت اور بخشش کے مہینے تجھپر سلام ہو اے درجوں اور دوزخ کے طبقوں سے خلاصی کے مہینے تجھپر سلام ہو۔ اے توبہ کرنیوالوں اور عبادت کرنیوالوں کے مہینے تجھپر سلام ہو اے عارفوں کے مہینے تجھپر سلام ہو اے امان کے مہینے تجھپر سلام ہو تو گنہگاروں کیلئے روک تھا۔

مِنَ النَّارِ وَلَا يَكُوْنُ لَكَ حَظٌّ فِيْ سَلَامِ مَلٰئِكَةِ رَبِّ الْعُصَاةِ
وَالْأَبْرَارِ فَهَلْ كَانَ ذٰلِكَ إِلَّا بِبُعْدِكَ مِنَ الرَّحْمٰنِ وَكَوْنِكَ
مِنْ أَهْلِ الطُّغْيَانِ وَمُوَافِقِيْ الشَّيْطَانِ وَتَحَلِّيْكَ بِحِلْيَةِ
سَالِكِيْ سَبِيْلِ النِّيْرَانِ وَلِبُعْدِكَ وَتَجَافِيْكَ عَنْ سَالِكِيْ
سَبِيْلِ الْجِنَانِ وَهِجْرَانِكَ لِطَاعَةِ مَنْ بِيَدِهِ الضَّرُّ
وَالْإِحْسَانُ فَشَهْرُ رَمَضَانَ شَهْرُ الصَّفَاءِ وَشَهْرُ الْوَفَاءِ
وَشَهْرُ الذَّاكِرِيْنَ وَشَهْرُ الصَّابِرِيْنَ وَشَهْرُ الصَّادِقِيْنَ
فَإِذَا لَمْ يُؤَثِّرْ فِيْ إِصْلَاحِ قَلْبِكَ وَإِقْلَاعِكَ عَنْ مَعَاصِيْ
رَبِّكَ وَمُجَانَبَةِ أَهْلِ الشَّقَاءِ وَالْجَرَائِمِ فَمَا الَّذِيْ يُؤَثِّرُ فِيْ
قَلْبِكَ فَأَيُّ خَيْرٍ يُرْتَجٰى مِنْكَ وَأَيُّ بَقِيَّةٍ بَقِيَتْ فِيْكَ وَ
أَيُّ فَلَاحٍ يُتَرَقَّبُ مِنْكَ فَتَنَبَّهْ يَا مِسْكِيْنُ لِمَا حَلَّ بِكَ وَ
اسْتَيْقِظْ مِنْ رَقْدَتِكَ وَغَفْلَتِكَ وَانْظُرْ إِلَى الَّذِيْ دَهَاكَ
وَشَيِّعْ بَقِيَّةَ شَهْرِكَ بِالتَّوْبَةِ وَالْإِنَابَةِ وَتَمَتَّعْ فِيْهَا بِالْإِ
سْتِغْفَارِ وَالطَّاعَةِ لَعَلَّكَ تَكُوْنُ مِمَّنْ تَنَالُهُ الرَّحْمَةُ وَ
الرَّأْفَةُ وَوَدِّعْهُ بِإِسْبَالِ الْعَبَرَاتِ وَابْكِ عَلٰى نَفْسِكَ الْمَغْبُوْنَةِ
بِالْعَوِيْلِ وَالْوَيْلِ وَالنِّيَاحَاتِ فَكَمْ مِنْ صَائِمٍ لَا يَصُوْمُ غَيْرَهُ
أَبَدًا وَكَمْ مِنْ قَائِمٍ لَا يَقُوْمُ بَعْدَهُ أَبَدًا وَالْعَامِلُ يُعْطَى أَجْرَهُ
عِنْدَ فَرَاغِهِ مِنْ عَمَلِهِ وَقَدْ فَرَغْنَا مِنَ الْعَمَلِ فَلَيْتَ شِعْرِيْ مَقْبُوْلٌ
صِيَامُنَا وَقِيَامُنَا أَمْ مَضْرُوْبٌ بِهِمَا وُجُوْهُنَا يَا لَيْتَ شِعْرِيْ
مَنِ الْمَقْبُوْلُ مِنَّا فَنُهَنِّيْهِ وَمَنِ الْمَرْدُوْدُ مِنَّا فَنُعَزِّيْهِ قَالَ
النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُبَّ صَائِمٍ لَيْسَ لَهُ مِنْ صِيَامِهِ
إِلَّا الْجُوْعُ وَالْعَطَشُ وَرُبَّ قَائِمٍ لَيْسَ لَهُ مِنْ قِيَامِهِ إِلَّا السَّهَرُ
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا شَهْرَ الصِّيَامِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا شَهْرَ الْقِيَامِ
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا شَهْرَ الْإِيْمَانِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا شَهْرَ الْقُرْاٰنِ
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا شَهْرَ الْأَنْوَارِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا شَهْرَ الْمَغْفِرَةِ
وَالْغُفْرَانِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا شَهْرَ الدَّرَجَاتِ وَالنَّجَاةِ مِنَ الدَّرَكَاتِ
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا شَهْرَ التَّائِبِيْنَ الْعَابِدِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا شَهْرَ الْعَارِفِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا شَهْرَ
الْمُجْتَهِدِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا شَهْرَ الْأَمَانِ كُنْتَ لِلْعَاصِيْنَ

آزادی ہوا اور تجھکو اس رب کی فرشتوں کی سلام میں کچھ حصّہ ہو جو گنہگاروں
اور نیکوں کا رب ہی سو نہیں یہ مگر بسبب دور ہو نی تیری کی رحمٰن سی اور
بسبب تیری سرکشوں اور شیطان کی موافقوں میں سی ہونیکی اور بسبب تیری
دوزخ کی راہ چلنے والوں کی زیور پہننے کی اور بسبب تیری چھوڑنے کے اسکی
طاعت کو جسکی ہاتھ میں ضرر اور احسان ہی سو ماہ رمضان صفائی اور وفا کا مہینہ
ہے اور ذکر کرنیوالوں کا مہینہ اور صبر کرنیوالوں اور سچوں کا مہینہ ہی پھر جب
اُسنے تیری دل کی اصلاح اور تجھکو تیری رب کی گناہوں سے اکھاڑنے اور
بدبخت اور گنہگار لوگوں سی بھاگنے میں تاثیر نہ کی تو کونسی چیز ہے جو تیری دل
میں تاثیر کریگی پھر کونسی بھلائی تجھہ سی امید کیجاویگی اور کونسا فضل تجھہ میں باقی
رہا اور کونسی خلاصی تجھہ سی نظر آتی ہی سو اے مسکین خبردار ہو اس سے
جو تجھپر نازل ہوا اور اپنی خواب اور غفلت سے بیدار ہو اور اسکی طرف
دیکھہ جو تجھکو پہونچا ہے اور اپنے باقیماندہ مہینہ میں توبہ اور رجوع کی پیروی
کر اور اسمیں استغفار اور طاعت سی فائدہ اوٹھا شاید تو ان لوگوں میں
سے ہو جاوے جنکو رحمت اور بڑی مہربانی پہونچی ہے اور اسے
رخصت کر آنسو بہا کر اور اپنے شامت مارے نفس پر بلند آواز اور
نوحوں سی رو لیں بہت روزہ دار ہیں جو اس ماہ رمضان کی بعد کبھی
قیام نہ کرینگے اور کام کرنیوالی کو اُسکی مزدوری کام سی فارغ ہوتی ہی
ملجاتی ہی اور ہم اپنی کام سی فارغ ہو چکے ہیں سو کاشکے مجھی معلوم ہو کہ ہمارا
روزہ اور قیام قبول ہوا یا وہ ہماری مونہوں پر مار دیگئے کاشکے میں
اُسکو جانتا جو ہم میں مقبول ہوا پھر ہم اُسکو مبارکباد دیتے اور جو ہم میں سے
مردود ہوا پھر اسکی تعزیت کرتے اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
بہت روزہ داروں کو اُن کی روزے سے بجز بھوک اور پیاس کی کچھہ حاصل
نہیں اور بہت قیام کرنیوالوں کو انکی قیام سی بجز بیداری کی کچھہ حاصل نہیں اے
روزی کی مہینے تجھپر سلام ہو اے قیام کی مہینے تجھپر سلام ہو اے ایمان کی مہینے
تجھپر سلام ہو اے مغفرت اور بخشش کی مہینے تجھپر سلام ہو اے درجوں اور دوزخ
کے طبقوں سی خلاصی کی مہینے تجھپر سلام ہو اے توبہ کرنیوالوں اور عبادت
کرنیوالوں کی مہینے تجھپر سلام ہو اے عارفوں کی مہینے تجھپر سلام ہو
اے امان کے مہینے تجھپر سلام ہو تو گنہگاروں کیلئے
روک تھا۔

حَسَنًا وَلِلْمُتَّقِينَ اُنْسًا اَلسَّلَامُ عَلَى الْقَنَادِيلِ وَالْمَصَابِيحِ الزَّاهِرِ
وَالْعُيُونِ السَّاهِرَةِ وَالدُّمُوعِ الْهَاطِلَةِ وَالْمَحَارِيبِ الْمُنَوَّرَةِ وَ
الْعَبَرَاتِ الْمُنْسَكِبَةِ الْمُتَقَطِّرَةِ وَالْاَنْفَاسِ مِنَ الْقُلُوبِ الْمُحْتَرِقَةِ اَللّٰهُمَّ
اجْعَلْنَا مِمَّنْ تَقَبَّلْتَ صِيَامَهُمْ وَصَلٰوتَهُمْ وَبَدَّلْتَ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنَاتٍ
وَاَدْخَلْتَهُمْ بِرَحْمَتِكَ فِي جِنَانِكَ وَرَفَعْتَ دَرَجَاتِهِمْ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ

فَصْلٌ فِي ذِكْرِ الْفِطْرِ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى
وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى قَوْلُهٗ قَدْ اَفْلَحَ فَالْفَلَاحُ عَلٰى وَجْهَيْنِ
اَحَدُهُمَا الْفَوْزُ بِالْجَنَّةِ وَالنَّجَاةُ مِنَ النِّيرَانِ فِي الْعُقْبٰى وَمِنَ
الْاٰفَاتِ وَالْبَلِيَّاتِ فِي الدُّنْيَا وَالثَّانِي الْيُمْنُ وَالسَّعَادَةُ
بِالتَّوْفِيقِ لِلطَّاعَةِ فِي الدُّنْيَا وَالْخُلُودُ فِي الْجِنَانِ فِي الْاٰخِرَةِ
قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُونَ يَعْنِي سَعِدُوا وَنَظِيرُهُ
قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى اَيْ وُفِّقَ لِلزَّكٰوةِ وَتَطْهِيرِ اِيمَانِهٖ وَنَقُوا هٗ
مِنَ الْاٰثَامِ وَاَمَّا مَنْ لَمْ يَزَّكِّ فَلَا فَلَاحَ لَهٗ قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ
لَا يُفْلِحُ الْمُجْرِمُونَ اَيْ لَا يَفُوزُونَ وَلَا يَسْعَدُونَ وَاَمَّا
قَوْلُهٗ مَنْ تَزَكّٰى فَقَدِ اخْتُلِفَ فِي ذٰلِكَ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ رض
يَعْنِي مَنْ تَطَهَّرَ مِنَ الشِّرْكِ بِالْاِيمَانِ وَقَالَ الْحَسَنُ مَنْ
تَزَكّٰى يَعْنِي مَنْ كَانَ صَالِحًا وَعَمَلُهٗ زَاكِيًا نَامِيًا وَقَالَ اَبُو
الْاَحْوَصِ اَعْنِي بِهٖ زَكٰوةَ الْاَمْوَالِ كُلِّهَا وَقَالَ قَتَادَةُ وَعَطَاءٌ
اَرَادَ بِهٖ زَكٰوةَ الْفِطْرِ لَا غَيْرُ وَقَوْلُهٗ وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى فَقَدِ
اخْتُلِفَ فِي ذٰلِكَ اَيْضًا فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ مَعْنَاهُ وَحَّدَ
اللّٰهَ تَعَالٰى وَصَلَّى الصَّلَوٰتِ الْخَمْسَ وَقَالَ اَبُو سَعِيدٍ
الْخُدْرِيُّ ذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ بِالتَّكْبِيرِ وَصَلّٰى يَعْنِي خَرَجَ اِلَى الْعِيدِ
فَصَلّٰى وَقَالَ وَكِيعُ ابْنُ الْجَرَّاحِ زَكٰوةُ الْفِطْرِ لِرَمَضَانَ
كَسَجْدَةِ السَّهْوِ لِلصَّلٰوةِ وَفَرَضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ زَكٰوةَ الْفِطْرِ طُهْرَةً لِلصَّائِمِ مِنَ الرَّفَثِ فَكَانَّمَا جُبْرَانٌ
لِلصَّائِمِ لِمَا دَخَلَهٗ مِنَ النُّقْصَانِ بِالْاٰثَامِ مِنَ اللَّغْوِ وَالرَّفَثِ
وَالْكِذْبِ وَالْغِيبَةِ وَالنَّمِيمَةِ وَاَكْلِ الشُّبُهَاتِ وَالنَّظَرِ
اِلَى الْمُسْتَحْسَنَاتِ فَجُعِلَتِ الْفِطْرَةُ مُكَفِّرَةً لَهَا مُتَمِّمَةً
لِلصِّيَامِ جَابِرَةً لَهَا كَالتَّوْبَةِ لِلذُّنُوبِ وَالْاِسْتِغْفَارِ لَهَا

اور پرہیزگاروں کیلیے دل لگانیوالا قندیلوں روشن اور چراغوں روشن
اور آنکھیں بیدار اور آنسو بہنے والوں اور محراب روشن اور آنسو
قطرہ قطرہ گرنیوالوں اور جلی ہوی دلوں سے سانس چڑھنے والوں پر
سلام ہو یا اللہ ہمکو اُن لوگوں میں کر جنسے تو نے روزہ اور نماز قبول
فرمایا اور جنکی برائیں نیکیوں سے بدلدیں اور جنکو تو نے اپنی رحمت سے
اپنے بہشت اور بلند درجوں میں داخل کیا اے رب رحم کرنیوالوں سے
زیادہ رحم کرنیوالے فصل صدقہ فطر کے بیان میں فرمایا اللہ تعالیٰ نے جو
پاک ہوا اور اُسنے اپنے رب کا نام یاد کیا پھر نماز پڑہی بیشک اُسنے
نجات پائی اللہ پاک کا فرمودہ بیشک اُسنے نجات پائی پس نجات پانا دو طرح
ہے ایک آخرت میں بہشت میں پہونچنا اور آگ سے رہائی پانا اور دنیا میں
آفتوں سے اور مصیبتوں سے بچنا اور دوسری دنیا میں اللہ پاک کی فرمانبرداری
کیلیے توفیق پانے کے سبب سے برکت اور نیکبختی پانا اور آخرت میں
بہشت میں ہمیشہ رہنا اللہ عزوجل نے فرمایا بیشک مومنوں نے نجات پائی
یعنے نیکبخت ہوے اور اُسکی نظیر یہ آیت ہے جو پاک ہوا اوسنے بیشک
نجات پائی یعنے جسکو زکوۃ اور اپنے ایمان کو پاک رکھنے اور گناہوں سے بچنے
کی توفیق ملی اور جسنے زکوۃ نہ دی اوسکی خلاصی نہیں اللہ تعالیٰ نے فرمایا
گنہگار خلاصی نہیں پاتے یعنے مراد نہیں پاتے اور نیکبخت نہیں ہوتے
اور اللہ تعالیٰ کا فرمودہ جو پاک ہوا سو اسمیں اختلاف ہے پس حضرت ابن
عباس رضی اللہ عنہ کی مراد یہ ہے کہ جو شخص ایمان رکھکر شرک سے پاک ہوا اور حسن نے
کہا من تزکّی کا معنے ہے جو شخص نیک ہوا اور اسکا عمل پاک بڑہنے والا ہو اور ابوالاحوص
نے کہا میں اس سے مراد رکھتا ہوں تمام مالوں کی زکوۃ اور قتادہ اور عطا نے
کہا اس سے اللہ کی مراد صدقہ فطر ہے نہ اور کچھ اور اللہ تعالیٰ کا فرمودہ اور اپنے رب کا نام یاد
کیا پھر نماز پڑہی اسمیں بھی اختلاف ہے سو ابن عباس نے کہا اسکے معنے یہ ہیں اللہ تعالیٰ کو
ایک جاننا اور پانچوں نمازیں پڑہیں اور ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے کہا اسکو
یہ ہیں اللہ تعالیٰ کو ایک جانا اور پانچوں نمازیں پڑہیں اور ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ
نے کہا اپنے رب کا نام یاد کیا تکبیر کہکر اور نماز پڑہی یعنی عیدگاہ کو نکلا پھر نماز پڑہی
اور وکیع بن جراح نے کہا رمضان کا صدقہ فطر نماز کی سجدہ سہو کیطرح ہے اور رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقہ فطر روزہ دار کیواسطے گویا بیہودہ گوئی سے پاک کرنیکے لیے فرض کیا پس گویا وہ
نقصان کا پورا کرنیوالا ہے روزہ دار کیلیے جو لغو اور بیہودہ اور جھوٹ اور غیبت

كما ان السجود للسهو فكما ان السجود للسهو شرع ترغيما للشيطان اذ كان هو السبب في ذلك فكذلك التوبة من المعاصي و الفطرة لرمضان شرعتا ترغيما له لان المعاصي و الرفث الحاصل في الصيام سببه الشيطان اعاذنا الله و جميع المؤمنين من مكائده و مفاسده و غوائله و سلمنا من آفات الدنيا و بلائها و اخرجنا منها الى رحمته و كرامته برحمته و منه امين

فصل و انما سمي العيد عيدا لانه يعيد الله الى عباده الفرح و السرور في يوم عيدهم و قيل انما سمي عيدا لانه فيه عوائد الاحسان من الله و فوائد الامتنان منه للعبد و قيل لانه يعود العبد فيه الى التضرع و البكاء و يعود الرب عز و جل فيه الى الهبة و العطاء و قيل لانهم عادوا الى مثل ما كانوا عليه من الطهارة و قيل معناه عادوا من طاعة الله الى طاعة الرسول و من الفريضة الى السنة و من صوم رمضان الى صوم ستة ايام من شوال و قيل انما سمي عيدا لانه يقال للمؤمنين فيه عودوا الى منازلكم مغفورا لكم و قيل انما سمي العيد عيدا لان فيه ذكر الوعد و الوعيد و يوم الجزاء و الزيد و يوم عتق الاماء و العبيد و اقبال الحق الى القريب من خلقه و البعيد و وجود الانابة و الاوبة من العبد الضعيف الى الغفور الودود و قال وهب بن منبه خلق الله الجنة يوم الفطر و غرس شجرة طوبى يوم الفطر و اصطفى جبرئيل للوحي يوم الفطر و السحرة وجدوا المغفرة يوم الفطر و روي عن النبي صلى الله عليه و سلم انه اذا كان يوم الفطر و خرج الناس الى جبانتهم اطلع الله تعالى عليهم فيقول عبادي لي صمتم و لي صليتم انصرفوا مغفورا لكم و روي عن انس بن مالك رضه ان النبي صلى الله عليه و سلم قال ليلة الفطر يوفي الله تعالى فيها اجر من صام شهر رمضان فيأمر الله تعالى عند الفطرة الملئكة فيهبطون

اور سہو کیلئے سجدہ ہے پس جیسے سجدہ سہو شیطان کے شرمندہ اور خوار کرنیکے لئے مشروع ہوا کیونکہ وہی اسمیں باعث تھا ویسے ہی توبہ گناہوں سے اور رمضان کا صدقہ فطر شیطان کی شرمندہ اور رسوا کرنے پر مشروع ہوئے کیونکہ روزہ میں جو گناہ اور بیہودہ گوئی ہو جاتی ہے اسکا سبب شیطان ہے اللہ تعالی ہمیں اور تمام مومنوں کو اسکی مکروں اور اسکی مکاروں اور اسکو دھوکھوں سے بچاوے اور دنیا کی آفتوں اور مصیبتوں سے ہمیں سلامت رکھے اور اپنی رحمت اور احسان سے اپنی رحمت اور بخشش کیطرف اس دنیا سے نکال لیجاوے آمین فصل اور عید کا نام عید اسلیے ٹھیرا کہ اللہ تعالی اپنے بندوں کیطرف انکی عید کے دن فرحت اور خوشی لوٹاتا ہے اور بعض نے کہا عید اسلیے نام ہوا کہ بندہ اسدن گڑگڑانے اور رونے کیطرف پھرتا ہے اور وہ عزت اور بزرگی والا پروردگار اسدن بخشش اور دینے کیطرف پھرتا ہے اور بعض نے کہا اسلیے کہ لوگ اسدن پاکی کیطرف لوٹتے ہیں جسپر وہ تھے اور بعض نے کہا معنی یہ ہیں کہ وہ اللہ کی حکم ماننے سے رسول کے حکم ماننے کیطرف اور فرض سے سنت کیطرف اور رمضان کے روزہ سے شوال کے چھ روزہ کیطرف لوٹتے ہیں اور بعض نے کہا اسلیے عید نام ہوا کہ اوسدن مومنوں کو کہا جاتا ہے تم اپنے گھروں کیطرف بخشے ہوئے لوٹ جاؤ اور بعض نے کہا عید کا نام عید اسلیے ہوا کہ اوسدن ثواب کے وعدہ اور عذاب سے ڈرانیکا ذکر ہے اور وہ جزا اور زیادتی کا دن ہے اور لونڈیوں اور غلاموں کی آزاد کرنے اور اللہ تعالی کی متوجہ ہونے اپنی مخلوق میں سے نزدیک اور دور کیطرف کا دن اور بخشنے والے دوست کیطرف بندہ ضعیف کی توبہ اور رجوع ہونیکا دن ہے اور وہب بن منبہ نے کہا اللہ تعالی نے بہشت عید الفطر کے دن پیدا کی اور عید الفطر کے دن طوبی کا درخت لگایا اور حضرت جبرئیل علیہ السلام کو وحی کیلیے عید الفطر کے دن اختیار کیا اور فرعون کے جادوگروں نے عید الفطر کے دن بخشش پائی اور روایت ہے کہ حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب عید الفطر کا دن ہوتا ہے اور لوگ جنگل کو نکلتے ہیں تو اللہ تعالی انپر نظر کرتا ہے پس فرماتا ہے میرے بندو تم نے میرے لیے روزہ رکھا اور میرے لیے نماز پڑھی لوٹ جاؤ تمہارے بخشے ہوئے اور حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عید الفطر کی رات کو فرمایا اللہ تعالی اس رات جسنے ماہ رمضان کا روزہ رکھا اسکو مزدوری دیتا ہے پھر عید الفطر کی صبح اپنے فرشتوں کو حکم کرتا ہے وہ زمین کیطرف اترتے ہیں

إلى الأرض ويقومون على أفواه السكك ومجامع الطرق فينادون بصوت يسمعه جميع الخلائق إلا الإنس والجن يا أمة محمد اخرجوا إلى ربكم عز وجل يقبل القليل ويعطي الجزيل ويغفر الذنب العظيم فإذا برزوا إلى مصلاهم وصلوا ودعوا لم يدعهم الرب تبارك وتعالى حاجة إلا قضاها ولا سؤالا إلا أجابه ولا ذنبا إلا غفر له فينصرفون مغفورا لهم وفي حديث ابن عباس رضي الله عنهما فإذا كان ليلة الفطر سميت تلك الليلة ليلة الجائزة وإذا كان غداة الفطر بث الله ملائكته في كل البلاد فيهبطون إلى الأرض فيقومون على أفواه السكك وينادون بصوت يسمعه كل من خلق الله تعالى إلا الجن والإنس فيقولون يا أمة محمد اخرجوا إلى رب كريم يعطي الجزيل ويغفر الذنب العظيم فإذا برزوا إلى مصلاهم يقول الله تعالى لملائكته يا ملائكتي فيقولون لبيك وسعديك فيقول لهم ما جزاء الأجير إذا عمل عمله فيقولون إلهنا وسيدنا ومولانا توفيه أجره قال فيقول الجليل جل جلاله أشهدكم يا ملائكتي أني قد جعلت ثواب صيامهم من شهر رمضان وقيامهم رضائي ومغفرتي ثم يقول يا عبادي سلوني فوعزتي وجلالي لا تسألوني اليوم في جمعكم هذا شيئا لآخرتكم إلا أعطيتكم ولا لدنياكم إلا نظرت لكم وعزتي وجلالي لأسترن عليكم عثراتكم ما راقبتموني ولا أخزيكم ولا أفضحكم بين أصحاب الحدود وانصرفوا مغفورا لكم قد أرضيتموني ورضيت عنكم قال فتفرح الملائكة وتستبشر بما يعطي الله عز وجل هذه الأمة إذا أفطروا من شهر رمضان **فصل** والأربعة أعياد لأربعة أقوام أحدها عيد قوم إبراهيم قوله عز وجل فنظر نظرة في النجوم فقال إني سقيم وذلك أن قومه خرجوا إلى العيد ثم تخلف إبراهيم عليه السلام عنهم واعتل بعلته ولم يخرج معهم لأنه لم يكن على دينهم فلما خرجوا أخذ فأسا

اور کوچوں کے موہوں اور رستوں کے ملنے کی جگہوں پر کھڑے ہوکر پکارتے ہیں ایسے آواز سے جو سب مخلوق سوا آدمیوں اور جنوں کے سنتے ہیں اے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت اپنے رب عزت اور بزرگی والے کیطرف نکلو جو تھوڑا عمل قبول کرتا ہے اور ثواب بڑا دیتا ہے اور بڑا گناہ معاف کرتا ہے۔ پس جب وہ اپنی عیدگاہ کیطرف نکلتے ہیں اور نماز پڑھتے ہیں اور دعا کرتے ہیں پروردگار برکت والا بلند انکی کوئی حاجت نہیں چھوڑتا مگر پوری کر دیتا ہے اور نہ کوئی سوال مگر اسکو قبول فرماتا ہے اور نہ کوئی گناہ مگر اسے بخش دیتا ہے پھر وہ لوٹتے ہیں بخشے ہوئے اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث میں ہے پھر جب عید الفطر کی رات ہوتی ہے تو اس رات کا نام لیلۃ الجائزہ رکھا جاتا ہے اور جب عید الفطر کی صبح ہوتی ہے تو اللہ تعالیٰ اپنے فرشتوں کو ہر شہر میں پھیلاتا ہے وہ زمین کیطرف اتر کر کوچوں کے سروں پر کھڑے ہوتے ہیں اور ایسے آواز سے پکارتے ہیں جسکو ہر شخص جسے اللہ پاک نے پیدا کیا ہے سوا جنوں اور آدمیوں کے سنتا ہے یوں پکارتے ہیں اے حضرت محمد صلعم کی امت پروردگار بزرگ کیطرف نکلو جو بڑا اجر دیتا ہے اور بڑا گناہ بخشتا ہے پھر جب وہ اپنی عیدگاہ کو نکلتے ہیں اللہ تعالیٰ اپنے فرشتوں سے فرماتا ہے اے میرے فرشتو وہ عرض کرتے ہیں ہم حاضر ہیں اور حکم بجا لانیکو بار بار طیار ہیں پھر اون سے فرماتا ہے مزدور جب اپنا کام کر چکے تو اوسکی کیا مزدوری ہے وہ عرض کرتے ہیں اے ہمارے پروردگار اے ہمارے سردار اے ہمارے مولا تو اوسکی مزدوری دیدے پھر فرماتا ہے اللہ جل جلالہ اے میرے فرشتوں میں تمہیں گواہ کرتا ہوں کہ میں نے اونکو ماہ رمضان کے روزے اور قیام کا ثواب اپنی رضامندی اور بخشش ٹھیرایا پھر فرماتا ہے اے میرے بندو مجھ سے مانگو سو میری عزت اور بزرگی کی قسم ہے کہ آج اپنی اس جماعت میں اپنی آخرت کیلئے جو مجھ سے نہ مانگو گے مگر میں تمکو دونگا اور نہ اپنی دنیا کیلئے مگر میں تمہارے لیئے نگاہ رکھونگا اور مجھے اپنی عزت اور بزرگی کی قسم ہے میں تمہاری غلطیوں کی پردہ پوشی کرونگا جبتک تم میرا خیال رکھوگے اور میں تمہیں خوار اور رسوا نہ کرونگا حدوں والوں کے درمیان لوٹ جاؤ بخشے ہوئے تم نے مجھے راضی کیا اور میں تم سے راضی ہوا ابن عباس نے کہا فرشتے خوش ہوتے ہیں اور بشارت دیتے ہیں اسکی جو اللہ عزوجل اس امت کو ماہ رمضان کے روزے کھولنے کے وقت دیتا ہے **فصل** اور چار عیدیں چار قوموں کی ہیں ایک حضرت ابراہیم علیہ السلام کی قوم کی عید اللہ تعالیٰ کا قول فرمایا پھر ایک نظر کی ستاروں میں پھر کہا میں بیمار ہونیوالا ہوں اور اسکا

وكسر اصنامهم وجاء بالفاس فوضعه في عنق الصنم الكبير فلما رجعوا قالوا من فعل هذا بالهتنا القصة الى اخرها فغار خليل الرحمن عليه السلام لربه فاتعب يده بكسر الاصنام وخاطر بنفسه في ولاية رب الانام فاكرمه ربه بالخلة واحيى على يده الطيور الميتة واخرج من ظهره اهل الرسالة والنبوة وجعله ابا المصطفى صلى الله عليه وسلم خير البرية واما العيد الثاني فهو عيد قوم موسى كليم الرحمن عليه السلام قوله عز وجل موعدكم يوم الزينة وقيل سمي يوم الزينة لانه عز وجل زين موسى وقومه باهلاك عدوه فرعون وقومه فخرج مع فرعون وقومه اثنان وسبعون ساحرا وقيل ثلاثة وسبعون ومعهم سبع مائة عصا وحبل وجعلوا في وسط العصي الملتفة بالحبال الزيبق والخلائق قيام على الرمضاء واشتد حر الشمس فسال الزيبق فسعت العصي الملتفة بالحبال فتخيل للناس انها حيات تسعى وهي لا تتحرك فاوجس في نفسه خيفة موسى على قومه قال انهما يتوهمون ان الذي فعلوه حق فينقص ايمانهم او يرتدون وقال الله تعالى لموسى عليه السلام والق عصاك فاذا هي تلقف ما يافكون فالقى موسى عصاه فاذا هي حية كاعظم جمل يكون ولها عينان تتقدان نارا ودمدمة وهيبة فابتلعت ما صنعوا من السحر والحبال والعصي فتلقفتها يعني تلقمتها باسرها ولم يتغير بانتفاخ بطن ونقصان حركة ولا ازداد في طولها ولا في عرضها فالقي السحرة ساجدين له عز وجل وكان اكبرهم اسمه شمعون فقالوا امنا يعني صدقنا برب هرون وموسى ثم اقبلت الحية على عسكر فرعون وقومه فانهزموا وقيل مات منهم خمسون الفا القصة بطولها واما الثالث عيد عيسى وقومه قوله عز وجل اللهم ربنا انزل علينا مائدة من السماء تكون لنا عيدا لاولنا واخرنا واية منك الاية وذلك ان الحواريين قالوا لعيسى عليه

اور انکے بتوں کو توڑ ڈالا اور کلہاڑا لیکر بڑے بت کی گردن میں رکھدیا پہر جب وہ لوٹ کر آئے بولے ہمارے معبودوں سے یہ معاملہ کسنے کیا سارا قصہ آخر تک پس خلیل الرحمن ابراہیم علیہ السلام نے اپنے رب کے لئے غیرت کی پس بتوں کو توڑنے میں اپنے ہاتہہ کو تکلیف دی اور رب الانام کی دوستی میں اپنی جان کو تکلیف میں ڈالا سو پروردگار نے اپنی دوستی سے اسکو عزت دی اور اسکے ہاتہ پر مردہ جانوروں کو زندہ کیا اور اسکی پشت سے صاحب رسالت اور نبوت پیدا کئے اور ان کو حضرت محمد مصطفے صلے اللہ علیہ وسلم کا باپ بنایا جو سب مخلوق سے بہتر ہیں اور دوسری عید حضرت موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام کی عید ہے اللہ عز وجل نے فرمایا تمہارے وعدہ کا وقت زینت کا دن ہے اور بعض نے کہا اس دن کا نام زینت کا دن اسلئے ہوا کہ اللہ عز وجل نے موسیٰ اور اسکی قوم کو زینت دی اونکے دشمن فرعون اور اوسکی قوم کی ہلاک کرنے سے پھر فرعون اور اسکی قوم کے ساتھ بہتر جادوگر نکلے اور بعض نے کہا تہتر اور انکے ساتھ سات سو لکڑی اور رسی تہی اور اونہوں نے عصاؤں کے درمیان پارہ رکھکر ان کو رسیوں سے لپیٹا اور لوگ گرم زمین پر کھڑے تھے اور سورج کی گرمی سخت ہوئی تو پارہ بہہ نکلا عصا رسیوں سے لپیٹے ہوئے دوڑنے لگے لوگوں کو گمان گذرا کہ یہ سانپ ہیں دوڑتے حالانکہ وہ ہلتے نہ تھے پس موسیٰ اپنی قوم پر اپنے جی میں ڈرے کہنے لگے بہت لوگ وہم کرینگے کہ انہوں نے جو کچھ کیا ہے وہ حق ہے تو انکا ایمان ناقص ہوگا یا وہ مرتد ہوجاوینگے اور اللہ تعالیٰ نے موسے علیہ السلام سے فرمایا اور اپنا عصا ڈالدے پس اچانک یہ انکا جہوٹ بنایا ہوا نگل جاویگا پس موسیٰ نے اپنا عصا ڈالدیا پس ناگہاں وہ سانپ ہے بڑے اونٹ کیطرح اور اوسکی دو نو آنکھیں آگ سی جلتی تھیں دہشت اور ہیبت میں پس جو کچھ انہوں نے جادو اور رسیوں اور عصاؤں کو بنا رکھا تھا اسطرف منہ کیا تو انکو نگل گیا ان سب کا ایک لقمہ کیا اور کچھ تغیر نہ پایا پیٹ پھول جانے سے اور چلنے میں نقصان آنے سے اور نہ وہ کچھ لمبائی میں بڑہا اور نہ چوڑائی میں پس جادوگر بے اختیار اللہ عز وجل کو سجدہ کرنے لگے اور انمیں بڑا شمعون نام تھا پس سب کہنے لگے ہم ایمان لائے یعنی ہمنے ہارون اور موسیٰ علیہما السلام کے رب کو سچا مان لیا پھر سانپ فرعون اور اوسکے لشکر پر لپکا وہ بھاگ گئے اور بعض نے کہا انمیں سے پچاس ہزار مر گئے سارا قصہ لمبا ہے اور تیسری حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور انکی قوم کی عید ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا (عیسے نے عرض کیا) اے ہمارے پروردگار ہمپر ایک خوان آسمان سے اتار جو ہمارے پہلے اور پچھلے کو عید ہو اور تیری ایک نشانی ہو آخر آیت تک اور اسکی وجہ یہ تھی کہ حواریوں نے حضرت عیسے علیہ السلام سے عرض کیا تھا

هَلْ يَسْتَطِيعُ رَبُّكَ اَنْ يُّعْطِيَكَ اِنْ سَاَلْتَهٗ اَنْ يُّنَزِّلَ
عَلَيْنَا مَائِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ قَالَ لَهُمْ عِيْسٰى اتَّقُوا اللّٰهَ فَلَا تَسْاَلُوْا
الْبَلَاءَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ فَاِنَّهَا اِنْ اُنْزِلَتْ ثُمَّ كَذَّبْتُمْ بِهَا
عُوْقِبْتُمْ قَالُوْا نُرِيْدُ اَنْ نَّاْكُلَ مِنْهَا فَقَدْ جُعْنَا وَتَطْمَئِنَّ
قُلُوْبُنَا يَعْنِيْ تَسْكُنَ قُلُوْبُنَا اِلٰى مَا تَدْعُوْنَا اِلَيْهِ مِنَ الْاِيْمَانِ
وَالتَّصْدِيْقِ وَنَعْلَمَ اَنْ قَدْ صَدَقْتَنَا بِاَنَّكَ نَبِيٌّ وَّرَسُوْلٌ
وَّنَكُوْنَ عَلَيْهَا يَعْنِيْ عَلَى الْمَائِدَةِ مِنَ الشَّاهِدِيْنَ عِنْدَ بَنِيْ
اِسْرَآئِيْلَ اِذَا رَجَعْنَا اِلَيْهِمْ وَالْحَوَارِيُّوْنَ هُمُ الَّذِيْنَ اَجَابُوْا
عِيْسٰى حِيْنَ مَرَّ بِهِمْ وَهُمْ بِبَيْتِ الْمَقْدِسِ يُقَصِّرُوْنَ الثِّيَابَ
وَبِالنَّبَطِيَّةِ الْحَوَارِيُّوْنَ الْمُبَيِّضُوْنَ لِلثِّيَابِ وَهُمْ اثْنَا عَشَرَ
رَجُلًا لَمَّا قَالَ لَهُمْ عِيْسٰى مَنْ اَنْصَارِيْ اِلَى اللّٰهِ يَعْنِيْ مَنْ
يَّنْصُرُنِيْ مَعَ اللّٰهِ عَلٰى اَهْلِ الْكُفْرِ وَالطُّغْيَانِ يَدْعُوْهُمْ اِلٰى
طَاعَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَتَوْحِيْدِهٖ فَقَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ
اللّٰهِ فَتَرَكُوْا مَعِيْشَتَهُمْ وَاتَّبَعُوْا عِيْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ يَسِيْحُوْنَ
مَعَهٗ اَيْنَمَا تَوَجَّهَ مِنَ الْاَرْضِ فَيَرَوْنَ الْعَجَائِبَ وَالْمُعْجِزَاتِ الَّتِيْ
تَجْرِيْ فِيْ يَدِهٖ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَاَيَّ وَقْتٍ جَاعُوْا وَاحْتَاجُوْا
اِلَى الطَّعَامِ اَخْرَجَ عِيْسٰى يَدَهٗ فَاَخْرَجَ مِنَ الْاَرْضِ لِكُلِّ وَاحِدٍ
رَغِيْفَيْنِ وَلِنَفْسِهٖ كَذٰلِكَ وَكَانَ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ
يَمْشِيْ مَعَهٗ وَيُرِيْهِ الْعَجَائِبَ وَيُؤَيِّدُهٗ وَيُبَصِّرُهٗ بِالْاَشْيَاءِ
فَمَا زَالَ عِيْسٰى عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ يُرِيْ بَنِيْ اِسْرَآئِيْلَ
الْعَجَائِبَ وَلَمْ يَزِدْهُمْ ذٰلِكَ اِلَّا بُعْدًا مِّنْ تَصْدِيْقِهٖ وَاتِّبَاعِهٖ
حَتّٰى خَرَجَ يَوْمًا مَّعَهٗ خَمْسَةُ اٰلَافٍ بِطَرِيْقٍ مِّنْ بَنِيْ
اِسْرَآئِيْلَ وَسَاَلُوْهُ الْمَائِدَةَ مَعَ الْحَوَارِيِّيْنَ فَقَالَ عِيْسَى ابْنُ
مَرْيَمَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِ عِنْدَ ذٰلِكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ
عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا
يَقُوْلُ تَكُوْنُ عِيْدًا لِّمَنْ كَانَ فِيْ زَمَانِنَا عِنْدَ نُزُوْلِ الْمَائِدَةِ
وَتَكُوْنُ عِيْدًا لِّمَنْ بَعْدَنَا وَتَكُوْنُ الْمَائِدَةُ اٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا
يَعْنِي الْمَائِدَةَ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ مِنْ غَيْرِكَ لِاَنَّكَ
خَيْرُ مَنْ يَّرْزُقُ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اِنِّيْ مُنَزِّلُهَا يَعْنِي الْمَائِدَةَ

بھلا تیرا رب کر سکتا ہے کہ تجھے دے اگر تو اس سے مانگے یہ کہ ہم پر اتارے ایک خوانچہ
آسمان سے عیسے علیہ السلام نے ان سے فرمایا اللہ سے ڈرو اس سے آزمائش نہ مانگو اگر تم ایمان
رکھتے ہو کیونکہ اگر وہ تیرا اتارا گیا پھر تم نے اسکو جھٹلایا تو تمہیں عذاب ہوگا
اور انہوں نے یہہ کہا ہم یہ چاہتے ہیں کہ ہم اسمیں سے کھاویں کہ ہم بھوکھے ہیں
اور ہمارے دل ایمان اور تصدیق کیطرف تسلی سے ہو جاویں جسکی طرف
تو ہمیں بلاتا ہے اور ہم تیری نبی اور رسول ہونیمیں تجھے سچا جان لیں اور ہم
اسپر یعنے خوانچہ پر بنی اسرائیل کے پاس جب ہم ان کیطرف جاوینگے گواہی دینے
والوں میں سے ہو جاویں اور حواری وہ لوگ ہیں جنہوں نے عیسے علیہ السلام کو مان لیا
تھا جب وہ انکے پاس گذرے تھے اور وہ بیت المقدس میں کپڑے دہویا کرتے تھے
اور نبطی زبان میں کپڑے دہونیوالوں کو حواری کہتے ہیں اور وہ بارہ (۱۲) مرد
تھے جب عیسی علیہ السلام نے کہا ان سے میرا اللہ کیطرف کون مددگار ہے یعنی
میری کون مدد کرتا ہے اللہ تعالی کے ساتھ کافر اور سرکش لوگوں پر انکو
اللہ کی تابعداری اور اللہ کو ایک جان کر عبادت کرنے کی طرف بلاتی رہے
تو حواریوں نے کہا ہم اللہ کی راہ میں مدد کرنیوالے ہیں پھر انہوں نے اپنی معاش
کی صورت چھوڑ دی اور عیسی علیہ السلام کے پیچھے ہو لیئے انکے ساتھ سیر کرتے پھرتے
جدہر وہ ملک میں رخ کرتے عجیب باتیں اور معجزے دیکھتے جو انکے ہاتھ پر جاری ہوتے
پس جب کبھی وہ بھوکے ہوتے اور انکو کھانے کی حاجت پڑتی تو عیسے علیہ السلام
اپنا ہاتھ نکالتے اور زمین سے انیں کے ہر ایک کیواسطے دو روٹی نکالدیتے اور اپنے واسطے
بھی اسیطرح کرتے اور جبرئیل علیہ السلام اون کے ساتھ پھرتے تھے اور ان کو عجیب
باتیں دکھاتے اور بہت چیزوں سے انکی تائید اور مدد کرتے سو عیسے علیہ الصلوة
والسلام بنی اسرائیل کو ہمیشہ عجیب عجیب باتیں دکھلایا کرتے اور یہہ سب
ان کو عیسے علیہ السلام کی تصدیق اور پیروی سے دور ہی دور پڑے رہنے کے سوا
کچھ نہ بڑہاتا یہاں تک کہ عیسے علیہ السلام کے ساتھ پانچہزار بنی اسرائیل ایک رستے
میں نکلے اور حواریوں کے ساتھ اون سے خوانچہ کا سوال کیا پس عیسے بن مریم صلوات اللہ
علیہ نے اسوقت عرض کیا یا اللہ ہمارے پروردگار ہم پر ایک خوانچہ آسمان پر سے اتار جو
ہمارے پہلے اور پچھلوں کے لیئے عید ہو یعنی جو ہمارے زمانے میں مائدہ اترتے وقت حاضر ہو
اسکے لیئے عید ہو اور جو ہمارے بعد ہو اوسکے لیئے عید ہو اور مائدہ تیری ایک نشانی
ہو اور ہمیں روزی دے یعنے مائدہ دے اور تو سب روزی دینے والوں سے بہتر ہے
کیونکہ تو ہر دینے والے سے بہتر ہے اللہ تعالی نے فرمایا بیشک وہ یعنے مائدہ میں

عليكم فمن يكفر بعد منكم اى بعد نزولها منكم فانى اعذبه عذابا لا اعذبه احدا من العالمين فانزلها الله عليهم يوم الاحد من السماء سمكا طريا وخبزا رقاقا وتمرا وقيل كانت سفرة فيها سمكة مشوية وعند راسها ملح وعند ذنبها خل وفيها خمسة ارغفة على كل رغيف زيتونة وخمس رمانات وتمرات قد نضد حولها من البقول ما خلا الكراث وقيل ان عيسى عليه السلام قال لاصحابه وهم جلوس فى روضة هل مع احد منكم شئ فجاء شمعون بسمكتين صغيرتين وخمسة ارغفة وجاء آخر بشئ من السويق فعمد عيسى فقطعها صغارا وكسر الخبز فوضعه فلقا ووضع السويق وتوضا ثم صلى ركعتين ودعا ربه فالقى الله سبحانه وتعالى على اصحابه شبه السبات ففتح القوم اعينهم وزاد الطعام حتى بلغ الركب فقال عيسى للقوم كلوا وسموا الله ولا ترفعوا وامرهم ان يجلسوا حلقا حلقا فجلسوا واكلوا وسموا الله تعالى حتى شبعوا وهم خمسة الاف رجل وقيل انهم الف رجل وثمان مائة رجل وامراة من بين فقير وجائع وبين من له فاقة الى رغيف واحد فصدروا كلهم شباعا يحمدون ربهم واذا ما عليها كهيئته ورفعت السفرة الى السماء وهم ينظرون قال فاستغنى كل فقير اكل منها يومئذ ولم يزل غنيا حتى مات وبرئ كل زمن وشفى كل مريض وقال مقاتل فنادى عيسى للقوم اكلتم فقالوا نعم قال فلا ترفعوا قالوا لا نرفع ورفعوا فبلغ كل ما رفعوا من الفضل اربعة وعشرين مكتلا فامنوا عند ذلك بعيسى عليه السلام وصدقوا به ثم رجعوا الى قومهم اليهود يعنى بنى اسرائيل ومعهم فضل المائدة فلم يزل بهم قومهم حتى ردوهم عن الاسلم وكفروا بالله تعالى وجحدوا بنزول المائدة فمسخهم الله عز وجل وهم نيام خنازير وهم ذكور وليس فيهم صبى ولا امراة وقيل فى ذلك مائدة وضع عليها طعام فجحد وصد عنها الجم الغفير والجمع الكثير و

اُتاروںگا پھر جو کوئی تم میں سے کفر کری یعنی مائدہ اوترنی کے بعد پھر میں اُسے ایسا عذاب کرونگا جو کسیکو لوگوں میں ویسا عذاب نہیں کیا ہوگا سو اللہ تعالی نے اتوار کے دن آسمانوں سے انپر ایک مچھلی تازی اور ایک روٹی تپلی اور ایک کھجور اتاری اور بعض نے کہا ایک دسترخوان تھا جسمیں ایک مچھلی بھونی ہونی تھی اور اسکی سر کے پاس نمک تھا اور اسکی دم کے پاس سرکہ اور اسمیں پانچ روٹی تھیں ہر روٹی پر ایک زیتون کا پھل اور پانچ انار اور کھجوریں تھیں اون کے گرد گندنا کے سوا سب ترکاریاں تھی اور بعض نے کہا عیسےؑ نے اپنے اصحاب سے فرمایا جب وہ ایک باغ میں بیٹھے تھے تم میں سے کسی کے پاس کچھ ہے تو حضرت شمعون دو چھوٹی چھوٹی مچھلیں اور پانچ روٹیں لائے اور ایک اور شخص ستو لایا پھر عیسے علیہ السلام نے قصد کیا اور اُن مچھلیوں کو کاٹ کر چھوٹا چھوٹا کیا اور روٹیوں کو ٹکڑے ٹکڑے کیے پھر اُن ٹکڑوں کو رکھدیا اور ستو بھی رکھدیا اور وضو بھی کیا پھر دو رکعت نماز پڑھی اور اپنے رب سے دعا کی پس اللہ پاک بزرگ نے اُنکے اصحاب پر خفیف سی نیند ڈالدی پھر قوم نے اپنی آنکھیں کھولیں اور کھانا بڑھا ہوا تھا یہانتک کہ ایک قوم کو پہونچ جاوے پھر عیسے علیہ السلام نے قوم سے کہا کھاؤ اللہ کا نام لیکر اور اوٹھا نہ رکھو اور ان کو یہ حکم کیا کہ حلقہ حلقہ بیٹھو پس وہ بیٹھ گئے اور کھانے لگے اللہ تعالی کا نام لیکر تاکہ وہ سیر ہوگئے اور وہ پانچہزار مرد تھے اور بعض نے کہا وہ ایکہزار اور آٹھسو مرد اور عورت تھی جنمیں فقیر اور بھوکے اور وہ فاقہ کش جنکو ایک روٹی نہ ملتی تھی پھر وہ سب کے سب پیٹ بہر کر نکلے اپنے رب کا حمد کرتے ہوئے اور ابھی جو کچھ اُس خوانچہ پر تھا ویسا ہی تھا اور خوانچہ آسمان کیطرف اوٹھایا گیا انکو دیکھتے ہی کہا پس جس فقیر نے اسمیں سے اسدن کھایا وہ غنی ہوگیا اور مرتے دم تک غنی ہی رہا اور ہر آفت زدہ اچھا ہوگیا اور ہر بیمار تندرست ہوگیا اور مقاتل نے کہا کہ عیسے علیہ السلام نے قوم سے پکار کر کہا تمنے کھالیا اونہوں نے کہا ہاں فرمایا اٹھا نہ رکھنا بولے نہیں اوٹھا رکھتے اور اوٹھا رکھا سو یہ جو کچھ بچی ہوئی میں سے اُٹھا رکھا وہ چوبیس مکتل ہوا پھر تو یہ دیکھکر عیسے علیہ السلام پر ایمان لائے اور ان کو سچا جانا پھر اپنی قوم یہود یعنے بنی اسرائیل کیطرف لوٹ گئے اور مائدہ سے بڑھا ہوا انکے ساتھ تھا پس اُنکی قوم اُن سے لگی رہی یہانتک کہ انکو اسلام سے پھیر دیا اور وہ اللہ تعالی سے کافر ہوگئے اور مائدہ کے اُترنے کا انکار کر دیا پس اللہ عز وجل نے انکو سوتے کیحالتیں سوروں کی شکل میں انکو مسخ کر دیا اور وہ سب مرد ہی تھے اونمیں کوئی بچہ اور عورت تھی اور بعض نے کہا اسمیں ایک اشارہ ہے کہ جس مائدہ پر تھوڑا سا کھانا رکھا گیا اوس سے ایک بڑی قوم اور ایک بھاری جماعت پیٹ بھر کر نکلی

وَهِيَ بِحَالِهَا فَكَيْفَ بِمَائِدَةِ الرِّضَا وَبِسَاطِ الرَّحْمَةِ الَّذِي لَا حَدَّ لَهَا وَلَا نِهَايَةَ فَفِي الْخَبَرِ إِنَّ لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ مِائَةَ رَحْمَةٍ وَاحِدَةٌ أَنْزَلَهَا إِلَى خَلْقِهِ فَبِهَا يَتَرَاحَمُونَ وَبِهَا يَتَعَاطَفُونَ وَأَخَّرَ تِسْعَةً وَتِسْعِينَ عِنْدَهُ يَرْحَمُ بِهَا عِبَادَهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَفِي خَبَرٍ آخَرَ أَنَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَبْسُطُ الْجَلِيلُ جَلَّ جَلَالُهُ بِسَاطَ الْمَجْدِ يَدْخُلُ ذُنُوبُ الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ فِي حَوَاشِيهِ وَيَبْقَى الْبِسَاطُ فَارِغًا حَتّٰى يَتَطَاوَلَ إِلَيْهِ إِبْلِيسُ رَجَاءَ أَنْ تُصِيبَهُ وَمَعَ ذٰلِكَ لَا يَنْبَغِي لِكُلِّ عَاقِلٍ لَبِيبٍ أَنْ يَتَّكِلَ عَلٰى ذٰلِكَ وَيَغْتَرَّ بِهِ وَلَا يَغْلِبُهُ الرَّجَاءُ فَيَهْلِكَ بَلْ يَبْذُلُ مَجْهُودَهُ وَيَسْتَفْرِغُ وُسْعَهُ فِي أَدَاءِ الْأَوَامِرِ وَانْتِهَاءِ النَّوَاهِي وَتَسْلِيمِ الْأُمُورِ إِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَيُكْثِرُ مِنَ الْاِسْتِغْفَارِ وَالتَّوْبَةِ وَيَكُونُ دَائِمًا عَلٰى حَذَرِهِ لَا خَوْفٍ مُؤْيِسٍ مِنْ رَحْمَةِ اللّٰهِ وَلَا رَجَاءٍ يُوقِعُ فِي ارْتِكَابِ الْمَحَارِمِ وَإِهْمَالِ الْأَوَامِرِ بَلْ يَبْتَغِي بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيلًا كَمَا قِيلَ لَوْ وُزِنَ خَوْفُ الْمُؤْمِنِ وَرَجَاؤُهُ لَاعْتَدَلَا فَلْيَكُنْ خَوْفُهُ وَرَجَاؤُهُ كَجَنَاحَيِ الطَّائِرِ وَالطَّائِرُ لَا يَطِيرُ بِجَنَاحٍ وَاحِدٍ وَأَمَّا الْعِيدُ الرَّابِعُ فَهُوَ عِيدُ أُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ ذَكَرْنَا مَا يَتَعَلَّقُ بِهِ بِأَوَّلِ الْمَجْلِسِ

فَصْلٌ يَشْتَرِكُ الْمُؤْمِنُ وَالْكَافِرُ فِي الْعِيدِ فَكُلٌّ لَهُ عِيدٌ فَالْمُؤْمِنُ عِيدُهُ لِرِضَاءِ الرَّحْمٰنِ وَالْكَافِرُ عِيدُهُ لِرِضَاءِ الشَّيْطٰنِ الْمُؤْمِنُ يَذْهَبُ إِلَى عِيدِهِ وَعَلٰى رَأْسِهِ تَاجُ الْهِدَايَةِ وَعَلٰى عَيْنَيْهِ عَلَامَةُ فِكْرَةِ الْعِبْرَةِ وَعَلٰى أُذُنَيْهِ اسْتِمَاعُ الْحَقِّ وَعَلٰى لِسَانِهِ الشَّهَادَةُ بِالتَّوْحِيدِ وَفِي قَلْبِهِ الْمَعْرِفَةُ وَالْيَقِينُ وَعَلٰى عُنُقِهِ رِدَاءُ الْإِسْلَامِ وَفِي وَسْطِهِ مِنْطَقَةُ الْعُبُودِيَّةِ وَمَعْهَدُهُ الْمَحَارِيبُ وَالْجَوَامِعُ وَالْمَسَاجِدُ وَمَعْبُودُهُ رَبُّ الْعِبَادِ فَالْمَرْتَبَةُ التَّضَرُّعُ مِنْهُ وَالسُّؤَالُ وَيُقَابَلُ بِالْإِجَابَةِ وَالنَّوَالِ ثُمَّ يَحِلُّهُ دَارَ الْكَرَامَةِ وَالْجِنَانِ وَالْكَافِرُ يَذْهَبُ إِلٰى عِيدِهِ وَعَلٰى رَأْسِهِ تَاجُ الْخُسْرَانِ وَالضَّلَالِ وَعَلٰى أُذُنَيْهِ خَتْمُ الْغَفْلَةِ وَالْحِجَابِ وَعَلٰى عَيْنَيْهِ عَلَامَةُ الشَّهْوَةِ وَالشَّهَوَاتِ وَعَلٰى لِسَانِهِ خَتْمُ الشَّقَاوَةِ وَالْإِلْحَادِ

اور وہ اپنے حال پر رہی تہا پس مائدہ رضا اور بساط رحمت کا کیا حال جسکی کوئی حد نہیں اور نہ کوئی نہایت پس حدیث میں ہے کہ اللہ عز و جل کیلئے سو رحمت ہے ایک اپنی مخلوق کیطرف اتاری ہے اسی سے آپسمیں رحم کرتے ہیں اور اسی سے آپسمیں نرمی کرتے ہیں اور باقی ننانویں رحمتیں اُسکے پاس ہیں قیامت کے دن اپنے بندوں پر اسنے رحم فرماویگا اور ایک اور حدیث میں ہے کہ قیامت کے دن اللہ جل جلالہ ایک بڑا بچھونا بچھاویگا جسکے کنارونپر سب پہلوں اور پچھلوں کے گناہ آجاوینگے اور بچھونا خالی رہیگا تا کہ ابلیس بھی اسکیطرف جھانکیگا اس امید پر کہ وہ بھی اسکو پہونچیگا اور اسپر بھی ہر عاقل دانا کو جائز نہیں کہ اسپر بھروسا کرے اور اس سے دھوکا کھاوے اور اسکی امید غالب ہوجاوے پھر ہلاک ہو بلکہ اپنی کوشش اور طاقت اللہ کے حکموں کے ادا کرنے اور اُسکے منع کئے ہوؤں سے رکنے میں اور اللہ عز و جل کیطرف اپنے کاموں کو سپرد کرنے میں خرچ کرے اور استغفار اور توبہ بہت کرے اور ہمیشہ خوف پر رہے نہ اتنا خوف جو اللہ کی رحمت سے ناامید کرے اور نہ اتنی امید کہ اللہ پاک کے حراموں کے کرنے اور اُسکے حکموں کے چھوڑنے میں واقع کرے بلکہ اُسکے درمیان رستہ ڈھونڈے جیسے کہا گیا ہے اگر مومن کا خوف اور اوسکی امید تولی جاویں تو برابر اتریں سو چاہیئے کہ اسکا خوف اور اوسکی اُمید جانور کے دو پروں کیطرح ہوں اور جانور ایک پر سے نہیں اُڑ سکتا ولیکن چوتھی عید سو وہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کی عید ہے اور ہمنے پہلی مجلس میں اوسکے متعلق سب بیان کر دیا فصل مومن اور کافر عید میں شریک ہیں سو ہر ایک کیلئے عید ہے مومن کی عید رحمٰن کا راضی کرنا ہے اور کافر کی عید شیطان کا راضی کرنا مومن اپنی عید کو جاتا ہے اور اسکے سر پر ہدایت کا تاج ہوتا ہے اور اسکی آنکھوں پر عبرت کے فکر کی علامت ہوتی ہے اور اسکے کانوں میں حق کا سننا ہوتا ہے اور اسکی زبان پر توحید کی گواہی ہوتی ہے اور اوسکے دل میں معرفت اور یقین اور اوسکی گردن پر اسلام کی چادر اور اسکی کمر پر عبودیت کا کمربند ہوتا ہے اور اُسکے بیٹھنے کی جگہ محراب اور جامع مسجدیں ہیں اور اسکا معبود وہ ہے جو اپنے بندوں اور سب مخلوق کا پالنے والا ہے پھر اسکا گڑگڑانا اور مانگنا اور اسکو رب کا قبول کرنے اور بخشش سے پیش آنا پھر اوسکو عزت کے گھر اور بہشت میں نازل فرماویگا اور کافر اپنی عید کیطرف جاتا ہے اور اسکے سر پر ٹوٹے اور گمراہی کا تاج ہوتا ہے اور اسکے کانوں پر غفلت و پردے کی مہر ہوتی ہے اور اسکی آنکھوں پر بھولنے اور خواہش

وَعَلٰی قَلْبِهٖ ظُلْمَةُ النُّكْرَةِ وَالْجُحُوْدِ وَعَلٰی وَسْطِهٖ زُنَّارُ الْفُرْقَةِ
وَالشَّقَاوَةِ وَالشِّقَاقِ وَمَوْضِعُهُ الْبِيْعَةُ وَالْكَنَائِسُ اَوْبَيْتُ
النَّارِ وَمَعْبُوْدُهُ الْوَثَنُ وَالْاَصْنَامُ وَمَصِيْرُهٗ اٰخِرًا اِلَى الْجَحِيْمِ
وَالنِّيْرَانِ **فَصْلٌ** لَيْسَ الْعِيْدُ بِلُبْسِ النَّاعِمَاتِ وَاَكْلِ الطَّيِّبَاتِ
وَمُعَانَقَةِ الْمُسْتَحْسَنَاتِ وَالتَّمَتُّعِ بِاللَّذَّاتِ وَالشَّهَوَاتِ لٰكِنَّ
الْعِيْدَ بِظُهُوْرِ عَلَامَةِ الْقُبُوْلِ لِلطَّاعَاتِ وَتَكْفِيْرِ الذُّنُوْبِ
وَالْخَطِيْئَاتِ وَتَبْدِيْلِ السَّيِّئَاتِ بِالْحَسَنَاتِ وَالْبِشَارَةِ
بِارْتِفَاعِ الدَّرَجَاتِ وَالْخِلَعِ وَالطُّرَفِ وَالْهِبَاتِ وَالْكَرَامَاتِ
وَانْشِرَاحِ الصَّدْرِ بِنُوْرِ الْاِيْمَانِ وَسُكُوْنِ الْقَلْبِ بِقُوَّةِ الْيَقِيْنِ
وَمَا ظَهَرَ عَلَيْهِ مِنَ الْعَلَامَاتِ وَانْفِجَارِ بُحُوْرِ الْعُلُوْمِ مِنَ الْقَلْبِ
عَلَى الْاَلْسِنَةِ وَاَنْوَاعِ الْحِكَمِ وَالْفَصَاحَةِ وَالْبَلَاغَةِ كَمَا قِيْلَ
اِنَّ رَجُلًا دَخَلَ عَلٰی عَلِيٍّ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ وَرَضِيَ اللّٰهُ
عَنْهُ فِيْ يَوْمِ عِيْدٍ وَهُوَ يَاْكُلُ الْخُبْزَ الْخُشْكَارَ فَقَالَ لَهُ الْيَوْمَ
يَوْمُ الْعِيْدِ وَاَنْتَ تَاْكُلُ الْخُبْزَ الْخُشْكَارَ فَقَالَ الْيَوْمَ عِيْدُ
مَنْ قُبِلَ صَوْمُهٗ وَشُكِرَ سَعْيُهٗ وَغُفِرَ ذَنْبُهُ الْيَوْمَ لَنَا عِيْدٌ
وَغَدًا لَنَا عِيْدٌ وَكُلُّ يَوْمٍ لَا نَعْصِي اللّٰهَ فِيْهِ فَهُوَ لَنَا عِيْدٌ
فَيَنْبَغِيْ لِكُلِّ عَاقِلٍ اَنْ يَتْرُكَ النَّظَرَ اِلَى الظَّاهِرِ وَلَا يَتَقَيَّدَ
بِهٖ بَلْ يَكُوْنُ نَظَرُهٗ فِيْ يَوْمِ الْعِيْدِ نَظَرًا لِلتَّفَكُّرِ وَالْاِعْتِبَارِ
فَيُشَبِّهُ الْعِيْدَ بِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَلْيَذْكُرْ نَفْخَ الصُّوْرِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
عِنْدَ سَمَاعِ صَوْتِ بُوْقِ السُّلْطَانِ لَيْلَةَ الْعِيْدِ وَاِذَا بَاتَ
النَّاسُ لَيْلَةَ الْعِيْدِ وَرَقَدُوْا وَاسْتَطَرُوْا لِعِيْدِهِمْ مُتَاَهِّبِيْنَ
فَيَذْكُرُوا الرُّقُوْدَ بَيْنَ النَّفْخَتَيْنِ وَاِذَا رَاَى النَّاسَ صَبِيْحَةَ
يَوْمِ الْعِيْدِ وَقَدْ خَرَجُوْا مِنْ قُصُوْرِهِمْ وَبُيُوْتِهِمْ مُخْتَلِفِي
الْاَحْوَالِ مُتَفَاوِتِي اللِّبَاسِ وَالْاَلْوَانِ كُلُّ ذِيْ زِيٍّ وَحِلْيَةٍ
وَاحِدَةٌ مِنْهُمْ مَسْرُوْرٌ وَاَهْلُ الْمَعْصِيَةِ مَغْمُوْمٌ الْمُتَّقِيْ رَاكِبٌ
وَالْمُجْرِمُ الْمُشْرِكُ مُتَعَثِّرٌ مَكْبُوْبٌ عَلٰی وَجْهِهٖ مَسْحُوْبٌ اِلَی
مَاشٍ كَمَا قَالَ عَزَّ مِنْ قَائِلٍ يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِيْنَ اِلَى الرَّحْمٰنِ
وَفْدًا اَيْ رُكْبَانًا عَلَى النَّجَائِبِ وَنَسُوْقُ الْمُجْرِمِيْنَ اِلٰی
جَهَنَّمَ وِرْدًا اَيْ عِطَاشًا وَالزَّاهِدُ وَالْعَارِفُ وَالْبَدَلُ

اور اسکے دلپر جہالت اور انکار کی ظلمت ہوتی ہے اور کمر پر حق سے
جدائی اور بدبختی اور ضد کا زنار ہوتا ہے اور اسکی جگہہ گرجا اور کنیسے اور
آتشکدے اور اسکا معبود ہر چیز پوجنے کی اور بت ہیں اور آخر اوسکا جانا
دوزخ اور آگ کیطرف ہوگا **فصل** عمدہ عمدہ کپڑے پہننے اور عمدہ کھانے کھانے
اور خوبصورت عورتوں کو گلے لگانے اور اپنی لذتوں اور خواہشوں میں فائدہ
اوٹھانے میں عید نہیں لیکن عبادتوں کو قبول ہونے اور آرام گناہوں اور
خطاؤں کی کفارہ ہونے اور برائیوں کو بہلائیوں سے بدلجانے اور درجوں کی
بلند ہونے اور خلعتوں اور عمدہ گھوڑوں اور بخششوں اور کرامتوں کی بشارت
ملنے اور ایمان کی نور سے سینوں کی کشادہ ہونیکی علامت ظاہر ہونے اور خلعتوں
اور عمدہ گھوڑوں اور بخششوں اور کرامتوں کی بشارت ملنے اور ایمان کے
نور سے سینوں کے کشادہ ہونیکی علامت ظاہر ہونے اور یقین کی قوت سے دل
کے آرام پکڑنے اور جو علامتیں دلپر ظاہر ہوتی ہیں اور زبانوں پر دل
سے علموں اور قسم قسم کی حکمتوں اور فصاحت اور بلاغت کی دریا بہنے سے
عید ہے جیسے کہا گیا ہے کہ ایک مرد حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے پاس گیا اور
وہ عید کے دن میں خشک روٹی کھا رہے تھے پھر حضرت علی کو اُسنے کہا آج
عید کے دن آپ خشک روٹی کھاتے ہو۔ آپنے کہا آج اُسکے لیئے عید ہے جسکا
روزہ قبول ہوا اور اُسکی کوشش کی قدر ہوئی اور اسکا گناہ بخشا گیا آج
بھی ہماری عید ہے اور کل بھی ہماری عید ہے اور جسدن ہم اللہ کی نافرمانی
نہ کریں اوسدن ہماری عید ہے پس ہر عقلمند کو واجب ہے وہ ظاہری
آرایش کیطرف نظر چھوڑ دے اور اسکا مقید نہ کرے بلکہ اُسکی نظر عید کے دن غور
سے فکر کرنے اور عبرت پکڑنے میں ہو تاکہ عید کو قیامت کے دن کے مشابہ کرکے
پھر قیامت کے دن صور پہونکنے کو یاد کرے۔ بادشاہ کرنے کی آواز سننے
کیوقت عید کی رات میں اور جب لوگ عید کی رات کو اپنی عید کے منتظر اُسکی طیاری کرتے
سو جاویں تو دو نفخوں کے درمیان کا سونا یاد کرے اور جب لوگوں کو عید کے دن کی صبح کو
اپنے محلوں اور گھروں سے نکلتے دیکھیں مختلف احوال ہیں اور جدے جدے لباس اور رنگوں
میں اور ہر ایک کے کپڑے اور زیور پہنے ایک انمیں سے خوش ہیں اور گنہگار اور غم میں ہیں
پرہیزگار سوار ہے اور مجرم مشرک گرتا پڑتا ہے اپنے منہ پر الٹا پڑا کھینچا جاتا ہے یا خود چلتا
ہے جیسے اُسنے فرمایا اور جو بولنے والوں میں عزت والا ہے جسدن ہم پرہیزگاروں کو رحمٰن
کیطرف مہمان بنا کے اونٹوں پر سوار اور گنہگاروں کو دوزخ کیطرف ہانکینگے پیاسے پیاسے اور
زاہد اور عارف اور بدل

كلُّ واحدٍ في راحةٍ وغنىً عند مليكهم ومحبوبهم تحت ظلّ العرش عليهم الحُلى والحُلل وانوار الطاعات والمعارف على وجوههم ظاهرة وهي نضرة ومشرقة وبين ايديهم موائد عليها انواع الاطعمة والاشربة والفواكه حتى تقضى حساب الخلائق ثم يسيرون الى الجنة الى منازلهم التي اعدّ الله تعالى لهم وفيها ما تشتهيه الانفس وتلذّ الاعين مما لا عين رأت ولا اذن سمعت ولا خطر على قلب بشر قال الله تعالى فلا تعلم نفس ما اخفي لهم من قرة اعين جزاءً بما كانوا يعملون واما الراغب في الدنيا في نياحةٍ وبكاءٍ وعناءٍ مسند ودعما فيه القوم من النعيم بدنياه وتناوله الحرام والشبهات وتخليطه في طاعة ربه وهو يرى مكانه في الجنة فلا يصل اليه حتى يخرج مما عليه من الحقوق والكافر ينادي بالويل والثبور لما قد عاين وانكشف من انواع العذاب والنكال والهوان والهلاك والخلود في النيران واذا رأى الاعلام قد نشرت والالوية قد ضربت فليذكر اهل الاسلام اصحاب الاعلام حين ينادي منادي الحق بالتوجه الى زيارة رب الانام الى دار السلام بامر السلام واذا رأى الصفوف قد استكملت والخلائق قد اجتمعت فليذكر وقوف الخلائق بين يدي الجبار وصفوف الفجار والابرار يوم النشر الذي فيه تظهر الاسرار واذا رأى الناس قد انصرفوا من الجبانة وكلٌّ يرجع الى ما قد قسم له من دارٍ او مسجدٍ او خانٍ فليذكر منصرف الخلائق من بين يدي الملك المنان الديان الى الجنة والى النار كما قال ذو العظمة والامتنان ويوم تقوم الساعة يومئذٍ يتفرقون فريق في الجنة وفريق في السعير

مجلس في فضائل ايام العشر

قوله عز وجل والفجر وليالٍ عشر والشفع والوتر والليل اذا يسر هل في ذلك قسم لذي حجر قوله والفجر اختلف الناس في ذلك فقال ابن عباس رضي

ہر ایک آرام اور غنا میں اپنے بادشاہ اور دوست کے پاس عرش کے سایہ کے نیچے ہونگے انپر زیور اور حلے ہونگے اور عبادتوں اور معرفتوں کے نور انکے مونہوں پر ظاہر ہونگے اور وہ تازے اور چمکتے ہونگے اور ان کے سامنے خوانچے ہونگے جنپر قسم قسم کھانے اور پینے کی چیزیں اور میوے ہونگے یہانتک کہ سب مخلوق کا حساب پورا ہو چکے پھر بہشت کیطرف چلینگے اُن مکانوں میں جو اللہ تعالیٰ نے انکے لیے تیار کیے ہیں اور انمیں وہ کچھ ہے جو جی چاہیں اور آنکھیں لذت پائیں اس قسم کی چیزوں سے جنکو نہ آنکھ نے دیکھا اور نہ کان نے سنا اور نہ آدمی کے دل پر خیال گذرا اللہ تعالیٰ نے فرمایا سو کوئی جی نہیں جانتا جو کچھ انکے لیے ہے آنکھوں کی ٹھنڈک سے چھپا رکھا ہے بدلہ ہیں ان کاموں کے جو وہ کرتے ہیں اور دنیا میں رغبت کرنے والا نوحہ اور رونے اور رنج میں ہوگا اپنی دنیا کے سبب اور حرام اور مشتبہ چیزوں کے کھانے اور اپنے رب کی عبادت میں ملانے سے اُن نعمتوں سے دور جاویگا جنمیں لوگ ہونگے حالانکہ وہ اپنا مکان بہشت میں دیکھتا ہوگا اور اسمیں جا نہ سکیگا جبتک ان حقوق سے نہ نکل لے جو اسپر ہیں اور کافر پکاریگا خرابی اور ہلاکت کو جب ٹھیک دیکھ لیگا اور اسکو کھل جاویگا قسم قسم کا عذاب اور عقوبت اور خواری اور ہلاکت اور آگ میں ہمیشہ رہنا اور جب دیکھے نشانوں کو کھڑے کیے گئے اور جھنڈے لگائے گئے تو اہل اسلام اُن نشانوں والوں کو یاد کریں جب حق کے پکارنیوالے دار السلام کیطرف اللہ کے حکم سے سب مخلوق کے رب کی زیارت کیطرف متوجہ ہونیکو پکارینگے اور جب دیکھے صفیں کامل ہو گئیں اور عید میں خلقت جمع ہو گئی تو جبار کے سامنے خلائق کا کھڑا ہونا اور اسدن میں بدوں اور نیکوں کی صفیں یاد کرے جسدن سب چھپی باتیں ظاہر ہو جاوینگی اور جب لوگوں کو جنگل سے لوٹتے دیکھے پھر ہر ایک اپنی قسمت کے موافق گھر کیطرف یا مسجد یا دکان کیطرف جاوے تو خلائق کا بادشاہ احسان کرنیوالے جزا دینیوالے کے سامنے سے بہشت کیطرف یا دوزخ کیطرف جانا یاد کرے جیسے کہ اللہ بزرگی اور احسان رکھنیوالے نے فرمایا اور جسدن قیامت قائم ہوگی اسدن لوگ فرقہ فرقہ ہو جاوینگے ایک فرقہ بہشت میں اور ایک فرقہ دوزخ میں۔ مجلس دس دنوں کی فضیلتوں میں فرمایا اللہ عز وجل نے اور فجر اور دس راتوں اور جفت اور طاق کی قسم ہے اور رات کی قسم جب چلنے لگے تحقیق اس قسم میں عقل والے کیلیے قسم کافی ہے اللہ تعالیٰ کا فرمودہ فجر کی قسم ہے اسمیں لوگوں کا اختلاف ہے۔ پس ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا

عنی بالفجر صلوٰۃ الصبح ولیال عشر ہی عشر ذی الحجۃ
والشفع ہو الخلق والوتر ہو اللہ واللیل اذا یسر یعنی
اذا ذہب ہل فی ذلک قسم لذی حجر ای ان ذلک قسم
لذی لب وعقل وجواب القسم قولہ تعالیٰ ان ربک
لبالمرصاد وقال مقاتل والفجر عنی بہ غداۃ جمع یوم
النحر ولیال عشر لیال قبل الاضحی وانما سماہا عز وجل
لیال عشر لانہا تسعۃ ایام وعشر لیال والشفع والوتر
اما الشفع آدم وحواء والوتر فہو اللہ عز وجل واللیل
اذا یسر اذا اقبل وہی لیلۃ الاضحی فاقسم عز وجل بیوم
النحر والعشر وبآدم وحوا واقسم بنفسہ تبارک وتعالیٰ
وبلیلۃ الاضحی فلما فرغ منہا قال ہل فی ذلک قسم
لذی حجر یعنی ہل فی ذلک القسم کفایۃ لذی لب
یعنی ذی عقل فیعرف عظم ہذا القسم ان ربک لبا
لمرصاد وقیل المراد بالفجر فجر النہار وقیل ہو نہار
فعبر عنہ بالفجر لانہ اولہ وقال مجاہد فہو فجر یوم
النحر خاصۃ وقال عکرمۃ اقسم اللہ تعالیٰ بانفجار
المیاہ من العیون والنبات من الارض والثمار من الشجر
وقیل اقسم اللہ بانفجار الماء من اصابع النبی صلی اللہ
علیہ وسلم وقیل اقسم اللہ بانفجار الناقۃ من الصخرۃ
لصالح علیہ السلام وقیل اقسم اللہ بانفجار الماء من الحجر
بعصا موسیٰ علیہ السلام وقیل اقسم اللہ تعالیٰ بانفجار
الماء من عیون العصاۃ وقیل اقسم اللہ تعالیٰ بانفجار المعرفۃ
من القلب کما قال اللہ تعالیٰ اومن کان میتا فاحییناہ
یعنی بالایمان والمعرفۃ وایضا قولہ تعالیٰ ولیال عشر
روی جابر بن عبد اللہ رض عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم
انہ قال والفجر ولیال عشر ہی عشر الاضحی وقال ابن
الزبیر وابن عباس رض انہا عشر ذی الحجۃ وعن ابن
عباس فی روایۃ اخری انہ العشر الاواخر من شہر
رمضان وقال مجاہد انہا عشر موسیٰ وقال محمد بن

اللہ تعالیٰ نے فجر سے صبح کی نماز مراد رکھی ہے اور دس راتوں سے ذی حجہ
کی دس راتیں اور جفت سے سب خلقت اور طاق سے اللہ پاک اور
واللیل اذا یسر کے معنے جب چلنے لگے بھلا اس قسم میں عقل والے کو قسم کافی ہے
یعنے یہ دانا اور عقلمند کو قسم ہے اور قسم کا جواب یہ اللہ تعالیٰ کا قول ہے
بیشک تیرا رب گھات میں ہے اور مقاتل نے کہا فجر سے مراد مزدلفہ کی صبح ہے
نحر کے دن اور دس راتیں عید الاضحے سے پہلی کی دس راتیں اور
اللہ عز وجل نے انکا نام دس راتیں اسلیئے کہ وہ نو دن اور دس راتیں ہیں
اور جفت اور طاق سو جفت آدم اور حوا علیہما السلام ہیں اور طاق
اللہ عز وجل ہے اور واللیل اذا یسر کے معنے جب آوے اور وہ عید اضحے کی
کی رات ہے پس اللہ عز وجل نے نحر کے دن اور ذی حجہ کی دس نوں اور آدم
اور حوا کی قسم کھائی اور اپنی ذات مبارک اور بلند اور عید اضحے کی رات کی
قسم کھائی جب اس سے فارغ ہوا تو فرمایا بھلا اس قسم میں عقل والے کو قسم ہے
یعنے بھلا اس قسم میں صاحب عقل کو کفایت ہے تو اس قسم کی بزرگی پہچانے کہ بیشک
تیرا رب گھات میں ہے اور بعض نے کہا فجر سے مراد دن کی مراد ہے
اور بعض نے کہا وہ دن ہی ہے فجر سے اسکی تعبیر کیگئی ہے اسلیئے کہ فجر اول
روز ہے اور مجاہد نے کہا وہ خاص نحر کے دن کی فجر ہے اور عکرمہ نے کہا
اللہ تعالیٰ نے چشموں سے پانی پھوٹنے اور زمین سے انگوری اُگنے اور درختوں
سے میوے نکلنے کی قسم کھائی اور بعض نے کہا اللہ تعالیٰ نے حضرت رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کی انگلیوں سے پانی پھوٹنے کی قسم کھائی اور بعض نے کہا اللہ
تعالیٰ نے اونٹنی کے پتھر میں سے حضرت صالح علیہ السلام کے لیئے پہاڑ نکالنے کی قسم
کھائی اور کسی نے کہا اللہ تعالیٰ نے دل سے معرفت نکلنے کی قسم کھائی اور کسی نے
کہا اللہ تعالیٰ نے حضرت موسے علیہ السلام کی عصا سے پتھر میں سے پانی بہنے کی
قسم کھائی چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا بھلا جو شخص مردہ تھا پس ہمنے اسکو زندہ کر دیا
یعنے ایمان اور معرفت سے اور نیز اللہ تعالیٰ کا فرمانا دس راتوں کی قسم حضرت جابر
بن عبد اللہ نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ آپ نے فرمایا اللہ کا فرمانا
فجر اور دس راتوں کی قسم یہ عید اضحے کی دس راتیں ہیں اور ابن زبیر رض اور ابن
عباس رض نے کہا یہ دس راتیں ذی حجہ کی ہیں اور ابن عباس سے اور روایت
میں ہے کہ وہ ماہ رمضان کی آخر کے دس دن ہیں اور مجاہد نے کہا وہ
حضرت موسے کے دن ہیں جو تیس دن پر زیادہ ہوئے تھے

المقالة السادسة والثلثون — **چھتیسواں مقالہ**

الجریر الطبری انها عشر اول المحرم قوله والشفع والوتر قال قتادة والسدی الشفع کل اثنین والوتر هو الله وقیل هما ادم وحوا وهو قول مقاتل وهو ان ادم کان وترا فشفع بزوجته حوا وقیل الصلوٰة منها شفع ومنها وتر قال الربیع ابن انس وابو العالیة هی صلوٰة المغرب الشفع فیها رکعتان والوتر الثالثة وقیل هو یوم النحر لانه العاشر والوتر یوم العشر لانه التاسع وقیل الشفع یومان بعد النحر والوتر الیوم الثالث قوله والیل اذا یسر یعنی اذا ذهب وقیل اذا اظلم وقیل انه لیلة المزدلفة خاصة وقیل یعنی اذ سری فیه اهله لان السری هو سری لیل وقوله تعالی هل فی ذلک قسم لذی حجر یعنی لذی عقل وهو قول ابن عباس وقال الحسن و ابو رجاء لذی علم وقال محمد بن کعب لذی دین معناه ان فی ذلک قسم لذی حجر وهل ههنا فی موضع ان ومعنا قوله عز وجل والفجر ولیال عشر وحق رب الفجر وحق رب لیال العشر الی اخر القسم وکذلک فیما شاکل ذلک کقوله والشمس وضحها والسماء والطارق والسماء ذات البروج وغیرها فصل فیما ورد فی عشر ذی الحجة من کرامات الانبیاء وما نقل فی ذلک من الاخبار والاثار وفضائل الاعمال اخبرنا الشیخ ابو البرکات قال انبانا الشیخ الحافظ ابو بکر احمد ابن علی الثابت الخطیب انبانا احمد بن احمد بن درقونة قال انبانا محمد ابن عبد الله الشافعی قال انبانا محمد بن عبد الله بن عبد الرحمن بحلب قال انبانا عمرو بن عثمان قال انبانا الولید عن المبارک عن خالد الحذاء عن عکرمة عن ابن عباس انه قال فی عشر ذی الحجة قبل الله توبة ادم وتاب علیه بعرفة لانه اعترف بذنبه وفیه وجد ابرهیم الخلیل صلوات الله علیه الخلة فبذل ماله للضیفان ونفسه للنیران وولده للقربان وقلبه للرحمن ولم یعط لاحد

اور محمد بن جریر طبری نے کہا وہ محرم کے پہلے دس ہیں اللہ تعالی کا فرمودہ جفت اور طاق کی قسم قتادہ اور سدی نے کہا جفت ہر جوڑا ہے اور طاق اللہ تعالی ہے اور بعض نے کہا وہ دو تو جفت اور طاق آدم اور حوا علیہما السلام ہیں اور یہ مقاتل کا قول ہے اور یہ یوں ہے کہ آدم طاق ہے پھر اپنی بیوی حوا سے جفت ہوگئے اور بعض نے کہا بعض نماز جفت ہے اور بعض نماز طاق ربیع بن انس اور ابو العالیہ نے کہا وہ مغرب کی نماز ہے اسکی دو رکعتیں جفت ہیں اور تیسری طاق ہے اور بعض نے کہا جفت نحر کا دن ہے کیونکہ وہ دسواں دن ہے اور طاق عرفہ کا دن ہے کیونکہ وہ نواں دن ہے اور کسی نے کہا یوم النحر کے بعد کے دو دن جفت ہیں اور تیسرا دن طاق اور اللہ پاک کا قول والیل اذا یسر یعنے رات کی قسم جب چلنے لگے اور کسی نے کہا جب اندھیرا کرے اور کسی نے کہا کہ وہ خاص مزدلفہ کی رات ہے اور کسی نے کہا یعنی جب اسمیں اسکا چلنے والا چلے کیونکہ سری کا معنے رات کا چلنا ہے اور اللہ پاک کا قول ہل فی ذلک قسم میں صاحب حجر کو قسم کافی ہے یعنے صاحب عقل کو اور یہ ابن عباسؓ کا قول ہے اور حسن اور ابو رجا نے کہا صاحب علم کو اور محمد بن کعب نے صاحب دین کو معنے اسکے یہ ہیں بیشک اس قسم میں صاحب حجر یعنے صاحب دین کو کافی قسم ہے اور اسجگہ ہل کا لفظ بجائے ان ہے اور اللہ عز وجل کے قول فجر اور دس راتوں کی قسم کے معنے یہ ہیں فجر کے رب کے حق کی قسم (اس سورت میں) آخر قسم تک اور اسیطرح مقدر نکالنا چاہیے جہاں اسکی مانند ہو مثل قولہ تعالی سورج اور اسکے روشن ہونے کے وقت کی قسم آسمان اور رات کے آنیوالی کی قسم آسمان برجوں والی کی قسم وغیرہا فصل بیان میں انبیا علیہم السلام کی بزرگیوں کے عشرہ ذی الحجہ میں وارد ہونیکا اور ان دونوں میں جو اخبار اور آثار اور عملوں کے فضائل منقول ہیں ہمکو خبر دی شیخ ابو البرکات نے اُسنے کہا ہمکو خبر دی شیخ حافظ ابو بکر احمد بن علی ثابت خطیب نے اُسنے کہا ہمکو خبر دی احمد بن احمد درقونہ نے اُسنے کہا ہمکو خبر دی محمد بن عبد اللہ شافعی نے اُسنے کہا ہمکو خبر دی محمد بن عبد اللہ بن عبد الرحمن نے حلب میں کہا ہمکو خبر دی عمرو بن عثمان نے کہا ہمیں خبر دی ولید نے ابن مبارک سے اُسنے خالد حذا سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے کہ انہوں نے عشر ذی حجہ کی فضیلت میں فرمایا اللہ تعالی نے آدم علیہ السلام کی توبہ قبول کی اور انکو توبہ کی توفیق دی عرفہ میں کیونکہ انہوں نے اپنے گناہ کا اقرار کیا اور اسمیں حضرت ابرہیم خلیل صلوات اللہ علیہ نے اسکی خالص دوستی پائی پھر اپنا مال مہمانوں کیلئے اور اپنی جان آگ کیلئے اور اپنا بیٹا قربانی کے لیئے اور اپنا دل رحمن کیلئے خرچ کیا

اَلتَّوَكُّلُ اِلَّا لِاِبْرٰهِيْمَ خَلِيْلِ الرَّحْمٰنِ وَفِيْهِ بَنٰى اِبْرٰهِيْمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ الْكَعْبَةَ الشَّرِيْفَةَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَاِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰهِيْمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَاِسْمٰعِيْلُ الْاٰيَةَ وَفِيْهِ اَكْرَمَ اللّٰهُ مُوْسٰى بِالْمُنَاجَاةِ وَفِيْهِ نَزَلَتْ عَلٰى دَاوٗدَ الْمَغْفِرَةُ وَفِيْهِ كَانَتْ لَيْلَةُ الْمُبَاهَاةِ وَقِيْلَ اِنَّ فِيْهِ نُزُوْلَ الْقُرْاٰنِ بُكْرَةَ يَوْمِ الْاَضْحٰى وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَوَجِّهٌ اِلَى الْمُصَلّٰى وَفِيْهِ كَانَتْ بَيْعَةُ الرِّضْوَانِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ وَهِيَ سَمُرَةٌ وَكَانَ ذٰلِكَ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ وَاَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْفٌ وَاَرْبَعُ مِائَةِ رَجُلٍ وَقِيْلَ اَلْفٌ وَخَمْسُ مِائَةِ رَجُلٍ وَاَوَّلُ مَنْ اَطْلَقَ يَدَهٗ لِلْمُبَايَعَةِ اَبُوْ سِنَانٍ الْاَسَدِيُّ عَلَيْهِ وَعَلٰى جَمِيْعِ الصَّحَابَةِ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ وَتَحِيَّاتُهٗ وَالتَّابِعِيْنَ لَهُمْ بِاِحْسَانٍ وَفِيْهِ يَوْمُ التَّرْوِيَةِ وَيَوْمُ عَرَفَةَ وَيَوْمُ النَّحْرِ وَهُوَ يَوْمُ الْحَجِّ الْاَكْبَرِ وَاَخْبَرَنَا الشَّيْخُ اَبُو الْبَرَكَاتِ عَنِ الْفَضْلِ ابْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ عَلِيٍّ الْحَافِظِ بِاِسْنَادِهٖ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ سَيِّدُ الشُّهُوْرِ شَهْرُ رَمَضَانَ وَاَعْظَمُهَا حُرْمَةً ذُو الْحِجَّةِ وَاَخْبَرَنَا الشَّيْخُ اَبُو الْبَرَكَاتِ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْقَصَّارِ الْاَصْفَهَانِيِّ قَالَ اَنْبَاَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ سَهْدَانَ قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَرَّاقُ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الْبَزَّازُ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُوْ كَامِلٍ الْفَضْلُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْخُدْرِيُّ قَالَ اَنْبَاَنَا اَبُوْ عَاصِمِ بْنُ هِلَالٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ اَفْضَلُ اَيَّامِ الدُّنْيَا اَيَّامُ عَشْرِ ذِي الْحِجَّةِ قِيْلَ وَلَا مِثْلُهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَالَ وَلَا مِثْلُهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اِلَّا رَجُلٌ عَفَّرَ وَجْهَهٗ فِي التُّرَابِ وَاَخْبَرَنَا الشَّيْخُ اَبُو الْبَرَكَاتِ عَنِ الْقَاضِيْ اَبِي الْمُظَفَّرِ هَنَّادِ بْنِ اِبْرٰهِيْمَ النَّجَّارِيِّ النَّسَفِيِّ بِاِسْنَادِهٖ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِيْ رَبَاحٍ قَالَ سَمِعْتُ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ كَانَ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ يُحِبُّ السَّمَاعَ

اور حضرت ابراہیم خلیل الرحمن علیہ السلام کی سوا کسیکا ٹھیک توکل نہیں ہوا اور انہیں دنوں میں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کعبہ شریفہ بنایا اللہ تعالیٰ نے فرمایا اور جب ابراہیم علیہ السلام بیت اللہ کی بنیادیں اٹھاتے تھے اور اسمٰعیل آخر آیت تک اور انہیں دنوں میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اپنی کلام کی عزت دی اور انہیں دنوں میں حضرت داؤد پر بخشش اُتری اور اسی عشرہ لیلۃ المباہاۃ تھی اور بعض نے کہا اسی عشرہ میں عید ضحیٰ کی دن کی صبح کو قرآن مجید کا اُترنا شروع ہوا تھا جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم عیدگاہ کو تشریف لیجانے لگے تھے اور اسی عشرہ میں بیعۃ الرضوان ہوئی تھی سو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت اُتاری جب تجھ سے درخت کے تلے بیعت کرتے اور وہ کیکر کا درخت تھا اور یہ بیعت حدیبیہ کے دن تھی اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اصحاب ایک ہزار چار سو مرد تھے اور بعض نے کہا ایک ہزار پانچسو مرد اور سب سے پہلے جسنے بیعت کیلیے ہاتھ نکالا ابو سنان اسدی تھے اُنپر اور تمام صحابہ پر اللہ کی مہربانی اور اسکی برکتیں رحمتیں اور اُنپر جو نیکی میں انکی پیروی کرنے والے ہیں اور اسی عشرہ میں اونٹوں کو پانی پلانیکا دن ہے اور عرفہ کا دن اور نحر کا دن اور وہی حج اکبر کا دن اور ہمکو خبر دی شیخ ابوالبرکات نے فضل بن محمد سے اُسنے احمد بن علی حافظ سے اپنے اسناد سے ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نے فرمایا مہینوں میں سردار ماہ رمضان ہے اور حرمت میں ان سے بہت بڑا ذوالحجہ ہے اور ہمکو خبر دی شیخ ابوالبرکات نے فضل بن محمد قصار اصفہانی سے اُسنے کہا ہمیں خبر دی ابو سعید حسن بن علی بن سہدان نے اُسنے کہا ہمیں خبر دی عبداللہ بن محمد وراق نے اُسنے کہا ہمیں خبر دی ابوبکر بزاز نے اُسنے کہا ہمیں خبر دی ابو کامل فضل بن حسین خدری نے اُسنے کہا ہمکو خبر دی ابو عاصم بن ہلال نے اُسنے ایوب سے اُسنے ابوالزبیر سے اُسنے جابر سے اُسنے حضرت نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپنے فرمایا دنیا کی دنوں میں سب سے بہت بزرگ ذی الحجہ کے دس دن ہیں بعض نے کہا ان دنوں میں عمل کی مثل وہ عمل بھی نہیں جو اللہ کی راہ میں ہو کہا کہ اُن دنوں کی مثل اللہ کی راہ میں بھی نہیں جو اللہ کی راہ میں ہو کہا کہ اُن دنوں کی مثل اللہ کی راہ میں بھی نہیں مگر جو شخص اپنا منہ مٹی میں آلودہ کرے اور ہم کو خبر دی شیخ ابوالبرکات نے قاضی ابوالمظفر ہناد بن ابراہیم نجاری نسفی سے اپنے اسناد سے عطاء بن ابی رباح سے اُسنے کہا میں نے حضرت عائشہ سے سنا اُنہوں نے کہا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ایک شخص سماع یعنے راگ کو دوست رکھتا تھا

يَعْنِي الْغِنَاءَ وَكَانَ إِذَا أَهَلَّ هِلَالُ ذِي الْحِجَّةِ أَصْبَحَ صَائِمًا
فَاتَّصَلَ الْحَدِيثُ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ
فَأَحْضِرُوا الرَّجُلَ فَقَالَ لَهُ مَا حَمَلَكَ عَلَى صِيَامِ هٰذِهِ
الْأَيَّامِ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّهَا أَيَّامُ مَشَاعِرٍ وَأَيَّامُ الْحَجِّ
فَأَحْبَبْتُ أَنْ يُشْرِكَنِيَ اللّٰهُ تَعَالَى فِي دُعَائِهِمْ فَقَالَ النَّبِيُّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَكَ بِعَدَدِ كُلِّ يَوْمٍ تَصُومُهُ عِتْقُ
مِائَةِ رَقَبَةٍ وَمِائَةُ بَدَنَةٍ تُهْدِيهَا وَمِائَةُ فَرَسٍ تَحْمِلُ
فِي سَبِيلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فَإِذَا كَانَ يَوْمُ التَّرْوِيَةِ فَلَكَ
عِتْقُ أَلْفِ رَقَبَةٍ وَأَلْفُ بَدَنَةٍ وَأَلْفُ فَرَسٍ تَحْمِلُ عَلَيْهَا
فِي سَبِيلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فَإِذَا كَانَ يَوْمُ عَرَفَةَ فَلَكَ عِتْقُ
أَلْفَيْ رَقَبَةٍ وَأَلْفَيْ بَدَنَةٍ تُهْدِيهَا وَأَلْفَيْ فَرَسٍ تَحْمِلُ عَلَيْهَا
فِي سَبِيلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَصِيَامُ سَنَةٍ قَبْلَهَا وَسَنَةٍ
بَعْدَهَا وَأَخْبَرَنَا الشَّيْخُ أَبُو الْبَرَكَاتِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ
سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رض أَنَّهُ قَالَ مَا مِنْ أَيَّامٍ
الْعَمَلُ الصَّالِحُ فِيهَا أَحَبُّ إِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ مِنْهُ فِي هٰذِهِ
الْأَيَّامِ يَعْنِي أَيَّامَ التَّشْرِيقِ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَلَا الْجِهَادُ
فِي سَبِيلِ اللّٰهِ قَالَ وَلَا الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ إِلَّا رَجُلٌ
خَرَجَ بِنَفْسِهِ وَمَالِهِ فَلَمْ يَرْجِعْ مِنْ ذٰلِكَ بِشَيْءٍ وَأَخْبَرَنَا
الشَّيْخُ أَبُو الْبَرَكَاتِ عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ أَحْمَدَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ ثَابِتٍ
الْحَافِظِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ خَالِدٍ الْخُزَاعِيِّ عَنْ
حَفْصَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا أَنَّهَا قَالَتْ أَرْبَعٌ لَمْ يَكُنِ النَّبِيُّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتْرُكُهُنَّ صَوْمُ عَشْرِ ذِي الْحِجَّةِ
وَعَاشُورَاءَ وَثَلَاثَةِ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ وَرَكْعَتَيْنِ قَبْلَ
الْغَدَاةِ أَخْبَرَنَا الشَّيْخُ أَبُو الْبَرَكَاتِ عَنْ حَمْزَةَ بْنِ
عِيسَى ابْنِ الْحَسَنِ الْوَرَّاقِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ
الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رض عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ مَا مِنْ أَيَّامٍ أَحَبُّ إِلَى اللّٰهِ تَعَالَى
أَنْ يُتَعَبَّدَ لَهُ فِيهِنَّ مِنْ أَيَّامِ عَشْرِ ذِي الْحِجَّةِ وَإِنَّ
صِيَامَ يَوْمٍ فِيهَا يَعْدِلُ صِيَامَ سَنَةٍ وَقِيَامَ لَيْلَةٍ فِيهَا

اور جب ذی الحجہ کا چاند دیکھتا تو روزہ رکھتا سو یہ خبر رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کو پہونچی آپنے فرمایا اس مرد کو حاضر کرو پس آپنے اس سے فرمایا ان
دنوں کو روزہ رکھنے پر تجھ کو کس چیز نے آمادہ کیا اُسنے عرض کیا یا رسول اللہ
یہ عبادت اور حج کے دن ہیں دوست رکھتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اُن لوگوں
کی دعا میں مجھ کو شریک کرلے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس سے فرمایا تیرے
لیئے ہر دن کی گنتی کے برابر جسکا تو روزہ رکھتا ہے ایک سو غلام آزاد کرنے اور
سو اونٹ ہدی بھیجنے اور سو گھوڑوں کا ثواب ہے جنپر اللہ عز وجل کی راہ
میں سوار کیا جاوے پھر جب یوم الترویہ ہوگا تیری لیئے ہزار غلام آزاد کرنے اور
ہزار اونٹ قربانی بھیجنے اور ہزار گھوڑوں کا جنپر اللہ عز وجل کی راہ میں
سوار کیا جاوے ثواب ہے جب عرفہ کا دن ہوگا تیری لیئے دو ہزار غلام آزاد
کرنے اور دو ہزار اونٹ جنکو تو ہدی بھیجے اور دو ہزار گھوڑوں کا ثواب ہے
اور ہمکو خبر دی شیخ ابو البرکات نے اپنے اسناد سے سعید بن جبیر سے اُسنے ابن
عباس سے کہ اُنہوں نے فرمایا کوئی دن نہیں جسمیں نیک عمل اللہ عز وجل کیطرف زیادہ
پیارا ہو ان دنوں سے یعنے ایام تشریق کے دنوں میں عمل کرنے سے صحابہ نے عرض
کیا یا رسول اللہ نہ جہاد بھی اللہ کی راہ میں آپنے فرمایا جہاد بھی اللہ کی راہ میں
مگر وہ شخص جو اپنی جان اور مال سے نکلے پھر نہ لوٹے اسمیں سے کسی چیز کے ساتھ اور
ہمکو خبر دی شیخ ابو البرکات نے ابو بکر بن احمد بن علی بن ثابت حافظ سے
اپنے اسناد سے ہبیرہ بن خالد خزاعی سے اُسنے حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا سے
کہ اُنہوں نے کہا چار چیزوں کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چھوڑتے نہ تھے
ذی الحجہ کے دس دنوں کا روزہ اور عاشورا، اور ہر مہینے کے تین دن کا روزہ
اور صبح کی دو رکعتیں فرض سے پہلے اور ہمکو خبر دی شیخ ابو البرکات نے
حمزہ بن عیسے ابن الحسن وراق سے اپنے اسناد سے سعید بن المسیب
سے اُسنے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے اُسنے حضرت نبی اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نے فرمایا کوئی دن نہیں جنمیں اللہ
کی عبادت اللہ تعالیٰ کو زیادہ پیاری ہو ذی الحجہ کے دس دنوں
سے اور بیشک اُن دنوں میں ایک دن کا روزہ سال بھر
کے روزے کے برابر ہے اور ایک رات کا قیام سال بھر
کے قیام کی مثل ہے

مِنْ اَيَّامِ عَشْرِ ذِي الْحِجَّةِ وَاِنَّ صِيَامَ يَوْمٍ فِيْهَا يَعْدِلُ صِيَامَ سَنَةٍ وَقِيَامَ لَيْلَةٍ فِيْهِنَّ كَقِيَامِ سَنَةٍ وَاَخْبَرَنَا الشَّيْخُ اَبُو الْبَرَكَاتِ هِبَةُ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ الْمُقْرِيْ بِاِسْنَادِهٖ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرٍ رض عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ مَنْ صَامَ اَيَّامَ الْعَشْرِ كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ بِكُلِّ يَوْمٍ صِيَامَ سَنَةٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ اَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ لَا تُطْفِؤُا سُرُجَكُمْ لَيَالِيَ الْعَشْرِ وَيَاْمُرُ بِاِيْقَاظِ الْخَدَمِ وَتُعْجِبُهٗ فِيْهِ الْعِبَادَةُ **فَصْلٌ** فِي الصَّلٰوةِ الْوَارِدَةِ فِيْ اَيَّامِ الْعَشْرِ اَخْبَرَنَا بِهَا الشَّيْخُ اَبُو الْبَرَكَاتِ عَنِ الشَّرِيْفِ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى الْمَهْدِيِّ بِاِسْنَادِهٖ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ رض عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ مَنْ اَحْيَا لَيْلَةً مِّنْ لَيَالِيْ عَشْرِ ذِي الْحِجَّةِ فَكَاَنَّمَا عَبَدَ اللّٰهَ عِبَادَةَ مَنْ حَجَّ وَاعْتَمَرَ طُوْلَ سَنَةٍ وَمَنْ صَامَ فِيْهَا يَوْمًا فَكَاَنَّمَا عَبَدَ اللّٰهَ تَعَالٰى سَائِرَ سَنَةٍ وَاَخْبَرَنَا الشَّيْخُ اَبُو الْبَرَكَاتِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ . . . عَبْدِ الْعَزِيْزِ الشَّاهِدِ بِاِسْنَادِهٖ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ اَبِيْهِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ اَبِيْهِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ زَيْنِ الْعَابِدِيْنَ عَنْ اَبِيْهِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ اَبِيْهِ عَلِيٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ اِذَا دَخَلَ عَشْرُ ذِي الْحِجَّةِ فَجِدُّوْا فِي الطَّاعَةِ فَاِنَّهَا اَيَّامٌ فَضَّلَهَا اللّٰهُ تَعَالٰى وَجَعَلَ حُرْمَةَ لَيْلِهَا كَحُرْمَةِ نَهَارِهَا فَمَنْ صَلّٰى فِيْ لَيْلَةٍ مِّنْ لَيَالِي الْعَشْرِ فِيْ ثُلُثِ الْاٰخِرِ اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ يَقْرَءُ فِيْ كُلِّ رَكْعَةٍ فَاتِحَةَ الْكِتَابِ مَرَّةً وَّ الْمُعَوِّذَتَيْنِ وَيُكَرِّرُ سُوْرَةَ الْاِخْلَاصِ ثَلَاثًا وَيَقْرَءُ اٰيَةَ الْكُرْسِيِّ وَيُكَرِّرُ ذٰلِكَ ثَلَاثًا فِيْ كُلِّ رَكْعَةٍ فَاِذَا فَرَغَ مِنْ صَلٰوتِهٖ رَفَعَ يَدَيْهِ وَقَالَ سُبْحَانَ ذِي الْعِزَّةِ وَالْجَبَرُوْتِ سُبْحَانَ ذِي الْقُدْرَةِ وَالْمَلَكُوْتِ سُبْحَانَ الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعِبَادِ وَالْبِلَادِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا عَلٰى كُلِّ حَالٍ اَللّٰهُ اَكْبَرُ كَبِيْرًا رَبُّنَا جَلَّ جَلَالُهٗ وَقُدْرَتُهٗ

اور ہمکو خبر دی شیخ ابو البرکات نے حسن بن احمد مقری سے اپنے اسناد سے محمد بن منکدر سے اُسنے جابرؓ سے اُسنے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپنے فرمایا جسنے ذیحجہ کی دس دنوں کا روزہ رکھا اللہ تعالیٰ اسکے لیے ایک دن کے عوض ایک دن کی عوض ایک سال کا روزہ لکھتا ہے اور سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ وہ کہا کرتے تھے ذی الحجہ کی دس راتوں میں اپنے چراغ گل نہ کیا کرو اور خادموں کو جاگتے رکھنے کا حکم کرتے اور انکو ان دنوں میں عبادت خوش لگتی **فصل** ذی حجہ کی دس دنوں کی نماز وارده میں ہمکو اسکی خبر دی شیخ ابو البرکات نے شریف ابو عبداللہ محمد بن علی بن محمد بن یحییٰ مہدی نے اپنے اسناد سے ہشام بن عروہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے حضرت عائشہؓ سے اُسنے حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپنے فرمایا جسنے ذیحجہ کی دس راتوں میں سے ایک رات زندہ رکھی گویا اُسنے اللہ کی عبادت اُس شخص کی سی عبادت کی جو ایک سال بھر کی طول میں حج اور عمرہ کرتا رہا اور جسنے ان دنوں میں ایک دن روزہ رکھا گویا اسنے اللہ تعالیٰ کی تمام سال عبادت کی اور ہمکو شیخ ابو البرکات نے خبر دی محمد بن عبدالعزیز شاہد سے اپنی اسنادسے جعفر بن محمد بن علی بن حسین سے اُسنے اپنے باپ محمد بن علی سے اُسنے اپنے باپ سے علی بن حسین زین العابدین سے اُسنے اپنے باپ حسین بن علی سے اُسنے اپنے باپ سے حضرت علی رضؓ سے اُنہوں نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپنے فرمایا جب عشرہ ذی الحجہ آوے تو عبادت میں کوشش کرو کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اُن دنوں کو فضیلت دی ہے اور اسکی رات کی حرمت اوسکے دن کی حرمت کی سی ہے جو کوئی دس راتوں سے کسی رات کی تہائی اخیر میں چار رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ اور معوذتین ایکبار اور سورہ اخلاص تین بار اور آیۃ الکرسی پڑھے تین بار ہر رکعت میں پھر جب اپنی نماز سے فارغ ہو تو اپنے دونوں ہاتھ اُٹھاوے اور کہے پاک ہے عزت اور غلبے والا پاک ہے قدرت اور بڑی ملک والا پاک ہے ہمیشہ زندہ رکھنے والا جو نہیں مرتا اسکے سوا کوئی معبود نہیں جلاتا ہے اور مارتا ہے اور آپ ہمیشہ زندہ نہیں مرتا پاک ہے اللہ بندوں اور شہروں کا پروردگار اور اللہ کو ہے تعریف بہت پاکیزہ مبارک ہر حال پر اللہ بہت بڑا بزرگ ہمارا رب ہے اور اسکی بزرگی اور قدرت ہر مکان میں ہے

بِكُلِّ مَكَانٍ قَالَ الشَّيْخُ يَعْنِي عِلْمُهُ بِكُلِّ مَكَانٍ ثُمَّ يَدْعُوْ بِمَا
شَآءَ فَاِنَّ لَهُ مِنَ الْاَجْرِ كَمَنْ حَجَّ بَيْتَ اللّٰهِ الْحَرَامِ وَزَارَ قَبْرَ
النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَاهَدَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى
وَلَمْ يَسْأَلِ اللّٰهَ تَعَالٰى شَيْئًا اِلَّا اَعْطَاهُ اِيَّاهُ وَاِنْ صَلَّاهَا
فِيْ كُلِّ لَيْلَةٍ مِّنْ لَيَالِي الْعَشْرِ اَحَلَّهُ اللّٰهُ تَعَالٰى الْفِرْدَوْسَ
الْاَعْلٰى وَمَحَا عَنْهُ كُلَّ سَيِّئَةٍ وَقِيْلَ لَهُ اسْتَأْنِفِ الْعَمَلَ فَاِذَا كَانَ
يَوْمُ عَرَفَةَ وَصَامَ نَهَارَهَا وَصَلّٰى لَيْلَهَا وَدَعَا بِهٰذَا الدُّعَاءِ
وَاَكْثَرَ التَّضَرُّعَ بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ تَعَالٰى يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى
يَا مَلٰئِكَتِيْ اشْهَدُوْا اَنِّيْ قَدْ غَفَرْتُ لَهُ وَاَشْرَكْتُهُ بِالْحَاجِّ
اِلٰى بَيْتِ اللّٰهِ قَالَ فَتَسْتَبْشِرُ الْمَلٰئِكَةُ بِمَا يُعْطِي اللّٰهُ تَعَالٰى
ذٰلِكَ الْعَبْدَ الْمُؤْمِنَ بِصَلَاتِهٖ وَدُعَائِهٖ **فَصْلٌ** وَالْعَشَرَةُ
لِخَمْسَةِ اَنْبِيَآءَ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ الْاَوَّلُ عَشَرَةُ اٰدَمَ وَهُوَ اَنَّهُ
لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ حَوَّا عَلَيْهَا السَّلَامُ مِنْ ضِلْعِهِ الْاَيْسَرِ الْقَصِيْرِ
وَهُوَ نَائِمٌ فَاسْتَيْقَظَ مِنْ سِنَتِهٖ فَرَاٰى حَوَّآءَ جَالِسَةً عِنْدَهٗ
فَقَالَ لَهَا لِمَنْ اَنْتِ قَالَتْ لَكَ فَاَرَادَ اَنْ يَّمَسَّهَا فَقِيْلَ لَهُ
لَا تَمَسَّهَا حَتّٰى تُعْطِيَ مَهْرَهَا قَالَ اِلٰهِيْ وَمَا مَهْرُهَا ......
قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى هُوَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى نَبِيِّ اٰخِرِ الزَّمَانِ عَشْرًا
فَذٰلِكَ مَهْرُهَا وَالثَّانِيْ عَشَرَةُ اِبْرٰهِيْمَ خَلِيْلِ الرَّحْمٰنِ عَلَيْهِ
السَّلَامُ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَاِذِ ابْتَلٰى اِبْرٰهِيْمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ
فَاَتَمَّهُنَّ وَهِيَ عَشْرُ خِصَالٍ خَمْسٌ مِّنْهَا فِي الرَّاْسِ الْفَرْقُ
وَقَصُّ الشَّارِبِ وَالسِّوَاكُ وَالْمَضْمَضَةُ وَالْاِسْتِنْشَاقُ
وَخَمْسٌ فِي الْبَدَنِ وَهِيَ تَقْلِيْمُ الْاَظْفَارِ وَنَتْفُ الْاِبِطَيْنِ
وَالْخِتَانُ وَحَلْقُ الْعَانَةِ وَتَخْلِيْلُ الْاَصَابِعِ فَلَمَّا اَتَمَّ اِبْرٰهِيْمُ
عَلَيْهِ السَّلَامُ هٰذِهِ الْخِصَالَ الْعَشَرَةَ اَكْرَمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى
بِالْخُلَّةِ قَوْلُهٗ تَعَالٰى وَاتَّخَذَ اللّٰهُ اِبْرٰهِيْمَ خَلِيْلًا وَالثَّالِثُ
عَشَرَةُ شُعَيْبٍ النَّبِيِّ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَوْلُهٗ عَزَّ وَجَلَّ فَاِنْ
اَتْمَمْتَ عَشْرًا فَمِنْ عِنْدِكَ وَهُوَ اَنَّهُ اٰجَرَهُ مُوْسٰى عَلَيْهِ
السَّلَامُ وَقِيْلَ اِنَّ شُعَيْبًا عَلَيْهِ السَّلَامُ بَكٰى عَشْرَ سِنِيْنَ
حَتّٰى ذَهَبَ بَصَرُهٗ فَرَدَّ اللّٰهُ بَصَرَهٗ عَلَيْهِ فَاَوْحَى اللّٰهُ

شیخ نے کہا یعنے اُسکا علم ہر مکان میں پھر جو چاہے دعا کرے اسکیلیے
اجر ہے جیسے کسی نے حج کیا بیت اللہ حرمت والیکی طرف اور نبی کریم
صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر کی زیارت کی اور اللہ تعالی کی راہ میں جہاد کیا
اور اللہ تعالی سے جو کچھ مانگیگا وہ ضرور اُسکو دیگا اور اگر دس
راتوں میں سے ہر رات میں نماز پڑھے گا اللہ تعالی اسکو فردوس اعلے
میں داخل کریگا اور اُس سے ہر بُرائی مٹاویگا اور اس سے کہا جاویگا
نئے سر سے عمل کیئے جا پھر جب عرفہ کا روز ہوا اور وہ اوسکے دن میں روزہ
رکھے اور اسکی رات میں نماز پڑھے اور اس دعا سے دعا کرے اور اللہ تعالے
کے سامنے بہت گڑگڑائے تو اللہ تعالی فرماتا ہے اے میری فرشتو تم
گواہ رہو کہ مینے اسکو بخشدیا اور بیت اللہ کی حاجیوں میں اسکو شریک کرلیا
آپ نے فرمایا فرشتے بشارت دیتے ہیں اُسکی جو اللہ تعالی نے اس مومن بندہ
کو اسکی نماز اور دعا کی سبب سے دیا فصل اور دس چیزیں پانچ پیغمبروں
کی ہیں علیہم السلام پہلی حضرت آدم کی دس چیزیں یہ ہے کہ جب اللہ تعالی
نے حوا علیہا السلام کو اُنکی چھوٹی بائیں پسلی سے پیدا کیا اور اسکے سوتے
میں سو وہ اپنی نیند سے اُٹھے حوا کو اپنے پاس بیٹھے دیکھا اس سے پوچھا
تو کسکے لیئے ہے وہ بولی تیرے لیئے تو چاہا کہ اُس سے مساس کرے
تو کہا گیا کہ اس سے مساس مت کر جبتک اسکا مہر نہ دیگا عرض کیا
الٰہی اسکا مہر کیا ہے اللہ تعالی نے فرمایا مہر یہ ہے کہ تو درود بھیجے
آخر الزمان کے نبی پر دس بار سو یہی اسکا مہر ہے دوسری حضرت ابراہیم
خلیل الرحمن علیہ السلام کی دس چیزیں اللہ تعالی نے فرمایا اور جب
ابراہیم کو اُسکے رب نے کچھ باتوں سے آزمایا سو اُسنے انکو پورا کیا اور
وہ دس خصلتیں ہیں ان میں سے پانچ سر میں ہیں مانگ اور موچھوں
کا کاٹنا اور مسواک اور کلی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا اور پانچ بدن
میں اور وہ ناخنوں کا کاٹنا اور بغلوں کا اوکھاڑنا اور ختنہ کرنا اور
پاکی کرنا اور انگلیوں کا خلال کرنا ہے پس جب حضرت ابراہیم علیہ السلام
نے ان دس خصلتوں کو پورا کیا تو اللہ تعالی نے اس سے اپنی خالص دوستی
سے عزت دی اللہ تعالی نے فرمایا اور اللہ نے ابراہیم کو خالص دوست
پکڑا اور تیسری حضرت نبی اللہ شعیب علیہ السلام کی دس چیزیں اللہ تعالی
نے نقل کیا انکا قول پس اگر تو نے دس سال پورے کئے تو تیری طرف سے احسان ہے

تعالى اليه يا شعيب ان كنت تخاف النيران فقد امنتك
وان كنت تريد الجنان فقد وهبتها لك وان كنت تطلب
الرضوان فقد اعطيتك فقال يا جبرئيل ليس بكائي حبًّا
للجنان ولا خوفا من النيران ولكن شوقا الى لقاء الرحمن
فقال الله عز وجل الان حق لك فابك ثم ابك ثم
عوض لبكائه وهو ان جعل الله نبيه موسى عليه السلام
خادما له عشر سنين جزاء لما كان من بكائه على محبته
سوى ما قد ادخر له عنده من الكرامات والمنازل
العاليات والقرب منه تبارك وتعالى والنظر الى
وجهه الكريم وغير ذلك مما لا عين رات ولا اذن
سمعت ولا خطر على قلب بشر والرابع عشر موسى
عليه السلام قوله عز وجل وواعدنا موسى ثلثين
ليلة واتممناها بعشر وذلك ان الله عز وجل
وعد موسى عليه السلام المناجاة واعطاه التورية
فصام موسى عليه السلام ثلثين يوما وكان ذلك
شهر ذي الحجة وقيل انه شهر ذي القعدة فلما قصد
المناجاة وضع قطعة زيتون في فيه لما شاهد من
تغير الخلوف فيه فقال عز وجل يا موسى ما علمت ان
خلوف فم الصائم عندي اطيب من ريح المسك ثم
... امره ان تصوم عشرا من المحرم اخرها يوم عاشورا
وعلى قول من قال الشهر كان ذا القعدة فيكون عشر ذي
الحجة ثم قربه واكرمه بالمناجاة والقربة قوله عز وجل
ولما جاء موسى لميقاتنا الاية والخامس عشر نبينا
المصطفى صلى الله عليه وسلم قوله عز وجل والفجر
وليال عشر يعني عشر ذي الحجة وقد ذكرناه فصل
وقيل من اكرم هذه الايام العشرة اكرمه الله بعشر
كرامات البركة في عمره والزيادة في ماله والحفظ
لعياله والتكفير لسيئاته والتضعيف لحسناته و
التسهيل لسكراته والضياء لظلماته والتثقيل

اسکی طرف وحی کی اے شعیب اگر تو آگ سے ڈرتا ہے تو مینے تجھے اس سے
امن دیا اور اگر تو بہشت چاہتا ہے تو بیشک مینے تجھے دی اور اگر تو میری
رضامندی چاہتا ہے تو بیشک مینے تجھے دی بولا اے جبرئیل میرا رونا
بہشت کی محبت سے نہیں اور نہ خوف سے آگ کے ولیکن رحمان کے ملنے کو
شوق میں پس فرمایا الله عز وجل نے اب تجھکو لائق ہے روتا رہ پھر روتا رہ
پھر اوسکو رونیکا بدلہ دیا اور وہ یہ ہے کہ الله تعالی نے اپنے نبی موسی علیہ السلام
کو انکا خادم بنا دیا دس سال بدلے میں اُن کے رونے کے اپنی محبت پر
سوا اس ذخیرہ کے جو اپنے پاس ان کے لیے ذخیرہ رکھا عزتوں اور بلند
درجوں اور الله تبارک وتعالی کے قرب اور اپنے منہ بزرگ کی طرف
نظر کرنے وغیرہ نعمتوں سے جنکو کسی آنکھ نے نہیں دیکھا اور نہ کسی
کان نے سُنا اور نہ کسی آدمی کے دل پر خیال گذرا چودھویں حضرت موسے علیہ
السلام کو دس دن الله عز وجل نے فرمایا اور ہمنے موسے علیہ السلام
سے تیس رات کا وعدہ فرمایا اور اونکو دس سے پورا کیا اور اسکی وجہ
اسکی یہ ہے کہ الله عز وجل نے موسے علیہ السلام سے آپسے کلام کرنے کا
وعدہ فرمایا تھا انکو توریت دی سو موسے علیہ السلام نے تیس دن
روزہ رکھا اور یہہ مہینہ ذی الحج کا تھا اور بعض نے کہا ذی القعدہ کا
مہینہ تھا جب موسے علیہ السلام نے کلام کرنیکا قصد کیا تو اپنے منہ میں
زیتوں کی ایک لکڑی رکھی آپنے منہ کی بدبو بدلی ہوئی دیکھکر پس الله
عز وجل نے فرمایا اے موسے تو نہیں جانتا کہ روزہ دار کے موہنہ کی بو
میرے نزدیک کستوری کی خوشبو سے زیادہ خوش ہے پھر حکم کیا کہ محرم کے
دس روزے رکھے جنکی آخر عاشورے کا دن ہوگا اور جسنے کہا وہ مہینہ ذی القعدہ
تھا اسکے قول پر ذی الحجہ کے دس دن ہو گئے پھر ان کو قریب کیا اور اپنے
کلام اور نزدیکی کی عزت دی فرمایا الله عز وجل نے اور جب موسے
ہمارے وقت مقرر کیے پر آیا آخر آیت تک پانچویں ہمارے پیغمبر حضرت
محمد مصطفے صلی الله علیہ وسلم کو دس فرمایا الله عز وجل نے فجر اور دس راتوں
کی قسم یعنی ذالحجہ کی دس راتوں کی قسم اور ہم اُسکا بیان کر چکے فصل
اور بعض نے کہا کہ جو کوئی ان دس دنوں کی عزت کریگا الله تعالی اسکو
دس بزرگیوں کی عزت دیگا اسکی عمر میں برکت اور اسکے مال میں زیادتی
اور اوسکے عیال کی نگہبانی اور اسکی بُرائیوں کا کفارہ اور اسکی نیکیوں
کا دگنا کرنا اور اسکی موت کی سختیوں کو آسان کرنا اور اسکو اندھیروں میں روشنی

الميزانه والنجات من دركاته والصعود على درجاته
ومن تصدق في هذه الايام العشر بصدقة على مسكين
فكانما تصدق على انبيائه ومن عاد فيها مريضا فكانما
عاد اولياء الله وبدلاءه ومن شيع جنازة فكانما شيع
جنازة شهدائه ومن كسا مؤمنا كساه الله تعالى من
حلله ومن لطف فيها بيتيم لطف الله تعالى به في القيمة تحت
ظل عرشه ومن حضر مجلسا من مجالس العلم فكانما حضر
مجالس انبياء الله ورسله وقال وهب بن منبه رح ان ادم
عليه السلام لما اهبط الى الارض بكى على ذنبه ستة
ايام ثم اوحى الله اليه في اليوم السابع وهو محزون
كظيم منكس راسه يا ادم ما هذا الجهد الذي بك
فقال الهي عظمت مصيبتي واحاطت بي خطيئتي وخرجت
في دار الهوان بعد الكرامة وفي دار الشقاوة بعد السعادة
وفي دار الموت والفناء بعد الخلد والبقاء فكيف لا ابكي
على خطيئتي فاوحى الله تعالى اليه يا ادم اما اصطنعتك
لنفسي ثم اصطفيتك على خلقي وخصصتك بكرامتي
والقيت عليك محبتي اما خلقتك بيدي واسجدت لك
ملائكتي الم تكن في مجاورة كرامتي ومنتهى رحمتي فعصيت
امري ونسيت عهدي فكيف نسيت رحمتي ونعمتي فوعزتي
وجلالي لو ملأت الارض رجالا كلهم مثلك يعبدوني
ويسبحوني في الليل والنهار لا يفترون عن عبادتي طرفة
عين ثم انهم عصوني لانزلتهم منازل العاصين
قال فبكى عند ذلك ثلاثمائة عام على جبل الهند تجري
دموعه في اودية جبالها فنبتت من تلك الدموع
اشجار طيبة فقال له جبرئيل عليه السلام اذهب الى
بيت الله الحرام واصبر حتى تدخل ايام العشر ثم تب
الى الله لعله يرحم منعمك فمضى فكان يخطو خطوة
فكان موضع قدميه عمرانات وما بينهما مفاوز وقيل كان
كان قد مهد ثلاثة فراسخ حتى اتى البيت فطاف بالبيت

اوراوسکی میزان بھاری کرنا اور دوزخ کے طبقوں سے رہائی دینا اوراسکے درجوں
پر چڑھانا اور جو شخص صدقہ کرے اس دس دنوں میں کچھ کسی مسکین پر تو گویا اسنے
صدقہ کیا اپنے نبیوں اور پیغمبروں پر اور جسنے ان دنوں میں کسی بیمار کی
عیادت کی تو گویا اُسنے صدقہ کیا اپنے نبیوں اور پیغمبروں پر اور جسنے ان
دنوں میں کسی بیمار کی عیادت کی تو گویا اُسنے عیادت کی اولیاء اللہ اور
اسکے ابدال کی اور جو کوئی جنازے کے ساتھ گیا تو گویا وہ شہیدوں کے
جنازے کے ساتھ گیا اور جسنے کسی مومن کو پہنایا تو اللہ تعالیٰ اپنے حلوں
میں سے اسے پہناویگا اور جسنے ان دنوں میں یتیم سے مہربانی کی تو اللہ تعالیٰ
اپنے عرش کے سائے کے تلے قیامت میں اسپر مہربانی فرماویگا اور جو شخص
حاضر ہوا علم کی مجلسوں میں سے کسی مجلس میں تو گویا وہ اللہ کے نبیوں اور
رسولوں کی مجلسوں میں حاضر ہوا۔ وہب بن منبہ نے کہا کہ آدم علیہ السلام
جب زمین کیطرف اُتارے گئے اور اپنے گناہ پر چھ روز روتے رہے پھر اللہ
تعالیٰ نے ساتویں روز انکیطرف وحی کی اور وہ غمگین اپنا سر نیچے کیے ہوئے
تھے اے آدم یہ تکلیف تجھکو کیسی ہے عرض کیا اے میرے معبود میری مصیبت
بڑھ گئی اور میرے گناہ نے گھیر لیا اور میں عزت کے بعد خواری کے گھر میں ہوگیا
اور سعادت کے بعد بدبختی کے گھر اور موت اور فنا کے گھر میں ہمیشگی اور بقا کے
بعد پھر کیونکر اپنے گناہوں پر نہ روؤں پھر اللہ تعالیٰ نے اُنکی طرف وحی
کی اے آدم بھلا میںنے تجھکو اپنی ذات کیلیے نہیں بنایا پھر تجھے برگزیدہ نہیں کیا
اپنی مخلوق پر اور اپنی بزرگی سے تجھے خاص نہیں کیا اور تجھپر اپنی محبت نہیں ڈالی
بھلا میںنے اپنے دو ہاتھ سے تجھے نہیں بنایا اور اپنے فرشتوں سے تجھے سجدہ نہیں کرایا
بھلا تو میری عزت اور نہایت رحمت میں نہ تھا پھر تونے میرے حکم کی نافرمانی
کی اور میرا عہد بھول گیا پھر تو کیونکر میری رحمت اور میری نعمت کو بھولا سو
مجھے اپنی عزت اور بزرگی کی قسم ہے اگر زمین بھر جاوے ایسے مردوں سے جو سب تجھ سے
سب تیری طرح میری عبادت کریں اور رات دن میری پاکی بولا کریں تھکیں
نہیں میری عبادت سے ایک آنکھ مارنے بھر پھر وہ میرا کہا نہ مانیں میں ضرور
انکو مرتبوں میں گنہگاروں کے اُتارونگا کہا راوی نے پھر آدم اس سے تین سو
برس ہند کے پہاڑ پر روتے رہے انکے آنسو اُسکے پہاڑوں کی وادیوں میں بہتے تھے
اور اُن آنسوؤں سے عمدہ درخت اُگے سو اُن سے جبریل علیہ السلام نے کہا بیت اللہ حرمت والے
کیطرف جاؤ اور صبر کرو یہانتک کہ ذی الحجہ کے دن آجاویں پھر اللہ کیطرف توبہ کرو

اُسْبُوْعًا كَامِلًا وَبَكٰى حَتّٰى خَاضَ فِيْ دُمُوْعِهٖ اِلٰى رُكْبَتَيْهِ
وَجَرَتْ عَلَى الْاَرْضِ فَقَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ وَبِحَمْدِكَ
عَمِلْتُ سُوْءً وَظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ وَاَنْتَ خَيْرُ الْغَافِرِيْنَ
وَارْحَمْنِيْ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ فَاَوْحَى اللّٰهُ اِلَيْهِ يَا اٰدَمُ قَدْ
رَحِمْتُ ضُعْفَكَ وَغَفَرْتُ ذَنْبَكَ وَقَبِلْتُ تَوْبَتَكَ فَذٰلِكَ
قَوْلُهٗ عَزَّ وَجَلَّ فَتَلَقّٰى اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمَاتٍ فَتَابَ عَلَيْهِ
فَوَجَدَ اٰدَمُ مِنْ بَرَكَاتِ اَيَّامِ الْعَشْرِ التَّوْبَةَ وَكَذٰلِكَ الْمُؤْمِنُ
الَّذِيْ عَصٰى رَبَّهٗ وَاتَّبَعَ هَوَاهُ فِيْ مَعْصِيَةِ مَوْلَاهُ اِذَا
تَابَ وَاَنَابَ وَانْقَادَ لِطَاعَةِ اللّٰهِ فِيْ هٰذِهِ الْاَيَّامِ يَتَفَضَّلُ
اللّٰهُ عَلَيْهِ بِالرَّحْمَةِ وَالْغُفْرَانِ وَاَبْدَالِ السَّيِّاٰتِ بِالْحَسَنَاتِ
بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ **فَصْلٌ** وَقَدْ اَقْسَمَ اللّٰهُ تَعَالٰى بِالْفَجْرِ وَلَيَالٍ
عَشْرٍ وَّالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ وَاللَّيْلِ اِذَا يَسْرِ اِلٰى قَوْلِهٖ اِنَّ رَبَّكَ
لَبِالْمِرْصَادِ وَهِيَ ثَمَانُ قَنَاطِرَ عَلٰى جِسْرِ جَهَنَّمَ فَيُسْاَلُ الْعَبْدُ
فِيْ اَوَّلِ مَوْقِفٍ مِّنْهَا مِنَ الْاِيْمَانِ بِاللّٰهِ فَاِنْ كَانَ مُؤْمِنًا
نَجَا وَاِلَّا تَرَدّٰى فِي النَّارِ ثُمَّ جَازَ اِلَى الثَّانِيْ فَيُسْاَلُ عَنِ
الْوُضُوْءِ وَالصَّلٰوةِ فَاِنْ قَصَّرَ فِيْهِمَا تَرَدّٰى فِي النَّارِ وَاِنْ
اَكْمَلَ رُكُوْعَهَا وَسُجُوْدَهَا نَجَا ثُمَّ جَازَ اِلَى الثَّالِثِ
فَيُسْاَلُ عَنِ الزَّكٰوةِ فَاِنْ كَانَ قَدْ اَدَّاهَا نَجَا ثُمَّ جَازَ اِلَى
الرَّابِعِ فَيُسْاَلُ عَنِ الصِّيَامِ فَاِنْ كَمَّلَ صِيَامَهٗ نَجَا ثُمَّ
جَازَ اِلَى الْخَامِسِ فَيُسْاَلُ عَنِ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ فَاِذَا كَانَ
اَدَّاهُمَا نَجَا ثُمَّ جَازَ اِلَى السَّادِسِ فَيُسْاَلُ عَنِ الْاَمَانَةِ
فَاِنْ لَّمْ يَخُنْ فِيْهَا نَجَا ثُمَّ جَازَ اِلَى السَّابِعِ فَيُسْاَلُ عَنِ
الْغِيْبَةِ وَالنَّمِيْمَةِ وَالْبُهْتَانِ فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ اغْتَابَ
نَجَا ثُمَّ جَازَ اِلَى الثَّامِنِ فَيُسْاَلُ عَنْ اَكْلِ الْحَرَامِ فَاِنْ لَّمْ
يَكُنْ اَكَلَ نَجَا وَاِلَّا تَرَدّٰى فِي النَّارِ **فَصْلٌ** فِيْ ذِكْرِ يَوْمِ
التَّرْوِيَةِ قَالَ اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى وَاَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ
يَاْتُوْكَ رِجَالًا الْاٰيَةَ وَهٰذِهِ الْاٰيَةُ فِيْ سُوْرَةِ الْحَجِّ وَهِيَ
مِنْ اَعَاجِيْبِ سُوَرِ الْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ فَاِنَّ فِيْهَا مَكِّيًّا وَمَدَنِيًّا
وَحَضَرِيًّا وَسَفَرِيًّا وَلَيْلِيًّا وَنَهَارِيًّا وَفِيْهَا نَاسِخٌ وَمَنْسُوْخٌ

طواف کیا اور روئی یہانتک کہ ڈوب گئی اپنی آنسوؤں میں گھٹنوں تک اور آنسو
بہہ نکلے زمین پر پھر کہا کوئی معبود نہیں تیری سوا تو پاک ہی اور تیری تعریف کرتا
ہوں میں نے برائی کی اور جان پر ظلم کیا سو مجھے بخشدے اور تو بہتر بخشنے والوں کا
ہے اور مجھپر رحم فرما اور تو سب رحم کرنیوالوں سے زیادہ رحم کرنیوالا ہے پس
اس نے اسکی طرف وحی کی اے آدم میں نے تیری ناتوانی پر رحم فرمایا اور تیرا
گناہ بخشدیا اور تیری توبہ قبول کرلی پس یہ ہی اللہ عزوجل کا فرمودہ سو آدم
نے اپنے رب سے کچھ کلمے سیکھ لئے سو اسکی توبہ قبول کی پس آدم نے ان دنوں کی
برکتوں سے توبہ پائی اور اسیطرح جس مومن نے اپنے رب کی نافرمانی اور اپنے مولے
کی بیفرمانی میں اپنی خواہش کی پیروی کی جب وہ توبہ کرے اور رجوع اور فرمانبردار
ہو اللہ کی عبادت کو ان دنوں میں تو اللہ تعالیٰ اسپر فضل کریگا رحمت اور بخشش
اور برائیوں کو نیکیوں سے بدلنے سے اپنی رحمت سے فصل اور بیشک قسم کھائی
اللہ تعالیٰ نے فجر اور دس راتوں اور جفت اور طاق اور رات کی جب چلنے لگے
اپنے اس قول پاک تک بیشک تیرا رب گھات میں ہے اور وہ آٹھ سیڑھیاں
دوزخ کی پل پر سو پوچھا جاویگا بندہ انمیں سے پہلی جگہہ میں اللہ کو ساتھ ایمان لانے
سے سو اگر مومن ہوگا تو بچ جاویگا ورنہ آگ میں دھکیلا جاویگا پھر دوسرے موقف
تک پہونچیگا پھر وضو اور نماز سے پوچھا جاویگا سو اگر ان دونوں میں کوتاہی کی
ہوگی تو آگ میں دھکیلا جاویگا اور اگر اسکا رکوع اور سجدہ پورا کیا ہوگا تو بچ جاویگا
پھر تیسری تک پہونچیگا سوال ہوگا سو اگر ادا کی ہوگی تو بچ جاویگا پھر پہونچیگا
چوتھے تک پس روزے سے پوچھا جاویگا پھر اگر روزہ پورا کیا ہوگا تو بچ
جاویگا۔ پھر پانچویں تک پہونچیگا تو حج اور عمرے سے پوچھا جاویگا پھر اگر دونوں ادا
کیے ہونگے تو بچ جاویگا پھر چھٹے تک پہونچیگا تو پوچھا جاویگا امانت سے سو اگر اسمیں خیانت
نہ کی ہوگی تو بچ جاویگا پھر پہونچیگا آٹھویں موقف تک تو حرام کھانے سے پوچھا جاویگا
اگر نہ کھایا ہوگا تو بچ جاویگا ورنہ آگ میں دھکیلا جاویگا۔ **فصل** یوم الترویہ
کے بیان میں اللہ پاک اور بلند نے فرمایا اور پکار دے لوگوں میں حج کے
ساتھ آویں پیادہ آخر آیت تک۔ اور یہ آیت سورہ حج میں
ہے اور یہہ سورت بڑی عجیب قرآن مجید کی سورتوں میں
سے ہے کیونکہ اس سورت میں مکی اور مدنی اور حضرا اور سفر
اور رات اور دن کی آیتیں ہیں اور اس سورت میں ناسخ
اور منسوخ ہے

فَاَمَّا الْمَكِّيُّ فَمِنْ رَاسِ ثَلٰثِيْنَ اٰيَةً مِّنْهَا اِلٰى اٰخِرِهَا وَاَمَّا الْاٰيَاتُ
الْمَدَنِيَّةُ فَمِنْ رَاسِ خَمْسَةَ عَشَرَ اِلٰى رَاسِ ثَلٰثِيْنَ وَاَمَّا اللَّيْلِيُّ مِنْهَا
فَمِنْ اَوَّلِهَا اِلٰى رَاسِ خَمْسِ اٰيَاتٍ وَاَمَّا النَّهَارِيُّ مِنْهَا فَمِنْ رَاسِ
خَمْسٍ اِلٰى رَاسِ تِسْعٍ وَاَمَّا الْحَضَرِيُّ فَاِلٰى رَاسِ الْعِشْرِيْنَ وَ
نُسِبَ ذٰلِكَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ لِقُرْبِهَا مِنْهَا وَاَمَّا النَّاسِخُ فَقَوْلُهٗ
تَعَالٰى اُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقَاتَلُوْنَ الْاٰيَةَ وَاَمَّا الْمَنْسُوْخُ فَثَلٰثُ
اٰيَاتٍ وَمَا اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِيٍّ نُسِخَتْ
بِقَوْلِهٖ تَعَالٰى سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰى وَالثَّانِيَةُ قَوْلُهٗ تَعَالٰى اَللّٰهُ
يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ فَنُسِخَتْ
بِاٰيَةِ السَّيْفِ وَالثَّالِثَةُ وَجَاهِدُوْا فِي اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ
فَنُسِخَتْ بِقَوْلِهٖ تَعَالٰى فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ قَوْلُهٗ
وَاَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ اَيْ نَادِ يَا اِبْرٰهِيْمُ ذُرِّيَّتَكَ وَغَيْرَهُمْ
مِنْ بَنِيْ اٰدَمَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ بِالْحَجِّ يَاْتُوْكَ رِجَالًا اَيْ يَجِيْئُوْ
اِلَيْكَ رِجَالًا عَلٰى اَرْجُلِهِمْ وَعَلٰى كُلِّ ضَامِرٍ يَعْنِيْ رُكْبَانًا
عَلَى الْاِبِلِ يَاْتُوْنَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ يَعْنِيْ مِنْ كُلِّ اَرْضٍ
بَعِيْدَةٍ وَطَرِيْقٍ بَعِيْدٍ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى ذٰلِكَ لِاِبْرٰهِيْمَ
عَلَيْهِ السَّلَامُ حِيْنَ فَرَغَ مِنْ عِمَارَةِ الْبَيْتِ الْحَرَامِ وَقَالَ
اِلٰهِيْ مَنْ يَّقْصِدُ هٰذَا الْبَيْتَ فَاَمَرَهٗ اَنْ يُّؤَذِّنَ فِي
النَّاسِ بِالْحَجِّ فَصَعِدَ اَبَا قُبَيْسٍ وَهُوَ الْجَبَلُ الَّذِيْ الصَّفَا
فِيْ اَصْلِهٖ فَنَادٰى بِاَعْلٰى صَوْتِهٖ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اَجِيْبُوْا رَبَّكُمْ
اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تَحُجُّوْا بَيْتَهٗ فَسَمِعَ نِدَاءَ اِبْرٰهِيْمَ كُلُّ
مُؤْمِنٍ وَّمُؤْمِنَةٍ عَلٰى وَجْهِ الْاَرْضِ وَمَنْ فِيْ اَصْلَابِ
الرِّجَالِ وَاَرْحَامِ النِّسَاءِ فَالتَّلْبِيَةُ الْيَوْمَ هِيَ جَوَابُ نِدَاءِ
اِبْرٰهِيْمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ فَاَجَابُوْا كُلُّهُمْ لَبَّيْكَ
فَمَنْ اَجَابَ ذٰلِكَ الْيَوْمَ فَلَا يَخْرُجُ مِنَ الدُّنْيَا حَتّٰى يَزُوْرَ
هٰذَا الْبَيْتَ

فَصْلٌ فِيْ فَضَائِلِ مَنْ اَحْرَمَ بِالْحَجِّ

وَلَبّٰى وَقَصَدَ الْبَيْتَ وَاِلَيْهِ دَنَا رَوٰى مُجَاهِدٌ عَنِ
ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ اِذْ اَقْبَلَتْ طَائِفَةٌ مِّنَ الْيَمَنِ قَالُوْا فِدَاكَ الْاٰبَاءُ

سو مکی آیتیں تیس آیت سے آخر سورہ تک ہیں اور مدنی آیتیں پندرہ آیت
سے تیس تک اور رات کی آیتیں شروع سورت کے پانچ آیت تک اور دن
کی آیتیں پانچ آیت سے نو تک اور حضری آیتیں (شروع سورۃ سے) بیس تک
ہیں اور یہ مدینہ کیطرف منسوب ہوئی بسبب اسکے مدینہ سے قریب ہونیکے
اور ناسخ اللہ تعالی کا یہ قول ہے اور لوگوں کو جو لڑتے ہیں آخر آیت تک اور
منسوخ تین آیتیں ہیں (پہلی) اور ہمنے نہیں تجھسے پہلے کوئی رسول اور نہ نبی
منسوخ ہے اس قول سے ہم تجھکو پڑہاینگے پس تو نہ بھولیگا اور دوسری
اللہ تعالی کا یہ قول ہے اللہ تم میں قیامت کے دن حکم کریگا جس میں تم جھگڑتے
تھے منسوخ کیگئی اللہ تعالی کے اس قول سے سو اللہ سے ڈرو جتنی طاقت رکھو
وقتها وعن البراء بن عازب فی قوله تعالی اضاعوا الصلوة و
اتبعوا الشهوات فسوف یلقون غیا قال هو واد فی جهنم
وقال ابن عباس لا یدخله الا من اضاع اوقات صلوته
روی عن عبد الله بن عمرو بن العاص عن رسول الله صلی
الله علیه وسلم انه ذکر الصلوة یوما فقال من حافظ علیها
کانت له نورا وبرهانا ونجاة یوم القیمة ومن لم یحافظ علیها
لم تکن له نورا ولا برهانا ولا نجاة من النار وکان یوم القیمة
مع قارون وفرعون وهامان وابی بن خلف کذا فی الحادیث

اوسکے غیر وقت مین تو وہ چڑہتی ہے آسمان کی طرف نہین ہوتا کوئی نور اسکیلیے
پس پہونچتی ہے آسمان تک پہر لپیٹی جاتی ہی جیسے لپیٹا جاتا ہے کپڑا یا لتہ پہر ماری
جاتی ہے وہ نماز اوسکے منہہ پر پہر وہ کہتی ہی تجہہ کو بہی اللہ ضایع کرے جیسا تو نے مجہکو
ضایع کیا اور عبادہ بن صامت کی حدیث مین ہے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نے فرمایا جو شخص وضو کرے پہر پورا وضو کرے پہر کہڑا ہو طرف نماز کے پہر پورا کرے
اسکا رکوع اور اسکا سجدہ اور قرأت اوسمین تو کہتی ہے نماز تجہکو اللہ نگاہ رکہے
جیسا تو نے مجہکو نگاہ رکہا پہر چڑہایا جاتا ہے اوسکو آسمان کی طرف حالانکہ اوسکے
لیئے روشنی اور نور ہوتا ہے پہر کہولے جاتے ہین اوسکیلیئے آسمان کے دروازے یہانتک کہ
وہ پہونچ جاتی ہے اللہ تعالی تک پہر وہ شفاعت کرتی ہے اپنے صاحب کیلیئے اور
جب ضایع کرے اوسکا رکوع اور اوسکا سجدہ اور قرأت اسمین تو کہتی ہی نماز اللہ
تجہے ضایع کرے جیسا تو نے مجہے ضایع کیا پہر وہ چڑہائی جاتی ہی حالانکہ اوسکے لیئے
اندہیرا ہوتا ہی یہانتک کہ پہونچتی ہے آسمان تک پہر بند کیے جاتے ہین آسمان کے دروازے
اوسکے آگے پہر لپیٹی جاتی ہی جیسے لپیٹا جاتا ہی پورانا کپڑا پہر وہ ماری جاتی ہی اوسکے
صاحب کے منہہ پر اور روایت ہے ابن مسعود رضی اللہ عنہ سی کہا مینے پوچہا رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سی کونسا عمل افضل ہی فرمایا نمازین انکے وقت مین اور خوش کہنا
ماں باپ کا اور جہاد کرنا اللہ پاک کے راہ مین اور روایت ہے ابراہیم بن محذورہ
مؤذن سی اوس نے اپنے باپ سی اوس نے اپنے دادا سی کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلے
اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اول وقت رضامندی اللہ کی ہی اور درمیانہ وقت اللہ کی
رحمت ہے اور آخر وقت اللہ کی معافی ہی اور فرمایا اللہ تعالی نے پس خرابی ہی اون نمازیوں کیلیے
لیئے جو اپنی نماز سی غافل ہین کہا ابن عباس نے اسکی تفسیر مین اللہ کی قسم نہین ترک کیا
اونہون نے نماز کو ولیکن دیر کی اسکے وقتون سے اور کہا سعد نے مین نے پوچہا رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سی اللہ عز وجل کے قول سے وہ لوگ وہ اپنی نماز سے غافل ہین
فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ وہ لوگ ہین کہ دیر کرتے ہین نماز مین اوسکے
وقت سے اور روایت ہے براء بن عازب رضی اللہ سی اللہ تعالی کے اس قول کی تفسیر مین کہ ضایع
کیا اونہون نے نماز کو اور پیروی کی خواہشونکی پس البتہ ملاقات کرینگے غی کی کہا وہ ایک
وادی ہی دوزخ مین اور کہا ابن عباس نے نہین داخل ہوگا اسمین مگر جسنے ضایع کیا اپنی
نماز کے وقتون کو اور مروی ہی عبد اللہ بن عمرو بن عاص سی اونہون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم سی کہ آپ نے ایک دن نماز کا بیان کیا پہر فرمایا جو شخص محافظت کرے اسپر تو وہ ہوگی اوسکے
لیئے نور اور دلیل اور نجات قیامت کے دن اور جو شخص اسپر محافظت نکرے تو وہ اسکیلیئے

عن أمير المؤمنين علي بن أبي طالب عن النبي صلى الله عليه وسلم
أنه قال من تهاون بصلوته فإن الله عز وجل يعاقبه بخمس
عشرة عقوبة ستة منها قبل الموت وثلاث عند الموت
وثلاث في القبر وثلاث عند خروجه من القبر فأما
الست قبل الموت فأولها أن يرفع عنه اسم الصالحين
والثانية ترفع عنه بركة الحيوة والثالثة ترفع عنه بركة الرزق
والرابعة لا يقبل منه شيء من أعمال الخير حتى يكمل صلوته
والخامسة لا يستجاب دعاؤه والسادسة لا يجعل له في
دعاء الصالحين نصيبا وأما الثلاث التي عند الموت
فأولها يموت عطشانا ولو صببت في حلقه سبعة أبحر ما
يروى والثانية أنه يموت بغتة والثالثة أنه أثقل بحديد
الدنيا وخشبها وأحجارها على رقبته وكتفه أما الثلاث
التي في القبر فيضيق عليه قبره والثانية يظلم عليه القبر و
الثالثة يصير عييا بالقول وأما الثلاث التي عند خروجه
من القبر فأولها يلقى الله عز وجل وهو عليه غضبان والثانية
يكون حسابه شديدا والثالثة وجهه من بين يدي الله
عز وجل إلى النار إلا أن يعفو الله عنه **فصل** الصلوة
خطرها عظيم وأمرها جسيم وبالصلوة أمر الله
تبارك وتعالى رسوله محمدا صلى الله عليه وسلم وأول ما أوحى
الله بالنبوة ثم بالصلوة قبل كل عمل وقبل كل فريضة
في آيات كثيرة منها قوله تعالى اتل ما أوحي إليك من الكتاب
وأقم الصلوة وقال عز وجل إن الصلوة تنهى عن الفحشاء
والمنكر وقال جل وعلا وأمر أهلك بالصلوة واصطبر
عليها لا نسألك رزقا نحن نرزقك فخاطب جميع المؤمنين
فأمرهم بالاستعانة على طاعاته كلها بالصبر والصلوة
فقال يا أيها الذين آمنوا استعينوا بالصبر والصلوة إن الله
مع الصابرين وقال تعالى وأوحينا إليهم فعل الخيرات وإقام
الصلوة وإيتاء الزكوة فذكر الخيرات كلها جملة وهي جميع
الطاعات عن اجتناب جميع المعاصي وأفرد الصلوة

اور اس نے امیر المومنین حضرت علی بن طالب سے اس نے حضرت نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ
آپ نے فرمایا جو شخص حقیر جانے اپنی نماز کو تو اللہ عز وجل اوسکو عذاب کریگا پندرہ
عذاب سے چھ انہین سے موت سے پہلے اور تین موت کے نزدیک اور تین قبر مین اور تین
نزدیک اوس کے نکلنے کے قبر سے پس یہ چھ عذاب موت سے پہلے سو انکا پہلا یہ
ہے کہ اوٹھایا جاتا ہے اُس سے نیکون کا نام اور دوسری اٹھائی جاتی ہے اُس
سے زندگانی کی برکت اور تیسری اٹھائی جاتی ہے اس سے رزق کی برکت اور
چوتھی نہین قبول کیا جاتا اوس سے کوئی نیکی کے کامون مین سے یہانتک کہ
کامل کرے اپنی نماز کو اور پانچوین نہین قبول کیجاتی اوس کی دعا اور چھٹی نہین
کیا جاتا اسکے لئے نیکون کی دعا سے کچھ حصہ ولکن تین عذاب کہ موت کے نزدیک
ہین سو پہلا انکا یہ ہے کہ وہ مرتا ہے پیاسا اگرچہ ڈالے جاوین اوسکے حلق مین
ساتون دریا وہ سیر نہوگا اور دوسری یہ کہ وہ مریگا اچانک اور تیسری یہ کہ
وہ بوجھ لادا جاویگا دنیا کے لوہے اور اوسکی لکڑیون اور اوسکے پتھرون سے
اوسکی گردن اور اوسکی کاندھو نپر ولیکن تین عذاب جو قبر مین ہون گے پس تنگ
کیجاویگی اوسپر اوسکی قبر اور دوسری کیجاویگی اوسپر اوسکی قبر اور تیسری ہوجاویگا
وہ عاجز بات کرنے مین ولیکن تین عذاب جو نزدیک اوسکے اپنی قبر سے نکلنے کے
نزدیک ہین پس انکا پہلا ہے کہ وہ اللہ عز وجل سے ملیگا حالانکہ اللہ اوسپر غصے ہوگا
اور دوسرے اسکا حساب سخت ہوگا اور تیسرے اسکا لوٹنا ہوگا اللہ پاک کے
سامنے سے دوزخ کی طرف مگر یہ کہ اللہ تعالے اسے معاف کردے **فصل** نماز کا
درجہ عظیم ہے اور کام اوسکا بڑا ہے اور نماز کا حکم کیا اللہ تبارک وتعالے نے اپنے
رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اور پہلے وحی کی اللہ نے نبوت کی پھر نماز کی پہلے
ہر عمل کے اور پہلے ہر فرض کے بہت آیتون مین انہین سے ہے اللہ تعالے کا قول تو پڑھ
جو وحی کی گئی تیری طرف اس کتاب سے اور قایم کر نماز اور اللہ عز وجل نے فرمایا
بیشک نماز روکتی ہے بیحیائی اور بری بات سے اور فرمایا اللہ تعالے نے اور حکم کر
اپنے اہل کو نماز کا اور تو صبر کر اوسپر ہم تجھسے نہین مانگتے رزق ہم تجھے رزق دینگے
اور مخاطب کیا تمام مومنونکو پھر انکو حکم کیا مدد لینے کا اپنی طاعت کے سب پر صبر اور نماز
سے پھر فرمایا اے ایمان والو مدد لو صبر اور نماز سے بیشک اللہ پاک صبر کرنیوالون
کے ساتھ ہے اور فرمایا اللہ پاک نے اور وحی کی ہم نے انکی طرف نیکیونکی کرنیکی اور نماز کے قایم
رکھنے کی اور زکوة کے دینے کی پس ذکر کیا نیکیونکا سب کے سب اکٹھا اور وہ سب
طاعت مین ساتھ بچنے کے سب گناہون سے اور علیحدہ کیا نماز کو بیان

بالذكر واوصاهم بها خاصة بالصلوٰة اوصى النبي صلى
الله عليه وسلم امته عند خروجه من الدنيا فقال الله الله
في الصلوٰة وفيما ملكت ايمانكم فهي اخر وصيته صلى الله عليه
وسلم وجاء في الحديث انها اخر وصية كل نبي لامته و
اخر عهده اليهم عند خروجه من الدنيا فالصلوٰة اول
فريضة فرضت عليه صلى الله عليه وسلم وعلى امته وهي اخر
ما اوصى به امته واخر ما يذهب به من الاسلام واول
ما يسأل العبد عنه من عمله يوم القيمة وهي عمود الاسلام و
ليس بعد ذهابها دين ولا اسلام وجاء في الحديث عن
النبي صلى الله عليه وسلم انه قال اول ما تفقدون من دينكم
الامانة واخر ما تفقدون منه الصلوٰة وليصلين اقوام
لا خلاق لهم فتارك الصلوٰة يكفر عند امامنا احمد رحمه الله
اذا تركها جاحدا لوجوبها ووجب قتله لا خلاف في مذهبه
واما ان تركها تهاونا وكسلا مع اعتقاد وجوبها ودعي ليفعلها
فان لم يفعلها حتى تضايق الوقت الذي يليها فيكفر وقتل
بالسيف للكفر بعد ان يستتاب ثلثة ايام كالمرتد وفي
الحالتين يكون ماله فيئا يوضع في بيت مال المسلمين و
لا يصلى عليه ولا يدفن في مقابر المسلمين وعنه لا يجب
قتله في التهاون حتى يترك ثلاث صلوات ويتضايق
وقت الرابعة ويقتل حدا كالزاني المحصن ويجعل حكمه
اموات المسلمين يرث ماله ورثته من المسلمين وقال
الامام ابو حنيفة لا يقتل ولكن يحبس حتى يصلي فيتوب
او يموت في الحبس وقال الامام الشافعي يقتل بالسيف
حدا ولا يكفر والدليل على كفره ما ذكرنا فيما تقدم من الايات و
الاخبار ونزيد عليها ما روي عن جابر بن عبد الله قال
ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ما بين الرجل و
بين الكفر والشرك الا ترك الصلوٰة وروي عن عبد الله بن بريدة
عن ابيه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم بيننا و
بينهم ترك الصلوٰة فمن تركها فقد كفر وروي عن جعفر بن

کرتے ہیں اوران کو اوسکی وصیت کی خاصکر اور نماز کی وصیت کی رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی امت کو نزدیک آپکے تشریف لیجانے دنیا سے پس فرمایا
اللہ سے ڈریو اللہ سے ڈریو نماز میں اور انمین جنکے مالک ہوئے تمہارے داہنے
ہاتھہ پس یہ آخر وصیت ہے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اور آیا ہے حدیث میں کہ یہ
آخر وصیت ہے ہر نبی کی اپنی امت کو اور اسکا آخر عہد ہے انکی طرف نزدیک اوسکے
تشریف لیجانیکے دنیا سے پس نماز پہلا فرض ہے کہ فرض کیا گیا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم پر اور آپ کی امت پر اور یہ نماز آخر وصیت کا ہے اور آپنے وصیت کی اوسکی اپنی
امت کو اور آخر اسچیز کا جس سے دور کیا جاویگا اسلام اور پہلا اسچیز کا کہ پوچھا
جاویگا بندہ اس سے اوسکے عمل سے قیامت کے دن اور یہی اسلام کا ستون ہے اور نہیں
ہے پیچھے اوسکے جانیکے دین اور نہ اسلام اور حدیث شریف میں آیا ہے حضرت نبی
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ آپنے فرمایا کہ پہلی جو تم گم کروگے اپنے دین میں سے امانت
ہے اور آخر اسکا جو گم کروگے دین میں سے نماز ہے اور البتہ نماز پڑھینگی قومیں نہ ہوگا
ان کو کچھ حصہ پس نماز کا تارک کافر ہے ہمارے امام احمد رحمہ اللہ تعالی علیہ کے نزدیک
جب اوسکو ترک کرے دراں حال کہ انکار کرنیوالا ہو اوسکے واجب ہونیکا اور واجب
ہے اسکا قتل کرنا نہیں ہے کوئی خلاف اسکی مذہب میں لیکن اگر ترک کرے سستی سے یعنی
کسالت سے باوجود اعتقاد کے اسکے وجوب کے اور بلایا جاوے تاکہ اوسکو پڑھے پس اگر
وہ اسکو نہ پڑھے یہانتک کہ تنگ ہو جاوے وقت کہ اوسکے متصل ہے تو کافر ہو جاویگا
اور قتل کیا جاویگا تلوار سے بسبب اسکی کفر کے بعد اسکی کہ توبہ طلب کیا جاوے تین
دن مثل مرتد کی اور دونوحالتوں میں اور ہوگا مال اسکا فئے رکہا جاویگا بیت المال میں
مسلمانوں کے اور نہ نماز پڑھی جاوے اوسپر اور نہ دفن کیا جاوے مسلمانوں کی قبروں میں اور
مروی ہے امام احمد سے بیچ ہونے واجب اسکا قتل کرنا سستی کر نہیں یہانتک کہ ترک کرے تین
نمازیں اور تنگ ہو جاوے چوتھی نماز کا وقت اور قتل کیا جاوے حد میں مثل زانی بیاہے ہوئے
کی اور حکم اسکا مسلمان مردوں کی طرح ہے وارث ہوں اسکے مال کے اوسکی وارث مسلمانوں
میں سے اور فرمایا حضرت امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ نے وہ قتل نہ کیا جاوے لیکن قید کیا جاوے یہانتک کہ
نماز پڑھے پس توبہ کرے یا مرجاوے قید میں اور فرمایا حضرت امام شافعی علیہ الرحمۃ نے وہ
قتل کیا جاوے تلوار سے حد میں اور وہ کافر نہیں ہوتا اور دلیلیں اسکے کفر پر وہ ہیں جو
ہمنے بیان کیں جو آگے گذر چکیں آیتوں اور حدیثوں سے اور ہم زیادہ کرتے ہیں اوپر
انکے روایت کیگئی جابر بن عبد اللہ سے کہ تحقیق حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نے فرمایا نہیں ہے درمیان مرد کے اور درمیان کفر اور شرک کے کچھ مگر نماز کا چھوڑنا اور روایت

محمد عن ابیہ قال ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابصر رجلا ینقر فی صلوتہ کما ینقر الغراب فقال لو مات ھذا مات علی غیر دین محمد صلی اللہ علیہ وسلم وعن عطیۃ العوفی عن ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا ترک الرجل صلوتہ متعمدا کتب اسمہ علی باب النار فیمن یدخلہا عن انس بن مالک قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الا من نام عن صلوۃ العتمۃ ولم یصلہا تقول الملئکۃ لا نامت عیناک ولا قرتا حبسک اللہ بین الجنۃ والنار کما حبستنا **فصل** مروی عن الحسن البصری انہ قال کان العلماء من اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقولون خمس واربعون خصلۃ محرم وھن منہی عنہا فی صلوۃ الفریضۃ ھی التنحنح عمدا والتشاغل عمدا والتثاوب عمدا وارتفاع الراس الی السماء لما روی ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یقلب بصرہ فی السماء فنزلت الذین ھم فی صلوتہم خاشعون فطاطا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم راسہ وکانوا یستحبون للرجل ان لا یجاوز بصرہ مصلاہ ومنہا الصاق الحنک بالصدر وفلی الثوب والتمطی وتنفس الصعداء وتغمیض العینین والالتفات فی الصلوۃ لما روی عقبۃ ابن عامر فی قولہ تعالی الذین ھم علی صلوتہم دائمون قال اذا صلوا لم یلتفتوا یمینا ولا شمالا وقالت عائشۃ سالت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن التفات الرجل فی صلوتہ فقال انما ھو اختلاس یختلسہا الشیطان من صلوۃ العبد وقیل جاء طلحۃ یعنی ابن مصرف الی عبد الجبار بن وائل وھو فی القوم فسارہ ثم انصرف فقال عبد الجبار اتدرون ما قال قال رایتک امس التفت وانت تصلی وقد جاء فی الحدیث عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان العبد اذا افتتح الصلوۃ استقبلہ اللہ بوجہہ فلا یصرفہ حتی یکون العبد ھو الذی

محمد سے اوس نے اپنی باپ سی کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک مرد کو دیکہا ٹہونگے مارتا اپنی نمازمین جیسی ٹہونگے مارتا ہے کوا پس فرمایا اگر یہ مریگا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دین کے سوا پر اور روایت ہے عطیہ عوفی سے اس نے ابوسعید خدری سی کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب چہوڑتا ہے کوئی مرد اپنی نماز کو جان کر تو لکہا جاتا ہی اسکا نام دوزخ کے دروازہ پران لوگون مین جو اسمین داخل ہونگے اور روایت ہے انس بن مالک سی کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خبردار ہو جو شخص سو جاتا ہے عشا کی نماز سے اور نہین پڑہتا اسکو تو فرشتے کہتی ہین تیری آنکہین سووین اور نہ ٹہنڈی ہون تجہکو اللہ بند کرے بہشت اور دوزخ کے درمیان جیسا تو نے ہم کو بند کیا **فصل** روایت کی گئی ہی حسن بصری سے کہ کہا تہے علما رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب مین سے کہا کہ پینتالیس خصلتین ہین بُری جن سی منع کیا گیا فرض نمازمین اور وہ کہنکارنا ہے جانکر اور کسی چیز مین مشغول ہونا جانکر اور جمائی لینا جانکر اور اونچا کرنا سر کا آسمان کی طرف اوس روایت کیوجہ سی کہ روایت کیگئی ہی نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی آنکہ پہیرا کرتے تہی آسمان مین پس اتری یہ آیت اور وہ لوگ جو اپنی نمازمین خشوع کرنیوالے ہین پس نیچی کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے سر کو پس صحابہ دوست رکہتی تہے مرد کے لئی کہ نہ پہیری اپنی نظر اپنے مصلے سے اور ان مین سے ہے لگانا گلے کا سینے سے اور جوونکا کپڑے مین تلاش کرنا اور انگڑائی لینا اور لمبی لمبی سانس لینے اور دونو آنکہین بند کرنا اور نماز مین جہانکنا اوس روایت کے لحاظ سے کہ کی عقبہ بن عامر نے اللہ تعالے کے اس قول کی تفسیر مین وہ لوگ ہین جو اپنی نمازمین مداومت کرنیوالے ہین کہا جب وہ نماز پڑہتے ہین اور جہانکتے نہین ہین داہنے اور بائین اور کہا حضرت عائشہ نے مین نے پوچہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مرد کے جہانکنے سی اپنی نمازمین پس آپ نے فرمایا تحقیق یہ جہپٹ ہے کہ جہپٹ لیتا ہی اوس کو شیطان بندے کی نماز سے اور کہا گیا ہی کہ آیا طلحہ یعنے مصرف کا بیٹا عبد الجبار بن وائل کے پاس اور وہ اپنی قوم مین بیٹہا تہا پہر طلحہ نے اس سے پوشیدہ کچہ کہا پہر چلا گیا پہر کہا عبد الجبار نے بہلا تم نے معلوم کیا کہ اوس نے کیا کہا کہا مین نے تجہکو کل دیکہا تو نے جہانکا نماز پڑہتے حالانکہ حدیث مین آیا ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے تحقیق بندہ جب شروع کرتا ہی نماز تو متوجہ ہوتا ہے اس سے اللہ تعالے اپنے منہہ مبارک سے پس وہ منہہ نہین پہیرتا یہانتک کہ وہ بندہ ہی

ينصرف ويلتفت يمينا وشمالا وفي حديث آخر ان العبد
ما دام في صلوته فعله ثلث خصال البر ينثر عليه من
عنان السماء الى مفرق رأسه وملائكة يحفون من لدن قدميه
الى عنان السماء ومناد ينادي لو يعلم المصلي من يناجي
ما انفتل اي التفت وفي انصرف والالتفات مكروه جدا وقد
قيل انه يقطع الصلوة وفيه استخفاف بحرمة الصلوة و
آدابها ومن ذلك الاقعاء في القعود فيها والرد على الامام و
افتراش الذراعين في السجود ووضع الصدر على الفخذين في
السجود وضم الابطين الى الجنبين في السجود بل يفرق
بينهما ولا يلصقهما لانه مروي عن النبي صلى الله عليه وسلم
انه كان اذا سجد لو مرت بهيمة تحت ذراعيه لنفذت و
ذلك لشدة مبالغته في دفع مرفقيه عن ضبعيه وفي حديث
آخر كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا سجد يجافي
بين ضبعيه ومن ذلك تفريق الاصابع في السجود بل
يضمها ووضع اليدين دون الركبتين في الركوع ووضع القدمين
احدهما على الاخرى وتعليقهما من الارض والسدل على الازار
والسراويل والتخليل والتلمظ واسترواط الطعام مقدار
الحبة والحبتين في الفلس ان يرده ويبلعه والنفث باللسان
والنفخ في السجود وتسوية الحصا والمشي عرضا ورفع الصوت
على جليسك في التشهد ومعرفتك من عن يمينك ومن
عن شمالك والايماء والاشارة وبلع الجشاء او ما يخرج من
الحلق والاستعال والتمخط والتبزق والنظر في الثياب و
مسح التراب عن الجبهة قبل ان ينصرف وتسوية الحصا
اكثر من مرة واحدة ونقض موضع السجود والدعاء بعد
التشهد اذا كنت اماما والقعود في المحراب بعد التسليم حتى
يتحرف من مكانه الى يساره والعقد باليد بالاصابع في
الصلوة والعبث باللحية والثوب فيها لما روي عن النبي
صلى الله عليه وسلم انه قال لا ينظر الله الى صلوة لا يحضر
الرجل فيها قلبه مع بدنه وانه صلى الله عليه وسلم

پھرتا ہے نماز سے یا جھانکتا ہے داہنے اور بائیں اور ایک اور حدیث میں ہے کہ
تحقیق بندہ جب تک ہوتا ہے اپنی نماز میں پس اسکیلئے تین خصلتیں ہیں نیکی گرتی ہے
اوسپر طرف سے آسمان کے اوسکے سر کے مانگ پر اور فرشتے گھیر لیتے ہیں اسکو اسکے
قدموں سے آسمان کے بادلوں تک اور ایک پکارنیوالا پکارتا ہے اگر جانے نمازی
اسکو جس سے وہ باتیں کرتا ہے تو وہ نہ پھیرے یعنے دیکھے اور موہنہ نہ پھیرے اور نماز میں
دیکھنا مکروہ ہے البتہ اور بعض نے کہا التفات نماز کو توڑ دیتی ہے اور اسمین
حقارت ہے نماز کی عزت اور اسکے آداب میں اور ان خصلتوں میں سے ہے کتے کی طرح
بیٹھنا نماز کے تشہد میں اور رد کرنا امام پر اور بچھانا دونوں بازوں کا سجدہ
میں اور رکھنا سینے کا دونوں رانوں پر سجدے میں اور جوڑنا دونوں بغلوں کا
دونوں پہلوؤں سے سجدے میں بلکہ فرق کرے دونوں میں اور نہ لگاوے دونوں
کو کیونکہ روایت کیگئی ہے حضرت نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے کہ آپ سجدہ کرتے
تھے تو اگر گذرنا چاہتا بکری کا بچہ آپکے دونوں بازوں کے نیچے سے تو البتہ گذر
جاتا اور یہ سبب سخت مبالغہ کرنیکے تھا آپکے کہنیوں کے اوٹھانے میں اپنی بغلوں سے
اور ایک اور حدیث میں ہے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم جب سجدہ کرتے تھے
تو فرق کرتے درمیان اپنی دونوں بغلوں کے اور ان خصلتوں میں سے جدا کرنا انگلیوں کا
سجدہ میں بلکہ ان کو جوڑے اور رکھنا دونوں ہاتھوں کا سوائے دونوں گھٹنوں کے رکوع میں
اور رکھنا دونوں قدموں کا ایک کا دوسرے پر اور اونکا اٹھانا زمین پر سے اور سدل کرنا
تہبند اور پاجامے پر اور خلال کرنا اور زبان سے کھانیکو پھیرنا اور کھانیکو نگلنا بقدر ایک
دانہ کے اور فلس کو نکالنا اور نگلنا اور تھوکنا زبان سے اور پھونکنا سجدے میں اور برابر
کرنا کنکریونکا اور چلنا عرض میں اور بلند کرنا آواز اپنی پاس بیٹھنے والے پر تشہد میں اور
تیرا پہچاننا اس شخص کو جو تیرے داہنے ہے اور اسکو جو تیرے بائیں ہے اور ایما اور اشارہ
کرنا اور نیچے لیجانا ڈکار کا یا اس چیز کا جو حلق سے نکلتی ہیں اور کھانسی کرنا اور [illegible]
اور تھوکنا اور نظر کرنا اپنی کپڑوں میں اور پونچھنا مٹی کا اپنے ماتھے سے پہلے نماز سے پھرنے کے
اور برابر کرنا کنکریونکا زیادہ ایک بار سے اور صاف کرنا سجدے کی جگہ کو اور دعا کرنا
بعد تشہد کے جب تو امام ہو اور بیٹھے رہنا محراب میں سلام پھیرنے کے بعد یہانتک کہ پھرے
اپنی مکان سے اپنی بائیں طرف اور گرہ کرنی ہاتھ کی انگلیوں سے نماز میں اور کھیلنا داڑھی
کی اور کپڑے سے نماز میں اوس روایت کیوجہ سے کہ کیگئی حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ
نے فرمایا نہیں نظر کرتا اللہ تعالی اوس نماز کی طرف جسمیں مرد نہ حاضر کرے
اپنے دل کو اپنے بدن کے ساتھ اور دیکھا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے

رجلاً يعبث بلحيته فقال لو خشع قلب هذا لخشعت
جوارحه ونظر الحسن الى رجل يعبث بالحصا وهو يقول
اللهم زوجني من الحور العين فقال بئس الخاطب انت
تخطب وانت تعبث وقال عبد الرحمن بن عبد الله عن عبد الله
انه قال لينتهين اقوام يرفعون ابصارهم الى السماء او لا ترجع
اليهم ابصارهم يعني في الصلوة وقال الاوزاعي يكون الرجلان
في الصلوة وبين احدهما وبين الآخر كما بين السماء والارض
هذا مقبل على الله تعالى بقلبه وهذا لاه وساه وقد صح الخبر
عنه صلى الله عليه وسلم وقال المصلي من لم يصل نصفها
فذكر الى عشرها يعني بذلك ما عقل منها وحضر قلبه
فيها وفي حديث آخر انه قال صلى الله عليه وسلم المصلي اربع
مائة صلوة وللمصلي مائتا صلوة وللمصلي مائة وخمسون
صلوة وللمصلي سبعون صلوة وصلوة بخمسين صلوة
وصلوة بسبع وعشرين صلوة وصلوة بعشر صلوات
وصلوة بصلوة واحدة فالذي يكتب له اربعمائة صلوة
هو الذي يصلي بمكة في البيت الحرام مع الامام في الجماعة
بعد ان لا تفوته التكبيرة الاولى والذي يكتب له مائتا
صلوة فهو الامام الذي يؤم بالناس بعد ان يعرف احكام
الصلوة والذي يكتب له مائة وخمسون صلوة فهو
المؤذن والذي له سبعون صلوة فهو الذي يستاك و
يسبغ وضوءه ويصلي في الجامع في الجماعة والذي يكتب له
خمسون صلوة فهو الرجل الذي يصلي في الجامع مع الامام
في الجماعة ويكون قد فاتته تكبيرة الاحرام والذي يكتب
له سبع وعشرون صلوة فهو الرجل الذي يسبغ وضوءه
ويصلي في المسجد في الجماعة ولا تفوته تكبيرة الاحرام والذي
يكتب له عشر صلوات فهو الرجل الذي يلحق الجماعة
قد فاتته تكبيرة الاحرام والذي يكتب له صلوة واحدة
فهو الذي يصلي وحده في غير جماعة والذي لا صلوة له
فهو الذي يصلي ولا ينقر في سجوده كنقر الديك ولا يتمو

ایک مرد کو کھیلتا اپنی ڈاڑھی سے پس فرمایا اگر ڈرتا اوس شخص کا دل تو ڈرتے
اوسکے اعضا اور دیکھا حسن نے ایک مرد کیطرف کہ کھیلتا تھا کنکریسے اور وہ کہتا
تھا یا اللہ مجھے نکاح کر دیجو حور عین سے پس کہا تو برا خطبہ کرنیوالا ہے تو خطبہ کرتا ہے
اور کھیلتا ہے اور کہا عبد الرحمن بن عبد اللہ نے روایت کرکے عبد اللہ سے کہ اُس
نے کہا البتہ ہٹ جاوینگی قومیں کہ اٹھاتی ہیں اپنی آنکھیں آسمان کی طرف یا نہ لوٹیں گی
انکی آنکھیں انکیطرف یعنی نماز میں اور اوزاعی نے کہا دو مرد ہوتے ہیں نماز میں اور
انکے ایک کے درمیان اور دوسرے کے درمیان فرق ہوتا ہے جیسا فرق ہے درمیان آسمان
اور زمین کے یہ شخص متوجہ کرنیوالا ہے اللہ عز وجل کیطرف اپنے دل کو اور یہ دوسرا کھیلنے والا
اور بھولنے والا ہے اور تحقیق صحیح ہوئی ہے حدیث آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی انہوں نے فرمایا البتہ
نمازی ہے کہ اوسکیلئے اوسکی نماز میں سے نماز کا نصف ہے پس ہے بیان کیا نماز کے دسویں حصے تک آپ
مراد رکھتے تھے اس سے جو کچھ سمجھا اوسنے نماز سے اور حاضر کیا اپنا دل اوسمیں اور ایک اور
حدیث میں ہے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک نمازی کیلئے چار سو نماز ہے
اور ایک نمازی کیلئے دو سو نماز ہے اور ایک نمازی کے لئے ڈیڑھ سو نماز ہے اور ایک نمازی
کیلئے ستر نمازیں ہیں اور ایک نماز برابر ہے پچاس نمازوں کے اور ایک نماز برابر ہے ستائیس
نمازوں کے اور ایک نماز برابر ہے دس نمازوں کے اور ایک نماز برابر ہے ایک نماز کے
پس جسکے لیئے لکھی جاتی ہیں چار سو نمازیں پس وہ شخص ہے جو نماز پڑھتا ہے مکہ میں بیت الحرام
میں امام کے ساتھ جماعت میں بعد اسکے کہ اوس سے نہ فوت ہو تکبیر اولے اور جس کے
لکھے جاتے ہیں دو سو نمازیں پس وہ امام ہے جو لوگوں کی امامت کرتا ہے بعد اسکے کہ جانتا ہے
نماز کے احکام کو اور جس کیلئے لکھی جاتی ہے ڈیڑھ سو نمازیں پس وہ مؤذن ہے اور جسکے
لیئے لکھی جاتی ہیں ستر نمازیں پس وہ شخص ہے جو مسواک کرتا ہے اور پورا کرتا ہے وضو اپنا اور
نماز پڑھتا ہے جامع مسجد میں جماعت میں اور جسکیلئے لکھی جاتی ہیں پچاس نمازیں پس
وہ مرد ہے جو نماز پڑھتا ہے جامع مسجد میں امام کے ساتھ جماعت میں اور رہا اوس
سے فوت ہوئی تکبیر تحریمہ اور جسکیلئے لکھی جاتی ہیں ستائیس نمازیں پس وہ مرد ہے جو اپنا
وضو پورا کرتا ہے اور نماز پڑھتا ہے مسجد میں جماعت میں اور نہیں فوت ہوئی اوس
سے تکبیر تحریمہ اور جسکیلئے لکھی جاتی ہیں دس نمازیں پس وہ مرد ہے جو ملتا ہے جماعت میں اور
اوس سے فوت ہو گئی ہے تکبیر اولے اور جس کے لیئے لکھی جاتی ہے نماز ایک پس وہ
مرد ہے جو نماز پڑھتا ہے اکیلا سوا جماعت کے اور وہ شخص جس کے لیئے نماز
ہی نہیں ہے وہ شخص ہے جو نماز پڑھتا ہے اور ٹھونگے مارتا ہے اپنے
سجدے میں مرغ کے ٹھونگے مارنے کی طرح اور نہیں پورا کرتا

رکوعها وسجودها وهو الذي تطوى صلوته كالثوب
الخلق ويضرب بها وجه صاحبها ويقال له لا حفظك
الله كما لم تحفظ صلوتك **فصل** وينبغي لكل مصل
أن يقدم النية لصلوته ويمثل الكعبة البيت الحرام أمامه
ونصب عينيه على ما تقدم بيانه في أول الكتاب ويتيقن قيامه
بين يدي الله تعالى ولا يشك أنه بعين الله منتصب حيث
يراه لقوله تعالى الذي يراك حين تقوم وتقلبك في الساجدين
ولقول الرسول صلى الله عليه وسلم اعبد الله كأنك تراه
فإن لم تكن تراه فهو يراك وينوي الصلوة الفريضة بعينها
بالأداء والقضاء فهو أولى ويرفع يديه إلى فروع أذنيه أو
حذو منكبيه قد بينا صفة ذلك في أول الكتاب وهل
يضم الأصابع بعضها إلى بعض أو يفرقها على روايتين
وإذا رفع يديه وكبر كأنه رفع الحجاب الذي بينه وبين
الله تعالى فوصل في المكان الذي لا يجوز الالتفات فيه ولا
التشاغل عنه لعلمه أنه بعين من يرى حركته ويعلم ما
يتلجلج في نفسه وينطوي عليه سره وقلبه فينظر موضع سجوده
ولا يلتفت يمينا وشمالا ولا يرفع رأسه إلى السماء وإذا قال
سبحانك اللهم وبحمدك وتبارك اسمك وتعالى جدك و
لا إله غيرك فليعلم أنه يخاطب من هو سامع منه مقبل عليه
ناظر إليه لا يخفى عليه موضع شعرة ولا حركة جارحة
عنه وكذلك قوله إياك نعبد وإياك نستعين اهدنا
الصراط المستقيم يعقل ما يقول ويدري لمن يخاطب
بهذا الخطاب ولا ينسى مع ذلك الخشوع والتحفظ حذرا
من وقوع السهو عليه فيما هو بحياله وما يلي فيه فيأتي بإحدى
عشرة تشديدة في الفاتحة ويحذر اللحن الذي يغير المعنى
فيها فإن قراءتها فريضة وهي ركن تبطل الصلوة بتركها
ومع ذلك يرى كأنه واقف على الصراط والجنة عن يمينه
بصفتها والنار عن شماله بما فيها وأنه بصلوته مستيقن
ما وعد الله عز وجل بها إذا صحت صلوته من ثواب الجنة

رکوع اور سجدہ اور یہ وہ شخص ہے جسکی نماز لپیٹی جاتی ہے پرانے کپڑے کیطرح
اور وہ ماری جاتی ہے اوسکے پڑھنے والے کے منہ پر اور اوس سے کہا جاتا ہے نہ نگاہ
رکھے تجھکو اللہ تعالےٰ جیسے تو نے نہیں نگاہ رکھا نماز کو **فصل** اور واجب ہے ہر نمازی کو آگے
کرنا نیت کا اپنی نماز کیلئے اور خیال کرنا کعبہ بیت الحرام کو آپنے آگے اور رکھے
دونوں آنکھیں جیسا گذر چکا اسکا بیان اس کتاب کے شروع میں اور یقین کرے آپنے
کھڑے ہونیکو اللہ تعالےٰ کے سامنے اور نہ شک کرے بیشک وہ اللہ تعالی کی نظر میں کھڑا
ہے اسلیئے کہ وہ اوسکو دیکھتا ہے اللہ تعالےٰ کے اس قول کی دلیل سے اور وہ یہ ہے اللہ جو تجھکو
دیکھتا ہے جب تو کھڑا ہوتا ہے اور تیرا پھرنا سجدہ کرنیوالوں میں اور یہ دلیل فرمودہ رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جو اللہ کی عبادت کر گویا کہ تو اوسکو دیکھتا ہے پس اگر نہ ہو
تو اوسکو دیکھتا سو وہ تو تجھکو دیکھتا ہے اور نیت کرے فرض نماز کی اوسکو معین کر کے ادائی
اور قضائی سے پس یہ بہتر ہے اور اوٹھاوے اپنے دونوں ہاتھ اپنے کانوں کی لووں تک یا
اپنے کاندھوں کی برابر اور تحقیق ہم بیان کر چکے صفت اوسکی اس کتاب کے شروع میں
اور بہلا جوڑے اپنی انگلیاں بعض کی بعض کیطرف یا انکو کھولے دو روایتوں پر
اور جب اٹھاوے اپنے دونوں ہاتھ اور تکبیر کہے تو گویا اوسنے اٹھا دیا وہ پردہ جو اوسکے
درمیان اور اللہ تعالےٰ کے درمیان تھا پس پہونچیگا اس مکان میں جسمیں نہیں جائز ہے
التفات کرنا اور نہ مشغول ہونا اوس سے بسبب انکی جاننے کی یہ کہ وہ اس شخص کی نظر میں ہے
جو دیکھتا ہے اسکی حرکت اور جانتا ہے جو کچھ اوسکے جی میں آتا ہے اور لپیٹا ہے اوسپر اوسکا بھید
اور اسکا دل پس وہ دیکھے اپنے سجدہ کی جگہ کو اور نہ دیکھے دائیں اور بائیں اور نہ اٹھاوے
اپنا سر آسمان کی طرف اور جب کہے تو پاک ہے اے اللہ اور تیری ہی تعریف کرتا ہوں
اور برکت والا ہے تیرا نام اور بلند ہے تیری بزرگی اور نہیں کوئی معبود سوا تیرے تو جانے کہ بیشک
اوسے خطاب کرتا ہے جو اوسکی سننے والا ہے اور متوجہ ہے اوسکیطرف جسپر نہیں پوشیدہ اوسکی
ایک بال کی جگہ اور نہ اوسکے کسی عضو کی حرکت اور اسی طرح اسکو قول کہ تیری
ہی ہم عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد مانگتے ہیں دکھا ہمکو رستہ سیدھا سمجھے جو کہتا ہے
اور جانے کہ وہ کس شخص سے خطاب کر رہا ہے اس خطاب سے اور نہ بھولے باوجود اسکے خشوع
اور نگہبانی کو بسبب ڈرنے کے اوسپر سہو واقع ہو جانے سے جسکے لیئے وہ کھڑا ہوا ہے اور جسمیں مائل ہے
اور ادا کرے گیارہ تشدید سورہ فاتحہ میں اور بچے اس لحن سے جو معنی کو بدل دیتا ہے اور
کیونکہ اسکا پڑھنا فرض ہے اور وہ رکن ہے باطل ہو جاتی ہے نماز اوسکی ترک کرنے سے اور باوجود
اسکے وہ دیکھے گویا وہ کھڑا ہے پل پر اور تحقیق بہشت اوسکی داہنی طرف ہے اپنی صفت سمیت
اور دوزخ اسکی بائیں طرف ہے سمیت اسکی جو اسمیں ہے اور یہ کہ اپنی نماز سے پاویگا جو کچھ وعدہ

ومستحصن بها من تحميد الله بعقاب النار كل ذلك
بتيقن من قلبه حضور من عقله ويعتقد مع ذلك انه يصلي
صلوة مودع لا يشك انها تعرض على الله تعالى وانه لا يصل منها
الا ما يصل عند الله فقط ثم يأخذ بقرأة ما تيسر من السور اكمل
وهي اولى من قرأة اواخرها واواسطها ويكون منصتا الى
ما يقرأه متفهما الى ما يلفظ ويتلوا وكذلك اذ كان ماموما
ينصت الى قرأة الامام ويفهمها ويتعظ بمواعظها و
زواجرها ويعتقد امتثال اوامرها والانتهاء عن نواهيها
هكذا الى ان تنتهي السورة فاذا فرغ من القرأة ثبت قائما
وسكت حتى يرجع اليه نفسه قبل ان يركع ولا يصل قرأته
بتكبيرة الركوع ثم يكبر ويرفع يديه الى فروع اذنيه او
حذو منكبيه على ما بينا في اول الكتاب فاذا انقضى التكبير
حط يديه ثم انحط من قيامه للركوع ويلقم راحتيه
ركبتيه ويفرق بين اصابعه ويعتمد على ضبعيه وساعديه و
يسوي ظهره ولا يرفع راسه ولا يخفض فينكسه فقد جاء
عن النبي صلى الله عليه وسلم انه كان اذا ركع لو كانت قطرة
ماء على ظهره ما تحركت عن موضعها وجاء عنه صلى الله عليه وسلم
انه كان اذا ركع لو كان قدح من ماء على ظهره ما تحرك عن
موضعه وذلك لاستواء ظهره صلى الله عليه وسلم ويقول
سبحان ربي العظيم ثلاثا وهو ادنى الكمال قال الحسن
البصري التسبيح التام سبع والوسط من ذلك خمس وادناه
ثلث تسبيحات ثم يرفع راسه سمع الله لمن حمده فينتصب معتدلا
فيطمئن مترسلا يديه ثم ينحط للسجود مكبرا فيبدأ بوضع
ركبتيه على الارض ثم يديه ثم جبهته وانفه متمكنا من الارض
ويطمئن في سجوده ويتوجه بكل عضو منه جزء الى القبلة وقد
جاء في الحديث عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قال امرت
بالسجود على سبعة اعظم وفي حديث آخر ان العبد يسجد على
سبعة اعضاء فاي عضو منها ضيعه لم يزل ذلك العضو
يلعنه كذا روي في سجوده منقبضا لا ينبسط على الارض ولا

اور پناہ لیتے الا ہی اللہ تعالے کے ڈر کے وعدے دوزخ کے عذاب سے ان سب کا یقین
کرے اپنے دل سے اور اپنی عقل کے حاضر کر لینے سے اور اعتقاد کرے اسکے ساتھ یہ کہ وہ نماز پڑھتا
ہے وداع کرنیوالے کی نماز کیطرح اور شک نہ کرے کہ یہ نماز پیش کیجاوے گی اللہ تعالے کے آگے
اور یہ کہ نہیں صحیح ہے واسطے اسکے اس نماز میں سے مگر وہی کہ صحیح ہے اسکے لئے اللہ کے پاس فقط پھر
پڑھے جو آسان ہو کامل سورتوں سے اور یہی بہتر ہے قرأت میں انکے آخر سے اور انکے درمیان میں سے
اور رہے چپکا متوجہ اسکی طرف جو پڑھتا ہے سوچنے والا اسکی طرف جو بولتا اور پڑھتا ہے اور اسی
طرح اگر وہ مقتدی ہے تو چپکا رہے طرف امام کے پڑھنے کے اور اسکو سوچے اور نصیحت پکڑے اسکی نصیحتوں
سے اور اسکی جھڑکیوں سے اور اعتقاد کرے عمل کرنیکا اسکے حکموں پر اور باز رہنے کا اسکی روکوں سے
یہانتک کہ تمام ہوجاوے سورت پس جب فارغ ہو قرأت سے تو ثابت رہے کھڑا اور چپ کر رہے
یہانتک کہ پھر آوے اسکی طرف سانس اسکا رکوع کرنے سے پہلے اور نہ متصل کرے اپنی قرأت کو
رکوع کی تکبیر سے پھر تکبیر کہے اور اٹھاوے اپنے دونوں ہاتھ اپنے دونوں کانوں کی لووں تک یا
برابر اپنے دونوں کاندھوں کے جیسا ہمنے بیان کیا شروع میں اس کتاب کے پھر جب پوری ہو چکے
تکبیر تو گرا دے اپنے دونوں ہاتھ پھر آپ گرے اپنے قیام سے رکوع کیلئے اور لقمہ کر لیوے اپنی دونوں
ہتھیلیوں سے اپنے دونوں گھٹنوں کا اور فرق کرے اپنی انگلیوں کے درمیان اور تکیہ کرے اپنی
بغلوں اور بازوؤں پر اور برابر کرے اپنی پیٹھ کو اور نہ اونچا کرے سر کو اور نہ نیچا کرکر
ایسا کہ نیچے جھکا وے اسکو پس تحقیق آیا ہے حضرت نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ آپ جب
رکوع کیا کرتے تھے تو اگر ہوتا ایک قطرہ پانی کا آپ کی پیٹھ پر تو نہ ہلتا اپنی جگہ سے اور آیا ہے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ آپ جب رکوع کیا کرتے تھے تو اگر ہوتا پیالہ پانی کا
آپکی پیٹھ پر تو نہ ہلتا اپنی جگہ سے اور یہ سبب برابر ہونے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیٹھ
کے تھا اور کہے میں پاکی بولتا ہوں اپنے رب بزرگ کی تین بار اور یہ کامل تسبیح ادنی ہے اور
کہا حسن بصری نے پوری تسبیح سات بار ہے اور اس سے درمیانی پانچ بار اور اسکی ادنی تین تسبیح
ہیں پھر اٹھاوے اپنا سر سمع اللہ لمن حمدہ کہتا پھر کھڑا رہے برابر بس آرام سے چھوڑے ہوئے
اپنے دونوں ہاتھ پھر گرے سجدے کو پس شروع کرے رکھنے دونوں گھٹنے رکھنے میں زمین پر پھر اپنے دونوں
ہاتھ پھر اپنا ماتھا اور ناک اور جگہ دیوے زمین سے اور آرام کرے اپنے سجدے میں اور متوجہ کرے
اپنے ہر جوڑ کو اور عضو کو قبلہ کی طرف اور آیا ہے حدیث شریف میں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم سے کہ آپنے فرمایا میں حکم کیا گیا ہوں سجدہ کرنیمیں سات جوڑوں پر اور آیا ہے اور
حدیث میں سے کہ تحقیق بندہ سجدہ کرتا ہے سات جوڑوں پر پس جونسے جوڑ کو ان
میں سے وہ ضایع کرتا ہے تو وہ جوڑ اوس کو ہمیشہ لعنت کرتا رہتا ہے اور اپنے
سجدے میں آپکو بند کرنیوالا ہو نہ بچھے زمین پر اور نہ پھیلاوے

يفترش ذراعيه بل يضع اصابع يديه على الارض حتى يحاذي
بها اذنيه ومنكبيه الموضع الذي يستحب رفع اليد اليه في التكبير
في حال القيام ولا يضعهما حذاء راسه ويضم اصابعه و
يوجهها نحو القبلة ويبين العضدين عن الجنبين والفخذين عن
الساقين والبطن عن الارض على ما تقدم بيانه ويقول في سجوده سبحان
ربي الاعلى ثلاثا كالركوع ثم يرفع راسه مكبرا ويجلس على رجله
اليسرى وينصب اليمنى ويقول رب اغفر لي ثلاثا ناظرا الى حجره ثم
يسجد ثانية كذلك ثم يرفع راسه مكبرا من الارض ثم يديه ثم
ركبتيه معتمدا على ركبتيه فينهض على صدور قدميه ولا يقدم
احدى رجليه فانه مكروه وقيل انه يقطع الصلوة روي ذلك
عن ابن عباس ويفعل كذلك في الركعة الثانية فاذا جلس للتشهد
الاول جلس على رجله اليسرى وينصب رجله اليمنى ويوجه اصابعه
نحو القبلة ويضع يده اليسرى على فخذه اليسرى ويده اليمنى على فخذه
اليمنى ويشير باصبعه التي تلي الابهام وهي السبابة ويحلق الابهام
مع الوسطى ويقبض الخنصر والبنصر ويكون ناظرا الى اصبعه
من اول تشهده الى اخره لما روي عن النبي صلى الله عليه وسلم
انه قال اذا كان احدكم في الصلوة فجلس فلا يعبث بشيء فانه
يناجي ربه ولكن يجعل يده اليسرى على فخذه اليسرى ويده اليمنى
على فخذه اليمنى ثم ليكن قلبه وبصره الى اصبعه فانها مذبة
للشيطان ويتشهد فيقول التحيات لله والصلوات والطيبات
السلام عليك ايها النبي ورحمة الله وبركاته السلام علينا و
على عباد الله الصالحين اشهد ان لا اله الا الله واشهد ان محمدا
عبده ورسوله ثم يقوم مكبرا فيقرء الفاتحة فحسب ويركع ويسجد
كذلك ثم يصلي الركعة الرابعة كذلك ثم يجلس للتشهد فياتي
به على ما ذكرنا فاذا بلغ الى عبده ورسوله قال اللهم صل على
محمد وعلى آل محمد كما صليت على ابراهيم انك حميد مجيد وبارك
على محمد وعلى آل محمد كما باركت على ابراهيم انك حميد مجيد وعن
امامنا احمد رواية اخرى انه يشترط ذكر ابراهيم حتى يقول
على ابراهيم وعلى آل ابراهيم وهذا آخر التشهد ويستحب له

اپنے بازوون کو بلکہ رکھے اپنے دونوں ہاتھوں کی انگلیاں زمین پر یہانتک کہ برابر کرے
انکو اپنے دونوں کانوں کے یا اپنے دونوں کاندھوں کے جسجگہ مستحب ہے ہاتھ کا اوٹھانا تکبیر مین
قیام کی حالت مین اور نہ رکھے انگلیوں کو اپنے سر کے برابر اور جوڑے اپنی انگلیوں کو اور ان
کو سامنے کرے قبلہ کیطرف اور جدا رکھے اپنے دونوں بازوون کو اپنے پہلوؤن سے اور رانون
کو پنڈلیوں سے اور پیٹ کو زمین سے جیسا کہ گذر چکا اسکا بیان اور کہے اپنے سجدے مین
مین پاکی بولتا ہوں اپنے رب بلند کی تین بار رکوع کیطرح پہر اوٹھاوے اپنے سر کو تکبیر
کہتا اور بیٹھے اپنے بائین پاؤن پر اور کہڑا کرے داہنا پاؤن اور کہے اے میرے اللہ بخش مجھ
کو تین بار دیکھتا اپنی گود کیطرف پہر سجدہ کرے دوسری بار اسی طرح پہر اپنا سر اوٹھاوے
تکبیر کہتا زمین سے پہر اپنی دونوں ہاتھ پہر اپنے دونوں گھٹنے تکیہ کرنا اپنے دو گھٹنوں پر پہر اوٹھے
اپنے دونوں قدموں پر اور نہ آگے کرے دونوں پاؤن مین سے ایک کو کیونکہ یہ مکروہ ہے اور بعض نے
کہا کہ یہ نماز توڑ دیتا ہے روایت کیا گیا ہے یہ ابن عباس سے اور اسی طرح کرے دوسری
رکعت مین پہر جب بیٹھے تشہد پہلے کیلئے تو بیٹھے اپنے بائین پاؤن پر اور کہڑا کرے اپنا
داہنا پاؤن اور متوجہ کرے اپنی انگلیاں طرف قبلہ کے اور رکھے اپنے بائین ہاتھ کو اپنی بائین
ران پر اور داہنا ہاتھ اپنی داہنی ران پر اور اشارہ کرے اپنی اس انگلی سے جو متصل ہے
انگوٹھے کے اور وہ سبابہ ہے اور حلقہ کرے انگوٹھے سے درمیان کی انگلی کے ساتھ اور قبض کرے
خنصر اور بنصر کو اور دیکھتا رہے اپنی انگلی کیطرف اپنے تشہد کے شروع سے اسکے آخر تک اسلئے کہ
روایت کیگئی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ آپنے فرمایا کہ جب تم مین سے کوئی نماز مین
پہر وہ بیٹھے تو نہ کہیلے کسی چیز سے کیونکہ وہ باتین کرتا ہے اپنے رب سے ولیکن کرے اپنے بائین ہاتھ کو اپنی
بائین ران پر اور اپنے داہنے ہاتھ کو اپنی داہنی ران پر پہر چاہئے کہ ہو اسکا دل اور اسکی آنکھ اپنی
انگلی کیطرف کیونکہ وہ بھگانیوالی ہے شیطان کو اور تشہد پڑہے پس کہے سب قولی اور عبادتین
اللہ ہی کو ہیں اور سب بدنی عبادتین اور سب مالی عبادتین سلام ہو آپ پر اے نبی اور اللہ کی
رحمت اور اسکی برکتین سلام ہو ہمپر اور اللہ کے نیک بندون پر مین گواہی دیتا ہون کہ نہین
کوئی معبود سوا اللہ کے اور مین گواہی دیتا ہون کہ بیشک حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اوسکے بندے اور اوسکے رسول ہین پہر کہڑا ہو تکبیر کہتا پہر پڑہے سورہ فاتحہ ہی فقط اور
رکوع کرے اور سجدہ کرے اسی طرح پہر پڑہے چوتھی رکعت اسی طرح پہر بیٹھے تشہد کیلئے پس پورا
کرے اسکو جسطرح ہمنے بیان کیا ہے پہر جب پہنچے عبدہ ورسولہ تک تو کہے یا اللہ رحمت بھیج
حضرت محمد پر اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر جیسی بھیجی تونے رحمت حضرت ابراہیم
علیہ السلام پر بیشک تو سراہا گیا بزرگی والا ہے اور برکت بھیج حضرت محمد پر اور حضرت محمد کی آل پر
جیسے بھیجی تونے برکت حضرت ابراہیم علیہ السلام پر بیشک تو سراہا گیا بزرگی والا ہے اور ہمارے امام احمد

ان یستعیذ من اربع فیقول اللهم انی اعوذ بک من عذاب
جهنم ومن عذاب القبر ومن فتنة المسیح الدجال ومن فتنة
المحیا والممات ثم یدعو فیقول اللهم انی اسالک من الخیر کله
ما علمت منه وما لم اعلم واعوذ بک من الشر کله ما
علمت منه وما لم اعلم اللهم انی اسالک من خیر ما سالک
عبادک الصالحون واعوذ بک من شر ما استعاذ منه عبادک
الصالحون اللهم انی اسالک الجنة وما قرب الیها من
قول وعمل واعوذ بک من النار وما قرب الیها من قول و
عمل ربنا اتنا فی الدنیا حسنة وفی الاخرة حسنة وقنا عذاب
النار ربنا اغفر لنا ذنوبنا وکفر عنا سیاتنا وتوفنا مع الابرار
ربنا واتنا ما وعدتنا علی رسلک ولا تخزنا یوم القیمة انک
لا تخلف المیعاد وان زاد علی ذلک جاز الا ان یکون اماما
فیطول ذلک علی الماموین فالمستحب الاقتصار حفظا
لقلوبهم لعل ان یکون فیهم ذو الحاجة ثم یسلم ویدعو لنفسه
وللوالدین وللمسلمین ویکون فی جمیع ذلک متخوفا من ترک قبولها
وکیف قد وقعت عند الله عز وجل لا اطلاع الا لربها
المثیب علیها والمعاقب علیها عند اسائتها فاذا خرج منها
عرضها علی العلم فان شهد لها ببراءة الساحة وسلامتها
من الزلل حمد الله تعالی واثنی علیه اذ جعله اهلا لذلک وان
وجد فیها نقصانا وخللا تاب الی الله عز وجل واستغفر
الله وتاهب واجتهد فی التحفظ فی التی بعدها والصلوة
المقبولة علامة بینة والمردودة علامة فعلامة المقبولة
نهیها وکفها لصاحبها عن الفواحش والمنکر وترغیبه فی الخیر
وتجدید نیته فی الصلاح والازدیاد من الطاعات وفعل
الخیرات والرغبة فی المثوبات والتباعد عن الاسواء وکراهة المعاصی
والخطیئات لقول الله عز وجل ان الصلوة تنهی عن الفحشاء
والمنکر ولذکر الله اکبر وهذا الذی ذکرنا یشترک فیه الامام
والماموم والمنفرد فاما ارکان الصلوة وواجباتها و
مسنوناتها فقد ذکرناها فی اول الکتاب والله الموفق للصواب

پناہ لینی چار چیزونسی یعنی کہے یا اللہ تحقیق پناہ لیتا ہون تجہسی دوزخ کے عذاب سے اور قبر
کے عذاب سے اور مسیح دجال کے فتنے سے اور زندگی اور موت کے فتنے سے پہر دعا کرے یعنی کہے
یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجہسے ساری بہلائی سے جو مین اُس سے جانتا ہون اور جو نہین
جانتا اور مین تجہسی پناہ لیتا ہون تمام برائی سے اور مین اُس سے جانتا ہون اور جو نہین
جانتا یا اللہ تحقیق مین تجہسی مانگتا ہون اوس چیز کی بہلائی سے کہ تجہسے مانگی تیرے نیک بندون نے
اور مین تجہسی پناہ لیتا ہون اوس چیز کی برائی سے کہ پناہ لی اوس سے تیرے نیک بندون نے یا اللہ
تحقیق مین تجہسی مانگتا ہون بہشت اور اُس سے جو نزدیک کرے اسکی طرف قول اور عمل مین
سے اور مین تجہسی پناہ لیتا ہون دوزخ سے اور اس سے جو نزدیک کرے اسکی طرف قول اور عمل
مین سے ای ہمارے پروردگار ہم کو دے دنیا مین بہلائی اور آخرت مین بہلائی اور ہم کو بچا دوزخ
کے عذاب سے ای پروردگار بخشدے ہمارے لیے گناہ ہمارے اور دور کر ہم سے ہماری برائیان اور
ہمین مار نیکون کے ساتہہ ای ہمارے پروردگار اور ہم کو دے جو تو نے ہم سے وعدہ کیا اپنے پیغمبرون
پر اور ہمین خوار نہ کریو قیامت کے دن تو بیشک خلاف نہین کرتا اپنا وعدہ اور اگر
اسپر زیادہ کرے تو جائز ہے مگر یہ کہ وہ امام ہو پہر لنبا کرے اپنے مقتدیون پر پس مستحب ہے اسکا
کم کرنا واسطے نگاہ رکہنے کے انکی دلون کو شاید ہوا ون مین حاجت والا پہر سلام پہیرے اور
دعا کرے اپنے نفس کے لیے اور اپنے ماباپ اور مسلمانون کیلئے اور وہ ان سب مین ڈرنیوالا ہو
نماز کے انجام سے اور اسکو مگر نہ ڈرے حالانکہ تحقیق وہ واقع ہوئی ہے اللہ عز وجل پاس جو اسکی
طرف بلانیوالا ہے اسکا حاکم کرنیوالا اسپر ثواب دینے والا اور عذاب کرنیوالا ہے اوسپر اسکے
خراب کرنیکے نزدیک پہر جب اوس سے نکلے تو پیش کرے اسکو علم پر پس اگر وہ گواہی دے
اوسکے لیے اوسکے میدان کی پاکی کی اور اسکی حرج کی سلامتی کی تو اللہ پاک کی تعریف کرے
اور اسپر ستایش کرے کیونکہ اوسنے اوسکو کیا لایق اسکے اور اگر پاوے اسمین کچھہ نقصان اور خلل
تو توبہ کرے اللہ عز وجل کیطرف اور اللہ پاک سے بخشش مانگے اور قصد کرے اور کوشش
کرے نگہبانی کرنیمین اوس نماز مین جو اسکے بعد ہے اور مقبول نماز کیلیے علامت ظاہر ہے
اور مردود نماز کیلیے بہی علامت ہے پس علامت مقبول نماز کی اوسکا روکنا اور بند کرنا اپنے پڑہنے
والیکو بیحیایون اور بری باتون سے اور اسکا رغبت دینا ہے بہلائی مین اور نئی سے اسکی
نیت کے نیک ہونیمین بہلے کام مین اور زیادہ کرنیمین عبادتونسی اور کرنیمین نیکیونسی اور رغبت کرنیمین ثوابون
مین اور اوسکا روکنا برائیونسی اور برا جاننا گناہون اور خطاون کو بدلیل فرمانے اللہ عز وجل
کے یہ کہ بیشک نماز روکتی ہے بیحیائی اور بری باتسے اور بیشک اللہ کا ذکر بہت بڑا ہے اور یہ جو
کچھہ ہم نے بیان کیا شریک ہے اوسمین امام اور مقتدی اور اکیلا ولیکن نماز کی شرطین اور اسکے
واجب اور سنتین پس تحقیق ہم نے اسکا بیان کر دیا اس کتاب کے شروع مین اور اللہ پاک توفیق

فصل فیما یختص بالامام ولا ینبغی للرجل ان یکون
اماما حتی تکون فیه هذه الخصال التی نذکرها ان لا یحب ان
یتقدم وهو یجد من یکفیه ذلک لا یتقدم وهناک من هو افضل
منه لانه جاء فی الحدیث عن النبی صلی الله علیه وسلم انه قال
اذا ام القوم رجل وخلفه من هو افضل منه لم یزالوا فی
سفال وقال عمر بن الخطاب لان اقدم فتضرب عنقی لا یقربنی
ذلک من اثم خیر من ان اتقدم قوما فیهم ابو بکر الصدیق و
ان تکون قاریا لکتاب الله فقیها فی دین الله بصیرا بسنة رسول
الله صلی الله علیه وسلم لانه جاء فی الحدیث اجعلوا امر دینکم
الی فقهائکم وائمتکم قراءکم وقال النبی صلی الله علیه وسلم
یؤمکم خیارکم فانهم وفدکم الی الله عز وجل وانما خصهم صلی
الله علیه وسلم بذلک لانهم اهل الدین والفضل والعلم بالله
عز وجل والخوف من الله تعالی الذین یعنون بصلوتهم وصلوة من
خلفهم ویتقون ما یلزمهم من وزر انفسهم ووزر من خلفهم
ان اساؤا فی صلوتهم وما اراد صلی الله علیه وسلم بالقراء
الحفظة للقران فحسب من غیر ان یعملوا به وانما اراد صلی الله
علیه وسلم العمال بالقران مع حفظه فقد جاء فی الحدیث ان
احق الناس بهذا القران من کان یعمل به وان کان لا یقرؤه وقد
یحفظ القران من لا یعمل به ولا یعبأ باقامة حدوده وبما فرض
الله علیه من العمل به وبما نهاه من التعدی عنه فلا نعنی بهؤلاء
کرامة لهم قال النبی صلی الله علیه وسلم ما آمن بالقران من استحل
محارمه فلا یجوز للناس ان یقدموا فی صلوتهم اماما الا
اعلمهم بالله واخوفهم له فان خالفوا وقدموا غیره لم یزالوا
فی سفال وادبار وانتقاص فی دینهم وبعد من الله تعالی ومن
رضوانه وجنته فرحم الله قوما عنوا بدینهم وصلوتهم فقدموا
خیارهم واتبعوا فی ذلک سنة نبیهم صلی الله علیه وسلم وطلبوا
بذلک القربة الی ربهم تبارک وتعالی وینبغی ان یکون الامام حافظا
للسانه من غیبة الناس وعیبهم لا یتکلم الا من الخیر ویکون یأمر
بالمعروف ویفعله وینهی عن المنکر ویجتنبه ویحب الخیر واهله

دینے والا ہے نیکی کی **فصل** اوس بیان مین کہ خاص ہے امام سے اور نہین چاہیے مرد کو
کہ وہ امام ہو یہانتک کہ ہون اسمین یہ خصلتین جو ہم بیان کرتے ہین اور وہ یہ ہین کہ وہ
دوست نہ رکہے اپنے آگے ہونیکو جب کہ اوس شخص کو پاتا ہو جو اس کی کفایت کرتا ہو اسکو
اور نہ آگے ہو جبکہ وہان اس سے افضل ہو کیونکہ حدیث شریف مین آیا ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ
و آلہ وسلم نے فرمایا جب مرد قوم کی امامت کرے اور اسکے پیچہے اس سے افضل ہو تو وہ ہمیشہ
پستی مین ہین اور کہا عمر بن خطاب نے البتہ میرا آگے ہونا پہر میری گردن مارا جانا حالانکہ
یہ مجہکو نزدیک نہین کرتا گناہ سے بہتر ہے میرے آگے ہونے سے اس قوم کے جنمین حضرت ابو بکر صدیق
ہون اور یہ کہ وہ قاری ہو اللہ کی کتاب کا سمجہ رکہنے والا ہو اللہ کے دین مین جاننے
والا رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی سنت کا کیونکہ آیا ہے حدیث مین کرو اپنے دین کے کام
کو طرف اپنے فقیہون اور بناؤ اپنے امام اپنے قاری اور فرمایا نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے تمہاری
امامت کرین تمہارے بہتر کیونکہ وہ تمہارے قاصد ہین اللہ عز وجل کی طرف اور تحقیق حضرت
صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے انکو خاص کیا اسمین کیونکہ وہ دین اور فضل اور اللہ عز وجل کے
علم والے اور اللہ تعالی سے ڈرنیوالے ہین جو سمجہتے ہین اپنی نماز کو اور اپنے پچہلون کی نماز کو اور
بچتے ہین جو انپر لازم آتا ہے اپنی جانون کے بوجہہ سے اور اپنے پچہلون کے بوجہہ سے اگر وہ برائی
کرین اپنی نماز مین اور نہین ارادہ کیا حضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے قرآن مجید کے قاریون
سے حافظون کا فقط سوا عمل کرنیکے اوسپر اور سوا اسکے نہین کہ ارادہ کیا حضرت
صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے قرآن مجید پر عمل کرنیوالونکا سمیت اوسکے حفظ کرنیکے اور
تحقیق حدیث مین آیا ہے کہ تحقیق لوگونسے زیادہ حقدار اس قرآن مجید مین وہ شخص ہے جو
اوسپر عمل کرے اگرچہ وہ اسکو نہ پڑہتا ہو اور کبہی یاد کرتا ہے قرآن مجید کو وہ شخص جو اسپر عمل
نہین کرتا اور نہ اعتبار رکہتا ہے اوسکی حدون کے قائم کرنیکا اسمین کہ فرض کیا ہے
اللہ نے اوسپر عمل کرنا اور جس سے اوسکو منع کیا ہے اس سے روک کر پس ہم اس شخص کو مراد
نہین رکہتے اور نہ اسکے لیے کچہہ بزرگی ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے نہین ایمان
لایا قرآن پر وہ شخص جسنے حلال جانا اسکے حرامون کو پس نہین جائز لوگون کو یہ کہ آگے
کرین اپنی نماز مین امام مگر اپنی سے اللہ کو زیادہ جاننے والے اور اپنے سے اللہ سے زیادہ ڈرنیوالے
کو پس اگر وہ اختلاف کرین اور اسکے سوا کسیکو آگے کرین تو وہ ہمیشہ رہینگے پستی اور
بدبختی اور نقصان مین اپنے دین کے اور دوری مین اللہ تعالی سے اور اوسکی رضامندی اور
اسکے بہشت سے پس اللہ پاک رحم فرماوے اس قوم پر جنہون نے توجہ کی اپنے دین کو اور اپنی نماز کو پس آگے کرین اپنے
نیکونکو اور پیروی کرین اسمین سنت اپنے نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی اور طلب کرین اسمین
نزدیکی اپنے رب برکت اور بلندی والے کی طرف اور واجب ہے امام کا ہونا نگاہ رکہنے والا

ويُبغض الشرّ واهله عارفا بمواقيت الصلوة محافظا عليها
مقبلا على شانه عفيف البطن والفرج منقبض اليد عن الحرام
قليل السعي الا في ابتغاء مرضات الله عز وجل قعودا اخمولا
صبورا على الاذى يغض عن الشر ويتحمل ممن يتكلم فيه ويصبر
على من يجهل عليه ويحسن الى من اساء اليه يكون غضيض الطرف
عن المحارم ان رأى عورة سترها وان رأى مخزية دفنها يعرض
عن الجاهلين يقول لهم سلاما الناس منه في راحة وهو
من نفسه في عناء حريصا على فكاك رقبته مجتهدا في خلاص نفسه
ويعلم انه قد بلي بشيء عظيم وجليل خطره كبير شانه ولكن
همه ما قد كلف به من عظم قدر الامامة وخطر قدرها واجرها
قليل الكلام الا فيما يعنيه له حال وللناس حال اذا قام في
محرابه علم انه قد قام في مقام النبيين وخليفة سيد المرسلين
ويناجي رب العالمين يحرص الاجتهاد على تمام الصلوة والتسليم عن
خلفه ممن تقلد امامته خفيف الصلوة في تمام يصلي بصلوة
اضعفهم قد بين من نفسه انه دونهم وانه مبتلى بامامتهم وان الله
تعالى سائله عن اداء الفرائض عن نفسه وعنهم وهو يتفقد مما باك
على خطيئته نادم على ما سلف من تفريطه وقد يم اتاسيه وما
انقضى من اوقاته لا يتكبر على من خلفه ولا يتخير على من هو
دونه ولا يتعصب حمية لنفسه اذا قيل بما فيه وما هو عنه
برئ ولا هو يحب حمدهم ولا يكره ذمهم وتكون الجماعة عنده
في الحالين سواء او يحرّب عليه كذب طيب الطعام لطيف
اللباس متواضعا في لبسه متخاشعا في جلسته غير محدث في
الاسلام ولا ذا ريبة في الانام ولا غماز على احد عند السلطان
ولا يشيع اسرار الناس التي لا يفشيها ولا هو ساع بالشر الناس
ولا ذو حقد في الخير ولا خائنا في وديعة ولا تجارة عارية
لا يتقدم وهو خبيث المطعم ولا يتقدم وهو يشتهي الامامة
ولا يتقدم وهو يعلم ان فيه حسدا ولا بغيا ولا حقدا ولا
احتشاما ولا غلا ولا نزعا ولا اثرة ولا طالبا لثاره ولا منتصرا
لنفسه لا متشفيا من غيظه ولا متتبعا عورة رجل مسلم

اور بغض رکہے برائی سے اور برائی والونسے پہچاننے والا ہو نماز کے وقتونکو نگاہ رکہنے والا
انپر متوجہ ہونیوالا اپنے حال پر بچنے والا اپنے پیٹ اور شرمگاہ سے بند کرنیوالا اپنے ہاتہ کا
حرام سے تہوڑی کوشش کرنیوالا مگر اللہ عز وجل کی رضامندی طلب کرنیمین بیٹہنے والا
بردبار صبر کرنیوالا تکلیف پر چشم پوشی کرے برائی سے اور بردباری کرے اس شخص سے جو
اسکے حق مین کلام کرے اور صبر کرے اس شخص سے جو اسپر جہالت کرے اور نیکی کرے اسکے ساتھ
کہ جو اسکی طرف برائی کرے اور رہے بند کرنیوالا آنکہ کا حرامونسے اگر دیکہے کوئی
عیب تو اسکو ڈہانپ دیوے اور اگر دیکہے کسی خوار کرنیوالے کو تو اوسکو دفن کردے منہ پہیرے
جاہلونسے اور کہے لئے السلام علیکم لوگ اس سے آرام مین ہوں اور وہ اپنی جی سے تکلیف
مین ہو حریص ہو اپنی گردن کے چہوڑانے مین کوشش کرنیوالا اپنے نفس کی خلاصی کے بیچ مین
اور جانتا ہو کہ تحقیق وہ آزمایا گیا ایک بڑی چیز ہے کہ بڑا ہے درجہ اسکا بڑی ہے شان
اوسکی اور چاہیے کہ اسکا قصد ہو اوس چیز مین جسمین تکلیف دیا گیا ہے بڑی قدر امامت
سے اور اسکی بڑے درجے اور اسکی بہلائی سے تہوڑی کلام کرنیکا مگر جسمین فائدہ ہو اسکیلئے ایک
حال ہے اور لوگون کیلئے اور حال ہے جب وے کہڑا ہو اپنی محراب مین تو جانے کہ وہ کہڑا ہے
پیغمبرون کے مقام مین اور خلیفہ ہے سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اور مناجات کرتا ہے رب
العلمین سے چاہیے کہ کوشش کرے نماز کے پورا کرنے مین اور واسطے سلام پہیرنے انکے جو اسکے پیچہے ہین جنہون
نے اپنے گلے مین ڈالی ہے اسکی امامت ہلکی کرے نماز ہلکا کرنا نماز کا ارکان کے پورا کرنے مین
نماز پڑہائے انکے بڑے ضعیف کی نماز یعنی جانے اپنے جی مین کہ وہ انسے کم ہے اور بیشک آزمایا
گیا ہے انکی امامت سے اور بیشک اللہ تعالی اس سے پوچہے گا فرضون کے ادا کرنیکی اوسکی ذات
سے اور مقتدیون کے اور رہے وہ اپنی محرابون امام ہونیسے روتا ہوا اپنی خطاؤن پر پشیمان ہو اپنی
تقصیرون اور اپنے پورانے گناہون گذرے ہوئیون پر اور اپنی وقتون گذرے ہوئے پر نہ
آپ کو برا نہ سمجہے اپنے پیچہلون پر اور آپ کو نیک جانے اپنے سے کم پر اور تعصب کرے
اپنے نفس کی حمیت مین جب کہا جاوے جو کچہ اسمین ہے اور جس سے وہ پاک ہو اور نہ وہ دوست
رکہے انکی تعریف کو اور نہ برا جانے انکی مذمت کو بس ہو جماعت اسکے نزدیک دونون
حال مین برابر نہ آزمایا گیا ہو اوسپر اوسکا جہوٹ پاک کہانیوالا پاک پہننے والا عاجزی
کرنیوالا اپنے لباس مین فروتنی کرنیوالا اپنی بیٹہک مین نہ بدعتی ہو اسلام مین اور نہ شک والا لوگون مین اور نہ
سخن چین ہو اپنے بہائی پر بادشاہ پاس اور نہ شایع کرنیوالا ہو لوگون کے بہیدونکو یعنی انکو پہیلاتا
نہین اور نہ کوشش کرنیوالا لوگونکی برائی مین اور نہ صاحب کینہ کا ہو بہلائی کے حق مین اور نہ خیانت
کرنیوالا اسکی امانت اور اسکی تجارت اور عاریت مین پیش امام ہو حالانکہ ناپاک کہانے اور
کسب والا ہو اور نہ پیش امام ہو حالانکہ وہ امامت کو چاہتا ہو اور پیش امام نہ ہو حالانکہ وہ

وحاشا لاحد من امة محمد صلی الله علیه وسلم ولا یهیج فتنة
ولا یسعی فیها ولا یقویها بل یعین اهل الحق علی اهل الباطل
بیده ولسانه وقلبه یقول الحق وان کان مرا لا تأخذه فی الله
لومة لائم ولا یحب مدح الناس له ولا یکره ذمهم ولا یخص نفسه
بشیء من الدعاء بل یعمم الدعاء له ولهم وقت ما یدعو عقیب
الصلوة بهم فان افرد نفسه بذلك کان خیانة منه لهم ولا
یؤثر بعضهم علی بعض الا اولی العلم لما قال النبی صلی الله علیه
وسلم لیلینی اولو الاحلام والنهی وکذلك الذین یلونهم
وراء ظهره ولا یقرب الغنی ولا یزدری بالفقیر ولا ینبغی له ان
یتقدم بقوم وفیهم من یکره امامته فان کان فیهم من یکرهه
ومن لا یکرهه نظر فان کان الاکثر یکرهه وجب اعتزال المحراب ولا
یقربه هذا اذا کانت کراهتهم له لعلم وحق وان کانت لجهل
وباطل ورعونة نفس او نفس او عصبیة لمذهب او هوی
لم یلتفت الی کراهتهم ولا یترك الصلوة بهم الا ان یخاف
الفتنة فی القوم لاجله فیتنحی ویعتزل المحراب لذلك حتی
یصطلحوا او یصلحوا ولا ینبغی له ان یکون مماریا ولا حلافا و
لا لعانا ولا یدخل مداخل السوء والتهم ولا یألف ولا یجالس
من الناس الا الصالحین ولا ینبغی له ان یکون اماما وهو یحب
الفتنة واهلها او العصبیة واهلها والریاسة واهلها وینبغی ان یکون
صبورا علی اذیة الناس متوددا الیهم طالبا لمنفعتهم مجتهدا فی نصحهم
لا حریصا علی الامامة لا یقاتل علیها من کفاه خطیر مؤنتها ولقد نقل
عن الاکابر ممن تقدم من السلف الصالحین انهم کرهوا الامامة و
قدموا من لیس هو مثلهم فی الشرف والدیانة ابتغاء حمل المؤنة عنهم وتخفیفا
وخیفة من نقص یقع لهم وینبغی للامام اذا حضر عنده ذو سلطان
لا یتقدم علیه فی الصلوة الا باذنه کذلك ولا یجلس الا باذنه واذا نزل بقریة
او محلة او قبیلة او حی من احیاء العرب لا یؤمهم الا باذنهم و
کذلك اذا اتفق مع قوم فی قافلة وسفر ومعهم الامام لا یؤمهم
الا باذنهم وینبغی للامام ان لا یطیل الصلوة بل یخففها مع
التمام لما روی عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله

جانتا ہو کہ اسمیں کچھ حسد ہو اور نہ کچھ بغاوت ہے اور نہ کچھ حقد اور نہ کچھ کینہ اور نہ کچھ دشمنی اور نہ
کچھ غصہ اور نہ کچھ سیر ہو اور نہ طلب کرنیوالا ہو خون کا اور نہ غلبہ چاہنیوالا اپنے نفس کا
اور نہ شفا چاہنیوالا غصہ سے اور نہ تلاش کرنیوالا عیب کسی مرد مسلم کا اور نہ ہو کہا
دینے والا کو کسی کو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت میں سے اور نہ کلام کرتا ہو فتنہ میں
اور نہ اسمیں کوشش کرتا ہو اور نہ اسکو قوت دیتا ہو بلکہ مدد کرتا ہو اہل حق کی اہل باطل پر اپنے
ہاتھ سے اور اپنی زبان اور اپنے دل سے حق کہتا ہو اگرچہ کڑوا ہو نہ پکڑتی ہو اسکو اللہ تعالی کی
حق میں کسی ملامت کرنیوالے کی ملامت اور نہ دوست رکھتا ہو لوگوں کی مدح اپنے واسطے اور نہ
بری سمجھتا ہو انکی مذمت اور نہ خاص کرے آپکو کسی دعا سے بلکہ عام کرے دعا کو اپنے
اور ان کیلئے جس وقت دعا کرے انکے ساتھ نماز کے پیچھے پس اگر اکیلا کرے اپنے نفسکو
دعا میں تو یہ خیانت ہوگی اسمیں سے ان کیلئے اور نہ پسند کرے انکے بعض کو بعض پر مگر علم
والوں کو جیسا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے البتہ میرے نزدیک ہوں عقل اور
سمجھ والے اور اسی طرح وہ لوگ کہ ان کے متصل ہیں اور اسکے پیٹھ کے پیچھے ہوں اور نہ نزدیک
کرے غنی کو اور نہ حقیر جانے فقیر کو اور نہیں جائز اسکو کسی قوم میں پیش امام ہو حالانکہ انمیں اسکی
امامت کو برا جاننے والے ہوں پس اگر انمیں اسکو برا جاننے والے ہوں اور برا نہ جاننے والے بھی
ہوں تو غور کرے پس اگر زیادہ ہوں جو اسکو برا جانتے ہیں تو محراب سے ہٹ جاوے اور نہ قریب
جاوے اسکے یہ جب ہے جب انکا اسکو برا جاننا علم اور حق کی وجہ سے ہو اور اگر برا جاننا ہو بسبب
جہالت اور باطل اور نفس کی بائو اور مذہب کے تعصب اور ہوائے نفس کی تو انکے برا جاننے کیطرف
التفات نہ کرے اور نہ ترک کرے نماز کا انکے ساتھ مگر یہ کہ ڈرے فتنے سے قوم میں اسکی سبب سے پس کنارے
ہو جاوے اور ہٹ جاوے محراب سے اس فتنہ کے سبب سے یہانتک کہ وے آپس میں صلح کر لیں اور راضی ہو جاویں
اور نہیں جائز اسکو کہ ہووے جھگڑا کرنیوالا اور نہ بہت قسمیں کھانیوالا اور نہ بہت لعنت کرنیوالا اور
نہ داخل ہو برائی اور تہمت کی جگہ میں اور نہ الفت کرے اور نہ ملے لوگوں سے مگر نیک نسلوں سے اور نہیں
جائز اسکو امام ہونا حالانکہ وہ دوست رکھتا ہو فتنے اور فتنے والوں کو پھر گناہ اور گناہگاروں کو
اور سرداری اور سرداروں کو اور واجب ہے کہ وہ صبر کرنیوالا ہو لوگوں کی ایذا پر دوستی کرنیوالا ہو
اور اسکے رہنے والون کی برائی سے اور برائی سے اور بچہر کہے جو اسمین ہے مانگتا ہون اسکے نیکون کی
محبت اور اسکے بدون سے دور رہنا **فصل** مسافر چور اور درندے اور ہر موذی سے محفوظ رہے یا اللہ
ہماری اپنی آنکہہ کے ساتہ نگہبانی کر جو نہین سوتی اور اپنے اس رکن کے ساتہ جسکا قصد
نہین کیا جاتا اور ہم پر چونکہ تو قادر ہی رحم کر تا کہ ہم ہلاک نہون تو ہی ہماری امید ہی عثمان بن عفان
سی روایت ہی کہا مینے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرماتے جو شخص

تندرست ہو گیا اور مین بیمار اور فلان کی عزت کی گئی اور مجہہ پر عیب لگایا گیا اور فلان کی تعریف کی گئی اور میری مذمت اور فلان بچا لیا گیا اور مین جو ملامت نہین بچایا گیا کر اللہ تعالی اپنی ذات وصفات مین یکتا ہے جسکا کوئی شریک نہین اور اسکا جو مجت مین لگا ہی کو چاہتا ہے اور اس شخص کو جو محبت مین اسکی اور کو شریک کرے

فِي أَوَّلِ لَيْلَةٍ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِي لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهِ شَيْءٌ فِي
الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ
لَمْ تُصِبْهُ فُجَاءَةُ بَلَاءٍ حَتّٰى يُصْبِحَ وَعَنْ أَبِي يُوسُفَ الْخُرَاسَانِيِّ
عَنْ أَبِي سَعِيدِ بْنِ أَبِي الرَّوْحَاءِ قَالَ ضَلَلْتُ بِطَرِيقِ
مَكَّةَ فِي بَعْضِ اللَّيَالِي فَسَمِعْتُ حِسًّا خَلْفِي فَاسْتَوْحَشْتُ
فَسَمِعْتُ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ فَلَحِقَنِي فَقَالَ أَحْسِبُكَ ضَالًّا فَقُلْتُ
نَعَمْ فَقَالَ أَلَا أُعَلِّمُكَ شَيْئًا إِذَا أَنْتَ قُلْتَهُ وَأَنْتَ ضَالٌّ
اهْتَدَيْتَ أَوْ مُسْتَوْحِشٌ اسْتَأْنَسْتَ أَوْ أَرِقْتَ نِمْتَ قُلْتُ
بَلٰى قَالَ قُلْ بِسْمِ اللّٰهِ ذِي الشَّأْنِ عَظِيمِ الْبُرْهَانِ شَدِيدِ
السُّلْطَانِ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِي شَأْنٍ أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ
مَا شَاءَ اللّٰهُ كَانَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ فَقُلْتُهَا فَإِذَا
أَصْحَابِي قَرِيبٌ فَطَلَبْتُ الرَّجُلَ فَلَمْ أَجِدْهُ قَالَ أَبُو بِلَالٍ
فَضَلَلْتُ بِمِنًى مِنْ أَهْلِي هٰذَا فَالْتَفَتُّ لَنْ فَإِذَا أَنَا بِأَهْلِي
وَعَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ كُلَّ يَوْمٍ سَبْعَ مَرَّاتٍ إِنَّ وَلِيِّيَ اللّٰهُ الَّذِي
نَزَّلَ الْكِتَابَ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصَّالِحِينَ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا
هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ كَفَاهُ اللّٰهُ تَعَالٰى
مَا أَهَمَّهُ صَادِقًا كَانَ أَوْ كَاذِبًا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَفِي
الْحَدِيثِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَالَ
عِنْدَ الْكَرْبِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيمُ الْكَرِيمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ
رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ كُشِفَ عَنْهُ
بِإِذْنِ اللّٰهِ تَعَالٰى **فَصْلٌ** فِي ذِكْرِ صَلٰوةِ الْكِفَايَةِ
وَهِيَ رَكْعَتَانِ يُصَلِّيهِمَا أَيَّ وَقْتٍ كَانَ يَقْرَأُ فِي
كُلِّ رَكْعَةٍ فَاتِحَةَ الْكِتَابِ مَرَّةً وَقُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ عَشْرَ
مَرَّاتٍ فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ
خَمْسِينَ مَرَّةً ثُمَّ يُسَلِّمُ وَيَدْعُو بِهٰذَا الدُّعَاءِ وَهُوَ
يَا اللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ يَا مُسْتَجَابًا بِكُلِّ لِسَانٍ
يَا مَنْ يَدَاهُ بِالْخَيْرِ مَبْسُوطَتَانِ يَا كَافِيَ مُحَمَّدٍ الْأَحْزَابَ
وَيَا كَافِيَ إِبْرَاهِيمَ النِّيرَانَ يَا كَافِيَ مُوسٰى فِرْعَوْنَ

ابتدا رات مین کہے اللہ کے نام سے جس کے نام سے نہین ضرر دیتی کوئی چیز
زمین مین اور نہ آسمان مین اور وہ سنتا ہی جانتا تین بار اوسکو ناگہان بلا نہین
پہونچتی صبح تک اور ابو یوسف خراسانی سے روایت ہی وہ ابی سعید بن ابی الرجا
سے اوس نے کہا مین بعض راتون مین مکہ کے راستے مین بہول گیا پہر اپنے پیچہے
آہٹ سنی تو مین ڈر گیا اور مین نے قرآن پڑہتا سنا پہر مجہے ملا اور بولا مین تجہکو
بہولا ہوا سمجہتا ہون مینے کہا بیشک بولا مین تجہے وہ چیز نہ سکہاؤن کہ جب تو
اوسے کہے اور تو بہولا ہوا ہو تو تو راہ پاوے اور اگر تو ڈرتا ہو تو بیخوف ہو وے
یا بیخواب ہو وے تو تو سو جاوے مینے کہا کیون نہین بولا کہہ اللہ کے نام سے
جو مرتبہ والا ہے بڑی دلیل والا بڑے غلبے والا ہر دن وہ شغل مین ہے مین اللہ
کی پناہ لیتا ہون شیطان کی برائی سے جو اللہ نے چاہا ہوا نہ طاقت اور نہ قوت مگر
اللہ پاک کی مدد سے جب مین نے پڑہا تو ناگہان میرے یار قریب تہے مین پہر مینے آدمی
دیکہا تو نہ پایا ابو بلال نے کہا مین منی مین اپنا اہل بہول گیا پہر مین نے پڑہی
دعا تو ناگہان مین اپنے اہل کے پاس ہون اور ابو الدرداء سے روایت ہی کہا
کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص روز سات بار کہے میرا
کارساز اللہ ہے جس نے کتاب اتاری اور وہی نیکون کا کارساز ہوا
کرتا ہے مجہے اللہ کافی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہین مینے اسپر بہروسا
کیا اور وہ بڑے عرش کا مالک ہی اللہ تعالے اوس کے سب غم دور کر دیتا ہے
اگرچہ وہ سچا ہو یا جہوٹا ہو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو سختی
کے وقت کہے نہین کوئی معبود اللہ کے سوا جو بردبار کریم ہے پاک ہے اللہ
عرش بڑے کا مالک سب تعریف اللہ کو جو مالک ہے جہانون کا
اللہ کے حکم سے اوسکا غم دور ہو جاتا ہے **فصل** کفایت کی نماز مین
اور وہ دو رکعت ہین جب چاہے پڑہے اور پڑہے ہر رکعت مین
فاتحہ ایکبار اور سورہ اخلاص دس بار اور فسیکفیکہم اللہ
وہو السمیع العلیم پچاس بار پہر سلام پہیرے اور یہ دعا پڑہے یا
اللہ یا رحمان یا حنان یا منان اے ہر زبان مین پکار کہی
گئے اے وہ شخص جس کے ہاتہ بہلائی سے فراخ ہین اے
محمد کی کفایت کرنیوالے احزاب کو دفع کر کے ابراہیم
کو آگ سے نجات دینے والے اے موسٰی
علیہ السلام کو فرعون سے بچانیوالے

ويا كافي رقية الجبابرة ويا كافي نوحا الغرق ويا كافي لوطا
فحش قومه يا كافي من كل شيء ولا يكفي منه شيء
يا كافي عائشة وآسية اكفني عظيم البلاء من كل شيء
حتى لا أخاف ولا أخشى مع اسمك العظيم الأعظم شيئا فإنه
يكفى ويجمع همه ويسره عند صلوته **فصل** في ذكر
صلوة الخصومات وهي أربع ركعات بتسليمة واحدة يقرأ
في الأولى فاتحة الكتاب وقل هو الله أحد إحدى عشر مرة
وفي الثانية الفاتحة وقل هو الله أحد عشر مرات قل
يا أيها الكفرون وفي الثالثة الفاتحة وعشر مرات قل هو الله
أحد وألهكم التكاثر مرة وفي الرابعة الفاتحة وخمس
عشر مرة قل هو الله أحد وآية الكرسي مرة ثم يجعل
ثوابها لخصمائه يكفيه الله أمرهم يوم القيمة إن شاء الله
تعالى يصلي هذه الصلوة في سبعة أوقات أول ليلة
من رجب وليلة النصف من شعبان وآخر جمعة من رمضان
ويومي العيدين ويوم عرفة ويوم عاشوراء **فصل**
في صلوة الثمان في شوال حدثنا أبو نصر بن البناء عن
أبيه قال حدثنا أبو عبد الله الحسين بن عمر العلاف
قال أنا أبو القاسم القاضي حدثنا محمد بن أحمد بن صديق
ثنا يعقوب بن عبد الرحمن قال أنا أبو بكر أحمد بن جعفر
المروزي قال ثنا علي بن معروف قال حدثني محمد بن
محمود أخبرنا يحيى بن شبيب ثنا حميد عن أنس رض قال
قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من صلى في شوال ثمان ركعات
ليلا كان أو نهارا يقرأ في كل ركعة بفاتحة الكتاب وخمس
عشر مرة قل هو الله أحد فإذا فرغ من صلوته سبح
سبعين مرة ويصلي على النبي صلى الله عليه وسلم سبعين مرة
والذي بعثني بالحق نبيا ما من عبد يصلي هذه الصلوة
إلا أنبع الله تعالى له ينابيع الحكمة في قلبه وأنطق بها
لسانه وأراه داء الدنيا ودواءها والذي بعثني بالحق
نبيا من صلى هذه الصلوة كما وصفت لا يرفع رأسه

اور اے عیسے علیہ السلام کو سرکشون سے رہا کرنیوالے نوح علیہ السلام کو
غرق سے سلامت رکھنے والے اے لوط کو اسکی قوم فحش سے محفوظ رکھنے
والے اے ہر چیز سے بچا نیوالے جس سے کوئی نہین بچا سکتا اے عائشہ اور آسیہ
علیہما السلام کے کفایت کرنیوالے مجھے ہر چیز کی بڑی آفت سے بچا
تاکہ مین نہ ڈرون اور نہ خوف کرون تیرے بڑے نام کی برکت سے کسی چیز سے
کیونکہ اس کے پڑھنے والے کے غم اسی نماز کے وقت دور ہوجاوینگے **فصل**
خصومت کی نماز مین اور وہ چار رکعتین ہین ایک سلام سے پہلی رکعت مین ایک بار
فاتحہ پڑھے اور گیارہ بار سورہ اخلاص اور دوسری رکعت مین فاتحہ اور دس بار
سورہ اخلاص اور تین بار قل یا ایہا الکفرون اور تیسری رکعت مین فاتحہ اور
دس بار سورہ اخلاص اور ایک بار الہٰکم التکاثر اور چوتھے مین فاتحہ اور
پندرہ بار سورہ اخلاص اور ایک بار آیۃ الکرسی اور اسکا ثواب اپنے خصمون کو
پہنچاوے قیامت کے دن اللہ تعالی اگر چاہے انکی امر سے اسکو بچاویگا یہ
نماز سات وقتون مین پڑھے رجب کی پہلی رات مین اور شعبان کی پندرھوین
رات اور رمضان کے آخری جمعہ مین اور دونون عیدون کے دن
اور عرفہ کے دن اور عاشورے کے دن **فصل** آٹھ رکعتون کی نماز
مین شوال مین حدیث بیان کی ہمسے ابو نصر نے اپنے باپ سے کہا
حدیث بیان کی ہمسے ابو عبد اللہ حسین بن عمر علاف نے کہا خبر دی
ہمکو ابو القاسم قاضی نے کہا حدیث بیان کی ہمسے محمد بن احمد بن صدیق نے
کہا حدیث بیان کی ہمسے یعقوب بن عبد الرحمن نے کہا خبر دی ہمکو ابو بکر احمد
بن جعفر مروزی نے کہا حدیث بیان کی ہمسے علی بن معروف نے کہا
حدیث بیان کی مجھسے محمد بن محمود نے کہا خبر دی ہمکو یحیی بن شبیب نے کہا
حدیث سنائی ہمکو حمید نے انس سے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا جس شخص نے شوال مین رات کو یا دن کو آٹھ رکعتین پڑھین
ہر رکعت مین فاتحہ اور پندرہ بار سورہ اخلاص اور نماز سے فارغ ہوکر
ستر بار سبحان اللہ کہا اور ستر بار آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھا اوسکی
قسم جس نے مجھے سچا دین دیکر بھیجا کوئی شخص یہ نماز نہین پڑھتا مگر اللہ
اسکے لئے حکمت کے چشمے کہولتا ہے اوسکے دل مین اور اس کے ساتھ اوسکی زبان
چلاتا ہے اور اسکو دنیا کی بیماری اور اسکی دوا دکھا دیتا ہے اسکی قسم جس نے مجھے سچا دین دیکر
بھیجا جس نے یہ نماز جیسے مینے فرمائی پڑھی نہین اٹھاتا اپنا سر

من اخر سجوده حتی یغفر الله له وان مات مات شهیدا مغفورا له وما من عبد یصلی هذه الصلوة فی السفر الا سهل الله علیه السیر والذهاب الی موضع مراده وان کان مدیونا قضی الله دینه وان کان ذا حاجة قضی الله حوائجه والذی بعثنی بالحق نبیا ما من عبد یصلی هذه الصلوة الا اعطاه الله تعالی بکل حرف بکل مخرفة فی الجنة قیل وما المخرفة یا رسول الله صلی الله علیه وسلم قال بساتین فی الجنة یسیر الراکب فی ظل شجرة من اشجارها مائة سنة ثم لا یقطعها

فصل فی فضل الصلوة لرفع عذاب القبر عن عبد الله بن الحسن عن علی رض قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من صلی رکعتین یقرء فی احدهما اخر الفرقان من تبارک الذی جعل فی السماء حتی یختم السورة ثم یاخذ فی الثانیة فیقرء فیها بعد الفاتحة من اول سورة المؤمنین حتی یبلغ فتبارک الله احسن الخالقین فانه یامن من مکر الجن والانس ویعطی کتابه بیمینه یوم القیمة ویؤمن من عذاب القبر ومن الفزع الاکبر ویعلمه الکتب وان لم یکن حریصا ویذهب منه الفقر ویؤتیه الله الحکم ویبصره فی کتابه الذی انزله علی نبیه صلی الله علیه وسلم ویلقنه حجته یوم القیمة ویجعل النور فی قلبه ولا یحزن اذا حزن الناس ولا یخاف اذا خافوا ویجعل النور فی بصره وینزع حب الدنیا من قلبه ویکتب عند الله من الصدیقین

فصل فی صلوة الحاجة عن ابی هاشم الایلی عن انس بن مالک رض عن النبی صلی الله علیه وسلم انه قال من کان له الی الله حاجة مهمة فلیسبغ الوضوء ولیصل رکعتین یقرء فی الاولی بفاتحة الکتب وایة الکرسی وفی الثانیة بفاتحة الکتب وامن الرسول الخ ثم یتشهد ویسلم ویدعو بهذا الدعاء فانها تقضی وهذا الدعاء اللهم

پچھلے سجدے سے مگر اللہ تعالی اوسکو معاف کر دیتا ہے اور اگر مرا شہید مرا بخشا ہوا اور کوئی بندہ اس نماز کو سفر مین نہین پڑہتا مگر اوسپر آنا جانا آسان ہو جاتا ہے اس کے مقصود تک اور اگر مقروض ہو تو اللہ تعالی اسکا قرض ادا کرتا ہے اور اگر صاحب حاجت ہوتا ہے تو اس کی حاجت پوری کرتا ہے اوسکی قسم جس نے مجھے سچا دین دیکر بھیجا جو شخص یہ نماز پڑہتا ہے اللہ تعالی اس کو ہر حرف کے بدل جنت مین ایک مخرفہ دیتا ہے عرض کیا گیا مخرفہ کیا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بہشت کے باغ اگر ان کے ایک درخت کے نیچے سوار سیر کرے سو برس تک تو نہ قطع کر سکے

فصل قبر کا عذاب دور کرنے والی نماز کی فضیلت مین عبد اللہ بن حسن سے روایت ہے وہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو شخص دو رکعتین پڑہے پہلی رکعت مین سورہ فرقان کا پچھلا رکوع آخر سورہ تک پہر دوسری رکعت شروع کرے اور فاتحہ کے بعد سورہ مومنون ابتدا سے فتبارک اللہ احسن الخالقین تک پڑہے وہ جنون او رآدمیون کے مکر سے محفوظ رہتا ہے اور قیامت کے دن داہنے ہاتہ مین عملنامہ دیا جاویگا اور قبر کے عذاب اور بڑے گھبراہٹ سے محفوظ رہے گا اور اللہ تعالی اس کو قرآن سکھاتا ہے اگرچہ وہ حریص نہ ہو اور اس سے محتاجی دور ہو جاتی ہے اور اللہ تعالے اس کو حکم دیتا ہے اور اپنی کتاب مین جس کو اس نے اپنے نبی پر اتارا بینا کرتا ہے اور قیامت مین اسکو اسکی حجت سکھا دے گا اور اس کے دل مین نور کرے گا اور وہ نہ غمگین ہوگا جب غمناک ہونگے لوگ اور نہ ڈرے گا جب ڈرینگے لوگ اور اس کی آنکھون مین نور کرے گا اور اس کے دل سے دنیا کی محبت کہینچ لے گا اور لکھا جاویگا وہ اللہ کے پاس سچون سے

فصل حاجت کی نماز مین ابو ہاشم سے روایت ہے وہ انس بن مالک سے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے آپ نے فرمایا جس کو اللہ کی طرف کوئی حاجت سخت ہو تو وہ پورا وضو کرے اور دو رکعتین پڑہے پہلی رکعت مین فاتحہ اور آیۃ الکرسی اور دوسری رکعت مین فاتحہ اور آمن الرسول آخر تک پہر تشہد اور سلام کرے اور یہ دعا مانگے اس کی حاجت پوری ہوگی یا اللہ

يَا مُؤنِسَ كُلِّ وَحِيْدٍ وَّيَا صَاحِبَ كُلِّ فَرِيْدٍ وَّيَا قَرِيْبًا غَيْرَ بَعِيْدٍ يَا شَاهِدًا غَيْرَ غَائِبٍ وَّيَا غَالِبًا غَيْرَ مَغْلُوْبٍ اَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الْحَيِّ الْقَيُّوْمِ الَّذِيْ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ وَاَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الْحَيِّ الْقَيُّوْمِ الَّذِيْ عَنَتْ لَهُ الْوُجُوْهُ وَخَشَعَتْ لَهُ الْاَصْوَاتُ وَوَجِلَتْ مِنْهُ الْقُلُوْبُ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَجْعَلَ لِيْ مِنْ اَمْرِيْ فَرَجًا وَّمَخْرَجًا وَّتَقْضِيَ حَاجَتِيْ **فصل**

فِي الدُّعَاءِ لِدَفْعِ الظُّلْمِ وَالْاِحْتِرَازِ مِنْهُ رَوٰى جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَّمَ عَلِيًّا وَّفَاطِمَةَ رِضْوَانُ اللهِ عَلَيْهِمَا هٰذَا الدُّعَاءَ وَقَالَ لَهُمَا اِذَا نَزَلَتْ بِكُمَا مُصِيْبَةٌ اَوْ خِفْتُمَا جَوْرَ سُلْطَانٍ اَوْ ضَلَّتْ لَكُمَا ضَالَّةٌ فَاَحْسِنَا الْوُضُوْءَ وَصَلِّيَا رَكْعَتَيْنِ وَارْفَعَا اَيْدِيَكُمَا اِلَى السَّمَاءِ وَقُوْلَا يَا عَالِمَ الْغَيْبِ وَالسَّرَائِرِ يَا مُطَاعُ يَا عَزِيْزُ يَا عَلِيْمُ يَا اللهُ يَا اللهُ يَا اللهُ يَا هَازِمَ الْاَحْزَابِ لِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا كَائِدَ فِرْعَوْنَ لِمُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ يَا مُنْجِيَ عِيْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ مِنْ يَدِ الظَّلَمَةِ يَا مُخَلِّصَ قَوْمِ نُوْحٍ مِّنَ الْغَرَقِ يَا رَاحِمَ عَبْرَةِ يَعْقُوْبَ عَلَيْهِ السَّلَامُ يَا كَاشِفَ ضُرِّ اَيُّوْبَ عَلَيْهِ السَّلَامُ يَا مُنْجِيَ ذِي النُّوْنِ مِنَ الظُّلُمَاتِ الثَّلَاثِ يَا فَاعِلَ كُلِّ خَيْرٍ يَا هَادِيًا اِلٰى كُلِّ خَيْرٍ يَا دَلِيْلًا عَلٰى كُلِّ خَيْرٍ يَا اَهْلَ الْخَيْرِ يَا خَالِقَ الْخَيْرِ يَا اَهْلَ الْخَيْرَاتِ اَنْتَ اللهُ رَغِبْتُ اِلَيْكَ فِيْمَا قَدْ عَلِمْتُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ اَسْأَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ ثُمَّ سَلَا حَاجَتَكُمَا تُجَابَا اِنْ شَاءَ اللهُ تَعَالٰى دُعَاءٌ اٰخَرُ وَهُوَ دُعَاءُ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْاَحْزَابِ رَوَاهُ ابْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنْهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ وَبِنُوْرِ قُدْسِكَ وَعَظَمَةِ طَهَارَتِكَ وَبَرَكَاتِ جَلَالِكَ مِنْ كُلِّ اٰفَةٍ وَّعَاهَةٍ وَّطَارِقِ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِلَّا طَارِقًا يَّطْرُقُ مِنْكَ بِخَيْرٍ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ عِيَاذِيْ فَبِكَ اَعُوْذُ وَاَنْتَ مَلَاذِيْ فَبِكَ اَلُوْذُ يَا مَنْ ذَلَّتْ لَهٗ رِقَابُ الْجَبَابِرَةِ وَخَضَعَتْ لَهٗ مَقَالِيْدُ الْفَرَاعِنَةِ اَعُوْذُ بِجَلَالِ وَجْهِكَ وَكَرَمِ جَلَالِكَ مِنْ خِزْيِكَ وَكَشْفِ

اے ہر اکیلے کے مونس اور اے ہر یگانہ کے یار اور اے نزدیک جو نہین ہے دور اور اے حاضر جو نہین ہے غایب اور اے غالب جو نہین ہے مغلوب مین تجھہ سے مانگتا ہون تیرے نام سے جو اللہ ہے بڑا مہربان ہے بخشنے والا زندہ ہے قایم جسے نہ اونگھہ آوے نہ نیند اور تجھہ سے مانگتا ہون تیرے نام سے جو اللہ ہے بڑا مہربان ہے بخشنے والا زندہ ہے قایم جس کے آگے مونہہ جھک گئے اور آوازین پست ہو گئین اور دل ڈر گئے یہ کہ رحمت بھیج تو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور میرا کام تو آسان کر دے اور میری حاجت کو پوری کر دے **فصل** ظلم سے بچنے اور اسکو دور کرنے کی دعا جابر بن عبد اللہؓ نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی اور حضرت فاطمہ کو اللہ تعالی ان دونون پر راضی ہو یہ دعا سکہائی اور فرمایا جب تمپر کوئی مصیبت آوے یا تم دونو بادشاہ کے ظلم سے ڈرو یا تمہارا جانور گم ہو جاوے تو اچھی طرح وضو کرو اور دو رکعتین پڑہو اور آسمان کی طرف ہاتہ اٹھاؤ اور کہو اے پوشیدہ ظاہر کے جاننے والے اے فرمانبرداری کیے گئے اے غالب اے جاننے والے اے اللہ اے اللہ اے اللہ اے لشکروں کے شکست دینے والے محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے واسطے اے فرعون کو موسی علیہ السلام کیواسطے غرق کرنیوالے اے عیسے علیہ السلام کو ظالموں کے ہاتہ سے نجات دینے والے اے نوح کی قوم کو غرق سے بچانیوالے اے یعقوب علیہ السلام کے آنسو ڈہلنے پر رحم کرنیوالے اے ایوب کا ضرر دور کرنیوالے اے یونس علیہ السلام کو تین اندہیرون سے خلاصی دینے والے اے ہر بہلائی کے کرنے والے اے ہر بہلائی کی طرف راستہ دکہانیوالے اے ہر بہلائی کے بتانے والے اور نیکی والے اور نیکی کے پیدا کرنے والے اور اے نیکیوں والے تو ہی معبود ہے مینے تیری طرف رغبت کی جس بات میں مین جانتا ہون تو چھپی باتین جانتا ہے مین تجھہ سے مانگتا ہون یہ کہ تو رحمت بھیج محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر پہر تم دونو اپنی حاجتین مانگو قبول کیجاوینگی اگر چاہے اللہ دوسری دعا اور وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعا ہے احزاب کے دن اوسکو ابن عمر نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کیا یا الہی مین تیری اور تیرے نور پاک کی اور تیری پاکی بزرگی کی اور تیری بزرگی کی جلال کی پناہ لیتا ہون ہر آفت اور رنج سے اور ہر جن اور انسان آنیوالے سے مگر جو تیری طرف سے بہلائی لیکر آوے تو ہی میری پناہ ہے تیرے ساتہ پناہ لیتا ہون تو میرا ملجا ہے تیرے پاس جگہہ لیتا ہون اے وہ ذات جس کے آگے سرکشون کی گردنین جھک گئین اور جمع ہوئین اسکو سعایت کی کنجیان پناہ لیتا ہون تیری جہہ کی جلال اور تیری بزرگی عزت کی اس سے کہ تو مجھے رسوا کرے اور میرا پردہ

سيئاتك ونسيان ذكرك والانصراف عن شكرك
انا في كنفك في ليلي ونهاري ونومي وقراري
وظعني واسفاري ذكرك شعاري وثناءك دثاري
لا اله الا انت تنزيها لاسمك وتكريما لسبحات
وجهك اجرني من خزيك ومن شر عذابك وعبادك
واضرب علي سرادقات حفظك وادخلني في حفظ
عنايتك وقني سيئات عذابك واغنني بخير منك
برحمتك يا ارحم الراحمين **فصل** في الدعاء لاذهاب
الهموم وقضاء الديون عن ابي موسى رضه عن النبي صلى الله
عليه وسلم انه قال من اصابه هم او حزن فليدع بهؤلاء
الكلمات اللهم انا عبدك وابن عبدك ناصيتي
بيدك ماض في حكمك عدل في قضاؤك اللهم
اني اسألك بكل اسم هو لك سميت به نفسك او
انزلته في كتابك او علمته احدا من خلقك او استأثرت
به في علم الغيب عندك ان تجعل القرآن الكريم
ربيع قلبي ونور صدري وجلاء حزني وذهاب همي
وغمي فقال قائل يا رسول الله ان المغبون لمن غبن
هؤلاء الكلمات قال صلى الله عليه وسلم اجل فقولهن
وعلمهن فانه من قالهن التماس ما فيهن اذهب الله
عز وجل حزنه واطال فرحه يروى عن عائشة رض قالت
ان ابا بكر الصديق يوما دخل عليها فقال هل سمعت
من رسول الله صلى الله عليه وسلم دعاء كان يعلمناه
وذكر ان عيسى ابن مريم كان يعلمه اصحابه ويقول
لو كان على احدكم مثل جبل احد دينا قضاه الله
عز وجل عنه فقالت كان يقول اللهم يا فارج الهم
كاشف الغم مجيب دعوة المضطرين رحمن الدنيا ورحيم
الآخرة اسألك ان ترحمني رحمة من عندك تغنيني
بها عن رحمة من سواك دعاء آخر في ذلك وهو ما روي
عن الحسن البصري رض انه جاءه صديق له يكرم عليه

کھوئے یا مین تجھ کو بھول جاؤن یا مین تیرا شکر نہ کرون مین تیری پناہ مین ہون
رات مین اور دن اور سوتے اور آرام مین اور اقامت اور سفر مین تیرا ذکر
میرا نیچے کا کپڑا ہے اور تیری تعریف میرا اوپر کا کپڑا ہے تیرے سوا کوی معبود نہین ہے
تیرا نام پاک ہے اور تیرے منہ کے پردے بزرگ ہین مجھے اپنی خواری سے بچا
اور اپنے عذاب کی برای سے اور اپنے بندونکی برای سے محفوظ رکھ اور
مجھپر نگہبانی کے پردے ڈال اور اپنی عبادت کی نگہبانی مین مجھے داخل کر
اور مجھے اپنے عذاب کی برائیون سے بچا اور مجھے بھلای کے ساتھ غنی کر
اپنی رحمت کے ساتھ اے مہربانون کے مہربان **فصل** غم دور ہونے
اور قرض دور ہونے کی دعا ابو موسی رضی اللہ سے روایت ہی وہ رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے آپنے فرمایا جسکو غم یا اندوہ پہونچے وہ یہ دعا پڑھے
یا اللہ مین تیرا بندہ ہون تیرے بندے کا بیٹا ہون میری پیشانی تیرے
ہاتھ مین ہے مجھ مین تیرا حکم جاری ہے اور مجھ مین تیری تقدیر عدل ہے ای
اللہ مانگتا ہون تجھ سے تیرے ہر نام سے جو تیرا نام ہے یا اتارا تو نے اسی اپنی
کتاب مین یا سکھایا وہ کسی کو اپنی مخلوق سے یا پسند کیا اسکو اپنے چھپے
علم مین اپنے پاس یہ کہ قرآن کریم کو تو میرے دل کی بہار کر دے اور میرے سینے
کا نور اور میرے غمون کا دور کرنیوالا اور میرے اندوہ اور رنج لیجانیوالا
ایک شخص بولا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وہ تو زیانکار ہے جو ان کلمات
کو بھولا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہان تو انکو کہہ اور سکھا
اس لیے کہ جس نے انکو کہا حالانکہ وہ مانگنے والا ہے جو ان مین ہی اللہ تعالے
اسکا غم لے جاتا ہے اور اسکی خوشی دراز کرتا ہے اور حضرت عائشہ رض سے روایت
ہے کہا میرے پاس حضرت ابوبکر صدیق رض آئے اور فرمایا تو نے وہ دعا سنی
ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمین سکھایا کرتے اور فرماتے
عیسی بن مریم علیہ السلام یہی دعا اپنے ساتھیون کو سکھاتے اور فرماتے
حضرت اگر کسی پر احد پہاڑ جتنا قرض ہو اللہ تعالی اسکا قرض ادا کرے حضرت
عائشہ رض نے کہا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمایا کرتے تھے ای اللہ اندوہ
کے لیجانیوالے غم کے دور کرنیوالے بیقرارون کی پکار قبول کرنیوالے
دنیا اور آخرت مین مہربان مین تجھ سے وہ تیری رحمت مانگتا ہون جس سے
تو مجھے غنی کر دے اپنے غیر کی رحمت سے اور دعا اس بارے مین حسن بصری سے
مروی ہے کہ انکے پاس انکا دوست آیا جنکی یہ عزت کرتے تھے

فقال یا ابا سعید علی دین و احب ان تعلمنی اسم اللہ تعالی
الاعظم فقال ان شئت ذلک فقم و توضأ فقام فتوضأ
وقال لہ قل یا اللہ یا اللہ یا اللہ انت اللہ بلی واللہ انت
اللہ لا الہ الا انت اللہ اللہ اللہ واللہ انہ لا الہ الا اللہ
فقضی عنہ الدین وامر بعد الدین فاصبح الرجل فرای
مائة الف درھم صحاحا فی مسجدہ دراھم مختلفة فی
جراب علی راس الجراب مکتوب لو سألت اکثر من ھذا لا
عطیناک فلیف لم تسئل الجنة فجاء الرجل الی الحسن
فاخبرہ بذلک فانطلق معہ الی منزلہ فنظر الی الدراھم
فقال الرجل انی ندمت حیث لم اسأل اللہ الجنة فقال
الحسن ان الذی علمک ھذا الاسم لم یعلمک الا الخیر
یریدک فاکتم علی ھذا الاسم لا یسمع بہ الحجاج فلا
ینجو منہ احد دعاء اخر علمہ جبرئیل علیہ السلام
حین خرج من مکة المشرفة یرید یتجلل جاخوفا من
قریش وکفایة الھم والرزق روی ابو بکر الصدیق رض
ان جبرئیل علیہ السلام قال یا محمد ان اللہ تعالی یقرؤک
السلام وقد علمنی دعاء اتدعو بہ فیجعل اللہ بینک
وبینھم سترا فاعلمہ الیک فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم
نعم یا جبرئیل فقال قل یا کبیر کل کبیر یا سمیع یا بصیر
یا من لا شریک لہ ولا وزیر یا خالق الشمس والقمر المنیر
یا عصمة البائس الخائف المستجیر یا رازق الطفل الصغیر
یا جابر العظم الکسیر یا قاصم کل جبار عنید اسألک
وادعوک دعاء البائس الفقیر دعاء المضطر الضریر اسألک
بمعاقد العز من عرشک ومفاتیح الرحمة من کتابک
وبالاسماء الثمانیة المکتوبة علی قرن الشمس ان تفعل
بی کذا وکذا **باب** الادعیة التی یدعی بھا عقیب
الصلوة الفرض ودعاء الختم وغیر ذلک اما دعاء الصلوة
الغداة وصلوة العصر فھو ان تقول اللھم لک الحمد
حمدا وانت اھل الحمد وفضلک ونعمتک تتم الصالحات نسألک

اسنے کہا اے ابو سعید مین قرضدار ہون اور مین چاہتا ہون کہ تو مجہے
اسم اعظم سکہا دے فرمایا اگر تو چاہتا ہے تو اٹہہ اور وضو کر پہر اوٹہا
اور وضو کیا اور کہا تو کہہ اے اللہ اے اللہ اے اللہ تو معبود ہے ہان اللہ
کی قسم تو معبود ہے تیرے سوا کوئی معبود نہین اللہ اللہ اللہ اللہ کی
قسم تو معبود ہے تیری سوا کوئی معبود نہین میرا قرض ادا کر اور اس کے بعد مجہے فرمایا
وہی پہر صبح کے وقت اسنے مسجد مین ایک لاکہہ عمدہ درہم دیکہے قسم قسم کے ہمیان کے
منہ پر لکہا ہوا تہا اگر تو اس سے زیادہ مانگتا تو ہم تجہے دے دیتے تو نے جنت
کیون نہ مانگی پہر وہ آدمی حسن کے پاس آیا اور اسکو خبر دی پہر حسن
اسکے ساتہ اسکے گہر گیے اور درہمون کو دیکہا اس شخص نے کہا مین شرمندہ ہون
اس لیے کہ مینے جنت نہ مانگی کہا حسن نے جس نے تجہے یہ اسم سکہایا ہے کسی
بہلائی کے لیے سکہایا ہے تو اسم کو چہپا اسکو حجاج نہ سنے پہر اس سے کوئی
خلاصی نہ پاویگا اور دعا جس کو حضرت جبریل نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم
کو سکہایا جب آپ مکہ شریف سے چلے تو قریش سے ڈر کر اور غم سے خلاصی
اور رزق کی کشایش کے واسطے نکلے حضرت ابو بکر رض نے روایت کی
کہ جبریل علیہ السلام نے فرمایا اے محمد اللہ تعالی تجہکو سلام دیتا ہے
اور مجہے یہ دعا سکہائی ہے کہ تو اوس کے ساتہ دعا کرے پہر تیرے اور کفار
کے درمیان اللہ پردہ کر دے پہر مین تجہکو سکہاتا ہون حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم نے کہا ہان اے جبریل جبریل نے کہا اے ہر بڑے سے بڑے اے سننے
والے اے دیکہنے والے اے وہ جسکا کوئی شریک نہین اور نہ کوئی وزیر اے سورج
چاند روشن کے پیدا کرنیوالے اے نا امید خوف کرنیوالی پناہ جوکی پناہ
اے چہوٹے بچے کی پرورش کرنیوالے اے ٹوٹی ہڈی کے جوڑنیوالے
اے ہر سرکش کے توڑنے والے مین تجہسے مانگتا ہون اور فقیر محتاج اور
بے قرار نابینے کی طرح پکارتا ہوں مانگتا ہون عرش کی بزرگی کے
وسیلہ سے اور تیری رحمت کے خزانون سے جو تیری کتاب مین ہے اور ان آٹہ
نامون کے وسیلہ سے جو سورج کے کنارے پر لکہے ہوئے ہین یہ کہ تو میری فلانی
فلانی حاجت پوری کرے **باب** ان دعاؤن کے بیان مین جو فرض
نمازون کے بعد مانگی جاتی ہین اور ختم قرآن کی دعا وغیرہ صبح کی نماز اور
اور عصر کی نماز کی دعا پہر وہ یہ ہے کہ کہے یا اللہ تیرے واسطے تعریف ہے اور شکر کر
اور تیرا احسان ہے اور فضل ہے کہ تیرے احسان سے نیکیان پوری ہوگئی ہین ہم

اَللّٰهُمَّ فَرِّجْ عَنَّا فَرَجًا قَرِيبًا فَاِنَّكَ لَمْ تَزَلْ مُجِيبًا وَّصَبِّرْنَا
جَمِيلًا وَّعَافِيَةً مِّنْ جَمِيعِ الْبَلَايَا وَالسَّلَامَةَ مِنْ طَرِيقِ
الرَّزَايَا بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلِ اجْتِمَاعَنَا
اِجْتِمَاعًا مَّرْحُومًا وَّتَفَرُّقَنَا مَعْصُومًا وَّلَا تَجْعَلْ
فِينَا شَقِيًّا وَّلَا مَحْرُومًا وَّلَا تَرُدَّنَا بِالْفَاقَةِ اِلٰى
غَيْرِكَ وَلَا تَحْرِمْنَا سَعَةَ خَيْرِكَ وَحَقِيقَةَ التَّوَكُّلِ
عَلَيْكَ وَخَالِصَ الرَّغْبَةِ فِيمَا لَدَيْكَ وَامْلَاْ
قُلُوبَنَا مِنْكَ الْغِنٰى وَاكْسُ وُجُوهَنَا مِنْكَ الْحَيَا
وَارْزُقْنَا خَيْرَ الْاٰخِرَةِ وَالدُّنْيَا بِرَحْمَتِكَ يَا
اَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ يَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا خَيْرَ الصَّبَاحِ
وَخَيْرَ الْمَسَاءِ وَخَيْرَ الْقَضَاءِ وَخَيْرَ الْقَدَرِ وَاصْرِفْ
عَنَّا شَرَّ الصَّبَاحِ وَشَرَّ الْمَسَاءِ وَشَرَّ الْقَضَاءِ وَ
شَرَّ الْقَدَرِ اَللّٰهُمَّ وَمَا اَنْزَلْتَ فِي هٰذَا الْيَوْمِ مِنْ
خَيْرٍ وَّعَافِيَةٍ وَّسَلَامَةٍ وَّغَنِيمَةٍ وَّسَعَةِ
رِزْقٍ فَاجْعَلْ لَّنَا فِيهِ اَوْفَرَ الْحَظِّ وَالنَّصِيبِ
اَللّٰهُمَّ وَمَا اَنْزَلْتَ مِنْ سُوْءٍ وَّبَلَاءٍ وَّشَرٍّ وَّدَاءٍ
وَّفِتْنَةٍ فَاصْرِفْهُ عَنَّا وَعَنْ جَمِيعِ الْمُسْلِمِينَ وَالْمُسْلِمَاتِ
يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ **دُعَاءٌ** اٰخَرُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ
الَّذِي اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا وَّاَحْصٰى كُلَّ
شَيْءٍ عَدَدًا لَّا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَهْلُ الْكِبْرِيَاءِ وَ
الْعَظَمَةِ وَمُنْتَهَى الْجَبَرُوتِ وَالْعِزَّةِ وَوَلِيُّ
الْغَيْبِ وَالرَّحْمَةِ مَالِكُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ عَظِيمُ
الْمَلَكُوتِ شَدِيدُ الْجَبَرُوتِ لَطِيفٌ لِّمَا يَشَاءُ
فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيدُ اَوَّلُ كُلِّ شَيْءٍ وَّخَالِقُ
كُلِّ شَيْءٍ وَّرَازِقُهُ سُبْحَانَهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ
اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَبَاحَنَا صَبَاحًا صَالِحًا لَّا خِزْيًا
وَّلَا فَاضِحًا اَللّٰهُمَّ اكْفِنَا شَرَّ نَوَائِبِ الزَّمَانِ
وَمَكْرُوهَهُ وَمَصَارِعَ السُّوْءِ وَمَصَائِدَ الشَّيْطٰنِ
وَبَوَادِرَ صَوْلَةِ السُّلْطَانِ وَتَفَقَّدْنَا يَوْمَنَا

یا اسد کشائش نزدیک کیونکہ تو ہمیشہ قبول کرتا ہے اور
مانگتا ہون صبر نیک اور تندرستی سب آفتون سے اور
اور سلامتی ہر مصیبت سے تیری رحمت کے ساتھ اے ارحم الراحمین
یا اسد کر ہمارا اجتماع رحمت والا اور ہماری جدائی جدائی عصمت والی
اور نکر ہم مین کسی کو بدبخت اور نہ محروم اور ہمکو محتاج کرکے کسی
پاس نہ لیجا اور اپنی فراخ بھلائی کے ہمکو محروم نکر اور نہ
محروم کر ہم کو اپنے پر بھروسا کرنے سے اور جو تیرے پاس
ہے اس مین رغبت کرنے سے اور ہمارے دل بے پرواہی
سے پر کر اور ہمارے مونہون پر شرم کا پردہ ڈال اور
دنیا اور آخرت کی بھلائی نصیب کر اپنی رحمت سے اے ارحم الراحمین
اے میرے رب یا اسد دے ہمین صبح شام اور قضا اور قدر کی
بھلائی اور پھیر ہم سے صبح شام اور قضا قدر کی برائی یا اسد اور
جو تو نے اس مین بھلائی اور عافیت اور سلامتی اور غنیمت
اور فراخ رزق اتارا ہمارا اس مین بہت حصہ اور نصیب کر یا اسد
اور جو تو نے برائی اور بلا اور بدی اور بیماری اور فتنہ اتارا
اس کو ہم سے اور تمام مسلمان مردون اور عورتون سے پھیر
اے مہربانون کے مہربان دوسری دعا سب تعریف
اسد کو جس کے علم نے گھیرا ہر چیز کو اور اس نے یاد رکھا ہر چیز کو گن کر اسکے
سوا کوئی معبود نہین وہی ہے بڑائی والا اور عظمت والا
اور غلبہ اور عزت والا اور ہیبہ والا اور رحمت والا مالک
دنیا اور آخرت کا بڑائی والا بادشاہ غلبے والا مہربان جس
پر چاہے جو چاہے کرڈالے ہر چیز سے پہلا ہر چیز کا بنانیوالا
اور اس کا روزی رسان پاک ہے اور اس کے سوا
کوئی معبود نہین یا اسد میری صبح اچھی کر نہ رسوا کرنیوالی
اے اسد ہمکو زمانے کی تکلیفون کی برائی سے بچا
اور اس کے رنج سے اور بری جگہ مین گرنے سے۔ اور
شیطان کی گھاتون اور بادشاہ کے دبدبے سے۔
اور توفیق دے ہم
کو اس دن

هٰذَا وَفِي سَائِرِ الْأَيَّامِ لِاسْتِعْمَالِ الْخَيْرَاتِ
وَهَجْرِ السَّيِّئَاتِ اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْنَا وَ
اَصْلِحْ قُلُوْبَنَا وَاَصْلِحْ اَخْلَاقَنَا وَ
اَصْلِحْ اَعْمَالَنَا وَاَصْلِحْ اٰبَاءَنَا وَ
اَبْنَاءَنَا وَاَجْدَادَنَا وَجَدَّاتِنَا وَدُنْيَانَا
وَاٰخِرَتَنَا اَللّٰهُمَّ كَمَا اَمْضَيْتَ اللَّيْلَةَ
بِالسَّلَامَةِ وَالْعَافِيَةِ فَامْضِ عَلَيْنَا النَّهَارَ
بِالسَّلَامَةِ وَالْعَافِيَةِ بِرَحْمَتِكَ يَا
اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا
اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ
حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ بِرَحْمَتِكَ
يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اٰمِيْنَ
اَللّٰهُمَّ اٰمِيْنَ يَا اللّٰهُ يَا رَبَّ
الْعٰلَمِيْنَ **دُعَاءٌ** اٰخَرُ اَلْحَمْدُ
لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ
الْاَرْضَ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ
وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ سُبْحَانَهٗ
وَتَعَالٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ اَللّٰهُمَّ
اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا مَا اَظْهَرْنَا وَمَا
اَسْرَرْنَا وَمَا اَخْفَيْنَا وَمَا اَعْلَنَّا وَ
مَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنَّا اَللّٰهُمَّ
اَعْطِنَا رِضَاكَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ
وَاخْتِمْ لَنَا بِالسَّعَادَةِ وَالشَّهَادَةِ وَ
الْمَغْفِرَةِ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اٰخِرَ اَعْمَارِنَا
خَيْرًا وَّخَوَاتِيْمَ اَعْمَالِنَا خَيْرًا وَّ
خَيْرَ اَيَّامِنَا يَوْمَ نَلْقَاكَ اَللّٰهُمَّ
اِنَّا نَعُوْذُ بِكَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ

اور سب دنون مین نیکی کرنے اور برائی
چھوڑنے کی۔ یا اللہ ہمکو سنوار اور ہمارے
دل کو سنوار اور ہماری عادتین سنوار اور ہمارے
کام اور ہمارے باپ اور اولاد اور ہمارے
اجداد اور ہمارے دادیکین نانیین دنیا اور
آخرت مین یا اللہ جیسے تونے یہ رات سلامتی
اور عافیت سے گذاری دن کو بھی سلامتی
اور عافیت سے گذار اپنی رحمت سے اے
ارحم الراحمین یا اللہ دے ہمین دنیا
مین بھلائی اور آخرت مین بھلائی اور
دوزخ کے عذاب سے بچا اپنی رحمت
سے بچا اے ارحم الراحمین یا اللہ قبول
کر یا اللہ جہانون کے مالک دوسرے
دعا سب تعریف اللہ کو جس نے بنائے
آسمان اور زمین اُس کے سوا کوئی
معبود نہین مین نے اوس پر بھروسا
کیا اور وہی ہے بڑے عرش کا مالک
وہ پاک ہے اور پرتر ہے مشرکون کے
شرک سے یا اللہ ہمارے گناہ معاف کر ظاہر
اور پوشیدہ اور زیادہ ظاہر اور جو تو ہم سے زیادہ
جانتا ہے۔ یا اللہ تو دنیا اور آخرت
مین ہم سے خوش ہو اور نیکی اور شہادت
اور بخشش پر ہمارا انجام کر یا اللہ ہماری پچھلی
عمرین بہتر کر اور پچھلے عمل اچھے اور بہتر
وہ دن جس دن ہم تجھ کو ملین یا اللہ پناہ
پکڑتے ہین ساتھ تیری نعمت
دور ہونے سے

وَمِنْ فُجَاءَةِ نِقْمَتِكَ وَمِنْ تَحَوُّلِ عَافِيَتِكَ
اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُبِكَ مِنْ دَرَكِ الشَّقَاءِ
وَجَهْدِ الْبَلَاءِ وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَاءِ
وَتَغَيُّرِ النَّعْمَاءِ وَسُوْءِ الْقَضَاءِ نَعُوْذُبِكَ
مِنْ جَمِيْعِ الْمَكَارِهِ وَالْاَسْوَاءِ وَنَسْاَلُكَ اللّٰهُمَّ
خَيْرَ الْعَطَاءِ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْاَلُكَ اَنْ تَكْشِفَ
سُقْمَنَا وَتُبْرِئَ مَرْضَانَا وَتَرْحَمَ مَوْتَانَا
وَتُصِحَّ اَبْدَانَنَا وَتُخَلِّصَهَا اَللّٰهُمَّ
بِخُلُوْصِ اَدْيَانِنَا وَاَنْ تَحْفَظَ عِبَادَتَنَا
وَتَشْرَحَ صُدُوْرَنَا وَتُدَبِّرَ اُمُوْرَنَا
وَتُجْمِلَ اَوْلَادَنَا وَتَسْتُرَ جُرْمَنَا وَتَرُدَّ
غُيَّبَنَا وَاَنْ تُثَبِّتَنَا عَلٰى دِيْنِنَا
وَنَسْاَلُكَ خَيْرًا وَرُشْدًا اَللّٰهُمَّ
رَبَّنَا اِنَّا نَسْاَلُكَ اَنْ تُؤْتِيَنَا حَسَنَةً فِي
الدُّنْيَا وَحَسَنَةً فِي الْاٰخِرَةِ وَاَنْ
تَتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ بِرَحْمَتِكَ وَقِنَا
عَذَابَ النَّارِ وَعَذَابَ الْقَبْرِ يَا اَرْحَمَ
يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ فَالدُّعَاءُ مَامُوْرٌ
بِهٖ وَهُوَ عِنْدَ اللّٰهِ بِمَكَانٍ وَ
قَدْ بَيَّنَّا ذٰلِكَ فِيْ اَثْنَاءِ الْكِتَابِ
فَلَا يَنْبَغِيْ لِلْاِمَامِ وَالْمَامُوْمِ
اَنْ يَخْرُجَا مِنَ الْمَسْجِدِ مِنْ غَيْرِ دُعَاءٍ
قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ
وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ اَيْ اِذَا فَرَغْتَ
مِنَ الْعِبَادَةِ انْصَبْ فِي الدُّعَاءِ وَارْغَبْ
فِيْمَا عِنْدَ اللّٰهِ وَاطْلُبْهُ مِنْهُ وَقَدْ
جَاءَ فِي الْحَدِيْثِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ

اور ناگہانی دشمنی سے اور عافیت کے پھرنے
سے یا اللہ ہم پناہ لیتے ہین تیری بدبختی
کے پانے سے اور سخت رنج سے اور دشمنون
کے خوش ہونے سے اور نعمتون کے بدلنے
سے اور بری قضا سے ہم پناہ پکڑتے ہین
سب رنجون اور برائیون سے اور مانگتے ہین ہم تجھ
سے بہتر بخششین یا اللہ تحقیق ہم مانگتے ہین تجھ سے بیماری
کا دور ہونا اور بیمارون کا شفا پانا اور مردون پر
مہربانی اور بدنون کی تندرستی اور خالص
کر ہمارے واسطے اپنا دین اور ہمین
نگاہ رکھ اور ہمارا سینہ کھول اور ہمارے
کامون کی تدبیر کر اور ہماری اولاد درست
کر اور ہمارے عیب ڈھانک اور ہمارے گم شدہ
واپس کر اور ثابت کر ہمکو ہمارے دین پر اور
مانگتے ہین تجھ سے نیکی اور بھلائی یا اللہ ہم تجھ سے
مانگتے ہین دنیا اور آخرت کی بھلائی اور تجھ سے
کر تو ہم کو اسلام پر فوت کر اپنی رحمت سے
اور دوزخ کے عذاب سے بچا اور قبر کے
عذاب سے اے ارحم الراحمین اے جہانون
کے مالک دعا کا حکم کیا گیا ہے اور اسکا
خدا کے نزدیک مرتبہ ہے اور کتاب کے درمیان
ہم اس کو بیان کر چکے پھر امام مقتدی کو لائق نہین
کہ بلا دعا مسجد سے نکلے اللہ تعالے نے
فرمایا جب تو عبادت سے فارغ ہووے تو دعا کر اور
جو چیز اللہ کے پاس ہے اس کی رغبت کر
اور اس کو اس سے مانگ اور حدیث شریف
مین آیا ہے انس بن مالک رضی اللہ تعالے

عن النبي صلى الله عليه وسلم أنه قال إذا قام الإمام في محرابه ولو أتت الصفوف نزلت الرحمة فأول ذلك تصيب الإمام ثم من عن يمينه ثم من عن يساره ثم تفرق الرحمة على الجماعة ثم ينادي ملك ربح فلان وخسر فلان فالرابح من يرفع يديه بالدعاء إلى الله تعالى إذا فرغ من صلاته المكتوبة والخاسر هو الذي يخرج من المسجد بلا دعاء فإذا خرج بلا دعاء قالت الملائكة يا فلان استغنيت عن الله تعالى ما لك عند الله حاجة **فصل** فأما دعاء ختم القرآن فهو صدق الله العظيم الذي خلق الخلق فابتدعه وسن الدين وشرعه ونور النور وشعشعه وقدر الرزق ووسعه وضر خلقه ونفعه وأجرى الماء وأنبعه وجعل السماء سقفا محفوظا ورفعه والأرض بساطا فوضعه وسير القمر فأطلعه
سبحانه ما أعلى مكانه
وأرفعه وما أعز سلطانه
وأبدعه

سے روایت ہے وہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے آپ نے فرمایا امام جب اپنے محراب مین کھڑا ہوتا ہے اور صفین برابر ہوتی ہین تو رحمت اترکر پہلے امام کو پہونچتی ہے پھر امام کے داہنی طرف والون پھر بائین طرف والون کو پھر رحمت ساری جماعت پر پھیل جاتی ہے پھر فرشتہ ندا کرتا ہے فلانا سودمند ہوا اور فلانا زیان کار سودمند وہ ہے جو اپنے دونون ہاتھ اللہ کی طرف دعا کے واسطے اوٹھاتا ہے فرض نماز سے فارغ ہوکر اور زیان کار وہ جو مسجد سے بلا دعا نکلتا ہے جب بلا دعا نکلتا ہے تو فرشتے کہتے ہین تونے اللہ پاک سے بے پرواہی کی خدا کو تیری کیا حاجت ہے **فصل** لیکن ختم قرآن کی دعا اللہ نے پھر فرمایا جو بڑا ہے جس نے مخلوق کو نئے طریق پر بنایا اور دین کو مقرر کیا اور نور کو روشن کیا اور روزی مقرر کی اور اس کو فراخ کیا اور مخلوق کو چاہے نقصان پہونچائے چاہے فائدہ دے اور پانی بہایا اور اس کے چشمے کھولے اور آسمان کو مضبوط چھت بنایا اور بلند کیا اور زمین کو بچھایا اور چاند کو چلایا اور چڑھایا پاک ذات کیسے مرتبے والا
اور رفعت والا اور غلبے والا
اور نیا بنانیوالا

لا رادّ لما منعه ولا مغيّر لما اخترعه ولا مذلّ لمن رفعه
ولا معزّ لمن وضعه ولا مفرّق لما جمعه ولا شريك له ولا اله
معه صدق الله الذي دبّر الدهور وقدّر المقدور وصرّف الامور
وعلم هواجس الصدور وتعاقب الديجور وسهّل المعسور
ويسّر العسير وسجّر البحر المسجور انزل الفرقان والنور و
التوراة والانجيل والزبور واقسم بالفرقان والطور والكتاب
المسطور في رقّ منشور والبيت المعمور والبعث والنشور
وجاعل الظلمات والنور والولدان والحور والجنان والقصور
ان الله يسمع من يشاء وما انت بمسمع من في القبور صدق
الله العظيم الذي عزّ فارتفع وعلا فامتنع وذلّ كل شيء
لعظمته وخضع وسمك السماء ورفع وفرش الارض
واوسع وفجّر الانهار فانبع ومرج البحار فانزع وسخّر النجوم
فاطلع وارسل السحاب فارتفع ونوّر النور فلمع وانزل الغيث
فهمع وكلّم موسى عليه السلام فاسمع وتجلّى للجبل فتقطّع
ووهب ونزع وضرّ ونفع واعطى ومنع وسنّ وشرع وفرّق
وجمع وانشأكم من نفس واحدة فمستقرّ ومستودع
صدق الله العظيم التواب الغفور الوهاب الذي خضعت
لعظمته الرقاب وذلّت لجبروته الصعاب ولانت له
الشداد واستدلّت بصنعته الالباب ويسبّح بحمده
الرعد والسحاب والبرق والسراب والشجر والدواب
ربّ الارباب ومسبّب الاسباب ومنزل الكتاب وخالق
خلقه من التراب غافر الذنب وقابل التوب شديد العقاب
لا اله الا هو عليه توكلت واليه متاب صدق الله الذي
لم يزل جليلا دليلا صدق من حسبي به كفيلا صدق
من اتخذته وكيلا صدق الله الهادي اليه سبيلا
صدق الله ومن اصدق من الله قيلا صدق الله وصدق
انباءه وصدق الله وصدقت انبياءه صدق الله وجلّت
الاءه صدق الله وصدقت ارضه وسماءه صدق الواحد
القديم الماجد الكريم الشاهد العليم الغفور الرحيم الشكور

جسکے کئے کو کون پھیرے اور اسکی بنا میں کون تغیر دے جسکو اس نے عزت دی
اسکو کون ذلیل کرے اور جسکو اس نے ذلیل کیا اسکو کون عزت دے جسکو اس نے جمع کیا اسکو کون
جدا کرے اسکا کوئی شریک نہیں ہے اسکے ساتھ کوئی معبود نہیں سچا ہے جس نے زمانوں کی تدبیر کی
اور تقدیر کو مقرر کیا اور کاموں کو پھیرا اور دلوں کے خیال جانتا ہے اور راتوں کے آنے جانے کو
اور مشکل کو آسان کیا اور دریا جوش کے گئے کو مسخر کیا اور قرآن اور نور اور توریت
اور انجیل اور زبور کو اتارا اور قرآن اور طور اور لوح محفوظ اور بیت المعمور
اور قیامت کی قسم کھائی اندھیرے اور نور اور بچوں اور حوروں اور
جنتوں اور محلوں کا بنانے والا اللہ جسکو چاہے سنا دے اور تو مردوں
کو نہیں سنا سکتا اللہ بڑا سچا ہے جو عزت والا اور بلند ہے اور غالب ہے
اور زور آور ہے اور اسکی عظمت کے آگے ہر چیز ذلیل ہوئی اور آسمان
کو بلند کیا اور بہت اونچا کیا اور زمین کو بچھایا اور فراخ کیا اور نہروں کو چلایا اور
چشمے کھولے اور دریاؤں کو ملا یا پھر تر کیا اور ستاروں کو فرمانبردار کیا اور چڑھایا
اور بادل بھیجا و نیچے اونچے اور نور کو روشن کیا اور مینہ کو اتارا اور موسی علیہ
السلام سے کلام کیا پھر سنوایا اور پہاڑ پر تو وہ ڈالا پھر ٹکڑے ٹکڑے کیا اور
بخشا اور دور کیا اور ضرر پہونچایا اور نفع دیا اور دیا اور نہ دیا اور مقرر کیا اور
جدا کیا اور جمع کیا اور تمکو ایک جان سے پیدا کیا پھر ایک جگہ قرار ہے
اور ایک جگہ امانت سچا ہے اللہ بڑا توبہ قبول کرنے والا بخشنے والا جسکی عظمت
کے آگے گردنیں جھک گئیں اور اسکے آگے سرکش ذلیل ہوئے اور اسکے لئے
سخت چیزیں نرم ہوئیں اور اسکے کاموں میں عقل والوں نے راہ پائی اور رعد
اور بادل اور برق اور سراب اور درخت اور چارپائے اسکی پاکی بولتے
ہیں مالکوں کا مالک ہے اور اسباب کا پیدا کرنے والا اور کتاب کا اتارنے والا
اور مخلوق کا مٹی سے بنانے والا گناہ بخشنے والا توبہ قبول کرنے والا سخت عذاب
والا جسکے سوا کوئی معبود نہیں میں نے اس پر بھروسا کیا اور اسی کی طرف پھرنا ہے
سچا ہے اللہ جو ہمیشہ سے بزرگ ہے اور راہ دکھانے والا سچا ہے جو مجھے کافی ہے
اور وہی کارساز ہے سچا ہے جسکو میں نے کارساز بنایا سچا ہے اپنی طرف راہ دکھانے والا
سچا ہے اور اللہ سے کون زیادہ سچا ہے سچا ہے اللہ اور اسکی خبریں
سچی اور سچا ہے اللہ اور اسکے پیغمبر سچے سچا ہے اللہ اور اسکی نعمتیں بزرگ
سچا ہے اللہ اسکی زمین سچی اور اسکا آسمان سچا ہے۔ سچا ہے اللہ اکیلا
قدیم بزرگ کریم حاضر دانا بخشنے والا مہربان قدردان اور بردبار

الحليم قل صدق الله فاتبعوا ملة ابراهيم صدق الله
العظيم الذي لا اله الا هو الرحمن الرحيم الحي العليم الحي الكريم الحي
الباقي الحي الذي لا يموت ابدا ذو الجلال والجمال والاكرام والآلاء
العظام والمنن الجسام وبلغت الرسل الكرام بالحق صلى الله على
سيدنا وسلم وعليهم السلام ونحن على ما قال الله ربنا
وسيدنا ومولنا من الشاهدين ولما اوجب والزم غير جاحدين
والحمد لله رب العلمين وصلوته على سيدنا وسندنا محمد
خاتم النبيين وعلى ابويه المكرمين سيدنا آدم والخليل
ابراهيم وعلى جميع اخوانه من النبيين وعلى اهل بيته الطاهرين
وعلى اصحابه المنتجبين وعلى ازواجه الطاهرات امهات
المؤمنين وعلى التابعين لهم باحسان الى يوم الدين وعلينا معهم
برحمتك يا ارحم الراحمين صدق الله ذو الجلال والاكرام والعظمة
والسلطان جبار لا يرام عزيز لا يضام قيوم لا ينام له الافعال الكرام
والمواهب العظام والايادي الجسام والافضال والانعام والكمال
والتمام يسبح له الملئكة الكرام والبهائم والهوام والرياح والغمام
والضياء والظلام وهو الله الملك القدوس السلام ونحن على ما قال
الله ربنا جل ثناؤه وتقدست اسماؤه وجلت آلاؤه وشهدت ارضه
وسماؤه ونطقت به رسله وانبياؤه شاهدون شهد الله انه لا
اله الا هو والملئكة واولوا العلم قائما بالقسط لا اله الا هو العزيز
الحكيم ان الدين عند الله الاسلام ونحن بما شهد الله ربنا والملئكة
واولوا العلم من خلقه من الشاهدين شهادة شهد بها العزيز
الحميد ودان بها المؤمن الغفور الودود واخلص بالشهادة
لذي العرش المجيد يرفعها بالعمل الصالح الرشيد يعطي قائلها الخلود
في جنة ذات سدر مخضود وطلح منضود وظل ممدود وماء
مسكوب يرافق فيها النبيين الشهود والركع السجود والبازلين
في طاعته غاية المجهود اللهم اجعلنا بهذا التصديق صادقين
وبهذا الصدق شاهدين وبهذه الشهادة مؤمنين وبهذا
الايمان موحدين وبهذا التوحيد مخلصين وبهذا الاخلاص
موقنين وبهذا الايقان عارفين وبهذه المعرفة معترفين و

کہ سچا ہے اللہ پھر دین ابراہیم پر چلو سچا ہے اللہ بڑا جسکے سوا کوئی
معبود نہیں وہ مہربان ہے بخشنے والا زندہ دانا زندہ کریم زندہ باقی
زندہ جو نہیں مریگا کبھی۔ جلال والا جمال والا بزرگی والا بڑی صفتوں والا
بڑے احسانوں والا اور پیغمبروں نے ٹھیک پیغام پہونچا دئے ہمارے سردار
اور انپر خدا کی رحمت اور اسکا سلام اور ہم اپنے اللہ مالک اور سردار اور
مولی کی باتوں پر گواہ ہیں اور جسکو اس نے واجب کیا اور لازم کیا اسکے ہم منکر نہیں
اور سب تعریف اللہ کے لئے جو جہانوں کا مالک ہے اور اسکی رحمت ہمارے سردار
اور بزرگ محمد صلے اللہ علیہ آلہ وسلم پر جو خاتم النبیین ہیں اور اُن کے دو باپوں عزت
والوں پر جو ہمارے سردار آدم اور خلیل علیہما السلام ہیں اور اُسکے تمام بھائیوں پیغمبروں پر
اور اہل بیت پاک پر اور اصحاب پر جو چنے ہوئے ہیں اور آپکی بیبیوں پر جو پاک ہیں
جو مسلمانوں کی مائیں ہیں اور انپر جو قیامت تک نیکی کے ساتھ اُنکے پیرو ہیں
اور ہمپر انکے ساتھ اپنی رحمت کے ساتھ اے مہربانوں کے مہربان سچا ہے اللہ بزرگی اور عزت
عظمت اور سلطنت والا جبار ہے جسکا کوئی قصد نہیں کرتا غالب ہے مغلوب نہیں ہوتا قیوم ہے
نہیں سوتا اسکے کام عمدہ ہیں اور بخششیں بڑی اور بڑے احسان اور فضل اور انعام اور
کمال بزرگ فرشتے اُسکی پاکی بولتے ہیں اور چارپائے اور زہریلی چیزیں اور
ہوائیں اور بادل اور روشنی اور سیاہی اور وہ اللہ بادشاہ ہے اور پاک بے عیب
اور ہم اللہ کے فرمانے پر جسکی ثنا بزرگ ہے اور نام پاک اور نعمتیں بڑی اور زمین اور
آسمان اُسکی گواہی دیتے ہیں اور اُسکی تعریف کے ساتھ رسول اور پیغمبر ناطق ہیں گواہ ہیں
گواہی دی اللہ نے کہ اُسکے سوا کوئی معبود نہیں اور فرشتوں نے اور علم والوں نے وہ عدل کے ساتھ قائم ہے
اُسکے سوا کوئی لائق عبادت کے نہیں غالب ہے حکمت والا دین پسندیدہ خدا کے نزدیک اسلام ہے
اور جس بات کی اللہ تعالی اور اُسکے فرشتے اور اُسکی مخلوق سے علم والے گواہی دیتے ہیں اسکی
ہم بھی گواہی دیتے ہیں ایسی جسکی غالب حمید نے گواہی دی اور جسکے سبب مومن بخشنے والے مہربان
کی قریب ہوا اور خدا کے لئے ہم گواہی کو خالص کرتے ہیں جسکو اللہ تعالی نیک عمل کے ساتھ
اُٹھا لیوے اور اُسکے کہنے والے کو جنت کے درختوں بے خار والے اور میوے والے اور سایہ والے اور
پانی جاری والے اور ہمیشگی عنایت فرماوے اور پیغمبروں مخلوق کے گواہوں کو رکوع کرنیوالوں
سجدہ کرنیوالوں اسکی طاعت میں از حد کوشش کرنیوالوں کی رفاقت نصیب کر یا اللہ
اس تصدیق میں سچا کر اور اسپر گواہ اور اسکے ساتھ ایمان والے اور اس ایمان میں موحد اور
اس توحید میں مخلص اور اس اخلاص میں یقین والے اور
اس یقین میں عارف اور اس معرفت میں مقر اور

بِهٰذَا الْاِعْتِرَافِ مُنِيْبِيْنَ وَبِهٰذِهِ الْاِنَابَةِ فَائِزِيْنَ وَفِيْمَا لَدَيْكَ رَاغِبِيْنَ وَلِمَا عِنْدَكَ طَالِبِيْنَ وَبَاهِ بِنَا الْمَلٰٓئِكَةَ الْكِرَامَ الْكَاتِبِيْنَ وَاحْشُرْنَا مَعَ النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصَّالِحِيْنَ وَلَا تَجْعَلْنَا مِمَّنِ اسْتَهْوَتْهُ الشَّيَاطِيْنُ فَشَغَلَتْهُمْ بِالدُّنْيَا عَنِ الدِّيْنِ فَاَصْبَحُوْا مِنَ النَّادِمِيْنَ وَفِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ وَاَوْجِبْ لَنَا الْخُلُوْدَ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ وَاَنْتَ لِلْحَمْدِ اَهْلٌ وَاَنْتَ الْحَقِيْقُ بِالْمِنَّةِ ثُمَّ الْفَضْلِ لَكَ الْحَمْدُ عَلٰى تَتَابُعِ اِحْسَانِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ عَلٰى تَوَاتُرِ اِنْعَامِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ عَلٰى تَرَادُفِ اِمْتِنَانِكَ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَطَفْتَ عَلَيْنَا قُلُوْبَ الْاٰبَآءِ وَالْاُمَّهَاتِ صِغَارًا وَّضَاعَفْتَ عَلَيْنَا نِعَمَكَ كِبَارًا وَّمَا اَلَيْتَ اِلَيْنَا بِرَّكَ مِدْرَارًا وَجَهِلْنَا وَمَا عَاجَلْتَنَا مِرَارًا فَلَكَ الْحَمْدُ اَللّٰهُمَّ فَاِنَّا نَحْمَدُكَ سِرًّا وَّجِهَارًا وَنَشْكُرُكَ مَحَبَّةً وَّاخْتِيَارًا فَلَكَ الْحَمْدُ اِذْ اَلْهَمْتَنَا مِنَ الْخَطَآءِ اِسْتِغْفَارًا وَلَكَ الْحَمْدُ فَارْزُقْنَا جَنَّةً وَّاَحْجِبْ عَنَّا بِعَفْوِكَ نَارًا وَلَا تَفْضَحْنَا يَوْمَ الْبَعْثِ فَتَجْعَلَنَا بَيْنَ الْمَعَاشِرِ عَارًا وَّلَا تَفْضَحْنَا بِسُوْءِ اَفْعَالِنَا يَوْمَ لِقَآئِكَ فَتُلْبِسَنَا ذِلَّةً وَّاَكْسِنَا رِدَآءَ رَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كَمَا هَدَيْتَنَا لِلْاِسْلَامِ وَعَلَّمْتَنَا الْحِكْمَةَ وَالْقُرْاٰنَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ عَلَّمْتَنَاهُ قَبْلَ رَغْبَتِنَا فِيْ تَعَلُّمِهٖ وَمَنَنْتَ بِهٖ عَلَيْنَا قَبْلَ عِلْمِنَا بِمَعْرِفَتِهٖ وَخَصَصْتَنَا بِهٖ قَبْلَ مَعْرِفَتِنَا بِفَضْلِهٖ اَللّٰهُمَّ فَاِذَا كَانَ ذٰلِكَ مِنْ فَضْلِكَ لُطْفًا بِنَا وَامْتِنَانًا عَلَيْنَا مِنْ غَيْرِ حِيْلَتِنَا وَلَا قُوَّتِنَا فَهَبْ لَنَا اَللّٰهُمَّ رِعَايَةَ حَقِّهٖ وَحِفْظَ اٰيَاتِهٖ وَعَمَلًا بِمُحْكَمِهٖ وَاِيْمَانًا بِمُتَشَابِهِهٖ وَهُدًى فِيْ تَدَبُّرِهٖ وَتَفَكُّرًا فِيْ اَمْثَالِهٖ وَمُعْجِزَاتِهٖ وَتَبْصِرَةً فِيْ نُوْرِهٖ وَحِكَمِهٖ لَا تُعَارِضُنَا الشُّكُوْكُ فِيْ تَصْدِيْقِهٖ وَلَا يَخْتَلِجُنَا الزَّيْغُ فِيْ قَصْدِ طَرِيْقِهٖ اَللّٰهُمَّ انْفَعْنَا بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ وَبَارِكْ لَنَا فِي الْاٰيَاتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيْمِ وَتَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ وَتُبْ عَلَيْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلِ الْقُرْاٰنَ رَبِيْعَ قُلُوْبِنَا وَشِفَآءَ صُدُوْرِنَا وَجِلَآءَ اَحْزَانِنَا وَذَهَابَ هُمُوْمِنَا وَغُمُوْمِنَا وَسَآئِقَنَا وَقَآئِدَنَا

اس اقرار میں رجوع کرنے والے اور اس رجوع میں بامراد اور جو تیرے پاس ہے اسمیں رغبت کرنے والے اور اسکے طالب اور فخر دے ہمارے سبب لکھنے والے عزت والے فرشتوں کو اور اُٹھا ہمکو پیغمبروں اور صدیقوں اور شہیدوں اور نیکوں کے ساتھ اور نہ کر ہمکو اُن میں جنپر شیطان غالب ہوئے پھر اُنکو دنیا میں رجھا دیا دین چھوڑا کر پس ہو گئے پشیمان اور آخرت میں زیانکار اور بہشت کی ہمیشگی ہمارے لئے واجب کر اپنی رحمت سے اے ارحم الراحمین۔ یا اللہ تیرے لئے تعریف ہے اور تو تعریف کے لائق ہے اور تیرے لئے ہی تعریف ہے تیرے متواتر احسانوں پر اور تیری تعریف ہے تیرے بہت انعاموں پر یا اللہ تو نے ہم پر ہمارے ماں باپ کے دلوں کو نرم کیا اور تو نے ہم پر بڑی نعمتیں دوچند کیں اور اپنی بھلائی اُتاری۔ ہم نے نادانی کی تو نے جلدی نہ کی تیرے ہی واسطے تعریف ہے یا اللہ پوشیدہ ظاہر تیری تعریف کرتے ہیں اور پیار اور احسان سے تیرا قدر کرتے ہیں اور تیرے ہی لئے تعریف ہے کیونکہ تو نے گناہ کے پیچھے استغفار کا الہام کیا۔ اور تیری ہی تعریف ہے ہمکو جنت سے اور اپنی معافی کے ساتھ ہمکو آگ سے در پردہ رکھ اور ہمکو قیامت میں ہلاک نہ کر پھر تو کر دے ہمکو لوگوں میں شرمسار اور ہمارے کاموں کے ساتھ ہمیں رسوا نہ کر اپنے ملنے کے دن پھر تو پہنا دے ہمکو ذلت اور خواری اپنی رحمت سے اے ارحم الراحمین یا اللہ تیرے ہی لئے تعریف ہے جیسے تو نے ہمکو اسلام کا راہ دکھایا اور قرآن اور سنت سکھایا یا اللہ تو نے سکھائی ہمیں اس سے پہلے کہ ہم اسکے سیکھنے کی رغبت کریں اور تو نے ہمپر اسکے ساتھ احسان کیا اس سے پہلے کہ ہم اسکی پہچان حاصل کریں اور تو نے ہمکو اسکے ساتھ خاص کیا اس سے پہلے کہ ہم اسکی بزرگی جانیں یا اللہ جیسا یہ تیرا ہمپر محض لطف اور احسان ہے جس میں ہمارا نہ حیلہ ہے اور نہ قوت پھر تو ہمیں قرآن کے نگاہ رکھنے کا حق بخش اور اسکی آیتیں یاد کرا اور اسکی محکم آیتوں پر عمل کرا اور اسکی متشابہ آیتوں پر ایمان نصیب کر اور رہنمائی اسکے تدبر میں اور سوچ اسکی مثالوں اور معجزوں میں اور بصارت اور حکمت اسکے نور میں ہمکو شکوک پیش نہ آویں اسکی تصدیق میں اور نہ راہ مارے کجی اسکے درمیان طریق میں یا اللہ ہمکو قرآن عظیم کے ساتھ سودمند کر اور اسکی آیتوں اور حکمت والے ذکر میں برکت کر اور ہم سے قبول کر تو سننے والا جاننے والا اور ہماری توبہ قبول کر تو ہی توبہ قبول کرنیوالا مہربان ہے اپنی رحمت سے اے ارحم الراحمین یا اللہ قرآن کو ہمارے دل کی بہار بنا اور ہمارے سینوں کی دوا اور ہمارے غموں کی صیقل اور ہمارے غموں کو لیجانا اور ہمکو تیری طرف چلانیوالا

المقالة السادسة والستون

قال رضي الله عنه وأرضاه

وَدَلِيلَنَا إِلَيْكَ وَإِلَى جَنَّاتِكَ جَنَّاتِ النَّعِيمِ بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ
الرَّاحِمِينَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلِ الْقُرْآنَ لِقُلُوبِنَا ضِيَاءً وَّلِأَبْصَارِنَا
جَلَاءً وَّلِأَسْقَامِنَا دَوَاءً وَّلِذُنُوبِنَا مُمَحِّصًا وَمِنَ النَّارِ
مُخَلِّصًا اَللّٰهُمَّ أَلْبِسْنَا بِهِ الْحُلَلَ وَأَسْكِنَّا بِهِ الظُّلَلَ وَ
أَسْبِغْ عَلَيْنَا بِهِ النِّعَمَ وَادْفَعْ بِهِ عَنَّا النِّقَمَ وَاجْعَلْنَا بِهِ
عِنْدَ الْجَزَاءِ مِنَ الْفَائِزِينَ وَعِنْدَ النِّعَمِ مِنَ الشَّاكِرِينَ
وَعِنْدَ الْبَلَاءِ مِنَ الصَّابِرِينَ وَلَا تَجْعَلْنَا مِمَّنِ اسْتَهْوَتْهُ
الشَّيَاطِينُ فَشَغَلَتْهُ بِالدُّنْيَا عَنِ الدِّينِ فَأَصْبَحَ مِنَ
الْخَاسِرِينَ بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلِ الْقُرْآنَ
بِنَا مَاحِلًا وَّلَا الصِّرَاطَ بِنَا زَائِلًا وَّلَا نَبِيَّنَا وَسَيِّدَنَا وَسَنَدَنَا
مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْقِيٰمَةِ عَنَّا مُعْرِضًا وَّلَا مُوَلِّيًا
اِجْعَلْهُ يَا رَبَّنَا يَا خَالِقَنَا يَا رَازِقَنَا لَنَا شَافِعًا مُّشَفَّعًا وَّ
أَوْرِدْنَا حَوْضَهُ وَاسْقِنَا بِكَأْسِهِ مَشْرَبًا رَّوِيًّا سَائِغًا
هَنِيْئًا لَّا نَظْمَأُ بَعْدَهُ أَبَدًا غَيْرَ خَزَايَا وَلَا نَاكِثِينَ وَلَا
جَاحِدِينَ وَلَا مَغْضُوبٍ عَلَيْنَا وَلَا ضَالِّينَ بِرَحْمَتِكَ
يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ اَللّٰهُمَّ انْفَعْنَا بِالْقُرْآنِ الَّذِي رَفَعْتَ
مَكَانَهُ وَثَبَّتَّ أَرْكَانَهُ وَأَيَّدْتَ سُلْطَانَهُ وَبَيَّنْتَ بَرَكَاتَهُ
وَجَعَلْتَ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ الْفَصِيحَةَ لِسَانَهُ وَقُلْتَ يَا عَزَّ مِنْ
قَائِلٍ سُبْحَانَهُ فَإِذَا قَرَأْنَاهُ فَاتَّبِعْ قُرْآنَهُ ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا
بَيَانَهُ وَهُوَ أَحْسَنُ كُتُبِكَ نِظَامًا وَأَوْضَحُهَا كَلَامًا وَأَبْيَنُهَا
حَلَالًا وَّحَرَامًا مُحْكَمُ الْبَيَانِ ظَاهِرُ الْبُرْهَانِ مَحْرُوسٌ مِّنَ
الزِّيَادَةِ وَالنُّقْصَانِ فِيهِ وَعْدٌ وَّوَعِيدٌ وَّتَخْوِيفٌ وَّتَهْدِيدٌ
لَا يَأْتِيهِ الْبَاطِلُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهِ تَنْزِيلٌ مِّنْ حَكِيمٍ
حَمِيدٍ اَللّٰهُمَّ فَأَوْجِبْ لَنَا بِهِ الشَّرَفَ وَالْمَزِيدَ وَأَلْحِقْنَا بِكُلِّ
بَرٍّ سَعِيدٍ وَّاسْتَعْمِلْنَا فِي الْعَمَلِ الصَّالِحِ الرَّشِيدِ إِنَّكَ أَنْتَ
الْقَرِيبُ الْمُجِيبُ بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ اَللّٰهُمَّ كَمَا جَعَلْتَنَا
بِهِ مُصَدِّقِينَ وَلِمَا فِيهِ مُحَقِّقِينَ فَاجْعَلْنَا لِتِلَاوَتِهِ مُنْتَفِعِينَ
إِلَى لَذِيذِ خِطَابِهِ مُسْتَمِعِينَ وَبِمَا فِيهِ مُعْتَبِرِينَ وَلِأَحْكَامِهِ
جَامِعِينَ وَلَا وَامِرِهِ وَنَوَاهِيهِ خَاضِعِينَ وَعِنْدَ خَتْمِهِ

اور راہنما اور تیرے بہشتوں کی طرف اپنی رحمت سے اے ارحم الراحمین
یا اللہ قرآن کو ہمارے دلوں کی روشنی کر اور ہماری آنکھوں کی جلا اور
ہماری بیماریوں کی دوا اور ہمارے گناہوں کو دور کرنے والا اور آگ سے
خلاصی دینے والا اے اللہ پہنا ہمکو بسبب اسکے حلّے اور بسا ہمیں بسبب
اسکے سایوں میں اور پوری کر ہم پر نعمتیں اور دور کر بسبب اسکے ہم سے غصے
اور کر اسکے ساتھ جزا کے وقت بامراد اور نعمتوں کے وقت شاکر اور
بلا کے وقت صابر اور نہ کر ہمکو ان سے جنہیں شیطان نے اپنے قابو میں
رکھا دیا دنیا میں دین چھوڑ کر پھر ہو گئے زیاں کار اپنی رحمت کے ساتھ
اے ارحم الراحمین یا اللہ نہ کر قرآن مجید کو ہمارے حق میں برائی اور نہ
پل کو پھسلانے والا اور نہ کر ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو قیامت میں
ہم سے منہ پھیرنے والے کر اسکو اے ہمارے مالک اے ہمارے خالق اے
ہمارے رازق ہمارے لئے سفارش کرنے والا سفارش قبول کیا گیا اور وارد
کر ہمکو اسکے حوض پر اور پلا ہمکو اسکے پیالہ سے سیر کرکے پیچھے ہونے والا
گوارا جسکے پیچھے ہم نہ پیاسے ہوں اور نہ خوار اور نہ سرنگوں اور نہ منکر اور
نہ غضہ کیا گیا ہم پر اور نہ گمراہ اپنی رحمت سے اے ارحم الراحمین۔ یا اللہ
فائدہ دے ہمیں قرآن سے جسکا تونے مرتبہ بلند کیا اور اسکے رکن ثابت
کئے اور اسکی دلیل محکم کی اور اسکی برکتیں ظاہر کیں اور عربی فصیح
لغت اسکی زبان کی اور فرمایا تو نے سب سے غالب تو پاک ہے
پھر جب ہم پڑھیں تو اسکی پیروی کر پھر ہمارے ذمہ ہے اسکا کھولنا
قرآن کا نظم سب کتابوں سے اچھا ہے اور اسکی عمدہ کلام ہے اور قرآن
حلال اور حرام کو خوب بیان کرنیوالا ہے اسکا بیان محکم ہے اور اسکی
دلیل ظاہر ہے کمی بیشی سے محفوظ اسمیں وعدے اور وعید ہیں
اور ڈرانا اور تہدید ہے نہیں آیا اسکے پاس جھوٹ کسی طرف سے
حکیم حمید کی طرف سے اترا اے اللہ تو ثابت کر اسکے سبب سے ہماری شرف
اور مزید کو اور ہمکو ہر نیک کے ساتھ ملا اور ہم سے اچھے عمل کرا تو نزدیک
ہے قبول کرنے والا اپنی رحمت سے اے ارحم الراحمین یا اللہ جیسا
کیا تو نے ہمکو قرآن کی تصدیق کرنے والے اور جو اسمیں ہے اسکے ثابت
کرنیوالے اسکی تلاوت سے ہمکو سودمند کر اور اسکے لذیذ خطاب کو سننے والے اور اسکی
ساتھ نصیحت لینیوالے اور اسکے حکموں کے جمع کرنیوالے اور اسکے حکموں اور منع کی گئی باتوں کے ماننے والے

مِنَ الْفَائِزِينَ وَلِثَوَابِهِ حَائِزِينَ وَلَكَ فِي جَمِيعِ شُهُورِنَا
ذَاكِرِينَ وَإِلَيْكَ فِي جَمِيعِ أُمُورِنَا رَاجِعِينَ وَاغْفِرْ لَنَا فِي
لَيْلَتِنَا هٰذِهِ أَجْمَعِينَ بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ اَللّٰهُمَّ
اجْعَلْنَا [illegible] الْقُرْآنِ [illegible] كَمَا يَنْبَغِي لَهُ
وَعَظَّمُوا مَنْزِلَتَهُ [illegible] لَمَّا حَضَرُوا
وَالْتَزَمُوا مُشَاهَدَتَهُ لَمَّا فَارَقُوهُ وَأَحْسَنُوا [illegible] لَمَّا سَاقَ
وَأَدْ [illegible] وَتَرَكُوا الْكَرِيمَ وَالْآثَارَ الْأَثِيرَةَ [illegible]
إِلَى الْمَقَامِ [illegible] وَاجْعَلْنَا بِهِ مِمَّنْ يَرْقَى فِي دَرَجِ الْجِنَانِ
يَلْتَقِي [illegible] النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ يَوْمَ عَرْضِهِ وَهُوَ رَاضٍ
کی طرف التفات نہ کرے اگر کہا جاوے وہ کون احسان ہے جو اسپر خدا نے
کیا وہ احسان یہ ہے کہ خدا نے اسکو ایک مرتبہ میں لزوم کی شرط پر کھڑا کیا
جب اس نے شرط پوری کی اور اسکے سوا کوئی اور کام نہ کیا اور اس
سے نہ ہٹا تو اس مرتبہ سے ملک جبروت کیطرف نقل کیا تاکہ وہاں
کھڑا ہو پھر اس نے اسکو درست کیا اور اس کو جبروت کے زور سے
روکا تاکہ خوار ہو گیا۔ پھر اس کو بادشاہ کی طرف نقل کیا تاکہ وہ اسکو
صاف کرے پھر وہ غدودیں جو شہوات کا مبدأ تھیں گل گئیں
پھر اسکو ملک جلال کی طرف نقل کیا پھر ادب دیا پھر اس کو ملک
جمال کی طرف نقل کیا اور پاک کیا پھر ملک عظمت کی طرف
نقل کیا پھر صاف کیا پھر ملک بہا کیطرف پھر عمدہ کیا پھر ملک
بہجہ کی طرف پھر فراخ کیا۔ پھر ملک ہیبت کیطرف

المقالة التاسعة والستون

فربي ثم الى ملك الرحمة فرطب وقوي وشجع ثم الى ملك الفردية فافرد فاللطف يغذيه والرافة تجمعه وتكنفه والمحبة تقويه والشوق يدنيه والمشية تؤديه اليه والجواد العزيز يقلبه فيقربه ثم يدنيه ثم يمهله ثم يؤدبه ثم يناجيه ثم يبسطه بمنه ثم يقبض عليه فاين ما صار وفي كل مكان خال لربه دان فهو في قبضته وامين من امنائه على اسراره وما يؤديه من ربه الى خلقه فاذا صار الى هذا المحل فقد انقطعت الصفات وانقطع الكلام والعبارات فهذا هو منتهى العقول والقلوب وغاية ما تبلغ حالات الاولياء اليه وكونه وما وراء ذلك مختص بالانبياء والرسل عليهم السلام لان نهاية الولي بداية النبي على الجميع صلوات الله وتحياته ورافته ورحمته والفرق بين النبوة والولاية ان النبوة كلام ينفصل من الله تعالى ووحي معه روح من الله فيقضي الوحي ويختمه بالروح منه تعالى فيوكله فيقبله هذا هو الذي يلزم تصديقه ومن رده فهو كافر لانه راد لكلام الله عز وجل واما الولاية فهي لمن تولى الله عز وجل حديثه على طريق الالهام فاوصله اليه فله الحديث فينفصل ذلك الحديث من الله على لسان الحق معه السكينة فتتلقاه السكينة التي في قلب المجذوب فيقبله ويسكن اليه فالكلام للانبياء والحديث للاولياء فمن رد الكلام كفر لانه رد على الله كلامه ووحيه ومن رد الحديث لم يكفر بل يخيب ويصير وبالا عليه ويبهت قلبه لانه رد على الحق ما جاءت به محبة الله تعالى ممن علم الله في نفسه فاكد عليه الحق وجعله مؤديا الى القلب لان الحديث ما ظهر من علمه الذي برز في وقت المشية فصير حديثا في النفس كالسر انما يقع ذلك الحديث بمحبته من الله لهذا العبد فيمضي مع الحق الى قلبه فيوصله القلب بالسكينة

پھر اسکی تربیت کی پھر ملک رحمت کیطرف پھر تازہ کیا اور قوی کیا پھر ملک فردیت کیطرف پھر یگانہ کیا پھر لطف غذا دیتا ہے اسکو اور شفقت اسکو جمع کرتی ہے اور محبت اسکو قوت دیتی ہے اور شوق نزدیک کرتا ہے اور مشیت اسکو خدا کی طرف پہونچاتی ہے اور بخشنے والا غالب اسکو پھیرتا ہے پھر قریب کرتا ہے پھر نہایت نزدیک کرتا ہے پھر اسکو چھوڑتا ہے پھر ادب دیتا ہے پھر راز کہتا ہے پھر اسپر احسان سے فراخی کرتا ہے پھر اسپر تنگی کرتا ہے پھر وہ ہر مکان ہر حال میں خدا کا قریب ہے اسکے قبضے میں اسکے امینوں سے ایک امین اسکے بھیدوں اور اس چیز پر جس کو اپنے رب کیطرف سے مخلوق کو پہونچاتا ہے جب اس مکان کو پہونچگیا تو بشریت کی صفتیں دور ہو جاتی ہیں اور گفتگو منقطع ہو جاتی ہے یہ دلیوں کی اخیری حالت ہے اس سے اوپر کا درجہ نبیوں اور رسولوں علیہم السلام سے مختص ہے کیونکہ ولایت کا انجام نبوت کا ابتدا ہے سب پر اللہ تعالیٰ کی رحمتیں ہوں اور اسکے تحفے اور مہربانی اور نبوت و ولایت کے درمیان فرق یہ ہے کہ نبوت خدا کی کلام ہوتی ہے اور اسکے وحی جبرئیل کے ساتھ پھر جبرئیل وحی پہونچاتا ہے اس کلام کی تصدیق لازم ہے اور اسکا منکر کافر ہے کیونکہ اللہ پاک کی کلام کو رد کرتا ہے اور ولایت وہ اس شخص کے لیے ہے جسکی بات کا اللہ تعالیٰ الہام کے طور پر متولی ہوا ہے اور اسکے دل میں ڈالی ہے پھر یہ الہام ہے پھر یہ الہام جدا ہوتا ہے اللہ کیطرف سے سچی زبان پر آرام کے ساتھ پھر اسکو مجذوب کے دل کا آرام پکڑ لیتا ہے اور وہ اسکو قبول کرتا ہے اور اسکی طرف آرام لیتا ہے پھر پیغمبروں کے کلام اور ولیوں کا الہام جس نے کلام کا انکار کیا کافر ہوا کیونکہ اس نے خدا کی کلام اور وحی کو رد کیا اور جس نے الہام کا انکار کیا وہ کافر نہیں ہے البتہ نا امید ہوتا ہے اور اسکا وبال اسپر پڑتا ہے اور اسکا دل حیران ہو جاتا ہے کیونکہ اس نے خدا کے الہام کا جو خدا اپنی دلی محبت سے اس کے دل میں ڈالا ہے انکار کیا کیونکہ الہام وہ ہے جو خدا کے علم سے مشیت کے وقت دل میں پڑے بھید کی مثل پہ الہام بسبب محبت الٰہی کے اسکے دل میں واقع ہوتا ہے اور دل باآرام اس کو قبول کرتا ہے۔

باب فيما يجب على المبتدي في هذه الطريقة أولاً وما يجب عليه من الأدب مع الشيخ ثانياً وما يجب على الشيخ في تأديب المريد فالذي يجب على المبتدي في هذه الطريقة الاعتقاد الصحيح الذي هو الأساس فيكون على عقيدة السلف الصالح أهل السنة القديمة سنة الأنبياء والمرسلين والصحابة والتابعين والأولياء والصديقين على ما تقدم ذكره وشرحه في أثناء الكتاب فعليه بالتمسك بالكتاب والسنة والعمل بهما أمراً ونهياً أصلاً وفرعاً فيجعلهما جناحيه يطير بهما في الطريق الواصل إلى الله عز وجل ثم الصدق ثم الاجتهاد حتى يجد الهداية والإرشاد إليه والدليل والقائد السائق ثم مونساً يونسه ومستراحاً يستريح إليه في حالة إعيائه ونصبه وظلمته عند ثوران شهواته ولذاته وهنات نفسه وهواها المضل وطبعه المجبول على التثبط والتوقف عن السير في الطريق قال الله عز وجل والذين جاهدوا فينا لنهدينهم سبلنا وقال الحكيم من طلب وجد وجد بالاعتقاد يحصل له علم الحقيقة وبالاجتهاد يتفق له سلوك الحقيقة ثم يجب عليه أن يخلص مع الله عز وجل عهداً بأن لا يبرح قدماً في طريقه إليه ولا يضعها إلا بالله ما لم يصل إلى الله ثم لا ينصرف عن قصده بملامة مليم ولا كرامات الصادق لا يرجع ولا يوجد كرامة فلا يقف معها ويرضى بها عوضاً عن الله عز وجل إذ هي حجابه عن ربه ما لم يصل إليه عز وجل فإذا حصل الوصول لا تضره الكرامات إذ هي من باب القدرة وثمراتها وملازماتها ووصوله إلى الحق عز وجل من القدرة فلا ينقض الشيء نفسه وكيف وقد يصير هو حينئذ قدرة في الأرض وخرق عادة وكلامه حكمة بالغة من بعد جهل وعجمة وبلادة وقصور وحركاته وسكناته وتصاريفه عبرة

باب اس طریق کے شروع کرنے والے پر پہلے کیا واجب ہے پھر مرید کا کس طرح ادب کرے اور اُستاد مرید کا کیسے اس طریق کے شروع کرنے والے پر پہلے اعتقاد کا درست کرنا جو بنیاد ہے واجب ہے وہ یہ کہ نبیوں اور رسولوں اور صحابہ اور تابعین اور ولیوں اور صدیقوں کے عقیدے پر رہے جسکی تفصیل کتاب میں گذری قرآن اور حدیث کے ساتھ تمسک کرے اور اُن دونوں کے اوامر اور نواہی اور اصول اور فروع پر عمل کرے ان دونوں کو اللہ تعالیٰ تک اُڑنے کے لئے دو بازو سمجھے پھر راستی سے کام لے اور کوشش کرے تاکہ راہ پاتا ہے اور دلیل اور ہانکنے والا جو اسکو حق کیطرف ہانکتا ہے پھر مونس جو اس سے الفت کرے اور جائے آرام جس میں آرام کے ماندگی اور تاریکی کی حالت میں شہوت اور لذت اور نفس کی بدی اور آرزو بہکانیوالی اور طبع جسکی جبلت ہی میں سستی اور خدا کی راستی میں توقف کرنا ہے سوزش کے وقت اللہ عز و جل نے فرمایا جو ہمارے راہوں میں کوشش کرتے ہیں ہم انکو اپنی راہیں دکھا دیتے ہیں حکیم نے کہا جس نے جستجو کی پالیا اعتقاد کرنے سے علم حقیقت حاصل ہوتا ہے اور اجتہاد سے حقیقت کے راہ میں چلتا پھر اللہ سے عہد کرے کہ اللہ کی راستی سے ایک قدم نہ بڑھوں گا اور اس کو نہ رکھوں گا مگر اسی کی اطاعت میں جب تک اس تک نہ پہونچوں گا کسیکی ملامت سے اپنا قصد نہ چھوڑے کیونکہ صادق نہیں رجوع کرتا اور نہ کرامت کے ساتھ کہ اُس کو اپنے کام کا عوض سمجھکر خوش ہو بیٹھے کیونکہ یہ اللہ کے درمیان پردہ ہے جب تک مقصود تک نہ پہونچے جب پہونچگیا اب کرامتیں مضر نہیں کیونکہ یہ خدا کی قدرت ہے اور اس تک پہونچنے کا نتیجہ ہیں پھر کوئی چیز اپنے نفس کو نہیں توڑتی کیسے اور وہ تو زمین میں قدرت الٰہی اور خرق عادت ہے اور اسکی کلام حکمت کاملہ ہے جہالت اور گنگ اور بلادت اور بے سمجھی اور حرکتوں اور سکنات اور تصرفوں کے پیچھے عبرت ہے

لمن اعتبرها وافعال الله تجری فیه وعلیه مما یبهر
العقول ثم قد یؤمر حینئذ بطلب الکرامة ویجبر
علیه ویحقق عنده ان دمارہ وهلاکه فی ترك الطلب
ومخالفة هذا الامر وثباته وبقائه وعبادته وقربته
ومرضات ربه ودنوه منه وزیادة محبة ربه له فی
طلبها وامتثال امره فیها فکیف تضره الکرامة
حینئذ ان تکون ذلك بینه وبین ربه عز وجل
لا یظهره لاحد من العوام الا ان یغلب علیه ظهو
ره لان من شرط الولایة کتمان الکرامات ومن شرط النبوة
والرسالة اظهار المعجزات لیقع بذلك الفرق بین النبوة
والولایة ولا ینبغی له ان یخرج فی اوطان المقصرین
یخالط المقصرین والبطالین ابناء حیل ترك
الاعمال والتکالیف المدعین للاسلام والدیانات
الذین قال الله عز وجل فی حقهم یا ایها الذین امنوا
لم تقولون ما لا تفعلون کبر مقتا عند الله ان تقولوا
ما لا تفعلون وقال فی اخریها اتامرون الناس بالبر
وتنسون انفسکم وانتم تتلون الکتاب افلا تعقلون
وینبغی له ان لا یحرض ببذل المیسور فیبخل بالموجود
خوفا ان لا ینال مثله للافطار والسحور فیقع فی نفسه
وبقلبه علما بان الله لم یخلق ولیا له فی سالف الدهر
بخیلا ببذل المیسور وینبغی له ان یرضی بالذل الدائم
وحرمان النصیب والجوع الدائم والخمول وذم الناس
له وتقدیم اضرابه واشکاله واقرانه علیه فی الاعطاء
والتقریب عند الشیوخ ومجالس العلماء فیجوع
هو والجماعة یشبعون والکل اعزاء وتصیبه الذل
ویبقا لجمیع ویکون یستجیز لنفسه الذل ویجعله نصیبه
ومن لم یرض بهذا ویوطن نفسه علیه فلا یکاد ان
یلقی علیه ویجیئ منه شیء فانتجاح الشکل والفلاح بما
ذکرنا وینبغی له ان لا یستظهر من الله مطلوبا سوی المغفرة

عبرت پکڑنے والے کے لئے اللہ کے افعال اسمیں اور اسپر
جاری ہوتے ہیں وہ جنمیں عقل حیران رہجاتی ہے پھر کبھی کرامت
کے طلب کرنے کا حکم دیا جاتا ہے اور مجبور کیا جاتا ہے اور معلوم کرتا ہے
کہ میری ہلاکت طلب نہ کرنے میں ہے اور اس امر کی مخالفت میں
اور ثابت رہنا اور باقی رہنا اور عبادت اور نزدیکی اور اللہ کی
خوشی اور اسکی زیادہ محبت اسکی طلب میں اور خدا کی فرمانبرداری
اس میں ہے پھر اب کرامت اسکو کیسے مضر ہوگی لیکن یہ طلب اسکے
اور اللہ کے درمیان بھید ہوتا ہے ظاہر نہیں کرسکتا مگر یہکہ اسکا
ظاہر کرنا ضروری ہو کیونکہ ولایت کی شرط کرامت کا چھپانا ہے
اور نبوت اور رسالت کی شرط معجزات کا ظاہر کرنا تاکہ ولایت
اور نبوت میں فرق ہو اور مبتدی کو عمل کے راہ میں مقصور کرنا
لائق نہیں اور تقصیر کرنے والوں بیہودہ گو اور اعمال کے
چھوڑنے والے مدعیان اسلام کے مذہبوں کے پاس بیٹھے جنکے حق
میں اللہ تعالے نے فرمایا ہے اے ایمان والو کیوں کہو جو نہ کرو
اللہ کے نزدیک بڑے غضب کی بات ہے کہ کہو جو نہ کرو اور
دوسری جگہ فرمایا کہ تم لوگوں کو نیک کام کا حکم دیتے ہو اور اپنی
جانوں کو بھلا دیتے ہو اور حالانکہ تم کتاب پڑھتے ہو کیا تم سمجھتے
نہیں اور مبتدی کو لائق ہے کہ بخل نہ کرے اسلئے کہ افطار اور سحور
کے لئے شاید اس جیسی چیز پھر نہ ملے حالانکہ یقینًا جانتا ہے
اللہ تعالے نے زمان گذشتہ میں کوئی ولی بخیل نہیں
بنایا اور ہمیشہ ذلت اور محرومی اور بھوک اور گمنامی اور اپنی
مذمت پر خوش رہے اور اپنے ہم جنسوں کے استادوں کے
اپنے سے بڑھ کر عزت کرے آپ بھوکا رہے اور انکو
رہنے دے سب با عزت ہوں اور اسکا حصہ ذلت اور
سب کو عزت دیوے اور اپنے پر ذلت پسند کرے
جس کو یہ بات پسند نہ ہو تو اسپر اپنے اسرار نہیں
کھلتے اور بہتری اور فلاح اسمیں ہے جو ہم نے بیان کیا
اور خدا سے پہلے گناہوں کی بخشش
مانگے اور آئندہ گناہوں سے بچنا

لما سلف من الذنوب والعصمة مما يأتي من الذنوب
والتوفيق لما يحبه من الطاعات ويوصله إليه
من الازدياد. انما اوردنا هذا في المحبة والتقربات
والتحبب الى المشايخ من الاولياء والابدال اذ ذلك
سبب لدخوله في زمرة الاحباب ذوي العقول والالباب
الذين علموا من رب الارباب واطلعوا على العيوب الآيات
فصفت جنة في القلوب والضمائر والنيات فمن الذي
ذكرته صفته فهو مريد تام ومن لم تخل قلبه عن هذه التلبيات
والمآرب ولم يتخل عن هذه ما ذكرناه من الحوائج والمقاصد
لا يكون مريدا حتى تنقطع الاستحقاقات

فصل

فيما يلزم المريد مع الشيخ فالواجب عليه ترك مخالفة شيخه في الظاهر
وترك الاعتراض عليه في الباطن فصاحب العصيان
بظاهره تارك لأدبه وصاحب الاعتراض بسره
متعرض لعطبه بل يكون خصما على نفسه لشيخه لا
يكف لنفسه ويزجرها عن مخالفته ظاهرا وباطنا
ويكثر قراءة قوله عز وجل ربنا اغفر لنا ولاخواننا
الذين سبقونا بالايمان ولا تجعل في قلوبنا غلا للذين
آمنوا ربنا انك رؤوف رحيم واذا ظهر له من الشيخ
ما يكره في الشرع استخبره عن ذلك بضرب المثل
والاشارة ولا يصرح به لئلا ينفر به عليه وان
رأى فيه عيبا من العيوب ستره عليه ويعود
بالتهمة على نفسه ويتأول للشيخ في الشرع فان
لم يجد له عذرا في الشرع استغفر للشيخ ودعاه
بالتوفيق والعلم والتيقظ والعصمة والحماية ولا يعتقد
فيه العصمة ولا يخبر احدا به واذا رجع اليه يوما آخر
او ساعة اخرى يعتقد ان ذلك قد زال وان الشيخ
قد نقل منه الى ما هو اعلى رتبة وكم نفير عليه وانما
كان ذلك غفلة وهذا فصل بين الحالين لان
لكل حالين فصلا ورجوعا الى رخص الشرع واباحاته

اور ان طاعتوں کی توفیق جن پر وہ خوش ہے اور
جو اس تک پہونچاتے ہیں پھر ہر حالت میں خوش رہنا
اور اولیا اور ابدال سے محبت اس کے سوا اور کچھ
نہ مانگے کیونکہ یہ انھیں داخل ہونے کا سبب ہے جنھوں
نے خدا سے سمجھ لیا اور عیبوں اور آیتوں کے واقف
ہیں پھر اسکے دل اور نیتیں صاف ہو جاویں گی یہ مرید
کی صفت ہے جب تک مرید اپنا دل ان مطلبوں سے
صاف نہ کرے اور ان حاجتوں کو نہ چھوڑے جن کو
ہم نے بیان کیا وہ کامل مرید نہیں ہوتا۔

فصل

مرید کے آداب استاد کے ساتھ

واجب ہے ترک کرنی شیخ کی مخالفت ظاہر میں اور اسپر
اعتراض کرنا باطن میں پھر ظاہر گنہگار وہ ہے جو ان کا
ادب نہیں کرتا اور دل میں اعتراض کرنیوالا وہ ہے جو اسکی
لغزش کا خواہاں ہے بلکہ اسکی طرف سے اپنے نفس سے
جھگڑتا رہے ظاہر اور باطن میں نفس کو اسکی مخالفت سے
روکے اور یہ اللہ کا قول بہت پڑھے اے اللہ بخش ہمکو
اور ہمارے اُن مومن بھائیوں کو جو ہم سے پہلے تھے۔
اور ہمارے دل میں مومنوں کا کینہ نہ رکھ تو شفیق مہربان ہے
اور جب اوستاد کی کوئی بات شرع کے مخالف معلوم کرے تو
اُس کو اشارۃً معلوم کرا وے اور تصریح نہ کرے تاکہ وہ اس سے
متنفر نہ ہو جاوے اور اگر اسمیں کوئی عیب دیکھے تو چھپاوے
اور اپنے نفس کو تہمت لگاوے اور استاد کے واسطے تاویل کرے
اگر تاویل کی جگہ نہ ہو تو اسکے لئے بخشش مانگے اور توفیق اور
علم اور بیداری اور نگہبانی اور حمایت کی دعا مانگے اور اسکے
حق میں عصمت کا اعتقاد نہ کرے اور کسی کو اس سے خبردار نہ کرے اور
پھر جب کبھی اسکے پاس جاوے تو یہ سمجھے کہ وہ عیب اب اسمیں
نہیں ہے اور شیخ نے اس کام کو چھوڑ کر عمدہ نیکی کی ہوگی اور اسپر
ثابت نہیں رہا اور یہ تو چوک تھی جو دو حالتوں میں ایک
وقت ہے جسمیں شرع کی رخصتوں اور مباحوں

وترك العزيمة والاشد كالدهليز بين الدارين و
المنزلة بين المنزلتين انتهاء للحالة الاولى ورقيا ما على
عتبة الحالة الثانية وانتقالا من ولاية الى اخرى وخلع
خلعة ولاية ولبس خلعة ولاية اخرى التي هي الاعلى
والاشرف لانهم كل يوم في مزيد قرب من الله عز وجل
واذا اغضب الشيخ وعبس في وجهه او ظهر منه نوع
اعراض عنه لم ينقطع عنه بل يفتش باطنه وما جرى
منه من سوء الادب في حق الشيخ او التفريط فيما يعود الى
امر الله عز وجل من ترك امتثال الامر وارتكاب النهي
فليستغفر ربه عز وجل وليتب اليه ويعزم على ترك
المعاودة اليه ثم يعتذر الى الشيخ ويتذلل له ويتملقه
ويتحبب اليه بترك المخالفة في المستقبل ويديم على الموافقة
له ويواظب عليها فيجعله وسيلة وواسطة بينه وبين
ربه عز وجل وطريقا وسببا يتوصل به اليه كمن يريد
الدخول على ملك ولا معرفة له به فانه لابد له من
ان يصادف حاجبا من حجابه او واحدا من حواشيه
وخواصه ليبصره بسياسة الملك وادابه وعاداته
ويعلمه الادب بين يديه والمخاطبة له وما يصلح له
من الهدايا والطرائف مما ليس مثلها في خزائنه
ومما يؤثر الاستكثار فليأت البيت من بابه ولا
يتسلق من ورائه من غير بابه فيلام ويهان و
لا يبلغ الغرض من الملك ولا المقصود منه ولكل
داخل دهشة لا بد له من تذكير ومنة فيأخذ
بيده فيقعده موضع مثله او يشير اليه بذلك
لئلا تتطرق اليه المهانة ولا يشار اليه بسوء الادب
والحماقة وليتحقق بان الله عز وجل اجرى العادة
بان يكون في الارض شيخ ومريد صاحب ومصحوب
تابع ومتبوع من لدن آدم الى ان تقوم الساعة
الا ترى الى آدم عليه السلام لما خلقه الله تعالى

اور ترک عزیمت پر عمل ہو جاتا ہے دو گھروں کے درمیان
ایک دہلیز کی طرح دو منزلوں میں ایک منزل کی طرح پہلی حالت
ختم ہوتی ہے اور دوسری حالت کی دہلیز پر قیام ہوتا ہے
اور ایک ولایت سے دوسری کیطرف انتقال ہوتا ہے اور ایک
ولایت کو اتارا جاتا ہے اور دوسری کو پہنایا جاتا ہے جو پہلے
ہی اشرف ہے کیونکہ وہ ہر دن اللہ کے زیادہ قریب ہوتے
ہیں اور جس دن استاد کے چہرہ میں غضب معلوم کرے
یا استاد کچھ اعراض کرے اس سے جدا نہ ہووے بلکہ سوچے کہ
مجھسے استاد کے حق میں کیا قصور ہوا یا میں نے اللہ کے کس امر
کی اطاعت نہ کی اور کس نہی سے نہ رکا پھر اللہ سے معافی چاہے
اور توبہ کرے اور وہ کام نہ کرنیکا پکا قصد کرے پھر شیخ سے عذر
کرے اور عاجزی کرے اور چاپلوسی کرے اور دوستی جتاوے کہ
میں اب یہ کام نہ کرونگا اور ہمیشہ آپ کی مخالفت نہ کرونگا پھر اسکو
اپنے اور اللہ کے درمیان وسیلہ اور طریقہ اور سبب سمجھے۔
جسکے ساتھ اس تک پہونچیگا اس شخص کی طرح جو بادشاہ کے پاس
جانا چاہتا ہے اور کوئی پہچان نہیں ہے پھر وہ ضرور کچہری کے کسی
چوکیدار یا سر رشتہ دار کو ملیگا تاکہ اس سے بادشاہ کی سیاست اور
عادات معلوم کرے اور بادشاہ کے پاس اور اس سے بات
کرنیکا سلیقہ سیکھے اور پوچھیگا کہ وہ کونسی کمیاب چیز ہے جو
اسکے خزانہ میں نہیں ہے اور جس کو وہ پسند کرتا ہے گھر میں دروازہ
سے ہی داخل ہو سکتا ہے اور دروازہ کے سوا داخل نہیں ہو سکتا
پھر ملامت کیا جاویگا اور بےعزت کیا جاویگا اور اپنی غرض کو نہ پہونچیگا
اور ہر داخل ہونیوالا ڈرنیوالا ہے اور اسکے لئے ایسا آدمی ہونا ضروری ہے
جو اسکا ہاتھ پکڑ کر اسکو اسکی مثل کی جگہ میں بٹھاوے یا اسکی طرف
اشارہ کرے تاکہ ذلیل نہ ہو اور بےادبی کا اسکی طرف اشارہ کیا جائے
اور جان لے کہ اللہ کی یہی عادت جاری ہے کہ زمین میں
ایک استاد ہے اور ایک شاگرد ایک صاحب اور ایک
مصحوب ایک مرید ہے ایک پیر آدم سے قیامت تک
تو نہیں دیکھتا آدم علیہ السلام کی طرف جب اسکو پیدا کیا

علمه الاسماء كلها وافتتح الامر به فجعله كالتلميذ مع الاستاذ والمريد مع الشيخ وقال له يا ادم هذا فرس وهذا بغل وهذا حمار حتى علمه قصعة وقصيعة ثم لما فرغ من تعليمه وتهذيبه جعله استاذا معلما شيخا حكيما وكساه بانواع الحلل والحلى وتوجه منطقه واجلسه على كرسي في الجنة واقام الملائكة حوله صفوفا فقال يا ادم انبئهم باسمائهم بعد ان ظهر عجزهم وعدم علمهم بذلك وقولهم سبحانك لا علم لنا الا ما علمتنا فصارت الملائكة تلامذة لادم وادم شيخهم فانبأهم باسماء الاشياء كلها على ما شهد به القرآن فظهر فضله عليه السلام عليهم فصار افضلهم واشرفهم عند الله وعندهم فصار متبوعهم وهم تابعون مقتدون صلوات الله عليهم فلما جرى ما جرى من اكل الشجرة والخروج من الجنة والانتقال الى حالة اخرى ومنزل غيره الذي لم يعط علمه ولم يستوطنه بعد ولا جرى ذلك في خلده ولا ظن انه سيسار به اليه فلما وصل الى المنزل وجال في الارض استوحش منها وراى فيها ما لم يكن راه من قبل فالقى عليه الجوع والعطش والحرقة والقبض ما لم يعهده من قبل احتاج الى معلم ومرشد واستاذ ودليل ومؤدب ومنبه فبعث الله تعالى جبرئيل عليه السلام فانسه وعرفه ما اشكل عليه من امر المنزل واعطاه الحنطة فامره فبذر ثم امره فحصدها ثم امره فذراها ثم امره فطحنها وهيأ له اسبابها ثم امره بالخبز فخبز ثم امره بالاكل فاكل ثم لما طلب الطعام الخروج من المعدة تحير لم يعلم بالصنيع احتاج الى المعلم ايضا

اس کو سب نام سکھائے اور اسکے ساتھ کام شروع کیا اور کیا اسکو جیسے شاگرد اوستاد کے سامنے اور مرید پیر کے سامنے اور فرمایا اے آدمؑ یہ گھوڑا ہے اور یہ خچر یہ گدہا ہے تاکہ پیالہ اور پیالی تک بتایا جب اس کو سکھا لیا تو اسکو اوستاد معلم شیخ حکیم بنایا اور گوناگون کے لباس اور زیور پہنائے اور اسکی زبان گویا کی اور اسکو جنت کی کرسی پر بٹھایا اور اسکے گرداگرد فرشتے کھڑے کئے اور فرمایا اے آدم ان کو ان چیزوں کے نام بتا اس پیچھے کہ انکی عاجزی اور بے علمی ظاہر ہوئی اس پیچھے کہ وہ بولے تو پاک ہے ہم کچھ نہیں جانتے مگر جتنا تو نے سکھایا پھر فرشتے آدم علیہ السلام کے شاگرد بنے اور آدمؑ انکا اوستاد اور آدم نے انکو سب چیزوں کے نام بتائے جس پر قرآن شاہد ہے پھر آدم کی فضیلت انپر ظاہر ہوئی اور ان سے خدا کے نزدیک اور ان کے نزدیک اشرف ہوا پھر وہ انکا اوستاد ہوا اور وے اسکے شاگرد انپر خدا کی رحمتیں ہوں پھر جب درخت کھایا اور جنت سے نکلے اور ایک حالت سے دوسری حالت کیطرف انتقال ہوا جسکا آپ کو علم نہ تھا اور نہ اہمیں آپ کبھی رہے تھے اور نہ آپ کے دل میں اسکا کبھی خیال گذرا تھا اور نہ یہ گمان تھا کہ مجھکو اسکیطرف روانہ کیا جاویگا پھر جب اسمیں پہونچے اور اس زمین میں پھرے تو اس سے ڈرے اور ہمیں وہ اشیاء دیکھیں جو پیشتر نہ دیکھی تھیں اور وہ بھوک اور پیاس اور سوزش اور قبض جو اس سے پہلے نہ تھے دیکھے تو معلم اور مرشد اور اوستاد اور رہبر اور ادب دہندہ اور خبر دینے والے کے محتاج ہوئے پھر اللہ تعالے نے جبرئیل علیہ السلام کو بھیجا پھر انہوں نے الفت دلائی اور جو بات مشکل تھی وہ سکھائی گھر کے کاموں سے واقف کیا گیہوں دے کر فرمایا اسکو بیج پھر کاٹو پھر صاف کرو پھر فرمایا پیسو اور تمام اسباب مہیا کر دئے پھر فرمایا پکاؤ پھر پکایا پھر کھایا پھر جب پاے خانے کی حاجت ہوئی تو گھبرائے اور نہ جانا کہ کیا کریں تو یہاں بھی معلم کے محتاج ہوئے

فعلمه كيف يتغوط وكيف يتطهر وكيف يعبد الله تعالى في المنزل وعلمه كيف يتوصل الى بياض جسده الذي قد حال لونه من البياض والاشراق الى السواد والظلمة فامره بصيام ايام البيض من الشهر ثالث عشر ورابع عشر وخامس عشر فعاد لونه الى البياض وعلمه غير ذلك من العلوم والآداب فصار آدم عليه السلام تلميذا لجبريل عليه السلام استاذه وشيخه بعد ان كان آدم شيخه والملئكة اجمع ومتبوعهم واعلمهم كل ذلك لتغير الحال به والانتقال من منزل الى اخر ثم هلم جرا تعلم شيث ابن آدم من ابيه آدم عليه السلام ثم اولاده منه وكذلك نوح النبي ع علما اولاده وابراهيم عليه السلام علما اولاده قال الله تعالى ووصى بها ابراهيم بنيه ويعقوب اى امرهم وعلمهم وكذلك موسى وهرون ع علما اولادهما وبني اسرائيل وعيسى ع علم الحواريين ثم ان جبرئيل ع علم نبينا صلى الله عليه وسلم الوضوء والصلوة ووصاه بالسواك وهو قوله صلى الله عليه وسلم وصاني بالسواك وقوله صلى الله عليه وسلم وصاني جبرائيل بالسواك حتى كاد ان يدردني وصلى بي جبرئيل عليه السلام عند البيت مرتين فصلى بي الظهر حين زالت الشمس الحديث الى آخره وقد تقدم ذكره ثم تعلمت الصحابة منه صلى الله عليه وسلم كلهم التابعون منهم على الجميع السلام ثم تابعون التابعين منهم قرنا بعد قرن وعصرا بعد عصر فما من نبي الا وله صاحب يقتدي به ثم خليفة مكانه و يقوم مقامه كموسى بن عمران وغلامه وابن اخيه يوشع ابن نون عليهم السلام على الجميع

پھر اُس نے پاخانے کی کیفیت سکھائی اور استنجا کرنے اور گھر میں خدا کی عبادت کرنے کی اور ان کو بدن سفید کرنے کی جو سفیدی سے سیاہ ہوگیا تھا وجہ بتائی اور فرمایا کہ ہر مہینہ کی تیرہویں اور چودہویں اور پندرہویں تاریخ روزہ رکھو پھر وہ سفید ہوگیا اور اسکو بہت سے علوم اور آداب جن کی انکو ضرورت تھی سکھائے حضرت آدم علیہ السلام شاگرد ہوئے اور جبریل علیہ السلام استاد اس پیچھے کہ آدم جبریل اور سب فرشتوں کا اوستاد تھا۔ یہ اس لئے کہ وہ حالت نہ رہی اور ایک منزل سے دوسری منزل میں انتقال کیا آدمؑ کے بیٹے شیث نے اپنے باپ آدم علیہ السلام سے تعلیم پائی اور اسکی اولاد نے اس سے اسی طرح نوحؑ نے اپنی اولاد کو سکھایا اور ابراہیم علیہ السلام نے اپنی اولاد کو اللہ تعالی نے فرمایا اور توحید کی وصیت کی ابراہیم علیہ السلام نے اپنی اولاد کو اور یعقوب علیہ السلام نے اپنی اولاد کو اور اسی طرح موسیٰ نے اور ہارون علیہ السلام نے اپنی اولاد اور بنی اسرائیل کو سکھایا اور عیسیٰ علیہ السلام نے حواریوں کو سکھایا پھر جبریل علیہ السلام نے ہمارے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو وضو اور نماز کی تعلیم دی اور مسواک کی وصیت کی سو وہ جیسے آپ نے فرمایا کہ اس نے مجھے مسواک کی وصیت کی اور فرمایا مجھے جبریل نے مسواک کی وصیت کی تاکہ قریب ہوا کہ مجھے ہدایت کر ڈالے اور کعبہ کے پاس جبریل علیہ السلام نے دو دفعہ مجھے نماز پڑہائی پھر ظہر کی نماز پڑہائی زوال کے وقت آخر حدیث تک اور یہ بیان ہوچکا پھر آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے صحابہ رضی اللہ عنہم نے سیکھا پھر ان سے تابعین نے ان سب پر خدا کا سلام پھر ان سے تبع تابعین نے علی ہذا القیاس اور کوئی ایسا نبی نہیں ہے جسکا کوئی صاحب نہ ہو جو اسکے راہ پر چلے اور اسکا خلیفہ اور قائم مقام بنے جیسے موسیٰ بن عمران کا خلیفہ اسکا غلام اور اسکا بھتیجا یوشع بن نون ان سب پر خدا کا سلام اور صحابہ

مَعَ عِیْسٰی وَاَبِیْ بَکْرٍ وَعُمَرَ رض مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ
عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَکَذٰلِکَ عُثْمَانَ وَعَلِیٌّ رض وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ
وَمَا زَالَتِ الْاَوْلِیَاءُ وَالصِّدِّیْقُوْنَ وَالْاَبْدَالُ کَذٰلِکَ مِنْ
بَیْنِ اُسْتَاذٍ وَتِلْمِیْذٍ کَالْحَسَنِ الْبَصْرِیِّ وَتِلْمِیْذِهٖ عُتْبَةِ
الْغُلَامِ وَسِرِّیِّ السَّقَطِیِّ وَغُلَامِهٖ وَابْنِ اُخْتِهٖ اَبِی
الْقَاسِمِ الْجُنَیْدِ وَغَیْرِهِمْ مِمَّا یَطُوْلُ شَرْحُهٗ فَا
لْمَشَائِخُ هُمُ الطَّرِیْقُ اِلَی اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ مِنْ شَیْخٍ عَلٰی
مَا بَیَّنَّا اِلَّا عَلَی النُّدُوْرِ وَالشُّذُوْذِ وَذٰلِکَ اَنْ یَصْطَفِیَ
اللّٰهُ عَبْدًا مِنْ عِبَادِهٖ فَیَتَوَلّٰی تَرْبِیَتَهٗ وَحِرَاسَتَهٗ عَنِ
الشَّیْطَانِ وَصِفَاتِ النَّفْسِ وَالْهَوٰی کَاِبْرَاهِیْمَ النَّبِیِّ
صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاُوَیْسٍ
الْقَرْنِیِّ مِنَ الْاَوْلِیَاءِ وَغَیْرِهِمْ فَلَا یُنْکَرُ اِلَّا اَنَّ مَا بَیَّنَّا
مَا هُوَ الْاَغْلَبُ وَالْاَکْثَرُ وَالْاَسْلَمُ وَالْاَحْسَنُ فَلَا یَنْبَغِیْ لَهٗ
اَنْ یَنْقَطِعَ عَنِ الشَّیْخِ حَتّٰی یَسْتَغْنِیَ عَنْهُ بِالْوُصُوْلِ
اِلٰی رَبِّهٖ عَزَّ وَجَلَّ فَیَتَوَلّٰی تَبَارَکَ وَتَعَالٰی تَرْبِیَتَهٗ وَ
تَهْذِیْبَهٗ وَیُعَرِّفُهٗ عَلٰی مَعَانِیْ اَشْیَاءَ خَفِیَتْ عَلَی الشَّیْخِ
وَیَسْتَعْمِلُهٗ بِمَا یَشَاءُ مِنَ الْاَعْمَالِ وَیَاْمُرُهٗ وَیَنْهَاهُ وَیَبْسُطُهٗ
وَیَقْبِضُهٗ وَیُغْنِیْهِ وَیُفْقِرُهٗ وَیُلَقِّنُهٗ وَیُطْلِعُهٗ عَلٰی
اَقْسَامِهٖ وَمَا سَیَئُوْلُ اَمْرُهٗ اِلَیْهِ فَیَسْتَغْنِیْ بِرَبِّهٖ عَنْ
غَیْرِهٖ بَلْ لَا یَتَفَرَّغُ لِغَیْرِهٖ وَلَا یَسَعُهٗ اِلَّا مُرَاعَاةُ الْاَدَبِ
لَدَیْهِ وَمُحَافَظَةُ خِدْمَتِهٖ وَحُرْمَتِهٖ وَتَوْقِیْرِهٖ فَحِیْنَئِذٍ
یَنْقَطِعُ عَنِ الشَّیْخِ قَطْعًا وَرُبَّمَا حَرُمَ عَلَیْهِ الْمُرُوْرُ اِلَی
الشَّیْخِ اِلَّا عَنْ صَرِیْحٍ وَتَخْیِیْرٍ اِلَّا مَا یَتَّفِقُ مَجِیْءُ
الشَّیْخِ اِلَیْهِ اَوِ الْمُلَاقَاةُ لَهٗ فِیْ طَرِیْقٍ اَوْ جَامِعٍ قَدَرًا
وَلَا یَکُوْنُ قَصْدًا کُلُّ ذٰلِکَ حِفْظُ الْحَالِ وَاسْتِغْنَاءٌ بِالرَّبِّ
وَغَیْرَةٌ عَلَی الْحَالِ وَمُلَازَمَةٌ لَهَا وَخِیْفَةٌ مِنَ الزَّلَّةِ وَ
الْمُفَارَقَةِ لَهَا وَالْعُقُوْبَةِ بِذٰلِکَ وَذٰلِکَ اَنَّ الْحُکْمَ یَجْمَعُ
الْمُرِیْدَ وَالشَّیْخَ وَیَسَعُهُمَا وَالْاَحْوَالُ تُفَرِّقُ بَیْنَهُمَا
لِاَنَّهَا قَدَرُهٗ وَالْقَدَرُ مَخْفِیٌّ وَفِعْلُ الرَّبِّ عَزَّ وَجَلَّ

عیسٰے علیہ السلام کے ساتھ اور حضرت ابوبکر رض اور عمر رض رسول اللہ صلے
اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اور اسی طرح عثمانؓ اور علیؓ اور باقی صحابہ
اور سب اولیا اور صدیق اور ابدال اسی طرح شاگرد اوستاد
چلے آئے جیسے حسن بصری اور اسکا شاگرد عتبہ بن غلام اور سری
السقطی اور اسکا غلام اور اسکا بھتیجا ابی القاسم جنید وغیرہ
جنکے بیان سے طول ہوتا ہے پھر اوستاد ہی خدا کا راہ بتانیوالے
ہیں اور اسکا دروازہ جس سے اسپر داخل ہو سکتے ہیں پھر خدا کے
مرید کے لئے شیخ کا ہونا ضروری ہے مگر نادر ہو سکتا ہے کہ
اللہ تعالیٰ ایک آدمی کو برگزیدہ کرکے آپ اسکی تربیت اور حراست
کا شیطان اور نفس اور ہوٰی سے متولی ہوجاوے جیسے ابراہیم پیغمبر انپر
خدا کا سلام اور ہمارے پیغمبر انپر خدا کی رحمتیں اور سلام اور اولیا سے
اویس قرنی وغیرہم پس بات کا انکار نہ کیا جاوے اور ہم نے جو بیان کیا
وہ اکثر ہے زیادہ سلامت اور بہت عمدہ ہے پس اسکو شیخ سے جدا
ہونا لائق نہیں جبتک بے پروا نہ ہو خدا تک پہونچنے کیوجہ سے
پھر اللہ تعالیٰ اسکی تربیت اور تہذیب کا متولی ہوجاوے اور اسکو
ان معنوں کا واقف کرے جو شیخ پر مخفی ہیں اور اس سے جو کام
چاہے کرلئے اور حکم کرے اور منع کرے فراخ کرے اور تنگ کرے
غنی کرے اور فقیر کرے تلقین کرے اور اسکو اسکے اقسام پر
مطلع کرے اور مطلع کرے اسکو اسکے انجام پر پھر خدا کے سوا
کسیکی پروا نہ رکھے بلکہ غیر سے مشغول نہ ہو اور اسکے دل
میں خدا کے ادب اور خدمت اور حرمت اور توقیر کے سوا کوئی
بات نہ سماوے پھر اس وقت شیخ سے جدا کیا جاویگا اور بسا اوقات
شاگرد پر اوستاد کے پاس جانا حرام ہوجاتا ہے صریح حکم کے ساتھ ہاں
اتفاقاً شیخ اسکے پاس آجاوے یا تقدیراً راستہ میں ملجاوے یا جامع مسجد
میں قصداً یا ملنا نہ ہو یہ سب حالت کی حفاظت اور خدا ہی پر
کفایت کے واسطے پھسلنے کے خوف اور اسپر عذاب ہونیکے
ڈر سے اسلئے کہ حکم مرید شیخ کو جمع کرتا ہے اور ان دونوں
پر برابر ہے اور حالتیں جدا ہیں اس لئے کہ وہ تقدیری
ہیں اور تقدیر مخفی ہے اور یہ خدا کا فعل ہے اور اللہ

وَاللّٰهُ تَعَالٰى فِىْ كُلِّ يَوْمٍ هُوَ فِىْ شَاْنٍ فِىْ تَقْدِيْمٍ وَتَاْخِيْرٍ
وَتَبْدِيْلٍ وَتَغْيِيْرٍ وَوِلَايَةٍ وَعَزْلٍ وَاِغْنَاءٍ وَاِفْقَارٍ
وَاِعْزَازٍ وَاِذْلَالٍ يَسُوْقُ الْمَقَادِيْرَ اِلَى الْمَوَاقِيْتِ لَا يُدْرِكُ
ذٰلِكَ وَلَا يَنْضَبِطُ لِاَحَدٍ مِّنَ الْخَلْقِ لَيْلٌ مُّظْلِمٌ وَبَحْرٌ
لُجِّىٌّ وَبَرٌّ شَاسِعٌ لَا يُحِيْطُ بِشَىْءٍ مِّنْ ذٰلِكَ اِلَّا اللّٰهُ عَزَّ
وَجَلَّ وَمَنْ يُّطْلِعُهُ اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ مِنْ رُّسُلِهٖ وَ
اَنْبِيَآئِهٖ وَخَوَاصِّ اَوْلِيَآئِهٖ فَالْاِثْنَانِ مِنَ الْاَوْلِيَآءِ
لَا يَتَّفِقَانِ فِىْ طَرِيْقٍ بَعْدَ دُخُوْلِهِمْ فِى الْحَالَاتِ الَّتِىْ هِىَ
الْقَدَرُ وَالْفِعْلُ فَمَا يَصْنَعُ الْمُرِيْدُ بِالشَّيْخِ وَطَرِيْقُهُمَا
مُخْتَلِفَةٌ فَالشَّيْخُ يُسِيْرُ بِهٖ اِلٰى جِهَةٍ وَالْمُرِيْدُ اِلٰى اُخْرٰى
فَقَدْ خُوْلِفَ بَيْنَ ظُهُوْرِهِمَا وَوُجُوْهِهِمَا فَاَنّٰى لَهُمَا وَ
الصُّحْبَةُ وَالْاِجْتِمَاعُ وَالْاِتِّفَاقُ يَبْعُدُ ذٰلِكَ جِدًّا فَاِنِ
اتَّفَقَ فَهُوَ نَادِرٌ شَاذٌّ لَا الْتِفَاتَ اِلَيْهِ وَلَا مُعَوَّلَ اِلَيْهِ
اِذِ الْاَغْلَبُ مَا قِيْلَ انْكَشَفَ وَظَهَرَ وَبَانَ فَصَلَوَاتُ
اللّٰهِ عَلَى الشَّيْخِ وَعَلَى الْمُرِيْدِ الصَّادِقِ الَّذِىْ اِذَا بَلَغَ
بِهٖ اِلٰى حَالَةٍ اِسْتَغْنٰى فِيْهَا بِرَبِّهٖ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى عَنِ
الشَّيْخِ اِلَّا فِى الْوَقْتِ وَمِنْ اٰدَابِ الْمُرِيْدِ اَنْ لَّا يَتَكَلَّمَ بَيْنَ يَدَىْ
شَيْخِهٖ اِلَّا فِىْ حَالَةِ الضَّرُوْرَةِ وَاَنْ لَّا يُظْهِرَ شَيْئًا مِّنْ
مَنَاقِبِ نَفْسِهٖ بَيْنَ يَدَيْهِ وَلَا يَنْبَغِىْ لَهٗ اَنْ يَّبْسُطَ سَجَّادَتَهٗ
بَيْنَ يَدَىِ الشَّيْخِ اِلَّا فِىْ وَقْتِ اَدَآءِ الصَّلَوَاتِ فَاِذَا فَرَغَ
مِنْ صَلٰوتِهٖ طَوٰى سَجَّادَتَهٗ فِى الْحَالِ وَيَكُوْنُ مُتَهَيِّئًا لِخِدْمَةِ
شَيْخِهٖ وَمَنْ هُوَ قَاعِدٌ عَلٰى بِسَاطِهٖ مَبْسُوْطًا مُّسْتَوْطِنًا
مُسْتَرِيْحًا لَا كُلْفَةَ عَلَيْهِ لِغَيْرِهٖ وَهُوَ حَالَةُ الشُّيُوْخِ
لَا حَالَةُ الْمُرِيْدِيْنَ وَيَجْتَهِدُ فِى اجْتِنَابِ بَسْطِ سَجَّادَتِهٖ
وَفَوْقَ سَجَّادَةِ مَنْ هُوَ فَوْقَهٗ فِى الرُّتْبَةِ وَاِدْنَآءِ سَجَّادَتِهٖ
مِنْ سَجَّادَتِهٖ اِلَّا بِاَمْرِهٖ فَاِنَّ ذٰلِكَ عِنْدَهُمْ سُوْءُ الْاَدَبِ
وَيَنْبَغِىْ لِلْمُرِيْدِ اِذَا جَرَتْ مَسْئَلَةٌ بَيْنَ يَدَىِ الشَّيْخِ اَنْ
يَّسْكُتَ وَاِنْ كَانَ عِنْدَهٗ فَضْلٌ وَاِشْبَاعُ جَوَابٍ فِيْهَا
بَلْ يَنْتَظِرُ مَا يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلٰى لِسَانِ شَيْخِهٖ فَيَقْبَلُهٗ

اور اللہ تعالیٰ ہر دن کام میں ہے آگے کرنے میں اور پیچھے کرنے میں
اور تبدیل میں اور تغییر اور ولایت میں اور معزول کرنے میں اور غنی
کرنے میں اور فقیر کرتے میں اور عزت دینے میں اور ذلیل کرنیمیں
تقدیروں کو ان کے وقتوں میں جاری کرتا ہے یہ بات
مخلوق سے کسیکو معلوم نہیں یہ اندھیری رات ہے اور گہرا
دریا اور فراخ جنگل ان کو خدا ہی جانے یا وہ شخص
جس کو خدا مطلع کرے رسولوں اور پیغمبروں اور خواص
ولیوں سے پھر دو ولی ایک راستہ میں جمع نہیں ہوتے
حالتوں میں داخل ہونے کے پیچھے جو قدر اور فعل میں پھر
مرید کیا کرے انکی راہ تو جدا جدا ہے شیخ ایک طرف چلتا ہے
اور مرید دوسری طرف ان کی پیٹھوں اور مونہوں کے درمیان
مخالفت ہے پھر صحبت اور اجتماع کہاں سے حاصل ہو اگر
اتفاق ہو جاوے تو یہ نادر ہے اسکا اعتبار نہیں کیونکہ اکثر
وہی بات ہے جو بیان کی گئی پھر اللہ کی رحمتیں شیخ پر اور
مرید سچے پر جو ایسی حالت میں پہونچگیا جسمیں اس کو
شیخ کی حاجت نہ رہے۔ اور مرید کے آداب سے ہے
کہ شیخ کے سامنے بات نہ کرے مگر ضرورت کے وقت
اور اسکے سامنے اپنی کبھی تعریف نہ کرے اور اسکے
سامنے کبھی اپنا مصلےٰ نماز کے سوا نہ بچھاوے نماز سے
فارغ ہو کر اسی وقت لپیٹ دیا کرے اور
ہمیشہ شیخ کی خدمت کے لئے طیار رہے اور جو شخص
اپنی بساط پر آرام سے بیٹھا ہے اوس پر تکلیف نہیں
ہے اسلئے کہ وہ غیر ہے اور یہ شیخ کی حالت ہے نہ
مریدوں کی اور نیچے مصلےٰ بچھانے سے جب اپنے
مصلے پر اس سے اعلےٰ رتبہ کا بیٹھا ہوا اور اپنا مصلےٰ اسکی
مصلےٰ کے قریب نہ کرے مگر اس کے حکم سے کیونکہ یہ
انکے نزدیک بے ادبی ہے اور لائق ہے کہ جب
اوستاد کے سامنے کوئی مسئلہ پیش آوے یہ خاموش رہے
اگرچہ اسکے پاس اسکا جواب موجود ہو بلکہ اوستاد کے جواب کو غنیمت جانے

ويعمل به وان رأى في جوابه نقصانا وقصورا فلا يرده عليه بل يشكر الله تعالى على ما خصه من فضل وعلم ونور ويخفي جميع ذلك في نفسه ولا يكثر حديثه ولا يقول اخطأ الشيخ في المسألة ولا يبادر في كلامه الا ان يغلب عليه ذلك فيبتدر منه الكلمة فليتداركه بالسكوت والتوبة والعزم على ترك المعاودة على ما قدمنا ذكره في اثناء الكتاب من فعله في توبته عن معاصي الله عز وجل فالخير كله في حق المريد في سكوته فيما هذا سبيله وينبغي للمريد ان لا يتحرك في حال السماع بين يدي الشيخ الا باشارة منه عليه ولا يرى من نفسه البتة حالا الا ان ترد غلبة تأخذه عن التمييز والاختيار فاذا سكنت فورته فليعد الى حال سكونه وادبه ووقاره وكتمان ما اولاه الله عز وجل من سره وقد ذكرنا هذا وان كنا لا نرى بالسماع والقول والقصب والرقص وقد قدمنا كراهته فيما تقدم الا انا قد ذكرنا ذلك على ما قد جرى به اهل زماننا في اربطتهم ومجامعهم ولا يمكن ان يكون ممن يفعل ذلك صادقا فيكون معنى ما قد سمع مهيجا لنائرة صدقه ومثيرا لها فيشتغل بنائرته ويغيب فيها فتتحرك اعضاؤه وجوارحه بين القوم وهو في معزل عما القوم فيه من لذة الطباع والاهوية وتذكار كل واحد قرب من معشوق ممن قد مات وطالت به مهلة ومن هو حي غائب عنه فاشتد شوقه وللمريد الصادق نائرته غير خامدة وشعلته غير هامدة ومحبوبه غير غائب وانيسه غير مستوحش فهو ابدا في زيادة دنو وقرب وكلام وتقريب فلا يغيره تنبيه عن حالته غير كلام مراده وحديثه الذي هو ربه عز وجل يعني ذلك عنده مسنده وحده عن الاستعداد

اور اسپر عمل کرے اور اگر اوستاد کے جواب میں نقصان دیکھے تو رد نہ کرے بلکہ اللہ کا شکر کرے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے فضل اور علم اور نور کے ساتھ خاص کیا ہے اور اسکو اپنے دل میں مخفی رکھے اور بہت باتیں نہ کرے اور شیخ کی خطا مسئلہ میں بیان نہ کرے اور اسکی کلام نہ توڑے اور اگر یہ کام کر بیٹھے تو اسکا توبہ اور سکوت کے ساتھ تدارک کرے جس طرح ہم بیان کر چکے کتاب کی اثنا میں اسکے کرنے سے توبہ کرنے میں اللہ عزوجل کے گناہوں سے پس بھلائی ساری حق میں مرید کے اسکے چپ رہنے میں ہے اس چیز میں کہ یہ ہے اسکا راستہ اور لازم ہے مرید کو یہ کہ نہ ہلے سماع کی حالت میں اپنے شیخ کے سامنے مگر اسکے اشارہ کرنے سے اوسپر اور نہ دیکھے اپنے نفس سے البتہ کوئی حال مگر یہ کہ وارد ہو غلبہ کہ پکڑے اسکو تمیز اور اختیار سے پس جب بیٹھ جاوے اسکا جوش پس چاہیے کہ لوٹے طرف حالت اپنی آرام اور ادب اور وقار اور چھپانے اس چیز کے کہ دی ہے اسکو اللہ نے اپنے بھید میں سے اور تحقیق ہم نے اسکا بیان کیا اگرچہ ہم روا نہیں رکھتے سماع اور قوالی اور نرسنگا بجانے اور ناچنے کو اور تحقیق ہم نے اسکی کراہت آگے بیان کی ہے اس بیان میں کہ آگے گذر چکا مگر یہ کہ تحقیق ہمنے اسکا بیان کیا اسکے موافق کہ جس پر کرتے ہیں اسمیں ہمارے اہل زمانہ اپنی رباطوں اور مجمعوں میں ورنہیں انکار کیا جاتا یہ کہ ہوں ان لوگوں میں جو اسکو کرتے ہوں صدق سے پس ہوگا معنے اس چیز کا کہ تحقیق ذکر سنا جوش دینے والا اسکی صدق کی آگ کو اور اسکا اٹھانیوالا پس مشغول ہووے اپنی آگ میں اور چھپ جاوے اسمیں پس ہلیں اسکے اعضا اور جوڑ قوم کے درمیان اور وہ ہو کنارے میں اس چیز سے کہ قوم ہے جسمیں طبیعتوں اور خواہشوں کی لذت سے اور یاد کرنے ہر ایک کی نزدیکی اپنے معشوق کی ان میں سے کہ تحقیق وہ مرگیا اور لمبا ہوگیا اسمیں اسکا زمانہ اور وہ شخص کہ وہ زندہ ہے غائب ہے اس سے پس سخت ہوگیا اسکا شوق اور مرید صادق کی آگ نہیں ہے بجھنے والی اور اسکا شعلہ نہیں ہے مرنے والا اور اسکا پیارا نہیں ہے غائب اور اسکا دل لگانیوالا نہیں ہے دور ہونیوالا پس وہ ہمیشہ زیادتی میں ہے نزدیکی اور قرب اور لذت اور نعمتوں کی پس نہیں تغیر دیتا اسکو اور نہیں ہلاتا اسکو اسکی حالت سے سوا کلام اسکی مراد کے اور اس شخص کی بات کے کہ وہ اسکا پروردگار ہے پس ہر حال میں اسکی بات خوش کرتی ہے اسکو بدون اسکے ...

وَالْقِيَانَةِ وَالْاَصْوَاتِ وَصُرَاخِ الْمُدَّعِيْنَ شُرَكَاءِ
الشَّيَاطِيْنِ رُكَّابِ الْاَهْوِيَةِ مَطَايَا النُّفُوْسِ وَاتْبَاعِ
كُلِّ نَاعِقٍ وَزَاعِقٍ وَيَنْبَغِي لِلْمُرِيْدِ اَنْ لَا يُعَارِضَ اَحَدًا
فِيْ حَالِ سَمَاعِهٖ وَلَا يُزَاحِمَ اَحَدًا فِيْ وَقْتِهٖ فِي التَّقَاضِيْ
عَلَى الَّذِيْ يَنْشُدُ التَّزَهُّدَ بَابَ الْمُرَقِّقَاتِ الْمُشَوِّقَاتِ
اِلَى الْجَنَّاتِ وَالْحُوْرِ وَرُؤْيَةِ الْحَقِّ تَعَالٰى فِي الْاٰخِرَةِ
الْمُزَهِّدَاتِ فِي الدُّنْيَا وَلَذَّاتِهَا وَشَهَوَاتِهَا وَاَبْنَائِهَا
وَنِسْوَانِهَا الْمُشَجِّعَاتِ عَلَى الصَّبْرِ عَلٰى اٰفَاتِهَا وَتَعَبِهَا
وَبَلِيَّاتِهَا وَاِدْبَارِهَا عَنْ اَبْنَاءِ الْاٰخِرَةِ وَاِقْبَالِهَا عَلٰى
اَبْنَائِهَا وَغَيْرِ ذٰلِكَ فَلْيَكِلْ جَمِيْعَ ذٰلِكَ اِلَى الشَّيْخِ
الْحَاضِرِ فَاِنَّ الْقَوْمَ فِيْ وِلَايَةِ الشَّيْخِ اَللّٰهُمَّ اِلَّا اَنْ يَكُوْنَ
الْمُسْتَمِعُ حِيْنَئِذٍ مِنَ الْمُسْتَحِقِّيْنَ فَيَحْفَظَ الْاَدَبَ
فِي الظَّاهِرِ وَيُنْكِرَ عَنْ تَكَلُّفِهٖ فِي الْبَاطِنِ فَلَا شَكَّ اَنَّ اللّٰهَ
عَزَّوَجَلَّ يُقَيِّضُ مَنْ يَتَقَاضٰى عَنْهُ اَوْ يُلْهِمُ الْقَائِلَ
بِذٰلِكَ التَّكْرَارِ وَالتَّرْدَادِ لِيَقْضِيَ الصَّادِقُ الْمُسْتَمِعُ
نَهْمَتَهٗ وَوَطَرَهٗ مِنْ ذٰلِكَ

فَصْلٌ

اٰخَرُ فِيْ اَدَبِهٖ مَعَ شَيْخِهٖ وَيَنْبَغِيْ لَهٗ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَتَاَدَّبَ بِشَيْخٍ اَنْ
يَكُوْنَ لَهٗ اِيْمَانٌ وَتَصْدِيْقٌ وَاعْتِقَادٌ اَنْ لَا اَحَدَ فِيْ
تِلْكَ الدِّيَارِ اَوْلٰى مِنْهُ حَتّٰى يَنْتَفِعَ بِهٖ فِيْمَا هُوَ مَرَامُهٗ
وَاَنْ يَقْبَلَهُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ وَيَحْفَظَ سِرَّهٗ فِيْ خِدْمَتِهٖ
مَعَ اللّٰهِ تَعَالٰى فِيْ عَقْدِ اِرَادَتِهٖ بِحِفْظِهٖ حَتّٰى لَا يَجْرِيَ
عَلٰى لِسَانِ شَيْخِهٖ اِلَّا مَا هُوَ الْاَوْلٰى بِشَانِهٖ وَيَحْذَرَ
مُخَالَفَتَهٗ جِدًّا لِاَنَّ مُخَالَفَةَ الشُّيُوْخِ سَمٌّ قَاتِلٌ فِيْهَا
مَضَرَّةٌ عَامَّةٌ فَلَا يُخَالِفُهٗ بِتَصْرِيْحٍ وَلَا بِتَاْوِيْلٍ وَ
يَجْتَهِدُ اَنْ لَا يَكْتُمَ مِنْ شَيْخِهٖ شَيْئًا مِنْ اَحْوَالِهٖ وَ
اَسْرَارِهٖ وَلَا يُطْلِعُ اَحَدًا سِوَاهُ عَلٰى مَا يَاْمُرُهٗ شَيْخُهٗ
وَلَا يَنْبَغِيْ لَهٗ اَنْ يَجْنَحَ اِلٰى طَلَبِ الرُّخْصَةِ اَوْ يَرْجِعَ
اِلٰى شَيْءٍ تَرَكَهٗ لِلّٰهِ عَزَّوَجَلَّ فَاِنَّهٗ مِنَ الْكَبَائِرِ وَنَقْضٌ
الْاِرَادَةِ عِنْدَ اَهْلِ الطَّرِيْقَةِ وَقَدْ جَاءَ فِي الْخَبَرِ

اور گانے اور آوازوں اور ان دعویٰ کرنیوالوں کے چلانے سے کہ شریک ہیں
شیطانوں کے سوار ہیں اپنی خواہشوں کی سواری ہیں نفسوں اور طبیعتوں
کی پیروی کرنیوالے ہیں ہر ایک چیخنے والی اور چلانے والی کے اور لازم ہے
مرید کو یہ کہ نہ معارضہ کرے کسی سے اپنے سماع کی حالت میں اور نہ مزاحم ہو
کسی سے اسکے وقت میں طلب کرنے میں اس شخص پر کہ پڑھتا ہے دنیا کی
ترک کے شعر نرم کرنیوالے شوق بڑھانے والے طرف بہشت اور حور اور دیدار
حقتعالیٰ کے آخرت میں دنیا کو ترک کرنیوالے دنیا میں اور اسکی لذتوں اور
خواہشوں کو اور اسکے بیٹوں اور بیویوں کو دلیر کرنیوالے صبر کرنے پر دنیا کی
آفتوں اور اسکی تکلیفوں اور اسکی بلاؤں اور اسکو پیٹھ دینے پر آخرت کی بیٹوں سے اور اسکے
متوجہ ہونے پر اپنے بیٹوں پر اور ان شعروں کے سوا پس چاہیئے کہ سپرد کرے اس سب کو طرف شیخ حاضر
کی کیونکہ تحقیق قوم شیخ کی ولایت میں ہیں یا اللہ مگر یہ کہ ہو سننے والا اسوقت مستحقوں
میں سے پس نگاہ رکھے ادب کو ظاہر میں اور انکار کرے تکلف سے باطن میں
پس نہیں شک کہ تحقیق اللہ تعالیٰ مقرر کریگا اسکو جو طلب کرے اس سے یا الہام کرے
کہنے والے کو اس تکرار اور پھرنے کا تاکہ پورا کرے صادق سننے والا
اپنے قصد اور حاجت کو اس سے۔

فصل

اور اسکے ادب کرنے میں ساتھ اپنے شیخ
کے۔ اور اسکو لازم ہے کہ جب وہ ارادہ کرے ادب سیکھنے کا شیخ سے یہ کہ
ہو اسکو ایمان اور تصدیق اور اعتقاد اسبات کا کہ نہ ہو کوئی اس ملک میں
بہتر اس سے تاکہ نفع لے اس سے جسمیں اسکا مقصود ہے اور یہ کہ قبول
کرے اسکو واسطے اللہ کے اور نگاہ رکھے اسکے بھید کو اسکی خدمت میں ساتھ
اللہ تعالیٰ کے اپنے ارادہ کی گرہ میں اسکی نگہبانی سے یہانتک کہ نہ جاری ہو
اسکے شیخ کی زبان پر مگر وہی کہ بہتر ہو اسکے حال میں اور ڈرتا رہے شیخ کی مخالفت سے
کوشش سے کیونکہ شیخوں کی مخالفت زہر قاتل ہے جسمیں ضرر عام ہے پس نہ
مخالفت کرے اسکی تصریح اور نہ تاویل سے اور کوشش کرے یہ کہ نہ چھپاوے
اپنے شیخ سے کچھ اپنے احوال اور بھیدوں میں سے اور نہ مطلع کرے کسیکو سوا اسکے
اس چیز پر جسکا حکم کرتا ہے اسکو اسکا شیخ اور نہیں لائق اسکو یہ کہ قصد کرے رخصت
کے طلب کرنے کی طرف یا لوٹے اس چیز کی طرف جس کو اس نے
ترک کیا ہے اللہ تعالیٰ کے لئے کیونکہ یہ کبیرہ گناہوں میں سے ہے
اور توڑنا ہے ارادہ کا نزدیک اہل طریقہ کے اور تحقیق آیا حدیث شریف میں

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم انه قال العائد في هبته كالكلب يقئ ثم يعود فيه وعليه الانقياد والالتزام لما يامر به شيخه من التاديب على مقتضى سوء ادبه فان وقع منه تقصير في القيام بما اشار اليه شيخه فالواجب عليه تعريف ذلك لشيخه ليرى فيه رايه ويدعو له بالتوفيق والتيسير والفلاح

فصل واما الذي يجب على الشيخ في تاديب المريد فهو ان يقبله لله عز وجل لا لنفسه فيعاشره بحكم النصيحة ويلاحظه بعين الشفقة ويلاينه بالرفق عند عجزه عن احتمال الرياضة فيربيه تربية الوالدة لولدها والوالد الشفيق الحكيم اللبيب لولده وغلامه فيأخذه بالاسهل ولا يحمله مالا طاقة له به ثم بالاشد فيامره اولا بترك متابعة الطبع في جميع اموره واتباع رخص الشرع حتى يخرج بذلك عن قيد الطبع وحكمه ويحصل في قيد الشرع ورقه ثم ينقله من الرخص الى العزيمة شيئا بعد شئ فيمحو خصلة من الرخص ويثبت مكانها خصلة من العزيمة فان وجد في ابتداء امره فيه صدق المجاهدة والعزيمة وتفرس فيه ذلك بنور الله عز وجل ومكاشفة وعلم من قبل الله عز وجل على ما قد مضت سنة الله في عباده المؤمنين من الاولياء والاحباب الامناء العلماء به فحينئذ لا يسامحه في شئ من ذلك بل يأخذه بالاشد من الرياضات التي يعلم انه لا تتقاصر همة ارادته عنها اذ ثبت عنده انه مخلوق لذلك وجدير به وهو من شانه فلا يجوز له في التهوين عليه ولا ينبغي ان يرتفق من المريد بحال لا بالانتفاع بماله ولا بخدمته ولا يامل من الله عوضا في تاديبه ولا شيئا بل يكون تاديبه موافقة لله عز وجل

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ کہ تحقیق آپ نے فرمایا پھر نیوالا اپنے ہبہ میں مثل کتے کی ہے کہ قے کرتا ہے پھر پھرتا ہے اسمیں اور اسپر واجب ہی فرمانبرداری شیخ کی ادب کرنے سے موافق مقتضے بے ادبی کے اسکے ساتھ پس اگر واقع ہو جاوے اس سے کوئی قصور قیام میں اس چیز کے کہ اشارہ کیا جسکی طرف اسکے شیخ نے پس واجب ہی اسپر اسکا جتلا دینا اپنے شیخ کو تو کہ وہ دیکھے اسمیں اپنی رائے اور دعا کرے اسکے لئے توفیق اور آسانی اور نجات کی

فصل اور اسے پر جو واجب ہے شیخ پر مرید کے ادب دینے میں وہ یہ ہی کہ اسکو قبول کرے اللہ عزوجل کے واسطے نہ نفس کے لئے پس اس سے برتاؤ کرے نصیحت کے حکم سے اور دیکھے شفقت کی آنکھ سے اور اس سے نرمی کرے آسانی سے وقت ..... اسکے عاجز ہونیکے ریاضت کے اٹھانے سے پس اسکی تربیت کرے والدین شفیق کیطرح اپنے بیٹے اور غلام کے لئے پس اول لے اسکو بہت آسان میں اور نہ اٹھاوے اسکو جسکی اُسے طاقت نہ ہو پھر بہت سخت میں پس اسکو حکم کرے پہلے اپنی طبیعت کی پیروی کرنیکی ترک کرنے میں اپنے سب کاموں میں اور شریعت کی رخصتوں کی پیروی کرنیمیں یہانتک کہ نکل آوے ساتھ اسکے طبیعت کی قید اور اسکے حکم سے اور حاصل ہو جاوے شریعت کی قید اور اسکی بندگی میں پھر اسکو لیجاوے شیخ رخصتوں سے عزیمت کیطرف کچھ بعد کچھ کے پس مٹاتا جاوے ایک خصلت رخصتوں میں سے اور ثابت کرتا جاوے اسکی جگہ ایک خصلت عزیمت میں سے پس اگر پاوے مرید کے کام ابتدا میں اسمیں مجاہدہ اور عزیمت کا صدق اور جان لے اسمیں یہ اللہ کے نور سے اور مکاشفے اور علم سے اللہ عزوجل کیطرف سے جس طرح تحقیق گذر چکی ہے اللہ تعالیٰ کی عادت اسکے بندے مومنوں میں ولیوں اور دوستوں اور امینوں عالموں میں سے پس اسوقت آسانی نہ کرے کسی چیز میں اسمیں سے بلکہ سرے سے لے اسکو بہت سخت میں ریاضتوں سے کہ جانتا ہے کہ تحقیق قصور نہ کریگی اسکے ارادے کی قوت اس سے کیونکہ ثابت ہو چکا ہے اسکے نزدیک یہ کہ تحقیق وہ پیدا کیا گیا ہے اسی کے لئے اور وہ لائق ہے اسکو اور وہ کام اسکے حال سے ہے پس نہ خیانت کرے اسکی اسپر آسانی کرنیمیں اور نہیں لائق ہے اسکو یہ کہ آرام پکڑے مرید سے کسی حال میں نہ نفع اٹھانے میں اسکے مال سے اور نہ خدمت سے اور نہ امید رکھے اللہ سے عوض کی اسکے ادب دینے میں اور نہ کچھ بلکہ اسکو ادب سکھاوے اور اسکی تربیت کرے واسطے اللہ تعالیٰ کی موافقت کے

المقالة السابعة والستون

وَادَاءِ الامرِهِ وَقبولاً لهدِيّتِه وطرفته فانّ المريد الّذي جاء من غير تخيّرٍ من الشيخ ولا استجلابٍ بل قد رمحض بارشاد اللهِ تعالى له وهدايته وانفاذه اليه فانّه هديّة من اللهِ فعليه قبوله والاحسان اليه بحسن تاديبه وتربيته فلا يرتفق به ولا بماله الّا بامرٍ من اللهِ تعالى وخير في استعماله وقبول ما ياتي به من ماله الّذي قد جعل اللهُ تعالى صلاح للمريد ونجاته به وقسم للشيخ فيه فحينئذٍ لاسبيل الى الاعراض عنه وردّه ويحذر جدًّا ان يختار من المريدين من يقع له بل ينتظر في ذلك فعل اللهِ وقدره فمن جاء اللهُ تعالى به من غير تكلّفٍ منه وتخيّرٍ قبله ورباه فحينئذٍ يوفق في تربيته وييسر فلاح للمريد ونجحه فليحذر ان يكون هو فيه فيعدم التوفيق والحفظ في حقّ المريد وعليه ان يربّيه بهمّته ويتوب عنه في سرّه اذا وجد منه خللاً او فترة وعليه ان يحفظ سرّ المريد فلا يطلع غيره على ما يحصل له من الاشراف على احواله امّا بطريق علمٍ لدنّي من مواهب اللهِ عزّ وجلّ او باِفشاء المريد له واستكتامه ايّاه فلا ينبغي له ان يُفشيه لغيره لانّه امانة عنده وقد قيل صدور الاحرار قبور الاسرار فينبغي له ان يكون مستراحًا للمريدين وخزانة وحرزًا لاسرارهم وملجأً لهم وكهفًا ومشجّعًا ومقوّيًا ومعينًا لهم ومثبّتًا لهم في الطريق ولا ينفرهم عن الطريق ومصاحبتهم والقصد الى اللهِ عزّ وجلّ واذا راى شيئًا ممّا يكره في الشرع من المريد وعظه في السرّ وادّبه ونهاه من العَود الى ذلك ان كان ذلك في الاصول او الفروع او الدّعاو حالةٍ ليست له او اعجابٍ بعمله ورؤيته فيصونه من محلّ الاعجاب

اور واسطے ادا کرنے اُسکے حکم کے اور واسطے قبول کرنے اُسکے ہدیہ اور اسکی خوبی کے کیونکہ مرید کہ آیا ہے بغیر اختیار کرنیکے شیخ کے اور نہ اسکے کھینچ لانے سے بلکہ اسکو لائی ہے تقدیر محض اللہ تعالی کے اسکو ہدایت کرنے اور اسکے راہ دکھانے اور اسکے اسکیطرف پہونچانے سے پس وہ ہدیہ ہے اللہ سے پس لازم ہے اسپر اسکا قبول کرنا اور احسان کرنا اسکیطرف ساتھ اسکے اچھے ادب دینے کے اور اسکی تربیت کرنیکے پس آرام پکڑے اس سے اور نہ اسکے مال سے مگر ساتھ حکم اللہ کے اور بہتر ہے بیچ اسکے استعمال کرنے میں اور قبول کرنا اس چیز کا کہ لاوے اسکو مرید اپنے مال میں سے جسمیں تحقیق کی ہے اللہ تعالی نے بہلائی مرید کی اور اسکی نجات اور قسمت کی ہے واسطے شیخ کے اسمیں ہیں پس اسوقت نہیں راستہ اس سے منہ پھیرنے اور رد کرنیکی طرف اور بچتا ہے کوشش سے اسبات سے کہ اختیار کرے مرید میں سے جو پڑجاوے اسکے لئے بلکہ منتظر رہے اسمیں اللہ کے کام اور اسکی قدرت کا پس جسکو لاوے اللہ تعالی بغیر اسکی تکلف اور اختیار کرنیکے اسکو قبول کرلی اور اسکی تربیت کرے پس اسوقت وہ توفیق دیا جاویگا اسکی تربیت میں اور جلدی ہوگی نجات مرید کی اور اسکا اوجا پن ٹوٹتا ہے اسسے کہ وہ ہو اسی تکلف میں پس کم کرے توفیق اور نگہبانی مرید کے حق میں اور اسپر لازم ہے اسکا تربیت کرنا اپنی ہمت سے اور وہ توبہ کرے اسکیطرف سے اسکے پوشیدہ میں جب پاوے اس سے کوئی خلل یا سستی اور لازم ہے پیر پر یہ کہ نگاہ رکھے مرید کے بھید کو پس نہ مطلع کرے اسکی غیر کو اس چیز پر کہ حاصل ہوتی ہے اسکو خبرداری سے اسکے احوال پر یا علم لدنی کے طریق پر کہ اسکی بخششوں میں سے ہے یا مرید کے ظاہر کرنیسے اسکے لئے اور اسکو پوشیدہ رکھنے سے اسی کے پاس پس نہیں جائز اسکو اسکا ظاہر کرنا اسکے غیر کے لئے کیونکہ وہ امانت ہے اسکے پاس اور تحقیق کہا گیا ہے نیکوں کے سینے بھیدوں کی قبر ہیں پس اسکو لائق ہے کہ وہ ہو آرام کی جگہ مریدوں کے لئے اور خزانہ اور بچاؤ انکے بھیدوں کے لئے اور پناہ کی جگہ انکے لئے اور غار اور دلیری دینے والا اور مدد دینے والا انکے لئے اور انکو ثابت رکھنے والا راستہ میں اور نہ بھگاوے انکو راستہ سے اور انکی مصاحبت اور قصد سے طرف اللہ تعالی کی اور جب دیکھے کچھ اسمیں سے کہ مکروہ ہے شریعت میں مرید سے تو اسکو نصیحت کرے پوشیدہ اور اسکو ادب دے اور اسکو منع کرے لوٹنے سے اسکیطرف اگر ہو وہ مکروہ مسائل اعتقادی یا عملی میں یا اس حالت کے دعوی کرنے میں جو اس کے لئے نہیں ہے یا عجب کرنے میں اپنے عمل میں اور اسکے دیکھنے میں پس نگاہ رکھے اسکو عجب کرنیکے محل سے

ويصغر في عينه احواله واعماله لئلا يهلك فان العجب
يسقط العبد من عين الله عز وجل وان اراد ان يعم
الجماعة بالنصح فليجمعهم وليتكلم عليهم فيقول
بلغني ان فيكم من يدعي كذا ويقول كذا ويرتكب كذا
ويبين كل ما يتعلق بذلك من المفاسد والمصالح و
يذكرهم ويحذرهم ولا يعين احدا منهم على
ذلك لما في ذلك من التنفير فان اخشن الخلق والقول
معهم وافشى اسرارهم واغتابهم وثلبهم وذكر مساويهم
نفرت قلوبهم عن قصده ومصاحبته وصار ذلك تهمة
عندهم في اهل الطريقة وفيما قد غرس في قلوبهم من
حب اولياء الله فليحذر من ذلك جدا فان غلب هذا
عليه ولا يمكنه تداركه فليعزل نفسه عن هذه النصبة
والولاية ولينفرد عن المريدين ويشتغل بمجاهدة
نفسه ورياضتها وطلب شيخ يؤدبه ويقومه
ويهديه فلا يصلح ان يكون شيخا مع هذه الدواعي
فلا يقطع على المريدين طريقهم الى الله عز وجل

باب في صحبة الاخوان والصحبة مع الاجانب
وكيف الصحبة مع الاغنياء والفقراء اما الصحبة
مع الاخوان فبالايثار والفتوة والصفح عنهم
والقيام معهم بشرط الخدمة لا يرى لنفسه على
احد حقا ولا يطالب احدا بحق ويرى لكل
احد عليه حقا ولا يقصر في القيام ومن الصحبة
لهم اظهار الموافقة لهم في جميع ما يقولون او يفعلون
ويكون ابدا معهم على نفسه ويتأول لهم ويعتذر
عنهم ويترك مخالفتهم ومنافرتهم ومجادلتهم
ومشادتهم ويتعامى عن عيوبهم فان خالفه
احد منهم في شيء سلم له ما يقول في الظاهر
وان كان الامر عنده بخلاف ما يقوله وينبغي ان
يحفظ ابدا قلوب الاخوان ويجتنب فعل ما يكرهونه

اور حقیر کرے اُسکی آنکھ میں اُسکے حال اور عمل کو تاکہ وہ ہلاک نہو کیونکہ تحقیق عجب
گرا دیتا ہے بندے کو اللہ عزوجل کی آنکھ سے اور اگر نصیحت چاہے سب جماعت
کو عام کرنا نصیحت میں پس چاہئے اُنکو جمع کرے اور کلام کرے انپر پس کہے
مجھکو پہونچا ہے کہ تحقیق تم میں وہ شخص ہے کہ دعوی کرتا ہے ایسا وہ کہتا
ہے ایسا اور مرتکب ہوتا ہے ایسے کام کا اور بیان کرے جو متعلق ہو اس سے
بگاڑوں اور سنواروں میں سے اور انکو نصیحت کرے اور ڈراوے اور معین
نکرے کسیکو ان سے اسکے واسطے کہ اسمیں ہے بھگانے سے پس اگر سختی کری
اپنے خلق اور بات کو انکے ساتھ اور ظاہر کرے انکے بھیدوں کو اور انکی غیبت کری
اور انکو عار دے اور انکی برائیاں بیان کرے تو نفرت کرینگے انکے دل اسکے قصد اور
اسکی مصاحبت سے اور ہو گی یہ تہمت اُنکے نزدیک اہل طریقہ میں اور اس چیز میں
کہ تحقیق گاڑی ہے انکے دلوں میں اولیاء اللہ کی محبت سے پس لائق ہے کہ وہ ڈرے
اس سے کوشش سے پس اگر غالب ہو جاوے یہ اسپر اور اسکو ممکن نہو اسکا
تدارک کرنا پس چاہئے کہ کنارہ کرے اپنے نفس کو اس منصب و ولایت سے اور
جدا ہو جاوے مریدوں سے اور مشغول ہو اپنے نفس کے مجاہدے اور اسکی ریاضت میں اور پیر طلب
کرنے میں کہ اسکو ادب دیوے اور اسکو قائم کرے اور اسکو سنوارے نہیں ہے اچھا یہ کہ وہ شیخ
ہو باوجود ان بلاؤں کے پس نہ کاٹے مریدوں پر انکا راستہ اللہ عزوجل کی طرف ۔

باب بیان میں بھائیوں کی صحبت کے اور صحبت کے ساتھ اجنبیوں کے اور کیسی صحبت ہے
غنیوں اور فقیروں کے ساتھ پس صحبت ساتھ بھائیوں کے پس ساتھ ایثار کرنیکے اپنے اوپر اور جوانمردی اور
درگذر کرنیکے ان سے اور قیام کرنیکے انکے ساتھ بشرط خدمت کو نہ دیکھے اپنے نفس کیلئے
کسی پر حق اور نہ طلب کرے کسی سے حق اور دیکھے ہر ایک کے لئے اپنے پر حق اور نہ
قصور کرے قیام کرنے میں انکے حق میں اور انکے ساتھ صحبت رکھنے سے ظاہر
کرنا موافقت کا ان کے لئے ان سب میں جو وہ کہتے یا کرتے ہیں اور رہے
ہمیشہ ساتھ انکے اپنے نفس کے نقصان پر اور تاویل کر لیا کرے انکے لیے اور
عذر کرے ان سے اور ترک کرے انکی مخالفت اور انکی نفرت اور ان کا
جدال اور ان سے لڑنا اور اندھا ہو انکے عیبوں سے پس اگر مخالف
ہوا اسکا کوئی ان میں سے کسی چیز میں تو مان لے جو کہتا ہے ظاہر
میں اگرچہ ہو کام اسکے نزدیک خلاف اسکے کہ وہ کہتا ہے اور
لازم ہے کہ نگہبانی کرے ہمیشہ بھائیوں کے دلوں کی اور
پرہیز کرے اس کام سے جس کو وہ مکروہ رکھیں ۔

وان علم فيه صلاحهم فلا ينطوي لاحد منهم
على حقد وان خامر قلب واحد منهم كراهة
منه تخلق معه بشيء حتى يزول ذلك فان كثر
زاد في الاحسان والتخلق حتى يزول وان وجد هو
في قلبه من احد منهم شيئا واذية بغيبة او
غيرها فلا يظهر ذلك من نفسه ويرى من نفسه
خلاف ذلك

فصل واما الصحبة مع الاجانب
فيحفظ السر عنهم وينظر اليهم بعين الشفقة
والرحمة وان يسلم اموالهم اليهم ويستر عليهم
احكام الطريقة ويصبر على سوء اخلاقهم
وترك معاشرتهم ما امكنه وان لا يعتقد لنفسه
عليهم فضيلة ويقول انهم من اهل السلامة فيتجاوز
الله عنهم ويقول لنفسه انت من اهل المناقشة
مطالبين بالنقير والقطمير والحقير والكبير و
محاسبين على الكبير والصغير وان الله تعالى يتجاوز للجاهل
ما لا يتجاوز لمثله من العالم والعوام لا يبالي بهم
والخواص على الخطر

فصل واما الصحبة مع
الاغنياء فالتعزز عليهم وترك الطمع فيهم وقطع
الامل مما في ايديهم واخراجهم من قلبك
وحفظ دينك من التضعضع لهم لنوالهم كما جاء
في الحديث وهو قوله صلى الله عليه وسلم من
تضعضع لغني لاجل ما في يديه ذهب ثلثا دينه
فنعوذ بالله من فعل ينقص به الدين وصحبة
اقوام ينثلم بهم الدين وتنقطع عراه ويطفى نور
الايمان شعاع اموالهم وبريق دنياهم كما جاء
في الحديث غير انك اذا ابتليت بصحبتهم في سبب
او سفر او مسجد او رباط او مجمع فحسن الخلق اولى
ما يستعمل وهو حكم عام شامل في صحبة الاغنياء
والفقراء فلا ينبغي ان تعتقد لنفسك فضيلة

اگرچہ وہ جانے اسمیں انکی بھلائی پس نہ لپیٹے کسی کے لئے ان میں سے
حسد پر اور اگر ڈالے اپنے کسی کے دل کو ان میں سے کراہت اس سے
تو خوش خوئی کرے ساتھ اسکے کچھ یہانتک کہ وہ زائل ہو جاوے پس اگر وہ
زائل نہ ہو تو زیادہ کرے احسان اور خلق میں یہانتک کہ وہ کراہت
زائل ہو جاوے اور اگر پاوے وہ اپنے دل میں ان میں سے کسی سے سختی
اور ایذا غیبت سے یا اسکے سوا پس ظاہر نہ کرے اسکو اپنے نفس سے اور
دکھلاوے اپنے نفس سے خلاف اسکا

فصل اور اوپر صحبت اجنبیوں کے ساتھ پس
نگاہ رکھے بھید کو ان سے اور دیکھے انکی طرف شفقت اور رحمت کی نظر سے
اور یہ کہ سپرد رکھے انکے اموال کو انکی طرف اور چھپاوے انپر طریقہ کے احکام
اور صبر کرے انکے برے خلقوں پر اور انکے ساتھ بیٹھنا ترک کرنے پر حتی الامکان
اور یہ کہ اعتقاد نہ کرے اپنے نفس کے لئے انپر فضیلت کا اور کہے تحقیق وہ
اہل سلامت میں سے ہیں پس درگذر کرے گا اللہ تعالی ان سے اور
کہے اپنے لئے تو تنگی کئے گئے والوں سے ہے تو طلب کیا جاویگا
کھجور کی گٹھلی کے شگاف کے تاگے اور چھلکے اور چھوٹے اور بڑے سے
اور حساب کیا جاویگا بڑے اور چھوٹے پر اور تحقیق اللہ تعالی درگذر کرتا ہے
جاہل کے لئے جتنا نہیں درگذر کرتا عالم سے اور عام لوگوں کی پرواہ نہیں
کی جاتی اور خاص لوگ خطرے پر ہیں

فصل اور اوپر صحبت ساتھ دولتمندوں کے
پس صحبت لانی سے انپر اور ترک کرنا طمع کا انمیں اور قطع کرنا امید کا اس چیز
سے کہ انکے ہاتھوں میں ہے اور نکالنا ان سب کو اپنے دل سے اور نگاہ رکھنا
اپنے دین کو اپنے خوار رکھنے سے انکے لئے واسطے انکی بخشش کے جیسے آیا ہے
حدیث میں اور وہ فرمودہ ہے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جو کوئی ذلیل ہے
واسطے کسی دولتمند کے بسبب اس چیز کے کہ اسکے ہاتھوں میں ہے تو چلا جاتا ہے دو تہائی
دین اسکا پس ہم پناہ لیتے ہیں ساتھ اللہ کے اس کام سے جس سے ناقص ہو دین
اور ان قوموں کی صحبت سے جس سے رخنہ پاوے دین اور ٹوٹ جاوے کڑا اسکا اور بجھ جاوے
ایمان کے نور کو انکے مالوں کی شعاع اور انکی دنیا کی تازگی جیسے آیا ہے
حدیث میں سوا اسکے کہ تحقیق تو جب مبتلا ہو جاوے انکی صحبت میں کسی سبب
یا سفر یا مسجد یا رباط یا مجمع میں پس اچھا خلق بہتر ہے اس چیز کا کہ استعمال
کی جاتی ہے اور وہ حکم عام ہے شامل ہے دولتمندوں اور فقیروں کی صحبت میں
پس نہیں لائق تجھکو یہ کہ اعتقاد کرے اپنے نفس کے لئے فضیلت کا

